لسان القرآن

الجزء الاول

المؤلفون

أساتذة مدرسة عائشة الصديقة رضي الله عنها
جلستان جوهر كراتشي باكستان

مكتبة البشرى
كراتشي - باكستان

مكتبة البشرى

للطباعة والنشر

إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ قُرْءَٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۝

لِسانُ القُرآن

الجزء الأوّل

المؤلفون

أساتذة مدرسة عائشة الصديقة رضي الله عنها
جلستان جوهر كراتشي باكستان

مكتبة البشرى
للطباعة والنشر

اسم الكتاب : لسان القرآن (الجزء الأول)	المؤلفون
الطبعة الأولى : ١٤٢٦هـ/ ٢٠٠٥ء	أساتذة مدرسة عائشة الصديقة رضي الله عنها
الطبعة الجديدة : ١٤٣٢هـ/ ٢٠١١ء	جلستان جوهر، كراتشي۔ باكستان
عدد الصفحات : ٢٢٤	السعر: =/200 روبية

مكتبة البشرى
للطباعة والنشر والتوزيع

AL-BUSHRA PUBLISHERS

Choudhri Mohammad Ali Charitable Trust (Regd.)

Z-3, Overseas Bungalows Gulistan-e-Jouhar, Karachi- Pakistan

الهاتف: +92-21-34541739, +92-21-37740738

الفاكس: +92-21-34023113

الموقع على الإنترنت: www.maktaba-tul-bushra.com.pk

www.ibnabbasaisha.edu.pk

البريد الإلكتروني: al-bushra@cyber.net.pk

يطلب من

مكتبة البشرىٰ، كراتشي. باكستان +92-321-2196170

مكتبة الحرمين، اردو بازار، لاهور. +92-321-4399313

المصباح، ١٦ - اردو بازار، لاهور. +92-42-7124656,7223210

بك لينڈ، سٹي پلازه كالج روڈ، راولپنڈی. +92-51-5773341, 5557926

دار الإخلاص، نزد قصه خوانی بازار، پشاور. +92-91-2567539

مكتبة رشيدية، سركي روڈ، كوئٹه. +92-333-7825484

وأيضًا يوجد عند جميع المكتبات المشهورة

فہرس الموضوعات

رائے گرامی

حضرت مولانا مفتی جسٹس محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم

الحمد للّٰہ و کفیٰ و سلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ، أما بعد!

عربی زبان کو چونکہ یہ عظیم سعادت حاصل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری کتاب دنیا میں بھیجنے کے لئے اسکا انتخاب فرمایا، اور اپنے آخری رسول ﷺ کو بھی اسی زبان میں مبعوث فرمایا، اس لئے جتنی خدمت دنیا میں اس زبان کی ہوئی ہے، شاید کسی اور زبان کی نہیں ہوئی۔ اس کے سیکھنے کے لئے بھی چھوٹی بڑی بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں، اور لکھنے والوں نے مختلف انداز واسلوب سے عربی صرف ونحو، معانی وبیان، اور ادب وبلاغت پر قیمتی تصانیف کا بیش بہا ذخیرہ فراہم کیا ہے جس کا فیض جاری ہے۔

لیکن ہر دور اور اس میں پیدا ہونے والے انسانوں کے کچھ تقاضے ہوتے ہیں، اور سیکھنے والے کی استعداد اور صلاحیت کے مطابق ہی کوئی درسی کتاب مفید ہوسکتی ہے۔ بالخصوص کسی بھی زبان کو سیکھنے کے لئے تمرینات اور اجراء قواعد کی اہمیت ناقابل انکار ہے، پہلے یہ ضرورت استاد اپنے طریقۂ تدریس اور معاشرہ اپنی عربیت کی فضا سے پورا کرتا تھا، اس لئے درسی کتابوں کے ساتھ تمرینات کی اتنی ضرورت نہیں سمجھی جاتی تھی۔ لیکن ہمارے دور میں اس بات کی ضرورت پیش آئی کہ عربی سکھانے کے لئے کتابیں آسان انداز میں لکھی جائیں، اور تمرینات خود درسی کتابوں میں فراہم کر دی جائیں۔ چنانچہ اس اصول پر برصغیر میں بھی بہت سی کتابیں لکھی گئیں ہیں، زیرنظر کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

مدرسہ **عائشہ صدیقہ** طالبات کی تعلیم کیلئے ہمارے شہر میں ماشاء اللہ ایک مثالی مدرسہ ہے جس نے طالبات کو اسلامی اور عربی علوم کی معیاری تعلیم دینے کی قابل تعریف طرح ڈالی ہے، اور یہ کتاب اس مدرسے کے اساتذہ نے اپنے تدریسی تجربے کی روشنی میں تالیف فرمائی ہے، تاکہ اسکی مدد سے عربی زبان کی تعلیم آسان ہوجائے۔

احقر نے اس کتاب کا مسودہ جستہ جستہ مقامات سے دیکھا، اور تعلیم کا انداز مناسب پایا اور تمرینات کو بہت مفید محسوس کیا، امید ہے کہ انشاء اللہ یہ کتاب طلباء اور طالبات دونوں کیلئے بہت مفید ثابت ہوگی۔

اللہ تعالیٰ اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائیں، اور اس کتاب کا فائدہ عام اور تام فرمائیں، آمین

احقر محمد تقی عثمانی خادم طلبہ دارالعلوم کراچی۔۱۴

۷-۱-۱۴۱۳ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فضائل عربی زبان

☆ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ﴾

ترجمہ: ہم نے اسکو اتارا ہے قرآن عربی زبان کا تاکہ تم سمجھو۔

علامہ شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت شیخ الہند نوّر اللہ مرقدہ کے ترجمہ کے حاشیہ پر لکھا ہے یعنی عربی زبان جو تمام زبانوں میں زیادہ فصیح وسیع اور منضبط و پرشوکت زبان ہے نزول قرآن کے لئے منتخب کی گئی۔

ابن کثیر لکھتے ہیں: أَنْزَلَ أَشْرَفُ الْكُتُبِ بِأَشْرَفِ اللُّغَاتِ عَلٰى أَشْرَفِ الرُّسُلِ بِسَفَارَةِ أَشْرَفِ الْمَلَائِكَةِ وَكَانَ ذٰلِكَ فِيْ أَشْرَفِ بُقَاعِ الْأَرْضِ، وَابْتُدِئَ ذٰلِكَ فِيْ أَشْرَفِ شُهُوْرِ السَّنَةِ وَهُوَ رَمَضَانُ، فَكَمُلَ مِنْ كُلِّ الْوُجُوْهِ.

ترجمہ: یعنی تمام کتابوں میں سے اشرف کتاب، تمام زبانوں میں سے اشرف زبان میں، تمام رسولوں میں سے اشرف رسول پر، تمام فرشتوں میں سے اشرف فرشتے کے ذریعے اتاری گئی اور یہ اتارنا زمین کے بہترین حصے میں ہوا اور اس اتارنے کی ابتدا تمام مہینوں میں سے اشرف مہینے رمضان المبارک میں ہوئی لہٰذا قرآن پاک تمام وجوہ سے کامل ومکمل ہوا۔

قرآن پاک کی کئی آیتوں میں قرآن پاک کے عربی ہونے کے متعلق احسان جتلایا گیا ہے:

☆ ﴿وَإِنَّهُ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْأَمِيْنُ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ﴾

ترجمہ: یہ قرآن ہے اتارا ہوا پروردگار عالم کا لیکر اترا ہے اسکو فرشتہ معتبر تیرے دل پر کہ تو ہو ڈر سنا دینے والا کھلی عربی زبان میں۔(سورۃ الشعراء)

☆ ﴿وَكَذٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ أُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا﴾ (شوریٰ)

ترجمہ: اور اسی طرح اتارا ہم نے تجھ پر قرآن عربی زبان کا کہ تو ڈر سنا دے بڑے گاؤں کو، اس کے آس پاس والوں کو۔

☆ أَخْرَجَ الطَّبَرَانِيُّ وَأَبُو الشَّيْخِ وَالْحَاكِمُ وَابْنُ مَرْدَوَيْهِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: "أَحِبُّ الْعَرَبَ لِثَلَاثٍ: لِأَنِّيْ عَرَبِيٌّ، وَالْقُرْآنُ عَرَبِيٌّ، وَكَلَامُ أَهْلِ الْجَنَّةِ عَرَبِيٌّ.

ترجمہ: طبرانی، ابوالشیخ، حاکم، ابن مردویہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عربوں سے تین وجہ سے محبت کرو:

۱۔ میں عربی ہوں۔ ۲۔ قرآن عربی ہے۔ ۳۔ اور جنت والوں کی زبان عربی ہے۔

☆ أَخْرَجَ ابْنُ عَسَاكِرَ فِي التَّارِيْخِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ لُغَتُهُ فِي الْجَنَّةِ الْعَرَبِيَّةَ، فَلَمَّا عَصَى سَلَبَهَا اللّٰهُ تَعَالَى الْعَرَبِيَّةَ فَتَكَلَّمَ بِالسُّرْيَانِيَةِ فَلَمَّا تَابَ رَدَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْعَرَبِيَّةَ.

ترجمہ: ابن عساکر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی زبان جنت میں عربی تھی جب لغزش ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے انھیں عربی زبان بھلا دی اور وہ سریانی میں کلام فرمانے لگے۔ جب توبہ قبول ہوگئی تو اللہ جل شانہ نے پھر عربیت ان کی طرف لوٹادی۔

☆ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نوراللہ مرقدہ نے "اَلْمَدْخَلُ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ" میں لکھا ہے کہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ فرماتے ہیں: "عربی زبان امور دین میں سے ہے اور اسکا سیکھنا واجبات میں سے ہے اس لئے کہ قرآن وحدیث کا سمجھنا فرض ہے اور وہ بغیر لغۃ عربیہ کے نہیں سمجھا جا سکتا اور جو چیز تحصیل واجب کا ذریعہ ہو وہ واجب ہوتی ہے"۔

☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو طواف میں فارسی میں بات کرتے سنا تو اسکے دونوں بازو پکڑے اور فرمایا:

"عربی زبان کی طرف راستہ تلاش کر یعنی عربی سیکھ"۔

☆ ایک اور روایت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد نقل کیا گیا ہے:

"عربی سیکھو کہ اس سے مروت میں زیادتی ہوتی ہے" (یعنی مکارم اخلاق اور مردانہ صفات میں زیادتی ہوتی ہے)۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے متعدد روایات ہیں جنکو حافظ ابن تیمیہ نے "اقتضا" میں نقل کیا ہے ان سب کا مقصد عربیت کی ترغیب اور اس کے سیکھنے کا تقاضا ہے۔ حضرت عبداللہ ابن المبارک رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے:

☆ لَا يُقْبَلُ الرَّجُلُ بِنَوْعٍ مِّنَ الْعُلُوْمِ مَا لَمْ يُزَيِّنْ عِلْمَهُ بِالْعَرَبِيَّةِ. (اَلْمَدْخَلُ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ)

یعنی آدمی کو کسی علم میں قبولیت حاصل نہیں ہو سکتی جب تک کہ اسکو علم عربیت سے مزین نہ کرے۔

☆ فرمایا: أَنْفَقْتُ فِي الْحَدِيْثِ أَرْبَعِيْنَ أَلْفًا، وَفِي الأَدَبِ سِتِّيْنَ أَلْفًا وَلَيْتَ مَا أَنْفَقْتُهُ فِي الْحَدِيْثِ أَنْفَقْتُهُ فِي الأَدَبِ، قِيْلَ لَهُ: كَيْفَ؟ قَالَ: لأَنَّ الْخَطَأَ فِي الأَدَبِ يُؤَدِّي إِلَى الْكُفْرِ.

یعنی فرمایا کہ میں نے علم حدیث کے حاصل کرنے میں چالیس ہزار خرچ کئے اور علم عربیت کو حاصل کرنے میں ساٹھ ہزار خرچ کئے اور کاش جو میں نے علم حدیث میں خرچ کئے علم ادب میں خرچ کرتا، لوگوں نے کہا یہ کیسے؟ تو فرمایا کہ عربیت کی غلطی کفر تک پہنچا دیتی ہے۔

☆ ابو الزناد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں:

"مَا تَزَنْدَقَ مَنْ تَزَنْدَقَ بِالْمَشْرِقِ إِلَّا جَهْلًا بِكَلَامِ الْعَرَبِ". (الْمَدْخَلُ)

یعنی مشرق میں جتنے زندیق ہوئے وہ کلام عربی سے نا واقفیت کی وجہ سے ہوئے۔ (ماخوذ از فضائلِ عربی زبان حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحمۃ اللہ علیہ)

☆ مولانا محمد یوسف صاحب بنوریؒ نے بینات محرم ۱۳۸۶ھ میں اسکے متعلق بہت اچھا مضمون لکھا ہے جسکی ابتدا یہ ہے:

اسلام اور عربی زبان کا جو باہمی محکم رشتہ ہے وہ محتاج بیان نہیں۔

اسلام کا قانون عربی زبان میں ہے۔

اسلام کا آسمانی صحیفہ قرآن حکیم عربی زبان میں ہے۔

اسلام کے پیغمبر خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی مادری زبان عربی ہے۔

حضرت رسالت مآب ﷺ کی تمام تر تعلیمات، ہدایات اور ارشادات کا تمام تر ذخیرہ عربی زبان میں ہے۔

اسلام کی اہم ترین عبادت صلوٰۃ (نماز) جسکو روئے زمین کے تمام مسلمان اپنے اپنے ملکوں میں روزانہ پانچ وقت پڑھتے ہیں وہ عربی زبان میں ہے یہ نماز ہی توحید اسلام کا اعلیٰ ترین مظہر اور دین اسلام کی بنیادی عبادت ہے۔ پھر ہفتہ واری اسلام کا پیغام جمعہ کا خطبہ عربی زبان میں ہے سال میں دو مرتبہ عمومی واجتماعی پیغام عید الفطر اور عید الاضحیٰ کا خطبہ تمام دنیا میں عربی زبان میں پڑھا جاتا ہے۔

حضرت خاتم الانبیاء ﷺ نے امت کی رہنمائی کے لئے جو عجیب وغریب اذکار ودعائیں صبح سے شام تک ہر محل اور ہر موقع اور ہر کام کے لئے تلقین فرمائی ہیں عبد ومعبود کے درمیان تعلق ورابطہ پیدا کرنے یا اس رشتہ کو مضبوط کرنے کے لئے جن سے زیادہ مؤثر اور کوئی تدبیر نہیں ہے وہ سب عربی میں ہیں۔

بارگاہ اقدس رب العالمین اور تجلیات الٰہیہ کا سرچشمہ جس سرزمین میں واقع ہے مکہ مکرمہ زَادَهَا اللّٰهُ شَرَفًا

وَّتَعْظِيْمًا وَّتَكْرِيْمًا وَّمَهَابَةً وہ عرب ہے اور وہاں کے باشندوں کی زبان عربی ہے۔ سید الکونین رسول الثقلین حضرت رسول اللہ ﷺ کی اقامت گاہ اور دار الہجرت جس سرزمین مقدس میں واقع ہے مدینہ منورہ زَادَهَااللّٰهُ تَعَالٰى نُوْرًا وَّطِيْبًا وہ عرب ہے اور اس کے بسنے والوں کی زبان بھی عربی ہے۔

مکہ معظّمہ جس طرح عدنانی عرب کا مرکز تھا اس طرح ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ قحطانی عرب کا مرکز بن گیا اور ان دونوں مرکزوں کی زبان اور تہذیب عہد قدیم سے آج تک عربی ہے۔ دونوں قوموں عدنانی اور قحطانی عربوں کا سرمایہ تاریخ وادب عربی زبان میں ہے۔

قرآن کریم اور اسلام کے پہلے مخاطب جزیرۃ العرب میں بسنے والی پوری آبادی عرب ہے۔ جزیرۃ العرب سے باہر اسلام کے دو اہم ترین مرکز عراق وشام ہیں دونوں ملک عربی زبان اور تہذیب کا گہوارہ تھے اور ہیں۔ مصر، لیبیا، سوڈان، مغربی افریقہ، الجزائر، تیونس اور مراکش سب عربی بولنے والوں کے مرکزی مقامات ہیں اور شمالی افریقہ کی اکثریت کی زبان بھی عربی یا بگڑی ہوئی عربی ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین عظام رحمہم اللہ کے زمرہ میں شامل عرب فاتحین جو اسلامی فتوحات کے سلسلے میں سندھ و ہند، افغانستان و بخارا سے لیکر اسپین تک نہ صرف پھیل گئے، بلکہ ان ملکوں میں بس بھی گئے تھے ان کے ذریعے ان ملکوں میں بھی عربی زبان پہنچ گئی تھی چونکہ ان ملکوں کی تمام مسلمان قوموں کا دینی سرمایہ عربی زبان میں تھا اسلئے ان ملکوں کی بھی دینی اور مذہبی زبان عربی بن گئی چنانچہ نہ صرف یہ کہ ان ممالک اسلامیہ میں لائق فخر عربی دان پیدا ہوئے، بلکہ عجمی ممالک کے ان مراکز سے بھی عربی کے وہ مایہ ناز ماہرین وموجدین علوم وفنون پیدا ہوئے جن کی نظیر کا دنیا تصور بھی نہیں کرسکتی۔ ان ہی عجمی علماء کی بدولت عربی علوم میں صرف ونحو، معانی، بیان، بدیع، لغۃ، عربی، رسم الخط، علم الاشتقاق، عروض وقافیہ اور شعروادب اور اسلامی علوم ہیں تفسیر واصول، تفسیر حدیث واصول حدیث، فقہ واصول فقہ، عقائد وتوحید، کلام اور آل علوم منطق، فلسفہ ہیئت ریاضی وغیرہ علوم کا سارا ذخیرہ عربی زبان میں ڈھل گیا۔ اور نہ صرف یہ بلکہ عربی زبان کے حقائق فقہ ولغت کی باریکیاں اور حیرت انگیز لسانی خصوصیات عربی تلفظ کی صحت وسہولت کے قواعد وضوابط اور لسانی حسن وجمال کی نیرنگیاں وغیرہ وہ علمی سرمائے ہیں کہ عربی کے علاوہ دنیا کی اور دوسری زبانوں میں ان کا پتہ تک

نہیں ہے ۔ الغرض دینی علوم ہوں یا اسلامی تاریخ، وحی الٰہی کا منبع ہوں یا تعلیم تربیت نبوی ﷺ کا سرچشمہ، اتحاد اسلامی کا عظیم مقصد ہو یا ممالک کے مابین سیاسی مفاد ومصالح، ہر لحاظ سے اور ہر حیثیت سے عربی زبان کی اہمیت سے انکار جنون کے مترادف ہے ۔

جس طرح عہد ماضی میں روحانی ہدایت کے سرچشمے صحرائے عرب سے پھوٹے آج بالکل اسی طرح مادی دولت وثروت کے سرچشمے بھی اسی سرزمین سے ابل رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ دین ہو یا دنیا روحانیت ہو یا مادیت ہر جہت اور حیثیت سے عربی زبان دنیا کی تمام قوموں کے لئے اپنی غیر معمولی حیثیت کی بناء پر قابل توجہ بنی ہوئی ہے۔

عربی زبان سیکھنے کے لئے جہاں تک معمولی نوشت وخواند کا تعلق ہے صرف تین چار ماہ کا عرصہ کافی ہے ہاں عربی زبان وادب کی مہارت اور لسانی علوم وفنون، صرف ونحو، معانی بیان وبدیع اور قرآنی اعجاز کے حقائق تک پہنچنا تو اسکے لئے بیشک عمریں درکار ہیں ۔

کتاب کا اسلوب

۱۔اس کتاب کو النحو الواضح کے طرز پر مرتب کرنے کی کوشش کی گئی ہے پہلے چند اسباق کے علاوہ ہر سبق کا آغاز عربی کے جملوں سے کیا گیا ہے جن کی روشنی میں زیر بحث قاعدہ کی وضاحت کی گئی ہے۔

۲۔اس کے بعد بقدر کفایت تمرینات ہیں جنکے ذریعہ طالب علم قاعدہ کی عملی تطبیق کی مشق حاصل کرسکتا ہے۔

۳۔اردو سے عربی ترجمہ کے جملے بھی اس میں شامل ہیں۔

۴۔ بیشتر اسباق کے آخر میں ایک تمرین ایسی ہے جو آیات قرآنیہ پر مشتمل ہے تا کہ طلبہ ابتدا ہی سے قرآن مجید کے اسلوب سے کچھ درجہ میں آشنا ہو جائیں۔

۵۔اعراب یعنی نحوی تحلیل کا بھی خاص اہتمام کیا گیا ہے تا کہ طالب علم میں زبان کی بصیرت پیدا ہو اسکے لئے عربی ہی کی اصطلاحات استعمال کی گئی ہیں۔

۶۔قواعد و مسائل کی شرح آسان سے آسان اسلوب میں کی گئی ہے۔

۷۔صرف ضروری قواعد کے بیان پر جن کے جانے بغیر چارہ نہیں اکتفاء کیا گیا ہے اس ابتدائی مرحلہ میں طلباء کو نحو وصرف کی دقیق بحثوں میں الجھانے سے حتی الامکان گریز کیا گیا ہے۔

کتاب کے پڑھانے والوں کے لئے چند اہم ہدایات:

۱۔اساتذہ پہلے خود کتاب پڑھ کر کتاب کے اسلوب سے مانوس ہو جائیں۔

۲۔قواعد کی تعلیم شروع کرنے سے پہلے عربی حروف کے مخارج درست کرائے جائیں اور صحیح تلفظ کی مشق کرائی جائے۔

۳۔اسباق کے شروع میں دی ہوئی مثالوں کو پہلے تختہ سیاہ پر لکھا جائے پھر یہ جملے ایک ایک طالب علم سے با آواز بلند باری باری پڑھوائے جائیں۔

۴۔قواعد اور تعریفات رٹوانے کی فکر نہ کی جائے، بلکہ قاعدہ سمجھا کر اسکی عملی تطبیق پر زور دیا جائے اسی طرح افعال کی گردانیں رٹوانے کے بجائے صیغوں کے استعمال کی مشق کرائی جائے۔

۵۔مشقیں دوران درس بھی حل کروائی جائیں اور کاپیوں میں تحریری شکل میں بھی حل کرائی جائیں۔

۶۔ نیا سبق شروع کرنے سے پہلے استاد یہ تسلی کرلے کہ طلباء کو پچھلا سبق خوب اچھی طرح ذہن نشین ہوگیا ہے۔

۷۔ طلباء کے سامنے اعراب کی اہمیت اجاگر کی جائے اور اس سلسلے میں عربی ہی کی اصطلاحات استعمال کی جائیں۔

۸۔ طلباء کو تمام مفردات کے معانی یاد کرانے کا اہتمام کیا جائے۔

۹۔ اردو ترجمہ سے حتی الامکان گریز کیا جائے جو مفردات کتاب میں گزر چکے ہوں انکا ہرگز ترجمہ نہ کیا جائے نئے مفردات کے معانی بتا دیئے جائیں لیکن پورے جملے کا ترجمہ نہ کیا جائے۔

۱۰۔ اساتذہ کو چاہیئے کہ طلبہ کو اپنی طرف سے مزید مشق کرائیں۔

وَاللّٰهَ تَعَالٰی نَسْأَلُ أَنْ يَّجْعَلَ هٰذَا الْجُهْدَ الْمُتَوَاضِعَ خَالِصًا لِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَأَنْ يَّنْفَعَ بِهِ نَفْعًا عَظِيْمًا.

عربی کے حروف تہجی

حروف الهجاء	أسماء حروف الهجاء	حروف الهجاء	أسماء حروف الهجاء
ا	ألف	ط	طَاءٌ
ب	بَاءٌ	ظ	ظَاءٌ
ت	تَاءٌ	ع	عَيْنٌ
ث	ثَاءٌ	غ	غَيْنٌ
ج	جِيْمٌ	ف	فَاءٌ
ح	حَاءٌ	ق	قَافٌ
خ	خَاءٌ	ك	كَافٌ
د	دَالٌ	ل	لَامٌ
ذ	ذَالٌ	م	مِيْمٌ
ر	رَاءٌ	ن	نُوْنٌ
ز	زَايٌ	و	وَاوٌ
س	سِيْنٌ	ه	هَاءٌ
ش	شِيْنٌ	ء	هَمْزَةٌ
ص	صَادٌ	ى	يَاءٌ
ض	ضَادٌ		

بعضُ الاصطلاحات المهمة

الأشكال أو الحركات: زبر(َ)، زیر(ِ)، اور پیش(ُ) کو عربی میں اشکال یا حرکات کہتے ہیں۔ زبر کو فَتْحَة زیر کو کَسْرَة اور پیش کو ضَمَّة کہتے ہیں۔ حرکت والے حرف کو مُتَحَرِّك اور جزم والے حرف کو ساکن کہتے ہیں۔

غُرْفَةٌ میں "غ" اور "ف" متحرک ہیں جبکہ "ر" ساکن ہے۔

المفتوح: جس حرف پر فتحہ ہو وہ مَفْتُوْح کہلائے گا۔

المکسور: جس حرف پر کسرہ ہو وہ مَكْسُوْر کہلائے گا۔

المضموم: جس حرف پر ضمہ ہو وہ مَضْمُوْم کہلائے گا۔

كِتَاب میں "ك" مَكْسُوْر ہے، "ت" مفتوح ہے اور "الف" ساکن ہے۔

عُلَب میں "ع" مضموم ہے اور "ل" مفتوح ہے۔

المشدد: تشدید والے حرف کو مُشَدَّد کہا جاتا ہے۔

كُرَّاسَة میں "ر" مشدد و مفتوح ہے۔

التنوین: دو زبر(ً) دو زیر(ٍ) اور دو پیش(ٌ) میں سے ہر ایک کو تنوین کہا جاتا ہے اور جس لفظ پر تنوین ہو اسے مُنَوَّن کہا جاتا ہے۔

بَيْتٌ کے آخری حرف "ت" پر ضمہ کی تنوین ہے۔

شَارِعٍ کے آخری حرف "ع" پر کسرہ کی تنوین ہے۔

سُوْقًا کے آخری حرف "ق" پر فتحہ کی تنوین ہے۔

کسی بھی حرف پر فتحہ کی تنوین لگانے سے پہلے اسکے آگے کتابةً ایک الف کا اضافہ کردیا جاتا ہے البتہ تاء مدورّہ (ة) اور ہمزہ پر فتحہ کی تنوین براہ راست آجاتی ہے:

مَدْرَسَةً، سَمَاءً

الدرس الأول

الْكَلِمَةُ وَأَقْسَامُهَا

بامعنی لفظ کو "کلمہ" کہتے ہیں۔

کلمہ کی تین اقسام ہیں: ١۔اسم ٢۔فعل ٣۔حرف

اسم: وہ کلمہ ہے جس سے کوئی انسان جانور جگہ یا چیز وغیرہ سمجھ میں آئے اور اس سے کوئی زمانہ وغیرہ سمجھا نہ جاسکے:

رَجُلٌ، اِمْرَأَةٌ، زَيْدٌ، فَاطِمَةُ، طَالِبٌ، طَالِبَةٌ، غُرْفَةٌ وغیرہ۔

فعل: وہ کلمہ ہے جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا تین زمانوں میں سے کسی زمانہ میں سمجھا جائے جیسے: ذَهَبَ (وہ گیا)، يَدْخُلُ (وہ داخل ہوتا ہے)، سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ (آپ سب جان لیں گے)۔

حرف: وہ کلمہ ہے جس کے معنی اسم یا فعل کے ساتھ ملے بغیر سمجھ میں نہ آئیں: مِنْ (سے)، إِلَى (تک)، فِيْ (میں) وغیرہ۔ ذَهَبَ زَيْدٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ (زید مدرسہ گیا) كَتَبْتُ بِالْقَلَمِ (میں نے قلم کے ساتھ لکھا)۔

قاعدہ ١:

بامعنی لفظ کو کلمہ کہتے ہیں، کلمہ کی تین قسمیں ہیں: اسم، فعل، حرف۔

١۔ اسم وہ کلمہ ہے جس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے۔

٢۔ فعل وہ کلمہ ہے جس میں کوئی زمانہ پایا جائے۔

٣۔ حرف وہ کلمہ ہے جس کے معنی اسم یا فعل کے بغیر سمجھ میں نہ آئیں۔

تَقْسِيْمَاتُ الاِسْمِ الثَّلاثة

١ـ المَعْرِفَةُ وَالنَّكِرَةُ

٢ـ المُذَكَّرُ وَالمُؤَنَّثُ

٣ـ المُفْرَدُ وَالمُثَنّٰى وَالجَمْعُ

الدرس الثاني

الْمَعْرِفَةُ وَالنَّكِرَةُ (۱)

(اسم کی پہلی تقسیم)

الْمَعْرِفَةُ: وہ اسم ہے جو کسی خاص یا معین چیز پر دلالت کرے مثلاً:

الْكِتَابُ (کتاب) الْفَرَسُ (گھوڑا) كَرَاتَشِي (مخصوص شہر کا نام) خَالِدٌ (مخصوص شخص کا نام)

النَّكِرَةُ: وہ اسم ہے جو عام شخص، جگہ یا چیز کیلئے بولا جائے اور کسی معیّن اور مخصوص چیز پر دلالت نہ کرے مثلاً:

رَجُلٌ (کوئی مرد) فَرَسٌ (کوئی گھوڑا) بَلَدٌ (کوئی شہر)

طَالِبٌ (ایک طالب علم) كِتَابٌ (ایک کتاب) مَدْرَسَةٌ (ایک مدرسہ)

نوٹ: نکرہ کا ترجمہ عام طور پر لفظ "کوئی، ایک، چند اور کچھ" سے کیا جاتا ہے اور معرفہ کا ترجمہ مطلقاً کیا جاتا ہے یعنی اسکا ترجمہ کرتے وقت لفظ "خاص" یا "کوئی" لگانے کی ضرورت نہیں ہوتی، بلکہ یہ بات مخاطب کے ذہن میں ہوتی ہے اور سننے والا سمجھ جاتا ہے۔

اسم معرفہ کی اقسام:

۱۔عَلَمٌ، ۲۔ اسم إشارة، ۳۔ ضَمِيْرٌ، ٤۔ اسْمُ مَوْصُوْلٍ، ٥۔ مُعَرَّفٌ بِاللَّامِ وغیرہ، آئندہ اسباق میں ان سب پر تفصیلی بحث ہوگی، یہاں صرف دو پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

۱۔ عَلَمٌ: افراد، اشخاص اور شہروں وغیرہ کے خصوصی نام کو عَلَمٌ (ج: اَعْلَامٌ) کہا جاتا ہے مثلاً:

خَالِدٌ عَائِشَةُ مِصْرُ بَاكِسْتَانُ

۲۔ مُعَرَّفٌ بِاللَّامِ (۲): اس اسم کو کہتے ہیں جسکو الْ سے معرفہ بنا دیا گیا ہو مثلاً:

الْكِتَابُ الرَّسُوْلُ الْوَلَدُ الْبَيْتُ

(۱) لام التعریف صرف اسم پر داخل ہوتا ہے فعل اور حرف پر داخل نہیں ہوتا۔

(۲) لام التعریف اسم کی خصوصیات میں سے ہے اسی طرح تنوین بھی اسم کی خصوصیات میں سے ہے، فعل اور حرف پر کبھی تنوین نہیں آتی۔

"اَلْ" کو حرف تعریف بھی کہا جاتا ہے (یعنی معرفہ بنانے والا حرف) کسی بھی نکرہ اسم کو معرفہ بنانے کے لئے اس پر "اَلْ" داخل کر دیا جاتا ہے۔

"اَلْ" کے داخل ہوتے ہی اسم میں دو تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں:

۱۔ معنی کے اعتبار سے وہ عام نہیں رہتا، بلکہ کسی معین چیز پر دلالت کرتا ہے۔

۲۔ اسکی تنوین ہٹ جاتی ہے اور ایک حرکت باقی رہ جاتی ہے مثلاً:

رَجُلٌ	اَلرَّجُلُ	رَجُلاً	اَلرَّجُلَ	رَجُلٍ	اَلرَّجُلِ
وَلَدٌ	اَلْوَلَدُ	وَلَدًا	اَلْوَلَدَ	وَلَدٍ	اَلْوَلَدِ

عربی کے بعض حروف ایسے ہیں جن سے پہلے "اَلْ" کے لام کا تلفظ کیا جاتا ہے انہیں اَلْحُرُوْفُ الْقَمَرِيَّةُ کہا جاتا ہے مثلاً: ب، ج، ح وغیرہ۔ جو کلمہ ان حروف سے شروع ہوگا اس سے پہلے "اَلْ" کے لام کو ادا کیا جائے گا مثلاً:

اَلْبَابُ اَلْجِدَارُ اَلْحَقِيْبَةُ

اس کے برخلاف کچھ حروف ایسے ہیں جن سے پہلے "اَلْ" کے لام کا تلفظ نہیں کیا جاتا مثلاً: ت، ث، ر وغیرہ۔ لہٰذا التَّمرُ، الثَّمرُ، الرَّاكِبُ پڑھتے وقت "اَلْ" کے لام کو ادا نہیں کیا جائے گا، ان کو اَلْحُرُوْفُ الشَّمْسِيَّةُ کہا جاتا ہے۔

اَلْحُرُوْفُ الْقَمَرِيَّةُ: ا، ب، ج، ح، خ، ع، غ، ف، ق، ك، م، ه، و، ي.

اَلْحُرُوْفُ الشَّمْسِيَّةُ: ت، ث، د، ذ، ر، ز، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ل، ن.

قاعدہ ۲:

اسم کی دو قسمیں ہیں: نکرہ اور معرفہ۔

۱۔ نکرہ وہ اسم ہے جو غیر معین چیز پر دلالت کرے۔

۲۔ معرفہ وہ اسم ہے جو معین چیز پر دلالت کرے۔

معرفہ کی کئی قسمیں ہیں: ۱۔ علم، ۲۔ اسم الإشارة، ۳۔ ضمير، ٤۔ اسم موصول، ٥۔ معرف باللام، ٦۔ مضاف إلى المعرفة أو المعرف بالإضافة.

التمرين ـ ۱

مندرجہ ذیل اسماء کو "اَلْ" کے ذریعہ معرفہ بنائیے:

بَيْتٌ غُرْفَةٌ بِنْتٌ طِفْلٌ جِدَارٌ أُمٌّ أَبٌ أُخْتٌ أَخٌ
عَمٌّ نَظِيْفٌ جَدٌّ خَالٌ كُرَّاسَةٌ كَأْسٌ صُنْدُوْقٌ رِدَاءٌ وِسَادَةٌ
بَابٌ شُبَّاكٌ سِتَارٌ لَوْحٌ سَاعَةٌ مِرْوَحَةٌ كُرْسِيٌّ مَسْجِدٌ مَدْرَسَةٌ
مُعَلِّمٌ مَكْتَبٌ تَمْرٌ ثَمِيْنٌ حَدِيْثٌ دَرَّاجَةٌ سَيَّارَةٌ ذَكِيٌّ رَحِيْمٌ
زَنْجَبِيْلٌ طَالِبٌ عَيْنٌ غُبَارٌ فَاكِهَةٌ قُرْآنٌ

التمرين ـ ۲

مندرجہ ذیل اسماء کے آخر میں فتحہ کی تنوین ہے ان سب پر "اَلْ" داخل کیجئے:

أَرْضًا أَرْنَبًا بَابًا بَقَرَةً تَابُوْتًا ثَوَابًا حَوْضًا جَنَّةً
خُبْزًا دَارًا ذَنْبًا رَسُوْلًا زَيْتُوْنًا سُوْرًا شَمْسًا صَوَابًا
ضَبًّا طَائِرَةً ظَفْرًا عَيْنًا غُلَامًا فَاكِهَةً قَمِيْصًا كَلْبًا
لَوْزًا مَكْتَبًا نُوْرًا وَرَقَةً هَوَاءً يَاقُوْتًا

التمرين ـ ۳

مندرجہ ذیل اسماء کے آخر میں کسرہ کی تنوین ہے ان پر "اَلْ" داخل کر کے انہیں معرفہ بنائیے:

كِتَابٍ جَرِيْدَةٍ سَمَاءٍ نُوْرٍ يَمِيْنٍ
طَاوِلَةٍ عُيُوْنٍ زَهْرَةٍ وَرْدَةٍ لَوْنٍ

الدرس الثالث

اَلْمُذَكَّرُ وَالْمُؤَنَّثُ

(اسم کی دوسری تقسیم)

جنس کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ مُذَكَّرٌ ۲۔ مُؤَنَّثٌ

الـمُذَكَّرُ: وہ اسم ہے جو جنس کے اعتبار سے مذکر ہو مثلاً: رَجُلٌ (مرد)، وَلَدٌ (لڑکا)، ابْنٌ (بیٹا)، عَرِيْسٌ (دولہا) یا اس کے ساتھ تانیث کی کوئی علامت نہ ہو مثلاً: بَيْتٌ (گھر)، شَارِعٌ (سڑک)، كُرْسِيٌّ (کرسی)، كِتَابٌ (کتاب)۔

المُؤَنَّثُ: عربی میں مؤنث اسماء کئی قسم کے ہوتے ہیں:

۱۔ وہ اسماء جو باعتبار جنس مؤنث ہوں اگرچہ ان کے ساتھ کوئی علامت تانیث نہ ہو: مَرْيَمُ، زَيْنَبُ، حَائِضٌ، حَامِلٌ، عَرُوْسٌ وغیرہ۔

۲۔ وہ الفاظ جنکے آخر میں تاء مدوّرہ ہو: مُعَلِّمَةٌ، طَالِبَةٌ، فَاطِمَةُ، مِشْكَاةٌ، سَاعَةٌ، غُرْفَةٌ وغیرہ۔

۳۔ وہ اسماء جنکے آخر میں الف مقصورہ ہو: سَلْمٰى، صُغْرٰى، حُسْنٰى، نُعْمٰى وغیرہ۔

۴۔ وہ اسماء جنکے آخر میں الف ممدودہ ہو: صَحْرَاءُ، زَهْرَاءُ، حَسْنَاءُ وغیرہ[1]۔

۵۔ مذکورہ بالا اقسام کے علاوہ بعض ایسے اسماء بھی ہیں جو صرف اس لئے مؤنث شمار ہوتے ہیں کہ اہل زبان سے مؤنث سنے گئے ہیں انہیں مُؤَنَّثٌ سَمَاعِيٌّ کہتے ہیں ان میں مندرجہ ذیل اسماء شامل ہیں:

۱۔ ملکوں، شہروں، قبیلوں کے نام: مِصْرُ، بَاكِسْتَانُ، مَكَّةُ، قُرَيْشٌ وغیرہ۔

۲۔ جسم کے وہ اعضاء جو جوڑوں کی صورت میں ہیں: عَيْنٌ (آنکھ)، قَدَمٌ (پیر)، أُذُنٌ (کان)، رِجْلٌ (ٹانگ)۔

۳۔ قدرت کے بعض عناصر: أَرْضٌ، سَمَاءٌ، رِيْحٌ وغیرہ۔

ذیل میں مؤنث سماعی کے کچھ الفاظ درج کئے جاتے ہیں:

حَرْبٌ (جنگ)	خَمْرٌ (شراب)	فُلْكٌ (کشتی)	سِكِّيْنٌ (چاقو)	سَقَرٌ (جہنم کا ایک نام)
دَارٌ (گھر)	عَنْكَبُوْتٌ (مکڑی)	عَيْنٌ (چشمہ)	نَارٌ (آگ)	

(۱) تانیث کی ظاہری علامات تین ہیں: ۱۔ تاء مدورہ ۲۔ الف مقصورہ ۳۔ الف ممدودہ۔

عربی میں بعض اسماء مذکر ومؤنث دونوں استعمال ہوتے ہیں مثلاً:

طَرِيْقٌ (راستہ)	سَبِيْلٌ (راستہ)	بَلَدٌ (شہر)	سُوْقٌ (بازار)
حَالٌ (حال)	رُوْحٌ (روح)	إِصْبَعٌ (انگلی)	نَفْسٌ (نفس)

بعض اسماء کے ساتھ تاء مدورہ ہوتی ہے لیکن یہ معنی کے اعتبار سے مذکر ہی ہوتے ہیں مثلاً:

خَلِيْفَةٌ عَلاَّمَةٌ أُسَامَةُ دَاعِيَةٌ مُعَاوِيَةُ

اگر کسی اسم کے ساتھ تاء مدورہ ہو تو حالتِ وقف میں اس تاء کو ہاء پڑھا جاتا ہے: عَائِشَةُ قَائِمَةٌ کو عَائِشَةُ قَائِمَهْ پڑھا جائے گا۔

مذکر اسماء کو مؤنث بنانے کا طریقہ

۱۔ مذکر اسماء کو مؤنث بنانا ہو تو ان کے آخر میں تاء مدورہ کا اضافہ کر دیا جاتا ہے:

اِبْنٌ	اِبْنَةٌ	اِبْنٌ + ة = اِبْنَةٌ
مَلِكٌ	مَلِكَةٌ	مَلِكٌ + ة = مَلِكَةٌ
حَسَنٌ	حَسَنَةٌ	حَسَنٌ + ة = حَسَنَةٌ

۲۔ اگر مذکر اسم أَفْعَلُ کے وزن پر ہو تو اسکا مؤنث فَعْلَاءُ کے وزن پر ہوگا:

أَبْيَضُ	بَيْضَاءُ	(سفید)	أَسْوَدُ	سَوْدَاءُ	(کالا)	أَخْضَرُ	خَضْرَاءُ	(سبز)
أَحْمَرُ	حَمْرَاءُ	(لال)	أَصْفَرُ	صَفْرَاءُ	(پیلا)	أَزْرَقُ	زَرْقَاءُ	(نیلا)
أَحْمَقُ	حَمْقَاءُ	(بیوقوف)	أَعْرَجُ	عَرْجَاءُ	(لنگڑا)	أَسْمَرُ	سَمْرَاءُ	(گندم گوں)

قاعدہ ۳:

جنس کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں: مذکر اور مؤنث۔

۱۔ مذکر: وہ اسم ہے جو جنس کے اعتبار سے مذکر ہو، یا اس کے ساتھ تانیث کی کوئی علامت نہ ہو۔

۲۔ مؤنث: مؤنث اسماء تین قسم کے ہوتے ہیں:

۱۔ وہ اسماء جو جنس کے اعتبار سے مؤنث ہوں۔

٢۔ وہ اسماء جن کے آخر میں تانیث کی کوئی علامت ہو، جیسے تاء مدورہ، الف مقصورہ یا الف ممدودہ۔

٣۔ وہ اسماء جو عربوں سے مؤنث سنے گئے ہوں۔

التمرين۔ ١ (١)

مندرجہ ذیل مذکر اسماء کو مؤنث بنائیے:

اِبْنٌ	خَادِمٌ	مُدِيْرٌ	مُعَلِّمٌ	أُسْتَاذٌ	مُمَرِّضٌ	مُفِيْدٌ	صَدِيْقٌ
عَمٌّ	خَالٌ	جَدٌّ	طَبِيْبٌ	مُهَنْدِسٌ	مُضِرٌّ	مُؤْمِنٌ	كَافِرٌ
مُنَافِقٌ	سَارِقٌ	صَحَابِيٌّ	صَادِقٌ	ضَارٌّ	كَاذِبٌ	مَفْتُوْحٌ	مُغْلَقٌ
طَوِيْلٌ	قَصِيْرٌ	صَغِيْرٌ	حُلْوٌ	كَبِيْرٌ	قَرِيْبٌ	بَعِيْدٌ	وَاسِعٌ
ضَيِّقٌ	نَائِمٌ	مُرٌّ	مُسْتَيْقِظٌ	نَظِيْفٌ	وَسِخٌ	حَزِيْنٌ	فَرِحٌ
قَائِمٌ	خَشِنٌ	جَدِيْدٌ	قَدِيْمٌ	مَيِّتٌ	حَيٌّ	مُظْلِمٌ	مُنِيْرٌ
لَيِّنٌ	قَاعِدٌ	جَالِسٌ	ذَاهِبٌ	قَادِمٌ	جَيِّدٌ	رَدِئٌ	غَبِيٌّ
ذَكِيٌّ	عَالِمٌ	جَاهِلٌ	مُجْتَهِدٌ	كَسْلَانٌ	مُرْتَفِعٌ	مُنْخَفِضٌ	سَمِيْنٌ
نَحِيْفٌ	جَمِيْلٌ	قَبِيْحٌ	سَعِيْدٌ	شَقِيٌّ	عَادِلٌ	ظَالِمٌ	أَمِيْنٌ
خَائِنٌ	حَاضِرٌ	غَائِبٌ	صَالِحٌ	طَالِحٌ	كَرِيْمٌ	بَخِيْلٌ	

التمرين۔ ٢

مندرجہ ذیل جملے دو دو الفاظ سے مرکب ہیں جملے کے دونوں الفاظ کو تاء مدورہ لگا کر مؤنث بنائیے جیسے مثال میں دیا ہوا ہے:

نموذج: الاَبْنُ صَالِحٌ.   الاَبْنَةُ صَالِحَةٌ.

١۔ اَلْخَالُ فَقِيْرٌ.   ٢۔ اَلْوَلَدُ ذَكِيٌّ.   ٣۔ اَلْوَلَدُ طَيِّبٌ (٢).   ٤۔ اَلْعَمُّ غَنِيٌّ.

٥۔ اَلْخَادِمُ حَاضِرٌ.   ٦۔ اَلأَبُ كَرِيْمٌ.   ٧۔ اَلْمَلِكُ عَادِلٌ.   ٨۔ اَلطَّبِيْبُ مَاهِرٌ.

(١) نئے الفاظ کے معنی سبق کے آخر میں دیئے ہوئے ہیں۔   (٢) ولد کا مؤنث بنت ہے۔

٩ـ الطَّالِبُ جَدِيْدٌ. ١٠ـ هُوَ[1] مُدَرِّسٌ. ١١ـ أَنَا[2] مَسْرُوْرٌ. ١٢ـ التَّاجِرُ خَائِنٌ.

١٣ـ الْمُدِيْرُ شَدِيْدٌ. ١٤ـ الطَّالِبُ نَظِيْفٌ. ١٥ـ الْجَدُّ مَرِيْضٌ. ١٦ـ الأُسْتَاذُ غَائِبٌ.

١٧ـ الأَخُ[3] رَحِيْمٌ. ١٨ـ الْمُمَرِّضُ نَشِيْطٌ. ١٩ـ الْكَافِرُ كَاذِبٌ. ٢٠ـ الرَّجُلُ صَادِقٌ[4].

٢١ـ الْعَرِيْسُ[5] جَمِيْلٌ. ٢٢ـ الْمَرِيْضُ حَزِيْنٌ. ٢٣ـ الْمُوَظَّفُ أَمِيْنٌ. ٢٤ـ الْمُؤْمِنُ صَادِقٌ.

٢٥ـ أَنْتَ[6] بَاكِسْتَانِيٌّ. ٢٦ـ الْمُعَلِّمُ بَاكِسْتَانِيٌّ. ٢٧ـ الصَّدِيْقُ مِصْرِيٌّ. ٢٨ـ الْمُهَنْدِسُ عِرَاقِيٌّ[7].

التمرين ـ ٣

بین القوسین دیئے ہوئے اسماء کو مؤنث بنا کر ان سے خالی جگہیں پر کیجئے جس طرح مثال میں دیا ہوا ہے:

نموذج: الْبِنْتُ بَيْضَاءُ (أَبْيَضُ) الشَّمْسُ صَفْرَاءُ (أَصْفَرُ)

١ـ هِيَ .... (سَعُوْدِيٌّ) ٢ـ أَنْتِ .... (بَاكِسْتَانِيٌّ)

٣ـ الْيَدُ .... (أَبْيَضُ) ٤ـ الْعَيْنُ .... (أَسْوَدُ)

٥ـ الزَّهْرَةُ .... (أَحْمَرُ) ٦ـ السَّمَاءُ .... (أَزْرَقُ)

٧ـ الْكُرَّاسَةُ .... (أَبْيَضُ) ٨ـ الْحَدِيْقَةُ .... (أَخْضَرُ)

٩ـ الْغُرْفَةُ .... (نَظِيْفٌ) ١٠ـ الْمَرْأَةُ .... (أَعْرَجُ)

١١ـ الطَّبِيْبَةُ .... (مَاهِرٌ) ١٢ـ السَّاعَةُ .... (ذَهَبِيٌّ)

١٣ـ الْخَادِمَةُ .... (أَسْمَرُ) ١٤ـ الشَّمْسُ .... (أَصْفَرُ)

١٥ـ الأَرْضُ .... (أَخْضَرُ) ١٦ـ الطَّاوِلَةُ .... (كَبِيْرٌ)

١٧ـ الْبَقَرَةُ .... (سَمِيْنٌ) ١٨ـ الشَّجَرَةُ .... (أَخْضَرُ)

١٩ـ التِّلْمِيْذَةُ .... (أَحْمَقُ) ٢٠ـ الْمُعَلِّمَةُ .... (مُجْتَهِدٌ)

(۱) هُوَ کا مؤنث هي۔ (۲) أنا کا مؤنث أنا ہی ہوگا۔ (۳) مؤنث أُختٌ.

(۴) رجل کا مؤنث امرأة ہے، جب اس پر لام التعریف داخل ہو تو اسے المرأة پڑھا جاتا ہے۔ (۵) الْعَرِيْسُ کا مؤنث "الْعَرُوْسُ" ہے۔

(۶) أنتَ کا مؤنث أنتِ. (۷) استاد کے لئے ملاحظہ: طلبہ کو سبق کے آخر میں دیئے ہوئے الفاظ معنی دیکھ کر جملوں کا مفہوم سمجھنے کا مکلف بنایا جائے۔ جملوں کا اردو ترجمہ ہرگز نہ کیا جائے۔ تمام نئے مفردات کے معنی طلبہ کو ذہن نشین کرائے جائیں۔

التمرين - ٤

مذکر اسماء کے ساتھ مذکر صفات اور مؤنث اسماء کے ساتھ مؤنث صفات لگا کر جملے مکمل کیجئے جس طرح مثال میں دیا ہوا ہے:

نموذج: اَلْمَدْرَسَةُ كَبِيْرَةٌ اَلْمَسْجِدُ وَاسِعٌ

١ ـ الخَالَةُ	....	٢ ـ الطِّفْلُ	....	٣ ـ اَلْبُسْتَانُ	....
٤ ـ اَلْمَتْحَفُ	....	٥ ـ فَاطِمَةُ	....	٦ ـ اَلْحَارِسُ	....
٧ ـ الشَّارِعُ	....	٨ ـ اَلْغُرْفَةُ	....	٩ ـ السَّبُّورَةُ	....
١٠ ـ اَلْجِدَارُ	....	١١ ـ السِّتَارُ	....	١٢ ـ اَلْوَرَقَةُ	....
١٣ ـ السَّرِيْرُ	....	١٤ ـ السَّجَّادَةُ	....	١٥ ـ اَلْمَكْتَبُ	....
١٦ ـ اَلْمِرْوَحَةُ	....	١٧ ـ الشُّبَّاكُ	....	١٨ ـ اَلْبَابُ	....
١٩ ـ السُّوْقُ	....	٢٠ ـ الطَّالِبَةُ	....	٢١ ـ الأُخْتُ	....
٢٢ ـ الصَّدِيْقُ	....	٢٣ ـ السَّلَّةُ	....	٢٤ ـ المِمْحَاةُ	....
٢٥ ـ اَلْعُلْبَةُ	....	٢٦ ـ الزُّجَاجَةُ	....	٢٧ ـ اَلْقَمِيْصُ	....
٢٨ ـ اَلْمِنْدِيْلُ	....	٢٩ ـ اَلْحَقِيْبَةُ	....	٣٠ ـ اَلْقَلَمُ	....
٣١ ـ اَلْبُرْقُعُ	....	٣٢ ـ اَلْمِبْرَاةُ	....	٣٣ ـ اَلْمِسْطَرَةُ	....
٣٤ ـ الرَّفُّ	....	٣٥ ـ السَّيَّارَةُ	....	٣٦ ـ اَلْحَافِلَةُ	....
٣٧ ـ الطِّفْلَةُ	....	٣٨ ـ اَلْكِتَابُ	....	٣٩ ـ النَّظَّارَةُ	....
٤٠ ـ اَلْمَطْبَخُ	....				

التمرين ـ ٥

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں سرخ اسماء کی تانیث کا سبب بتایئے:

١ ـ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ. ٢ ـ إِنَّ أَرْضِيْ وَاسِعَةٌ.

٣ـ قُلْ هٰذِهِ سَبِيْلِي.
٤ـ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ.
٥ـ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ.
٦ـ مَاسَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ.
٧ـ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ.
٨ـ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَرَبٌّ غَفُوْرٌ.
٩ـ أُولٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ.
١٠ـ ادْخُلُوْا مِصْرَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.
١١ـ حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا.
١٢ـ يَسْأَلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ.
١٣ـ كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ.
١٤ـ وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِيْنَ.
١٥ـ إِنَّ الدَّارَ الآخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ.
١٦ـ وَمَا تَدْرِىْ نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ.
١٧ـ إِنَّ أَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ.
١٨ـ وَأَخْرَجَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِيْنَ.
١٩ـ وَاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا.
٢٠ـ وَأَمَّا عَادٌ فَأُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ.

نئے الفاظ

عربي	اردو	عربي	اردو
أَنْتَ	آپ (ایک مذکر)	اِبْنٌ ج: بَنُوْنَ، أَبْنَاءُ	بیٹا
أَخٌ ج: إِخْوَةٌ	بھائی	أُخْتٌ ج: أَخَوَاتٌ	بہن
أَرْضٌ ج: أَرَاضِيْ	زمین	أَنَا	میں
أَنْتِ	آپ (ایک مؤنث)	بَابٌ ج: أَبْوَابٌ	دروازہ
بَخِيْلٌ ج: بُخَلَاءُ	کنجوس	بَرَّايَةٌ ج: بَرَّايَاتٌ	شاپنر
بُسْتَانٌ ج: بَسَاتِيْنُ	باغ	بَعِيْدٌ	دور
بَقَرَةٌ ج: بَقَرَاتٌ	گائے	بِنْتٌ ج: بَنَاتٌ	بیٹی
تِلْمِيْذَةٌ ج: تِلْمِيْذَاتٌ (مذکر کے لیے تَلَامِذَةٌ)	شاگردہ	ذَاهِبٌ (إِلَى) ج: ذَاهِبُوْنَ إِلَى	جانے والا

عربي	اردو	عربي	اردو
جَدِيْدٌ ج: جُدَدٌ	نیا	جَدٌّ ج: أَجْدَادٌ	دادا
جَمِيْلٌ ج: جُمَلَاءُ	خوبصورت	جَيِّدٌ	اچھا، عمدہ
طِفْلَةٌ ج: طِفْلَاتٌ	بچی	حَارِسٌ ج: حُرَّاسٌ	چوکیدار
حَاضِرٌ ج: حَاضِرُوْنَ	موجود	حَافِلَةٌ ج: حَافِلَاتٌ	بس
حَدِيْقَةٌ ج: حَدَائِقُ	باغ	حَزِيْنٌ ج س	غمگین
حُلْوٌ	میٹھا	حَيٌّ ج: أَحْيَاءٌ	زندہ
خَالٌ ج: أَخْوَالٌ	ماموں	خَائِنٌ ج: خَائِنُوْنَ	خیانت کرنے والا
خَشِنٌ	کھردرا	ذَكِيٌّ ج: أَذْكِيَاءُ	ذہین
جَالِسٌ ج: جَالِسُوْنَ	بیٹھا ہوا	رَجُلٌ ج: رِجَالٌ	مرد
رَفٌّ ج: رُفُوْفٌ	شیلف	زُجَاجَةٌ ج: زُجَاجَاتٌ	بوتل
جِدَارٌ ج: جُدْرَانٌ	دیوار	رَحِيْمٌ ج: رُحَمَاءُ	رحم دل
زَهْرَةٌ ج: أَزْهَارٌ	پھول	سَارِقٌ ج: سَارِقُوْنَ	چور
سَاعَةٌ ج: سَاعَاتٌ	گھڑی	سَبُّوْرَةٌ ج: سَبُّوْرَاتٌ	تختہ سیاہ، سلیٹ، بلیک بورڈ
سِتَارٌ ج: سَتَائِرُ	پردہ	سَجَّادَةٌ ج: سَجَّادَاتٌ	قالین
سَرِيْرٌ ج: سُرُرٌ	چارپائی	سَعِيْدٌ ج: سُعَدَاءُ	نیک
سَلَّةٌ ج: سَلَّاتٌ	ٹوکری	سَمَاءٌ ج: سَمَاوَاتٌ	آسمان
سَمِيْنٌ ج: سِمَانٌ	موٹا	سُوْقٌ ج: أَسْوَاقٌ	بازار
سَيَّارَةٌ ج: سَيَّارَاتٌ	گاڑی	شَارِعٌ ج: شَوَارِعُ	سڑک
شُبَّاكٌ ج: شَبَابِيْكُ	کھڑکی	شَجَرَةٌ ج: أَشْجَارٌ	درخت
شَدِيْدٌ ج: أَشِدَّاءُ	سخت	شَقِيٌّ ج: أَشْقِيَاءُ	شریر، بدبخت

عربي	اردو	عربي	اردو
شَمْسٌ ج: شُمُوْسٌ	سورج	شَنْطَةٌ ج: شُنَطٌ	بستہ
صَادِقٌ ج: صَادِقُوْنَ	سچا	صَالِحٌ ج: صَالِحُوْنَ، صُلَحَاءُ	نیک
صَدِيْقٌ ج: أَصْدِقَاءُ	دوست	صَغِيْرٌ ج: صِغَارٌ	چھوٹا
ضَارٌّ	نقصان دہ	ضَيِّقٌ	تنگ
طَالِحٌ ج: طُلَحَاءُ	برا (نیک کی ضد ہے)	طَاوِلَةٌ ج: طَاوِلَاتٌ	تپائی، میز
طَبِيْبٌ ج: أَطِبَّاءُ	ڈاکٹر	طَوِيْلٌ ج: طِوَالٌ	لمبا
عَادِلٌ ج: عَادِلُوْنَ	انصاف کرنے والا	عُلْبَةٌ ج: عُلَبٌ	ڈبہ
عَمٌّ ج: أَعْمَامٌ	چچا	عَيْنٌ ج: عُيُوْنٌ	آنکھ
غَبِيٌّ ج: أَغْبِيَاءُ	بے وقوف	غُرْفَةٌ ج: غُرَفٌ، غُرُفَاتٌ	کمرہ
غَنِيٌّ ج: أَغْنِيَاءُ	مالدار	فَرِحٌ ج: فَرِحُوْنَ	خوش ہونے والا
قَادِمٌ ج: قَادِمُوْنَ	آنے والا	قَاعِدٌ	بیٹھا ہوا
قَصِيْرٌ ج: قِصَارٌ	چھوٹا (قد اور لمبائی کے لحاظ سے)	قَبِيْحٌ ج: قُبَحَاءُ	بدصورت، برا (جمیل کی ضد ہے)
قَدِيْمٌ	پرانا	قَائِمٌ ج: قَائِمُوْنَ	کھڑا ہونے والا
كَاذِبٌ ج: كَاذِبُوْنَ	جھوٹا	كَبِيْرٌ ج: كِبَارٌ	بڑا
كُرَّاسَةٌ ج: كَرَارِيْسُ، كُرَّاسَاتٌ	کاپی	كَرِيْمٌ ج: كُرَمَاءُ	صاحب عزت، معزز
كَسْلَانٌ ج: كُسَالَى	سست	مَتْحَفٌ ج: مَتَاحِفُ	عجائب گھر
لَيِّنٌ	نرم	مُهَنْدِسٌ ج: مُهَنْدِسُوْنَ	انجینئر
مُجْتَهِدٌ ج: مُجْتَهِدُوْنَ	محنتی	مَحَّايَةٌ ج: مَحَّايَاتٌ	مٹانے والا (ربڑ)
مُدَرِّسٌ ج: مُدَرِّسُوْنَ	پڑھانے والا	مُدِيْرٌ ج: مُدِيْرُوْنَ	پرنسپل، مہتمم

عربي	اردو	عربي	اردو
مُرْتَفِعٌ	بلند، اونچا	مَسْرُوْرٌ ج: مَسْرُوْرُوْنَ	خوش
مِرْوَحَةٌ ج: مَرَاوِحُ	پنکھا	مُرٌّ	کڑوا
مِسْطَرَةٌ ج: مَسَاطِرُ	فٹہ، اسکیل	مُسْتَيْقِظٌ ج: مُسْتَيْقِظُوْنَ	بیدار
مُضِرٌّ	نقصان دہ	مَطْبَخٌ ج: مَطَابِخُ	باورچی خانہ
مُظْلِمٌ	تاریک	مُعَلِّمٌ ج: مُعَلِّمُوْنَ	استاد
مُغْلَقٌ	بند (بند کیا ہوا)	مُفِيْدٌ	فائدہ مند
مَفْتُوْحٌ	کھلا ہوا	مَكْتَبٌ ج: مَكَاتِبُ	دفتر
مُمَرِّضٌ ج: مُمَرِّضُوْنَ	نرس	مِنْدِيْلٌ ج: مَنَادِيْلُ	رومال
مُنِيْرٌ	روشن	مُنْخَفِضٌ	نیچا
مُوَظَّفٌ ج: مُوَظَّفُوْنَ	افسر	نَائِمٌ ج: نَائِمُوْنَ	سویا ہوا
مَيِّتٌ ج: مَيِّتُوْنَ، أَمْوَاتٌ	مردہ	نَشِيْطٌ ج: نَشِيْطُوْنَ	چست
نَحِيْفٌ ج: نِحَافٌ، نُحَفَاءُ	کمزور	نَظِيْفٌ ج: نِظَافٌ	صاف
نَظَّارَةٌ ج: نَظَّارَاتٌ	عینک	وَسِخٌ	میلا
وَاسِعٌ	کشادہ	يَدٌ ج: أَيْدٍ	ہاتھ
هِيَ	وہ (ایک مؤنث)		

الدرس الرابع

الإِعْرَابُ وَأَلْقَابُهُ

الأمثلة:

(ج)	(ب)	(الف)
الْكِتَابُ مُفِيْدٌ.	الطَّالِبُ مُجْتَهِدٌ.	١ـ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ.
قَرَأْتُ الْكِتَابَ.	قَابَلْتُ الطَّالِبَ.	٢ـ اعْبُدُوا اللّٰهَ.
بَحَثْتُ عَنِ الْكِتَابِ.	نَظَرْتُ إِلَى الطَّالِبِ.	٣ـ إِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ.

شرح وتفصیل:

مجموعہ (الف) میں دی ہوئی آیات کریمہ پر غور کیجئے اس میں اسم پاک اللہ تین جملوں میں وارد ہوا ہے۔ پہلے جملے میں اللہ کے آخری حرف ہاء پر ضمّہ ہے، دوسرے جملے میں اس ہاء پر فتحہ ہے اور تیسرے جملے میں ہاء پر کسرہ ہے۔

اسی طرح مجموعہ (ب) میں لفظ الطالب کے آخری حرف باء کی حرکت اور مجموعہ (ج) میں الکتاب کے آخری حرف باء کی حرکت ہر جملہ میں مختلف ہے۔

معلوم ہوا کہ جب کلمہ جملے میں استعمال ہوتا ہے تو اسکے آخری حرف کی حرکت جملے میں اسکے موقع محل کی مناسبت سے بدلتی رہتی ہے۔ کلام میں کلمہ کے آخری حرف کی اس بدلتی ہوئی حرکت کو عربی قواعد میں إِعْـرَابٌ [1] سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

اسم کے اعراب کی یہی تین صورتیں ہیں جو گزشتہ مثالوں میں آپ کی نظر سے گزریں:

١ـ اَلْمَرْفُوْعُ: پہلی صورت (جہاں اسم کے آخری حرف پر ضمّہ ہے) کیلئے مرفوع کی اصطلاح استعمال ہوتی ہے۔

٢ـ اَلْمَنْصُوْبُ: دوسری صورت (جہاں اسم کے آخری حرف پر فتحہ ہے) کیلئے منصوب کی اصطلاح استعمال ہوتی ہے۔

(۱) طالب علموں کے ذہن میں إعراب اور أشکال کا فرق واضح رہنا چاہئے۔ هـٰذَا كِتَابٌ میں ک کی ''کسرہ'' اور تاء کی ''فتحہ'' اشکال ہیں جبکہ آخری حرف باء کی ''ضمہ'' اعرابی ہے۔

۳۔ اَلْمَجْرُوْرُ: تیسری صورت (جہاں اسم کے آخری حرف پر کسرہ ہے) مجرور کہلاتی ہے۔

چنانچہ اسم پاک اللہ پہلی آیت میں مرفوع ہے دوسری آیت میں منصوب ہے اور تیسری آیت میں مجرور واقع ہوا ہے۔

ان تین اصطلاحات کو ذہن نشین کر لیجئے۔

اسم کے مرفوع ہونے کی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں۔اسی طرح اس کے منصوب یا مجرور ہونے کے بھی مختلف اسباب ہوتے ہیں۔آئندہ اسباق میں انشاء اللہ تعالیٰ اس پر تفصیلی بحث ہوگی۔

کوئی بھی کلمہ کلام میں کن حالات میں مرفوع واقع ہوتا ہے، کن وجوہات کی بناء پر منصوب ہوتا ہے اور کب مجرور ہوتا ہے یہی جان لینے کا نام عِلْمُ الإِعْرَابِ یا عِلْمُ النَّحْوِ[1] ہے۔

قاعدہ ۴:

۱۔ کلمہ کے آخری حرف کی حرکت کلام میں اس کے موقع محل کی مناسبت سے بدلتی رہتی ہے، اس بدلتی ہوئی حرکت کو اعراب کہتے ہیں۔

۲۔ اسم کے اعراب کی تین صورتیں ہیں: (۱) مرفوع (۲) منصوب (۳) مجرور۔

التمرين ـ ۱[2]

مندرجہ ذیل آیات کریمہ کے سرخ کلمات میں مرفوع، منصوب اور مجرور اسماء کی تعیین کیجئے:

١ ـ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ.	٢ ـ إِنَّ الإِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ.
٣ ـ إِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الأُمُوْرُ.	٤ ـ لَهُمْ دَارُ السَّلَامِ عِنْدَ رَبِّهِمْ.
٥ ـ وَأَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً.	٦ ـ إِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلَامًا.
٧ ـ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ.	٨ ـ مَا كَانَ لِلّٰهِ أَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ.
٩ ـ ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيْهِ.	١٠ ـ اَلَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الأَرْضَ فِرَاشًا.
١١ ـ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا.	١٢ ـ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ.

(۱) اعراب کا سوال اس وقت اٹھتا ہے جب کلمہ کلام میں وارد ہوتا ہے علم النحو کی بحث کلمہ سے نہیں بلکہ کلام سے ہے۔

(۲) استاد کے لئے ملاحظہ: اس مشق کا مقصد صرف اتنا ہے کہ طلبہ اعراب کے القاب سے مانوس ہو جائیں۔

١٣ـ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

١٤ـ كُلُوْا مِمَّا فِي الأَرْضِ حَلاَلاً طَيِّبًا.

١٥ـ فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰى أَمْرٍ قَدْ قُدِرَ.

١٦ـ أَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهُ صَاحِبَةٌ.

١٧ـ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ.

١٨ـ وَقُلْنَا يٰآدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ.

١٩ـ وَاللّٰهُ يَدْعُوْ إِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِإِذْنِهِ.

٢٠ـ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا.

٢١ـ يٰأَيُّهَا الإِنْسَانُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا.

٢٢ـ هَلْ أَتٰى عَلَى الإِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا.

الدرس الخامس

الْمُفْرَدُ وَالْمُثَنّٰى وَالْجَمْعُ

(اسم کی تیسری تقسیم)

عربی میں تعداد کے اعتبار سے اسم تین قسم کا ہوتا ہے:

۱۔الْمُفْرَدُ ۲۔الْمُثَنّٰی ۳۔الْجَمْعُ

۱۔ الاسْمُ الْمُفْرَدُ وَإِعْرَابُهُ

الْمُفْرَدُ: وہ اسم ہے جو ایک چیز پر دلالت کرے۔ مثلاً:

قَلَمٌ (ایک قلم) کِتَابٌ (ایک کتاب) بَيْتٌ (ایک گھر)

اسم مفرد کے اعرابی حالات پچھلے درس میں گزر چکے ہیں، یاد دہانی کیلئے اعادہ کئے دیتے ہیں۔

۱۔ الْمَرْفُوْعُ وَعَلَامَتُهُ[۱]:

اسم مفرد جب کلام میں ضمہ کے ساتھ آئے مرفوع کہلاتا ہے، چونکہ ضَمَّہ اسکے مرفوع ہونے کی علامت ہے، لہذا اسکے اعراب کو "مَرْفُوْعٌ بِالضَّمَّةِ" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

۲۔ الْمَنْصُوْبُ وَعَلَامَتُهُ[۲]:

اسم مفرد جب کلام میں فتحہ کے ساتھ آئے تو منصوب کہلاتا ہے۔ اور اسکے اعراب کو "مَنْصُوْبٌ بِالْفَتْحَةِ" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

۳۔ الْمَجْرُوْرُ وَعَلَامَتُهُ[۳]:

اسم مفرد جب کلام میں کسرہ کے ساتھ آئے تو مجرور کہلاتا ہے، اور اسکے اعراب کو "مَجْرُوْرٌ بِالْكَسْرَةِ" سے تعبیر

---

(۱) مرفوع ہونے کی حالت کو حَالَةُ الرَّفْعِ یا الرَّفْعُ اور ضمہ کو عَلَامَةُ الرَّفْعِ کہتے ہیں۔ (۲) منصوب ہونے کی حالت کو حَالَةُ النَّصْبِ یا النَّصْبُ اور فتحہ کو عَلَامَةُ النَّصْبِ کہتے ہیں۔ (۳) مجرور ہونے کی حالت کو حَالَةُ الْجَرِّ یا الْجَرُّ اور کسرہ کو عَلَامَةُ الْجَرِّ کہتے ہیں۔

کیا جاتا ہے۔ آئندہ اسباق سے معلوم ہوگا کہ اسم کن کن حالات میں مرفوع، منصوب اور مجرور واقع ہوتا ہے۔

۲۔ الْمُثَنّٰى

الْمُثَنّٰى: وہ اسم ہے جو دو چیزوں پر دلالت کرے۔

مفرد سے مثنی بنانے کا قاعدہ: اسم مفرد کے آخر میں الف اور نون (ان) بڑھانے سے مثنی بن جاتا ہے[1]۔

کِتَابٌ + انِ = کِتَابَانِ (دو کتابیں) قَلَمٌ + انِ = قَلَمَانِ (دو قلم)

شَجَرَةٌ + انِ = شَجَرَتَانِ (دو درخت) زَهْرَةٌ + انِ = زَهْرَتَانِ (دو پھول)

إِعْرَابُ الْمُثَنّٰى

الأمثلة:

(الف)

۱۔ الطَّالِبَانِ ذَكِيَّانِ. (مرفوع)

۲۔ قَابَلْتُ الطَّالِبَيْنِ. (منصوب)

۳۔ سَلَّمْتُ عَلَى الطَّالِبَيْنِ. (مجرور)

(ب)

۱۔ الطَّالِبَتَانِ ذَكِيَّتَانِ. (مرفوع)

۲۔ قَابَلْتُ الطَّالِبَتَيْنِ. (منصوب)

۳۔ سَلَّمْتُ عَلَى الطَّالِبَتَيْنِ. (مجرور)

شرح وتفصیل:

مثنی جب کلام میں مرفوع واقع ہوتا ہے تو الف کے ساتھ آتا ہے، لہٰذا الف اس کے مرفوع ہونے کی علامت ہے، جیسے ''مجموعہ الف، ب'' میں ''جملہ ۱''۔ مثنی جب منصوب یا مجرور واقع ہوتا ہے تو دونوں صورتوں میں اسکا یہ الف یاء میں تبدیل ہو جاتا ہے جیسے ''مجموعہ الف، ب'' میں ''جملہ ۲، ۳''[2]۔

آپ نے دیکھا کہ مفرد اسم کے رفع کی علامت ضمہ ہے جبکہ مثنی اسم کے رفع کی علامت الف ہے۔ مفرد اسم کے نصب کی علامت فتحہ ہے جبکہ مثنی اسم کے نصب کی علامت یاء ہے۔ مفرد اسم کے جر کی علامت کسرہ ہے جبکہ مثنی اسم کے جر کی علامت یاء ہے۔ نصب اور جر دونوں حالتوں میں مثنی اسم کی ایک ہی شکل ہوتی ہے۔ ان اعراب کی تطبیق انشاء اللہ تعالی

(۱) مثنی پر جب لام التعریف داخل ہوتا ہے تو اس میں کوئی تغیر نہیں آتا یہی حال جمع مذکر سالم کا ہے۔
(۲) مثنی کی یاء سے پہلے والے حرف پر ہمیشہ فتحہ آتی ہے۔

آئندہ اسباق میں ہو جائے گی۔

۳۔ اَلْجَمْعُ بِنَوْعَيْهِ

اَلْجَمْعُ: وہ اسم ہے جو دو سے زیادہ چیزوں پر دلالت کرے۔ اسکی دو قسمیں ہیں:

۱۔ اَلْجَمْعُ الْمُكَسَّرُ أَوْ جَمْعُ تَكْسِيْرٍ ۲۔ اَلْجَمْعُ السَّالِمُ

۱۔ اَلْجَمْعُ الْمُكَسَّرُ:

وہ جمع ہے جس میں مفرد اسم کے حروف کی ترتیب برقرار نہیں رہتی، بلکہ جمع میں آ کر ٹوٹ جاتی ہے اسی وجہ سے اسے "مُكَسَّرٌ" (ٹوٹا ہوا) کہتے ہیں۔ مثلاً:

رَجُلٌ رِجَالٌ بَيْتٌ بُيُوْتٌ كِتَابٌ كُتُبٌ

جمع مکسّر بنانے کا کوئی خاص قاعدہ نہیں ہے، کبھی محض حرکات (ضمہ، فتحہ، کسرہ) کے تغیر سے بنتی ہے۔ مثلاً:

أَسَدٌ أُسُدٌ خَشَبٌ خُشُبٌ سَقْفٌ سُقُفٌ

اور کبھی کسی حرف کو حذف کر کے بنتی ہے۔ مثلاً:

رَسُوْلٌ رُسُلٌ

اور کبھی بعض حروف کے اضافہ سے بنتی ہے۔ مثلاً:

قَلَمٌ أَقْلَامٌ مَسْجِدٌ مَسَاجِدُ عَيْبٌ عُيُوْبٌ

إِعْرَابُ الْجَمْعِ الْمُكَسَّرِ: جمع مکسر کے اعراب بالکل اسی طرح ہونگے جس طرح مفرد اسم کے ہوتے ہیں یعنی ضمہ سے مرفوع، فتحہ سے منصوب اور کسرہ سے مجرور ہوگا۔ یہی اصل ہے اس سے جب کبھی استثناء ہوگا وضاحت کر دی جائے گی۔

۲۔ اَلْجَمْعُ السَّالِمُ:

وہ جمع ہے جسمیں مفرد اسم کے حروف کی ترتیب برقرار رہتی ہے اس کی دو قسمیں ہیں:

(الف) جَمْعُ الْمُذَكَّرِ السَّالِمُ (ب) جَمْعُ الْمُؤَنَّثِ السَّالِمُ

(الف) اَلْجَمْعُ الْمُذَكَّرِ السَّالِمُ: یہ مفرد اسم کے آخر میں (ون) واو اور نون کا اضافہ کر دینے سے بنتی ہے۔ مثلاً:

مُسْلِمٌ + ون = مُسْلِمُوْنَ (دو سے زیادہ مسلمان) صَالِحٌ + ون = صَالِحُوْنَ (دو سے زیادہ نیک مرد)

مُحَمَّدٌ + ون = مُحَمَّدُوْنَ (دو سے زیادہ محمد نامی اشخاص)

قاعدہ کی رو سے جمع مذکر سالم صرف مذکر عاقل کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

(ب) جَمْعُ الْمُؤَنَّثِ السَّالِمُ: وہ جمع ہے جو مفرد اسم کے آخر میں الف اور تاء مفتوحہ (ات) بڑھا کر بنائی جاتی ہے:

مُسْلِمَةٌ + ات = مُسْلِمَاتٌ (دو سے زیادہ مسلمان عورتیں) بَقَرَةٌ + ات = بَقَرَاتٌ (دو سے زیادہ گائیں)

صَالِحَةٌ + ات = صَالِحَاتٌ (دو سے زیادہ نیک عورتیں) مُعَلِّمَةٌ + ات = مُعَلِّمَاتٌ (دو سے زیادہ استانیاں)

كَلِمَةٌ + ات = كَلِمَاتٌ (دو سے زیادہ کلمے)

نوٹ: ا۔ الف اور تاء دراصل اسم مفرد کے آخری حرف کے بعد بڑھاتے ہیں نہ کہ تاء مدورہ کے بعد جو زائد ہوتی ہے۔

۲۔ جمع مؤنث عاقل اور غیر عاقل سب کے لئے آتی ہے۔

إِعْرَابُ جَمْعِ الْمُذَكَّرِ السَّالِمُ

الأمثلة:

١۔ اَلْمُعَلِّمُوْنَ حَاضِرُوْنَ. (مرفوع)

٢۔ قَابَلْتُ الْمُعَلِّمِيْنَ. (منصوب)

٣۔ سَلَّمْتُ عَلَى الْمُعَلِّمِيْنَ. (مجرور)

شرح وتفصیل:

جمع مذکر سالم جب کلام میں مرفوع واقع ہوگا تو واو کے ساتھ آئے گا یعنی اسکے رفع کی علامت ''واؤ'' ہے، جیسے ''جملہ ا'' اور نصب اور جر کی حالت میں اسکی یہ واو ''یاء'' میں تبدیل ہو جائے گی جیسے جملہ ''۲، ۳'' گویا نصب اور جر دونوں کی علامت ''یاء'' ہے۔

نوٹ: مثنی اور جمع مذکر سالم دونوں منصوب اور مجرور ہونے کی حالت میں یاء کے ساتھ آتے ہیں لیکن فرق یہ ہے کہ مثنی کی یاء سے پہلے والے حرف پر فتحہ اور اسکے نون کے نیچے کسرہ ہوتی ہے۔ مثلاً: (مُسْلِمَيْنِ، صَالِحَيْنِ) جبکہ جمع مذکر سالم کی یاء سے پہلے والے حرف پر کسرہ اور اسکے نون پر فتحہ ہوتی ہے۔ مثلاً: (مُسْلِمِيْنَ، صَالِحِيْنَ)۔

إِعْرَابُ جَمْعِ الْمُؤَنَّثِ السَّالِمُ

الأمثلة:

(ب)	(الف)
١ ـ الْبَقَرَاتُ سَمِيْنَاتٌ. (مرفوع)	١ ـ الطَّالِبَاتُ ذَكِيَّاتٌ. (مرفوع)
٢ ـ اشْتَرَيْتُ الْبَقَرَاتِ. (منصوب)	٢ ـ قَابَلْتُ الطَّالِبَاتِ. (منصوب)
٣ ـ نَظَرْتُ إِلَى الْبَقَرَاتِ. (مجرور)	٣ ـ سَلَّمْتُ عَلَى الطَّالِبَاتِ. (مجرور)

شرح وتفصیل:

جمع مؤنث سالم حالت رفع میں ضمہ کے ساتھ آتی ہے۔ جیسے مجموعہ ''الف، ب'' میں ''جملہ ۱''، حالت نصب میں کسرہ کے ساتھ آتی ہے جیسے مجموعہ ''الف، ب'' میں ''جملہ ۲'' اور حالت جر میں بھی کسرہ کے ساتھ آتی ہے جیسے مجموعہ ''الف، ب'' میں ''جملہ ۳''، معلوم ہوا کہ جمع مؤنث سالم میں نصب اور جر دونوں کی علامت کسرہ ہے۔

قاعدہ ۵:

تعداد کے اعتبار سے اسم کی تین قسمیں ہیں: ۱۔مفرد ۲۔مثنی ۳۔جمع

۱۔مفرد وہ اسم ہے جو ایک چیز پر دلالت کرے۔

۲۔مثنی وہ اسم ہے جو دو چیزوں پر دلالت کرے۔مثنی مفرد اسم کے آخر میں الف اور نون (ان) کا اضافہ کرنے سے بنتا ہے۔

۳۔جمع وہ اسم ہے جو دو سے زیادہ چیزوں پر دلالت کرے۔اس کی دو قسمیں ہیں: ۱۔جمع مکسر ۲۔جمع سالم۔

جمع سالم کی دو قسمیں ہیں: ۱۔جمع مذکر سالم ۲۔جمع مؤنث سالم۔

قاعدہ ۶:

۱۔مفرد اسم ضمہ (ـُـ) کے ساتھ مرفوع، فتحہ (ـَـ) کے ساتھ منصوب، اور کسرہ (ـِـ) کے ساتھ مجرور ہوتا ہے۔

۲۔مثنی الف کے ساتھ مرفوع، اور یاء کے ساتھ منصوب اور مجرور ہوتا ہے۔

٣۔ جمع مذکر سالم واو کے ساتھ مرفوع اور یاء کے ساتھ منصوب اور مجرور ہوتا ہے۔

۴۔ جمع مؤنث سالم ضمہ سے مرفوع اور کسرہ سے منصوب اور مجرور ہوتی ہے۔

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل اسماء کو مثنی میں تبدیل کیجئے:

١ـ يَدٌ ٢ـ بَيْتٌ ٣ـ جَنَّةٌ ٤ـ كُمٌّ ٥ـ رَجُلٌ ٦ـ زَمِيْلٌ

٧ـ قَرْيَةٌ ٨ـ سَهْلٌ ٩ـ الْعَاقِلُ ١٠ـ امْرَأَةٌ ١١ـ زَوْجٌ ١٢ـ عَالِمٌ

١٣ـ تِلْمِيْذٌ ١٤ـ جَارَةٌ ١٥ـ الْقَدَمُ ١٦ـ طِفْلٌ ١٧ـ جَاهِلٌ ١٨ـ الأُذُنُ

١٩ـ الْمَرْأَةُ ٢٠ـ الْعَيْنُ ٢١ـ صَعْبٌ ٢٢ـ كَعْبٌ ٢٣ـ كَاذِبٌ ٢٤ـ خَصْمٌ

٢٥ـ الْكَتِفُ ٢٦ـ السَّفِيْنَةُ ٢٧ـ الْمُؤْمِنُ ٢٨ـ صَادِقٌ ٢٩ـ الْمِرْفَقُ ٣٠ـ الْمُعَلِّمَةُ

٣١ـ الْمَسْجِدُ ٣٢ـ السَّاعِدُ

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل اسماء کو جمع مذکر سالم میں تبدیل کیجئے:

١ـ قَائِمٌ ٢ـ عَابِدٌ ٣ـ شَاكِرٌ ٤ـ صَابِرٌ ٥ـ كَافِرٌ

٦ـ مُنَافِقٌ ٧ـ خَاشِعٌ ٨ـ سَاجِدٌ ٩ـ رَاكِعٌ ١٠ـ ضَالٌّ

١١ـ مُؤْمِنٌ ١٢ـ جَاهِلٌ ١٣ـ مُدَرِّسٌ ١٤ـ مُصَنِّفٌ ١٥ـ صَائِمٌ

١٦ـ مُسَافِرٌ ١٧ـ مُهَنْدِسٌ ١٨ـ مُوَظَّفٌ ١٩ـ مُحَدِّثٌ ٢٠ـ مُمَرِّضٌ

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل مفرد اسماء کو جمع مؤنث سالم میں تبدیل کیجئے:

١ـ مَرْيَمُ ٢ـ قَانِتَةٌ ٣ـ ذَاهِبَةٌ ٤ـ زَيْنَبُ ٥ـ مُؤْمِنَةٌ ٦ـ طَالِبَةٌ

٧ـ صَائِمَةٌ	٨ـ حَافِظَةٌ	٩ـ قَائِمَةٌ	١٠ـ وَالِدَةٌ	١١ـ مُنَافِقَةٌ	١٢ـ مُرَبِّيَةٌ
١٣ـ مُعَلِّمَةٌ	١٤ـ فَاطِمَةُ	١٥ـ تِلْمِيْذَةٌ	١٦ـ طَبِيْبَةٌ	١٧ـ ذَاكِرَةٌ	١٨ـ جَالِسَةٌ
١٩ـ صَادِقَةٌ	٢٠ـ رَاجِعَةٌ	٢١ـ كَافِرَةٌ	٢٢ـ كَاذِبَةٌ	٢٣ـ مُرْضِعَةٌ	٢٤ـ صَابِرَةٌ
٢٥ـ خَاشِعَةٌ	٢٦ـ مُمَرِّضَةٌ	٢٧ـ عَائِشَةُ	٢٨ـ مُتَبَرِّجَةٌ	٢٩ـ مُتَحَجِّبَةٌ	٣٠ـ مُتَصَدِّقَةٌ

التمرين ـ ٤

عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ دو بڑھئی	۲۔ دو چشمے	۳۔ گھڑیاں	۴۔ دو تختے
۵۔ دو گاؤں	۶۔ ایک کرسی	۷۔ کچھ معلم	۸۔ دو طالبات
۹۔ دو کمرے	۱۰۔ دو عورتیں	۱۱۔ دو موچی	۱۲۔ دو استانیاں
۱۳۔ ایک گلاس	۱۴۔ دو آنکھیں	۱۵۔ دو ہونٹ	۱۶۔ بے پردہ عورتیں
۱۷۔ ایک عورت	۱۸۔ دو کھڑکیاں	۱۹۔ دو درخت	۲۰۔ بیٹھے ہوئے مرد
۲۱۔ مسافر عورتیں	۲۲۔ منافق عورت	۲۳۔ دو کاپیاں	۲۴۔ دو نوجوان لڑکیاں
۲۵۔ ایک منافق مرد	۲۶۔ کامیاب عورتیں	۲۷۔ دو کہنیاں	۲۸۔ کچھ کاریگر (صانع)
۲۹۔ دو جھوٹی لڑکیاں	۳۰۔ بہت سے لوہار	۳۱۔ کچھ سچے مرد	۳۲۔ دودھ پلانے والیاں
۳۳۔ روزے دار مرد	۳۴۔ دو روزے دار عورتیں	۳۵۔ صبر کرنے والی عورتیں	۳۶۔ دو صدقہ کرنے والی عورتیں
۳۷۔ بہت سے مومن مرد	۳۸۔ داخل ہونے والے مرد	۳۹۔ محنت کرنے والے مرد	۴۰۔ دو چوری کرنے والی عورتیں

التمرين ـ ٥

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں مثنی، جمع مذکر سالم اور جمع مؤنث سالم کی تعیین کیجئے:

١ ـ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ.   ٢ ـ وَمَا هُمْ بِخَارِجِيْنَ مِنَ النَّارِ.

٣ ـ وَبَشِّرِ الصَّابِرِيْنَ.   ٤ ـ قَالُوْا إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّآ إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ.

٥ـ إِنَّهُمْ لَنَا لَغَائِظُوْنَ.
٦ـ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ.
٧ـ وَلِلْكَافِرِيْنَ عَذَابٌ أَلِيْمٌ.
٨ـ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ.
٩ـ فِيْهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ.
١٠ـ اَلْخَبِيْثَاتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثَاتِ.
١١ـ جَعَلْنَا لأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ.
١٢ـ وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلاَدَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ.
١٣ـ أَلَمْ نَجْعَلْ لَّهُ عَيْنَيْنِ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ.
١٤ـ التَّائِبُوْنَ الْعَابِدُوْنَ الْحَامِدُوْنَ السَّائِحُوْنَ الرَّاكِعُوْنَ السَّاجِدُوْنَ الآمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحَافِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ.
١٥ـ إِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْقَانِتِيْنَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِيْنَ وَالصَّادِقَاتِ وَالصَّابِرِيْنَ وَالصَّابِرَاتِ وَالْخَاشِعِيْنَ وَالْخَاشِعَاتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصَّآئِمَاتِ وَالْحَافِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحَافِظَاتِ وَالذَّاكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذَّاكِرَاتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا.

نئے الفاظ

عربی	اردو	عربی	اردو
جَارَةٌ	پڑوسن	جَالِسَةٌ ج س[1]	بیٹھنے والی
خَاشِعٌ ج: خَاشِعُوْنَ	خشوع کرنے والا	خَصْمٌ ج: خِصَامٌ	حریف
ذَاكِرَةٌ ج س	ذکر کرنے والی	رَاجِعَةٌ (مِنْ) ج، س	لوٹنے والی
رَاكِعٌ ج: رَاكِعُوْنَ	رکوع کرنے والا	زَمِيْلٌ ج: زُمَلاَءُ	دوست
زَوْجٌ ج: أَزْوَاجٌ مؤنث: زَوْجَاتٌ	شوہر، بیوی	سَاجِدٌ ج: سَاجِدُوْنَ	سجدہ کرنے والا
سَاعِدٌ ج: سَوَاعِدُ	کلائی	سَفِيْهٌ ج: سُفَهَاءُ	بیوقوف
سَهْلٌ	آسان	شَاكِرٌ ج: شَاكِرُوْنَ	شکر کرنے والا

(۱) ج اور س جہاں بھی اس صورت میں ذکر کیے جائیں تو اس سے مراد جمع سالم ہوگی۔

عربي	اردو	عربي	اردو
صَابِرٌ ج: صَابِرُوْنَ	صبر کرنے والا	صَعْبٌ	مشکل
ضَالٌّ ج: ضَالُّونَ	گمراہ	عَابِدٌ ج: عَابِدُوْنَ	عبادت کرنے والا
قَانِتَةٌ ج س	بندگی کرنے والی	قَرْيَةٌ ج: قُرًى	گاؤں، بستی
كَتِفٌ ج: أَكْتَافٌ	کندھا	كُمٌّ ج: أَكْمَامٌ	آستین
مُتَبَرِّجَةٌ ج، س	بے پردہ عورت	مُتَحَجِّبَةٌ ج س	باپردہ
مُتَصَدِّقَةٌ ج، س	صدقہ کرنے والی	مُحَدِّثٌ ج: مُحَدِّثُوْنَ	حدیث بیان کرنے والا
مُرَبِّيَةٌ ج، س	پرورش کرنے والی	مُرْضِعَةٌ ج س	دودھ پلانے والی
مِرْفَقٌ ج: مَرَافِقُ	کہنی	مُصَنِّفٌ ج: مُصَنِّفُوْنَ	تصنیف کرنے والا

اردو	عربي	اردو	عربي
بڑھئی	نَجَّارٌ ج س	تختہ	كَعْبٌ ج: كُعُوْبٌ
چشمہ	عَيْنٌ	داخل ہونے والا	دَاخِلٌ ج س
کاریگر	صَانِعٌ ج س	کامیاب	نَاجِحٌ ج س
گلاس	كَأْسٌ ج: كُؤُوْسٌ	لوہار	حَدَّادٌ ج س
موچی	حَذَّاءٌ ج س	نوجوان لڑکی	فَتَاةٌ ج: فَتَيَاتٌ
ہونٹ	شَفَةٌ : شِفَاهٌ		

الدرس السادس

الْجُمْلَةُ الْعَرَبِيَّةُ

عربی میں جملے کی دو قسمیں ہیں:

الْجُمْلَةُ الاسْمِيَّةُ: وہ جملہ ہے جسکا پہلا کلمہ اسم ہو۔

الْجُمْلَةُ الْفِعْلِيَّةُ: وہ جملہ ہے جسکا پہلا کلمہ فعل ہو۔

الْجُمْلَةُ الاسْمِيَّةُ	الْجُمْلَةُ الْفِعْلِيَّةُ
١ ـ الطَّالِبُ مُجْتَهِدٌ. (طالب علم محنتی ہے)	١ ـ حَضَرَ الْمُعَلِّمُ. (استاد آیا)
٢ ـ الْقَلَمَانِ ثَمِيْنَانِ. (دو قلم مہنگے ہیں)	٢ ـ يَكْتُبُ زَيْدٌ الدَّرْسَ. (زید سبق لکھتا ہے)
٣ ـ الْمُعَلِّمُوْنَ حَاضِرُوْنَ. (اساتذہ حاضر ہیں)	٣ ـ اُكْتُبِ الدَّرْسَ. (سبق لکھو)

الجملة الاسمية وإعرابها

الأمثلة:

(الف)	(ب)	(ج)
١ ـ الْوَلَدُ طَيِّبٌ.	الْفَتَاةُ مُهَذَّبَةٌ.	الْكِتَابُ مُفِيْدٌ.
٢ ـ التِّلْمِيْذَانِ مُجْتَهِدَانِ.	الْمُعَلِّمَتَانِ حَاضِرَتَانِ.	الْكِتَابَانِ مُفِيْدَانِ.
٣ ـ الْمُسْلِمُوْنَ صَادِقُوْنَ.	الْمُؤْمِنَاتُ قَانِتَاتٌ.	الْكُتُبُ مُفِيْدَةٌ.

شرح وتفصیل:

ا۔ جملہ اسمیہ دو اجزاء سے مرکّب ہے۔ پہلا جزء مبتدا اور دوسرا جزء خبر کہلاتا ہے: الْوَلَدُ طَيِّبٌ میں الْوَلَدُ مبتدا اور طَيِّبٌ اسکی خبر ہے۔

۲۔ مبتدا عموماً معرفہ اور خبر عموماً نکرہ ہوا کرتی ہے۔

۳۔ مبتدا اور خبر دونوں مرفوع ہوتے ہیں[1]۔

۴۔ خبر دو باتوں میں اپنے مبتدا کے عین مطابق ہوتی ہے:

ا۔ مفرد، مثنی یا جمع ہونے میں: اگر مبتدا مفرد ہے تو خبر بھی مفرد ہوگی، تینوں مجموعوں میں ''جملہ ا'' ملاحظہ ہو۔ اگر مبتدا مثنی ہوگا تو خبر بھی مثنی ہوگی، تینوں مجموعوں میں ''جملہ ۲'' کو دیکھئے۔ اور اگر مبتدا جمع ہوگا تو خبر بھی جمع ہوگی، مجموعہ الف، اور ب میں ''جملہ ۳'' کو دیکھئے۔ اور اگر مبتدا کسی غیر عاقل شے کی جمع ہو تو اسکی خبر عام طور پر مفرد مؤنث (تاء مدورہ کے ساتھ) آتی ہے، مجموعہ ج کے ''جملہ ۳'' پر غور کیجئے۔

۲۔ تذکیر وتانیث میں: یعنی مبتدا مذکر ہوگا تو خبر بھی مذکر ہوگی، مبتدا مؤنث ہو تو خبر بھی مؤنث ہوگی۔

قاعدہ ۷:

ا۔ عربی جملے کی دو قسمیں ہیں: ا۔ جملہ اسمیہ ۲۔ جملہ فعلیہ

۲۔ جملہ اسمیہ مبتدا اور خبر سے مل کر بنتا ہے۔

۳۔ مبتدا اور خبر ہمیشہ مرفوع ہوتے ہیں۔

۴۔ خبر مفرد، مثنی، جمع ہونے میں اور تذکیر وتانیث میں اپنے مبتدا کے مطابق ہوتی ہے۔

التمرين ـ ١

خالی جگہیں مناسب اخبار لگا کر پر کیجئے:

١ ـ الْغُرْفَةُ	٢ ـ الْأُمُّ	٣ ـ الرَّفُّ............	٤ ـ أَحْمَدُ ....
٥ ـ فَاطِمَةُ	٦ ـ الْبِنْتُ	٧ ـ الدُّعَاةُ	٨ ـ الأَقْلَامُ ....
٩ ـ الأَخَوَانِ	١٠ ـ السَّتَائِرُ	١١ ـ الأَسْعَارُ	١٢ ـ الأَعْمَامُ ....
١٣ ـ الْمَسْجِدُ	١٤ ـ الْفَوَاكِهُ	١٥ ـ الْعَيْنَانِ	١٦ ـ الْأُخْتَانِ ....
١٧ ـ الطُّلَّابُ	١٨ ـ الثَّلَّاجَةُ............	١٩ ـ الصَّدِيْقُ	٢٠ ـ الْقَرْيَتَانِ ....

(۱) مبتدا اور خبر اسم کے مرفوع ہونے کے اسباب میں سے ہیں۔

٢١ـفَاطِمَاتُ	٢٢ـ الزَّيْدُوْنَ	٢٣ـ الطَّبِيْبَانِ	٢٤ـ الشَّوَارِعُ...........
٢٥ـ الطَّالِبَاتُ	٢٦ـ الشُّبَّاكَانِ	٢٧ـ الْأُمَّهَاتُ	٢٨ـ الْمَنَارَتَانِ ....
٢٩ـ الْخَالَاتُ	٣٠ـ الْمُؤْمِنُونَ	٣١ـ التُّفَّاحَتَانِ	٣٢ـ الْمُمَرِّضَةُ ....
٣٣ـ الدَّكَاكِيْنُ	٣٤ـالْمُهَنْدِسُوْنَ...........		

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملوں میں مبتدا اور خبر دونوں کو مؤنث بنایئے تا کہ یہ تانیث میں باہم مطابق ہو جائیں:

١ـ الأَخُ كَرِيْمٌ	٢ـ الْخَادِمُ أَمِيْنٌ	٣ـ الْوَلَدُ مُطِيْعٌ	٤ـ الطِّفْلُ نَائِمٌ
٥ـ الْأَبُ رَحِيْمٌ	٦ـ الْمَلِكُ عَادِلٌ	٧ـ الْخَيَّاطُ مَاهِرٌ	٨ـ الابْنُ صَالِحٌ
٩ـ الْجَارُ سَخِيٌّ	١٠ـ الْوَلَدُ صَغِيْرٌ	١١ـ الرَّجُلُ كَبِيْرٌ	١٢ـ الْكَافِرُ شَقِيٌّ
١٣ـ الْمُجِدُّ نَاجِحٌ	١٤ـ الْمُعَلِّمُ حَاضِرٌ	١٥ـ الأَمِيْرُ جَمِيْلٌ	١٦ـ الْخَالُ شَفِيْقٌ
١٧ـ الْمُؤْمِنُ سَعِيْدٌ	١٨ـ الْجَدُّ ضَعِيْفٌ	١٩ـ الصَّدِيْقُ وَفِيٌّ	٢٠ـ الْمُسَافِرُ تَعِبٌ
٢١ـ الْمُنَافِقُ كَاذِبٌ	٢٢ـ الْمُدِيْرُ غَائِبٌ	٢٣ـ التِّلْمِيْذُ ذَكِيٌّ	٢٤ـ الطَّبِيْبُ حَاذِقٌ
٢٥ـ الْمُمَرِّضُ نَشِيْطٌ	٢٦ـ الْأُسْتَاذُ شَدِيْدٌ	٢٧ـ الْجُنْدِيُّ شُجَاعٌ	٢٨ـ الطَّالِبُ مُجْتَهِدٌ
٢٩ـ الْمُؤْمِنُ صَادِقٌ	٣٠ـ الضَّيْفُ جَالِسٌ		

التمرين ـ ٣

تمرین ـ ۲ کے تمام جملوں میں مبتدآت اور اخبار کو مثنی بنایئے تا کہ یہ تثنیہ میں باہم مطابق ہو جائیں۔

التمرين ـ ٤

ا۔ تمرین ـ ۲ کے مبتدآت اور اخبار کو جمع مذکر بنایئے۔

۲۔ اسی تمرین کے مبتدآت اور اخبار کو جمع مؤنث بنایئے[1]۔

(۱) نوٹ: کچھ مفرد اسماء کی جمع سالم ہوگی اور کچھ کی مکسر، سبق کے آخر میں تمام اسماء کی جمع دی ہوئی ہے۔

التمرين ـ ٥

مندرجہ ذیل ہر مفرد مبتدا کو جمع مکسر بنایئے، پھر حسب قاعدہ اسکی خبر لایئے:

١ـ الدَّوَاءُ مُرٌّ. ٢ـ الْبُرْقُعُ أَسْوَدُ. ٣ـ الْكِتَابُ ثَمِيْنٌ. ٤ـ الدَّفْتَرُ أَصْفَرُ.

٥ـ الْقَلَمُ رَدِيْءٌ. ٦ـ الْقُمَاشُ جَيِّدٌ. ٧ـ الْبَابُ مَفْتُوْحٌ. ٨ـ الْجَبَلُ شَامِخٌ.

٩ـ الثَّوْبُ أَزْرَقُ. ١٠ـ الْقِصَّةُ مُمْتِعَةٌ. ١١ـ الزَّهْرَةُ نَاضِرَةٌ. ١٢ـ الْغُرْفَةُ وَاسِعَةٌ.

١٣ـ الْجِدَارُ مُرْتَفِعٌ. ١٤ـ السَّلَّةُ حَمْرَاءُ. ١٥ـ الْحَقْلُ أَخْضَرُ. ١٦ـ الْكَأْسُ بَيْضَاءُ.

١٧ـ الشَّارِعُ ضَيِّقٌ. ١٨ـ السَّاعَةُ ثَمِيْنَةٌ. ١٩ـ الْحَقِيْبَةُ زَرْقَاءُ. ٢٠ـ الْمِفْتَاحُ ضَائِعٌ.

٢١ـ الْحِمَارُ أَسْوَدُ. ٢٢ـ الْقَلَمُ مَكْسُوْرٌ. ٢٣ـ الدُّكَّانُ مُغْلَقٌ. ٢٤ـ الْفِنْجَانُ أَبْيَضُ.

٢٥ـ اَلْجُمْلَةُ سَهْلَةٌ. ٢٦ـ الْمَسْجِدُ قَدِيْمٌ. ٢٧ـ الْكُرَّاسَةُ كَبِيْرَةٌ. ٢٨ـ السِّكِّيْنُ حَادَّةٌ.

٢٩ـ الْمَكْتَبُ نَظِيْفٌ. ٣٠ـ الدَّرْسُ صَعْبٌ. ٣١ـ الْوَرْدَةُ حَمْرَاءُ.(١) ٣٢ـ الْقَمِيْصُ مُمَزَّقٌ.

٣٣ـ الْمِرْوَحَةُ بَيْضَاءُ. ٣٤ـ الْكُرْسِيُّ صَغِيْرٌ. ٣٥ـ الصُّنْدُوْقُ ضَخْمٌ. ٣٦ـ الْبُسْتَانُ جَمِيْلٌ.

٣٧ـ الشَّجَرَةُ مُثْمِرَةٌ. ٣٨ـ الْكُوْبُ مَكْسُوْرٌ. ٣٩ـ الْمُحَاضَرَةُ طَوِيْلَةٌ. ٤٠ـ السَّيَّارَةُ رَخِيْصَةٌ.

التمرين ـ ٦

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ ہندو کافر ہیں۔ ۲۔ گائیں پتلی ہیں۔ ۳۔ دل لرزاں ہیں۔

۴۔ قالین مہنگا ہے۔ ۵۔ چھتیں اونچی ہیں۔ ۶۔ اسٹیشن دور ہے۔

۷۔ رسول سچے ہیں۔ ۸۔ چہرے روشن ہیں۔ ۹۔ قمیصیں نیلی ہیں۔

۱۰۔ بلیاں پیاسی ہیں۔ ۱۱۔ چوکیدار چوکنا ہے۔ ۱۲۔ سورج چمکدار ہے۔

(۱) یہ بات پہلے گزر چکی ہے کہ جو اسم أَفْعَلُ کے وزن پر آتا ہے اسکا مؤنث فَعْلَاءُ کے وزن پر ہوتا ہے، جمع غیر عاقل کے قاعدہ کے مطابق یہاں أَحْمَرُ کا مؤنث حَمْرَاءُ استعمال ہوگا۔

۱۳۔ مزدور مسلمان ہیں۔ ۱۴۔ مجاہدین فتح مند ہیں۔ ۱۵۔ مسافر خوفزدہ ہیں۔
۱۶۔ دیواریں سفید ہیں۔ ۱۷۔ اساتذہ پاکستانی ہیں۔ ۱۸۔ قیمتیں اونچی ہیں۔
۱۹۔ باغ خوبصورت ہے۔ ۲۰۔ ہوائی اڈہ قریب ہے۔ ۲۱۔ آسمان صاف ہے۔
۲۲۔ دونوں گاؤں دور ہیں۔ ۲۳۔ معلم بیٹھے ہوئے ہیں۔ ۲۴۔ دو کھڑکیاں کھلی ہیں۔
۲۵۔ دو پلنگ آرام دہ ہیں۔ ۲۶۔ دونوں ڈاکٹر ماہر ہیں۔ ۲۷۔ بچی کھڑی ہوئی ہے۔
۲۸۔ دونوں مجاہد بہادر ہیں۔ ۲۹۔ دونوں عورتیں سچی ہیں۔ ۳۰۔ پلیٹیں ٹوٹی ہوئی ہیں۔
۳۱۔ بڑھئی (جمع) محنتی ہیں۔ ۳۲۔ فاطمہ صاف ستھری ہے۔ ۳۳۔ استانیاں رحمدل ہیں۔
۳۴۔ سب کھڑکیاں کھلی ہیں۔ ۳۵۔ دونوں ماموں ڈاکٹر ہیں۔ ۳۶۔ آنکھیں جھکی ہوئی ہیں۔
۳۷۔ دونوں خالائیں بیمار ہیں۔ ۳۸۔ دونوں باغ پھل دار ہیں۔ ۳۹۔ بہنیں (جمع) نیک ہیں۔
۴۰۔ پیالے رکھے ہوئے ہیں۔ ۴۱۔ دونوں نانبائی امانتدار ہیں۔ ۴۲۔ باپ (جمع) مؤمن ہیں۔
۴۳۔ دو پھول کھلے ہوئے ہیں۔ ۴۴۔ سب عجائب گھر مشہور ہیں۔ ۴۵۔ دونوں خادمائیں محنتی ہیں۔
۴۶۔ دونوں دسترخوان صاف ہیں۔ ۴۷۔ گلاب کا پھول خوبصورت ہے۔ ۴۸۔ دونوں استانیاں عراقی ہیں۔
۴۹۔ گدیاں صف بصف لگی ہوئی ہیں۔ ۵۰۔ دونوں غریب عورتیں خستہ حال ہیں۔

التمرين ـ ۷

مندرجہ ذیل جملوں میں قواعد کی غلطیاں ہیں پہلے ان غلطیوں کی تعیین کیجئے پھر جملوں کو ازسرنو صحیح طور پر لکھئے:

١ ـ الْبِنْتِ جَمِيْلٌ. ٢ ـ الْبَيْتُ كَبِيْرَةٌ. ٣ ـ أُمُّ الصَّادِقَةُ. ٤ ـ دَرْسُ صَعْبٌ.
٥ ـ الطَّالِبَةُ عِرَاقِيَّةٌ. ٦ ـ فَتَاتَانِ مُهَذَّبَةٌ. ٧ ـ سَجَّادَةَ إِيْرَانِيٌّ. ٨ ـ الأَبُ مُجْتَهِدُ.
٩ ـ الدَّوْلَابُ مُغْلَقَةٌ. ١٠ ـ الطَّالِبَانِ ذَكِيٌّ. ١١ ـ طُلَّابُ مَسْرُوْرِيْنَ. ١٢ ـ الْمَكَاتِبُ جَدِيْدٌ.
١٣ ـ مُعَلِّمٌ الْحَاضِرُوْنَ. ١٤ ـ فَاطِمَةٌ طَبِيْبٌ. ١٥ ـ الْمُسْلِمَاتِ شَاكِرَةٌ. ١٦ ـ الْمُهَنْدِسُوْنَ مَاهِراً.
١٧ ـ الْمُسَافِرِيْنَ رَاجِعِيْنَ. ١٨ ـ الْكُتُبُ مَفْتُوْحٌ.

التمرين ـ ٨

مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے:

١ـ مَوْقِدٌ	٢ـ الثِّيَابُ	٣ـ قِدْرٌ	٤ـ الأَيَّامُ	٥ـ الرَّجُلُ
٦ـ الْمَقْعَدُ	٧ـ الْمَاءُ	٨ـ عَائِشَةُ	٩ـ الْجُنُوْدُ	١٠ـ الْمِلْعَقَتَانِ
١١ـ الْمِرْآةُ	١٢ـ الطَّعَامُ	١٣ـ الْبُرْتُقَالَةُ	١٤ـ الْجَزَّارُوْنَ	١٥ـ الْعَرَبِيَّةُ
١٦ـ الْجَارَةُ	١٧ـ الأَسْوَاقُ	١٨ـ الصَّدِيْقَتَانِ	١٩ـ الْعَيْنَانِ	٢٠ـ الصَّبَّاغُ
٢١ـ الْبَسَاتِيْنُ	٢٢ـ الْمَدْرَسَتَانِ	٢٣ـ الصَّانِعُوْنَ	٢٤ـ السَّاعَاتُ	٢٥ـ الشُّبَّاكَانِ
٢٦ـ الصَّحَابِيَّانِ	٢٧ـ الصَّدِيْقَاتُ	٢٨ـ الصُّحُوْنُ	٢٩ـ الصَّوَّاغُوْنَ	٣٠ـ الْمُمَرِّضُوْنَ

التمرين ـ ٩

مندرجہ ذیل اخبار کیلئے مناسب مبتدآت لائیے:

١ـ ....حَارٌّ.	٢ـ ....صَغِيْرَةٌ.	٣ـ .... مُكْرَمٌ.	٤ـ .... وَسِخَةٌ.
٥ـ ....جَاهِلَتَانِ.	٦ـ .... تَعِبُوْنَ.	٧ـ .... مَسْرُوْرَتَانِ.	٨ـ ....مُتَزَوِّجَاتٌ.
٩ـ .... صَالِحَاتٌ.	١٠ـ ....ضَاحِكَانِ.		

التمرين في الإعراب ـ ١٠

نموذج:

١ـ الْعِلْمُ نَافِعٌ.	الْعِلْمُ: مبتدأ مرفوع بالضمّة.	نَافِعٌ: خبر مرفوع بالضمة.
٢ـ الْعَالِمَانِ تَقِيَّانِ.	الْعَالِمَانِ: مبتدأ مرفوع بالألف.	تَقِيَّانِ: خبرمرفوع بالألف.
٣ـ الْمُؤْمِنُوْنَ مُفْلِحُوْنَ.	الْمُؤْمِنُوْنَ: مبتدأ مرفوع بالواو.	مُفْلِحُوْنَ: خبرمرفوع بالواو.

نوٹ: کلام میں کسی کلمہ کے اعراب کرتے وقت تین باتیں ملحوظ ہونی چاہئیں:

ا۔ کلمہ کا کلام میں موقع محل کیا ہے؟ (یعنی یہ مبتدا، خبر، فاعل، مفعول وغیرہ میں سے کیا ہے)

۲۔ اس موقع محل کی مناسبت سے کلمہ تینوں اعرابی حالتوں میں سے کس حالت میں واقع ہوا ہے؟ یعنی مرفوع ہے یا منصوب ہے یا مجرور ہے۔ یہ جاننے کے لئے ہم نحو کے قواعد کی مدد لیتے ہیں۔ مندرجہ بالا جملوں کے اعراب کرتے وقت ہم دو نحوی قاعدوں کو بروئے کار لائیں گے۔

١ ـ اَلْمُبْتَدَأُ مَرْفُوْعٌ ٢ ـ اَلْخَبَرُ مَرْفُوْعٌ

۳۔ اگر کلمہ مرفوع واقع ہوا ہے تو اسکے رفع کی علامت کیا ہے؟ آپ جان چکے ہیں کہ اسم مفرد کے رفع کی علامت ''ضمہ''، مثنی کے رفع کی علامت ''الف'' اور جمع مذکر سالم کے رفع کی علامت ''واؤ'' ہے۔ اسی طرح اگر کلمہ منصوب ہے تو اسکے نصب کی علامت کیا ہے؟ اور اگر مجرور ہے تو اسکے جر کی علامت کیا ہے؟ اعرابی علامت کا تعین اس بات پر موقوف ہے کہ اسم مفرد، مثنی، جمع مذکر سالم اور جمع مؤنث سالم میں سے کیا ہے۔

مندرجہ ذیل جملوں میں مبتدا اور خبر کے اعراب کیجئے:

١ ـ الطَّرِيْقُ وَعْرَةٌ. ٢ ـ اَلْمُسَافِرَانِ تَعِبَانِ. ٣ ـ الأُمَّهَاتُ صَالِحَاتٌ.

٤ ـ اَلْكَافِرُوْنَ خَائِبُوْنَ. ٥ ـ التِّلْمِيْذَتَانِ نَشِيْطَتَانِ.

نئے الفاظ

عربي	اردو	عربي	اردو
بُرْتُقَالَةٌ	مالٹا	بَيْضَاءُ	سفید
تَعِبٌ ج س	تھکا ہوا	تُفَّاحَةٌ ج س	سیب
ثَلَّاجَةٌ ج س	فرج	ثَمِيْنٌ	مہنگا
ثَوبٌ ج: أَثْوَابٌ	کپڑا	جَزَّارٌ ج س	قصائی
جُنْدِيٌّ ج: جُنُوْدٌ	فوجی	حَادٌّ	تیز
حَارٌّ	گرم	حَقْلٌ	کھیت
حَمْرَاءُ	لال	خِمَارٌ ج: خُمُرٌ	دوپٹہ

عربي	اردو	عربي	اردو
خَائِبٌ ج س	ناکام	خَيَّاطٌ ج س	درزی
دُعَاةٌ (دَاعٍ کی جمع ہے)	دعوت دینے والے، بلانے والے	دَفْتَرٌ	رجسٹر
مُمَزَّقٌ	پھٹا ہوا	مُمْتِعَةٌ	دلچسپ
دَكَاكِيْنُ (دُكَّانٌ کی جمع ہے)	دکانیں	رَخِيْصٌ	سستا
سِعْرٌ ج: أَسْعَارٌ	قیمتیں	سِكِّيْنٌ ج: سَكَاكِيْنُ	چاقو
شَاكِرٌ ج س	شکرگزار	شَامِخٌ	بلند
شُجَاعٌ ج: شُجْعَانٌ	بہادر	شَفِيْقٌ ج س	مہربان
صَبَّاغٌ ج س	رنگریز (رنگنے والا)	صَوَّاغٌ ج س	سُنار
ضَاحِكٌ ج س	ہنسنے والا	ضَخْمٌ ج: ضِخَامٌ	بھاری
ضَعِيْفٌ ج: ضُعَفَاءُ	کمزور	ضَيْفٌ ج: ضُيُوْفٌ	مہمان
طَعَامٌ ج: أَطْعِمَةٌ	کھانا	طَيِّبٌ	پاک، اچھا
فِنْجَانٌ ج: فَنَاجِيْنُ	پیالی	فَاكِهَةٌ ج: فَوَاكِهُ	پھل
قِدْرٌ ج: قُدُوْرٌ	دیگچی	قُمَاشٌ ج: أَقْمِشَةٌ	کپڑا (بغیر سلا ہوا)
كُوْبٌ ج: أَكْوَابٌ	پیالہ	سَعِيْدٌ ج: سُعَدَاءُ	نیک بخت
مِرْآةٌ ج: مَرَايَا	شیشہ	مِفْتَاحٌ ج: مَفَاتِيْحُ	چابی
مِلْعَقَةٌ ج: مَلَاعِقُ	چمچہ	مَاءٌ ج: مِيَاهٌ	پانی
مَكْسُوْرٌ	ٹوٹا ہوا	مَلِكٌ ج: مُلُوْكٌ	بادشاہ
مَنَارَةٌ ج س	مینار	مَوْقِدٌ	چولھا
مُتَزَوِّجَةٌ ج س	شادی شدہ	مُثْمِرَةٌ	پھل دار
مُجِدٌّ ج س	محنتی	مُحَاضَرَةٌ	لیکچر
مُطِيْعٌ ج س	فرمانبردار	مُكْرَمٌ	معزز

عربي	اردو	عربي	اردو
مُهَذَّبٌ ج س	تہذیب یافتہ	نَاضِرَةٌ	تروتازہ
وَرْدَةٌ ج: وُرُوْدٌ	گلاب کا پھول	وَفِيٌّ ج: أوفِيَاءُ	وفادار
مَقْعَدٌ ج: مَقَاعِدُ	بینچ	يَوْمٌ ج: أَيَّامٌ	دن
أَبْيَضُ ج: بِيْضٌ	سفید	أَخْضَرُ ج: خُضْرٌ	سبز
أَرِيْكَةٌ ج: أَرَائِكُ	گدی	أَزْرَقُ ج: زُرْقٌ	نیلا
أَسْمَرُ ج: سُمْرٌ	گندم گوں	أَسْوَدُ ج: سُوْدٌ	کالا
أَصْفَرُ ج: صُفْرٌ	زرد		

اردو	عربي	اردو	عربي
اسٹیشن	مَحَطَّةٌ ج س	باپ	أَبٌ ج: آبَاءُ
بلی	هِرَّةٌ، قِطَّةٌ ج س، ج: قِطَطٌ	پلیٹ	صَحْنٌ ج: صُحُوْنٌ
پیاسا	عَطْشَانُ مؤنث: عَطْشَى	جھکی ہوئی	خَاشِعَةٌ
چمکدار	لَامِعٌ	چوکنا	مُتَيَقِّظٌ ج س
چہرہ	وَجْهٌ ج: وُجُوْهٌ	خستہ حال	بَائِسٌ ج س
خوف زدہ	خَائِفٌ ج س	دسترخوان	مَائِدَةٌ ج: مَوَائِدُ
دل	قَلْبٌ ج: قُلُوْبٌ	رکھا ہوا	مَوْضُوْعٌ
روشن	مُضِيْءٌ	صف بصف لگنا	مَصْفُوْفٌ
فتح مند	مُنْتَصِرٌ ج س	کھلا ہوا	مُفَتَّحٌ
مزدور	عَامِلٌ ج س، ج: عُمَّالٌ	لرزاں	وَاجِفٌ
نانبائی	خَبَّازٌ ج س	ہندو	هِنْدِيٌّ ج هُنُوْدٌ
ہوائی اڈہ	مَطَارٌ ج مَطَارَاتٌ	آرام دہ	مُرِيْحٌ ج س

الدرس السابع

الْحُرُوْفُ الْجَارَّةُ [1]

الأمثلة:

١۔ الطَّائِرُ عَلَى الْغُصْنِ. (پرندہ ٹہنی پر ہے) ٢۔ السَّيَّارَةُ لِـزَيْدٍ. (گاڑی زید کی ہے)

٣۔ عَائِشَةُ كَـالْقَمَرِ. (عائشہ چاند کی طرح ہے) ٤۔ كَتَبْتُ بِـالْقَلَمِ. (میں نے قلم کے ساتھ لکھا)

٥۔ الْمَكْتَبُ مِنَ الْخَشَبِ. (ڈیکس لکڑی کا ہے) ٦۔ الْقِصَّةُ عَنِ الأَمِيْرَةِ. (قصہ شہزادی کے بارے میں ہے)

٧۔ الطَّالِبُ فِي الْفَصْلِ. (طالب علم درسگاہ میں ہے) ٨۔ فَاطِمَةُ ذَاهِبَةٌ إِلَى السُّوْقِ. (فاطمہ بازار کی طرف جارہی ہے)

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملے حروف جارہ پر مشتمل ہیں: عَلَى، إِلَى، مِنْ، لِ، فِيْ، كَ، عَنْ، بِ یہ حروف اسم پر داخل ہوتے ہیں۔ اور اسے مجرور کر دیتے ہیں [2] مذکورہ بالا مثالوں میں آپ نے دیکھا کہ جو اسماء حروف جارہ کے بعد واقع ہوئے ہیں سب کسرہ کے ساتھ آئے ہیں انکے اعراب کو ہم مَجْرُوْرٌ بِالْكَسْرَةِ سے تعبیر کریں گے۔ "الطَّائِرُ عَلَى الْغُصْنِ" میں "الغُصْنِ" مجرور ہے اسلئے کہ اس سے پہلے حرف جر آیا ہے، اس کے جر کی علامت کسرہ ہے کیونکہ یہ اسم مفرد ہے۔

حروف جارہ سترہ (١٧) ہیں لیکن ہم مندرجہ ذیل پر اکتفا کرتے ہیں:

١۔ عَلَى (پر یا اوپر):

زَيْدٌ جَالِسٌ عَلَى الأَرْضِ. (زید زمین پر بیٹھا ہوا ہے) الْكُتُبُ عَلَى الرَّفِّ. (کتابیں شیلف پر ہیں)

٢۔ إِلَى (تک، کی طرف وغیرہ):

غَسَلْتُ الْيَدَ إِلَى الْمِرْفَقِ. (میں نے ہاتھ کہنی تک دھویا) زَيْدٌ نَاظِرٌ إِلَى السَّمَاءِ. (زید آسمان کی طرف دیکھ رہا ہے)

٣۔ مِنْ (سے، میں سے، کا، کی، کے):

(١) انہیں "الْحُرُوْفُ الْجَارَّةُ" یا "حُرُوْفُ الْجَرّ" کہا جاتا ہے۔

(٢) حروف جارّہ کا تعلق اسماء کے ساتھ ہے اور جر بھی اسماء کی خصوصیات میں سے ہے۔ حروف جارّہ افعال پر داخل نہیں ہوتے اور فعل کبھی مجرور نہیں ہوتا۔

اَلْبُرْتُقَالُ مِنَ الْفَوَاكِهِ. (مالٹا پھلوں میں سے ہے) اَلصُّنْدُوْقُ مِنَ الْحَدِيْدِ. (صندوق لوہے کا ہے)

خَالِدٌ أَكْبَرُ [1] مِنْ سَلِيْمٍ. (خالد سلیم سے بڑا ہے) اَلْقِطَّةُ أَصْغَرُ مِنَ الْكَلْبِ. (بلی کتے سے چھوٹی ہے)

سَلِيْمٌ رَاجِعٌ مِنَ الْقَرْيَةِ. (سلیم گاؤں سے لوٹنے والا ہے)

٤۔ لِ (لئے، کا، کے، کی): یہ لام عام طور پر ملکیت یا نسبت کے اظہار کے لئے آتا ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ. (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں) قُلْتُ لِزَيْدٍ. (میں نے زید سے کہا)

اَلْفَرَسُ لِخَالِدٍ. (گھوڑا خالد کا ہے)

٥۔ فِيْ (میں):

اَلْوَلَدُ فِي الْغُرْفَةِ. (لڑکا کمرے میں ہے) الأَقْلاَمُ فِي الدُّرْجِ. (قلم دراز میں ہیں)

٦۔ كَ (مانند یا مشابہ): یہ حرف التشبیہ کہلاتا ہے:

زَيْدٌ كَالأَسَدِ. (زید شیر کی طرح ہے) اَلطَّاعِمُ الشَّاكِرُ كَالصَّائِمِ الصَّابِرِ. (کھا کر شکر کرنے والا صبر کرنے والے روزہ دار کی طرح ہے)

٧۔ عَنْ (سے، بارے میں):

سَأَلْتُ عَنِ الْمُعَلِّمَةِ. (میں نے استانی کے بارے میں سوال کیا) اَلْمَسْجِدُ بَعِيْدٌ عَنِ الْبَيْتِ. (مسجد گھر سے دور ہے)

٨۔ بِ (سے، میں، کے ساتھ):

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. (اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمان ورحیم ہے)

أَكَلْتُ بِالْمِلْعَقَةِ. (میں نے چمچ کے ساتھ کھایا) زَيْدٌ بِالْمَسْجِدِ. (زید مسجد میں ہے)

---

(١) أَكْبَرُ: أَفْعَلُ کے وزن پر اسم تفضیل ہے۔ جب دو چیزوں کا آپس میں مقابلہ کیا جائے اور ان میں سے ایک میں دوسرے کی نسبت کسی صفت کی زیادتی ہو تو اس کے اظہار کے لئے اسم تفضیل استعمال ہوتا ہے: أَكْبَرُ (زیادہ بڑا) أَجْمَلُ (زیادہ خوبصورت) أَصْغَرُ (زیادہ چھوٹا) أَبْعَدُ (زیادہ دور) فی الحال اسکے بارے میں دو باتیں ذہن نشین کر لیجئے ١۔ اس پر تنوین نہیں آئے گی ٢۔ مذکورہ بالا صورت میں اس کا صیغہ نہیں بدلے گا۔ مبتدا مذکر ہو مؤنث ہو مفرد ہو تثنیہ یا جمع اسم تفضیل اسی حال پر رہے گا۔

اَلْمُثَنّٰى الْمَجْرُوْرُ

الأمثلة:

١ ۔ اَلْكُتُبُ لِلطَّالِبَيْنِ . (کتابیں دو طالب علموں کی ہیں)

٢ ۔ بَحَثْتُ عَنِ الطِّفْلَيْنِ. (میں نے دو بچوں کو ڈھونڈا)

٣ ۔ الأَوْلَادُ فِي الْغُرْفَتَيْنِ. (بچے دو کمروں میں ہیں)

٤ ۔ زَيْدٌ وَسَلِيْمٌ كَأَخَوَيْنِ. (زید اور سلیم دو بھائیوں کی طرح ہیں)

٥ ۔ الطِّفْلَانِ نَائِمَانِ عَلَى السَّرِيْرَيْنِ. (دو بچے دو پلنگوں پر سوئے ہیں)

٦ ۔ الرِّجَالُ مُسَافِرُوْنَ إِلَى الْقَرْيَتَيْنِ. (مرد دو گاؤں کی طرف سفر کر رہے ہیں)

شرح وتفصیل:

آپ نے دیکھا کہ حرف جر کے بعد آنے والا اسم مجرور ہوتا ہے، اسم مفرد میں جر کی علامت کسرہ ہوتی ہے جب کہ مثنی میں جر کی علامت یاء ہوتی ہے (اسکا الف یاء میں تبدیل ہو جاتا ہے)۔

"اَلْكُتُبُ لِلطَّالِبَيْنِ" میں طَالِبَيْنِ مجرور ہے کیونکہ اس سے پہلے حرف جر (لِ) آیا ہے۔ اسکے جر کی علامت مثنی ہونے کی وجہ سے "یاء" ہے۔ اسکے اعراب کو ہم مُثَنًّى مَجْرُوْرٌ بِالْيَاءِ سے تعبیر کریں گے۔

جَمْعُ الْمُذَكَّرِ السَّالِمُ وَعَلَامَةُ جَرِّهِ

الأمثلة:

١ ۔ السَّلَامُ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ. (رسولوں پر سلام ہو)

٢ ۔ ذَهَبْتُ إِلَى الْمُفْتِيْنَ. (میں مفتیوں کی طرف گیا)

٣ ۔ خَالِدٌ مِنَ الصَّالِحِيْنَ. (خالد نیک لوگوں میں سے ہے)

٤ ۔ اَلْبُيُوْتُ لِلْمُعَلِّمِيْنَ. (گھر استادوں کے ہیں)

٥ ۔ لَا خَيْرَ فِي الْمُبْتَدِعِيْنَ. (بدعت کرنے والوں میں کوئی خیر نہیں ہے)

٦ـ الطَّاعِمُوْنَ الشَّاكِرُوْنَ كَالصَّائِمِيْنَ الصَّابِرِيْنَ.
(کھا کر شکر کرنے والے صبر کرنے والے روزے داروں کی طرح ہیں)

شرح وتفصیل:

جمع مذکر سالم "یاء" سے مجرور ہوگا۔ خَالِدٌ مِنَ الصَّالِحِيْنَ میں الصَّالِحِيْنَ مجرور ہے کیونکہ اس سے پہلے حرف جر (مِنْ) آیا ہے۔ اسکے جر کی علامت "یـاء" ہے (اس یاء سے پہلے والے حرف پر ہمیشہ کسرہ ہوگی) اسکے اعراب کو جَمْعُ مُذَكَّرٍ سَالِمٌ مَجْرُورٌ بِالْيَاءِ سے تعبیر کریں گے۔

جَمْعُ الْمُؤَنَّثِ السَّالِمِ وَعَلَامَةُ جَرِّهِ

جمع مؤنث سالم اسم مفرد کی طرح کسرہ سے مجرور ہوگا:
١ ـ اَلْبَرَاقِعُ لِلْبَنَاتِ. (برقعے لڑکیوں کے ہیں)
٢ ـ عَائِشَةُ مِنَ الصَّالِحَاتِ. (عائشہ نیک عورتوں میں سے ہے)
٣ ـ سَأَلْتُ عَنِ الْمُعَلِّمَاتِ. (میں نے استانیوں کے بارے میں پوچھا)

شِبْهُ الْجُمْلَةِ

حرف جر اور اسکے بعد آنے والے مجرور اسم (جَارٌ وَ مَجْرُوْرٌ) کے مجموعے کو عربی قواعد میں شِبْهُ الْجُمْلَةِ کہا جاتا ہے۔ مبتدا کے بعد اگر اسم مفرد کے بجائے جار ومجرور یعنی شبـه الجملة آئے تو یہی مبتدا کی خبر کہلائے گا: الْكِتَابُ عَلَى الْمَكْتَبِ میں الكتاب مبتدا ہے جبکہ عَلَى الْمَكْتَبِ شبه الجملة اسکی خبر ہے۔

اکثر ایسا ہوتا ہے کہ شبه الجملة اپنے مبتدا سے پہلے آ جاتا ہے۔ ایسی صورت حال میں مبتدا عام طور پر نکرہ ہوتا ہے: فِي الفَصْلِ طَالِبٌ (فی الفصل: شبه الجملة خبر مقدم، طالب: مبتدا مؤخر) اس جملے میں فِي الْفَصْلِ شبه الجملة اپنے مبتدا سے پہلے واقع ہوا ہے، لہٰذا خبر مقدم کہلائے گا۔ اور مبتدا کیونکہ تاخیر سے واقع ہوا ہے لہٰذا مبتـدأ مؤخر کہلائے گا۔

الأمثلة:

لِزَيْدٍ أُخْتٌ. (زید کی ایک بہن ہے) فِي الْغُرْفَتَيْنِ ضُيُوْفٌ. (دو کمروں میں مہمان ہیں)

فِي الْمُؤْمِنِيْنَ خَيْرٌ. (مؤمنین میں بھلائی ہے) لِلْمُدِيْرَيْنِ سَيَّارَتَانِ. (دونوں مدیروں کی گاڑیاں ہیں)

قاعدہ ۸:

۱۔حروف جارہ اسماء پر داخل ہوتے ہیں اور انہیں مجرور کر دیتے ہیں۔

۲۔حرف جر اور اس کے بعد واقع ہونے والے مجرور اسم کے مجموعہ کو شبہ الحملة کہتے ہیں۔

۳۔شبہ الحملة خبر کے طور پر بھی واقع ہوتا ہے۔

۴۔شبہ الحملة جب خبر کے طور پر واقع ہوتا ہے تو مبتدا سے پہلے بھی آ سکتا ہے۔

إِعْرَابُ الاسْمِ الْمَمْنُوْعِ مِنَ الصَّرْفِ

الأمثلة:

۱۔ عَائِشَةُ أَكْبَرُ مِنْ فَاطِمَةَ. (عائشہ فاطمہ سے بڑی ہے)

۲۔ مَرَرْتُ بِصَحْرَاءَ. (میں ایک صحراء سے گزرا)

۳۔صَلَّيْتُ فِي مَسَاجِدَ. (میں نے کئی مسجدوں میں نماز پڑھی)

شرح وتفصیل:

عربی زبان میں بعض اسماء ایسے ہوتے ہیں جن پر تنوین نہیں آتی یہ أَسْمَاءٌ غَيْرُ مُنْصَرِفَةٍ یا أَسْمَاءٌ مَمْنُوْعَةٌ مِنَ الصَّرْفِ کہلاتے ہیں۔ ان اسماء کی ایک اور خصوصیت یہ ہے کہ یہ کسرہ کے بجائے فتحہ سے مجرور ہوتے ہیں [1]۔ غیر منصرف اسماء میں کچھ اعلام [2] عَائِشَةُ، فَاطِمَةُ، کچھ جموع مکسرہ مَسَاجِدُ، شَوَارِعُ اور وہ اسماء جن کے آخر میں الف التانیث الممدودة ہوتا ہے صَحْرَاءُ، حَمْرَاءُ، عَرْجَاءُ وغیرہ شامل ہیں [3]۔

(۱) یہ اس وقت جب کہ یہ اضافت اور لام تعریف کے بغیر ہوں تفصیل آئندہ ابواب میں آئے گی۔

(۲) تمام مؤنث اعلام غیر منصرف ہوتے ہیں۔

(۳) اس کتاب کے تیسرے جزء میں غیر منصرف اسماء پر ایک مستقل باب آئے گا۔ إن شاء الله تعالى

"جملہ ا" میں فَاطِمَةَ مجرور ہے اس لئے کہ اس سے پہلے حرف جر مِنْ آیا ہے۔ اس کے جر کی علامت کسرہ کے بجائے فتحہ ہے اسلئے کہ یہ غیر منصرف اسماء میں سے ہے۔ اسکے اعراب کو ہم یوں تعبیر کر سکتے ہیں مَجْرُوْرٌ بِـ"مِنْ" وَعَلَامَةُ جَرِّهِ الْفَتْحَةُ لِأَنَّهُ غَيْرُ مُنْصَرِفٍ۔ اسی طرح "جملہ ۲" میں مَسَاجِدَ اور "جملہ ۳" میں صَحْرَاءَ دونوں غیر منصرف ہونے کی وجہ سے کسرہ کے بجائے فتحہ سے مجرور ہیں۔

قاعدہ ۹:

اسم ممنوع من الصرف وہ اسم ہے جس پر تنوین نہیں آتی اور یہ کسرہ کے بجائے فتحہ سے مجرور ہوتے ہیں۔

التمرين ـ ١

خالی جگہوں کو مناسب حروف جارہ سے پر کیجئے:

١ ـ اَلْقَلَمُ ....الطَّالِبَةِ.
٢ ـ النُّقُوْدُ..........الْمِحْفَظَةِ.
٣ـ الأُمُّ ....الْمَطْبَخِ.
٤ ـ الثَّوْبُ ....الْحَرِيْرِ.
٥ـ ....الْمَسْجِدِ بَابٌ كَبِيْرٌ.
٦ ـ الطِّفْلَةُ ....زَهْرَةٍ.
٧ـ اَلْمَطَرُ نَازِلٌ ....السَّمَاءِ.
٨ـ ....الْجِبَالِ قُرًى صَغِيْرَةٌ.
٩ـ اَلْكُتُبُ ....الْمُطَالَعَةِ.
١٠ ـ ....الْمَدِيْنَةِ مَتْحَفٌ قَدِيْمٌ.
١١ ـ هَلِ الأَقْلَامُ..........الأُسْتَاذِ؟
١٢ ـ هَلِ الْمُدِيْرُ..........الْمَكْتَبِ.
١٣ـ اَلْمُسَافِرُ ذَاهِبٌ ....الْمَدِيْنَةِ.
١٤ ـ الطَّائِرَةُ أَسْرَعُ ....الْقِطَارِ.
١٥ ـ هُنَاكَ ازْدِحَامٌ..........الطَّرِيْقِ.
١٦ ـ اَلْحُجَّاجُ رَاجِعُوْنَ .... مَكَّةَ.
١٧ـ الأَطْفَالُ يَنْظُرُوْنَ .... الْمُبَارَاةِ.
١٨ ـ الطَّالِبُ نَاجِحٌ..........الامْتِحَانِ.
١٩ ـ إِسْلَامْ آبَادُ أَجْمَلُ.......... لَاهَوْرَ.
٢٠ ـ اَلْبِنْتُ جَالِسَةٌ.......... السَّجَّادَةِ.

التمرين ـ ٢

خالی جگہوں کو مجرور اسماء سے پر کیجیے اور ان پر مکمل اشکال لگائیے:

١ ـ الْمَلِكُ فِيْ............. ٢ ـ السَّيَّارَةُ لِـ .... ٣ ـ الثِّيَابُ فِيْ ....

٤ ـ الْبَيْتُ كَا .... ٥ ـ السُّؤَالُ عَنْ .... ٦ ـ الإطَارُ مِنْ.............

٧ ـ فِيْ .... نُقُوْدٌ. ٨ ـ الْقَمِيْصُ مِنْ .... ٩ ـ لِـ .... بَيْتٌ كَبِيْرٌ.

١٠ ـ الْمِسْطَرَةُ فِيْ............. ١١ ـ الأَطْبَاقُ عَلَى .... ١٢ ـ الْبَنَاتُ جَالِسَاتٌ فِي ....

١٣ ـ زَيْدٌ ذَاهِبٌ إلَى .... ١٤ ـ الصُّحُوْنُ عَلَى .... ١٥ ـ هَلِ الْخَضْرَاوَاتُ فِيْ.............

١٦ ـ الْبَدَوِيُّ مُسَافِرٌ إلَى............. ١٧ ـ الْحَارِسُ قَائِمٌ عَلَى .... ١٨ ـ الصَّحَابِيُّ مُبَشَّرٌ[1] بِـ ....

١٩ ـ الأَطْفَالُ لَاعِبُوْنَ فِي .... ٢٠ ـ الْقِطَارُ كَا ....[2] فِي السُّرْعَةِ.

التمرين ـ ٣

سرخ مجرور اسماء کو مثنی میں تبدیل کیجیے (مثنی کے اعراب کو ملحوظ رکھتے ہوئے):

١ ـ فِي الْغُرْفَةِ ضُيُوْفٌ. ٢ ـ الْبُيُوْتُ فِيْ شَارِعٍ. ٣ ـ لِلأُسْتَاذِ سَيَّارَةٌ.

٤ ـ أَفِي الدُّرْجِ شَيْءٌ؟ ٥ ـ هَلْ لِلْمُعَلِّمَةِ أَوْلَادٌ؟ ٦ ـ فِي الْفَصْلِ طُلَّابٌ.

٧ ـ لِلْمَسْجِدِ أَبْوَابٌ كَثِيْرَةٌ. ٨ ـ عَلَى الْمَكْتَبِ كُتُبٌ. ٩ ـ الأُسْتَاذُ غَاضِبٌ عَلَى التِّلْمِيْذِ.

١٠ ـ النِّسَاءُ مِنْ قَرْيَةٍ بَعِيْدَةٍ. ١١ ـ الرُّؤَسَاءُ مُسَافِرُوْنَ بِطَائِرَةٍ. ١٢ ـ أَغَسَلْتَ الْيَدَيْنِ إلَى الْمِرْفَقِ؟

١٣ ـ الأَطْفَالُ ذَاهِبُونَ إلَى الْمَلْعَبِ. ١٤ ـ الرِّجَالُ مُسَافِرُوْنَ إلَى الْقَرْيَةِ.

(١) بشارت دیا گیا ہے۔ (٢) الصَّارُوْخ: راکٹ

التمرين۔٤

مندرجہ ذیل سرخ مفرد مجرور اسماء کو جمع مذکر سالم میں تبدیل کیجئے: (جمع مذکر سالم کے اعراب کو ملحوظ رکھتے ہوئے)

١۔ سَلَّمْتُ عَلَى الْمُعَلِّمِ. ٢۔ الْكُتُبُ لِلْمُدَرِّسِ. ٣۔ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِ.

٤۔ الأُسْتَاذُ غَاضِبٌ عَلَى الْمُشَاغِبِ. ٥۔ الْعَالِمُ أَفْضَلُ مِنَ الْجَاهِلِ.

التمرين۔٥

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے اور ان جملوں پر مکمل اشکال لگایئے:

١۔ کتابیں طلبہ کیلئے ہیں۔ ٢۔ کیا گاؤں پہاڑ پر ہے؟ ٣۔ کرسی لکڑی کی ہے۔

٤۔ کیا شیلف پر کچھ ہے؟ ٥۔ کیا یہ قلم خدیجہ کا ہے؟ ٦۔ چائے پیالی میں ہے۔

٧۔ زید کے دو دوست ہیں۔ ٨۔ زبان تلوار کی مانند ہے۔ ٩۔ زید سعاد سے لمبا ہے۔

١٠۔ گھر انجینئروں کے ہیں۔ ١١۔ کیا کمرے میں کوئی ہے؟ ١٢۔ گھڑیاں شیلف پر ہیں۔

١٣۔ سمندر پر دو کشتیاں ہیں۔ ١٤۔ کپڑے صندوق میں ہیں۔ ١٥۔ کھانا مسکینوں کیلئے ہے۔

١٦۔ بدّو ایک صحراء میں ہیں۔ ١٧۔ خالد سلیم سے چھوٹا ہے۔ ١٨۔ پناہ گزین خیموں میں ہیں۔

١٩۔ آسمان میں ستارے ہیں۔ ٢٠۔ باغ میں ایک درخت ہے۔ ٢١۔ کیا دو دکانیں درزیوں کی ہیں؟

٢٢۔ بازار میں دو دکانیں ہیں۔ ٢٣۔ مؤمنوں کیلئے درجات ہیں۔ ٢٤۔ ہاتھی اونٹ سے زیادہ بڑا ہے۔

٢٥۔ کیا فرج میں سبزیاں ہیں؟ ٢٦۔ دونوں بازاروں میں بھیڑ ہے۔ ٢٧۔ فاطمہ عائشہ کے پاس جا رہی ہے۔

٢٨۔ اوزار بڑھئیوں کے ہیں۔ ٢٩۔ درزن درزی سے زیادہ ماہر ہے۔ ٣٠۔ دو فقیر عورتیں کھڑی ہوئی ہیں دروازے پر۔

٣١۔ دو بھائیوں کی ایک بہن ہے۔ ٣٢۔ دونوں حاجی لوٹ رہے ہیں مکہ سے۔ ٣٣۔ کیا نانبائی رنگریزوں سے زیادہ غریب ہیں؟

٣٤۔ طالبہ مدیرہ کی طرف جا رہی ہے۔ ٣٥۔ لڑکیاں کلاس روم میں بیٹھی ہوئی ہیں۔ ٣٦۔ زید اور سلیم جڑواں بھائیوں کی مانند ہیں۔

٣٧۔ دونوں ڈاکٹروں کا ایک کلینک ہے۔ ٣٨۔ مسجد مدرسہ سے زیادہ خوبصورت ہے۔ ٣٩۔ دونوں خادمائیں باورچی خانہ میں ہیں۔

التمرين - ٦

مندرجہ ذیل اسماء کو جملوں میں اسطرح استعمال کیجئے کہ یہ حروف جارہ سے مجرور ہوں:

نموذج: الفَصْلُ: فِي الفَصْلِ طُلَّابٌ.

١ـ السُّرُرُ	٢ـ الْبِرْكَةُ	٣ـ فَاطِمَةُ	٤ـ عُلَبٌ	٥ـ النِّسَاءُ
٦ـ الْبَيْتَانِ	٧ـ الْفَتَاةُ	٨ـ السَّلَّتَانِ	٩ـ دَكَاكِيْنُ	١٠ـ كُرَّاسَةٌ
١١ـ الأُخْتَانِ	١٢ـ الشَّجَرَتَانِ	١٣ـ الْمُؤْمِنُوْنَ	١٤ـ كَافِرُوْنَ	١٥ـ مَكَاتِبُ
١٦ـ الدُّوْلَابُ	١٧ـ الشَّارِعَانِ	١٨ـ الْمُصَنِّفُوْنَ	١٩ـ الطَّاوِلَتَانِ	٢٠ـ الطَّالِبَاتُ

تمرين فى الإعراب ـ ٧

مندرجہ ذیل جملوں میں سرخ کلمات کے اعراب بیان کیجئے:

١ـ لِلنَّاجِحِيْنَ جَوَائِزُ. ٢ـ الْكُتُبُ عَلَى الرَّفَّيْنِ. ٣ـ الْحَاجُّ رَاجِعٌ مِنْ مَكَّةَ.

التمرين ـ ٨

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں حروف جارہ سے مجرور اسماء کی تعیین کیجئے:

١ـ يَسْأَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ. ٢ـ فِيْ قُلُوبِهِمْ مَّرَضٌ. ٣ـ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

٤ـ لِلْكَافِرِيْنَ عَذَابٌ أَلِيْمٌ. ٥ـ أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ. ٦ـ بِالْحَقِّ أَنْزَلْنَاهُ.

٧ـ خَتَمَ اللّٰهُ عَلَى قُلُوْبِهِمْ. ٨ـ إِنَّنِي مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ. ٩ـ إِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ.

١٠ـ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ. ١١ـ خَلَقَ الإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ. ١٢ـ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً.

١٣ـ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ. ١٤ـ ثُمَّ أَتِمُّوْا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ. ١٥ـ وَمَا بِكُمْ مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ.

١٦ـ أَخْرَجَ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقاً لَّكُمْ. ١٧ـ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ. ١٨ـ وَلَهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ.

١٩ـ وَلَكُمْ فِيْهَا مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ إِلَى حِيْنٍ. ٢٠ـ مَثَلُ نُوْرِهِ كَمِشْكَاةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ الْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ.

نئے الفاظ

عربي	اردو	عربي	اردو
ازْدِحَامٌ	بھیڑ	بِرْكَةٌ ج: بِرَكٌ	تالاب
بَدَوِيٌّ ج: بَدْوٌ	دیہاتی	جَائِزَةٌ ج: جَوَائِزُ	انعام
جَبَلٌ ج: جِبَالٌ	پہاڑ	حَرِيْرٌ	ریشم
خَضْرَاوَاتٌ	سبزیاں	دُرْجٌ ج: أَدْرَاجٌ	بھید، راز
رَئِيْسٌ ج: رُؤَسَاءُ	سردار	سُرْعَةٌ	تیزی
سُوْرٌ	باڑ	صَارُوْخٌ	راکٹ
طَائِرَةٌ ج س	ہوائی جہاز	طَبَقٌ ج: أَطْبَاقٌ	تھال، پلیٹ
غَاضِبٌ ج س	غصہ کرنے والا	فَصْلٌ ج: فُصُوْلٌ	درسگاہ
قِطَارٌ ج: قِطَارَاتٌ	ریل گاڑی	لَاعِبٌ	کھیلنے والا
مِحْفَظَةٌ ج س	بٹوا	مَدِيْنَةٌ ج: مُدُنٌ	شہر
مَطَرٌ ج: أَمْطَارٌ	بارش	مَلْعَبٌ ج: مَلَاعِبُ	کھیل کا میدان
مُبَارَاةٌ	مقابلہ	مُشَاغِبٌ ج س	ہنگامہ آرائی کرنے والا
نِسَاءٌ	عورتیں	نَازِلٌ (مِنْ)	اترنے والا
نَاظِرٌ	دیکھنے والا	هُنَاكَ (ظرف مكان)	وہاں
أَجْمَلُ	زیادہ خوبصورت	أَسْرَعُ	زیادہ تیز
إِطَارٌ	فریم		

اردو	عربي	اردو	عربي
اونٹ	إبِلٌ، جَمَلٌ ج: جِمَالٌ	پناه گزین	لَاجِئٌ ج س
تلوار	سَيْفٌ ج: سُيُوْفٌ	زبان	لِسَانٌ ج: أَلْسِنَةٌ
ستاره	نَجْمٌ ج: نُجُوْمٌ، كَوْكَبٌ ج: كَوَاكِبُ	سمندر	بَحْرٌ ج: أَبْحَارٌ، بُحُوْرٌ
کشتی	سَفِيْنَةٌ ج: سُفُنٌ	کلینک	عِيَادَةٌ ج: عِيَادَاتٌ
کوئی	أَحَدٌ	لکڑی	خَشَبٌ
مسکین	مِسْكِيْنٌ ج: مَسَاكِيْنُ	ہاتھی	فِيْلٌ

الألوان (على وزن أفعل)

مذكر			مؤنث		
مفرد	مثنى	جمع	مفرد	مثنى	جمع
أسود	الأسودانِ	سُوْدٌ	سَوْدَاءُ	سَوْدَاوَانِ	سَوْدَاوَاتٌ
أحمر	أحمرانِ	حُمْرٌ	حمراء	حَمْرَاوَانِ	حَمْرَاوَاتٌ
أبيض	أبيضانِ	بِيْضٌ	بيضاء	بَيْضَاوَانِ	بَيْضَاوَاتٌ
أخضر	أخضرانِ	خُضْرٌ	خضراء	خَضْرَاوانِ	خَضْرَاوَاتٌ
أزرق	أزرقانِ	زُرْقٌ	زَرْقاء	زَرْقَاوَانِ	زَرْقَاوَاتٌ
اصفر	أَصْفَرَانِ	صُفْرٌ	صفراء	صَفْرَاوانِ	صَفْرَاوَاتٌ
اسمر	أسمرانِ	سُمْرٌ	سَمْرَاءُ	سَمْرَاوانِ	سَمْرَاواتٌ

الدرس الثامن

أَسْمَاءُ الإِشَارَةِ

أَسْمَاءُ الإِشَارَةِ لِلْقَرِيْبِ

الأمثلة:

(الف)	(ب)
١۔ هٰذَا تِلْمِيْذٌ. (یہ ایک شاگرد ہے)	هٰذِهِ تِلْمِيْذَةٌ. (یہ ایک (مؤنث) شاگرد ہے)
٢۔ هٰذَانِ تِلْمِيْذَانِ. (یہ دو شاگرد ہیں)	هَاتَانِ تِلْمِيْذَتَانِ. (یہ دو (مؤنث) شاگرد ہیں)
٣۔ هٰؤُلَاءِ تَلَامِذَةٌ. (یہ شاگرد ہیں)	هٰؤُلَاءِ تِلْمِيْذَاتٌ. (یہ (مؤنث) شاگرد ہیں)

٤۔ هٰذِهِ أَشْجَارٌ. (یہ درخت ہیں)

٥۔ هٰذِهِ أَقْلَامٌ. (یہ قلم ہیں)

شرح وتفصیل:

اسم اشارہ معرفہ کی ایک قسم ہے۔ مذکورہ بالا مثالیں ایسے اسماء اشارہ پر مشتمل ہیں جو قریب کی چیزوں کی طرف اشارہ کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں، مفرد مذکر کے لئے هٰذَا، مثنی مذکر کے لئے هٰذَانِ، مفرد مؤنث کے لئے هٰذِهِ، مثنی مؤنث کے لئے هَاتَانِ، اور جمع (مذکر ومؤنث) کے لئے هٰؤُلَاءِ استعمال ہوتا ہے۔

غیر عاقل اشیاء (مذکر ومؤنث) کی جمع قواعد کی رو سے مفرد مؤنث سمجھی جاتی ہے، لہذا اس کے لئے مفرد مؤنث کا اشارہ هٰذِهِ استعمال ہوتا ہے، جملہ ۴ اور ۵ ملاحظہ ہو، جس چیز یا شخص وغیرہ کی طرف اشارہ کیا جائے اسے مُشَارٌ إِلَيْهِ کہا جاتا ہے۔

أَسْمَاءُ الإِشَارَةِ لِلْبَعِيْدِ

الأمثلة:

(الف)	(ب)
١ ـ ذٰلِكَ رَجُلٌ. (وہ ایک مرد ہے)	تِلْكَ امْرَأَةٌ. (وہ ایک عورت ہے)
٢ ـ ذَانِكَ رَجُلاَنِ. (وہ دو مرد ہیں)	تَانِكَ امْرَأَتَانِ. (وہ دو عورتیں ہیں)
٣ ـ أُوْلٰئِكَ رِجَالٌ. (وہ مرد ہیں)	أُوْلٰئِكَ نِسَاءٌ. (وہ عورتیں ہیں)

٤ ـ تِلْكَ بُيُوْتٌ. (وہ گھر ہیں)

٥ ـ تِلْكَ حَدَائِقُ. (وہ باغات ہیں)

شرح وتفصیل:

مذکورہ بالا مثالیں ایسے اسماء اشارہ پر مشتمل ہیں جو دور کی چیزوں کی طرف اشارہ کرنے کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔ مفرد مذکر کیلئے ذٰلِكَ، مثنی مذکر کے لئے ذَانِكَ، مفرد مؤنث کیلئے تِلْكَ، مثنی مؤنث کیلئے تَانِكَ، جمع (مذکر ومؤنث) کیلئے أُولٰئِكَ استعمال ہوتا ہے۔ غیر عاقل اشیاء کی جمع کیلئے مفرد مؤنث کا اشارہ تِلْكَ استعمال ہوتا ہے جملہ ۴ اور ۵ ملاحظہ ہو۔

اَلْمُرَكَّبُ الإِشَارِيُّ:

هٰذَا تِلْمِيْذٌ (یہ شاگرد ہے) جملہ تامہ ہے[1] جسے سنتے ہی مکمل مفہوم ذہن میں آ جاتا ہے۔ اگر اسم اشارہ کے ساتھ مُعَرَّفْ بِاللاَّم اسم ہو تو اسم اشارہ اور مشار الیہ کے اس مجموعے کو مُرَكَّبٌ إِشَارِيٌّ کہا جائے گا۔

"هٰذَا التِّلْمِيْذُ" (یہ شاگرد) جملہ تامہ نہیں ہے، بلکہ مرکب ناقص ہے، اسے مکمل کرنے کیلئے خبر کا لانا ضروری ہے۔ مثلاً: هٰذَا التِّلْمِيْذُ ذَكِيٌّ (یہ شاگرد ذہین ہے)[2]۔

(١) هٰذَا: مبتدا، تِلْمِيْذٌ: اسکی خبر ہے۔

(٢) کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ اسم اشارہ مبتدا واقع ہوتا ہے اور اسکی خبر معرّف باللّام ہوتی ہے: ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ، ایسی صورت میں عام طور پر اسم اشارہ اور اس کی خبر کے درمیان ایک ضمیر بڑھا دیتے ہیں جو صیغے میں اسم اشارہ کے مطابق ہوتی ہے اسے ضمیر فصل کہا جاتا ہے ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ۔

قاعدہ ۱۰:

۱۔ هٰذَا، هٰذِهٖ، هٰذَانِ، هَاتَانِ، هٰؤُلَاءِ قریب کی چیزوں کی طرف اشارہ کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

۲۔ ذٰلِكَ، تِلْكَ، ذَانِكَ، تَانِكَ، أُولٰئِكَ دور کی چیزوں کی طرف اشارہ کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

۳۔ اگر اسم اشارہ کے ساتھ معرف باللام اسم ہو تو اسم اشارہ اور مشار الیہ کے مجموعے کو مرکب اشاري کہتے ہیں۔

اسْمَاءُ الإِشَارَةِ بَيْنَ الإِعْرَابِ وَالْبِنَاءِ

الأمثلة:

مرفوع	منصوب	مجرور
١ ـ هٰذَا الكتابُ.	٢ ـ قَرَأْتُ هٰذَا الكتابَ.	٣ ـ بَحَثْتُ عن هٰذَا الكتابِ.
٤ ـ هٰذَانِ الكتابانِ.	٥ ـ قَرَأْتُ هٰذَيْنِ الكتابَيْنِ.	٦ ـ بَحَثْتُ عن هٰذَيْنِ الكتابَين.

شرح وتفصیل:

جملہ ۱ میں اسم اشارہ هٰـذَا مبتدا واقع ہوا ہے، اسے قاعدے کے اعتبار سے مرفوع ہونا چاہئے لیکن رفع کی کوئی علامت اس پر ظاہر نہیں ہے۔

جملہ ۲ میں هٰـذَا فعل کا مفعول بن کر آیا ہے جو منصوب ہوا کرتا ہے، لیکن اس پر کوئی ایسی علامت نہیں جو نصب پر دلالت کرے۔

جملہ ۳ میں هٰـذَا حرف جر کے بعد آیا ہے لیکن جر کی علامت سے خالی ہے۔ تینوں جملوں میں اسم اشارہ کی اعرابی حالت ایک سی رہی ہے یعنی اس کے آخری حرف کی حرکت نہیں بدلی۔ ایسے اسماء جو مختلف اعرابی حالتوں میں اپنی شکل نہیں بدلتے مَبْنِيّ کہلاتے ہیں۔

مندرجہ بالا مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ اسم اشارہ کے ساتھ اگر معرف باللام اسم ہو تو اس پر اسم

اشارہ کے اعراب ظاہر ہو جاتے ہیں، هٰذَا الْكِتَابُ مُفِيْدٌ میں هٰذَا مبتدا ہے، مبنی ہونے کے سبب اس کی شکل نہیں بدلی لیکن رفع کی حالت الْكِتَابُ پر ظاہر ہوگئی "جملہ نمبر۲،۳" کو بھی اسی پر قیاس کیجئے [1]۔

هٰذَانِ ، هَـاتَـانِ کے علاوہ تمام اسماء اشارہ مبنی ہوتے ہیں ان کے اعراب مثنی کی طرح ہوتے ہیں، یعنی الف سے مرفوع ہوتے ہیں اور یاء سے منصوب اور مجرور ہوتے ہیں جیسا کہ "جملہ۴، ۵، ۶" سے ظاہر ہے۔ اسم اشارہ کے بعد آنے والا معرف باللام اسم اس کے اعراب کا تابع ہوتا ہے۔

قاعدہ ۱۱:

۱۔ ایسے اسماء جو مختلف اعرابی حالتوں میں اپنی شکل نہیں بدلتے مبـنـي کہلاتے ہیں، اور جو مختلف اعرابی حالتوں میں اپنی شکل بدلتے رہتے ہیں معرب کہلاتے ہیں۔

۲۔ هٰذَانِ اور هَاتَانِ کے علاوہ تمام اسماء اشارہ مبنی ہوتے ہیں۔

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل اسماء سے پہلے مناسب أسماء الإشارة للقريب لگائیے:

١- ....زَيْدٌ	٢- .... أُمٌّ	٣- ....رِجَالٌ	٤- ....أُمَّانِ
٥- ....مَاءٌ	٦- ....شَايٌ	٧- .... أَرْضٌ	٨- ....حَافِلَةٌ
٩- .... كَأْسٌ	١٠- ....سُرُرٌ	١١- ....زَمِيْلَةٌ	١٢- ....فِرَاشٌ
١٣- .... كِتَابٌ	١٤- ....نِسَاءٌ	١٥- .... كُرَتَانِ	١٦- ....أَقْلَامٌ
١٧- ....سَتَائِرُ	١٨- ....غُرَفٌ	١٩- ....وِسَادَةٌ	٢٠- ....عُقَلَاءُ
٢١- ....شُبَّاكٌ	٢٢- .... فَاطِمَةُ	٢٣- ....مِسْطَرَةٌ	٢٤- ....مَنَارَتَانِ
٢٥- ....غَابَتَانِ	٢٦- ....مَرَاوِحُ	٢٧- ....بَقَرَتَانِ	٢٨- ....مُسْلِمَانِ
٢٩- ....أُمَّهَاتٌ	٣٠- ....مُؤَذِّنٌ	٣١- ....عَالِمُوْنَ	٣٢- .... كَسْلَانٌ
٣٣- ....مَلِكَانِ	٣٤- ....غُصْنَانِ	٣٥- ....سَارِقُوْنَ	٣٦- ....تَاجِرُوْنَ

(۱) هٰذَا الْكِتَابُ میں "الْكِتَابُ" "هٰذَا" کی صفت کہلائے گا۔

٣٧- .... مُعَلِّمَانِ ٣٨- ....شَمْسَانِ ٣٩- ....حَارِسُوْنَ ٤٠- ....جَاهِلُوْنَ

٤١- ....تِلْمِيْذَاتٌ ٤٢- ....زُجَاجَاتٌ ٤٣- .... تُفَّاحَاتٌ ٤٤- ....عُصْفُوْرَانِ

٤٥- ....عَاقِلَاتٌ ٤٦- ....مُجْتَهِدُوْنَ ٤٧- ....مُعَلِّمَتَانِ ٤٨- ....مُتَصَدِّقَاتٌ

٤٩- ....نَاجِحُوْنَ ٥٠- ....صَادِقَاتٌ

التمرين ـ ٢

خالی جگہیں مناسب اسماء سے پر کیجئے:

١ ـ هٰذَا______ ٢ ـ تِلْكَ______ ٣ ـ ذَانِكَ______ ٤ ـ هٰذِهِ______

٥ ـ ذٰلِكَ______ ٦ ـ أُولٰئِكَ______ ٧ ـ تَانِكَ______ ٨ ـ هٰؤُلَاءِ______

٩ ـ هَاتَانِ______ ١٠ ـ هَاتَانِ______

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو قوس میں دیئے ہوئے اسماء کے مناسب صیغوں سے پر کیجئے:

نموذج: هٰذَانِ طَالِبَانِ (طَالِبٌ).

١ ـ هٰذَا____(حَقٌّ) ٢ ـ ذٰلِكَ_____(نُوْرٌ) ٣ ـ تِلْكَ_____(قَلَمٌ)

٤ ـ هَاتَانِ____(اِبْنَةٌ) ٥ ـ هٰذِهِ____(كِتَابٌ) ٦ ـ هٰذِهِ_____(جِدَارٌ)

٧ ـ هَاتَانِ_____(بِنْتٌ) ٨ ـ هٰذَانِ____(خَادِمٌ) ٩ ـ هٰذِهِ____(كُرَّاسَةٌ)

١٠ ـ هَاتَانِ______(فَتَاةٌ) ١١ ـ تِلْكَ____(شَارِعٌ) ١٢ ـ ذَانِكَ ____(بُرْهَانٌ)

١٣ ـ أُولٰئِكَ____(عَاقِلٌ) ١٤ ـ هٰؤُلَاءِ _____(اِمْرَأَةٌ) ١٥ ـ أُولٰئِكَ_____(رَجُلٌ)

١٦ ـ تَانِكَ ___(مِسْطَرَةٌ) ١٧ ـ أُولٰئِكَ_____(طَالِبَةٌ) ١٨ ـ هٰذَانِ______(كِتَابٌ)

١٩ ـ هَاتَانِ______(تِلْمِيْذٌ) ٢٠ ـ هٰؤُلَاءِ_____(مُسْلِمٌ)

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل جملوں میں اسم اشارہ کو پہلے مثنی اور پھر جمع بنا کر لازمی تبدیلیاں کیجئے:

نموذج: هٰذَا تَاجِرٌ أَمِيْنٌ. هٰذَانِ تَاجِرَانِ أَمِيْنَانِ. هٰؤُلَاءِ تُجَّارٌ أُمَنَاءُ.

١ ـ هٰذَا الْقَلَمُ ثَمِيْنٌ. ٢ ـ هٰذَا الْعَامِلُ فَقِيْرٌ. ٣ ـ تِلْكَ الطَّالِبَةُ ذَكِيَّةٌ.

٤ ـ هٰذِهِ الْغَابَةُ جَمِيْلَةٌ. ٥ ـ هٰذَا الرَّجُلُ صَادِقٌ. ٦ ـ هٰذِهِ الْمَرْأَةُ صَالِحَةٌ.

٧ ـ هٰذِهِ الْغُرْفَةُ وَاسِعَةٌ. ٨ ـ هٰذِهِ السِّكِّيْنُ حَادَّةٌ. ٩ ـ ذٰلِكَ الطَّبِيْبُ حَاذِقٌ.

التمرين ـ ٥

خالی جگہوں کو مناسب اخبار سے پر کیجئے:

١ ـ هٰذِهِ الْفَتَاةُ ------ ٢ ـ تِلْكَ الْغُرَفُ ------ ٣ ـ تِلْكَ الْقُرٰى ------

٤ ـ تِلْكَ الْجِبَالُ ------ ٥ ـ هٰؤُلَاءِ النِّسَاءُ ------ ٦ ـ هٰذِهِ الْمَجَلَّةُ ------

٧ ـ تِلْكَ الْجَرَائِدُ ------ ٨ ـ أُولٰئِكَ الأَوْلَادُ ------ ٩ ـ ذَانِكَ الطَّالِبَانِ ------

١٠ ـ هٰذَا الطَّالِبُ ------ ١١ ـ أُولٰئِكَ الْفَتَيَاتُ ------ ١٢ ـ هٰذَانِ الْوَلَدَانِ ------

١٣ ـ هٰذَا السَّاحِرَانِ ------ ١٤ ـ هَاتَانِ الْقِصَّتَانِ ------ ١٥ ـ هٰذِهِ الْحَقَائِبُ ------

١٦ ـ هٰؤُلَاءِ اللَّاجِئُوْنَ ------ ١٧ ـ هَاتَانِ النَّافِذَتَانِ ------ ١٨ ـ هٰؤُلَاءِ الشُّعَرَاءُ ------

١٩ ـ هَاتَانِ التِّلْمِيْذَتَانِ ------ ٢٠ ـ أُولٰئِكَ الضُّيُوْفُ ------

التمرين ـ ٦

مندرجہ ذیل جملوں اور مرکبات ناقصہ کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

نموذج: یہ کتاب ہے۔ هٰذَا كِتَابٌ. یہ کتاب۔ هٰذَا الْكِتَابُ. یہ کتاب مفید ہے۔ هٰذَا الْكِتَابُ مُفِيْدٌ.

۱۔ یہ تولیہ۔ ۲۔ یہ تولیہ ہے۔ ۳۔ یہ تولیہ خشک ہے۔

۴۔ وہ بچے۔ ۵۔ وہ بچے ہیں۔ ۶۔ وہ بچے جاگے ہوئے ہیں۔

۷۔ یہ پنکھا۔ ۸۔ یہ پنکھا ہے۔ ۹۔ یہ پنکھا تیز ہے۔

۱۰۔ وہ کمرے۔ ۱۱۔ وہ کمرے ہیں۔ ۱۲۔ وہ کمرے کھلے ہیں۔

۱۳۔ یہ رومال۔ ۱۴۔ یہ رومال ہے۔ ۱۵۔ یہ رومال صاف ہے۔

۱۶۔ یہ کپڑے۔ ۱۷۔ یہ کپڑے ہیں۔ ۱۸۔ یہ کپڑے گیلے ہیں۔

۱۹۔ یہ کرسیاں۔ ۲۰۔ یہ کرسیاں ہیں۔ ۲۱۔ یہ کرسیاں آرام دہ ہیں۔

۲۲۔ یہ کھڑکیاں۔ ۲۳۔ یہ کھڑکیاں ہیں۔ ۲۴۔ یہ کھڑکیاں بند ہیں۔

۲۵۔ یہ دو گھوڑے۔ ۲۶۔ یہ دو گھوڑے ہیں۔ ۲۷۔ یہ دونوں گھوڑے تیز ہیں۔

۲۸۔ کیا یہ طالبہ نئی ہے؟ ۲۹۔ کیا یہ دوکان کھلی ہوئی ہے؟ ۳۰۔ کیا وہ مرد بیوقوف ہیں؟

۳۱۔ یہ چھت اونچی ہے۔ ۳۲۔ یہ دو گھر خوبصورت ہیں۔ ۳۳۔ کیا یہ عورت امانتدار ہے؟

۳۴۔ کیا یہ کھانا ٹھنڈا ہے؟ ۳۵۔ یہ دونوں قالین لال ہیں۔ ۳۶۔ کیا وہ سب استاد مصری ہیں؟

۳۷۔ کیا یہ ٹوکری صاف ہے؟ ۳۸۔ کیا یہ درخت پھل دار ہیں؟ ۳۹۔ کیا یہ دونوں طالبات محنتی ہیں؟

۴۰۔ وہ سب مسافر تھکے ہوئے ہیں۔ ۴۱۔ بچے ان دونوں کمروں میں ہیں۔ ۴۲۔ کیا وہ سب استانیاں عراقی ہیں؟

۴۳۔ یہ استانیاں ہیں اور وہ اساتذہ ہیں۔ ۴۴۔ یہ دونوں انعام ان دونوں طالبعلموں کے ہیں۔

۴۵۔ میں ان مفتیوں کی طرف جا رہا ہوں۔ ۴۶۔ یہ دونوں مرد جھوٹے ہیں اور وہ سب مرد سچے ہیں۔

۴۷۔ پھل (جمع) ان دونوں ٹوکریوں میں ہیں اور سبزیاں اس ٹوکری میں ہیں۔

التمرين ـ ۷

مندرجہ ذیل آیات میں اسماء اشارہ کی تعیین کیجئے اور ان کا صیغہ بتایئے:

١ ـ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْ. ٢ ـ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ. ٣ ـ تِلْكَ آيَاتُ اللّٰهِ.

٤ ـ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ. ٥ ـ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ. ٦ ـ أُولٰئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ.

٧۔ قَالَ يَقَوْمِ هٰؤُلَاءِ بَنَاتِي. ٨۔ إِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ. ٩۔ ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَارَيْبَ فِيْهِ.

١٠۔ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ. ١١۔ ذَانِكَ بُرْهَانَانِ مِنْ رَّبِّكَ. ١٢۔ قَالُوْا إِنْ هٰذَانِ لَسَاحِرَانِ.

١٣۔ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ. ١٤۔ إِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الأُوْلٰى. ١٥۔ وَيٰقَوْمِ هٰذِهِ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ آيَةً.

١٦۔ إِنَّ هٰذِهِ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَّاحِدَةً. ١٧۔ أُولٰئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ. ١٨۔ هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ.

١٩۔ هٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ. ٢٠۔ وَالسَّابِقُوْنَ السَّابِقُوْنَ أُولٰئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ.

٢١۔ قَالَ إِنِّي أُرِيْدُ أَنْ أُنْكِحَكَ إِحْدَى ابْنَتَيَّ هَاتَيْنِ.

نئے الفاظ

عربي	اردو	عربي	اردو
جَرِيْدَةٌ ج: جَرَائِدُ	اخبار	حَاذِقٌ ج: حُذَّاقٌ	ماہر
سَاحِرٌ ج س	جادوگر	شَايٌ	چائے
عُصْفُوْرٌ ج: عَصَافِيْرُ	چڑیا	غَابَةٌ ج: غَابَاتٌ	جنگل
غُصْنٌ ج: أَغْصَانٌ	ٹہنی	فِرَاشٌ ج: فُرُشٌ	بستر
كُرَةٌ ج: كُرَاتٌ	گیند	مَجَلَّةٌ ج س	رسالہ
مُؤَذِّنٌ ج، س	اذان دینے والا	نَافِذَةٌ	کھڑکی
وِسَادَةٌ ج: وَسَائِدُ	تکیہ		

اردو	عربي	اردو	عربي
تولیہ	مِنْشَفَةٌ ج: مَنَاشِفُ	ٹھنڈا	بَارِدٌ
خشک	جَافٌّ	گھوڑا	فَرَسٌ ج: أَفْرَاسٌ
گیلا	مُبَلَّلٌ، مُبْتَلٌّ	مفتی	مُفْتٍ (الْمُفْتِيْ) ج س

الدرس التاسع

الضَّمَائِرُ الْمَرْفُوْعَةُ الْمُنْفَصِلَةُ [1]

الأمثلة:

(ألف)

ضَمَائِرُ الْغَيْبَةِ

١ـ زَيْدٌ وَلَدٌ طَيِّبٌ. هُوَ طَالِبٌ فِيْ مَدْرَسَةٍ دِيْنِيَّةٍ.

٢ـ عَائِشَةُ فَتَاةٌ صَالِحَةٌ. هِيَ طَالِبَةٌ فِيْ مَدْرَسَةٍ دِيْنِيَّةٍ.

٣ـ زَيْدٌ وَسَلِيْمٌ صَدِيْقَانِ. هُمَا مُدَرِّسَانِ فِي الْجَامِعَةِ الإِسْلَامِيَّةِ.

٤ـ عَائِشَةُ وَزَيْنَبُ أُخْتَانِ. هُمَا فَتَاتَانِ مُتَدَيِّنَتَانِ.

٥ـ هٰؤُلَاءِ عُلَمَاءُ. هُمْ عَامِلُوْنَ بِعِلْمِهِمْ.

٦ـ هٰؤُلَاءِ طَالِبَاتٌ فِيْ مَدْرَسَةٍ دِيْنِيَّةٍ. هُنَّ صَالِحَاتٌ.

(ب)

ضَمَائِرُ الْخِطَابِ

١ـ هَلْ أَنْتَ مُجْتَهِدٌ يَازَيْدُ؟

٢ـ هَلْ أَنْتِ مُجْتَهِدَةٌ يَا عَائِشَةُ؟

٣ـ يَا زَيْدُ وَسَلِيْمُ أَأَنْتُمَا أَخَوَانِ؟

٤ـ يَا عَائِشَةُ وَزَيْنَبُ أَأَنْتُمَا أُخْتَانِ؟

٥ـ يَا رِجَالُ أَأَنْتُمْ مُسْلِمُوْنَ؟

٦ـ يَانِسَاءُ أَأَنْتُنَّ شَاكِرَاتٌ؟

---

(١) ضمیر بھی معرفہ کی اقسام میں سے ہے۔

(ج)

ضَمَائِرُ الْمُتَكَلِّمِ

١ ـ أَنَا مُعَلِّمٌ. ٢ ـ أَنَا مُعَلِّمَةٌ.

٣ ـ نَحْنُ مُعَلِّمَانِ. ٤ ـ نَحْنُ مُعَلِّمَتَانِ.

٥ ـ نَحْنُ مُعَلِّمُوْنَ. ٦ ـ نَحْنُ مُعَلِّمَاتٌ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں میں سرخ کلمات ضمائر مرفوعہ منفصلہ ہیں۔ یہ غائب، مخاطب یا متکلم پر دلالت کرتے ہیں۔ یہ صرف مرفوع واقع ہوتے ہیں اور عام طور پر مبتدا بن کر آتے ہیں۔ منفصل اس لئے کہلاتے ہیں کہ یہ اسم، فعل یا حرف کے ساتھ ملا کر نہیں بلکہ مستقل لکھے جاتے ہیں تلفظ میں بھی مستقل ہیں۔

مندرجہ ذیل نقشہ ضمائر مرفوعہ منفصلہ کے تمام صیغوں پر مشتمل ہے:

مَجْمُوْعَةُ الضَّمَائِرِ الْمَرْفُوْعَةِ

الصیغ	غائب	مخاطب	متکلم
	مذکر ـ مؤنث	مذکر ـ مؤنث	مذکر ـ مؤنث
مفرد	هُوَ ـ هِيَ	أَنْتَ ـ أَنْتِ	أَنَا
مثنى	هُمَا	أَنْتُمَا	نَحْنُ
جمع	هُمْ ـ هُنَّ	أَنْتُمْ ـ أَنْتُنَّ	نَحْنُ

قاعدہ۱۲:

ا۔ضمیر وہ اسم ہے جو غائب، مخاطب یا متکلم پر دلالت کرے، اسکی دو قسمیں ہیں: (ا) منفصل (۲) متصل۔

ضمیر منفصل: وہ ضمیر ہے جو اسم، فعل یا حرف کے ساتھ مل کر نہیں آتی، بلکہ تلفظ اور کتابت کے اعتبار سے مستقل حیثیت رکھتی ہے۔

۲۔ ضمائر منفصلہ ہمیشہ مرفوع واقع ہوتی ہیں اور وہ یہ ہیں:

هُوَ، هُمَا، هُمْ، هِيَ، هُنَّ، أَنْتَ،
أَنْتِ، أَنْتُمَا، أَنْتُمْ، أَنْتُنَّ، أَنَا، نَحْنُ.

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل جملوں میں اسماء ظاہرہ کے بجائے غائب کی ضمیریں استعمال کیجئے:

١ ـ السَّمَاءُ صَافِيَةٌ. ٢ ـ الْحِمَارُ بَطِيْءٌ. ٣ ـ الْكِتَابُ مُمَزَّقٌ.
٤ ـ الْخَيَّاطَةُ مَاهِرَةٌ. ٥ ـ الطُّلَّابُ نَشِيْطُوْنَ. ٦ ـ النُّقُوْدُ كَثِيْرَةٌ.
٧ ـ الْجِبَالُ شَامِخَةٌ[1]. ٨ ـ الْفَتَيَاتُ مُهَذَّبَاتٌ. ٩ ـ النَّوَافِذُ مُغْلَقَةٌ.
١٠ ـ الْجَوَادَانِ سَرِيْعَانِ. ١١ ـ الْأُمَّهَاتُ مُؤْمِنَاتٌ. ١٢ ـ الأَحْذِيَةُ ضَيِّقَةٌ.
١٣ ـ الْوَرْدَتَانِ حَمْرَاوَانِ. ١٤ ـ الصَّدِيْقَانِ نَاجِحَانِ. ١٥ ـ الْعُمَّالُ مُتْقِنُوْنَ.
١٦ ـ زَيْدٌ وَ سَلِيْمٌ وَ خَالِدٌ زُمَلَاءُ. ١٧ ـ الْجُنُوْدُ مُسْتَعِدُّوْنَ لِلْقِتَالِ. ١٨ ـ الأَسَاتِذَةُ مُجْتَهِدُوْنَ.
١٩ ـ عَائِشَةُ وَ فَاطِمَةُ وَ خَدِيْجَةُ صَدِيْقَاتٌ. ٢٠ ـ عَائِشَةُ وَ خَدِيْجَةُ جَالِسَتَانِ تَحْتَ[2] الشَّجَرَةِ.

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملوں میں مفرد ضمائر کو پہلے مثنی اور پھر جمع بنایئے اور لازمی تبدیلیاں کیجئے:

نموذج: هُوَ طَبِيْبٌ مَاهِرٌ. هُمَا طَبِيْبَانِ مَاهِرَانِ. هُمْ أَطِبَّاءُ مَهَرَةٌ.

١ ـ أَنَا عَطْشَانُ. ٢ ـ هِيَ مُتَزَوِّجَةٌ. ٣ ـ هِيَ كَرِيْمَةٌ.
٤ ـ هُوَ طِفْلٌ صَغِيْرٌ. ٥ ـ هِيَ بَاكِسْتَانِيَّةٌ. ٦ ـ أَأَنْتِ مُتْعَبَةٌ؟
٧ ـ أَهُوَ عَالِمٌ كَبِيْرٌ؟ ٨ ـ هُوَ بَطَلٌ شُجَاعٌ. ٩ ـ هَلْ هُوَ تَقِيٌّ؟

(۱) آپ جان چکے ہیں کہ غیر عاقل اسماء کی جمع قواعد کی رو سے مفرد، مؤنث ہوتی ہے اسی قاعدے کے تحت یہاں مفرد مؤنث کی ضمیر استعمال ہوگی۔
(۲) یہ ظرف مکان ہے منصوب ہوتا ہے اس کے بعد آنے والا اسم مجرور ہوتا ہے۔

١٠ ـ أَنْتَ أَخٌ كَرِيْمٌ. ١١ ـ أَنْتَ رَجُلٌ كَبِيْرٌ. ١٢ ـ هَلْ هِيَ ذَكِيَّةٌ؟
١٣ ـ أَنَا قَلِقٌ جِدّاً [1] اَلْيَوْمَ. ١٤ ـ هَلْ أَنْتَ جَوْعَانٌ؟ ١٥ ـ أَأَنْتَ سَعُوْدِيٌّ؟
١٦ ـ أَنَا مُسْتَعِدَّةٌ لِلامْتِحَانِ. ١٧ ـ هِيَ سَافِرَةٌ مُتَبَرِّجَةٌ. ١٨ ـ أَنْتِ بِنْتٌ مُطِيْعَةٌ.
١٩ ـ أَنْتَ نَاجِحٌ فِي الامْتِحَانِ. ٢٠ ـ هُوَ مُتَّجِهٌ إِلَى الْمَسْجِدِ. ٢١ ـ أَنْتِ صَدِيْقَةٌ مُخْلِصَةٌ.
٢٢ ـ أَنَا فَرِحٌ بِنَتِيْجَةِ الامْتِحَانِ. ٢٣ ـ أَأَنْتِ خَائِفَةٌ مِنَ الظَّلَامِ؟ ٢٤ ـ هُوَ مُمَرِّضٌ فِي الْمُسْتَشْفَى الْحُكُوْمِيِّ.

التمرين ـ ٣ [2]

خالی جگہوں کو مناسب اخبار سے پُر کیجئے:

١ ـ أَنَا .... ٢ ـ هِيَ .... ٣ ـ هُوَ .... ٤ ـ أَنْتُمَا ....
٥ ـ نَحْنُ .... ٦ ـ أَنْتَ .... ٧ ـ هُمْ .... ٨ ـ أَنْتُنَّ ....
٩ ـ هُمَا .... ١٠ ـ أَنْتُمْ .... ١١ ـ هُنَّ ....

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ آج ہم خوش ہیں [3]۔ ۲۔ وہ (سب) ماہر درزی ہیں۔ ۳۔ کیا آپ (مذکر) شادی شدہ ہیں۔
۴۔ کیا وہ مصری ہے؟ ۵۔ کیا آپ دونوں بھائی ہیں؟ ۶۔ کیا وہ (سب) چھوٹے بچے ہیں؟
۷۔ کیا وہ نرسیں ہیں؟ ۸۔ کیا وہ سب تھکے ہوئے ہیں؟ ۹۔ کیا وہ (سب مؤنث) خوفزدہ ہیں؟
۱۰۔ وہ سب سچے ہیں۔ ۱۱۔ کیا ہم (سب) مالدار ہیں؟ ۱۲۔ وہ سب (مؤنث) شادی شدہ ہیں۔
۱۳۔ کیا وہ سویا ہوا ہے؟ ۱۴۔ کیا وہ (مؤنث) خوش ہے؟ ۱۵۔ آپ (سب) مسلمان مائیں ہیں۔
۱۶۔ نہیں ہم انجینئر ہیں۔ ۱۷۔ نہیں ہم دونوں دوست ہیں۔ ۱۸۔ کیا آپ (مفرد) بازار جا رہی ہیں؟

(۱) جِدًّا کے معنی ہیں "بہت"، یہ ہمیشہ اسی طرح منصوب واقع ہوتا ہے۔
(۲) استاد کے لئے ملاحظہ: ہر طالب علم ایک الگ خبر سے خالی جگہ پُر کرے اس طرح ایک جملے کے کئی جملے بن جائیں گے۔ (۳) اَلْيَوْم

۱۹۔ کیا آپ عائشہ ہیں؟ ۲۰۔ کیا وہ دونوں آج حاضر ہیں؟ ۲۱۔ کیا وہ (مفرد مؤنث) غیر حاضر ہے؟
۲۲۔ نہیں میں زینب ہوں۔ ۲۳۔ کیا وہ (مؤنث) مصری ہیں؟ ۲۴۔ وہ سب (مؤنث) بہت خوش طبع ہیں۔
۲۵۔ کیا وہ دونوں غمگین ہیں؟ ۲۶۔ کیا آپ (مذکر) ناراض ہیں؟ ۲۷۔ یہ کتابیں کیسی[1] ہیں؟ کیا یہ مفید ہیں؟
۲۸۔ کیا آپ دونوں بیمار ہیں؟ ۲۹۔ وہ (دونوں) سفر کیلئے تیار ہیں۔ ۳۰۔ میں یہاں ایک گھنٹے سے بیٹھی ہوئی ہوں۔
۳۱۔ وہ (سب) غریب ہیں۔ ۳۲۔ کیا وہ دونوں جاگی ہوئی ہیں؟ ۳۳۔ کیا وہ (سب) مدرسہ کی طرف جا رہے ہیں؟
۳۴۔ آپ (سب) غافل ہیں۔ ۳۵۔ کیا آپ (سب) امانتدار ہیں؟ ۳۶۔ کیا وہ (مؤنث) اس حد تک[2] لاپرواہ ہے۔
۳۷۔ وہ (سب) پاکستانی ہیں۔ ۳۸۔ کیا وہ سب (مذکر) عراقی ہیں؟ ۳۹۔ کیا خادم سست ہے؟ نہیں وہ بہت چست ہے۔
۴۰۔ کیا آپ سب ڈاکٹر ہیں؟ ۴۱۔ وہ مدرسہ کی صفائی کا ذمہ دار ہے۔ ۴۲۔ کیا وہ سب ہوائی جہاز سے سفر کر رہے ہیں (مُسَافِرٌ بِ)؟

التمرين ـ ٥

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں سے ضمائر مرفوعہ منفصلہ نکالئے اور ہر ضمیر کا صیغہ بتایئے:

١ ـ وَمَآ أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ. ٢ ـ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ. ٣ ـ إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ.
٤ ـ إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ. ٥ ـ فَهَلْ أَنْتُمْ مُسْلِمُوْنَ. ٦ ـ هُمَا يَسْتَغِيْثَانِ اللّٰهَ.
٧ ـ قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ. ٨ ـ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا. ٩ ـ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ.
١٠ ـ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ. ١١ ـ فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ. ١٢ ـ أُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ.
١٣ ـ أَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغَالِبُوْنَ. ١٤ ـ إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ. ١٥ ـ سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ.
١٦ ـ اَللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ. ١٧ ـ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ إِنَّا لَنَحْنُ الْغَالِبُوْنَ.
١٨ ـ قَالَ يٰقَوْمِ هٰؤُلَاءِ بَنَاتِيْ هُنَّ أَطْهَرُ لَكُمْ. ١٩ ـ قَالُوْا ءَأَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يَآ إِبْرٰهِيْمُ.
٢٠ ـ يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ أَنْتُمُ الْفُقَرَاءُ إِلَى اللّٰهِ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ.

(١) كَيْفَ. (٢) إِلٰى هٰذَا الْحَدِّ.

نئے الفاظ

عربي	اردو	عربي	اردو
جَوَادٌ ج: جِيَادٌ	گھوڑا	جَوْعَانُ، مؤنث: جَوْعَى	بھوکا
حِذَاءٌ ج: أَحْذِيَةٌ	جوتا	حِمَارٌ ج: حُمُرٌ	گدھا
ظَلَامٌ	اندھیرا	قِتَالٌ	جنگ
قَلِقٌ	پریشان	مُتَّجِهٌ ج س	رخ کرنے والا، متوجہ ہونے والا
مُسْتَشْفَى ج: مُسْتَشْفَيَاتٌ	ہسپتال	مُسْتَعِدٌّ ج س	تیار
مُتْقِنٌ ج س	عمدگی کے ساتھ کام کرنے والا		

اردو	عربي	اردو	عربي
خوش طبع	ظَرِيْفٌ	ذمہ دار	مَسْئُوْلٌ عَنْ
لاپرواہ	كَسْلَانٌ	ناراض	سَاخِطٌ

الدرس العاشر

اَلْمُرَكَّبُ التَّوْصِيْفِيُّ

الأمْثِلَةُ:

(الف) اَلتَّعرِيْفُ وَالتَّنْكِيْرُ	(ب) اَلتَّذْكِيرُ وَالتَّأْنِيْثُ
١۔ عَلِيٌّ تَاجِرٌ أَمِيْنٌ. ٢۔ التَّاجِرُ الأَمِيْنُ مَحْبُوْبٌ عِنْدَ اللّٰهِ.	٣۔ خَالِدٌ رَجُلٌ تَقِيٌّ. ٤۔ عَائِشَةُ امْرَأَةٌ تَقِيَّةٌ.
(ج) الإفْرَادُ وَالتَّثْنِيَةُ وَالْجَمْعُ	(د) الإعْرَابُ (مَرْفُوْعٌ، مَنْصُوْبٌ، مَجْرُوْرٌ)
٥۔ الطَّالِبُ الْمُجِدُّ نَاجِحٌ فِي الامْتِحَانِ. ٦۔ الطَّالِبَانِ الْمُجِدَّانِ نَاجِحَانِ فِي الامتِحَانِ. ٧۔ الطُّلَّابُ الْمُجِدُّوْنَ نَاجِحُوْنَ فِي الامْتِحَانِ. ٨۔ الطَّالِبَاتُ الْمُجِدَّاتُ نَاجِحَاتٌ فِي الامْتِحَانِ. ٩۔ الأَقْلَامُ الْجَدِيْدَةُ مَكْسُوْرَةٌ.	١٠۔ هٰذَا كِتَابٌ مُفِيْدٌ. (الرَّفْعُ) ١١۔ قَرَأْتُ كِتَابًا مُفِيْدًا. (النَّصْبُ) ١٢۔ بَحَثْتُ عَنْ كِتَابٍ مُفِيْدٍ. (الجَرُّ)

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں میں سرخ کلمات کوغور سے دیکھئے ان میں سے ہرایک صفت اورموصوف [1] کا مجموعہ ہے۔ایسا مجموعہ عربی قواعد میں مـرکـب تـوصـیـفـي کہلاتا ہے۔عربی زبان میں مرکب توصیفی کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ''موصوف'' پہلے اور ''صفت'' بعد میں آتی ہے۔ یہ ترتیب اردو کے برعکس ہے۔ اردو میں ہم خوبصورت باغ کہتے ہیں جبکہ عربی میں بُسْتَانٌ جَمِيْلٌ کہتے ہیں۔

نوٹ: یادرہے کہ جب کوئی اسم کلام میں وارد ہوتا ہے تو اس میں مندرجہ ذیل چار خصوصیات پائی جاتی ہیں:

ا۔ تعریف وتنکیر میں سے ایک یعنی یا معرفہ ہوگا یا نکرہ۔

(١) صفت اور موصوف کو عربی میں ''نَعْتٌ وَ مَنْعُوْتٌ'' بھی کہا جاتا ہے۔

۲۔ تذکیر وتانیث میں سے ایک یعنی یا مذکر ہوگا یا مؤنث۔

۳۔ افراد وتثنیہ وجمع میں سے ایک یعنی یا مفرد ہوگا یا مثنی یا جمع۔

۴۔ رفع ونصب وجر میں سے ایک یعنی تینوں اعرابی حالتوں میں سے ایک حالت میں واقع ہوگا۔

مرکب توصیفی کی شرط یہ ہے کہ مذکورہ بالا چار باتوں میں صفہ اپنے موصوف کے عین مطابق ہوتی ہے۔ یعنی اگر موصوف نکرہ ہوگا تو صفت بھی نکرہ ہوگی، اگر معرفہ ہوگا تو صفت بھی معرفہ ہوگی جیسا کہ ''جملہ ۱، ۲'' میں ہے۔ اگر موصوف مذکر ہوگا تو صفت بھی مذکر ہوگی، اگر موصوف مؤنث ہوگا تو صفت بھی مؤنث ہوگی ''جملہ ۳، ۴'' ملاحظہ ہو، اسی طرح مفرد، مثنی اور جمع ہونے میں بھی صفت اپنے موصوف کے ساتھ مکمل مطابقت رکھتی ہے جیسے ''جملہ ۵، ۶، ۷، ۸''۔ اگر موصوف غیر عاقل کی جمع ہو تو صفت حسب قاعدہ مفرد مؤنث ہوگی جیسے ''جملہ ۹''۔ نیز اعراب میں صفت اور موصوف باہم مطابق ہوا کرتے ہیں جیسا کہ تمام مثالوں سے ظاہر ہے۔ آیئے اب مثال نمبر (۱) پر دوبارہ نظر ڈالیں:

''عَلِيٌّ تَاجِرٌ أَمِيْنٌ'' میں تَاجِرٌ نکرہ، مذکر مفرد اور خبر ہونے کی وجہ سے مرفوع واقع ہوا ہے، لہٰذا اس کی صفت أَمِيْنٌ میں بھی یہ چاروں اوصاف موجود ہیں۔

اسی طرح ''الطُّلَّابُ الْمُجِدُّوْنَ نَاجِحُوْنَ فِي الامْتِحَانِ'' میں الطُّلَّابُ معرفہ، مذکر، جمع ہے اور مبتدا ہونے کی وجہ سے مرفوع واقع ہوا ہے اسی طرح اس کی صفت الْمُجِدُّوْنَ بھی معرفہ، مذکر، جمع اور مرفوع واقع ہوئی ہے۔

نوٹ: [1] صفت یا نعت کے اپنے اعراب نہیں ہوتے، بلکہ یہ اپنے موصوف کے اعراب کے تابع ہوا کرتی ہے۔ یہ اسماء جو اپنے سے پہلے آنے والے اسم کے اعراب کے تابع ہوتے ہیں عربی قواعد میں ''توابع'' کہلاتے ہیں۔

قاعدہ ۱۳:

۱۔ موصوف اور صفت کے مجموعہ کو مرکب توصیفي کہتے ہیں۔

۲۔ چار باتوں میں صفت اپنے موصوف کے مطابق ہوتی ہے:

۱۔ تعریف وتنکیر ۲۔ تذکیر وتانیث ۳۔ افراد، تثنیہ، جمع ۴۔ رفع، نصب، جر۔

(۱) ایک موصوف کی متعدد صفات بھی ہو سکتی ہیں: هُوَ اللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّاهُوَ، الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ

موصوف صفات

التمرين ۔ ۱

صفت وموصوف کے قواعد کوملحوظ رکھتے ہوئے خالی جگہیں مناسب صفات سے پر کیجئے:

١۔ الْعَرَبِيَّةُ لُغَةٌ ....
٢۔ لِلصَّالِحِيْنَ وُجُوْهٌ ....
٣۔ الأَمِيرَةُ .... فِي الْقَصْرِ ....
٤۔ هٰذِهِ وَرْدَةٌ ....
٥۔ التُّجَّارُ .... نَاجِحُوْنَ.
٦۔ فِي الْبُسْتَانِ .... أَشْجَارٌ ....
٧۔ الْمَاءُ .... صِحِّيٌّ.
٨۔ الْجُنُوْدُ .... مُنْتَصِرُوْنَ.
٩۔ الْكُتُبُ .... فِي الْحَقِيْبَةِ ....
١٠۔ الثَّوْبُ .... نَاعِمٌ.
١١۔ الْبَيْتَانِ فِي شَارِعَيْنِ ....
١٢۔ الطِّفْلَانِ نَائِمَانِ عَلَى السَّرِيْرَيْنِ ....
١٣۔ أَنْتُمَا رَجُلَانِ ....
١٤۔ الأَسَاتِذَةُ .... مِصْرِيُّوْنَ.
١٥۔ الأَقْلَامُ .... عَلَى الْمَكْتَبِ.
١٦۔ أَنْتُنَّ أُمَّهَاتٌ ....
١٧۔ فِي هٰذِهِ الْقَرْيَةِ بِئْرَانِ ....
١٨۔ الأَقْمِشَةُ .... فِي الصُّنْدُوْقِ ....
١٩۔ أَكَلْتُ تُفَّاحَةً ....
٢٠۔ تِلْكَ الْجِبَالُ .... بَعِيْدَةٌ.
٢١۔ هٰذَا الطِّفْلُ .... خَائِفٌ مِنَ الظَّلَامِ.
٢٢۔ الطَّالِبُ .... رَاسِبٌ.
٢٣۔ زَيْدٌ وَسَلِيْمٌ صَدِيْقَانِ ....
٢٤۔ الطَّالِبَاتُ .... مُسْتَعِدَّاتٌ لِلامْتِحَانِ.
٢٥۔ لِلْمَسْجِدِ أَبْوَابٌ ....
٢٦۔ الفَوْزُ مُحَقَّقٌ لِلرِّجَالِ ....
٢٧۔ هَلْ فِي هٰذَا الدُّكَّانِ .... كُتُبٌ عَرَبِيَّةٌ.
٢٨۔ فِي السَّمَاءِ نُجُوْمٌ ....
٢٩۔ الضَّوْءُ .... مُضْعِفٌ لِلْبَصَرِ.
٣٠۔ قَطَعْتُ وَرْدَةً .... مِنَ الْحَدِيْقَةِ ....
٣١۔ عَلَى الْغُصْنِ طَائِرٌ ....
٣٢۔ الزَّوْجَةُ .... نِعْمَةٌ مِنَ اللّٰهِ.
٣٣۔ فِي هٰذِهِ السُّوْقِ .... دَكَاكِيْنُ ....
٣٤۔ مِصْرُ وَبَاكِسْتَانُ بَلَدَانِ ....
٣٥۔ الدَّرْسَانِ .... مَكْتُوْبَانِ فِي كُرَّاسَتَيْنِ ....

التمرين ـ ٢

خالی جگہوں کو مناسب موصوف سے پر کیجئے:

١ـ أَيْنَ .... الثَّمِيْنَةُ؟
٢ـ .... الْبَاكِسْتَانِيُّوْنَ مُجِدُّوْنَ.
٣ـ قَرَأْتُ .... نَافِعَةً.
٤ـ فِيْ هٰذِهِ ....، .... كَثِيْرَةٌ.
٥ـ لِعَائِشَةَ .... أَمِيْنَةٌ.
٦ـ أُولٰئِكَ .... الْمُتْقِنُوْنَ مُتَفَوِّقُوْنَ.
٧ـ هُمَا .... مُهَذَّبَتَانِ.
٨ـ .... الْبَاكِسْتَانِيَّاتُ مُتَحَجِّبَاتٌ.
٩ـ أَنْتُمْ .... مُكْرَمُوْنَ.
١٠ـ .... الثَّمِيْنَةُ فِي .... الْخَضْرَاءِ.
١١ـ قَرَأْتُ .... مُمْتِعَتَيْنِ.
١٢ـ لِلْ .... الْمِصْرِيِّيْنَ .... جَمِيْلَةٌ.
١٣ـ .... الْجَمِيْلَةُ مُغْلَقَةٌ.
١٤ـ فِي هٰذَا .... الْقَدِيْمِ .... مُمَزَّقَةٌ.
١٥ـ ضَرَبْتُ .... الْعَنِيْدَيْنِ.
١٦ـ أَنَا مَسْؤُوْلٌ عَنْ هٰذَيْنِ .... الصَّغِيْرَيْنِ.
١٧ـ .... الْخِصْبَةُ خَضْرَاءُ.
١٨ـ هَلْ .... الْجَدِيْدَةُ فِي ....الْمُغْلَقَةِ.
١٩ـ عِنْدَ سَلِيْمٍ .... أَسْوَدَانِ.
٢٠ـ فِي هٰذِهِ .... الْمُزْدَحِمَةِ دَكَاكِيْنُ كَثِيْرَةٌ.
٢١ـ فِي الْمُتَنَزَّهِ .... كَثِيْرُوْنَ.
٢٢ـ جِبْرِيْلُ وَمِيْكَائِيْلُ وَإِسْرَافِيْلُ .... مُقَرَّبُوْنَ.
٢٣ـ عَذَّبَ اللّٰهُ .... الْكَاذِبِيْنَ.
٢٤ـ فِي هٰذِهِ .... السَّوْدَاءِ .... مُلَوَّنَةٌ.
٢٥ـ .... الْجُدُدُ غَائِبُوْنَ الْيَوْمَ.
٢٦ـ .... الصِّغَارُ جَالِسُوْنَ تَحْتَ .... الظُّلَّةِ.
٢٧ـ كَيْفَ هٰؤُلَاءِ .... الْجُدُدُ؟
٢٨ـ ....الصَّعْبَةُ مَكْتُوْبَةٌ عَلَى .... السَّوْدَاءِ.
٢٩ـ فِي بَاكِسْتَانَ .... كَثِيْرُوْنَ.
٣٠ـ هَلْ هٰذِهِ .... السَّوْدَاءُ لِلْ ....الْجَمِيْلَةِ.
٣١ـ فِي الْحَدِيْقَةِ .... حَمْرَاوَانِ.
٣٢ـ فِيْ هٰذِهِ .... الْكَبِيْرَةِ........... مَفْتُوْحَانِ........... مُغْلَقَانِ.
٣٣ـ هٰذِهِ .... النَّاعِمَةُ مُسْتَوْرَدَةٌ.
٣٤ـ ....الْمَكْسُوْرَةُ عَلَى........... الصَّغِيْرِ فِي........... النَّظِيْفِ.

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل جملوں میں سرخ اسماء کو پہلے مثنیٰ اور پھر جمع بنا کر لازمی تبدیلیاں کیجئے:

نموذج: هٰذَا الْفِنْجَانُ الأَبْيَضُ مَكْسُوْرٌ.

هٰذَانِ الْفِنْجَانَانِ الأَبْيَضَانِ مَكْسُوْرَانِ. هٰذِهِ الْفَنَاجِيْنُ الْبَيْضَاءُ مَكْسُوْرَةٌ.

١ـ هُوَ تَاجِرٌ غَنِيٌّ. ٢ـ الْمِنْشَفَةُ الْبَيْضَاءُ مُبَلَّلَةٌ. ٣ـ هٰذِهِ الأَمَةُ الْمُؤْمِنَةُ مُتَزَوِّجَةٌ.

٤ـ أَنْتَ ابْنٌ مُطِيْعٌ. ٥ـ هَلْ أَنْتِ طَالِبَةٌ جَدِيْدَةٌ. ٦ـ سَلَّمْتُ عَلَى الْمُدِيْرِ الْعِرَاقِيِّ.

٧ـ هُوَ عَبْدٌ شَاكِرٌ. ٨ـ الطِّفْلُ الصَّغِيْرُ ضَاحِكٌ. ٩ـ السَّائِحُ فِي الْمَتْحَفِ الْقَدِيْمِ.

١٠ـ أَنْتِ فَتَاةٌ مُتَعَلِّمَةٌ. ١١ـ الْكُتُبُ لِـلأُسْتَاذِ السَّعُوْدِيِّ. ١٢ـ هٰذِهِ الشَّنْطَةُ الصَّفْرَاءُ ثَمِيْنَةٌ جِدًّا.

١٣ـ قَرَأْتُ قِصَّةً مُمْتِعَةً. ١٤ـ الْمُجَاهِدُ الأَفْغَانِيُّ شُجَاعٌ. ١٥ـ قَطَفْتُ مِنَ الْبُسْتَانِ وَرْدَةً حَمْرَاءَ.

١٦ـ أَنْتَ طَالِبٌ ذَكِيٌّ. ١٧ـ هٰذَا الرَّجُلُ الصَّالِحُ طَبِيْبٌ. ١٨ـ السَّائِقُ الطَّائِشُ فِي نُقْطَةِ الْبُوْلِيْسِ.

١٩ـ أَيْنَ الضَّيْفُ الْمُكْرَمُ ؟ ٢٠ـ ذٰلِكَ الْمُوَظَّفُ الْكَبِيْرُ وَزِيْرٌ. ٢١ـ الْمَلِكُ الْعَادِلُ مَحْبُوْبٌ عِنْدَ الرَّعِيَّةِ.

٢٢ـ عِنْدَ زَيْدٍ سَبُّوْرَةٌ زَرْقَاءُ. ٢٣ـ زَيْدٌ عِنْدَ الضَّيْفِ الأَجْنَبِيِّ. ٢٤ـ هِي مُعَلِّمَةٌ مِصْرِيَّةٌ وَأَنَا طَالِبَةٌ بَاكِسْتَانِيَّةٌ.

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل جملوں کو صحیح اعراب کے ساتھ بآواز بلند پڑھئے:

١ـ أين المناديل النظيفة؟ ٢ـ الكلية الحكومية على الطريق الرئيسيّ.

٣ـ للْبُرْقع الأسود جيب كبير. ٤ـ هل الثياب الوسخة في السلّة الخضراء.

٥ـ أهي في هذا الدرج المغلق. ٦ـ في هذه الزهرية الزجاجية ورود صفراء.

٧ـ من أين هؤلاء العمّال الجدد؟ ٨ـ هل في هذا الدكان الجديد لحم طازج؟

٩ـ لهذه المرأة الفقيرة ابن صالح. ١٠ـ أكلت تفاحة لذيذة وشربت عصيرا باردا.

١١ـ هذه الفتاة الهندية صالحةٌ تقيّة. ١٢ـ هل هذه الطفلة الشريرة للأستاذ الجديد.

١٣ ـ في العيادة القريبة طبيبة حاذقة.
١٤ ـ الأسعار مرتفعة في هذا السوق الجديدة.
١٥ ـ الطاعم الشاكر كالصائم الصابر.
١٦ ـ هذا الكرسيّ الصغير من الخشب الرّديء.
١٧ ـ هل الخادمة الأمينة نظيفة أيضاً .
١٨ ـ هذه السجّادة الفارسيّة من الصوف الناعم.
١٩ ـ هذا القماش الرخيص خشن جدّاً.
٢٠ ـ للطالب الجديد علبة مليئة بالأقلام الملوّنة.
٢١ ـ في المرج بقرة سمينة و بقرة نحيفة.
٢٢ ـ السائح الأجنبيّ ذاهب إلى المتحف القديم.
٢٣ ـ تحت الطاولة الصّغيرة قطة سوداء.
٢٤ ـ التلميذة المجتهدة ذاهبة إلى المكتبة الكبيرة.
٢٥ ـ على الشبابيك المغلقة ستائر زرقاء.
٢٦ ـ الجمل العربية مكتوبة على السبورة السوداء.
٢٧ ـ لهذه القاعة الواسعة جدران بيضاء.
٢٨ ـ عائشة نائمة على أريكة مُريحة في الغرفة الكبيْرة.
٢٩ ـ الأَميرة الحسناء في القصر الشامخ.
٣٠ ـ نحن مسافرون إلى تلك المنطقة الجبلية الجميلة.
٣١ ـ المنافق الكاذب في العذاب الأليم.
٣٢ ـ في البستان الجميل بركة مليئة بالأسماك الصغيرة.
٣٣ ـ في المدارس العربية طلاب كثيرون.
٣٤ ـ الصّديق الوفيّ أحبّ إلى النفس من القريب الظالم.
٣٥ ـ وراء هذا الجبل الشامخ قرية جميلة.
٣٦ ـ الصّحون البيضاء على الرّفّ الصّغير في المطبخ النظيف.
٣٧ ـ هل هذه الدروس الصعبة مهمّة جدًّا؟
٣٨ ـ على المائدة البيضاء كوب من الشاي الحارّو بيضة مسلوقة.
٣٩ ـ في هذه القرية العصريّة طرق مُمهّدة.
٤٠ ـ الأولاد الصّغار جالسون تحت الشجرة المظلّة مع الخادمة الجديدة.

التمرين ـ ٥

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

١ـ نیا جوتا تنگ ہے۔
٢ـ حکومت کے دفتر آج بند ہیں۔
٣ـ گھر کے سامنے بہت سی گاڑیاں ہیں۔
٤ـ یہ آسان سوال ہیں۔
٥ـ سفید دیواریں کیچڑ آلود ہیں[1]۔
٦ـ کیا اس سبق میں مشکل سوال بھی ہیں۔
٧ـ بڑا دروازہ کھلا ہوا ہے۔
٨ـ میں نے دو میٹھے مالٹے کھائے۔
٩ـ خوبصورت پرندہ سبز ٹہنی پر بیٹھا ہوا ہے۔

(١) مُلَطَّخَةٌ بِالْوَحْلِ

۱۰۔ پاکستانی کسان عقلمند ہیں۔ ۱۱۔ چھوٹے بچے سبز کھیتوں میں ہیں۔ ۱۲۔ اس پرانے محلے میں بہت سے گھر ہیں۔

إلَى أيْنَ أنْتَ ذَاهِبٌ؟	أنَا ذَاهِبٌ إلَى الْمَكْتَبَةِ.

(٤)

كَمْ كِتَابًا فِيْ يَدِكَ؟	فِيْ يَدِيْ كِتَابَان.
كَمْ رُوْبِيَةً عِنْدَكَ؟	عِنْدِي مِئَةُ رُوْبِيَةٍ.

(١) استفہامیہ جملے ہمیشہ اداۃ استفہام سے شروع ہوتے ہیں۔

(٢) ڈاکخانہ

كَمْ عُمْرُكَ.	عُمْرِي عِشْرُوْنَ سَنَةً.
بِكَمْ هٰذَا الْكِتَابُ؟	هٰذَا الْكِتَابُ بِعَشَرِ رُوْبِيَّاتٍ.
كَمِ السَّاعَةُ الآنَ؟	السَّاعَةُ الآنَ الْوَاحِدَةُ وَالنِّصْفُ.

(٥)

مَتٰى مَوْعِدُ سَفَرِكَ؟	أَنَا مُسَافِرٌ بَعْدَ يَوْمَيْنِ.
مَتٰى زَوَاجُكَ يَا زَيْدُ؟	زَوَاجِيْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ.
مَتَى الامْتِحَانُ النِّهَائِيُّ؟	هُوَ فِي الشَّهْرِ الْقَادِمِ.

(٦)

كَيْفَ حَالُكُمْ ؟	نَحْنُ بِخَيْرٍ الْحَمْدُ لِلّٰهِ.
كَيْفَ مُسْتَوَى [١] الطُّلَّابِ؟	مُسْتَوَاهُمْ جَيِّدٌ الْحَمْدُ لِلّٰهِ.
كَيْفَ طَقْسُ [٢] كَرَاتَشِي هٰذِهِ الْأَيَّامَ؟	طَقْسُهَا جَمِيْلٌ جِدًّا.

(٧)

أَيَّ كِتَابٍ قَرَأْتَ؟	قَرَأْتُ رِيَاضَ الصَّالِحِيْنَ.
أَيَّ يَوْمٍ سَافَرْتَ؟	سَافَرْتُ يَوْمَ الْخَمِيْسِ.
أَيُّ شَيْءٍ هٰذَا ؟	هٰذَا مِنْخَلٌ [٣].

شرح وتفصیل:

١۔ "ما" (کیا): ما کے ذریعے غیر عاقل کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے۔ ما مختلف معانی پر دلالت کرنے کی غرض سے حروف جارہ کے ساتھ بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس صورت میں اسکا ''الف'' حذف کر لیا جاتا ہے مثلاً:

لِمَ (لِ + م = لِمَ):

لِمَ تَأَخَّرْتَ الْيَوْمَ؟ (آپ آج کیوں تاخیر سے آئے؟)

(١) معیار (٢) موسم (٣) چھلنی

لِمَ أَنْتَ جَالِسٌ هٰهُنَا؟ (آپ یہاں کیوں بیٹھے ہیں؟)

لِمَ کے بجائے لِمَاذَا بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً: لِمَاذَا تَأَخَّرْتَ الْيَوْمَ؟

عَمَّ (عن + ما = عَمَّ):

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ؟ (وہ کس بارے میں چہ میگوئیاں کر رہے ہیں؟)

بِمَ (ب + ما = بِمَ):

بِمَ كَتَبْتَ؟ (آپ نے کس چیز کے ساتھ لکھا؟)

۲۔"مَنْ" (کون): مَنْ کے ذریعے عقلاء کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے۔ مَنْ کے ساتھ بھی حروف جارہ استعمال ہو سکتے ہیں جیسا کہ مثالوں سے واضح ہے۔

۳۔"أَيْنَ" (کہاں): جگہ کے بارے میں سوال کرنے کے لئے آتا ہے۔

٤۔"كَمْ" (کتنا): كَمْ کے ذریعے مقدار یا تعداد کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے: كَمْ کے بعد آنے والا اسم مفرد، نکرہ اور منصوب واقع ہوتا ہے۔ قیمت کے بارے میں سوال کرنا ہو تو اسکے لئے بِكَمْ استعمال ہوتا ہے۔

٥۔"مَتٰى" (کب): مَتٰى کے ذریعے وقت یا زمانے کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے۔

٦۔"كَيْفَ" (کیسا): كَيْفَ کے ذریعے حالت یا کیفیت کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔

یہ تمام اسماء استفہام[1] مبنی ہیں البتہ "أيّ" معرب ہے۔ اسکے اعراب جملہ میں اسکے موقع محل کی مناسبت سے بدلتے رہتے ہیں۔ اسکی تفصیل انشاء اللہ بعد کے ابواب میں آئے گی۔ یہاں صرف اتنا جان لیجئے کہ اسکے بعد آنے والا اسم اسکا مضاف الیہ ہونے کی حیثیت سے مجرور ہوتا ہے۔ اسکے ذریعے غیر عاقل (أَيَّ كِتَابٍ قَرَأْتَ)، عاقل (أَيُّ رَجُلٍ هٰذَا)، وقت (أَيَّ يَوْمٍ سَافَرْتَ)، وغیرہ کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے۔ اردو میں اسکا ترجمہ عام طور پر (کونسی/کونسا/کس) سے کیا جاتا ہے۔

قاعدہ ۲۰:

۱۔ اسماء استفہام کے ذریعہ کسی مبہم چیز کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے اور یہ جملے کے شروع

(۱) هل اور همزة "أ" (همزة الإستفهام) دونوں حروف ہیں اسماء نہیں ہیں۔

میں واقع ہوتے ہیں۔

۲۔ اسماء استفہام درج ذیل ہیں:

مَنْ: عاقل کے لئے۔ مَا، مَاذَا: غیر عاقل اور کسی چیز کی حقیقت کو جاننے کے لئے۔

مَتٰی، أَیَّانَ: وقت یا زمانے کے لئے۔ أَیْنَ، أَنّٰی: مکان کے لئے۔

کَیْفَ: حال کے لئے۔ کَمْ: عدد کے لئے۔

أَيّ: مندرجہ بالا تمام اغراض کے لئے۔

۳۔ تمام اسماء استفہام مبنی ہوتے ہیں، سوائے "أَيّ" کے، أَيّ معرب ہوتا ہے اور اس کے بعد آنے والا اسم مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے مجرور ہوتا ہے۔

۴۔ أَيّ کے اعراب مضاف الیہ کے مطابق ہوتے ہیں۔

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

١۔ آپکے کتنے بچے ہیں؟ ٢۔ یہ سفید قمیص کس کی ہے؟ ٣۔ آج آپ پریشان کیوں ہیں؟

٤۔ یہ کالا قلم کتنے کا ہے؟ ٥۔ اس گھر میں کتنے کمرے ہیں؟ ٦۔ آپ کی نانی کا گھر کہاں ہے؟

٧۔ آپ کے بستہ میں کتنی کاپیاں ہیں؟ ٨۔ آپ (مؤنث) کا کیا نام ہے؟ ٩۔ کیا آپ مصری ہیں یا[1] عراقی ہیں؟

١٠۔ یہ نئی طالبات کہاں کی (سے) ہیں؟ ١١۔ کیا آپ سب امتحان کے لیے تیار ہیں؟ ١٢۔ یہ خوبصورت بچی کس کی ہے؟

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل سوالوں کے عربی میں معقول جواب دیجئے:

١ ـ كَمْ أُخْتًا لَكَ؟ ٢ ـ بِكَمْ هٰذِهِ الْبَرَّايَةُ؟ ٣ ـ كَمْ كِتَابًا عَلَى الْمَكْتَبِ؟

٤ ـ هَلْ أَنْتِ تَعْبَانَةٌ؟ ٥ ـ كَيْفَ صِحَّةُ وَالِدِكِ؟ ٦ ـ كَيْفَ حَفْلَةُ زَفَافِ أختِكِ؟

(١) یہ جملہ همزہ الاستفہام سے شروع ہوگا اور یا کا ترجمہ "أم" سے کیا جائے گا۔

٧ ـ أَيْنَ بَيْتُ جَدِّكَ؟ ٨ ـ مَا شَكْلُ هٰذِهِ الْعُلْبَةِ؟ ٩ ـ لِمَنْ هٰذِهِ الْكُرَّاسَةُ الْمُمَزَّقَةُ؟

١٠ ـ مَا فِي شَنْطَتِكَ؟ ١١ ـ أَيَّ جَرِيْدَةٍ قَرَأْتَ الْيَوْمَ؟ ١٢ ـ أَشَوَارِعُ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ مُمَهَّدَةٌ؟

١٣ ـ مَا لَوْنُ قَمِيْصِكَ؟ ١٤ ـ مَتَى الْمُؤْتَمَرُ الإِسْلاَمِيُّ؟ ١٥ ـ أَرَئِيْسُ الْوُزَرَاءِ رَجُلٌ مُتَدَيِّنٌ؟

١٦ ـ إِلَى أَيْنَ أَنْتِ ذَاهِبَةٌ؟ ١٧ ـ أَفِي غُرْفَةِ الْجُلُوْسِ أَحَدٌ؟ ١٨ ـ كَيْفَ هٰذِهِ الْكُتُبُ الْجَدِيْدَةُ؟

١٩ ـ لِمَنِ الْخَلْقُ وَالأَمْرُ؟ ٢٠ ـ مِنْ أَيْنَ صَدِيْقُكَ الأَجْنَبِيُّ؟ ٢١ ـ أَأَنْتِ ذَاهِبَةٌ لِزِيَارَةِ الأَقَارِبِ؟

٢٢ ـ أَأَنْتَ غَاضِبٌ عَلَيَّ؟ ٢٣ ـ مَنْ وَزِيْرُ الْخَارِجِيَّةِ الْجَدِيْدُ؟ ٢٤ ـ أَبَيْتُكَ قَرِيْبٌ مِنَ الْمَدْرَسَةِ أَمْ بَعِيْدٌ عَنْهَا؟

٢٥ ـ مَنِ الضُّيُوْفُ الْجَالِسُوْنَ فِي صَحْنِ الْبَيْتِ؟

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں أدوات الاستفهام کی تعیین کیجئے:

١ ـ أَيْنَ الْمَفَرُّ؟ ٢ ـ هَلْ هٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ.

٣ ـ عَمَّ يَتَسَاءَلُوْنَ. ٤ ـ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ أَذِنْتَ لَهُمْ.

٥ ـ فَأَيْنَ تَذْهَبُوْنَ. ٦ ـ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الأَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ.

٧ ـ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا. ٨ ـ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ.

٩ ـ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ. ١٠ ـ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرٌ.

١١ ـ الْقَارِعَةُ مَاالْقَارِعَةُ. ١٢ ـ وَإِذَاالْمَوْءُدَةُ سُئِلَتْ بِأَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ.

١٣ ـ مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا. ١٤ ـ يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ.

١٥ ـ يَسْأَلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ. ١٦ ـ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ.

١٧ ـ أَيُّكُمْ يَأْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا. ١٨ ـ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ.

١٩ ـ وَقَالُوْا مَنْ أَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً. ٢٠ ـ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا مَعَهُ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ.

الدرس الخامس عشر

إنَّ وَأخَواتُها [1]

الأمثلة:

(الف)	(ب)
١۔ اللّٰهُ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ.	إنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ.
٢۔ الرَّسُوْلَانِ أمِيْنَانِ.	إنَّ الرَّسُوْلَيْنِ أمِيْنَانِ.
٣۔ الْمُؤْمِنُوْنَ صَادِقُوْنَ.	إنَّ الْمُؤْمِنِيْنَ صَادِقُوْنَ.
٤۔ الْمُسْلِمَاتُ قَانِتَاتٌ.	إنَّ الْمُسْلِمَاتِ قَانِتَاتٌ.

شرح وتفصیل:

مجموعہ ''الف'' کے جملوں کو دیکھئے یہ سب اسمیہ جملے ہیں ہر جملے میں حسب قاعدہ مبتدا بھی مرفوع ہے اور خبر بھی۔ اب انکے بالمقابل مجموعہ ''ب'' کے جملوں پر غور کیجئے۔ یہ مجموعہ ''الف'' ہی کے جملے ہیں لیکن ان پر ''حرف التوکید إنَّ'' داخل ہو چکا ہے۔

إنَّ (بے شک) خصوصیت کے ساتھ صرف جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے اور اسکے اعراب پر یوں نظر انداز ہوتا ہے کہ مبتدا کو منصوب کر دیتا ہے اور وہ اب ''اسْمُ إنَّ'' کہلاتا ہے۔ اور خبر کو مرفوع کر دیتا ہے اور وہ ''خَبَرُ إنَّ'' کہلاتی ہے [2]۔

دخول إنَّ کے بعد جملے کے اعراب اس طور پر ہونگے: إنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ.

إنَّ: حرف توكيد. اللّٰهَ: لفظ الجلالة اسم إنَّ منصوب بالفتحة.

---

(١) إنَّ و أخواتها ''حروف النّواسخ'' کہلاتے ہیں اس لئے کہ جب یہ جملے پر داخل ہوتے ہیں تو اس کے اعراب منسوخ کر کے اس پر ایک نیا اعرابی حکم جاری کرتے ہیں إنَّ و أخواتها جیسے اور بھی نواسخ ہوتے ہیں جن کا بیان آئندہ ابواب میں آئے گا۔

(٢) طالب علم کے ذہن میں یہ اشکال پیدا ہوسکتا ہے کہ خبر تو پہلے ہی سے مرفوع تھی اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ خبر اگرچہ پہلے سے مرفوع تھی لیکن مبتدا کی خبر ہونے کی وجہ سے مرفوع تھی دخول إنَّ کے بعد إنَّ کی خبر ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے گویا رفع کا سبب بدل گیا ہے۔

قَادِرٌ: خبر إنَّ مرفوع بالضَّمَّة. عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ: شبه الجملة من الجار والمجرور مُتَعَلِّقَةٌ بـ "قَادِرٌ".

معنی کے اعتبار سے (إِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ) میں (اَللّٰهُ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ) کی نسبت زیادہ تاکید پائی جاتی ہے کہ اسکے معنی ہیں (بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے) بقیہ جملوں میں بھی یہی قاعدہ ملحوظ رہے۔

مثنی یاء سے منصوب ہوتا ہے جمع مذکر سالم بھی یاء "قبلها كسر" سے اور جمع مؤنث سالم کسرہ سے۔

اسْمُ إِنَّ إِذَا كَانَ ضَمِيرًا مُتَّصِلاً [1]

الأمثلة:

ضَمَائِرُ الْغَائِبِينَ

١ ـ إِنَّ الْمَلِكَ عَادِلٌ. أو إِنَّهُ عَادِلٌ.

٢ ـ إِنَّ الأَبَوَيْنِ كَرِيْمَانِ. أو إِنَّهُمَا كَرِيْمَانِ.

٣ ـ إِنَّ الْمُصَلِّيْنَ قَائِمُوْنَ. أو إِنَّهُمْ قَائِمُوْنَ.

٤ ـ إِنَّ الْمَرْأَةَ عَاقِلَةٌ. أو إِنَّهَا عَاقِلَةٌ.

٥ ـ إِنَّ الْفَتَاتَيْنِ مُثَقَّفَتَانِ. أو إِنَّهُمَا مُثَقَّفَتَانِ.

٦ ـ إِنَّ الأُمَّهَاتِ رَحِيْمَاتٌ. أو إِنَّهُنَّ رَحِيْمَاتٌ.

ضَمَائِرُ الْمُخَاطَبِينَ

٧ ـ إِنَّكَ أَخٌ كَرِيْمٌ يَا زَيْدُ.

٨ ـ إِنَّكُمَا صَدِيْقَانِ وَفِيَّانِ.

٩ ـ إِنَّكُمْ ضُيُوْفٌ كِرَامٌ.

١٠ ـ إِنَّكِ بِنْتٌ طَيِّبَةٌ يَا عَائِشَةُ.

١١ ـ إِنَّكُمَا خَادِمَتَانِ نَشِيْطَتَانِ.

١٢ ـ إِنَّكُنَّ طَالِبَاتٌ مُجِدَّاتٌ.

ضَمَائِرُ الْمُتَكَلِّمِينَ

١٣ ـ إِنِّيْ [2] عَبْدٌ شَاكِرٌ. إِنِّيْ أَمَةٌ شَاكِرَةٌ.

---

(۱) "ضَمَائِرُ مُتَّصِلَةٌ" إِنَّ وَأَخَوَاتُهَا کے ساتھ مل کر "ضَمَائِرُ مَنْصُوْبَةٌ مُتَّصِلَةٌ بِالْحُرُوْفِ" کہلائیں گی۔

(۲) إِنَّ کے ساتھ یاء المتکلم یا جمع متکلم کی ضمیر "نا" لگانے سے پہلے ایک نون کا اضافہ بھی کیا جاتا ہے۔: إِنَّنِي، إِنَّنَا۔

١٤ـ إِنَّا عَبْدَانِ شَاكِرَانِ. إِنَّنَا أَمَتَانِ شَاكِرَتَانِ.

١٥ـ إِنَّا عِبَادٌ شَاكِرُوْنَ. إِنَّنَا إِمَاءٌ شَاكِرَاتٌ.

نموذج في الإعراب:

إِنَّهُ أَخٌ كَرِيْمٌ.

إنَّ: حرف توكيد. ـهُ: ضمير متصل فى محل نصب "اسم إنَّ".

أَخٌ: خبر إنَّ مرفوع بالضَّمَّةِ. كَرِيْمٌ: صفة ل "أخ" مرفوع بالضمَّةِ.

إنَّ کلام کے آغاز میں واقع ہوتا ہے یا پھر "قَالَ" کے کسی صیغے کے بعد: "قَالَ إِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ"، جبکہ أنَّ کلام کے وسط میں واقع ہوتا ہے، معنی کے اعتبار سے دونوں میں کوئی فرق نہیں۔

الأمثلة:

١ـ عَلِمْتُ أَنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ. (میں نے جانا کہ بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے)

٢ـ سَمِعْتُ أَنَّ زَيْدًا قَادِمٌ الْيَوْمَ. (میں نے سنا کہ بے شک زید آج آ رہا ہے)

٣ـ بَلَغَنِيْ أَنَّكَ نَجَحْتَ فِي الامْتِحَانِ. (مجھے یہ خبر پہنچی کہ بے شک آپ امتحان میں کامیاب ہوگئے ہیں)

٤ـ أَخْبَرَتْنِيْ عَائِشَةُ أَنَّ أُمَّهَا مَرِيْضَةٌ. (عائشہ نے مجھے بتایا کہ بے شک اس کی ماں بیمار ہے)

أُمُورٌ تَتَعَلَّقُ بخبر إنَّ

۱۔ إنَّ کی خبر کے ساتھ مزید تاکید کے لئے ایک لام زائدہ لگا دیا جاتا ہے:

الأمثلة:

١ـ إِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ. (بے شک جزا وسزا (کا دن) ضرور واقع ہونے والا ہے)

٢ـ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ. (بے شک شرک بہت بڑا ظلم ہے)

٣ـ إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ. (بے شک آپ کے رب کی پکڑ بڑی سخت ہے)

۲۔ خبر إنَّ شبه الجملة بھی ہوسکتی ہے۔

الأمثلة:

١ـ إِنَّ الأَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ. (بے شک نیکوکار نعمتوں میں ہونگے)

٢ـ إِنَّ الإِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ. (بے شک انسان خسارہ میں ہے)

٣ـ إِنَّ الأَرْضَ لِلّٰهِ. (بے شک زمین اللہ تعالی کی ہے)

نموذج في الإعراب:

إِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ.

إِنَّ: حرف توكيد. الْفُجَّارَ: اسم إِنَّ منصوب بالفتح.

لَفِيْ جَحِيْمٍ: (اللام للتوكيد) شبه الجملة من الجار والمجرور خبر إِنَّ في محل رفع[1]

٣ـ خبر إِنَّ جملہ فعلیہ یا اسمیہ بھی ہوسکتی ہے:

الأمثلة:

١ـ إِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا. (بے شک اللہ تعالی سب گناہوں کو معاف کر دیتے ہیں)

٢ـ إِنَّ خَالِدًا وَالِدُهُ كَرِيْمٌ. (بے شک خالد کے والد معزز ہیں)

نموذج في الاعراب:

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ.

إِنَّ: حرف توكيد. اللّٰهَ: اسم إِنَّ منصوب بالفتح. وَ: حرف عطف.

مَلاَئِكَةَ: معطوف على لفظ الجلالة منصوب بالفتح. هُ: ضمير متصل في محل جر مضاف اليه.

يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ: الجملة الفعلية في محلّ رفع خبر إِنَّ.

٤ـ اسم "إِنَّ" اگر نکرہ ہو اور خبر إِنَّ شبہ الجملة ہو تو خبر کو مقدم اور اسم کو مؤخر کر دیا جاتا ہے، مثلاً:

إِنَّ مَعَ[2] الْعُسْرِ يُسْرًا.

إِنَّ: حرف توكيد. مَعَ الْعُسْرِ: شبه الجملة في محل رفع خبر إِنَّ مقدم. يُسْراً: اسم إِنَّ مؤخر منصوب بالفتح.

---

(۱) "شبه الجملة" اور جملہ کے اعراب محلی ہوتے ہیں۔

(۲) مع ظروف مکان میں سے ہے۔ظرف مکان یا زمان اور اس کے مضاف الیہ کا مجموعہ بھی شبه الجملة کہلاتا ہے۔

أَخَوَاتُ إِنَّ

یہ وہ حروف ہیں جو معنی میں تو إِنَّ سے مختلف ہیں، لیکن اعرابی عمل میں اسکے ساتھ متفق ہیں، یعنی جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں مبتدا کو منصوب، خبر کو مرفوع کرتے ہیں: لٰكِنَّ (لیکن)، لَعَلَّ (شاید)، لَيْتَ (کاش)، كَأَنَّ (گویا کہ)۔

لٰكِنَّ[1]:

١ ـ الشَّمْسُ مُشْرِقَةٌ لٰكِنَّ الْجَوَّ بَارِدٌ.

٢ ـ الطُّلَّابُ مُسْتَعِدُّوْنَ لِلرِّحْلَةِ لٰكِنَّ الْمُعَلِّمَ مَرِيْضٌ.

٣ ـ الامْتِحَانُ قَرِيْبٌ لٰكِنَّ الطَّالِبَاتِ مُهْمِلَاتٌ.

٤ ـ الْحَيَاةُ جِدِّيَّةٌ لٰكِنَّكُمْ لَاهُوْنَ.

كَأَنَّ (تشبیہ کے لئے استعمال ہوتا ہے):

١ ـ كَأَنَّ الْمُعَلِّمَ أَبٌ حَنُوْنٌ.

٢ ـ كَأَنَّ الْعِلْمَ نُوْرٌ.

٣ ـ كَأَنَّ الصَّدِيْقَيْنِ أَخَوَانِ.

٤ ـ كَأَنَّ الْمُجَاهِدِيْنَ بُنْيَانٌ مَرْصُوْصٌ.

لَعَلَّ (امید یا خوف کیلئے استعمال ہوتا ہے):

١ ـ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ. (یہاں لَعَلَّ کے ذریعے کسی متوقع خطرے یا نقصان کا اظہار ہورہا ہے)

٢ ـ لَعَلَّ الْجَرِيْحَ مَيِّتٌ.

٣ ـ لَعَلَّ الشَّجَرَتَيْنِ مُوْرِقَتَانِ.

٤ ـ لَعَلَّ الْمُسَافِرِيْنَ قَادِمُوْنَ. (یہاں امید کا اظہار ہورہا ہے)

٥ ـ لَعَلَّ الطَّالِبَاتِ نَاجِحَاتٌ.

لَيْتَ (تمنی کے اظہار کے لئے آتا ہے۔ عام طور پر کسی غیر متوقع یا ناممکن کام کے لئے استعمال ہوتا ہے):

١ ـ لَيْتَ الشَّبَابَ دَائِمٌ.

٢ ـ لَيْتَ الْقَمَرَ طَالِعٌ وَقْتَ النَّهَارِ.

٣ ـ لَيْتَ الْمُسْلِمِيْنَ مُتَّحِدُوْنَ.

٤ ـ لَيْتَنِيْ مَلِكٌ

لِأَنَّ (یہ دراصل لام التعلیل اور أنَّ سے مرکب ہے، کیونکہ کے معنی دیتا ہے):

(۱) لٰكِنْ (بسکون النون) لٰكِنَّ کا ہم معنی ہے لیکن اعراب پر اثر انداز نہیں ہوتا اور افعال پر بھی داخل ہوتا ہے، یہ دراصل حرف عطف ہے۔

١ ـ زَيْدٌ غَائِبٌ الْيَوْمَ لأَنَّ وَالِدَهُ مَرِيْضٌ.
٢ ـ الأَرْضُ جَدْبَاءُ لأَنَّ الْمَطَرَ قَلِيْلٌ.
٣ ـ عَائِشَةُ تَعْبَانَةٌ لأَنَّ عِنْدَهَا ضُيُوْفًا.
٤ ـ مَا حَضَرَ سَلِيْمٌ لأَنَّهُ مَشْغُوْلٌ بِالدِّرَاسَةِ[1].

قاعدہ ۲۱:

۱۔ جب إنَّ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے تو مبتدا کو منصوب کر دیتا ہے جو اس کا اسم کہلاتا ہے، اور خبر کو مرفوع کر دیتا ہے جو کہ اس کی خبر کہلاتی ہے۔ لکن، لعل، کأن، لیت، لأنَّ...... کا بھی یہی اعرابی عمل ہے۔

۲۔ ضمیر متصل جب "اسم إنَّ" واقع ہوتی ہے تو مبنی ہونے کی وجہ سے "في محلّ نصب" ہوتی ہے۔

۳۔ اصل قاعدہ یہ ہے کہ اسم إنَّ، اس کی خبر پر مقدم ہو لیکن جب خبر شبہ جملہ ہوتی ہے تو اس کو اس کے اسم پر مقدم بھی کر سکتے ہیں اور مؤخر بھی۔

۴۔ جب اسم إنَّ نکرہ ہو اور خبر شبه الجملة ہو تو خبر کو مقدم اور اسم کو مؤخر کرنا ضروری ہے۔

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل جملوں پر قوس میں دیا ہوا حرف داخل کیجئے:

نموذج: ابْنَا خَالِدٍ صَالِحَانِ　　إِنَّ ابْنَيْ خَالِدٍ صَالِحَانِ (أو لَصَالِحَان)

١ ـ .... الفَتَياتُ مُهَذَّبَاتٌ. (إِنَّ)
٢ ـ .... الْحُجَّاجُ قَادِمُوْنَ. (لَعَلَّ)
٣ ـ .... الْمُجِدُّوْنَ فَائِزُوْنَ. (إِنَّ)
٤ ـ .... الصَّدِيْقَانِ وَفِيَّانِ. (إِنَّ)
٥ ـ .... الْمُجَاهِدُوْنَ مُنْتَصِرُوْنَ. (لَعَلَّ)
٦ ـ .... فِيْهِ خَيْرٌ كَثِيْرٌ. (إِنَّ)
٧ ـ .... لَهُمْ عِقَابٌ أَلِيْمٌ. (إِنَّ)
٨ ـ .... الأُمَّهَاتُ مُؤْمِنَاتٌ. (إِنَّ)
٩ ـ .... لَكُمْ دَرَجَاتٌ عَالِيَةٌ. (إِنَّ)
١٠ ـ .... الْمُعَلِّمُوْنَ آبَاءٌ. (كَأَنَّ)
١١ ـ .... الْعُمَّالُ مُتْعَبُوْنَ. (لَعَلَّ)
١٢ ـ .... مُعَلِّمُو الْمَدْرَسَةِ مُخْلِصُوْنَ. (إِنَّ)
١٣ ـ .... عِنْدِيْ مَالٌ كَثِيْرٌ. (لَيْتَ)
١٤ ـ .... الأَخَوَانِ صَالِحَانِ. (لَعَلَّ)

---

(۱) إنَّ و أخواتها "حُرُوْفٌ مُشَبَّهَةٌ بِالْفِعْلِ" بھی کہلاتے ہیں یعنی فعل سے مشابہ حروف، یہ مشابہت دو طرح کی ہے: ۱۔ ظاہری صورت میں فعل ماضی سے مشابہ ہیں ۲۔ یہ فعل کا معنی دیتے ہیں: إنَّ اللهَ غَفُوْرٌ میں دراصل إنَّ ایک فعلیہ جملہ کا قائم مقام ہے اس لئے کہ جملے کے معنی یوں بنتے ہیں، (میں اس بات کی تاکید کرتا ہوں کہ اللہ بخشنے والا ہے)۔

١٥ ـ .... مَنَارَتَا الْمَسْجِدِ عَالِيَتَان. (إنَّ) ١٦ ـ .... فِيْ ذٰلِكَ آيَاتٌ لِلْمُتَّقِيْنَ. (إنَّ)

١٧ ـ .... الأَرْضُ كُرَةٌ. (كَأَنَّ) ١٨ ـ عَلِمْتُ، .... الصِّدْقَ طَمَأْنِيْنَةٌ. (أَنَّ)

١٩ ـ ....السَّعَادَةُ دَائِمَةٌ. (لَيْتَ) ٢٠ ـ .... الْمُتَسَابِقَانِ جَوَادَانِ فِي السُّرْعَةِ. (كَأَنَّ)

٢١ ـ .... الْبَوَاخِرُ جِبَالٌ فِي الْبَحْرِ. (كَأَنَّ) ٢٢ ـ .... الامْتِحَانُ سَهْلٌ. (لَعَلَّ)

٢٣ ـ عَلِمْتُ............ قُضَاةُ بِلَادِنَا عَادِلُوْنَ. (أَنَّ) ٢٤ ـ الشَّمْسُ مُشْرِقَةٌ ...... قَطَرَاتُ الْمَطَرِ نَازِلَةٌ. (لٰكِنَّ)

٢٥ ـ .... اللّٰهُ عَلِيْمٌ بِالسَّرَائِرِ. (إنَّ) ٢٦ ـ ....الْمُؤْمِنُوْنَ مُسْتَبْشِرُوْنَ. (إنَّ)

٢٧ ـ ....الْبَسَاتِيْنُ مُثْمِرَةٌ. (لَعَلَّ) ٢٨ ـ ....التِّلْمِيْذَاتُ مُثَابِرَاتٌ عَلَى الْعَمَلِ. (إنَّ)

٢٩ ـ ....الإِخْوَةُ مُتَحَابُّوْنَ. (لَيْتَ) ٣٠ ـ ....الْمَرِيْضُ مُعَالَجٌ. (لَعَلَّ)

٣١ ـ الْمِنْطَقَةُ بَعِيْدَةٌ............ الطُّرُقُ مُمَهَّدَةٌ. (لٰكِنَّ) ٣٢ ـ .... الْبُسْتَانُ جَنَّةٌ مِنْ جَنَّاتِ الدُّنْيَا. (كَأَنَّ)

٣٣ ـ ....لِيْ فِي الْحَيَاةِ رِسَالَةٌ. (إنَّ) ٣٤ ـ عَلِمْتُ .... وَعْدُ اللّٰهِ حَقٌّ. (إنَّ)

٣٥ ـ ....حَالُ الْمَرِيْضِ سَيِّءٌ. (إنَّ) ٣٦ ـ قَالَ الْمُعَلِّمُ .... الْعَرَبِيَّةُ سَهْلَةٌ. (لَعَلَّ)

٣٧ ـ سَرَّنِي .... النَّتِيْجَةُ حَسَنَةٌ. (أَنَّ) ٣٨ ـ الضُّيُوْفُ مَوْجُوْدُوْنَ،...... الْمُضِيْفُ غَائِبٌ. (لٰكِنَّ)

٣٩ ـ .... لِلْمَرْأَةِ مَكَانَةٌ مَرْمُوْقَةٌ فِي الْمُجْتَمَعِ (١) الإِسْلَامِيِّ. (إنَّ)

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملوں میں ہر ایک مبتدا ضمیر مرفوع منفصل ہے جب ان جملوں پر إنَّ داخل ہوگا تو ضمائر منفصلہ کے بجائے متصلہ استعمال ہونگے۔

نموذج: إنَّ هُوَ عَالِمٌ كَبِيْرٌ. إنَّهُ عَالِمٌ كَبِيْرٌ.

١ ـ لَيْتَ أَنَا غَنِيٌّ. ٢ ـ زَيْدٌ غَنِيٌّ لٰكِنَّ هُوَ بَخِيْلٌ.

٣ ـ إنَّ هُمْ غَالِبُوْنَ. ٤ ـ أَنْتُمَا أَخَوَانِ وَلٰكِنَّ أَنْتُمَا مُخْتَلِفَان.

٥ ـ إنَّ أَنْتِ صادِقَةٌ. ٦ ـ إنَّ هِيَ عِرَاقِيَّةٌ لٰكِنَّ هِيَ شِيْعِيَّةٌ.

(١) معاشرہ

۷۔ لَيْتَ أَنْتُمَا صَالِحَانِ.

۸۔ لَعَلَّ أَنْتُمْ رَاسِبُوْنَ فِي الإِمْتِحَانِ.

۹۔ لَيْتَ أَنْتُنَّ مُتَحَجِّبَاتٌ.

۱۰۔ عَائِشَةُ غَائِبَةٌ الْيَوْمَ لأَنَّ هِيَ مَرِيْضَةٌ.

۱۱۔ ظَنَنْتُ[1] أَنَّ أَنْتَ غَائِبٌ.

۱۲۔ الأُمُّ بَاكِيَةٌ لأَنَّ هِيَ قَلِقَةٌ عَلَى طِفْلِهَا.

۱۳۔ عَرَفْتُ أَنَّ أَنْتِ نَاجِحَةٌ.

۱۴۔ إِنَّ أَنَا مَسْرُوْرٌ جِدًّا بِنَتِيْجَةِ الامْتِحَانِ.

۱۵۔ إِنَّ نَحْنُ مُتْعَبُوْنَ الْيَوْمَ .

۱۶۔ الْخَادِمَاتُ أَمِيْنَاتٌ لَكِنَّ هُنَّ كَسْلَانَاتٌ.

۱۷۔ اَشُكُّ أَنَّ أَنْتَ عَلَى حَقٍّ.

۱۸۔ الأَطْفَالُ بَاكُوْنَ لأَنَّ هُمْ خَائِفُوْنَ مِنَ الظَّلَامِ.

۱۹۔ لَكَ جَائِزَةٌ لأَنَّ أَنْتَ مُجِدٌّ.

۲۰۔ عَائِشَةُ ذَكِيَّةٌ لَكِنَّ هِيَ كَسْلَانَةٌ.

۲۱۔ إِنَّ أَنْتَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُوْنَ.

۲۲۔ سَمِعْتُ أَنَّ أَنْتُنَّ مُسَافِرَاتٌ إِلَى مَكَّةَ لأَدَاءِ الْعُمْرَةِ.

۲۳۔ الْعَامِلَانِ بَطِيْئَانِ لَكِنَّ هُمَا مُتْقِنَانِ.

۲۴۔ الْبُيُوْتُ صَغِيْرَةٌ وَلَكِنْ هِيَ مُزَوَّدَةٌ بِجَمِيْعِ وَسَائِلِ الرَّاحَةِ.

التمرين ۔ ۳

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ شاید گھر قریب ہے۔

۲۔ بے شک آپ کے دونوں چچا نیک ہیں۔

۳۔ شاید جوتا تنگ ہے۔

۴۔ بے شک گاؤں میں کچھ نیک مرد ہیں۔

۵۔ کاش مالٹا میٹھا ہوتا۔

۶۔ گویا کہ آپ کے دلوں پر پردے ہیں۔

۷۔ کاش امیر آدمی سخی ہوتا۔

۸۔ استاد مایوس ہے کیونکہ طلبہ لاپرواہ ہیں۔

۹۔ بے شک علم سمندر ہے۔

۱۰۔ کمرہ ٹھنڈا ہے کیونکہ کھڑکیاں کھلی ہیں۔

۱۱۔ گویا کہ چاند چراغ ہے۔

۱۲۔ طلبہ حاضر ہیں لیکن اساتذہ غائب ہیں۔

۱۳۔ شاید یہ اسباق مفید ہیں۔

۱۴۔ گویا کہ زید بہادری میں شیر کی مانند ہے۔

۱۵۔ گویا کہ پانی آئینہ ہے۔

۱۶۔ باغ خوبصورت ہے کیونکہ باغبان محنتی ہے۔

۱۷۔ کاش آسمان ابر آلود ہوتا۔

۱۸۔ بے شک یہ جملے لمبے ہیں لیکن آسان ہیں۔

(۱) ظَنَنْتُ: میں نے سمجھا

۱۹۔ شاید دینی کتابیں سستی ہیں۔
۲۰۔ یہ تاجر نفع کماتے ہیں کیونکہ یہ امانتدار ہیں۔
۲۱۔ کاش آپکے دادا زندہ ہوتے۔
۲۲۔ کپڑا اچھا ہے لیکن اس کی قیمت بہت زیادہ ہے۔
۲۳۔ گویا کہ دنیا کافر کی جنت ہے۔
۲۴۔ بے شک یہ عورت نیک نہیں ہے لیکن یہ سیدھی ہے۔
۲۵۔ گھر نیا ہے لیکن اثاثہ پرانا ہے۔
۲۶۔ طلباء خوشیاں منا رہے ہیں کیونکہ چھٹیاں قریب ہیں۔
۲۷۔ شاید نئے اساتذہ سعودی ہیں۔
۲۸۔ گرمی سخت ہے اور راستہ کٹھن ہے لیکن گھر قریب ہے۔
۲۹۔ کاش آپ کے بیٹے نیک ہوتے۔
۳۰۔ بے شک آپ سب تھکے ہوئے ہیں لیکن یہ کام اہم ہے۔
۳۱۔ بے شک بت بے جان پتھر ہیں۔
۳۲۔ بے شک آپ کی بیٹیاں پڑھی لکھی ہیں لیکن بے پردہ ہیں۔
۳۳۔ کاش آپ کی بہنیں موجود ہوتیں۔
۳۴۔ بے شک دونوں محنتی طالب علم کامیاب ہونے والے ہیں۔
۳۵۔ یقیناً مدینہ کے منافق جھوٹے ہیں۔
۳۶۔ اس شہر کی سڑکیں تنگ ہیں لیکن ہموار اور صاف ستھری ہیں۔
۳۷۔ گویا کہ کتاب بہترین ہم نشین (۱) ہے۔
۳۸۔ بیشک آپکے دونوں بڑے بیٹے ذہین ہیں لیکن آپکا چھوٹا بیٹا غبی ہے۔
۳۹۔ کاش میرے پاس ہزار روپے (۲) ہوتے۔
۴۰۔ بیشک کافر دنیا میں نعمت یافتہ ہیں لیکن آخرت میں عذاب دیئے جائینگے۔

تمرين في الاعراب ـ ٤

مندرجہ ذیل جملوں کے اعراب کیجئے:

١ ـ إِنَّا لَهُ كَاتِبُوْنَ.
٢ ـ إِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ.
٣ ـ إِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ فِتْنَةً فِتْنَةُ أُمَّتِي الْمَالُ.
٤ ـ إِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا.
٥ ـ إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ.
٦ ـ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ.
٧ ـ إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا.
٨ ـ إِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ بِالْكَافِرِيْنَ.
٩ ـ كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ.
١٠ ـ كَأَنَّ فِيْ أُذُنَيْهِ وَقْرًا.

(١) خَيْرُ جَلِيْسٍ (٢) أَلْفُ رُوْبِيَّةٍ

التمرين ـ ٥

ہر اسم جملے میں استعمال کیجئے اس طرح کہ وہ قوس میں دیئے ہوئے حرف کا اسم بن کر آئے:

١ ـ أنا (لعلَّ) ٢ ـ أنتَ (إنَّ) ٣ ـ هي (لٰكِنَّ)
٤ ـ نحن (لٰكِنَّ) ٥ ـ الاسواق (إنَّ) ٦ ـ الجوُّ (لٰكِنَّ)
٧ ـ التلميذانِ (إنَّ) ٨ ـ الباكستانيات (لَيْتَ) ٩ ـ الاصدقاء (كَأنَّ)
١٠ ـ المهندسونَ (لَيْتَ)

التمرين ـ ٦

مندرجہ ذیل جملوں میں إنَّ کے اسم کو پہلے مثنٰی پھر جمع بنا کر جملوں میں لازمی تبدیلیاں کیجئے:

نموذج: إنَّ الْوَلَدَ طَيِّبٌ لٰكِنَّهُ غَبِيٌّ.
إنَّ الْوَلَدَيْنِ طَيِّبَانِ لٰكِنَّهُمَا غَبِيَّانِ.
إنَّ الأوْلادَ طَيِّبُوْنَ لٰكِنَّهُمْ أغْبِيَاءُ.

١ ـ إنَّ الرَّجُلَ قَوِيٌّ لٰكِنَّهُ جَبَانٌ. ٢ ـ إنَّ الْمَرْأةَ مُثَقَّفَةٌ لٰكِنَّهَا مُتَبَرِّجَةٌ. ٣ ـ إنَّ الْبَيْتَ ضَيِّقٌ وَلٰكِنَّهُ نَظِيْفٌ.
٤ ـ إنَّ الْفَتَاةَ قَلِقَةٌ لأنَّ وَالِدَهَا مَرِيْضٌ. ٥ ـ إنَّ الْحَارِسَ شَيْخٌ كَبِيْرٌ لٰكِنَّهُ مُتَيَقِّظٌ.

تمرين ـ ٧

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں إنَّ وَ أخَوَاتُها کی شناخت کیجئے اور ہر حرف کا اسم اور خبر بیان کیجئے:

١ ـ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ. ٢ ـ إنَّ النَّفْسَ لأمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ. ٣ ـ إنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَالَهُ مِنْ نَّفَادٍ.
٤ ـ إنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ. ٥ ـ إنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الإسْلامُ. ٦ ـ إنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنَّاتٍ وَّعُيُوْنٍ.
٧ ـ إنَّ الإنْسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُوْدٌ. ٨ ـ كَأنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ. ٩ ـ إنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ.
١٠ ـ إنَّ الْمُنَافِقِيْنَ لَكَاذِبُوْنَ. ١١ ـ إنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغَالِبُوْنَ. ١٢ ـ إنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ.

١٣ـ كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ. ١٤ـ إِنَّ هٰؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ. ١٥ـ إِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الأُوْلٰى.

١٦ـ إِنَّكَ مَيِّتٌ وَّإِنَّهُم مَّيِّتُوْنَ. ١٧ـ إِنَّ لَدَيْنَا(١) أَنْكَالاً وَّ جَحِيْمًا. ١٨ـ إِنَّ أَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ.

١٩ـ إِنَّ فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ لآيَاتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ. ٢٠ـ لَقَدْ جِئْنَاكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كَارِهُوْنَ.

نئے الفاظ

عربي	اردو	عربي	اردو
بَاخِرَةٌ ج: بَوَاخِرُ	بادبانی کشتی	بَاكِيَةٌ	رو رہی ہے
بَطِيْءٌ	سست رفتار	جَبَانٌ ج: جُبَنَاءُ	بزدل
رَاسِبٌ ج س	فیل ہونے والا	سِرٌّ ج: أَسْرَارٌ	راز
سَرَّنِيْ	مجھے خوشی ہوئی	سَمِعْتُ	میں نے سنا
سَيِّءٌ	برا	ظَنَنْتُ	میں نے خیال کیا
قَاضٍ ج: قُضَاةٌ	قاضی	كُرَةٌ	گول (گیند)
مَكَانَةٌ مَرْمُوْقَةٌ	معتبر مقام	مُتَحَابٌّ ج س	محبت کرنے والا
مُثَابِرٌ ج س	کسی کام پر مداومت کرنا	مُزَوَّدٌ	آراستہ یا مہیا
مُضِيْفٌ ج س	میزبان		

اردو	عربي	اردو	عربي
ابر آلود	مُلَبَّدَةٌ بِالْغُيُوْمِ	اثاثہ، سامان	أَثَاثٌ
اہم	مُهِمٌّ	باغبانی	بُسْتَانِيٌّ ج س
بت	صَنَمٌ ج: أَصْنَامٌ	بے جان	مَيِّتٌ
پتھر	حَجَرٌ ج: أَحْجَارٌ	پردہ (دلوں پر پردہ)	أَكِنَّةٌ
چراغ	مِصْبَاحٌ ج: مَصَابِيْحُ	چھٹیاں	عُطْلَةٌ، عُطْلَاتٌ

(١) لدى + نا = لَدَيْنَا: ہمارے پاس

اردو	عربي	اردو	عربي
سیدھی (سادہ مزاج)	سَاذِجَةٌ	عذاب دیا ہوا	مُعَذَّبٌ ج س
کٹھن	صَعْبٌ	لاپرواہ	مُهْمَلٌ ج س
مایوس	قَنُوْطٌ، يَؤُوْسٌ	نعمت یافتہ	مُنْعَمٌ ج س
نفع کمانے والا	مُنْتَفِعٌ ج س		

الدرس السادس عشر

الأَسْمَاءُ الْخَمْسَةُ

الأمثلة:

(الف) حالة الرفع	(ب) حالة النصب	(ج) حالة الجر
١ ـ أَبُوْكَ شَيْخٌ كَبِيْرٌ.	١ ـ احْتَرَمْتُ أَبَاكَ.	١ ـ سَلَّمْتُ عَلى أَبِيْكَ.
٢ ـ حَضَرَ أَخُوْكَ.	٢ ـ هَنَّأْتُ أَخَاكَ.	٢ ـ رَحَّبْتُ بِأَخِيْكَ.
٣ ـ حَمُوْكَ كَرِيْمٌ.	٣ ـ قَابَلْتُ حَمَاكَ.	٣ ـ ذَهَبْتُ إِلى حَمِيْكَ.
٤ ـ ذُو الْعِلْمِ مُحْتَرَمٌ.	٤ ـ سَأَلْتُ ذَا الْعِلْمِ.	٤ ـ أَخَذْتُ الْعِلْمَ مِن ذِيْ عِلْمٍ.
٥ ـ فُوْهُ نَظِيْفٌ.	٥ ـ فَحَصَ الطَّبِيْبُ فَاكَ.	٥ ـ نَظَرَ الطَّبِيْبُ إِلى فِيْكَ.

شرح وتفصیل:

عربی زبان میں پانچ اسماء ایسے ہیں جنکے اعراب حرکات کے بجائے حروف سے ہوتے ہیں حالت رفع میں ضمہ کے بجائے واو، حالت نصب میں فتحہ کے بجائے الف، اور حالت جر میں کسرہ کے بجائے یاء آتی ہے، یہ اسماء مندرجہ ذیل ہیں:

ا۔أَبٌ (باپ)،أَخٌ (بھائی)،حَمٌ [1] (سسر)، ذُو (والا)، فَمٌ (منہ)۔

آیئے اب مندرجہ بالا مثالوں کی روشنی میں ان اسماء کے اعراب کی کیفیت سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں:

"مجموعہ (الف) جملہ ا" میں أبٌ مبتدا واقع ہوا ہے لہذا مرفوع ہے، لیکن اس میں رفع کی علامت ضمہ کے بجائے واو ہے گویا کہ واو ضمہ کا قائم مقام ہے۔

"مجموعہ (ب) جملہ ا" میں أبٌ مفعول بہ واقع ہوا ہے، لہذا منصوب ہے لیکن اس کے نصب کی علامت فتحہ کے بجائے الف ہے

(١) حَمٌ کا اطلاق عام طور پر شوہر کے رشتہ داروں (سسر، جیٹھ، چچا سسر وغیرہ) پر ہوتا ہے، لیکن بیوی کے رشتہ داروں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔

گویا کہ الف اسماء خمسہ میں فتحہ کے قائم مقام ہوتا ہے۔

"مجموعہ (ج) جملہ ا" میں أبٌ حرف جر کے بعد واقع ہونے کی بنا پر مجرور ہے، لیکن اس میں جر کی علامت کسرہ کے بجائے یاء ہے گویا کہ یاء کسرہ کے قائم مقام ہے۔ باقی ماندہ اسماء کے اعراب کو بھی اسی پر قیاس کیجئے۔

اسماء خمسہ کے اعراب بالحروف کے لئے چند شرائط درکار ہیں:

ا۔ پہلی شرط یہ ہے کہ یہ مفرد ہوں، تثنیہ ہونے کی حالت میں انکے اعراب مثنی کی طرح ہونگے:

١ ـ الأَخَوَانِ صَالِحَانِ. (مرفوع بالألف)

٢ ـ قَابَلْتُ الأَخَوَيْنِ. (منصوب بالياء)

٣ ـ مَرَرْتُ بِالأَخَوَيْنِ. (مجرور بالياء)

اور جمع ہونے کی حالت میں انکے اعراب جمع کے سے ہونگے:

١ ـ جَاءَ الإِخْوَةُ. (مرفوع بالضمة)　　٢ ـ الآبَاءُ صَالِحُوْنَ. (مرفوع بالضمة)

٣ ـ نَظَرَ الطَّبِيْبُ إِلَى أَفْوَاهِ الأَطْفَالِ. (مجرور بالكسرة)　　٤ ـ رَأَيْتُ أَحْمَاءَ عَائِشَةَ. (منصوب بالفتحة)

۲۔ دوسری شرط یہ ہے کہ مضاف واقع ہوں خواہ اسم ظاہر کی طرف مضاف ہوں (أَبُوْ خَالِدٍ) یا ضمیر کی طرف مضاف ہوں (أَبُوْهُ) مضاف نہ ہونے کی صورت میں انکے اعراب حرکات سے ہونگے:

١ ـ الأَبُ كَرِيْمٌ.　　٢ ـ نَصَرْتُ الأَخَ.　　٣ ـ فَرِحَ الْحَمُ.

۳۔ تیسری شرط یہ ہے کہ یہ یاء المتکلم کی طرف مضاف نہ ہوں اس صورت میں انکے اعراب تقدیری [1] ہونگے۔

١ ـ أَبِيْ رَحِيْمٌ.　　٢ ـ أُحِبُّ أَخِيْ.　　٣ ـ إِحْتَرَمْتُ حَمِيْ.

۴۔ اسکے علاوہ فُوْ کیلئے یہ شرط ٹھہرائی گئی ہے کہ اسکے ساتھ میم نہ ہو لیکن اگر میم ہو تو اس صورت میں اسکے اعراب حرکات کے ساتھ ہونگے:

١ ـ فَمُهُ نَظِيْفٌ.　　٢ ـ فَحَصَ الطَّبِيْبُ فَمَهُ.　　٣ ـ نَظَرْتُ إِلَى فَمِهِ.

---

(۱) اعراب کی تین قسمیں ہیں: ا۔ ظاہری: جو کہ حرکات کے ساتھ بھی ہو سکتے ہیں اور حرف کے ساتھ بھی۔ ۲۔ محلی: جو مبنی اسماء وجملہ اور شبہ الجملة کے ہوتے ہیں۔ ۳۔ تقدیری: تقدیری اعراب کی اس وقت ضرورت پڑتی ہے جب کسی حرف پر حرکت کا ظہور مشکل یا محال ہو جیسا کہ یاء سے پہلے والے حرف پر حرکت لگا دینے سے تلفظ میں صعوبت پیدا ہو جاتی ہے اس مشکل سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے ہم "المضاف إلى ياء المتكلم" پر اعرابی حرکت نہیں لگاتے بلکہ اس حرکت کا اندازہ ٹھہرا لیتے ہیں۔ کتابي على المكتب میں کتاب پر ضمہ آنا چاہئے تھا لیکن یاء کی وجہ سے ضمہ کا ظہور ممکن نہیں، لہذا ہم کتاب کے اعراب کو "مبتدا مرفوع بالضمة المقدرة" سے تعبیر کرتے ہیں۔ تقدیری اعراب تین قسم کے اسماء کے ہوتے ہیں: ا۔ المضاف إلى ياء المتكلم ۲۔ المقصور (صغرى، سلمى، نعمى) ۳۔ المنقوص (القاضي، الداعي، الراعي)۔

قاعدہ ۲۲:

۱۔ اسماء خمسہ پانچ ہیں: أب، أخ، حم، ذو، فم

۲۔ اسماء خمسہ کے اعراب حروف سے ہوتے ہیں، یہ واؤ سے مرفوع، الف سے منصوب اور یاء سے مجرور ہوتے ہیں

۳۔ اسماء خمسہ کے اعراب حروف کے ساتھ اس وقت ہوتے ہیں جب کہ یہ مفرد ہوں اور یاء المتکلم کے علاوہ کسی اسم ظاہر یا ضمیر کی طرف مضاف ہوں۔

التمرين ۔ ۱

مندرجہ ذیل جملوں کے مبتدا اسماء خمسہ میں سے ہیں ہر جملے پر (إنّ) داخل کیجئے:

١ ۔ حَمُوْ عَائِشَةَ ثَرِيٌّ. ٢ ۔ ذُو الْخُلُقِ مَحْبُوْبٌ. ٣ ۔ أَخُوْنَا طَبِيْبُ الأَسْنَانِ.

٤ ۔ فُو الْمُنَافِقِ مُخْرِجُ الْكَذِبِ. ٥ ۔ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ أَجِلَّةِ صَحَابَةِ الرَّسُوْلِ ﷺ.

التمرين ۔ ۲

خالی جگہوں کو اسماء خمسہ سے پر کیجئے:

١ ۔ .... عَالِمٌ كَبِيْرٌ. ٢ ۔ .... رَحِمُكَ فَهُوَ جَدِيْرٌ بِعَطْفِكَ.

٣ ۔ لَعَلَّ .... قَادِمٌ الْيَوْمَ. ٤ ۔ سَمِعْتُ أَنَّ .... زَيْدٍ مُسَافِرٌ الْيَوْمَ.

٥ ۔ أَأَنْتَ أَكْبَرُ مِنْ .... ٦ ۔ عَلِمْتُ أَنَّ اللّٰهَ .... مَغْفِرَةٍ وَاسِعَةٍ.

٧ ۔ احْتَرَمْتُ .... الْخُلُقِ. ٨ ۔ خَالِدٌ شُجَاعٌ لٰكِنَّ............ جَبَانٌ.

٩ ۔ رَأَيْتُ .... فِي الْمَطَارِ. ١٠ ۔ .... الْكَرَمِ مَحْبُوْبٌ فِيْ قَوْمِهِ.

١١ ۔ هُوَ......مَالٍ لٰكِنَّ......فَقِيْرٌ. ١٢ ۔ إِنَّ لِي أَخًا .... خُلُقٍ كَرِيْمٍ [1].

١٣ ۔ لَيْتَ .... زَيْنَبَ رَحِيْمٌ. ١٤ ۔ لَيْتَ .... رَئِيْسُ وُزَرَاءِ بَاكِسْتَانَ.

١٥ ۔ هٰذَا الْمَالُ لِـ .... الْحَاجَةِ. ١٦ ۔ قَرَأْتُ فِي الْقُرْآنِ قِصَّةَ ....الْقَرْنَيْنِ.

(۱) ذو: صفت کے طور پر بھی واقع ہوتا ہے۔ اس صورت میں حسب قاعدہ اپنے سے پہلے والے اسم کے اعراب کا تابع ہوگا۔

۱۷ ـ ذَهَبْتُ إِلَى ....الْعِلْمِ وَسَأَلْتُهُ.
۱۸ ـ زَيْدٌ غَائِبٌ الْيَوْمَ لأَنَّ .... مَرِيْضٌ.
۱۹ ـ قَدَّمَتْ عَائِشَةُ الشَّايَ لِـ.........
۲۰ ـ أَقَرَأْتَ سِيْرَةَ .... بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.

التمرين ـ ۳

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ شاید زید قوت والا ہے۔
۲۔ زید کا باپ آج گاؤں سے لوٹ رہا ہے۔
۳۔ کاش خالد کا بھائی مالدار ہوتا۔
۴۔ میں نے بچے سے کہا آپ کے منہ میں کیا ہے؟
۵۔ زید اپنے بھائی پر ناراض ہے۔
۶۔ اللہ تعالیٰ انسانوں پر بڑا فضل کرنے والے ہیں۔
۷۔ یہ عینک والا طالب علم کون ہے؟
۸۔ میرا مال ایک امانتدار[1] (آدمی) کے پاس ہے۔
۹۔ علم والا جاہل[2] سے بہتر ہے۔
۱۰۔ کیا آپ کا بھائی سلیم کے بھائی سے زیادہ لمبا ہے؟
۱۱۔ کیا فاطمہ کا سسر تنگدست ہے؟
۱۲۔ فاطمہ کی ماں مصری ہے لیکن اسکا باپ پاکستانی ہے۔
۱۳۔ کیا آپ کا چھوٹا بھائی انجینئر ہے۔
۱۴۔ اے زینب! میں آپ کے بھائی کے پاس جا رہا ہوں۔
۱۵۔ کیا اس (مؤنث) کا باپ بیمار ہے۔
۱۶۔ بے شک عائشہ کا سسر اس کمپنی میں ایک بڑا افسر ہے۔
۱۷۔ شاید خالد کا باپ دکان میں موجود ہے۔
۱۸۔ اے خدیجہ! کیا آپ کے جیٹھ اس کمپنی کے ڈائریکٹر ہیں؟
۱۹۔ یہ قصہ ذوالقرنین کے بارے میں ہے۔
۲۰۔ ہم آج پریشان ہیں کیونکہ ہمارا چھوٹا بھائی کھویا ہوا ہے۔

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں اسماء خمسہ کے اعراب بتائیے:

۱ ـ أَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ.
۲ ـ إِنَّ أَبَانَا لَفِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ.
۳ ـ إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ذِيْ قُوَّةٍ.
٤ ـ أَخَذَ بِرَأْسِ أَخِيْهِ.
٥ ـ يَسْأَلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ.
٦ ـ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوْهُمْ نُوْحٌ أَلَا تَتَّقُوْنَ.
۷ ـ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ.
۸ ـ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ أَخِيْهِ.
۹ ـ إِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ أَلِيْمٍ.

(۱) ذُو الأَمَانَةِ (۲) جاہل کا ترجمہ أَخُو الْجَهَالَةِ سے بھی کیا جاتا ہے۔

١٠ ـ تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلاَلِ وَالإِكْرَامِ.

نئے الفاظ

عربي	اردو	عربي	اردو
أَجِلَّةٌ	جلیل کی جمع ہے	ثَرِيٌّ ج : أَثْرِيَاءُ	مالدار
جَدِيْرٌ ج س (هُوَ جَدِيْرٌ بِكَذَا)	لائق (وہ اس بات کے لائق ہے)	سِنٌّ ج : أَسْنَانٌ	دانت
مُخْرِجٌ ج س	نکالنے والا	عَطْفٌ	مہربانی، شفقت

اردو	عربي	اردو	عربي
تنگدست	مُعْسِرٌ	ڈائریکٹر	مُدِيْرٌ ج س
عینک	نَظَّارَةٌ	کھویا ہوا	مَفْقُوْدٌ ج س

الدرس السابع عشر

اَلْفِعْلُ الْمَاضِي

صِيَغُ الْمُفْرَدِ

المفرد المذكر الغائب	
حَامِدٌ ذَهَبَ. ذَهَبَ : فعل، ضمیر مستتر: فاعل	ذَهَبَ حَامِدٌ. ذَهَبَ : فعل، حَامِدٌ: فاعل
المفرد المؤنث الغائب	
فاطِمَةُ ذَهَبَتْ. ذَهَبَ: فعل، ت: علامة التأنيث ضمیر مستتر: فاعل	ذَهَبَتْ فَاطِمَةُ . ذَهَبَ: فعل، ت: علامة التأنيث فَاطِمَةُ :فاعل
المفرد المذكر المخاطب	**المفرد المؤنث المخاطب**
أَنْتَ ذَهَبْتَ. ذَهَبَ: فعل، تَ: فاعل	أَنْتِ ذَهَبْتِ. ذَهَبَ: فعل، تِ: فاعل
المتكلم المذكر والمؤنث	
أَنَا ذَهَبْتُ. ذَهَبَ: فعل، تُ: فاعل	

شرح وتفصیل:

اَلْفِعْلُ الْمَاضِيْ وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا گزشتہ زمانہ میں واقع ہونا ثابت ہو،مندرجہ بالا نقشہ فعل ماضی ذَهَبَ کے مفرد صیغوں پر مشتمل ہے۔ یہ فعل تین حروف پر مشتمل ہے''ذ، ہ، ب''۔ پہلے حرف کو فاء کلمہ سے تعبیر کیا جاتا ہے،

دوسرے کو عین سے اور تیسرے کو لام سے [۱]۔

تین حروف پر مشتمل فعل ماضی کا فاء اور لام کلمہ ہمیشہ مفتوح ہوتے ہیں۔ جبکہ عین کلمہ کی حرکت سماع پر موقوف ہے اسکا کوئی قاعدہ نہیں۔ اس پر فتحہ بھی آ سکتا ہے، مثلاً: (ذَهَبَ) ،ضمہ بھی مثلاً (كَرُمَ) اور کسرہ بھی مثلاً (فَرِحَ)۔

غائب کا صیغہ:

عربی میں جب فعل ذکر کیا جاتا ہے تو ہمیشہ مفرد مذکر غائب کے صیغے میں ذکر کیا جاتا ہے۔ جانے کا فعل ذَهَبَ ہے۔ جس کے معنی ہیں وہ گیا لیکن وہ (هو) کی ضمیر (جو کہ فاعل ہے) ذکر نہیں کی جاتی، بلکہ مستتر یعنی چھپی ہوئی ہوتی ہے۔ اسی طرح ذَهَبَتْ میں "التاء" تانیث کی علامت ہے اور اسکا فاعل ضمیر مستتر (هي) ہے۔

حَامِدٌ ذَهَبَ میں حَامِدٌ مبتدا ہے۔ ذَهَبَ فعل ماضی ہے جسکا فاعل ضمیر مستتر (هو) ہے، جملہ ذَهَبَ مبتدا کی خبر ہے۔

آپ نے دیکھا کہ فعل کا فاعل اسم ظاہر بھی ہوسکتا ہے "ذَهَبَ حَامِدٌ" "ذَهَبَتْ فَاطِمَةُ" اور ضمیر بھی "فَاطِمَةُ ذَهَبَتْ" "حَامِدٌ ذَهَبَ" ۔عربی قواعد کی رو سے چونکہ فعل ہمیشہ اپنے فاعل سے پہلے آتا ہے اسی لئے "حَامِدٌ ذَهَبَ" اور "فَاطِمَةُ ذَهَبَتْ" میں ہم نے حامد اور فاطمہ کو فاعل نہیں بنایا۔

مفرد مذکر مخاطب کا صیغہ:

فعل ماضی کا لام کلمہ ساکن کر کے اسکے بعد (تَ) لگا دینے سے بنتا ہے۔ ذَهَبْتَ (آپ گئے) میں (تَ) فعل کا فاعل ہے۔

مفرد مؤنث مخاطب کا صیغہ:

فعل ماضی کے لام کلمہ کو ساکن کر کے اس کے بعد (تِ) لگا دینے سے بنتا ہے۔ ذَهَبْتِ (آپ گئیں) میں (تِ) فعل کا فاعل ہے۔

مفرد متکلم مؤنث و مذکر کا صیغہ:

فعل ماضی کے لام کلمہ کو ساکن کر کے اسکے بعد (تُ) لگا دینے سے بنتا ہے، ذَهَبْتُ (میں گیا/گئ) میں (تُ) فاعل ہے۔ "تَ، تِ، تُ" ضَمَائِرُ الرَّفْعِ الْبَارِزَةُ کہلاتے ہیں۔ یہ صرف فعل ماضی کے ساتھ مل کر بحیثیت فاعل آتے ہیں۔ بَارِزَةٌ (ظاہرہ) اس لئے کہلاتے ہیں کہ یہ ضمیر مستتر کے برخلاف ظاہر ہوتے ہیں (یعنی فعل کے ساتھ لکھے اور پڑھے جاتے ہیں)۔

---

(۱) فعل ماضی کے کم از کم تین حروف ہوتے ہیں جو صرف کی اصطلاح میں "اَلْحُرُوْفُ الأَصْلِيَّةُ" کہلاتے ہیں۔ ان حروف اصلیہ میں ایک یا دو یا تین حروف کا اضافہ کر کے چار حرفہ، پانچ حرفہ اور چھ حرفہ افعال بنائے جاتے ہیں جیسے سَمِعَ (اس نے سنا) کے آگے ہمزہ لگا کر أَسْمَعَ بن جاتا ہے جس کے معنی ہیں (اس نے سنایا) اس کی تفصیل ان شاء اللہ "الجزء الثانی" میں آئے گی۔

الْمَفْعُوْلُ بِهِ:

وہ اسم جس پر فاعل کا فعل واقع ہو مفعول بہ کہلاتا ہے۔ جیسے أَكَلَ زَيْدٌ الطَّعَامَ.(زید نے کھانا کھایا) میں الطعام مفعول بہ ہے۔ اور قَرَأْتُ الْكِتَابَ. (میں نے کتاب پڑھی) میں الکتاب مفعول بہ ہے۔

اللاَّزِمُ وَالْمُتَعَدِّيْ

اللازم:

بعض افعال کو مفعول بہ کی ضرورت نہیں ہوتی یا وہ مفعول بہ کو براہ راست منصوب نہیں کرتے، ایسے افعال ''افعال لازمہ'' کہلاتے ہیں۔

المتعدي:

وہ افعال جو براہ راست مفعول بہ کو منصوب کرتے ہیں ''افعال متعدیہ'' کہلاتے ہیں۔

اسکے علاوہ بہت سے افعال ایسے ہوتے ہیں جنکے ساتھ حروف جارہ استعمال ہوتے ہیں یہ قواعد کی رو سے لازم ہی کہلاتے ہیں اگرچہ معنی کے اعتبار سے متعدی ہوتے ہیں۔

۱۔ تَعِبَ زَيْدٌ. (لازم)

۲۔سَاعَدَ زَيْدٌ صَدِيْقَهُ. (متعدي)

۳۔ بَحَثَ زَيْدٌ عَنْ كُتُبِهِ. (بَحَثَ قواعد کی رو سے لازم ہے کیونکہ مفعول بہ کو منصوب نہیں کر رہا بلکہ اسکے بعد حرف جر آ رہا ہے معنی کے اعتبار سے متعدی ہے اس صورت کو ''مُتَعَدٍّ بِـ عَنْ'' سے تعبیر کیا جائے گا)۔

قاعدہ نمبر۲۳:

۱۔فعل ماضی وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا گزشتہ زمانہ میں واقع ہونا ثابت ہو۔

۲۔فعل ہمیشہ اپنے فاعل سے پہلے واقع ہوتا ہے اور فاعل ہمیشہ مرفوع اور مفعول بہ منصوب ہوتا ہے۔

التمرين[۱] ـ ۱

مندرجہ ذیل جملوں میں "حَامِدٌ" کے بجائے پہلے "فَاطِمَةُ" پھر أنْتَ، أنْتِ اور أنَا بالترتیب لگا کر ہر ایک کے ساتھ فعل کا صیغہ بدلیے:

نموذج: حَامِدٌ خَرَجَ مِنَ الْفَصْلِ. فَاطِمَةُ خَرَجَتْ مِنَ الْفَصْلِ.

أنْتَ خَرَجْتَ مِنَ الْفَصْلِ. أنْتِ خَرَجْتِ مِنَ الْفَصْلِ.

أنَا خَرَجْتُ مِنَ الْفَصْلِ.

١ ـ حَامِدٌ شَكَرَ رَبَّهُ.

٢ ـ حَامِدٌ فَرِحَ بِنَتِيْجَةِ الامْتِحَان.

٣ ـ حَامِدٌ كَتَبَ الدَّرْسَ.

٤ ـ حَامِدٌ أخَذَ الْقَلَمَ مِنْ صَدِيْقِهِ.

٥ ـ حَامِدٌ غَسَلَ مَنَادِيْلَهُ.

٦ ـ حَامِدٌ كَسَرَ الْفِنْجَانَ الأبْيَضَ.

٧ ـ حَامِدٌ دَخَلَ فِي الْبَيْتِ.

٨ ـ حَامِدٌ تَرَكَ حَقِيْبَتَهُ فِيْ بَيْتِ أخْتِهِ.

٩ ـ حَامِدٌ نَزَلَ مِنَ الْقِطَارِ.

١٠ ـ حَامِدٌ رَكِبَ فِيْ حَافِلَةِ الْمَدْرَسَةِ.

١١ ـ حَامِدٌ أكَلَ تُفَّاحَةً حُلْوَةً.

١٢ ـ حَامِدٌ قَرَأَ الْقُرْآنَ بَعْدَ صَلاَةِ الْفَجْرِ.

١٣ ـ حَامِدٌ لَعِبَ مَعَ صَدِيْقِهِ.

١٤ ـ حَامِدٌ جَمَعَ كُتُبَهُ وَوَضَعَهَا فِيْ شَنْطَتِهِ.

١٥ ـ حَامِدٌ فَتَحَ نَوَافِذَ الْغُرْفَةِ.

١٦ ـ حَامِدٌ قَطَفَ وَرْدَةً بَيْضَاءَ مِنَ الْبُسْتَان.

١٧ ـ حامِدٌ فَهِمَ مَسَائِلَ الْفِقْهِ.

١٨ ـ حَامِدٌ رَجَعَ إلَى بَيْتِهِ بَعْدَ صَلاَةِ الْعِشَاءِ.

١٩ ـ حَامِدٌ شَرِبَ عَصِيْرَ الرُّمَّان.

٢٠ ـ حَامِدٌ غَضِبَ عَلَى أخِيْهِ الصَّغِيْرِ وَضَرَبَهُ.

٢١ ـ حَامِدٌ شَعَرَ بِصُدَاعٍ شَدِيْدٍ.

٢٢ ـ حَامِدٌ سَمِعَ الأذَانَ وَخَرَجَ إلَى الْمَسْجِدِ.

٢٣ ـ حَامِدٌ حَفِظَ سُوْرَةَ الرَّحْمٰنِ.

٢٤ ـ حَامِدٌ بَحَثَ عَنْ كُتُبِهِ فَوَجَدَهَا فِيْ دُرْجِ مَكْتَبِهِ.

---

(۱) طلبہ کو تمام افعال کے معنی یاد ہونے چاہئیں۔

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملے چار حرفی، پانچ حرفی اور چھ حرفی افعال ماضیہ پر مشتمل ہیں ہر جملے کے ساتھ حسب سابق صیغے بدلنے کی مشق کیجئے:

١ ـ حَامِدٌ أَتْقَنَ عَمَلَهُ. ٢ ـ حَامِدٌ رَحَّبَ بِصَدِيْقِهِ الْمِصْرِيِّ.

٣ ـ حَامِدٌ أَكْرَمَ ضَيْفَهُ. ٤ ـ حَامِدٌ اسْتَقْبَلَ وَالِدَهُ فِي الْمَطَارِ.

٥ ـ حَامِدٌ تَنَاوَلَ الدَّوَاءَ. ٦ ـ حَامِدٌ قَابَلَ أَصْدِقَاءَهُ فِي الْمَكْتَبَةِ.

٧ ـ حَامِدٌ أَغْلَقَ شَبَابِيْكَ غُرْفَتِهِ. ٨ ـ حَامِدٌ سَلَّمَ عَلَى أُسْتَاذِهِ فِي الصَّبَاحِ.

٩ ـ حَامِدٌ أَكْمَلَ وَاجِبَ الْمَنْزِلِ. ١٠ ـ حَامِدٌ سَاعَدَ أُخْتَهُ فِي تَنْظِيْفِ الْبَيْتِ.

١١ ـ حَامِدٌ قَدَّمَ الشَّايَ لِلضُّيُوْفِ. ١٢ ـ حَامِدٌ نَظَّفَ أَسْنَانَهُ بِفُرْشَاةِ الأَسْنَانِ.

١٣ ـ حَامِدٌ مَزَّقَ كُرَّاسَتَهُ الْقَدِيْمَةَ. ١٤ ـ حَامِدٌ وَدَّعَ أَبَوَيْهِ قَبْلَ الْخُرُوْجِ مِنَ الْبَيْتِ.

١٥ ـ حَامِدٌ سَافَرَ إِلَى مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ لأَدَاءِ الْحَجِّ.

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

١ـ سلیم نے سفر کیا۔ ٢ـ کیا آپ (مذکر) نے اپنی کتابیں میز پر چھوڑ دیں؟

٣ـ عائشہ گاڑی میں سوار ہوئی۔ ٤ـ میں نے دوپہر کا کھانا کھایا اور روانہ ہوگئی۔

٥ـ خدیجہ نے میٹھا سیب کھایا۔ ٦ـ اے عائشہ! کیا آپ نے بڑا کمرہ صاف کیا؟

٧ـ خالد نے لذیذ گوشت کھایا اور اللہ کا شکر ادا کیا۔ ٨ـ شریر بچے نے مہنگا کپڑا پھاڑ دیا۔

٩ـ چھوٹی فاطمہ اٹھی۔ ١٠ـ میں صبح سویرے اٹھی۔

١١ـ زید گھر سے نکلا اور مدرسے گیا۔ ١٢ـ ثریا نے پھل فریج میں رکھا۔

١٣ـ عائشہ نے ٹھنڈا پانی پیا۔ ١٤ـ حامد نے نئی کتاب نہیں پڑھی[1]۔

(١) ماضی کو منفی بنانے کے لئے اس سے پہلے (ما) لگا دیا جاتا ہے مثلاً: مَا ذَهَبَ: وہ نہیں گیا۔

۱۵۔ کیا آپ نے نئی کتاب پڑھی؟

۱۶۔ چھوٹا بچہ اپنی بڑی گیند سے کھیلا۔

۱۷۔ تمہاری خادمہ نے مزیدار کھانا پکایا۔

۱۸۔ میرے شاگرد نے سبق یاد کیا۔

۱۹۔ کیا آپ (مذکر) نے اپنا کام مکمل کیا؟

۲۰۔ فاطمہ نے اپنی نئی کتابیں کہاں رکھیں؟

۲۱۔ محنتی طالب علم امتحان میں کامیاب ہوا۔

۲۲۔ عورت نے اپنے میلے کپڑے دھوئے۔

۲۳۔ بڑھئی نے ایک خوبصورت کرسی بنائی۔

۲۴۔ میں نے مشکل الفاظ سمجھے۔

۲۵۔ خدیجہ نے دروازہ کھولا اور کھڑکی بند کردی۔

۲۶۔ زید ہمارے پاس نہیں بیٹھا۔

۲۷۔ آپ (مؤنث) نے اپنی سہیلی کو بہت لمبا خط لکھا۔

۲۸۔ کیا چوکیدار نے دروازے کو تالا لگا دیا؟

۲۹۔ سپاہی بہادری کے ساتھ لڑا۔

۳۰۔ آپ کے ساتھ کون کتب خانے گیا؟

۳۱۔ کیا میں نے آپ کی ڈیسک پر کوئی چیز چھوڑی؟

۳۲۔ کیا آپ مقررہ وقت پر پہنچیں؟

۳۳۔ اللہ تعالی نے انبیاء علیہم السلام کو بھیجا۔

۳۴۔ کیا خالد نے آپ کی نصیحت سنی؟

۳۵۔ مسافر اپنے سفید گھوڑے پر سوار ہوا۔

۳۶۔ میں سایہ دار درخت کے نیچے بیٹھا۔

۳۷۔ کیا آپ کل آئیں تھیں؟

۳۸۔ میں نے باغ سے لال پھول توڑا۔

۳۹۔ اے فاطمہ! آپ نے اپنی سہیلی کو کیا پیش کیا؟

۴۰۔ اللہ تعالی نے نیک مؤمن عورتوں کو جنت میں داخل کیا۔

۴۱۔ زید نے کئی سال عربی پڑھی۔

۴۲۔ طالبہ نے اپنا برقع پہنا اور بس میں سوار ہوئی۔

۴۳۔ شہزادی نے اپنی سست خادماؤں کو ڈانٹا۔

۴۴۔ میں آج یہ خوبصورت فارسی قالین لایا۔

۴۵۔ کیا آپ نے ذوالقرنین کا قصہ سنا؟

۴۶۔ عائشہ نے کھانا پکایا اور مہمانوں کو پیش کیا۔

۴۷۔ میں نے جب[1] صبح اخبار پڑھا (تو) میں پریشان ہوگیا۔

۴۸۔ اے عائشہ! آپ نے اپنے چھوٹے بھائی کو کیوں مارا؟

۴۹۔ کل میں نے ہرے بھرے کھیتوں کی سیر کی۔

۵۰۔ خادمہ نے کپڑے دھوئے اور فرش کو جھاڑ و دیا۔

---

(۱) لَمَّا، عِنْدَمَا

صِيَغُ الْمُثَنّٰى

المثنى المذكر المخاطب	
ذَهَبَ الْوَلَدَانِ. ذَهَبَ: فعل، الْوَلَدَانِ: فاعل	الْوَلَدَانِ ذَهَبَا ذَهَبَ: فعل ألف الاثنين: فاعل
المثنى المؤنث الغائب	
ذَهَبَتِ الْبِنْتَانِ. ذَهَبَ:فعل، ت: علامة التأنيث الْبِنْتَانِ: فاعل	الْبِنْتَانِ ذَهَبَتَا ذَهَبَ: فعل، ت: علامة التأنيث ألف الاثنين: فاعل
المثنى المخاطب (المذكر والمؤنث)	**المثنى المتكلم (المذكر والمؤنث)**
أَنْتُمَا ذَهَبْتُمَا ذَهَبَ: فعل ، ت: فاعل ما: علامة التثنية	نَحْنُ ذَهَبْنَا ذَهَبَ: فعل ، نا: فاعل

شرح وتفصیل:

مثنی غائب کا صیغہ:

فعل اپنے مثنی فاعل سے پہلے مفرد ہی رہے گا، مثلاً "ذَهَبَ الْوَلَدَانِ" "ذَهَبَتِ الْبِنْتَانِ" ۔ البتہ اگر فعل مثنی اسم کے بعد واقع ہو تو اسکے ساتھ تثنیہ کی علامت ألف الاثنين لگا دی جائے گی، مثلاً "الْوَلَدَانِ ذَهَبَا" "الْبِنْتَانِ ذَهَبَتَا"، یہ الف جو کہ ضمائر الرفع البارزة میں سے ہے فعل کے ساتھ بحیثیت فاعل ملحق کیا جاتا ہے[1]۔

مثنی مخاطب کا صیغہ:

مثنی مخاطب کا صیغہ بنانے کے لئے ماضی کے لام کلمہ کو ساکن کر کے اس کے ساتھ "تُمَا[2]" کا اضافہ کر دیا جاتا ہے

(۱) الف الاثنین لگانے سے فعل میں کوئی تبدیلی نہیں آتی اس کا لام کلمہ مفتوح ہی رہتا ہے (ذهبا، ذهبتا) ذَهَبَتَا کی تاء علامۃ التانیث ہے۔

(۲) تُمَا کی تاء مخاطب کی ضمیر ہے اور "ما" مثنی کی علامت ہے۔

مذکر اور مؤنث کا ایک ہی صیغہ ہے۔

مثنی متکلم کا صیغہ:

ماضی کے حرف لام کو ساکن کر کے اس کے آگے "نا" بڑھا دیا جاتا ہے "نَحْنُ ذَهَبْنَا" ۔

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل جملوں میں فعل ماضی کے مفرد غائب کے صیغوں کو مثنی غائب اور مفرد مخاطب کے صیغوں کو مثنی مخاطب میں بدلئے اور اس سے جو دیگر تبدیلیاں آتی ہیں وہ بھی کیجئے:

نموذج: زَيْدٌ وَضَعَ كُتُبَهُ عَلَى الرَّفِّ. هُمَا وَضَعَا كُتُبَهُمَا عَلَى الرَّفِّ.

أَنْتَ وَصَلْتَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ فِي الْوَقْتِ الْمُحَدَّدِ. أَنْتُمَا وَصَلْتُمَا إِلَى الْمَدْرَسَةِ فِي الْوَقْتِ الْمُحَدَّدِ.

١ـ أَنْتَ أَكْرَمْتَ ضُيُوْفَكَ. ٢ـ زَيْدٌ اسْتَقْبَلَ صَدِيْقَهُ فِي الْمَطَارِ.

٣ـ أَنْتِ قَابَلْتِ صَدِيْقَاتِكِ فِي الْمَكْتَبَةِ. ٤ـ مَتَى اسْتَيْقَظْتَ الْيَوْمَ؟

٥ـ حَامِدٌ لَبِسَ حِذَاءَهُ وَخَرَجَ مِنَ الْبَيْتِ. ٦ـ أَطَبَخْتِ الطَّعَامَ وَقَدَّمْتِهِ لِلأَطْفَالِ؟

٧ـ أَنَظَّفْتِ غُرْفَتَكِ قَبْلَ الْخُرُوْجِ مِنَ الْبَيْتِ؟ ٨ـ عَائِشَةُ سَاعَدَتْ أُمَّهَا فِي إِعْدَادِ الطَّعَامِ.

٩ـ كَمْ سُوْرَةً حَفِظْتِ مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ؟ ١٠ـ فَاطِمَةُ أَخْرَجَتْ كِتَابَهَا مِنَ الدُّرْجِ وَقَرَأَتِ الدَّرْسَ.

١١ـ أَظَلَمْتَ زَيْدًا وَأَخَذْتَ مَالَهُ؟ ١٢ـ أَغَسَلْتِ ثِيَابَكِ وَعَلَّقْتِهَا عَلَى حَبْلِ الْغَسِيْلِ؟

١٣ـ أَذَاكَرْتِ دُرُوْسَكِ الْيَوْمَ؟ ١٤ـ فَاطِمَةُ فَرِحَتْ بِنَتِيْجَةِ الامْتِحَانِ.

١٥ـ أَيْنَ أَجْلَسْتِ صَدِيْقَتَكِ؟ ١٦ـ زَيْدٌ أَخْبَرَ سَلِيْمًا بِنَجَاحِهِ فِي الامْتِحَانِ.

١٧ـ زَيْدٌ أَتْقَنَ عَمَلَهُ. ١٨ـ أَسَلَّمْتَ عَلَى الأُسْتَاذِ الْيَوْمَ؟

١٩ـ خَدِيْجَةُ جَلَسَتْ بِجِوَارِ صَدِيْقَتِهَا. ٢٠ـ مِمَّنْ أَخَذْتَ هٰذِهِ الْكُتُبَ؟

٢١ـ مِنْ أَيْنَ أَحْضَرْتَ هٰذِهِ الْخَضْرَاوَاتِ؟ ٢٢ـ لِمَاذَا تَأَخَّرْتَ الْيَوْمَ؟

٢٣ـ أَعَمِلْتِ بِنَصِيْحَةِ أُمِّكِ؟ ٢٤ـ حَامِدٌ أَكْمَلَ الْوَاجِبَ الْمَنْزِلِيَّ قَبْلَ النَّوْمِ.

٢٥ـ لِمَاذَا تَرَكْتِ كُتُبَكِ عَلَى الْمَكْتَبِ؟ ٢٦ـ عَائِشَةُ وَدَّعَتْ وَالِدَيْهَا وَخَرَجَتْ مِنَ الْبَيْتِ.

٢٧۔ خَالِدٌ اَنْتَقَلَ إِلٰى لَاهُوْرَ بَعْدَ وَفَاةِ أَبِيْهِ. ٢٨۔ عَائِشَةُ جَمَعَتِ الْكُرَّاسَاتِ وَوَضَعَتْهَا عَلٰى مَكْتَبِ الْمُعَلِّمَةِ.

صِيَغُ الْجَمْعِ

الجمع المذكر الغائب	
ذَهَبَ الْمُعَلِّمُوْنَ . ذَهَبَ: فعل ، الْمُعَلِّمُوْنَ: فاعل	اَلْمُعَلِّمُوْنَ ذَهَبُوْا. ذَهَبَ: فعل ، واو الجماعة : فاعل
الجمع المؤنث الغائب	
ذَهَبَتِ الْمُعَلِّمَاتُ. ذَهَبَ:فعل، ت: علامة التأنيث اَلْمُعَلِّمَاتُ: فاعل	المُعَلِّمَاتُ ذَهَبْنَ. ذَهَبَ: فعل نون النسوة: فاعل
الجمع المذكر المخاطب	**الجمع المؤنث المخاطب**
أَنْتُمْ ذَهَبْتُمْ ذَهَبَ: فعل، ت: فاعل ، م: علامة الجمع	أَنْتُنَّ ذَهَبْتُنَّ. ذَهَبَ: فعل، ت:فاعل ، ن: علامة الجمع
الجمع المتكلم (المذكر والمؤنث)	
نَحْنُ ذَهَبْنَا . ذَهَبَ: فعل ، نا: فاعل	

شرح وتفصیل:

جمع مذکر غائب کا صیغہ:

فعل جس طرح مثنی فاعل سے پہلے مفرد ہی رہتا ہے اسی طرح جمع فاعل سے پہلے بھی مفرد ہی رہتا ہے" ذَهَبَ الْمُعَلِّمُوْنَ" " ذَهَبَتِ الْمُعَلِّمَاتُ " ۔اگر فعل جمع مذکر اسم کے بعد واقع ہو تو اسکے ساتھ جمع مذکر کی ضمیر رفع "واو الجماعة" (وا) لگا دی جاتی ہے "اَلْمُعَلِّمُوْنَ ذَهَبُوْا "فعل کے لام کلمہ کو ضمہ دے دیا جاتا ہے اور اس کے بعد الف

زائدہ کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

جمع مؤنث کا صیغہ:

اگر فعل جمع مؤنث اسم کے بعد واقع ہو تو اس کے ساتھ جمع مؤنث کی ضمیر الرفع نون النسوۃ (ن) لگا دی جاتی ہے فعل کے لام کلمہ کو ساکن کر دیا جاتا ہے۔ "المُعَلِّمَاتُ ذَهَبْنَ"

جمع مذکر مخاطب کا صیغہ:

جمع مذکر مخاطب کا صیغہ بنانے کے لئے فعل کے لام کلمہ کو ساکن کر کے اس کے ساتھ "تُمْ" کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ "أَنْتُمْ ذَهَبْتُمْ"

جمع مؤنث مخاطب کا صیغہ:

جمع مؤنث مخاطب کا صیغہ بنانے کے لئے فعل کے لام کو ساکن کر کے اس کے ساتھ "تُنَّ" کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ "أَنْتُنَّ ذَهَبْتُنَّ"

جمع متکلم کا صیغہ: جمع متکلم کا صیغہ فعل کے لام کلمہ کو ساکن کر کے اس کے ساتھ "نا" لگانے سے بنتا ہے۔ "نَحْنُ ذَهَبْنَا"

جدول الأفعال الماضية

	المذكر الغائب		المؤنث الغائب	
المفرد	ذَهَبَ	وہ ایک مذکر گیا	ذَهَبَتْ	وہ ایک مؤنث گئی
المثنى	ذَهَبَا	وہ دو مذکر گئے	ذَهَبَتَا	وہ دو مؤنث گئیں
الجمع	ذَهَبُوْا	وہ سب مذکر گئے	ذَهَبْنَ	وہ سب مؤنث گئیں
	المذكر المخاطب		**المؤنث المخاطب**	
المفرد	ذَهَبْتَ	آپ ایک مذکر گئے	ذَهَبْتِ	آپ ایک مؤنث گئیں
المثنى	ذَهَبْتُمَا	آپ دو مذکر گئے	ذَهَبْتُمَا	آپ دو مؤنث گئیں
الجمع	ذَهَبْتُمْ	آپ سب مذکر گئے	ذَهَبْتُنَّ	آپ سب مؤنث گئیں

المذكر والمؤنث المتكلم		
المفرد	ذَهَبْتُ	میں (مذکر ومؤنث) گیا
المثنى والجمع	ذَهَبْنَا	ہم دونوں یا سب (مذکر ومؤنث) گئے

التمرین ـ ١

مندرجہ ذیل جملہ پر غور کیجئے:

نموذج: خَرَجَ الطُّلَّابُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ وَرَكِبُوْا فِي الْحَافِلَةِ.

توضیح: خَرَجَ اپنے جمع فاعل سے پہلے مفرد واقع ہوا ہے (خَرَجُوا الطُّلَّابُ قاعدہ کی رو سے غلط ہے) جبکہ رَكِبُوْا جمع مذکر اسم کے بعد واقع ہونے کی وجہ سے جمع مذکر کے صیغے میں آیا ہے اس کا فاعل واو الجماعة ہے اس قاعدہ کو ملحوظ رکھتے ہوئے مندرجہ ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو قوس میں دیئے ہوئے افعال کے مناسب صیغوں سے پر کیجئے:

١ ـ دَخَلَ الطُّلَّابُ فِي الْفَصْلِ وَ.........عَلَى الأُسْتَاذِ. (سَلَّمَ)

٢ ـ جَاءَ الضُّيُوْفُ وَ.........عَلَى الْمَائِدَةِ. (جَلَسَ)

٣ ـ دَخَلَ عَلَى الأَمِيْرِ رِجَالٌ وَ......... بَيْنَ يَدَيْهِ. (وَقَفَ)

٤ ـ أَخَذَتِ الْبَنَاتُ الْكُتُبَ وَ......... هَا فِي شُنَطِهِنَّ. (وَضَعَ)

٥ ـ تَنَاوَلَ الضُّيُوْفُ الْفُطُوْرَ وَ......... الشَّايَ. (شَرِبَ)

٦ ـ خَرَجَتِ الطَّالِبَاتُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ وَ......... فِي الْحَافِلَةِ. (رَكِبَ)

٧ ـ تَعِبَ الْعُمَّالُ وَ......... الْعَمَلَ. (تَرَكَ)

٨ ـ أَخَذَ الأَطْفَالُ الْحَلَوِيَّاتِ وَ.........الثَّمَنَ إِلَى صَاحِبِ الدُّكَّانِ. (دَفَعَ)

٩ ـ جَاهَدَ الْمُؤْمِنُوْنَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ.........وَ......... . (صَابَرَ، رَابَطَ)

١٠ ـ شَرَحَ الْمُعَلِّمُوْنَ الدُّرُوْسَ وَ.........الْكَلِمَاتِ الصَّعْبَةَ عَلَى السَّبُّوْرَةِ. (كَتَبَ)

١١ ـ أَبْصَرَ رِجَالُ الشُّرْطَةِ لِصًّا فَـ..............هُ. (تبع)

١٢ ـ أَهْمَلَ التَّلَامِيْذُ دُرُوْسَهُمْ فَـ............ (رَسَبَ)

١٣ ـ جَاءَتْ صَدِيْقَتَايَ وَ............طَوِيْلًا. (مَكَثَ)

١٤ ـ كَذَّبَ الْكُفَّارُ رَسُوْلَ رَبِّهِمْ وَ..............هُ. (عَذَّبَ)

١٥ ـ غَسَلَتِ الْخَادِمَاتُ الأَوَانِيَ وَ............هَا عَلَى رُفُوْفِ الْمَطْبَخِ. (رَتَّبَ)

١٦ ـ تَشَاجَرَ الصَّدِيْقَانِ وَ............ (افترَقَ)

١٧ ـ قَاتَلَ الْجُنُوْدُ بِشُجَاعَةٍ فَـ............فِي الْمَعْرِكَةِ. (انْتَصَرَ)

١٨ ـ وَبَّخَتِ الْمُعَلِّمَاتُ أَوْلَادَهُنَّ وَ............هُمْ. (ضَرَبَ)

١٩ ـ جَمَعَ الْبُخَلَاءُ الْمَالَ وَ..............هُ. (عَدَّدَ)

٢٠ ـ نَظَّفَتِ الْبَنَاتُ الْغُرَفَ وَ............أَرْضَ الْبَيْتِ. (كَنَسَ)

التمرين ـ ۲

مندرجہ ذیل جملوں میں سرخ اسماء سب فاعل ہیں ہر فاعل کو پہلے مثنی اور پھر جمع مذکر یا مؤنث بنائیے:

نموذج: سَجَدَ الْمُؤْمِنُ لِرَبِّهِ وَشَكَرَ.

سَجَدَ الْمُؤْمِنَانِ لِرَبِّهِمَا وَشَكَرَاهُ.

سَجَدَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِرَبِّهِمْ وَشَكَرُوْهُ.

١ ـ نَدِمَ الْمُجْرِمُ عَلَى فِعْلَتِهِ وَتَأَسَّفَ.

٢ ـ أَكَلَ الْمُسَافِرُ وَشَبِعَ.

٣ ـ فَتَحَ الطَّالِبُ الْكِتَابَ وَقَرَأَ الدَّرْسَ.

٤ ـ كَتَبَ الْوَلَدُ إِلَى أُمِّهِ وَأَخْبَرَهَا بِنَجَاحِهِ فِي الامْتِحَانِ.

٥ ـ فَهِمَتِ الطَّالِبَةُ الدَّرْسَ وَكَتَبَتْهُ فِي كُرَّاسَتِهَا.

٦ ـ غَضِبَ الْوَالِدُ عَلَى ابْنِهِ وَضَرَبَهُ.

٧ ـ قَرَأَ الطِّفْلُ السُّوْرَةَ وَحَفِظَهَا.

٨ ـ اسْتَيْقَظَتِ الْبِنْتُ وَأَعَدَّتِ الْفُطُوْرَ لِإِخْوَتِهَا.

٩ ـ أَشْفَقَ الْغَنِيُّ عَلَى الْفَقِيْرِ وَسَاعَدَهُ.

١٠ ـ سَقَطَتِ الطِّفْلَةُ عَلَى الأَرْضِ وَجَرَحَتْ رِجْلَهَا.

١١ ـ سَمِعَ الْوَلَدُ بِعَوْدَةِ أَبِيْهِ فَفَرِحَ.

١٢ ـ فَحَصَ الطَّبِيْبُ الْمَرِيْضَ وَنَصَحَهُ بِالرَّاحَةِ.

۱۳۔ وَدَّعَ سَلِيْمٌ صَدِيْقَهُ وَلَوَّحَ لَهُ بِيَدِهِ. ١٤۔ أَتْقَنَ الصَّانِعُ عَمَلَهُ فَكَسَبَ ثِقَةَ النَّاسِ.

١٥۔ غَرَسَ الْبُسْتَانِيُّ شُجَيْرَاتٍ فَتَعَهَّدَهَا. ١٦۔ اسْتَيْقَظَ الْمُؤَذِّنُ وَتَوَضَّأَ.

١٧۔ فَكَّرَ التِّلْمِيْذُ فِي الْمَسْأَلَةِ وَحَلَّهَا. ١٨۔ قَشَّرَتْ فَاطِمَةُ الْبَطَاطِسَ وَوَضَعَتْهُ فِي الْقِدْرِ.

١٩۔ اجْتَهَدَتِ الْفَتَاةُ فِي الدِّرَاسَةِ فَنَجَحَتْ فِي الامْتِحَانِ.

التمرين ۔ ۳

مندرجہ ذیل عبارت میں زَيْدٌ کے بجائے پہلے عَائِشَةُ پھر أَنْتَ، أَنْتِ، أَنْتُمَا، أَنْتُمْ، أَنْتُنَّ، أَنَا اور نَحْنُ لگا کر عبارت کو بار بار لکھئے اور جو فعل کے صیغوں اور ضمائر میں تبدیلیاں لازم آتی ہیں وہ بھی کرتے چلے جایئے:

سَافَرَ زَيْدٌ إِلَى مِصْرَ وَالْتَحَقَ بِجَامِعَةِ الأَزْهَرِ حَيْثُ تَعَلَّمَ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ وَدَرَسَ الْعُلُوْمَ الدِّيْنِيَّةَ أَكْمَلَ زَيْدٌ دِرَاسَتَهُ فِي سَنَتَيْنِ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى بَلَدِهِ وَدَرَّسَ فِيْ مَدْرَسَةٍ دِيْنِيَّةٍ.

التمرين ۔ ٤

مندرجہ ذیل عبارت میں زَيْدٌ کے بجائے الْوَلَدَانِ پھر الأَوْلَادُ اور اس کے بعد أَنَا لگا کر عبارت کو بار بار لکھئے اور جو فعل کے صیغوں اور ضمائر میں تبدیلیاں لازم آتی ہیں وہ بھی کرتے چلے جایئے:

اسْتَيْقَظَ زَيْدٌ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ فَتَوَضَّأَ وَذَهَبَ إِلَى الْمَسْجِدِ وَبَعْدَ الْفَرَاغِ مِنَ الصَّلَاةِ رَجَعَ إِلَى بَيْتِهِ وَقَرَأَ جُزْئَيْنِ مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ ثُمَّ تَنَاوَلَ الْفُطُوْرَ وَغَيَّرَ مَلَابِسَهُ بَعْدَ ذٰلِكَ أَخَذَ شَنْطَتَهُ وَخَرَجَ إِلَى الشَّارِعِ فَرَكِبَ حَافِلَةَ الْمَدْرَسَةِ.

التمرين ۔ ٥

مندرجہ ذیل عبارت میں عَائِشَةُ کے بجائے الْبَنَاتُ پھر أَنْتُنَّ، أَنَا، نَحْنُ لگا کر عبارت کو بار بار لکھئے اور جو فعل کے صیغوں اور ضمائر میں تبدیلیاں لازم آتی ہیں وہ بھی کرتے چلے جایئے:

دَخَلَتْ عَائِشَةُ فِيْ حُجْرَةِ الدَّرْسِ وَجَلَسَتْ فِيْ مَكَانِهَا بِهُدُوْءٍ وَلَمَّا حَضَرَتِ الْمُعَلِّمَةُ سَلَّمَتْ عَلَيْهَا عَائِشَةُ بِأَدَبٍ جَمٍّ وَاسْتَمَعَتْ إِلَى الْمُحَاضَرَةِ.

التمرين ـ ٦

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ میں نے اپنی کتاب احمد کے پاس پائی۔

۲۔ اللہ تعالی نے انبیاء علیہم السلام کو ان کی قوموں کی طرف بھیجا۔

۳۔ خالد نے اپنے مصری دوست کو ایک لمبا خط لکھا۔

۴۔ آپ دونوں نے اللہ تعالی کی نعمتوں کا شکریہ ادا کیا۔

۵۔ مؤمن عورتوں نے مصائب پر صبر کیا۔

۶۔ طالبات بس میں سوار ہوئیں اور مقررہ وقت پر مدرسے پہنچیں۔

۷۔ چوروں نے گھر کا اثاثہ برباد کر دیا۔

۸۔ میں نے اپنی چھوٹی بہن سے پوچھا کیا تم نے میری کاپی پھاڑ دی ہے؟

۹۔ آپ سب کیا کل سیر کے لئے نکلے؟

۱۰۔ خوبصورت شہزادی نے محل کے باغ سے ایک لال گلاب کا پھول توڑا۔

۱۱۔ مسافر اپنے وطن لوٹے۔

۱۲۔ میں نے زید اور سلیم سے پوچھا کیا تم دونوں امتحان میں کامیاب ہو؟

۱۳۔ خادمات بازار گئیں اور سبزیاں لے کر آئیں۔

۱۴۔ اللہ تعالی نے فاسقوں سے کہا: تم سب نے اپنے حصے سے فائدہ اٹھایا۔

۱۵۔ کیا آپ نے اپنی بہن کا راز چھپایا؟

۱۶۔ ہم نے مصری بہنوں سے پوچھا آپ کراچی کب پہنچیں؟

۱۷۔ لڑکیوں نے کھانا پکایا اور مہمانوں کو پیش کیا۔

۱۸۔ کیا آپ سب (مؤنث) نے اپنی کتابیں تلاش کیں؟

۱۹۔ کیا عائشہ نے عربی سیکھنے کی خواہش کی؟

۲۰۔ دوکاندار نے شیلف پر بہت سی خوبصورت گھڑیاں رکھیں۔

۲۱۔ کیا آپ سب کو سبق سمجھ آ گیا؟

۲۲۔ چھوٹے بچے تھک گئے اور سایہ دار درخت کے نیچے بیٹھ گئے۔

۲۳۔ ان مردوں نے کفر پر اصرار کیا۔

۲۴۔ غیر ملکی طلبہ نے عربی زبان سیکھی اور پھر اپنے وطنوں کو لوٹ گئے۔

۲۵۔ اے عائشہ! آپ مصر کتنے سال رہیں؟

۲۶۔ وہ دونوں مدرسے پہنچیں اور درسگاہ میں داخل ہوئیں۔

۲۷۔ تم سب نے اپنے آپ کو ہلاک کیا۔

۲۸۔ اے عائشہ! کیا آپ کل تقریب میں زینب کی خالہ سے ملیں؟

۲۹۔ کیا ان سب نے اپنی قسمیں توڑ دیں؟

۳۰۔ کافروں نے اللہ تعالی کی آیات کا انکار کیا اور رسولوں کی تکذیب کی۔

۳۱۔ لڑکیوں نے کچے پھل کھائے اور بیمار ہو گئیں۔

۳۲۔ انھوں نے بڑوں کو قتل کیا اور چھوٹوں کو چھوڑ دیا۔

۳۳۔ تم سب نے برائیاں کمائیں۔

۳۴۔ ہم نے مہمانوں کو گھر کے صحن میں بٹھایا اور ان کا اکرام کیا۔

۳۵۔ حاکم نے چور کا ہاتھ کاٹا۔

۳۶۔ کافر دنیا کی زندگی سے خوش اور اس پر مطمئن ہو گئے۔

۳۷۔ آپ سب نے آج کیا کیا؟

۳۸۔ اساتذہ نے طلبہ کی کاپیاں جمع کیں اور ان کو اپنے ساتھ لے گئے۔

۳۹۔ ہم نے سعودی بھائیوں کا خیر مقدم کیا۔

۴۰۔ معلمات مدرسے پہنچیں اور طالبات کو مدرسے کے ہال میں دیکھا[1]۔

۴۱۔ کیا تم سب نے دوست کی غلطی کو معاف کیا؟

۴۲۔ گاؤں کے درزی شہر سے سلائی کی مشینیں لے کر آئے۔

۴۳۔ اللہ تعالی نے کافروں کے اعمال حبط کئے۔

۴۴۔ عورتوں نے اپنے برقعے پہنے اور بس اسٹاپ کا رخ کیا۔

۴۵۔ ان سب نے میری نصیحت سنی اور اس پر عمل کیا۔

۴۶۔ ان افسروں نے ملک کے لئے بہت سی خدمات انجام دیں[2]

۴۷۔ میں نے دونوں بہنوں کی پڑھائی میں مدد کی۔

۴۸۔ میں نے خالد سے پوچھا کیا تم نے پاسپورٹ حاصل کر لیا؟

۴۹۔ اے زید! کیا آپ نے اپنے بیٹے کو نکلنے سے روکا؟

۵۰۔ استاد نے طلبہ سے پوچھا: کیا آپ سب نے سبق سمجھا اور اسے اپنی کاپیوں میں لکھا؟

مَبْحَثٌ فِي الْمَفْعُوْلِ بِهِ

۱۔ اس سبق کی تمرینات حل کرنے کے بعد آپ کو معلوم ہوا کہ مفعول بہ اگر ضمیر ہو تو یہ ضمیر فعل کے ساتھ متصل آتی ہے جیسے: "ضَرَبَكَ زَيْدٌ" فاعل اگر اسمِ ظاہر ہو (زید) تو وہ فعل اور مفعول بہ کے بعد آئے گا جیسا کہ سابقہ مثال سے واضح ہے اور اگر ضمیر رفع بارز ہے تو مفعول بہ کی ضمیر سے پہلے فعل کے ساتھ متصل آئے گا جیسے "سَاعَدْتُهُ، رأيْتُهُ"۔

۲۔ جب مفعول بہ یاء المتکلّم ہو تو اس کے اور فعل کے درمیان ایک نون لانا ضروری ہے یہ نون "نون الوقاية" کہلاتا ہے یعنی (بچاؤ کا نون) کیونکہ یہ فعل کو بسبب یاء مجرور ہونے سے بچاتا ہے جر اسماء کی خصوصیت ہے فعل کبھی مجرور نہیں ہوتا

مثلاً: فَحَصَنِي الطَّبِيْبُ (فَحَصَ : فعل، نون : نون الوقاية ، ياء المتكلم : مفعول به ، الطَّبِيْبُ: فاعل)

۳۔ أَنْتُمْ کے صیغے کے ساتھ جب کسی ضمیر کو بحیثیت مفعول بہ لاتے ہیں تو تُمْ کے میم کے بعد ایک واو کا اضافہ کر دیتے ہیں

ضَرَبْتُمُوْنِيْ: تم نے مجھے مارا، شَاهَدْتُمُوْهُ: تم نے اسے دیکھا۔

مذکورہ بالا قاعدے کو ذہن میں رکھتے ہوئے مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ زید نے مجھ پر ظلم کیا۔

۲۔ کیا کسی[3] نے آپ کی مدد کی؟

۳۔ آپ سب نے میرا استقبال کیا۔

۴۔ آپ سب نے ہمارا اکرام کیا۔

(۱) وَجَدَ (۲) قَدَّمَ (۳) أَحَدٌ

۵۔ عائشہ نے میری خدمت کی۔
۶۔ کیا آپ سب نے مجھ سے زید کے بارے میں پوچھا؟
۷۔ دونوں بچوں نے مجھے ستایا۔
۸۔ کیا آپ سب نے ان کی نصرت کی؟
۹۔ خدیجہ مجھے کتب خانے میں ملی۔
۱۰۔ کیا آپ سب نے ان سب سے ٹیلیفون کے ذریعے بات کی؟
۱۱۔ ان کتابوں نے مجھے بہت نفع پہنچایا۔
۱۲۔ آپ سب نے اسے نہیں سنا۔
۱۳۔ میری والدہ نے مجھے جانے سے روکا۔
۱۴۔ تم سب نے اسے ناپسند کیا۔
۱۵۔ ان لوگوں نے مجھے جھٹلایا ہے۔
۱۶۔ کیا آپ نے قرآن کھولا اور اسے پڑھا؟
۱۷۔ والدین نے ہمیں گھر میں چھوڑ دیا اور نکل گئے۔
۱۸۔ میری والدہ مجھے میری نانی کے گھر لے گئیں۔
۱۹۔ کیا آپ سب نے اسے بلا سبب[1] مارا؟
۲۰۔ یہ کتابیں کہاں کی ہیں، کیا آپ سب انہیں بڑے کتب خانے سے لائے ہیں؟

التمرين - ۷

مندرجہ ذیل افعال ماضیہ سے قوس میں دیئے ہوئے صیغے بنایئے اور پھر انہیں جملوں میں استعمال کیجئے: (جملے خود بنایئے تمرینات سے نقل نہ کیجئے)

١ - اسْتَيْقَظَ	(مفرد مذكر غائب)	٢ - الْتَحَقَ بِـ	(مفرد متكلم)
٣ - رَغِبَ فِي	(مفرد مؤنث غائب)	٤ - تَعَلَّمَ	(جمع مذكر غائب)
٥ - تَكَلَّمَ مَعَ	(جمع متكلم)	٦ - طَبَخَ	(جمع مؤنث غائب)
٧ - غَسَلَ	(مفرد متكلم)	٨ - نَظَّفَ	(مفرد مذكر مخاطب)
٩ - أَخَذَ	(مثنى مخاطب)	١٠ - أَحْضَرَ	(جمع مذكر مخاطب)
١١ - رَتَّبَ	(جمع مؤنث مخاطب)	١٢ - أَغْلَقَ	(مفرد مؤنث غائب)
١٣ - أَتْلَفَ	(مثنى مذكر غائب)	١٤ - عَلَّقَ	(مفرد مؤنث مخاطب)
١٥ - رَحَّبَ بِـ	(جمع مذكر مخاطب)	١٦ - وَدَّعَ	(مفرد متكلم)
١٧ - تَنَاوَلَ	(جمع متكلم)	١٨ - قَدَّمَ	(مفرد مذكر غائب)

(۱) بِلَا سَبَبٍ

۱۹۔ قَابَلَ (جمع مؤنث غائب) ۲۰۔ تَشَاجَرَ مَعَ (مفرد مؤنث غائب)[1]

التمرین ۔۸

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں سے افعال ماضیہ نکالئے اور فاعل اور مفعول بہ (اگر ہوتو) اسکی تعیین کیجئے:

۱۔ وَجَآءَ إِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ. ۲۔ عَمِلُوا الصَّالِحَاتِ.

۳۔ ظَلَمْتُمْ أَنْفُسَكُمْ. ٤۔ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ.

٥۔ أَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا. ٦۔ أَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيْلَ.

٧۔ فَشَرِبُوْا مِنْهُ إِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ. ٨۔ اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ.

٩۔ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ. ١٠۔ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمَاتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ.

١١۔ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَأَخَّرَتْ. ١٢۔ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ.

١٣۔ إِنَّآ أَنْزَلْنَاهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ. ١٤۔ اَلَّذِيْ أَخْرَجَ الْمَرْعٰى فَجَعَلَهُ غُثَآءً أَحْوٰى.

١٥۔ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ. ١٦۔ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَّسَطًا.

١٧۔ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ. ١٨۔ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْءٍ.

١٩۔ وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ. ٢٠۔ وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا.

٢١۔ تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ. ٢٢۔ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجَاتٍ.

نئے افعال

عربي	اردو	عربي	اردو
سَاعَدَ	مدد کی	سقَطَ	گرا
سَمِعَ	سنا	شَبِعَ	سیر ہوکر کھایا، (سیر ہوا)
شَرِبَ	پیا	شَرَحَ	سمجھایا، شرح کی
شَعَرَ (بِـ)	محسوس کیا	صَابَرَ، رَابَطَ	کسی کام پر جما، ثابت قدم رہا

(۱) استاد کو چاہیے کہ طلبہ کو تمرینات میں استعمال شدہ افعال کے علاوہ اور بھی افعال جملے بنانے کے لئے دیں۔

عربي	اردو	عربي	اردو
طَبَخَ	کھانا پکایا	ظَلَمَ	ظلم کیا
عَدَّدَ	شمار کیا، گنا	عَذَّبَ	عذاب دیا
عَلَّقَ	لٹکانا	عَمِلَ	عمل کیا، کام کیا
غَرَسَ	بویا، درخت لگایا	غَسَلَ	دھویا
غَضِبَ (عَلٰی)	غصہ ہوا	غَيَّرَ	تبدیل کیا
فَتَحَ	کھولا	فَحَصَ	معائنہ کیا (چیک اپ کیا)
فَرِحَ (بِـ)	خوش ہوا	فَهِمَ	سمجھا
قَابَلَ	ملاقات کی	قَدَّمَ (الشَّيْءَ لِشَخْصٍ)	پیش کیا
قَرَأَ	پڑھا	قَشَّرَ	چھیلا
قَطَفَ	توڑا (پھول توڑنا)	كَذَّبَ	جھٹلایا
كَسَبَ	کمایا	كَسَرَ	توڑا
لَعِبَ	کھیلا	لَوَّحَ	دور سے اشارہ کیا
مَزَّقَ	پھاڑا	مَكَثَ	ٹھہرا، رہا
نَدِمَ	شرمندہ ہوا	نَزَلَ	اترا
نَظَّفَ	صاف (صفائی) کیا	وَجَدَ	پایا
وَدَّعَ	الوداع کہا، رخصت کیا	وَضَعَ	رکھا
وَقَفَ	کھڑا ہوا، رکا		

اردو	عربي	اردو	عربي
اصرار کیا	أَصَرَّ عَلٰی	انکار کیا	أَنْكَرَ، كَفَرَ بِـ
برباد کیا	أَتْلَفَ	بھیجا	أَرْسَلَ

اردو	عربي	اردو	عربي
بیدار ہوا، اٹھا	اسْتَيْقَظَ	بیمار ہوا	مَرِضَ
پریشان ہوا	حَزِنَ	پہنا	لَبِسَ
تالا لگایا	قَفَلَ	تکذیب کی	كَذَّبَ بِـ
چھپایا	كَتَمَ	حاصل کیا	حَصَلَ عَلَى
ضائع کیا	أَحْبَطَ	خدمت کی	خَدَمَ
خیر مقدم کیا	رَحَّبَ بِـ	آیا	حَضَرَ، جَاءَ
کسی چیز کی خواہش کی	رَغِبَ فِي	کوئی چیز بنائی	عَمِلَ
کیا	فَعَلَ	لایا	أَحْضَرَ ، جَاءَ بِـ
لڑا	قَاتَلَ	مدد کی	نَصَرَ ، سَاعَدَ
مطمئن ہوگیا	إِطْمَأَنَّ بِـ	معاف کیا	صَفَحَ عَنْ شَخْصٍ
ناپسند کیا	كَرِهَ	فائدہ پہنچایا	نَفَعَ
ہلاک کیا	أَهْلَكَ	یاد کیا	حَفِظَ

نئے الفاظ

عربي	اردو	عربي	اردو
الْفُطُوْرُ	ناشتہ	الْوَقْتُ الْمُحَدَّدُ	مقرر وقت
الْوَاجِبُ الْمَنْزِلِيُّ	گھر کا کام	إِعْدَادٌ	تیاری
بِأَدَبٍ جَمٍّ	غایت ادب کے ساتھ	بِهُدُوْءٍ	آرام سے
بَطَاطِسُ	آلو	بَيْنَ يَدَيْهِ	اسکے سامنے
تَنْظِيْفٌ	صفائی کرنا	ثِقَةٌ	اعتماد

عربي	اردو	عربي	اردو
جُزْءٌ ج : أَجْزَاءُ	پاره	حَبْلُ الْغَسِيْلِ	کپڑوں کی رسی
حَلَوِيَّاتٌ	مٹھائی	رَاحَةٌ ج س	آرام
رُمَّانٌ	انار	شَايٌ	چائے
شُجَيْرَةٌ ج س	چھوٹا درخت	صُدَاعٌ	سر کا درد
عَوْدَةٌ	لوٹنا	فُرْشَاةٌ	برش
قَدِيْمٌ	پرانا	لِصٌّ ج : لُصُوْصٌ	چور
مَعْرَكَةٌ ج : مَعَارِكُ	میدان جنگ، جنگ	آنِيَةٌ ج : أوانِيْ	برتن

اردو	عربي	اردو	عربي
بس اسٹاپ	مَوْقِفُ السَّيَّارَاتِ	پاسپورٹ	جَوَازُ السَّفَرِ
تقریب	حَفْلَةٌ ج س	جانا	ذَهَابٌ
حصہ	خَلَاقٌ	خدمات	خَدَمَاتٌ
دنیا کی زندگی	حَيَاةُ الدُّنْيَا	سپاہی	جُنْدِيٌّ
سلائی کی مشینیں	مَاكِيْنَاتُ الْخَيَّاطَةِ	شریر	شَقِيٌّ
صبح سویرے	الصَّبَاحُ الْبَاكِرُ	غلطی	هَفْوَةٌ ج: هَفَوَاتٌ
غیر ملکی	أَجْنَبِيٌّ ج أَجَانِبُ	کچا	فِجٌّ
کل	بِالْأَمْسِ ، أَمْسِ	کوئی چیز	شَيْءٌ ج : أَشْيَاءٌ
آج	اَلْيَوْمَ	کئی سال	عِدَّةُ سَنَوَاتٍ، سَنَوَاتٍ عَدِيْدَةٍ

الدرس الثامن عشر

ظَرْفُ الزَّمَانِ وَظَرْفُ الْمَكَانِ[1]

(الف) ظَرْفُ الزَّمَانِ

الأمثلة :

١ ـ تَنَزَّهْتُ فِي الْبُسْتَانِ صَبَاحًا. أو فِي الصَّبَاحِ.

٢ ـ غَادَرْتُ الْمَدْرَسَةَ ظُهْرًا. أو بِالظُّهْرِ.

٣ ـ شَرِبْنَا الشَّايَ مَسَاءً. أو بِالْمَسَاءِ.

٤ ـ قَابَلْتُ زَيْدًا فِي الْمَكْتَبَةِ أَمْسِ. أو بِالأَمْسِ.

٥ ـ مَكَثْتُ بِمِصْرَ سَنَتَيْنِ.

٦ ـ ذَهَبْنَا لِزِيَارَةِ الأَقَارِبِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ.

٧ ـ الْجَوُّ الْيَوْمَ بَارِدٌ.

٨ ـ أَنَا مُسَافِرٌ إِلَى لَاهُوْرَ غَدًا.

٩ ـ جَلَسْتُ مَعَ صَدِيْقِي لَحْظَةً.

١٠ ـ رَجَعَ الْحَاجُّ مِنْ مَكَّةَ لَيْلَةَ الْخَمِيْسِ.

١١ ـ نَضِجَ الْعِنَبُ صَيْفًا.

١٢ ـ تَسَاقَطَتِ الثُّلُوْجُ شِتَاءً.

١٣ ـ قَدَّمْتُ الامْتِحَانَ قَبْلَ رَمَضَانَ.

١٤ ـ سَلِيْمٌ عَائِدٌ مِّنْ مِصْرَ بَعْدَ الْعِيْدِ بِيَوْمَيْنِ.

شرح وتفصیل :

مذکورہ بالا مثالیں ظروف زمان پر مشتمل ہیں۔ظرف زمان اس منصوب اسم کو کہتے ہیں جو فعل کے زمانہ وقوع پر دلالت کرے۔

ظرف زمان بعض اوقات (بِـ) یا (فِي) کے ساتھ مجرور بھی واقع ہوتا ہے: فِي الصَّبَاحِ، بِالْمَسَاءِ، بِالظُّهْرِ.

اور کبھی کبھی مضاف بھی آتا ہے: لَيْلَةَ الْخَمِيْسِ، يَوْمَ الْجُمُعَةِ، قَبْلَ رَمَضَانَ، بَعْدَ الْعِيْدِ.

عربی میں ہفتہ کے دنوں کے نام اضافت کی ترکیب میں آتے ہیں،ظرف زمان واقع ہونے کی حالت میں منصوب ہونگے:

يَوْمَ السَّبْتِ (ہفتہ) يَوْمَ الأَحَدِ، يَوْمَ الإِثْنَيْنِ، يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ، يَوْمَ الأَرْبِعَاءِ، يَوْمَ الْخَمِيْسِ، يَوْمَ الْجُمُعَةِ.

ظرف زمان اگر معین وقت پر دلالت کرے تو عام طور پر معرف باللّام اور منصوب واقع ہوتا ہے:

(۱) ظرف زمان اور ظرف مکان کو مفعول فیہ بھی کہا جاتا ہے، کیونکہ یہ اس وقت یا جگہ پر دلالت کرتے ہیں جس میں فعل واقع ہو۔

ذَهَبْتُ يَوْمًا إِلَى شَاطِئِ الْبَحْرِ.[1] (میں ایک دن ساحل سمندر پر گیا)

ذَهَبْتُ الْيَوْمَ إِلَى بَيْتِ صَدِيْقِيْ. (میں آج اپنے دوست کے گھر گیا)

سَافَرْتُ لَيْلًا. (میں نے رات کے وقت سفر کیا)

عَادَ وَالِدِيْ اللَّيْلَةَ الْمَاضِيَةَ. (میرے والد گزشتہ رات لوٹے)

بعض ظروف زمان مبنی بھی ہوتے ہیں جیسے أَمْسِ کسرہ پر مبنی ہے البتہ بِالأَمْسِ معرب ہے اور بِـ کے ساتھ مجرور ہے۔

بعض ظروف زمان مرکب اور فتحہ پر مبنی ہوتے ہیں جیسے:

اِجْتَهَدْتُ لَيْلَ نَهَارَ. (میں نے رات دن محنت کی)

حَمِدْتُ اللّٰهَ صَبَاحَ مَسَاءَ. (میں نے صبح شام اللہ کی حمد وثنا کی)

(ب) ظُرُوْفُ الْمَكَانِ

الأمثلة:

١ـ رَأَيْتُ عُشَّ الْغُرَابِ فَوْقَ الشَّجَرَةِ.

٢ـ جَلَسَتِ الْهِرَّةُ تَحْتَ الطَّاوِلَةِ.

٣ـ قَامَ الْمُصَلُّوْنَ خَلْفَ الإِمَامِ.

٤ـ جَلَسَ التَّلَامِيْذُ أَمَامَ الأُسْتَاذِ.

٥ـ جَلَسْتُ عِنْدَ الْمُدِيْرِ سَاعَةً.

٦ـ خَرَجْتَ مَعَ الأَصْدِقَاءِ لِلنُّزْهَةِ.

٧ـ قَامَ زَيْدٌ بَيْنَ خَالِدٍ وَسَلِيْمٍ.

٨ـ اِلْتَفَتَ زَيْدٌ يَمِيْنًا وَّشِمَالًا[2] ثُمَّ عَبَرَ الشَّارِعَ.

٩ـ سِرْتُ الْيَوْمَ مِيْلًا.[3]

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملے ظروف المكان پر مشتمل ہیں۔ظرف مکان اس منصوب اسم کو کہتے ہیں جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ پر دلالت کرے۔ یہ نکرہ اور منصوب بھی واقع ہوتا ہے جیسا کہ "سِرْتُ الْيَوْمَ مِيْلًا" سے واضح ہے، یہ اس وقت ہے جب کہ جگہ غیر متعین ہو، "يَمِيْنًا وَ شِمَالًا" کو بھی اسی پر قیاس کیجئے۔

(۱) یومًا کے بجائے یہاں "ذاتَ یومٍ" بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

(۲) دائیں جانب اور بائیں جانب کے لئے ذاتَ الْيَمِيْنِ اور ذاتَ الشِّمالِ بھی استعمال ہوتا ہے۔اس سبق کے آخر میں قرآنی امثلہ دیکھیے۔

(۳) میل کا اطلاق اگرچہ ایک معین فاصلہ پر ہوتا ہے، لیکن یہ متعین نہیں کہ کس مخصوص جگہ پر دلالت کر رہا ہے۔

ظرف مکان عام طور پر مضاف اور منصوب واقع ہوتا ہے، لیکن کبھی کبھی حرف جر کے ساتھ مجرور بھی ہوجاتا ہے:

لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ. (ان کے لئے ان کے اوپر سے آگ کے سائبان ہونگے اور ان کے نیچے سے بھی)

خَرَجَ الْمَاءُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِي. (پانی میری انگلیوں کے درمیان سے نکل گیا)

جِئْتُ مِنْ عِنْدِ خَيْرِ النَّاسِ. (میں بہترین انسان کے پاس سے آیا ہوں)

قاعدہ نمبر ۲۴:

۱۔ ظرف زمان وہ منصوب اسم ہے جو فعل کے زمانہ وقوع پر دلالت کرتا ہے۔

۲۔ ظرف مکان وہ منصوب اسم ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ پر دلالت کرتا ہے۔

۳۔ ظرف زمان اور ظرف مکان بعض اوقات حروف جارّہ کے ساتھ مجرور بھی واقع ہوتے ہیں۔

التمرين - ۱

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ سلیم زید کے پیچھے بیٹھا۔

۲۔ کیا اس وقت[۱] آپ کے ساتھ کوئی ہے؟

۳۔ عائشہ کل بازار جائے گی۔

۴۔ طالب علم مدیر کے سامنے[۲] کھڑا ہوا ہے۔

۵۔ امتحان دو ہفتے جاری رہا[۳]۔

۶۔ ہاں میرے ساتھ میری چھوٹی بہن ہے۔

۷۔ باغ کے گرد ایک باڑ ہے۔

۸۔ میں نے فجر کے وقت قرآن پاک پڑھا۔

۹۔ کیا آپ کے نیچے کچھ ہے؟

۱۰۔ رات کے وقت کائنات پر اندھیرا چھا گیا۔

۱۱۔ میں نے ایک گھنٹہ انتظار کیا۔

۱۲۔ وہ اپنے دوست کے پاس ایک مہینہ رہا۔

۱۳۔ ستارے رات کو طلوع ہوئے۔

۱۴۔ میں نے دو منٹ انتظار کیا پھر میں چلا گیا۔

۱۵۔ رات کے وقت ٹھنڈ زیادہ ہوگئی۔

۱۶۔ ہمارے مہمان عصر کے وقت روانہ ہوئے۔

۱۷۔ میں نے کئی مرتبہ دروازہ کھٹکھٹایا[۴]۔

۱۸۔ ہم تقریب سے عشاء کی نماز کے بعد لوٹے۔

(۱) الآنَ (۲) بَيْنَ يَدَيْ. (۳) اِسْتَمَرَّ. (٤) طَرَقَ.

۱۹۔ سردیوں میں مچھر زیادہ [1] ہوگئے۔ ۲۰۔ کیا آپ نے ایک سال عربی پڑھی یا دو سال؟

۲۱۔ شیطان لڑکا گھر کی چھت پر ہے۔ ۲۲۔ ہم نے ایک طویل مدت تک دینی علوم پڑھے۔

۲۳۔ رات کے وقت ٹھنڈ زیادہ ہوگئی۔ ۲۴۔ زید اپنے باپ اور اپنے بھائی کے درمیان بیٹھا۔

۲۵۔ ہم ہوائی جہاز کی سیڑھی پر چڑھے۔ ۲۶۔ میں نے دائیں جانب دیکھا پھر بائیں جانب دیکھا۔

۲۷۔ کیا آپ کے پاس دینی کتابیں ہیں؟ ۲۸۔ ہمارے سامنے تختہ سیاہ ہے اور ہمارے پیچھے کھڑکیاں ہیں۔

۲۹۔ ایک دن میں عائشہ سے بازار میں ملی۔ ۳۰۔ وہ پہاڑ بہت دور ہیں اور انکے پیچھے ایک چھوٹا سا گاؤں ہے۔

۳۱۔ آپ کا کالا قلم ڈیسک کے نیچے ہے۔ ۳۲۔ جب بارش برسی تو میں نے اپنے سر کے اوپر چھتری کھول لی۔

۳۳۔ میں نے ایک لمحہ سوچا پھر جواب لکھا۔ ۳۴۔ یہ میرا کمرہ ہے اور اس کے اوپر میرے چھوٹے بھائی کا کمرہ ہے۔

۳۵۔ اس دیہاتی کا گھر پہاڑ کے اوپر ہے۔ ۳۶۔ میں نے ایک گھنٹہ اپنے اسباق دہرائے، پھر سیر کے لئے نکل گئی۔

۳۷۔ پلیٹیں باورچی خانہ کے شیلف پر ہیں۔ ۳۸۔ صدر اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ کے ساتھ کانفرنس ہال میں ہیں۔

۳۹۔ میرا گھر چھوٹا سا ہے اور اس کے سامنے ایک مسجد ہے اور اس کے پیچھے ایک پبلک پارک ہے۔

۴۰۔ مصری مہمان باغ میں ایک سایہ دار درخت کے نیچے بیٹھے ہوئے ہیں اور انکے ساتھ ایک خادم ہے۔

التمرین ۔ ۲

مندرجہ ذیل آیات میں ظرف مکان اور ظرف زمان کی تعیین کیجئے:

١ ـ فَأَرْسِلْ مَعَنَا أَخَانَا. ٢ ـ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ انٍ.

٣ ـ أَتَاهَا أَمْرُنَا لَيْلاً أَوْ نَهَارًا. ٤ ـ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ.

٥ ـ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَ بَيْنِكَ. ٦ ـ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ.

٧ ـ لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ. ٨ ـ وَمِنْ وَّرَائِهِمْ بَرْزَخٌ إِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ.

٩ ـ اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ. ١٠ ـ وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ.

١١ ـ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا. ١٢ ـ وَتَرَى الْمَلٰئِكَةَ حَافِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ.

(۱) کَثُرَ.

١٣ ـ لَمْ يَلْبَثُوْا إِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ. ١٤ ـ ثُمَّ بَعَثْنَاكُمْ مِّنْ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ.

١٥ ـ وَجَاؤُوْا أَبَاهُمْ عِشَاءً يَّبْكُوْنَ. ١٦ ـ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَا أَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا.

نئے الفاظ

اردو	عربي	اردو	عربي
اسلامی ممالک	اَلْبُلْدَانُ الإِسْلَامِيَّةُ	باڑ	سُوْرٌ
پبلک پارک	مُتَنَزَّهٌ عَامٌّ	ٹھنڈ	بَرْدٌ
چھت	سَطْحٌ	چھتری	مِظَلَّةٌ
دیہاتی	قَرَوِيٌّ ج س	سیڑھی	سُلَّمٌ
صدر	رَئِيْسٌ	کائنات	كَوْنٌ
لمحہ	لَحْظَةٌ، لَمْحَةٌ ج س	مچھر	بَعُوْضَةٌ ج : بَعُوْضٌ
منٹ	دَقِيْقَةٌ ج : دَقَائِقُ		

نئے افعال

اردو	عربي	اردو	عربي
انتظار کیا	اِنْتَظَرَ	اندھیرا چھا گیا	خَيَّمَ
بارش بری	أَمْطَرَتِ السَّمَاءُ	چڑھا	صَعِدَ
زیادہ ہوا	كَثُرَ، اِزْدَادَ	سوچا	تَفَكَّرَ
طلوع ہوا	طَلَعَ		

الدرس التا سع عشر

كَانَ وَأَخَوَاتُهَا [1] (كَانَ وَلَيْسَ)

الأمثلة:

(الف)	(ب)	(ج)
اَلْجَوُّ مُمْطِرٌ.	كَانَ الْجَوُّ مُمْطِرًا.	لَيْسَ الْجَوُّ مُمْطِرًا.
السَّمَاءُ مُتَغَيِّمَةٌ.	كَانَتِ السَّمَاءُ مُتَغَيِّمَةً.	لَيْسَتِ السَّمَاءُ مُتَغَيِّمَةً.
اَلْمُسَافِرَانِ مُسْتَعِدَّانِ لِلرَّحِيْلِ.	كَانَ الْمُسَافِرَانِ مُسْتَعِدَّيْنِ لِلرَّحِيْلِ.	لَيْسَ الْمُسَافِرَانِ مُسْتَعِدَّيْنِ لِلرَّحِيْلِ.
اَلْحُكَّامُ عَادِلُوْنَ.	كَانَ الْحُكَّامُ عَادِلِيْنَ.	لَيْسَ الْحُكَّامُ عَادِلِيْنَ.
الأُمَّهَاتُ رَحِيْمَاتٌ.	كَانَتِ الأُمَّهَاتُ رَحِيْمَاتٍ.	لَيْسَتِ الأُمَّهَاتُ رَحِيْمَاتٍ.

شرح وتفصیل:

مجموعہ (الف) اسمیہ جملوں پر مشتمل ہے ہر جملے میں حسب قاعدہ مبتدا اور خبر دونوں مرفوع ہیں۔ مجموعہ (ب) میں مجموعہ (الف) ہی کے جملوں پر ''کان'' داخل ہوگیا ہے جو کہ فعل ماضی ناقص [2] کہلاتا ہے۔ کان کے داخل ہونے سے جملے میں دو تبدیلیاں واقع ہوئیں:

ا۔ کان نے جملے پر نیا اعرابی حکم جاری کرتے ہوئے مبتدا کو مرفوع اور خبر کو منصوب بنا دیا ہے۔

۲۔ معنی کے اعتبار سے جملے کا مفہوم ماضی میں منتقل ہوگیا گویا "كَانَ الْجَوُّ مُمْطِرًا" کا معنی (موسم بارش والا تھا) بنتا ہے۔

مجموعہ (ج) میں مجموعہ الف کے جملوں پر "لیس" داخل ہوا ہے یہ بھی فعل ماضی ناقص ہے لَيْسَ بھی کان کی طرح جملہ

(۱) "كَانَ وَأَخَوَاتُهَا" افعال ناسخہ کہلاتے ہیں اس لئے کہ جب یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں تو اس کے اعرابی حکم کو منسوخ کر کے اس پر نیا اعرابی حکم جاری کرتے ہیں یعنی مبتدا کو مرفوع اور خبر کو منصوب بناتے ہیں گویا کہ ان کا اعرابی عمل إنّ وأخواتها کے اعرابی عمل کے بالکل برعکس ہے۔

(۲) یہ افعال ناقصہ بھی ہیں اس لئے کہ دیگر افعال (تامہ) کی طرح فاعل کے ساتھ مل کر مکمل معنی ادا نہیں کرتے۔ بلکہ ان کو خبر کی حاجت ہوتی ہے (اور خبر لائے بغیر ان کا معنی ناقص ہی رہتا ہے) اس سبق میں ہم کان اور لیس پر اکتفا کریں گے باقی (صَارَ، أَصْبَحَ، أَضْحٰی، أَمْسٰی، بَاتَ اور مَا زَالَ) وغیرہ کا بیان إن شاء اللہ الجزء الثاني میں آئے گا۔

اسمیہ پر داخل ہوتا ہے مبتدا کو مرفوع اور خبر کو منصوب بنا دیتا ہے، لیکن معنی کے اعتبار سے مختلف ہے یہ جملے کے مفہوم کو منفی بنا دیتا ہے "لَيْسَ الْجَوُّ مُمْطِرًا" کا معنی (موسم بارش والا نہیں ہے) ہے[1]۔

کان کی گردان بالکل اسی طرز پر ہوگی جس پر فعل ماضی کی گردان گزر چکی ہے فرق صرف اتنا ہے کہ کان کا عین کلمہ "الف" حرف علت[2] ہے یہ الف مفرد و مثنی غائب کے تمام صیغوں اور جمع مذکر غائب کے صیغے کے علاوہ بقیہ صیغوں سے ساقط ہو جاتا ہے جن صیغوں میں کان کا الف ساقط ہوتا ہے ان میں کان کی کاف پر ضمہ آ جاتا ہے۔

"كان"

المفرد المذكر الغائب	
كَانَ الْمُعَلِّمُ حَاضِراً. كَانَ: فعل ناقص الْمُعَلِّمُ: اسم كان مرفوع بالضمة حَاضِرًا: خبر كان منصوب	الْمُعَلِّمُ كَانَ حَاضِرًا. الْمُعَلِّمُ : مبتدا، كَانَ: فعل ناقص ضمير مستتر (هو) :اسم كان في محل رفع حَاضِرًا :خبر كان منصوب كَانَ حَاضِرًا: الجملة في محل رفع خبرلِـ "الْمُعَلِّمُ"
المفرد المؤنث الغائب	
كَانَتْ الْمُعَلِّمَةُ حَاضِرَةً. كان: فعل ناقص ت: تاء التأنيث الْمُعَلِّمَةُ: اسم كان مرفوع بالضمّة حَاضِرَةً : خبر كان منصوب بالفتحة	اَلْمُعَلِّمَةُ كَانَتْ حَاضِرَةً. الْمُعَلِّمَةُ : مبتدا كان: فعل ناقص ت: علامة التأنيث ضمير مستتر (هي): اسم كان في محل رفع حَاضِرَةً: خبر كان منصوب بالفتحة كانت حاضرة : الجملة في محل رفع خبر

(۱) "كَانَ" سے فعل مضارع (يَكُوْنُ) اور فعل امر (كُنْ) بھی نکلتے ہیں ایسے افعال "أَفْعَالٌ مُتَصَرِّفَةٌ" کہلاتے ہیں، جبکہ "لَيْسَ" سے نہ مضارع نکلتا ہے اور نہ ہی امر ایسے افعال "أَفْعَالٌ جَامِدَةٌ" کہلاتے ہیں۔ (۲) حرف علت تین ہوتے ہیں: ا، و، ی. كَانَ کا یہ الف اصل میں واو تھا۔

المثنى المذكر الغائب	
كَانَ الْمُعَلِّمَانِ حَاضِرَيْنِ. كَانَ: فعل ناقص الْمُعَلِّمَانِ : اسم كان مرفوع بالألف لأَنَّهُ مُثَنى حَاضِرَيْنِ: خبر كان منصوب بالياء لأَنَّهُ مثنى	الْمُعَلِّمَانِ كَانَا حَاضِرَيْنِ. الْمُعَلِّمَانِ : مبتدا ، كان: فعل ناقص ا: ألف الاثنين اسم كان في محل رفع حَاضِرَيْنِ: خبر كان منصوب بالياء كانا حَاضِرَيْنِ: الجملة في محل رفع خبر

المثنى المؤنث الغائب	
كَانَتِ الْمُعَلِّمَتَانِ حَاضِرَتَيْنِ . كان : فعل ناقص ، ت : علامة التأنيث الْمُعَلِّمَتَانِ: اسم كان مرفوع بالألف لأَنَّهُ مثنى حَاضِرَتَيْنِ : خبر كان منصوب بالياء لأَنَّهُ مثنى	الْمُعَلِّمتان كَانَتَا حَاضِرَتَيْنِ. الْمُعَلِّمَتَانِ : مبتدا كان: فعل ناقص ت: علامة التأنيث ا: ألف الاثنين اسم كان في محل رفع حَاضِرَتَيْنِ : خبر كان منصوب بالياء لأنه مثنى كَانَتَا حَاضِرَتَيْنِ: الجملة في محل رفع خبر

الجمع المذكر الغائب	
كَانَ الْمُعَلِّمُوْنَ حَاضِرِيْنَ . كَانَ: فعل ناقص الْمُعَلِّمُوْنَ: اسم كان مرفوع بالواو لأنه جمع مذكر سالم حَاضِرِيْنَ : خبر كان منصوب بالياء لأنه جمع مذكر سالم	الْمُعَلِّمونَ كَانُوْا حَاضِرِيْنَ. الْمُعَلِّمونَ: مبتدا كان : فعل ناقص و: واو الجماعة في محل رفع اسم كان حَاضِرِيْنَ : خبر كان منصوب بالياء لأَنَّه جمع مذكر سالم كَانُوْا حَاضِرِيْنَ: الجملة في محل رفع خبر

الجمع المؤنث الغائب	
كَانَتِ الْمُعَلِّمَاتُ حَاضِرَاتٍ . كان: فعل ناقص ت: علامة التأنيث الْمُعَلِّمَاتُ: اسم كان مرفوع بالضَّمة حَاضِرَاتٍ: خبر كان منصوب بالكسرة لأنّه جمع مؤنث سالم	الْمُعَلِّمَاتُ كُنَّ حَاضِرَاتٍ. الْمُعَلِّمَاتُ: مبتدا كُنَّ: فعل ناقص ن: نون النسوة اسم كان في محل رفع حَاضِرَاتٍ:خبر كان منصوب بالكسرة لأنه جمع مؤنث سالم كُنَّ حَاضِرَاتٍ: الجملة في محل رفع خبر
المفرد المذكر المخاطب	**المفرد المؤنث المخاطب**
كُنْتَ حَاضِرًا. كُنْ : فعل ناقص، تَ: ضمير في محل رفع اسم كَانَ حَاضِرًا: خبر كان منصوب بالفتحة	كُنْتِ حَاضِرَةً. كُنْ: فعل ناقص، تِ: ضميرفي محل رفع اسم كان حَاضِرَةً :خبر كان منصوب بالفتحة
المثنى المذكر المخاطب	**المثنى المؤنث المخاطب**
كُنْتُمَا حَاضِرَيْنِ. كُنْ: فعل ناقص، ت: اسم كان في محل رفع ما : علامة التثنية حَاضِرَيْنِ : خبر كان منصوب بالياء لأنه مثنى	كُنْتُمَا حَاضِرَيْنِ. كُنْ: فعل ناقص ت: اسم كان في محل رفع، ما : علامة التثنية حَاضِرَيْنِ : خبر كان منصوب بالياء لأنه مثنى
الجمع المذكر المخاطب	**الجمع المؤنث المخاطب**
كُنْتُمْ حَاضِرِيْنَ. كُنْ: فعل ناقص ت: اسم كان في محل رفع م :علامة الجمع حَاضِرِيْنَ: خبر كان منصوب بالياء لأنه جمع مذكر سالم	كُنْتُنَّ حَاضِرَاتٍ. كُنْ: فعل ناقص ت: اسم كان في محل رفع ن :علامة الجمع حاضراتٍ: خبر كان منصوب بالكسرة لأنه جمع مؤنث سالم

المفرد المذكر المتكلم	المفرد المؤنث المتكلم
كُنْتُ حَاضِراً. كُنْ: فعل ناقص تُ: ضمير، اسم كان في محل رفع حاضراً: خبر كان منصوب بالفتحة	كُنْتُ حَاضِرَةً. كُنْ : فعل ناقص تُ: ضمير، اسم كان في محل رفع حَاضِرَةً: خبر كان منصوب بالفتحة
المثنى المذكر المتكلم	**المثنى المؤنث المتكلم**
كُنَّا حَاضِرَيْنِ. كُنْ : فعل ناقص نَا: ضمير، اسم كان في محل رفع حَاضِرَيْنِ: خبر كان منصوب بالياء لأنهُ مثنى	كُنَّا حَاضِرَتَيْنِ. كُنْ: فِعل ناقص نا: ضمير، اسم كان في محل رفع حَاضِرَتَيْنِ:خبر كان منصوب بالياء لأنَّه مثنى
الجمع المذكر المتكلم	**الجمع المؤنث المتكلم**
كُنَّا حَاضِرِيْنِ. كانْ: فعل ناقص نا: ضمير، اسم كان في محل رفع حَاضِرِيْنِ : خبر كان منصوب بالياء لأنه جمع مذكر سالم	كُنَّا حَاضِرَاتٍ. كُنْ : فعل ناقص نا: ضمير، اسم كان في محل رفع حَاضِرَاتٍ : خبر كان منصوب بالكسرة لأنه جمع مؤنث سالم

شرح و تفصیل:

یہ قاعدہ فعل ماضی کے باب میں گزر چکا ہے کہ اگر فعل کا فاعل ''اسم ظاہر'' ہوتو فعل اس سے پہلے ہر حال میں مفرد کے صیغے میں ہی رہتا ہے:

وَصَلَ الطُّلاَّبُ فِي الْوَقْتِ الْمُحَدَّدِ.

اور اگر فعل اسم ظاہر کے بعد واقع ہوتو صیغہ میں اس اسم کے مطابق ہوگا اور اسکا فاعل (ضمیر بارز یا مستتر) ہوگی:

الطُّلَّابُ وَصَلُوْا فِي الْوَقْتِ الْمُحَدَّدِ.

یہی قاعدہ کان کے باب میں ملحوظ رہے گا۔ کَانَ کا اسم اگر اسم ظاہر ہو تو کان مفرد ہی رہے گا:

كَانَ الْمُعَلِّمُوْنَ حَاضِرِيْنَ.

اور اگر کَانَ اسم ظاہر کے بعد واقع ہو تو صیغے میں اس اسم ظاہر کے مطابق ہوگا اور اسکا فاعل ضمیر (بارز یا مستتر) ہوگی:

الْمُعَلِّمُوْنَ كَانُوْا حَاضِرِيْنَ.

جملہ مذکورہ میں کَانَ کا اسم واو الجماعة ہے، دیئے ہوئے نقشہ کا خوب غور سے مطالعہ کیجئے۔

"لَيْسَ"

المفرد المذكر الغائب	
لَيْسَ الطَّالِبُ مُهْمِلاً. ليس : فعل ناقص الطَّالِبُ: اسمُ ليس مرفوع مُهْمِلاً : خبر ليس منصوب بالفتحة.	الطَّالِبُ لَيْسَ مُهْمِلاً. الطَّالِبُ: مبتدأ، ليس : فعل ناقص ضمير مستتر (هو): اسم ليس في محل رفع مُهْمِلاً: خبر ليس، منصوب بالفتحة ليس مهملاً: الجملة في محلّ رفع خبر
المفرد المؤنث الغائب	
لَيْسَتِ الطَّالِبَةُ مُهْمِلَةً. لَيْسَ: فعل ناقص، ت : علامة التأنيث الطالبة: اسم ليس مرفوع بالضمة مُهْمِلَةً : خبر ليس منصوب بالفتحة	الطَّالِبَةُ لَيْسَتْ مُهْمِلَةً. الطَّالِبة : مبتدأ مرفوع بالضمة ليس: فعل ناقص، ت : علامة التأنيث ضمير مستتر (هِيَ): اسم ليس في محل رفع مُهْمِلَةً : خبر ليس منصوب بالفتحة لَيْسَت مُهْمِلَةً : الجملة في محل رفع خبر

المثنى المذكر الغائب

لَيْسَ الطَّالِبَانِ مُهْمِلَيْنِ. ليس: فعل ناقص الطَّالِبَانِ: اسم ليس مرفوع بالألف لأنه مثنى مُهْمِلَيْنِ: خبر ليس منصوب بالياء لأنه مثنى	الطَّالِبَانِ لَيْسَا مُهْمِلَيْنِ الطَّالِبَانِ: مبتدأ مرفوع بالألف لأنه مثنى ليس: فعل ناقص ا: ألف الاثنين في محل رفع اسم ليس مُهْمِلَيْنِ: خبر ليس منصوب بالياء لأنه مثنى لَيْسَا مُهْمِلَيْنِ : الجملة في محل رفع خبر

المثنى المؤنث الغائب

لَيْسَت الطَّالِبَتَانِ مُهْمِلَتَيْنِ. لَيْسَ: فِعْلٌ نَاقِص ت: علامة التأنيث الطَّالِبَتَانِ: اسم ليس مرفوع بالألف لأنه مثنى مُهْمِلَتَيْنِ: خبر ليس منصوب بالياء لأنه مثنى	الطَّالِبَتَانِ لَيْسَتَا مُهْمِلَتَيْنِ. الطَّالِبَتَانِ: مبتدأ مرفوع بالألف لأنه مثنى ليس: فعل ناقص ت: علامة التأنيث ا: ألف الاثنين في محلّ رفع اسم ليس مُهْمِلَتَيْنِ: خبر ليس منصوب بالياء لأنه مثنى ليستا مُهْمِلَتَيْنِ: الجملة في محلّ رفع خبر

الجمع المذكر الغائب

ليس الطُّلابُ مُهْمِلِيْنَ. ليس: فعل ناقص الطُّلَّابُ: اسم ليس مرفوع بالضمة مُهْمِلِيْنَ: خبر ليس منصوب بالياء لأنه جمع مذكر سالم.	الطُّلَّابُ لَيْسُوْا مُهْمِلِيْنَ. الطُّلابُ: مبتدأ مرفوع بالضمّة ليس: فعل ناقص و: واو الجماعة في محل رفع اسم ليس مُهْمِلِيْنَ: خبر ليس منصوب بالياء لأنه جمع مذكّر سالم لَيْسُوْا مُهْمِلِيْنَ: الجملة في محلّ رفع خبر

الجمع المؤنث الغائب	
لَيْسَتِ الطَّالِبَاتُ مُهْمِلاتٍ. ليس: فعل ناقص ت: علامة التأنيث الطَّالِبَاتُ : اسم ليس مرفوع بالضمة مُهْمِلاَتٍ: خبر ليس منصوب بالكسرة لأنه جمع مؤنث سالم	الطَّالِبَاتُ لَسْنَ مُهْمِلاَتٍ. الطَّالِبَاتُ: مبتدأ مرفوع بالضمة لَيْس: فعل ناقص ن: نون النّسوة في محل رفع اسم ليس مُهْمِلاَتٍ: خبر ليس منصوب بالكسرة لأنه جمع مؤنث سالم لَسْنَ مُهْمِلاَتٍ: الجملة فِي محلّ رفع خبر
المفرد المذكر المخاطب	**المفرد المؤنث المخاطب**
لَسْتَ مُهْمِلاً. لَيس: فعل ناقص، ت: ضمير في محل رفع اسم ليس مُهْمِلاً: خبر ليس منصوب بالفتحة	لَسْتِ مُهْمِلَةً. لَيس: فعل ناقص، ت: ضمير في محلّ رفعٍ اسم ليس مُهْمِلَةً: خبر ليس منصوب بالفتحة
المثنى المذكر المخاطب	**المثنى المذكر المخاطب**
لَسْتُمَا مُهْمِلَيْنِ. لَيس : فعل ناقص ت: ضمير، اسم ليس في محلّ رفع ما: علامة التثنية مُهْمِلَيْنِ: خبر ليس منصوب بالياء لأنه مثنى	لَسْتُمَا مُهْمِلَتَيْنِ. لَيس : فعل ناقص، ت: ضمير، اسم ليس في محلّ رفع ما: علامة التثنيةِ مُهْمِلَتَيْنِ : خبر ليس منصوب بالياء لأنه مثنى
الجمع المذكر المخاطب	**الجمع المؤنث المخاطب**
لَسْتُمْ مُهْمِلِيْنَ. لَيس : فعل ناقص ت: ضمير، اسم ليس في محلّ رفع م: علامة الجمع ، مُهْمِلِيْنَ : خبر ليس منصوب بالياء لأنه جمع مذكر سالم	لَسْتُنَّ مُهْمِلاَتٍ. لَيس: فعل ناقص ت: ضمير، اسم ليس في محلٍّ رفع ن: علامة الجمع مُهْمِلاَتٍ: خبر ليس منصوب بالكسرة لأنه جمع مؤنث سالم

المفرد المذكر المتكلم	المفرد المؤنث المتكلم
لَسْتُ مُهْمِلاً. لَيس: فعل ناقص ت :ضمير في محل رفع اسم ليس مُهْمِلاً : خبر ليس منصوب بالفتحة	لَسْتُ مُهْمِلَةً . لَيس : فعل ناقص ت: ضمير في محل رفع اسم ليس مُهْمِلَةً : خبر ليس منصوب بالفتحة
المثنى المذكر المتكلم	**المثنى المؤنث المتكلم**
لَسْنَا مُهْمِلَيْنِ. لَيس : فعل ناقص نا : ضمير في محل رفع اسم ليس مُهْمِلَيْنِ : خبر ليس منصوب بالياء لأنه مثنى	لَسْنَا مُهْمِلَتَيْنِ. لَيس: فعل ناقص نا: ضمير في محل رفع اسم ليس مُهْمِلَتَيْنِ: خبر ليس منصوب بالياء لأنه مثنى
الجمع المذكر المتكلم	**الجمع المؤنث المتكلم**
لَسْنَا مُهْمِلِيْنَ. لَيس : فعل ناقص نا : ضمير في محل رفع اسم ليس مُهْمِلِيْنَ: خبر ليس منصوب بالياء لأنه جمع مذكر سالم	لَسْنَا مُهْمِلاَتٍ. لَيس : فعل ناقص نا : ضمير في محل رفع اسم ليس مُهْمِلاَتٍ: خبر ليس منصوب بالكسرة لأنه جمع مؤنث سالم

خَبَرُ الْفِعْلِ النَّاقِصِ
قَدْ يَكُوْنُ شِبْهَ جُمْلَةٍ أَوْ جُمْلَةً

الأمثلة:

(ا)

١ ـ كَانَ الْكَافِرُ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ.
٢ ـ كَانَ عَلَيَّ عِبْءٌ ثَقِيْلٌ.
٣ ـ كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ وُجُوْهُهُمْ نَاضِرَةٌ.

(ب)

٤ ـ أَلَيْسَ الْكِذْبُ عَاقِبَتُهُ وَخِيْمَةٌ ؟
٥ ـ لَيْسَ الْمُبْتَدِعُ عَلَى بَصِيْرَةٍ.
٦ ـ لَيْسَ لِلْمُشْرِكِ مَغْفِرَةٌ.
٧ ـ لَيْسَ الْحُكَّامُ بِعَادِلِيْنَ.

شرح وتفصیل:

فعل ناقص کی خبر شبہ الجملۃ بھی ہوسکتی ہے [1] ۔ ''مجموعہ (الف) جملہ ا، مجموعہ (ب) جملہ ۵'' اس صورت میں شبہ الجملۃ کے اعراب ''خَبَرُ كَانَ فِيْ مَحَلِّ نَصْبٍ'' سے تعبیر کئے جائیں گے۔

كَانَ اور لَيْسَ کا اسم اگر نکرہ ہو اور خبر شبہ الجملۃ ہو تو عام طور پر شبہ الجملۃ کو مقدم کر دیا جاتا ہے۔ ''مجموعہ (الف) جملہ ۲، مجموعہ (ب) جملہ ۶'' اس شبہ الجملۃ کے اعراب ''خَبَرُ كَانَ مُقَدَّمٌ فِيْ مَحَلِّ نَصْبٍ'' سے تعبیر کئے جائیں گے، اور اس کا اسم ''اِسْمُ كَانَ مُؤَخَّرٌ'' کہلائے گا۔

لَيْسَ کی خبر کے ساتھ بعض اوقات تاکید کے لئے ایک ''ب'' بڑھا دی جاتی ہے جو باء زائدۃ کہلاتی ہے، اس باء کے ساتھ لَيْسَ کی خبر شبہ الجملۃ کی صورت اختیار کر لیتی ہے ''مجموعہ (ب) جملہ ۷''۔

اسی طرح فعل ناقص کی خبر جملہ (اسمیہ یا فعلیہ) بھی ہوسکتی ہے ''مجموعہ الف جملہ (۳)، مجموعہ (ب) جملہ ۴''۔

قاعدہ ۲۵:

ا۔ جب ''كَانَ'' (فعل ناقص) جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے تو مبتدا کو مرفوع بنا دیتا ہے جو کہ اس کا اسم کہلاتا ہے

(ا) آپ کی یاد دہانی کے لئے: ''شبہ الجملۃ'' جار و مجرور سے بھی مرکب ہوسکتا ہے اور ظرف اور اس کے مضاف الیہ سے بھی۔

اور خبر کو منصوب بنا دیتا ہے جو کہ اس کی خبر کہلاتی ہے۔

۲۔ "كَانَ" معنی کے اعتبار سے جملے کا مفہوم ماضی میں منتقل کر دیتا ہے۔

۳۔ "لیس" کان کی اخوات میں سے ہے اور جملے کی زمانہ حال میں نفی کرتا ہے، "لیس" سے بخلاف "كَانَ" کے مضارع اور امر کے صیغے نہیں بنتے۔

۴۔ "كان" اور "لیس" کی خبر جملہ اور شبه الجملة بھی ہو سکتی ہے۔

التمرين ـ ۱

مندرجہ ذیل جملوں پر "كان" داخل کیجئے:

نموذج: الْعَدْلُ قَائِمٌ. كَانَ الْعَدْلُ قَائِمًا.

١ ـ الْبَرْدُ قَارِسٌ. ٢ ـ لَكُمْ أَجْرٌ عَظِيْمٌ. ٣ ـ الْمُحَاضَرَتَان صَعْبَتَان.

٤ ـ فَضْلُهُ عَمِيْمٌ. ٥ ـ الرَّائِحَةُ كَرِيْهَةٌ. ٦ ـ هٰذِهِ الْمِنْطَقَةُ مُضْطَرِبَةٌ.

٧ ـ الطَّعَامُ جَاهِزٌ. ٨ ـ الأَعْدَاءُ خَائِفُوْنَ. ٩ ـ الْمُجَاهِدُوْنَ مُنْتَصِرُوْنَ.

١٠ ـ الْعَدُوُّ مُنْهَزِمٌ. ١١ ـ الْكَهْرَبَاءُ مُنْقَطِعَةٌ . ١٢ ـ الْمُعَلِّمَاتُ مُتَسَاهِلَاتٌ.

١٣ ـ زَيْدٌ ذُوْ فَضْلٍ. ١٤ ـ أَخُوْ سَلِيْمٍ عَبْقَرِيٌّ. ١٥ ـ الْمَحَطَّةُ قَرِيْبَةٌ مِنْ بَيْتِيْ.

١٦ ـ الثِّيَابُ مَكْوِيَّةٌ. ١٧ ـ الْجَرِيْحَانِ مُتَأَلِّمَانِ. ١٨ ـ عَائِشَةُ مَشْغُوْلَةٌ بِالضُّيُوْفِ.

١٩ ـ الضَّرْبَةُ قَاضِيَةٌ. ٢٠ ـ الْمُمْتَحِنُوْنَ أَشِدَّاءُ. ٢١ ـ عَلٰى أَخِي عَائِشَةَ دُيُوْنٌ كَثِيْرَةٌ.

٢٢ ـ النُّجُوْمُ مُتَلَأْلِئَةٌ. ٢٣ ـ السَّيَّارَتَان مُعَطَّلَتَان. ٢٤ ـ الأُمُّ حَرِيْصَةٌ عَلٰى تَرْبِيَةِ أَوْلَادِهَا.

٢٥ ـ الشَّعْبُ مُتَّحِدٌ. ٢٦ ـ هٰؤُلَاءِ قَوْمٌ مُعْتَدُوْنَ. ٢٧ ـ الْجُنُوْدُ مُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ.

٢٨ ـ أَبُوْهُمَا صَالِحٌ. ٢٩ ـ الْبُخَلَاءُ مَبْغُوْضُوْنَ. ٣٠ ـ الأَبَوَانِ قَلِقَانِ عَلٰى طِفْلِهِمَا الْمَرِيْضِ.

٣١ ـ الاخْتِبَارُ صَعْبٌ. ٣٢ ـ الْمِفْتَاحَانِ ضَائِعَانِ. ٣٣ ـ الْمُؤْمِنُوْنَ مُشْفِقُوْنَ مِنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ.

٣٤ ـ الْبَقَرَاتُ ثَمِيْنَاتٌ. ٣٥ ـ هٰذِهِ الأُسَرُ مُحَافِظَةٌ [1]. ٣٦ ـ الْخَادِمَاتُ مَشْغُوْلَاتٌ بِتَنْظِيْفِ الْبَيْتِ.

(۱) پرانے طرز کے

۳۷۔ الأسْعَارُ رَخِيْصَةٌ. ۳۸۔ أخُوْ عَائِشَةَ ذُوْ مَالٍ. ۳۹۔ بَابَا الْغُرْفَةِ مَفْتُوْحَانِ وَنَافِذَتَاهَا مُغْلَقَتَانِ.

٤٠۔ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ مُوْلَعُوْنَ بِالدَّسَائِسِ وَ الْفِتَنِ. ٤١۔ رَئِيْسُ الْوُزَرَاءِ مُسَافِرٌ إِلَى جَدَّةَ فِي جَوْلَةٍ رَسْمِيَّةٍ.

التمرين ۔ ۲

مندرجہ ذیل جملوں پر "لَيْسَ" داخل کیجئے:

نموذج: الثِّيَابُ مَكْوِيَّةٌ. لَيْسَتِ الثِّيَابُ مَكْوِيَّةً.

۱۔ الأمْرُ هَيِّنٌ. ۲۔ الْحَوْضُ مُمْتَلِئٌ. ۳۔ فِي الْبَلَدِ جَامِعَاتٌ.

٤۔ الأسْئِلَةُ صَعْبَةٌ. ٥۔ السَّائِحُوْنَ مُتْعَبُوْنَ. ٦۔ الأطْفَالُ ضَاحِكُوْنَ.

۷۔ الْفَتَاةُ مُتَزَوِّجَةٌ. ۸۔ الْجُنُوْدُ مُنْهَزِمُوْنَ. ۹۔ هٰؤُلَاءِ رَقِيْقُو الْقُلُوْبِ.

۱۰۔ الزَّكَاةُ مُؤَدَّاةٌ. ۱۱۔ الْوَصِيفَانِ أمِيْنَانِ. ۱۲۔ الْفَتَيَاتُ مُتَزَوِّجَاتٌ.

۱۳۔ عُذْرُكَ مَقْبُوْلٌ. ۱٤۔ الْكَسْلَانُ مُتَفَوِّقٌ. ۱٥۔ الْمُتَفَرِّجُوْنَ مُهَذَّبُوْنَ.

۱٦۔ الْعَاصِفَةُ عَنِيْفَةٌ. ۱۷۔ النَّظَّارَةُ مُنْكَسِرَةٌ. ۱۸۔ الْمُمَرِّضَاتُ نَشِيْطَاتٌ.

۱۹۔ لأحْمَدَ أُخْتٌ. ۲۰۔ الشَّوَارِعُ مُزْدَحِمَةٌ. ۲۱۔ أبُو خَدِيْجَةَ ذُوْ سُلْطَانٍ.

۲۲۔ التَّهَوُّرُ شُجَاعَةٌ. ۲۳۔ الْحَمَّالُوْنَ أقْوِيَاءُ. ۲٤۔ الْعُمَّالُ مُضْرِبُوْنَ عَنِ الْعَمَلِ.

۲٥۔ الصِّبْيَانُ بَاكُوْنَ. ۲٦۔ الْعَلَاقَاتُ مُنْقَطِعَةٌ. ۲۷۔ الْكَهْرَبَاءُ مُنْقَطِعَةٌ فِي مِنْطَقَتِنَا.

۲۸۔ أخَوَايَ مُسْتَعِدَّانِ لِمُسَاعَدَتِكُمْ. ۲۹۔ طُلَّابُ الدِّيْنِ قُدْوَةٌ فِيْ هٰذِهِ الأيَّامِ.

التمرين ۔ ۳

مندرجہ ذیل جملوں کے مبتدا ضمائر منفصلہ ہیں، ہر جملہ پر پہلے كَانَ اور پھر لَيْسَ داخل کیجئے:

نموذج : أنْتُمْ غَافِلُوْنَ . كُنْتُمْ غَافِلِيْنَ ، لَسْتُمْ غَافِلِيْنَ.

۱۔ أنَا ضَعِيْفَةٌ. ۲۔ هُوَ ذُوْ مَالٍ. ۳۔ أنْتُمَا لَاهِيَانِ.

٤۔ هُنَّ مُتَدَيِّنَاتٌ. ٥۔ هِيَ مُتَسَاهِلَةٌ جِدًّا. ٦۔ هُمَا مُتَيَقِّظَانِ.

٧ـ هُوَ عَلى خَطَإٍ. ٨ـ أنْتَ عَنِيْدٌ جِدًّا. ٩ـ هِيَ رَاضِيَةٌ مُطْمَئِنَّةٌ.
١٠ـ نَحْنُ ضَالُّوْنَ. ١١ـ هُمْ قَانِعُوْنَ. ١٢ـ أنْتَ ذُوْ رَحْمٍ.
١٣ـ هُمْ قَوْمٌ فَاسِقُوْنَ. ١٤ـ نَحْنُ عِرَاقِيُّوْنَ. ١٥ـ أنَا مَسْرُوْرَةٌ.
١٦ـ هُمْ مُشْرِكُوْنَ. ١٧ـ أنْتِ مَشْغُوْلَةٌ بِالضُّيُوْفِ. ١٨ـ أنْتَ فِيْ حَيْرَةٍ مِنْ أمْرِكَ.
١٩ـ أنْتُمْ فِيْ نَعِيْمٍ. ٢٠ـ أنَا خَائِفٌ مِنَ الظَّلَامِ. ٢١ـ أأنْتِ قَلِقَةٌ عَلَى ابْنِكِ؟
٢٢ـ أنْتَ مُهْتَمٌّ بِتَرْبِيَةِ أوْلَادِكَ. ٢٣ـ أنْتُمْ عَلَى طَرِيْقٍ مُسْتَقِيْمٍ. ٢٤ـ أنْتَ مَسْؤُوْلٌ عَنِ النِّظَامِ.
٢٥ـ نَحْنُ مُسْتَعِدُّوْنَ لِمُسَاعَدَتِكُمْ.

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل جملوں میں سرخ اسماء کو مبتدآت بنا کر افعال کے صیغے تبدیل کیجئے:

نموذج: لَيْسَ الأوْلَادُ نَائِمِيْنَ. الأوْلَادُ لَيْسُوْا نَائِمِيْنَ.

١ـ كَانَ الْخَائِنُ فِيْ حَيْرَةٍ. ٢ـ لَيْسَ الصُّنَّاعُ مُتْقِنِيْنَ. ٣ـ لَيْسَ الْكُفَّارُ سُعَدَاءَ.
٤ـ لَيْسَ الْبَائِعَانِ رَابِحَيْنِ. ٥ـ كَانَ الْحِصَانُ مُسْرِعًا. ٦ـ كَانَ أهْلُ الْبَلَدِ أُمِّيِّيْنَ.
٧ـ لَيْسَتِ الْفَتَيَاتُ مُثَقَّفَاتٍ. ٨ـ كَانَ الأخَوَانِ صَالِحَيْنِ. ٩ـ كَانَ الْفُقَرَاءُ بَائِسِيْنَ.
١٠ـ كَانَتِ الْمَصَابِيْحُ مُتَّقِدَةً. ١١ـ كَانَتِ النِّسَاءُ مُتَبَرِّجَاتٍ. ١٢ـ لَيْسَتِ الْكُتُبُ مَفْقُوْدَةً.
١٣ـ كَانَتِ الأُخْتَانِ ظَرِيْفَتَيْنِ. ١٤ـ لَيْسَ الْبُخَلَاءُ مَحْبُوْبِيْنَ. ١٥ـ لَيْسَ الْحُكَّامُ مُخْلِصِيْنَ.
١٦ـ كَانَ الْخَادِمَانِ بَطِيْئَيْنِ لِلْغَايَةِ. ١٧ـ كَانَ اللَّاجِئُوْنَ مُسْتَبْشِرِيْنَ. ١٨ـ لَيْسَتِ الْبَاكِسْتَانِيَّاتُ مُتَحَجِّبَاتٍ.
١٩ـ كَانَ الْعَرَبُ قَبْلَ الإسْلَامِ بَدْوًا رُحَّلاً.

التمرين ـ ٥

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

١ـ نیا جوتا تنگ تھا۔ ٢ـ کیا یہ اسباق اہم نہیں ہیں؟ ٣ـ شہر کی عمارتیں بہت اونچی تھیں۔

۴۔ آسمان صاف تھا۔
۵۔ ہمارے پاس مال نہیں ہے۔
۶۔ یہ سب باغ پھل دار نہیں ہیں۔
۷۔ وہ سب محتاط نہیں ہیں۔
۸۔ دو خادم سوئے ہوئے تھے۔
۹۔ میری کتابیں شیلف پر نہیں ہیں۔
۱۰۔ دونوں وزیر خائن تھے۔
۱۱۔ لالی افق پر پھیلی ہوئی تھی۔
۱۲۔ بچوں کی قمیصیں صاف نہیں ہیں۔
۱۳۔ کل موسم بہت گرم تھا۔
۱۴۔ مسلمان لڑکیاں باپردہ تھیں۔
۱۵۔ کیا آپ دونوں بھائی نہیں ہیں؟
۱۶۔ بے شک آپ سچی تھیں۔
۱۷۔ کل میرے ہاں مہمان تھے۔
۱۸۔ اس شہر میں میرا کوئی دوست نہیں۔
۱۹۔ کیا پچھلے جمعہ (۱) دکانیں بند تھیں؟
۲۰۔ ان دونوں کا بھائی مشہور ڈاکٹر تھا۔
۲۱۔ آپ کے پاس کوئی عذر نہیں ہے۔
۲۲۔ پرانے زمانے میں مسلمان متحد تھے۔
۲۳۔ غیر ملکی طلبہ اپنے سفر کے بعد تھکے ہوئے تھے۔
۲۴۔ اے عائشہ! آپ آج خوش نہیں ہیں۔
۲۵۔ میں بہت تھکا ہوا تھا اس وجہ سے میں غائب تھا۔
۲۶۔ میں پچھلے سال یونیورسٹی میں طالبہ تھی۔
۲۷۔ آپ کے پاس آپ کے والد بیٹھے ہوئے تھے۔
۲۸۔ یہ کتابیں بچوں کیلئے مناسب نہیں ہیں۔
۲۹۔ سلیم زید کا بھائی نہیں ہے بلکہ اس کا دوست ہے۔
۳۰۔ مہمان اس وقت گھر پر موجود نہیں ہیں۔
۳۱۔ آپ سب عورتیں جاہل نہیں ہیں لیکن غافل ہیں۔
۳۲۔ میرے والدین آجکل موجود نہیں ہیں۔
۳۳۔ آپ بیوقوف نہیں ہیں لیکن آپ بے پرواہ ہیں۔
۳۴۔ یہ خوبصورت قالین درآمد شدہ نہیں ہے۔
۳۵۔ بچے ساتھ والے کمرے میں سوئے ہوئے تھے۔
۳۶۔ عائشہ کل حاضر تھی لیکن وہ آج حاضر نہیں۔
۳۷۔ تمام اساتذہ پرنسپل کے دفتر میں بیٹھے ہوئے تھے۔
۳۸۔ آپ کے پاس کوئی دینی کتاب نہیں ہے۔
۳۹۔ آج کل مسلمان احکام شریعت پر عمل پیرا نہیں ہیں۔
۴۰۔ دو مسلمانوں کے کپڑے کیچڑ آلودہ تھے۔
۴۱۔ وہ اللہ تعالیٰ کی آیات سے اعراض کرنے والے تھے۔
۴۲۔ آج دینی مدارس بند نہیں ہیں کل بند تھے۔
۴۳۔ ہمارے کمرے کی دیواریں صاف ستھری اور سفید تھیں۔
۴۴۔ وہ سب خواتین دروازے پر کھڑی تھیں۔
۴۵۔ میرے والدین امتحان میں میری کامیابی سے خوش تھے۔
۴۶۔ کیا محنت کرنے والے کامیاب نہیں ہیں؟
۴۷۔ بے شک یہ دونوں کاریگر ماہر نہیں ہیں لیکن یہ امانتدار ہیں۔
۴۸۔ غروب آفتاب کا منظر بہت خوبصورت تھا۔
۴۹۔ ان بچوں کی مائیں لاپرواہ نہیں ہیں لیکن وہ آج کل مشغول ہیں۔

---

(۱) في الْجُمُعَةِ الْمَاضِيَة

٥٠۔ میں زید کے گھر صبح سویرے گیا تو وہ حسب عادت باغ میں بیٹھا ہوا تھا۔

التمرين ـ ٦

نماذج:

١ ـ كَانَتْ مِنَ الْقَانِتِيْنَ.

كَانَ : فعل ماضٍ ناقص

ت : للتأنيث

ضمير مستتر هي: اسم كان

مِنَ الْقَانِتِيْنَ : شبه الجملة في محل نصب خبر كان

٢ ـ لَسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ.

لَيْسَ : فعل ناقص

تُ: ضمير رفع بارز في محل رفع اسم ليس

عَلَيْكُمْ: جار ومجرور

بِـ: الباء زائد وَكِيْلٍ: مجرور بالكسرة

بوَكِيْلٍ : شبه الجملة في محل نصبٍ خبر ليس

٣ ـ إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا.

إِنَّ : حرف توكيد يَوْمَ : اسم إنَّ منصوب بالفتح ومضاف

الْفَصْلِ : مضاف إليه مجرور بالكسرة

كَانَ : فعل ناقص، ضمير مستتر هو: اسم كان

مِيْقَاتًا : خبر كان منصوب بالفتحة

كَانَ مِيْقَاتًا: الجملة في محل رفعٍ خبر إنَّ

٤ ـ أَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ.

أ : همزة الاستفهام

لَيْسَ: فعل ناقص

لِيْ [1] : جار ومجرور خبر ليس مقدم في محل نصبٍ

مُلْكُ : اسم ليس مؤخر مرفوع بالضمة مضاف

مِصْرَ : مضاف إليه مجرور بالفتحة لأنه غير منصرف

٥ ـ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِآيَاتِ اللّٰهِ.

كَانَ : فعل ناقص و: ضمير رفع بارز اسم كان في محل رفع

يَكْفُرُوْنَ بِآيَاتِ اللّٰهِ: الجملة الفعلية في محل نصب خبر كان

مندرجہ ذیل عبارتوں کے تفصیلی اعراب بیان کیجیے:

١ ـ كَانَ تَقِيًّا. ٢ ـ كَانَ أَبُوْهُمَا صَالِحًا. ٣ ـ إِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ.

(١) یاء المُتکلم فی محل جر

٤ ـ لَيْسُوْا سَوَاءً. ٥ ـ أَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ. ٦ ـ إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ.

٧ ـ أَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ. ٨ ـ كَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ. ٩ ـ قَالَ يَا نُوْحُ إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَهْلِكَ.

١٠ ـ إِنَّهُ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا. ١١ ـ كَانَ الْبَيْتُ غُرَفُهُ وَاسِعَةٌ. ١٢ ـ إِنَّ الْكَافِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا.

١٣ ـ لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ. ١٤ ـ يَا[1] لَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ. ١٥ ـ قَالَ يَا قَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلَالَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعَالَمِيْنَ.

التمرين ـ ٧

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں کان اور لیس کے اسم اور خبر کا تعین کیجئے:

١ ـ لَسْتُمْ لَهُ بِرَازِقِيْنَ. ٢ ـ إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا.

٣ ـ كُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ. ٤ ـ لَيْسَ عَلَى الأَعْمٰى حَرَجٌ.

٥ ـ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ. ٦ ـ أَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِى انْتِقَامٍ.

٧ ـ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ. ٨ ـ كَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلاً.

٩ ـ يَا لَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرَابًا. ١٠ ـ إِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كَافِرِيْنَ.

١١ ـ كَانُوْا أَشَدَّ مِنْكُمْ. ١٢ ـ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا.

١٣ ـ كُلٌّ كَانُوْا ظَالِمِيْنَ. ١٤ ـ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ.

١٥ ـ كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ. ١٦ ـ مَا كَانَ أَبُوْكِ امْرَءَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ أُمُّكِ بَغِيًّا.

١٧ ـ إِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِئِيْنَ. ١٨ ـ فَإِذَا انْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ.

١٩ ـ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ النِّسَاءِ. ٢٠ ـ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ أَلْقٰى إِلَيْكُمُ السَّلَامَ لَسْتَ مُؤْمِنًا.

(١) يا حرف النداء

نئے الفاظ

عربي	اردو	عربي	اردو
تَهَوُّرٌ	بے سوچے سمجھے کوئی بات کہنا	جَوْلَةٌ رَسْمِيَّةٌ	سرکاری دورہ
حَمَّالٌ ج س	قلی، بوجھ اٹھانے والا	دَسِيْسَةٌ ج: دَسَائِسُ	چھپا ہوا مکر، پوشیدہ عداوت
رَابِحٌ	نفع حاصل کرنے والا	رَقِيْقُ الْقَلْبِ	نرم دل انسان
فِتْنَةٌ ج: فِتَنٌ	فتنہ	شَعْبٌ ج: شُعُوْبٌ	باشندہ
ضَرْبَةٌ	مار	عَاصِفَةٌ ج، عَوَاصِفُ	تیز وتند ہوا، آندھی
عَبْقَرِيٌّ ج: عَبَاقِرَةٌ	بے حد ذہین	عَلَاقَةٌ ج س	تعلق
عَمِيْمٌ	عام	عَنِيْفٌ	سخت
رُحَّلٌ	ایک جگہ سے دوسری جگہ کثرت سے سفر کرنے والا	قَارِسٌ	سخت (یہ صرف سردی کیلئے استعمال ہوتا ہے)
قَاضِيَةٌ	فیصلہ کن	قَانِعٌ ج س	قناعت کرنے والا
مُعَطَّلٌ	بے کار چھوڑی ہوئی چیز	مُعْتَدٍ ج س	حد سے تجاوز کرنے والا
مُمْتَلِئٌ	بھرا ہوا	مُنْقَطِعٌ	منقطع ہونا، کٹ جانا
مُنْكَسِرٌ	ٹوٹا ہوا	مُنْهَزِمٌ ج س	شکست زدہ
مُوْلَعٌ ج س	کسی چیز سے شغف ہونا، بہت زیادہ پسند کرنا	مُؤَدًّى	ادا کیا ہوا
نَجْمٌ ج: نُجُوْمٌ	ستارہ	نَعِيْمٌ	نعمت
وَصِيْفٌ	خادم، نوکر	هَيِّنٌ	آسان
لَاهٍ ج س	غافل، لاپرواہ	أُسْرَةٌ ج: أُسَرٌ	خاندان

أُمِّيٌّ ج س	ان پڑھ	أَمْرٌ ج: أُمُوْرٌ	کام

اردو	عربي	اردو	عربي
احکام شریعت	الأَحْكَامُ الشَّرْعِيَّةُ	اعراض کرنے والا	مُعْرِضٌ عَنْ
افق	أُفُقٌ	پرانا زمانہ	الزَّمَنُ القَدِيْمُ
حسب عادت	كَعَادَتِهِ	عمارت	بِنَاءٌ ج: أَبْنِيَةٌ
غروب آفتاب	غُرُوْبُ الشَّمْسِ	کیچڑ آلودہ	وَحِلٌ، مُتَوَحِّلٌ
لالی	حُمْرَةٌ	مناسب	مُلَائِمٌ بـ، مُنَاسِبٌ

الدرس العشرون

الأَسْمَاءُ الْمَوْصُولَةُ

الأمثلة:

(الف)

المفرد

١ ـ فَرِحَ الَّذِيْ نَجَحَ فِي الامْتِحَانِ.

٢ ـ كَافَأْتُ الَّذِيْ نَجَحَ فِي الامْتِحَانِ.

٣ ـ سَلَّمْتُ عَلَى الَّذِيْ نَجَحَ فِي الامْتِحَانِ.

المثنى

فَرِحَ اللَّذَانِ نَجَحَا فِي الامْتِحَانِ.

سَلَّمْتُ عَلَى اللَّذَيْنِ نَجَحَا فِي الامْتِحَانِ.

كَافَأْتُ اللَّذَيْنِ نَجَحَا فِي الامْتِحَانِ.

الجمع

فَرِحَ الَّذِيْنَ نَجَحُوْا فِي الامْتِحَانِ.

سَلَّمْتُ عَلَى الَّذِيْنَ نَجَحُوْا فِي الامْتِحَانِ.

كَافَأْتُ الَّذِيْنَ نَجَحُوْا فِي الامْتِحَانِ.

(ب)

المفرد

٤ ـ فَرِحَتِ الَّتِيْ نَجَحَتْ فِي الامْتِحَانِ.

٥ ـ كَافَأْتُ الَّتِيْ نَجَحَتْ فِي الامْتِحَانِ.

٦ ـ سَلَّمْتُ عَلَى الَّتِيْ نَجَحَتْ فِي الامْتِحَانِ.

المثنى

فَرِحَتِ اللَّتَانِ نَجَحَتَا فِي الامْتِحَانِ.

سَلَّمْتُ عَلَى اللَّتَيْنِ نَجَحَتَا فِي الامْتِحَانِ.

كَافَأْتُ اللَّتَيْنِ نَجَحَتَا فِي الامْتِحَانِ.

الجمع

فَرِحَتِ اللَّوَاتِي نَجَحْنَ فِي الامْتِحَانِ.

سَلَّمْتُ عَلَى اللَّوَاتِي نَجَحْنَ فِي الامْتِحَانِ.

كَافَأْتُ اللَّوَاتِي نَجَحْنَ فِي الامْتِحَانِ.

(ج)

٧ ـ فَرِحَ الطَّالِبُ الَّذِيْ نَجَحَ فِي الامْتِحَانِ.

٨ ـ كَافَأْتُ الطَّالِبَتَيْنِ اللَّتَيْنِ نَجَحَتَا فِي الامْتِحَانِ

٩ ـ سَلَّمْتُ عَلَى الطُّلَّابِ الَّذِيْنَ نَجَحُوْا فِي الامْتِحَانِ.

(د)

١٠ ـ كَافَأْتُ مَنْ نَجَحَ/ نَجَحُوْا فِي الامْتِحَانِ.

١١ ـ وَجَدْتُ مَا فَقَدْتُ/ فَقَدْتُهُ.

شرح وتفصیل:

۱۔ اسم موصول ایسا اسم معرفہ ہے جس کے بعد ایک جملے کو لاکر مقصود متعین کیا جاتا ہے۔ اردو میں اس کا ترجمہ عام طور پر وہ، جو، جس (وغیرہ) سے کیا جاتا ہے۔

۲۔ اسم موصول کے بعد ہمیشہ جملہ آتا ہے جیسا کہ امثلہ مذکورہ سے واضح ہے، یہ جملہ فعلیہ بھی ہوسکتا ہے: فَـرِحَ الَّـذِيْ نَـجَحَ فِي الامْتِحَانِ اور اسمیہ بھی سَـلَّمْتُ عَلَى الَّذِيْ هُوَ أُسْتَاذٌ ، یہ جملہ "**صلة الموصول**" کہلاتا ہے اس جملے میں عام طور پر ایک ضمیر پائی جاتی ہے جو اسم موصول پر عائد ہوتی ہے، سابقہ مثال میں هُـوَ أُسْتَـاذٌ کی ضمیر (هُـوَ) اسم موصول الَّذِيْ پر عائد ہے اور نحو کی اصطلاح میں "عائد الصّلة" کہلاتی ہے۔ فَرِحَ الَّذِيْ نَجَحَ فِي الامْتِحَانِ میں نَجَحَ کا فاعل ضمیر مستتر "هُوَ" عائد الصّلة ہے۔

۳۔ "صلة الموصول" شبه الجملة بھی ہوسکتا ہے۔

۱ ۔ طَالَعْتُ الْكِتَابَ الَّذِيْ عِنْدِيْ (عائد الصلة محذوف ہے)

۲ ۔ نَظَرْتُ إِلَى الطَّالِبِ الَّذِيْ بِجِوَارِيْ. (عائد الصلة محذوف ہے)

۳ ۔ أَعْجَبَنِي الطَّائِرُ الَّذِيْ عَلَى الْغُصْنِ (عائد الصلة محذوف ہے)

۴۔ مفرد مذکر کے لئے اسم موصول الَّذِيْ اور مفرد مؤنث کے لئے الَّتِيْ اور مثنی مذکر کے لئے اللَّذَانِ اور مثنی مؤنث کے لئے اللَّتَانِ جمع مذکر کے لئے الَّذِيْنَ اور جمع مؤنث کے لئے اللَّوَاتِيْ ، اللاَّئِيْ یا اللاَّتِيْ استعمال ہوتا ہے۔

۵۔ مَـنْ بھی اسم موصول ہے جو خصوصیت کے ساتھ عقلاء کے لئے استعمال ہوتا ہے اور اسکا اطلاق مؤنث مذکر مفرد مثنی جمع میں سے کسی پر بھی ہوسکتا ہے۔

كَافَأْتُ مَنْ نَجَحَ في الامْتِحَانِ. كَافَأْتُ مَنْ نَجَحَتْ فِي الامْتِحَانِ.

كَافَأْتُ مَنْ نَجَحُوْا فِي الامْتِحَانِ.

۶ ۔ مَا بھی اسم موصول ہے جو غیر عقلاء کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے: "وَجَدْتُ مَا فَقَدْتُ" اور "إِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ"

۷۔ اسماء موصولہ مبنی ہوتے ہیں سوائے اللَّذَانِ اور اللَّتَانِ[1] کے، جن کے اعراب مثنی کی طرح ہوتے ہیں یعنی الف سے مرفوع

(۱) اللَّذَانِ اور اللَّتَانِ کے علاوہ أي بھی معرب ہوتا ہے اس کا بیان ان شاء اللہ بعد میں آئے گا۔

یاء سے منصوب اور مجرور ہوتے ہیں، ''مجموعہ (الف) جملہ ا'' میں الَّذِيْ فاعل فی محل رفع واقع ہوا ہے، ''جملہ ۲'' میں الَّذِيْ مفعول بہ في محل نصب واقع ہوا ہے اور ''جملہ ۳'' میں حرف جر علی کے بعد فی محل جر واقع ہوا ہے۔ الَّتِيْ، الَّذِيْنَ اور اللَّوَاتِيْ کے اعراب بھی اسی طرح محلّی ہونگے جبکہ اللَّذَانِ اور اللَّتَانِ امثلہ مذکورہ میں فاعل ہونے کی حالت میں الف سے مرفوع، مفعول بہ ہونے کی حالت میں یاء سے منصوب اور حرف جر کے بعد یاء سے مجرور ہیں۔

۸۔ اسم موصول کسی اسم کے فوراً بعد بھی واقع ہوسکتا ہے۔ یہ اسم ہمیشہ معرفہ ہوگا اور اسم موصول اس کی صفت کہلائے گا۔

۱۔ فَرِحَ الطَّالِبُ الَّذِيْ نَجَحَ فِي الامْتِحَانِ میں الطَّالِبُ فاعل ہے جبکہ الَّذِيْ اسکی صفت ہے (في محل رفع)۔

۲۔ كَافَأْتُ الطَّالِبَ الَّذِيْ نَجَحَ فِي الامْتِحَانِ میں الطَّالِبُ مفعول بہ ہے اور الَّذِيْ اسکی صفت ہے (في محل نصب)

۳۔ سَلَّمْتُ عَلَى الطَّالِبِ الَّذِيْ نَجَحَ فِي الامْتِحَانِ میں "الطَّالِبِ" حرف جر سے مجرور ہے اور الَّذِيْ اسکی صفت ہے (في محل جر)۔

قاعدہ نمبر ۲٦:

ا۔ اسم موصول ایسا اسم معرفہ ہے جس کے بعد ایک جملے کو لاکر مقصود متعین کیا جاتا ہے، اس جملے کو "صلة الموصول" کہتے ہیں۔ اس جملے میں عام طور پر ایک ضمیر ہوتی ہے، جو اسم موصول پر عائد ہوتی ہے اور "عائد الصلة" کہلاتی ہے۔

۲۔ صلة الموصول جملہ فعلیہ، جملہ اسمیہ یا شبہ جملہ ہوتا ہے۔

۳۔ اسماء موصولہ دو قسم کے ہوتے ہیں (ا) خاص (۲) مشترک۔

خاص: وہ ہیں جو مفرد، مثنی، جمع، مذکر، مؤنث کے لئے مخصوص ہوں۔ جیسے الَّذِي مفرد مذکر کے لئے، اللَّذَانِ: مثنی کے لئے، الَّذِيْنَ: جمع مذکر کے لئے۔ اسی طرح مؤنث اسماء موصولہ۔

مشترک: وہ ہیں جن میں تمام صیغوں کے لئے ایک ہی لفظ استعمال ہوتا ہے جیسے مَنْ، مَا، أيّ۔

۴۔ ''مَنْ'' عاقل کے لئے اور ''مَا'' زیادہ تر غیر عاقل کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

۵۔ تمام اسماء موصولہ مبنی ہیں، سوائے اَللَّذَانِ اور اَللَّتَانِ، ان کے اعراب مثنی کی طرح ہوتے ہیں۔

التمرين ـ ۱

مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو مناسب اسماء موصولہ سے پر کیجئے نیز ہر جملہ میں اسم موصول کا اعرابی محل بیان کیجئے:

١ ـ رَبِّي .... خَلَقَنِي.
٢ ـ نَظَرْتُ إِلَى الْعُصْفُوْرِ........... فَوْقَ الشَّجَرَةِ؟
٣ ـ أَكَفَرْتَ بِـ ...... خَلَقَكَ؟
٤ ـ طَالَعْتُ الْكِتَابَ .... أَحْضَرْتُهُ بِالأَمْسِ.
٥ ـ هُمَا الْمُعَلِّمَتَانِ........... عَلَّمَتَانِي.
٦ ـ هٰذِهِ هِيَ النَّافِذَةُ .... دَخَلَ مِنْهَا اللِّصُّ.
٧ ـ مَا تِلْكَ الْكُتُبُ........... فِيْ يَدِكَ؟
٨ ـ هٰؤلاءِ النَّاسُ .... خَرَجُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ.
٩ ـ مَرَرْتُ بِالْبَيْتِ .... هُوَ جَدِيْدٌ.
١٠ ـ أَيْنَ وَضَعْتَ الأَقْلاَمَ .... اشْتَرَيْتَهَا الْيَوْمَ؟
١١ ـ أَيْنَ عَلَّقْتَ الثِّيَابَ .... غَسَلْتَهَا؟
١٢ ـ هٰؤُلاَءِ الطُّلاَّبُ .... رَسَبُوْا فِي الامْتِحَانِ.
١٣ ـ مَا تِلْكَ اللَّوْحَةُ .... عَلَى الْجِدَارِ.
١٤ ـ أَكَلْتُ الْحَلْوَى .... وَجَدْتُّهَا فِي الثَّلاَّجَةِ.
١٥ ـ أَيْنَ الْخَادِمَةُ .... قَدْ وَعَدَتْنِي بِهَا.
١٦ ـ هٰذِهِ هِيَ الْبُيُوْتُ .... دَمَّرَتْهَا قَنَابِلُ الْعَدُوِّ.
١٧ ـ هٰذَا هُوَ الْحَلُّ الْوَحِيْدُ .... عِنْدِيْ.
١٨ ـ قَدْ رَجَعَ الأُسْتَاذَانِ .... سَافَرَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ.
١٩ ـ هٰذِهِ هِيَ الْقُرَى .... هَدَمَهَا السَّيْلُ.
٢٠ ـ هٰذَا هُوَ الْخَادِمُ .... سَرَقَ قِلاَدَتَكَ الذَّهَبِيَّةَ.
٢١ ـ هٰذِهِ هِيَ الْكُتُبُ .... قَدْ[1] قَرَأْتُهَا.
٢٢ ـ قَابَلْتُ الْفَتَاتَيْنِ .... حَضَرَتَا إِلَى بَيْتِيْ بِالأَمْسِ.
٢٣ ـ أَسَمِعْتَ عَنِ الْقَائِدِ .... فَتَحَ صَقَلِيَّةَ؟
٢٤ ـ أَنْتُمَا صَدِيْقَايَ .... سَاعَدَانِيْ فِيْ وَقْتِ الشِّدَّةِ.
٢٥ ـ ذَهَبْتُ إِلَى الْعِيَادَةِ .... بِجِوَارِ بَيْتِيْ.
٢٦ ـ مَنِ الرِّجَالُ الصَّالِحُوْنَ .... أَنْقَذُوْكَ مِنَ الْغَرَقِ؟
٢٧ ـ وَبَّخْتُ الأَطْفَالَ .... مَزَّقُوْا كُتُبِيْ.
٢٨ ـ أَعْجَبَنِيْ الْعَالِمُ .... خَطَبَ النَّاسَ فِي الْمَسْجِدِ.
٢٩ ـ اسْتَقْبَلْنَا الْمَلِكَ .... جَاءَ مِنَ الْهِنْدِ.
٣٠ ـ هٰذَا هُوَ الْبَطَلُ الشُّجَاعُ .... أَحْرَزَ النَّصْرَ لِوَطَنِهِ.
٣١ ـ أهٰؤلاءِ النِّسَاءُ .... خَلَعْنَ الْحِجَابَ.
٣٢ ـ لِمَاذَا اسْتَبْدَلْتَ .... هُوَ أَدْنَى بِـ .... هُوَ خَيْرٌ؟
٣٣ ـ أَيْنَ الْهَدِيَّةُ .... أَرْسَلَ بِهَا زَيْدٌ إِلَيْكَ؟
٣٤ ـ كَيْفَ وَجَدْتَّ الْمَجَلَّةَ الدِّيْنِيَّةَ........... أَرْسَلْتُ بِهَا إِلَيْكَ؟
٣٥ ـ الْكَعْكَةُ .... عَمِلْتِهَا الْيَوْمَ لَذِيْذَةٌ جِدًّا.
٣٦ ـ أَعْجَبَنِيْ الطَّنَافِسُ .... هِيَ مَصْنُوْعَةٌ فِيْ بَاكِسْتَانَ.

(۱) فعل ماضی سے پہلے "قد" لگ جائے تو اس کے مفہوم میں تاکید پیدا ہوتی ہے: زَيْدٌ قد ذَهَبَ کا ترجمہ "زید جا چکا ہے یا زید چلا گیا ہے" ہوگا۔

٣٧ـ هٰؤُلَاءِ هُنَّ الأُمَّهَاتُ .... تَعَلَّمْنَ الدِّيْنَ. ٣٨ـ هٰذَانِ هُمَاالرَّجُلَانِ .... تَكَلَّمْتُ مَعَهُمَا فِي الْمَطَارِ.

٣٩ـ رَجَعَ الْوُزَرَاءُ .... حَضَرُوا الْمُؤْتَمَرَ الإِسْلَامِيَّ إِلٰى بُلْدَانِهِمْ.

٤٠ـ مِنْ أَيْنَ هٰؤُلَاءِ الضُّيُوْفُ .... هُمْ جَالِسُوْنَ فِيْ غُرْفَةِ الْجُلُوْسِ؟

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملوں میں سرخ اسماء کو پہلے مثنی (مذکر یا مؤنث) اور پھر جمع (مذکر یا مؤنث) بنایئے اور اس سے جو تبدیلیاں ہوتی ہیں وہ کیجیے:

نموذج: هٰذَا الطَّالِبُ الَّذِيْ رَسَبَ فِي الامْتِحَانِ.

هٰذَانِ الطَّالِبَانِ اللَّذَانِ رَسَبَا فِي الامْتِحَانِ.

هٰؤُلَاءِ الطُّلَّابُ الَّذِيْنَ رَسَبُوْا فِيْ الامْتِحَانِ.

١ـ هٰذَا هُوَ الَّذِيْ أَكْرَمَهُ الْمَلِكُ. ٢ـ أَنْتَ الْخَادِمُ الْوَفِيُّ الَّذِيْ خَدَمَنِيْ طُوْلَ حَيَاتِيْ.

٣ـ هٰذَا هُوَ الْمُجْرِمُ الَّذِيْ قَتَلَ أَخَا زَيْدٍ. ٤ـ أَيْنَ الْخَادِمُ الَّذِيْ كَانَ عِنْدَكَ فِي الشَّهْرِ الْمَاضِيْ؟

٥ـ أَيْنَ الْوَلَدُ الصَّغِيْرُ الَّذِيْ كَسَّرَ الْفَنَاجِيْنَ؟ ٦ـ سَمِعْتُ الْعَالِمَ الَّذِيْ جَآءَ مِنْ دِمَشْقَ قَبْلَ يَوْمَيْنِ.

٧ـ كَافَأْتُ الْحَارِسَ الَّذِيْ قَبَضَ عَلَى اللِّصِّ. ٨ـ أَتَصَدَّقْتِ عَلَى الْفَقِيْرِ الَّذِيْ كَانَ وَاقِفًا عَلٰى بَابِكِ؟

٩ـ هٰذِهِ هِيَ الْمَرْأَةُ الْفَقِيْرَةُ الَّتِيْ تَصَدَّقْتُ عَلَيْهَا. ١٠ـ أَعْجَبَتْنِي الْفَتَاةُ الصَّالِحَةُ الَّتِيْ تَمَسَّكَتْ بِأَحْكَامِ الشَّرْعِ.

١١ـ أَنَظَرْتَ إِلَى الْكِتَابِ الْمُفِيْدِ الَّذِيْ أَرْسَلَ بِهِ إِلَيْكَ سَلِيْمٌ؟

التمرين ـ ٣

ہر اسم موصول کا صلة الموصول لایئے:

١ـ جَاءَ اللَّذَانِ .... ٢ـ فَتَحْتُ الشَّبَابِيْكَ الَّتِيْ ....

٣ـ أَيْنَ سَيَّارَتُكَ الَّتِيْ .... ٤ـ مَرَرْتُ بِالْحَدِيْقَةِ الَّتِيْ ....

٥ـ هُمَا الْفَتَاتَانِ اللَّتَانِ .... ٦ـ مَنْ كَسَّرَ الصُّحُوْنَ الَّتِيْ ....

٧ـ هُوَ الْكِتَابُ الَّذِيْ .... ٨ـ قَبَضَ الشُّرْطِيُّ عَلَى الَّذِيْنَ ....

٩ ـ رَحَّبَ زَيْدٌ بِاللَّذِيْنَ ....
١٠ ـ هٰذِهِ الأَقْمِشَةُ الَّتِيْ ....مُسْتَوْرَدَةٌ
١١ ـ كَتَبْتُ بِالْقَلَمِ الَّذِيْ ....
١٢ ـ سَلَّمْتُ عَلَى الأُسْتَاذِ الَّذِيْ ....
١٣ ـ مَنْ أَصْدِقَاؤُكُمُ الَّذِيْنَ ....
١٤ ـ سَلَّمَ زَيْدٌ عَلَى الرِّجَالِ الَّذِيْنَ ....
١٥ ـ أَعْجَبَتْنِي الْوُرُوْدُ الَّتِيْ ....
١٦ ـ شَرِبْتُ عَصِيْرَ الْبُرْتُقَالِ الَّذِيْ ....
١٧ ـ هٰؤُلَاءِ النِّسَاءُ اللَّوَاتِيْ ....
١٨ ـ بِكَمْ اشْتَرَيْتَ هٰذِهِ الشَّنْطَةَ الَّتِيْ ....
١٩ ـ هٰذِهِ أَوَّلُ السُّوَرِ الَّتِيْ ....
٢٠ ـ كَسَرَ ابْنُكَ الصَّغِيْرُ الزُّجَاجَتَيْنِ اللَّتَيْنِ ....

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل اسماء کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کے بعد اسماء موصولہ آئیں:

١ ـ الْوَرْدَةُ	٢ ـ التَّلَامِيْذُ	٣ ـ الْكُوْبُ	٤ ـ الصَّدِيْقَاتُ	٥ ـ الْجُنُوْدُ
٦ ـ الْوَلَدَانِ	٧ ـ الْقَرْيَتَانِ	٨ ـ الأَطْبَاقُ	٩ ـ الدُّرُوْسُ	١٠ ـ الْجِبَالُ
١١ ـ الإِخْوَةُ	١٢ ـ السَّجَّادَةُ	١٣ ـ الْوَصِيْفَتَانِ	١٤ ـ الْحَقَائِبُ	١٥ ـ الطَّائِرَةُ
١٦ ـ الْفَتَيَاتُ	١٧ ـ الْعُمَّالُ	١٨ ـ السَّبُّوْرَةُ	١٩ ـ التُّفَّاحَةُ	٢٠ ـ الدَّكَاكِيْنُ

التمرين ـ ٥

مندرجہ ذیل جملوں میں اسمائے موصولہ کے اعراب بیان کیجئے:

١ ـ الَّذِيْنَ سَافَرُوْا مَعَنَا صَالِحُوْنَ.
٢ ـ بَحَثْتُ عَنِ الْكِتَابِ الَّذِيْ ذَكَرَهُ الأُسْتَاذُ.
٣ ـ إِنَّ الَّتِيْ عَلَى الْبَابِ أُخْتُ عَائِشَةَ.
٤ ـ مِنْ أَيْنَ اشْتَرَيْتَ الْقَلَنْسُوَةَ الَّتِيْ عَلَى رَأْسِكَ؟
٥ ـ قَابَلْتُ اللَّوَاتِيْ رَأَيْتُهُنَّ فِي الْحَفْلَةِ اللَّيْلَةَ الْمَاضِيَةَ.

التمرين ـ ٦

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

١ ـ وہ مٹکا کہاں ہے جس میں زمزم کا پانی تھا؟
٢ ـ وہ دونوں طالب علم کہاں ہیں جنہیں استاد نے ڈانٹا تھا؟

۳۔ یہ قینچی جو میز پر ہے وہ کس[۱] کی ہے؟

۴۔ یہ وہ چور ہیں جنہوں نے پچھلے ہفتہ آپ کا مال چرایا تھا۔

۵۔ یہ وہی کافر ہیں جو مسلمانوں کے دشمن ہیں۔

۶۔ کیا یہ وہ انگوٹھی ہے جو آپ کی پرانی خادمہ نے چرائی تھی؟

۷۔ وہ بچے کہاں ہیں جنھیں آپ نے پڑھایا تھا؟

۸۔ وہ رسالہ کیسا ہے جو پچھلے مہینہ جامعہ اسلامیہ نے شائع[۲] کیا۔

۹۔ وہ چھوٹا بچہ کون ہے جو صوفہ پر سویا ہوا ہے؟

۱۰۔ کیا آپ نے اس سائل پر صدقہ کیا جو دروازے پر کھڑا تھا؟

۱۱۔ کیا یہ وہ بستہ ہے جو آپ نے عائشہ سے لیا؟

۱۲۔ وہ لال ٹوکری کہاں ہے جس میں میں نے سبزیاں رکھی تھیں؟

۱۳۔ دشمن نے ایک گاؤں جو سرحد پر تھا تباہ کر دیا۔

۱۴۔ کیا آپ ان طلبہ سے ملے جو مدینہ یونیورسٹی سے آئے ہیں؟

۱۵۔ وہ مریض جو کل ہسپتال میں داخل ہوا تھا مر گیا۔

۱۶۔ قرآن وہ کتاب ہے جو اللہ تعالی نے محمد ﷺ پر نازل فرمائی۔

۱۷۔ یہ وہ ادارہ ہے جہاں میں نے چینی زبان سیکھی۔

۱۸۔ کیا یہ وہ افسر ہے جو اس محکمہ میں انتظامی امور کا ذمہ دار ہے؟

۱۹۔ کیا یہ وہ دو سبق ہیں جن کے سوال بہت اہم ہیں؟

۲۰۔ وہ چھوٹے بچے کہاں ہیں جو درخت کے نیچے بیٹھے ہوئے تھے؟

۲۱۔ یہ وہ دو نیک عورتیں ہیں جنہوں نے فقراء کی مدد کی۔

۲۲۔ وہ بچے جو سڑک پر کھیل رہے ہیں میرے بھائی کے بیٹے ہیں۔

۲۳۔ یہ وہ قلم ہے جس کے ساتھ میں نے امتحان میں لکھا۔

۲۴۔ وہ عورتیں جو ایک منٹ پہلے مدرسے سے نکلی تھیں استانیاں ہیں۔

۲۵۔ میں نے وہ کڑوی دوا پی لی جو میں دواخانہ سے لایا تھا۔

۲۶۔ شاید یہ وہ قمیص ہے جس کی جیب میں میں نے پیسے رکھے تھے۔

۲۷۔ یہ وہ قدیم عجائب گھر ہے جو غیر ملکی سیاحوں کو پسند آیا۔

۲۸۔ وہ حجاج کرام لوٹ آئے جو پچھلے مہینے حج کے لئے مکہ گئے تھے۔

۲۹۔ اس قالین کا رنگ کیا ہے جو کل عائشہ لے کر آئی ہے؟

۳۰۔ بچے نے وہ دونوں گولیاں نگل لی ہیں جو اس کے ہاتھ میں تھیں۔

۳۱۔ کیا آپ نے وہ دونوں خط پڑھ لئے جو کل آپکو پہنچے؟

۳۲۔ کیا یہ وہ مجرم ہیں جنہیں کل پولیس کے آدمیوں نے گرفتار کیا تھا؟

۳۳۔ وہ عورت کہاں ہے جو اپنے بچے کی وجہ سے پریشان تھی؟

۳۸۔ ماں نے اپنی بیٹی سے کہا: ''تم ہر چیز سے پہلے اپنی عزت کی حفاظت کرو''۔

۳۹۔ رات کے وقت سمندر طوفانی ہو جاتا ہے۔

۴۰۔ اے عیب جوئی کرنے والو! تم دوسروں کی عزتوں کو کیوں مجروح کرتے ہو؟

۴۱۔ آپ لوگوں کو احمق کیوں خیال کرتے ہیں؟

۴۲۔ بوڑھے نے کہا: ''میں اسی سال زندہ رہا اور میں نے زندگی کو خوب آزمایا''۔

۴۳۔ تم سب وہ کیوں کہتے ہو جو تم کرتے نہیں؟

۴۴۔ بیشک اللہ تعالی اس شخص کی توبہ قبول نہیں کرتے جو گناہوں پر اصرار کرتا ہے۔

۴۵۔ اسکا سامان اس سیلاب میں ضائع ہو گیا جو چند دن پہلے گاؤں کو بہا لے گیا۔

۴۶۔ مدیر نے اساتذہ سے پوچھا: ''میری عدم موجودگی میں میرا نائب کون بنے گا''؟

۴۷۔ ماں نے اپنے بیٹوں سے کہا: ''جلدی سو جاؤ ورنہ تم سے جماعت فوت ہو جائے گی''۔

۴۸۔ میں نے اپنی بہن سے ٹیلیفون کے ذریعے رابطہ کیا اور کہا کہ ''آج مجھ سے ملئے گا''۔

۴۹۔ بیشک یہ عالم شافعی ہیں، لیکن یہ بعض مسائل میں امام ابو حنیفہ کی رائے کی طرف مائل ہیں۔

---

(۱) جملہ إنّما سے شروع ہوگا۔

۵۰۔ بیشک اللہ تعالیٰ جب کسی چیز کا ارادہ کرتے ہیں تو کہہ دیتے ہیں "ہوجا" پس وہ ہوجاتی ہے۔

التمرین ۔ ٤

مندرجہ ذیل افعال مضارعہ سے افعال امر بنائیے پھر ہر فعل امر کو قوسین میں دیے ہوئے صیغے میں لا کر جملے میں استعمال کیجئے:

١ ۔ يَقُوْمُ	(مفرد مؤنث مخاطب)	٢ ۔ يَصِيْرُ	(جمع مذکر)
٣ ۔ يَعُوْدُ	(جمع مذکر)	٤ ۔ يَصِيْدُ	(مثنی)
٥ ۔ يَنَامُ	(مثنی)	٦ ۔ يَعِيْشُ	(مفرد مذکر)
٧ ۔ يَبِيْعُ	(جمع مؤنث)	٨ ۔ يَفُوْزُ	(جمع مذکر)
٩ ۔ يَخِيْطُ	(مفرد مؤنث)	١٠ ۔ يَعُوْذُ	(جمع مذکر)
١١ ۔ يَذُوْقُ	(مفرد مذکر)	١٢ ۔ يَطُوْفُ	(مفرد مؤنث)
١٣ ۔ يَسِيْرُ	(جمع مذکر)	١٤ ۔ يَبِيْتُ	(جمع مؤنث)
١٥ ۔ يَكُوْنُ	(مفرد مؤنث)	١٦ ۔ يَصُوْمُ	(مفرد مؤنث)
١٧ ۔ يَصُوْنُ	(جمع مؤنث)	١٨ ۔ يَقِيْسُ	(مفرد مذکر)
١٩ ۔ يَقُوْلُ	(جمع مذکر)	٢٠ ۔ يَنَالُ	(مفرد مؤنث)

التمرین ۔ ٥

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں سے اجوف افعال کی تعیین کیجئے اور باب اور صیغہ بتائیے:

١ ۔ قُمْ فَأَنْذِرْ.
٢ ۔ يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ.
٣ ۔ قُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ.
٤ ۔ فَسِيْحُوْا فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ.
٥ ۔ وَقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا.
٦ ۔ أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ.
٧ ۔ وَلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ.
٨ ۔ وَإِذَا كَالُوْهُمْ أَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ.

٩ـ فَذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ.
١٠ـ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِم سُجَّدًا وَّقِيَامًا.
١١ـ إِنَّهُ ظَنَّ أَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ.
١٢ـ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُوْنُوْا أَنْصَارَ اللّٰهِ.
١٣ـ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى.
١٤ـ عَسٰى رَبُّكُم أَنْ يَّرْحَمَكُمْ وَإِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا.
١٥ـ فَجَاسُوْا خِلَالَ الدِّيَارِ.
١٦ـ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الآخِرَةِ.
١٧ـ فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ.
١٨ـ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا تُوْبُوا إِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا.
١٩ـ إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا.
٢٠ـ إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَّقُوْلَ لَهُ كُنْ فَيَكُوْنُ.
٢١ـ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ آنٍ.
٢٢ـ قَالُوْا يٰمُوْسٰى إِنَّا لَنْ نَّدخُلَهَا أَبدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا.
٢٣ـ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَأَيَّامًا آمِنِيْنَ.
٢٤ـ وَلَمَّا جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا.
٢٥ـ فَلَا تَلُوْمُوْنِي وَلُوْمُوْا أَنْفُسَكُمْ.
٢٦ـ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَ بَاءُوْا بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ.
٢٧ـ قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً يَّتِيْهُوْنَ فِي الْأَرْضِ.
٢٨ـ وَجَعَلَنِي مُبَارَكًا أَيْنَ مَا كُنْتُ وَأَوْصَانِي بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ مَا دُمْتُ حَيًّا.
٢٩ـ فَأَمَّا الَّذِيْنَ فِي قُلُوْبِهِمْ مَرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا إِلَى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كَافِرُوْنَ.
٣٠ـ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهِ يَسْتَهْزِؤُوْنَ.

معاني الكلمات

الأفعال

عربي	اردو	عربي	اردو
صَانَ ـُ	اس نے حفاظت کی	شَادَ ـِ	اس نے بلند کیا
شَانَ ـِ	اس نے عیب دار کیا	لَاذَ ـُ	اس نے پناہ لی
عَاذَ ـُ	اس نے پناہ مانگی	فَاقَ ـُ	اس نے سبقت لی
جَادَ ـُ بِالْمَالِ	اس نے فراخدلی سے مال خرچ کیا	بَاءَ ـُ بِالْفَشْلِ	وہ خسارے کے ساتھ لوٹا، وہ ناکام ہوا
غَاضَ ـِ الْمَاءُ	پانی کم ہوگیا	غَاظَ ـِ	اس نے غصہ دلایا

عربي	اردو	عربي	اردو
طَارَ ـِ	اڑ گیا	ذَاعَ الْخَبَرُ ـِ	خبر پھیلی
نَالَ ـَ	اس نے حاصل کیا	خَالَ ، يَخَالُ	اس نے خیال کیا
كَالَ ـِ	اس نے تولا	سَاغَ ـُ	حلق سے اترا
أَخْسَرَ يُخْسِرُ	اس نے کم کیا	صَاغَ ـُ	اس نے ڈھالا
فَاضَ ـِ	وہ بہہ گیا	خَابَ ـِ	وہ ناکام ہوا

اردو	عربي	اردو	عربي
حائل ہوا	حَالَ ـُ (دُوْنَ)	برقرار رہا	دَامَ ـُ
وقت قریب آیا	حَانَ ـِ	ادب سے حاضر ہوا	قَامَ قَانِتًا ، قَامُوا قَانِتِيْنَ
وہ بہا لے گیا	جَرَفَ ـِ	اس نے اصرار کیا	أَصَرَّ يُصِرُّ عَلٰى
اللہ تعالیٰ نے بندے کی توبہ قبول کی	تَابَ اللّٰهُ عَلَى الْعَبْدِ	اس نے فلاں کی عزت مجروح کی	نَالَ مِنْ عِرْضِ فُلَانٍ ـَ
اس نے بیچا	بَاعَ ـِ	اس نے حفاظت کی	صَانَ ـُ
اس نے سیا	خَاطَ ـِ	وہ سویا	نَامَ ـَ
اس نے ہانکا	سَاقَ ـُ	فوت ہو گیا	فَاتَ ـُ
اس نے سنبھالا	قَامَ بِشَيْءٍ مَّا	اس نے چکھا	ذَاقَ ـُ
وہ کسی کا نائب ہوا	نَابَ عَنْ فُلَانٍ ـُ	وہ مائل ہوا	مَالَ ـِ
اسے غیرت آئی	غَارَ يَغَارُ علی	اس نے رابطہ کیا	اِتَّصَلَ ، يَتَّصِلُ بِ
وہ ملا، زیارت کی	زَارَ ـُ		

الأسماء

عربي	اردو	عربي	اردو
عَلَفٌ	چارہ	صِيْتٌ	شہرت
فَوْضٰى	انتشار و بدامنی	سُفُوْرٌ	بے پردگی
عُنْفٌ	سختی	مَا لَا يَعنِيكُمْ	لایعنی باتیں
إقْنَاعٌ	قائل کرنا	سَرْوٌ	سرو کا درخت
مُطَفِّفٌ	ڈنڈی مارنے والا	عِفْرِيْتٌ	بھوت
خَلِيْلٌ ج أخِلَّاءُ	دوست	صَائِغٌ	سُنار
بُرُوْدَةٌ وَجفَاءٌ	روکھاپن، سردمہری	وَيْلٌ	ہلاکت
خَائِنٌ ج خَوَنَةٌ	خیانت کرنے والا	غَلاءٌ	گرانی
مَسَاعِي	کوششیں	الدُّخَانُ	دھواں
فَشْلٌ	ناکامی	مُتَصَاعِدٌ	اوپر چڑھتا ہوا

اردو	عربي	اردو	عربي
رکاوٹ	عَقَبَةٌ ج س	طوفانی	هَائِجٌ
ترقی	تَقَدُّمٌ ، رُقِيٌّ	مرجھانے والا	ذَابِلٌ
سامنے	دُوْنَ	برا انجام	سُوْءُ الْعَاقِبَةِ
وقت	مَوْعِدٌ	سوکن	ضَرَّةٌ
سیلاب	سَيْلٌ	عیب جوئی کرنے والا	هَمَّازٌ ج س
گناہ	مَعْصِيَةٌ ج مَعَاصٍ (المعاصي)		

الدرس الثامن

الناقص

الأمثلة :

(أ)

ناقص واوي من باب نصر[1]

١ ـ **المَاضِي**: قَالَ نُوْحٌ عليه السلام : رَبِّ إِنِّي دَعَوْتُ قَوْمِي لَيْلاً وَّ نَهَارًا.(دَعَا)

٢ ـ **المُضَارِعُ**: قَالَ جَلَّ ذِكْرُهُ مُخَاطِبًا الْمُشْرِكِيْنَ : إِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ.(يَدْعُو)

٣ ـ **الْأَمْرُ**: قَالَ تَعَالٰى : اُدْعُ إِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ.(اُدْعُ)

(ب)

ناقص يائي من باب ضرب

٤ ـ **المَاضِي**: قَالَ الْخَالِقُ جَلَّ وَ عَلاَ : وَبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا.(بَنَى)

٥ ـ **المُضَارِعُ**:هٰؤُلَاءِ هُمُ الَّذِيْنَ يَبْنُونَ مَجْدَ الْأُمَّةِ.(يَبْنِي)

٦ ـ **الْأَمْرُ**: قَالَتْ آسِيَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ: رَبِّ ابْنِ لِي عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ.(اِبْنِ)

(ج)

ناقص واوي من باب سَمِعَ

٧ ـ **الماضِي**:رَضِيْنَا بِالإِسْلَامِ دِيْنًا.(رضِيَ)

٨ ـ **المضارعُ**:أَلَا تَرْضَوْنَ بِمَا قَسَّمَ اللّٰهُ لَكُمْ؟(يَرْضَى)

٩ ـ **الأمرُ**:قَالَ الابْنُ لِأَبِيْهِ: ارْضَ عَنِّي يَا أَبَتَاه!(اِرْضَ)

---

(١) صرف کی اصطلاح میں ناقص اس فعل کو کہتے ہیں جسکا لام حرف علت ہو جبکہ نحو کی اصطلاح میں فعل ناقص وہ فعل ہے جو اپنے فاعل کیساتھ مکمل معنی ادا نہیں کرتا بلکہ اسے اسم اور خبر کی ضرورت ہوتی ہے جیسے "کان و أخواتها"۔

شرح وتفصیل:

ہر وہ فعل جسکا لام حرف علت ہو ناقص کہلاتا ہے۔ناقص واوی بھی ہوتا ہے اور یائی بھی۔

الناقص الواوي [۱]

ناقص واوی اکثر وبیشتر باب نصر سے آتا ہے: دَعَـا یَـدعُو، سَمَا یَسْمُو، عَفَا یَعْفُو اسکے علاوہ باب سمع سے بھی آتا ہے: رَضِيَ یَرْضَی (یہ اصل میں رَضِوَ تھا)۔

الماضي من الناقص الواوي:

۱۔ ماضی اگر ناقص واوی ہوتو اسکا واو حرف مفتوح کے بعد واقع ہونے کی وجہ سے الف میں بدل جاتا ہے: جب دَعَوَ کا واو عین مفتوحہ کے بعد الف میں تبدیل ہوا تو دعـا بن گیا، البتہ رَضِوَ کا واو حرف مکسور کے بعد واقع ہونے کے سبب یاء میں تبدیل ہوجاتا ہے اور یہ رَضِيَ بن جاتا ہے۔

۲۔ جب ماضی ناقص کا اسناد ضمائر رفع متحرکہ کی طرف ہوتا ہے(تَ تِ تُ وغیرہ) تو اسکا الف واو میں تبدیل ہوجاتا ہے: دَعَوْتُ ، دَعَوْتِ ، دَعَوْنَ۔

۳۔ جب ماضی ناقص کا اسناد ألف الاثنين کی طرف ہوتا ہے تو بھی اسکا الف واو میں بدل جاتا ہے: دَعَوَا، رَجَوَا، عَفَوَا۔

۴۔ جب ماضی ناقص کا اسناد واو الجماعة کی طرف ہوتا ہے تو حرف علت یعنی واو حذف ہوجاتا ہے اور اس کے ماقبل کو فتحہ دے دیا جاتا ہے: دَعَوْا ، سَمَوْا ،عَفَوْا (یہ اصل میں دَعَوُوا ، سَمَوُوا وغیرہ تھے)۔

۵۔ جب ماضی ناقص کے ساتھ تاء التانیث لگ جائے تو اسکا واو حذف ہوجاتا ہے: دَعَـتْ،عَفَتْ،سَمَتْ (یہ اصل میں دَعَـوَتْ ، عَـفَـوَتْ وغیرہ تھے واو فتحہ کے بعد واقع ہونے کی وجہ سے الف میں تبدیل ہوا، پھر اِلْتِقَـاءِ سَـاکِنَیْن کی بناء پر حذف ہوگیا)۔

۶۔ مثنی مؤنث غائب کے صیغے میں بھی واو حذف ہوجائے گا، لیکن تاء التانیث کو فتحہ دے دیا جائے گا(دَعَتَا ، عَفَتَاوغیرہ)۔

(۱) الفعل المعتلُ الآخر بالألف الذی أصل ألفه واو۔

المضارع من الناقص الواوي:

۱۔مضارع اگر ناقص واوی ہوتو اسکے تمام صیغوں میں واو برقرار رہتا ہے، واو الجماعة کے دوصیغوں اور یاء المخاطبة کے صیغے کے علاوہ: يَدْعُو، يَدْعُوَانِ، يَدْعُونَ، نَدْعُو۔

۲۔واوالجماعة کے دونوں صیغوں: يَدْعُونَ، تَدْعُونَ میں واو حذف ہوجاتا ہے (یہ اصل میں يَدْعُوُوْنَ اور تَدْعُوُوْنَ تھے) يَدْعُونَ میں جو واونظر آرہا ہے وہ واو الجماعة ہے [1]۔

۳۔مضارع ناقص واوی کے جمع مذکر اور جمع مؤنث کے صیغے تلفظ اور کتابت کے اعتبار سے ایک ہوتے ہیں: هم يَدْعُون (وہ سب پکارتے ہیں)، هُنَّ يَدْعُونَ (وہ سب پکارتی ہیں) لیکن جمع مذکر کے صیغے میں واو ضمیر ہے اور نون نون الرفع ہے جبکہ جمع مؤنث کے صیغے میں واو فعل کا حرف لام ہے اور نون، نون النسوة یعنی ضمیر ہے۔

۴۔مضارع ناقص واوی کے یاء المخاطبة کے صیغے میں بھی واو حذف ہوجاتا ہے اور اس کے ماقبل کو یاء المخاطبة کی مناسبت سے کسرہ دے دیا جاتا ہے: تَدْعِيْنَ، تَرْجِيْنَ، تَعْفِيْنَ یہ دراصل تَدْعُوِينَ، تَرْجُوِيْنَ، تَعْفُوِيْنَ تھے [2]۔

الأمرمن الناقص الواوي:

۱۔فعل اگر باب نصر سے ہوتو اسکے مضارع سے امر کا صیغہ حسب قاعدہ اُنْصُرْ کے وزن پر بنے گا، البتہ مُعْتَلُّ الآخِرِ ہونے کی وجہ سے اسکا حرف لام یعنی واو حذف ہوجائے گا: اُدْعُ، اُعْفُ، اُسْمُ۔

۲۔جب امر کا اسناد ألف الاثنين یا نون النسوة کی طرف ہوتا ہے تو واو برقرار رہتا ہے: اُدْعُوَا اُدْعُونَ، اُعْفُوَا اُعْفُوْنَ۔

۳۔جب ناقص امر کا اسناد واو الجماعة یا یاء المخاطبة کی طرف ہوتا ہے تو حرف علت یعنی واو حذف ہوجاتا ہے اور حرف عین کو واو الجماعة کی مناسبت سے ضمہ دے دیا جاتا ہے: اُدْعُوْا، اُعْفُوْا، اُسْمُوْا۔ (جو واونظر آرہا ہے وہ واو الجماعة ہے) اسی طرح یاء المخاطبة کے ماقبل کو اسکی مناسبت سے کسرہ دے دیا جاتا ہے: اُدْعِي، اُعْفِي، اُسْمِي۔

---

(۱) يَدْعُوُوْنَ میں واو مضمومہ کے بعد واو سے تلفظ میں ثقل پیدا ہورہا تھا، لہذا واو مضمومہ کو ساکن کر دیا گیا، پھر اسے التقاء ساکنین سے بچنے کے لئے حذف کر دیا گیا تو يَدْعُونَ رہ گیا۔

(۲) تَدْعُوِيْنَ میں چونکہ واو کو کسرہ سے مناسبت نہ تھی اس لئے واو کو ساکن کر دیا گیا۔ التقاء ساکنین سے بچنے کے لئے واو ساکن کو حذف کر دیا گیا تو تَدْعِيْنَ رہ گیا۔

الناقص اليائي

۱۔ناقص یائی اکثر و بیشتر باب ضرب سے آتا ہے :بَنَى يَبْنِي، رَمَى يَرْمِي، جَرَى يَجْرِي ۔

۲۔ اسکے علاوہ باب فتح سے :سَعَى يَسْعَى، نَهَى، يَنْهَى، اور باب سَمِعَ سے بھی آتا ہے:خَشِيَ يَخْشَى، لَقِيَ يَلْقَى، بَقِيَ يَبْقَى۔

۳۔ ناقص یائی اگر باب ضرب یافتح سے ہوتو اسکی یاء فتحہ کے بعد واقع ہونے کے سبب الف میں بدل جائے گی رَمَى، بَنَى، سَعَى، دراصل رَمَيَ، بَنَيَ، اور سَعَيَ تھے، البتہ اس الف کو یاء ہی کی صورت میں لکھا جائے گا تا کہ یہ ناقص واوی کے الف سے ممیز ہو جائے۔

۴۔ اگر ماضی ناقص یائی باب سمع سے ہوتو اسکی یاء برقرار رہے گی، برقرار رہنے سے مراد یہ ہے کہ اس یاء کا تلفظ ہوگا اور اسے الف نہیں پڑھا جائے گا: نَسِيَ، بَقِيَ۔

الماضي من الناقص اليائي المعتل الآخر بالألف:

۱۔ ماضی ناقص یائی اگر معتل الآخر بالألف ہو(بَنَى، سَعَى، رَمَى) تو ضمائر رفع متحرکہ کی طرف اسناد کرتے وقت اسکا الف اصل کی طرف لوٹ آئے گا یعنی یاء بن جائے گا:بَنَيْتُ، رَمَيْنا، سَعَيْتَ، نَهَيْنَ۔

۲۔ اسی طرح ألف الاثنين کی طرف اسناد کرتے وقت الف یاء میں بدل جائے گا : بَنَيَا، سَعَيَا، نَهَيَا۔

۳۔ جب ماضي معتل الآخر کا اسناد واو الجماعة کی طرف ہوتا ہے تو یاء حذف ہوجاتی ہے اور اسکے ماقبل کا فتحہ برقرار رہتا ہے: بَنَوا، جَرَوا، سَعَوا دراصل بَنَيُوا، جَرَيُوا، سَعَيُوا تھے [1]۔

۴۔ جب ماضی معتل الآخر کے ساتھ تاء التانيث لگے گی تو اسکے حرف لام کو حذف کردیا جائے گا:بَنَتْ، رَمَتْ، جَرَتْ دراصل بَنَيَتْ، رَمَيَتْ، جَرَيَتْ تھے [2]۔

اسی طرح مثنی مؤنث غائب کے صیغے میں لام الفعل کو حذف کردیں گے:بَنَتَا، رَمَتَا، جَرَتَا۔

---

(۱) بَنَيُوا میں یاء متحرکہ فتحہ کے بعد الف میں تبدیل ہوگئی۔ الف کو التقاء ساکنین سے بچنے کے لئے حذف کردیا گیا، تو بَنَوا رہ گیا۔

(۲) بَنَتْ اور رَمَتْ میں بھی مذکورہ بالا اعلال واقع ہوا۔

المضارع من الناقص اليائي المعتل الآخر بالألف:

۱۔ مضارع ناقص یائی اگر معتل الآخر بالألف ہو: يَنْسَى، يَخْشَى، يَنْهَى تو ضمائر رفع ساکنہ کی طرف اسناد کرتے وقت اسکا الف یاء میں بدل جائے گا: هُمَا يَنْهَيَانِ، انْتُنَّ تَخْشَيْنَ۔

۲۔ اسی طرح ياء المخاطبة کی طرف اسناد کرتے وقت الف حذف ہوجائے گا: أَنْتِ تَخْشَيْنَ، تَنْهَيْنَ وغیرہ۔

۳۔ مضارع کا اسناد جب واو الجماعة کی طرف ہوگا تو الف حذف ہوجائے گا: يَخْشَوْنَ، تَنْهَوْنَ وغیرہ۔

۴۔ مضارع ناقص یائی چاہے معتل الآخر بالياء ہو یا معتل الآخر بالألف ہو اسکے مفرد مؤنث مخاطب اور جمع مؤنث مخاطب کے صیغے کتابت اور تلفظ میں ایک ہوجاتے ہیں: أنتِ تَبْنِينَ، أَنْتُنَّ تَبْنِينَ، أَنْتِ تَنْسَيْنَ، أَنْتُنَّ تَنْسَيْنَ[1]۔ (أنتِ) تَنْسَيْنَ کی یاء، ياء المخاطبة ہے، جبکہ (أَنْتُنَّ) تَنْسَيْنَ کی یاء، لام الفعل ہے۔

الماضي من الناقص اليائي المعتل الآخر بالياء:

۱۔ ماضی ناقص یائی اگر معتل الآخر بالياء ہو: خَشِيَ، لَقِيَ، بَقِيَ تو ضمائر رفع متحرکہ کی طرف اسناد کرتے وقت یہ یاء برقرار رہے گی: خَشِيْتَ، خَشِيْنَ، خَشِيْتُمْ۔

۲۔ اسی طرح ألف الاثنين کی طرف اسناد کرتے وقت یاء اپنی جگہ پر قائم رہے گی: خَشِيَا، بَقِيَا، لَقِيَا۔

۳۔ جب ان افعال کے ساتھ تاء التانيث ملحق ہوگی تو یاء برقرار رہے گی: خَشِيَتْ، بَقِيَتْ، مثنی مؤنث غائب کے صیغے میں بھی یہی ہوگا: خَشِيَتَا، لَقِيَتَا۔

۴۔ جب الماضي المعتل الآخر بالياء کا اسناد واو الجماعة کی طرف ہوگا تو یاء حذف ہوجائے گی اور اسکے ماقبل کو واو الجماعة کی مناسبت سے ضمہ دے دیا جائے گا: خَشُوا، نَسُوا عَمُوا یہ دراصل خَشِيُوا، نَسِيُوا، عَمِيُوا تھے[2]۔

المضارع من الناقص اليائي المعتل الآخر بالياء:

۱۔ مضارع اگر معتل الآخر بالياء ہو: يَبْنِي، يَرْمِي، يَجْرِي تو تمام صیغوں میں یاء برقرار رہے گی، واو الجماعة کے دو صیغوں اور ياء المخاطبة کے صیغے کے علاوہ: يَبْنِيَانِ، يَمْشِينَ، نَجْرِيْ۔

---

(۱) (أنتِ) تَنْسَيِيْنَ کی یاء متحرکہ فتحہ کے بعد الف میں تبدیل ہوئی، پھر اسے التقاء ساکنین کی وجہ حذف کردیا گیا۔

(۲) خَشِيُوْا کی یاء کو ساکن کردیا گیا، کیونکہ ضمہ یاء کے ساتھ مناسبت نہیں رکھتا، پھر اس یاء کو التقاء ساکنین سے بچنے کے لئے حذف کردیا گیا، اور خَشِوا کے شین کو واو کی مناسبت سے ضمہ دے دیا گیا۔

۲۔ واو الجماعة کے دوصیغوں میں یاء حذف ہوجائے گی اور اسکے ماقبل کو واو الجماعة کی مناسبت سے ضمہ دے دیا جائے گا: یَبْنُوْنَ، تَرْمُوْنَ، یَمْشُوْنَ دراصل یَبْنِیُوْنَ، تَرْمِیُوْنَ، یَمْشِیُوْنَ تھے[1]۔

۳۔ اسی طرح یاء المخاطبة کے صیغے میں یاء کو حذف کردیا جائے گا: تَبْنِیـنَ، تَـمْشِیْـنَ، تَجْرِیْنَ ۔ یہ دراصل تَبْنِیِینَ، تَمْشِیِینَ، تَجْرِیِینَ تھے[2]۔

فعل الأمر من الناقص اليائي:

۱۔ مضارع اگر معتل الآخر بالیاء ہوتو اسکا امر اضْرِبْ کے وزن پر بنے گا اور حرف لام (یعنی یاء) حذف ہوجائے گا:

یَبْنِي سے ابْنِ، یَمْشِي سے امْشِ، یَهْدِي سے اهْدِ۔

۲۔ اس امر کا اسناد جب ألف الاثنین یا نون النسوة کی طرف ہوگا تو یاء لوٹ آئے گی: اهْـدِیَـا اهْدِیْنَ، امْشِیَا امْشِیْنَ۔ جب واو الجماعة کی طرف اسناد ہوگا تو یاء حذف ہوجائے گی اور اسکے ماقبل کو واو کی مناسبت سے ضمہ دے دیا جائے گا:

ابْنُوا، امْشُوا، اهْدُوا۔

اسی طرح جب امر کا اسناد یاء المخاطبة کی طرف ہوگا تو یاء (لام الفعل) حذف ہوجائے گی: اهْدِي، ابْنِي، امْشِي۔

۳۔ مضارع معتل الآخر بالألف خواہ باب فتح سے ہو یا باب سمع سے، اسکا امر قاعدہ کے مطابق اسمَع کے وزن پر بنے گا: اخشَ، اسْعَ، ابْقَ۔ (ان صیغوں میں لام الفعل حذف ہے)۔

۴۔ اس امر کا اسناد جب ألف الاثنین یا نون النسوة کی طرف ہوگا الف یاء میں تبدیل ہوجائے گا: اخْشَیَا اخْشَیْنَ، اسْعَیَا اسْعَیْنَ، جبکہ واو الجماعة کی طرف اسناد کرتے وقت الف حذف ہوجائے گا: اخْشَوا، انْهَوا، ابْقَوا، اسْعَوا اسی طرح یاء المخاطبة کی طرف اسناد ہوگا تو الف حذف ہو جائے گا: اخْشَيْ، انْهَيْ، ابْقَيْ۔

---

(۱) یَبْنِیُوْنَ میں بھی اعلال کا وہی قاعدہ عمل میں آیا جو خشُوْا کے تحت گذر چکا ہے۔

(۲) (أنتِ) تَبْنِیِینَ میں یاء مکسورہ کے بعد یاء سے ثقل پیدا ہوا پس یاء کو پہلے ساکن کیا، پھر التقاء ساکنین کیوجہ سے حذف کر دیا۔

الجداول

الناقص الواوي من باب نصر

المذكر الغائب			المؤنث الغائب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	دَعَا	يَدْعُوْ	دَعَتْ	تَدْعُوْ
المثنى	دَعَوَا	يَدْعُوَانِ	دَعَتَا	تَدْعُوَانِ
الجمع	دَعَوْا	يَدْعُوْنَ	دَعَوْنَ	يَدْعُوْنَ

المذكر المخاطب			المؤنث المخاطب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	دَعَوْتَ	تَدْعُوْ	دَعَوْتِ	تَدْعِيْنَ
المثنى	دَعَوْتُمَا	تَدْعُوَانِ	دَعَوْتُمَا	تَدْعُوَانِ
الجمع	دَعَوْتُمْ	تَدْعُوْنَ	دَعَوْتُنَّ	تَدْعُوْنَ

المذكر المتكلم والمؤنث المتكلم		
الصيغ	الماضي	المضارع
المفرد	دَعَوْتُ	أَدْعُوْ
المثنى	دَعَوْنَا	نَدْعُوْ
الجمع	دَعَوْنَا	نَدْعُوْ

فعل الأمر		
الصيغ	المذكر	المؤنث
المفرد	اُدْعُ	اُدْعِي
المثنى	اُدْعُوَا	اُدْعُوَا
الجمع	اُدْعُوْا	اُدْعُوْنَ

الناقص اليائي من باب ضرب

	المذكر الغائب		المؤنث الغائب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	بَنَى	يَبْنِي	بَنَتْ	تَبْنِي
المثنى	بَنَيَا	يَبْنِيَانِ	بَنَتَا	تَبْنِيَانِ
الجمع	بَنَوْا	يَبْنُوْنَ	بَنَيْنَ	يَبْنِيْنَ

	المذكر المخاطب		المؤنث المخاطب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	بَنَيْتَ	تَبْنِي	بَنَيْتِ	تَبْنِيْنَ
المثنى	بَنَيْتُمَا	تَبْنِيَانِ	بَنَيْتُمَا	تَبْنِيَانِ
الجمع	بَنَيْتُمْ	تَبْنُوْنَ	بَنَيْتُنَّ	تَبْنِيْنَ

المذكر المتكلم والمؤنث المتكلم		
الصيغ	الماضي	المضارع
المفرد	بَنَيْتُ	أَبْنِي
المثنى	بَنَيْنَا	نَبْنِي
الجمع	بَنَيْنَا	نَبْنِي

فعل الأمر		
الصيغ	المذكر	المؤنث
المفرد	اِبْنِ	اِبْنِي
المثنى	اِبْنِيَا	اِبْنِيَا
الجمع	اِبْنُوْا	اِبْنِيْنَ

الناقص اليائي من باب سمع

	المذكر الغائب		المؤنث الغائب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	رَضِيَ	يَرْضَى	رَضِيَتْ	تَرْضَى
المثنى	رَضِيَا	يَرْضَيَانِ	رَضِيَتَا	تَرْضَيَانِ
الجمع	رَضُوْا	يَرْضَوْنَ	رَضِيْنَ	يَرْضَيْنَ

الصيغ	المذكر المخاطب		المؤنث المخاطب	
	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	رَضِيْتَ	تَرْضَى	رَضِيْتِ	تَرْضَيْنَ
المثنى	رَضِيْتُمَا	تَرْضَيَانِ	رَضِيْتُمَا	تَرْضَيَانِ
الجمع	رَضِيْتُمْ	تَرْضَوْنَ	رَضِيْتُنَّ	تَرْضَيْنَ

الصيغ	المذكر المتكلم والمؤنث المتكلم	
	الماضي	المضارع
المفرد	رَضِيْتُ	أَرْضَى
المثنى	رَضِيْنَا	نَرْضَى
الجمع	رَضِيْنَا	نَرْضَى

الصيغ	فعل الأمر	
	المذكر	المؤنث
المفرد	إِرْضَ	إِرْضَيْ
المثنى	إِرْضَيَا	إِرْضَيَا
الجمع	إِرْضَوْا	إِرْضَيْنَ

قاعدہ نمبر ۳۴:

ا۔ ناقص وہ فعل ہے جس کا حرف لام حرف علت ہو۔ ناقص کے ماضی کی حرف لام کے اعتبار سے تین صورتیں بنتی ہیں: (ا) وہ فعل جس کا حرف لام اصلا واو ہو اور یہ واو الف کی صورت میں لکھا جائے: عَـفَـا ، یہ معتل

الآخر بالألف کہلاتا ہے۔ (۲) وہ فعل جس کا حرف لام اصلا یاء ہو اور یاء ہی کی صورت میں لکھا جائے، لیکن الف پڑھا جائے: بَنَی، یہ معتل الآخر بالألف کہلاتا ہے۔ (۳) وہ فعل جس کا حرف لام اصلا یاء ہو اور یاء ہی کی صورت میں لکھا اور پڑھا جائے: نَسِيَ یہ معتل الآخر بالیاء کہلاتا ہے۔

۲۔ ناقص کے مضارع کی بھی تین صورتیں بنتی ہیں: (۱) باب نصر کا وہ فعل جس کا حرف لام واو ہو اور واو ہی کی صورت میں لکھا جائے، یہ معتل الآخر بالواو کہلاتا ہے۔ (۲) وہ فعل جس کا حرف لام یاء ہو اور یہ مضارع میں یاء ہی کی صورت میں لکھا اور پڑھا جائے: يَبْنِي (ایسے افعال باب ضرب کے تحت آتے ہیں)، یہ معتل الآخر بالیاء کہلاتا ہے۔ (۳) وہ فعل جس کا حرف لام اصلا یاء ہو اور مضارع میں یاء ہی کی صورت میں لکھا جائے، لیکن الف پڑھا جائے: يَنْسَى (ایسے افعال باب سمع کے تحت آتے ہیں)، یہ معتل الآخر بالألف کہلاتا ہے۔

۳۔ ناقص واوی کے ماضی غائب کے صیغوں میں واو حذف ہو جاتا ہے، جمع مؤنث غائب اور تثنی مذکر غائب کے صیغوں کے علاوہ۔ جمع مؤنث غائب، تثنی مذکر غائب اور تمام مخاطب اور متکلم کے صیغوں میں واو اصلی لوٹ آتا ہے۔ مضارع کے دونوں جمع مذکر کے صیغوں اور مفرد مؤنث مخاطب کے صیغے میں واو حذف ہو جاتا ہے (يَدْعُوْنَ، تَدْعُوْنَ، تَدْعِيْنَ)، باقی تمام صیغوں میں باقی رہتا ہے۔ ناقص یائی کا ماضی جو معتل الآخر بالألف ہو (بَنَی) اور اس کا مضارع معتل الآخر بالیاء ہو (يَبْنِي) مذکورہ بالا قاعدے کا تابع ہوگا۔

۴۔ ناقص یائی کے ماضی جو معتل الآخر بالیاء ہو (نَسِيَ) کے تمام صیغوں میں یاء اصلیہ برقرار رہتی ہے سوائے جمع مذکر غائب کے، جس میں یاء حذف ہو جاتی ہے (نَسُوْا)۔

۵۔ ناقص یائی کے مضارع جو معتل الآخر بالألف ہو (يَنْسَى) کے تمام مفرد صیغوں میں خواہ غائب ہوں یا مخاطب یا متکلم، مذکر ہوں یا مؤنث، اسی طرح جمع متکلم (نَنْسَى) میں، یاء سے بدلا ہوا الف قائم رہتا ہے۔

۶۔ جمع مذکر کے دونوں صیغوں میں اور مفرد مؤنث مخاطب کے صیغے میں لام حذف ہو جاتا ہے جبکہ تثنی کے تمام صیغوں میں (يَنْسَيَانِ) اور جمع مؤنث کے دونوں صیغوں میں یاء اصلیہ لوٹ آتی ہے (يَنْسَيْنَ)۔

۷۔ ناقص واوی اور یائی کے امر میں مفرد مذکر کے صیغے میں حرف لام (واو یا یاء) حذف ہو جاتا ہے (اعْفُ، ابْنِ، انْسَ) اسی طرح جمع مذکر میں (اعْفُوْا، ابْنُوْا، انْسَوْا) اور مفرد مؤنث کے صیغے میں (اعْفِي، ابْنِي، انْسَي) لام حذف ہو جاتا ہے۔ مثنی اور جمع مؤنث کے صیغوں میں لام اصل کی طرف لوٹ آتا ہے (اعْفُوَا، ابْنِيَا، انْسَيَا، اعْفُوْنَ، ابْنِيْنَ، انْسَيْنَ)۔

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو سرخ افعال کے مناسب صیغوں سے پر کیجئے۔

١ ـ المُجِدُّ يَرْجُو الْفَوْزَ.

المُجدّانِ......الفوزَ.

المُجدّونَ......الفوزَ.

المُجدّاتُ......الفوزَ.

أنتم............ الفوزَ.

أنتِ............ الفوزَ

٢ ـ سَمَا خَالِدٌ بِأَخْلَاقِهِ الْحَمِيدَةِ.

......عَائِشَةُ بِأَخْلَاقِهَا الْحَمِيدَةِ.

أَنْتَ............ بِأَخْلَاقِكَ الحَمِيْدَةِ.

نحنُ............بأخلاقِنا الحَميدَةِ.

المُؤمِنُونَ......بِأخلَاقِهِمِ الْحَمِيدَةِ.

المؤمِناتُ......بأخلاقِهِنَّ الحَميدَةِ.

الفَتَيَانِ............بأخلاقِهِما الحَميدَةِ.

٣ ـ رَضِيَ الْأَبُ عَنْ أَبْنَائِهِ.

............الْأُمُّ عَن أبنائها.

الآباءُ............ عَن أبنائهم.

الأمّهات...... عَن أبنائهنَّ.

٤ ـ أَصْغِ إِلَى الدَّاعِي وَلَبِّ دَعْوَتَهُ يَا زَيْدُ!

...... إِلَى الدَّاعِي و......دَعْوَتَهُ يَا عَائِشَةُ!

......إِلَى الدَّاعِي وَ......دَعْوَتَهُ يَا رَجُلَانِ!

......إِلَى الدَّاعِي وَ......دَعْوَتَهُ يَا رِجَالُ!

......إِلَى الدَّاعِي و......دَعْوَتَهُ يَا نِسَاءُ!

٥ ـ الْبَدَوِيُّ يَقْرِي الضَّيْفَ.

أنا............الضَيفَ.

البَدَوِيّانِ......الضَيفَ.

٦ ـ أَ لَا تَخْشَى سُوْءَ عَاقِبَةِ عَمَلِكَ يَا سَلِيْمُ؟

البَدْوُ..........الضَيفَ.

نِساءُ الْقَرْيَةِ..........الضَّيْفَ.

٧ـ الْمُؤمِنُ يَسعَى فِي الخَيرِ.

الْمُؤمِنان...... فِي الخَيرِ.

الْمُؤمِنُونَ......فِي الخَيرِ.

الْمُؤمِنات......فِي الخَيرِ.

أنْتَ..........فِي الخَيرِ.

أنتِ ....فِي الخَيرِ.

١٠ـ رَأى الْعَاقِلُ الْحَقَّ فاتَّبعَهُ.

......الْعَاقِلَةُ الْحَقَّ فاتَّبَعَتْهُ.

الْعُقَلاءُ......الْحَقَّ فَاتَّبَعُوهُ.

الْعَاقِلاَتُ......الْحقَّ فَاتَّبَعْنَهُ.

أنا .... الحَقَّ فاتَّبعتهُ.

أنْتَ.......... الحَقَّ فاتَّبَعْتَهُ.

١٢ـ اِبْنِ مَجْدَ الْأُمَّةِ يَا طَالِبُ!

......مَجْدَ الأُمَّةِ يَا طَالِبَةُ!

......مَجْدَ الأُمَّةِ يَا طُلَّابُ!

يَا طَالِبَاتُ! ......مَجْدَ الأُمَّةِ.

١٣ـ اُعْفُ عَمَّنْ ظَلَمَكَ يَا زَيْدُ.

...... عَمَّنْ ظَلَمَكِ يَا عَائِشَةُ!

...... عَمَّنْ ظَلَمَكُمَا يَا رَجُلاَنِ!

أ لاَ ...... سُوْءَ عَاقِبَةِ عَمَلِكِ يَا فاطِمَةُ؟

أ لاَ......عَذَابَ رَبِّكُم أيُّهَا الْمُذْنِبُونَ؟

أ لاَ......غَضَبَ رَبِّكُنَّ أيَّتُهَا الْمُتَبَرِّجَاتُ؟

٨ـ مَتَى انْتَهَى الْأُسْتَاذُ مِن مُحَاضَرَتِهِ؟

مَتَى.............. أنْتَ مِنْ مُحَاضَرَتِكَ؟

الأَسَاتِذَةُ ...... مِن مُحاضَراتِهِمْ قُبَيْلَ الظُّهْرِ.

الْمُعَلِّمَاتُ ......من محاضَراتِهِنَّ قُبَيْلَ الظُهْرِ.

٩ـ شَكَا الْأُسْتَاذُ الطُّلاَّبَ الْمُشَاغِبِيْنَ إلَى الْمُدِيْرِ.

...... الأُسْتَاذَةُ الطُّلاَّبَ الْمُشَاغِبِيْنَ إِلَى الْمُدِيْرِ.

الأُسْتَاذَان......الطُّلاَّبَ الْمُشَاغِبِيْنَ إِلَى الْمُدِيْرِ.

الأَسَاتِذَةُ......الطُّلاَّبَ المُشَاغِبِين إِلَى الْمُدِيرِ.

الْمُعَلِّمَاتُ......الطُّلاَّبَ الْمُشَاغِبِيْنَ إِلَى الْمُدِيْرِ.

١١ـ تَلاَ أَحْمَدُ جُزْءً مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ بَعْدَ صَلاَةِ الْفَجْرِ.

......خَدِيْجَةُ جُزْءً مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ بَعْدَ الْفَجْرِ.

الْبَنَاتُ...... جُزْءً مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيمِ بَعْدَ الْفَجْرِ.

الْأَوْلاَدُ...... جُزْءً مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ بَعْدَ الْفَجْرِ.

الوَلَدَان...... جُزْءً مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ بَعْدَ الْفَجْرِ.

أَنْتَ...... جُزْءً مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ بَعْدَ الْفَجْرِ.

أنتِ...... جُزْءً مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ بَعْدَ الْفَجْرِ.

أَنْتُمَا......جُزْءً مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ بَعْدَ الْفَجْرِ.

١٤ـ هَلَّا يَهْدِي الْمُسْلِمُ إِلَى الْخَيْرِ وَيَنْهَى عَنِ الشَّرِّ!

...... عَمَّنْ ظَلَمَكُمْ يَا رِجَالُ!

...... عَمَّنْ ظَلَمَكُنَّ يَا نِسَاءُ!

١٥ـ اُدْعُ إِلَى سَبِيلِ رَبِّكَ يَا مُؤْمِنُ!

يَا مؤْمِنَانِ......إِلَى سَبِيلِ رَبِّكُمَا!

يَا مؤْمِنُونَ......إِلَى سَبِيلِ رَبِّكُم!

يَا مؤْمِنَاتُ......إِلَى سَبِيلِ رَبِّكُنَّ!

(١٧) إِرْضَ بِمَا رَزَقَكَ اللّٰهُ يَا فَتَى!

يَا أَيُّهَا الْفتَيَانِ ......بِمَا رَزَقَكُمَا اللّٰهُ!

يَا أَيَّتُهَا الْفَتَيَاتُ......بِمَا رَزَقَكُنَّ اللّٰهُ!

١٩ـ لِمَ تَقْسُو عَلَى عِبَادِ اللّٰهِ يَا رَجُلُ؟

لِمَ......عَلَى عِبَادِ اللّٰهِ يَا رَجُلَانِ؟

لِمَ......عَلَى عِبَادِ اللّٰهِ يَا رِجَالُ؟

لِمَ......عَلَى عِبَادِ اللّٰهِ يَا نِسَاءُ؟

لِمَ......عَلَى عِبَادِ اللّٰهِ يَا فَاطِمَةُ؟

٢١ـ إِنَّكَ سَهَوْتَ فِي صَلَاتِكَ يَا غَافِلُ!

إِنَّكُمَا...... فِي صَلَاتِكُمَا يَا غَافِلَانِ!

إِنَّكِ.......... فِي صَلَاتِكِ يَا غَافِلَةُ!

إِنَّكُنَّ...... فِي صَلَاتِكُنَّ يَا غَافِلَاتُ!

٢٣ـ رَمَى اللاعِبُ الكرَةَ فِي السَّلَّةِ.

اللاعِبانِ..........الكرَةَ فِي السَّلَّةِ.

هَلَّا......الْمُسْلِمَةُ إِلَى الْخَيْرِ و...... عَنِ الشَّرِّ!

هَلَّا...... إِلَى الْخَيْرِ و...... عَنِ الشَّرِّ يَا مُسْلِمَةُ!

هَلَّا...... إِلَى الْخَيْرِ و...... عَنِ الشَّرِّ يَا مُسْلِمُونَ!

هَلَّا......إِلَى الْخَيْرِ و......عَنِ الشَّرِّ يَا مُسْلِمَاتُ!

١٦ـ أَتَقْضِي إِجَازَةَ الصَّيْفِ فِي مُصْطَافِ "مَرِي" يَا خَالِدُ؟

أَ ...... إِجَازَةَ الصَّيْفِ فِي مُصْطَافِ "مَرِي" يَا فَاطِمَةُ؟

أَ ...... إِجازةَ الصَّيفِ فِي مُصطَافِ "مَرِي" يَا بَنَاتُ؟

أَ ...... إِجازةَ الصَّيفِ فِي مُصطَافِ "مَرِي" يا بُنَيَّ؟

١٨ـ مِنْ أَيْنَ تَشْتَرِي الْكُتُبَ الدِّينِيَّةَ يَا أَحْمَدُ؟ (١)

مِنْ أَيْنَ...... الْكُتُبَ الدِّينِيَّةَ يَا تِلْمِيْذَانِ؟

مِنْ أَينَ......الْكُتُبَ الدِّينِيَّةَ يَاتَلَامِيْذُ؟

مِنْ أَيْنَ...... الكُتبَ الدِّينيةَ يَا تِلْمِيْذَاتُ؟

٢٠ـ يَا سليمُ! صِلْ أَخَاكَ إِذا نَأَى وَاعْفُ عَنْهُ إِذَا هَفَا

يَا زَيْنَبُ!...... أُخْتَكِ إِذَا......و......عَنْهَا إِذَا.......

يَا وَلَدَانِ!...... أَخَوَيْكُمَا إِذَا...... وَ...... عَنْهُمَا إِذَا.......

يَا أَوْلَادُ!......إِخْوَتَكُمْ إِذَا...... و...... عَنْهُمْ إِذَا.......

٢٢ـ أَنتَ تَرْقَى وَتَسْمُو وَتَنَالُ مَا تَبْغِي بِالجِدِّ وَالْأَدَبِ.

أَنْتِ...... وَ...... وَ......مَا...... بِالْجِدِّ وَ الْأَدَبِ.

أنتما...... وَ...... وَ......مَا...... بِالْجِدِّ وَ الْأَدَبِ.

أنتم...... وَ...... وَ......مَا...... بِالْجِدِّ وَ الْأَدَبِ.

(١) يَشْتَرِي کے صیغے بالکل "يَبْنِي" کے طرز پر بنیں گے، کیونکہ دونوں معتل الآخر بالیاء ہیں۔

اللاعِبونَ..........الكرَةَ فِي السَّلّةِ.

الفَتيَاتُ..........الكرَةَ فِي السَّلّةِ.

٢٤ ـ إِجْنِ ثَمَرَاتِ الْعِلْمِ يَا فَتًى! وَاغْنَ بِالْقَنَاعَةِ وَارْمِ إِلَى الْعُلاَ.

......ثَمَرَاتِ الْعِلْمِ يَا شُبَّانُ! و...... بِالْقَنَاعَةِ وَ......إِلَى الْعُلاَ.

......ثَمَرَاتِ الْعِلْمِ يَا فَتَيَاتُ! وَ......بِالْقَنَاعَةِ و ...... إِلَى الْعُلاَ.

٢٥ ـ إِنَّ هٰذَا الشَّقِيَّ عَرِيَ عَنِ الْفَضْلِ وَعَمِيَ عَنِ الصَّوَابِ.

إِنَّ هٰذَيْنِ الشَّقِيَّيْنِ...... عَنِ الْفَضْلِ وَ ...... عَنِ الصَّوَابِ.

إِنَّ هٰؤُلَاءِ الْأَشْقِيَاءَ...... عَنِ الْفَضْلِ وَ ...... عَنِ الصَّوَابِ.

إِنَّ هٰؤلاءِ الشَّقِيَّاتِ ...... عَنِ الْفَضْلِ وَ...... عَنِ الصَّوَابِ.

إِنَّكَ أَيُّهَا الشَّقِيُّ......عنِ الفَضلِ وَ .... عنِ الصوابِ.

إِنَّكُم أَيُّهَا الْأَشْقِيَاءُ...... عَنِ الفضلِ وَ ...... عَنِ الصوابِ.

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملوں میں سرخ کیے ہوئے ماضی افعال کو مضارع میں تبدیل کیجیے:

١ ـ أَنَسِيتُمْ نَصَائِحَ أَبِيكُمْ؟

٢ ـ هَلَّا سَعَيْتَ وَرَاءَ الْمَعْرِفَةِ يَا سَلِيْمُ!

٣ ـ هَلَّا نَهَيْتُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ؟

٤ ـ أَنَوَيْتُنَّ الصَّلَاةَ قَبْلَ دُخُولِ الْوَقْتِ؟

٥ ـ أَيَّ سُوْرَةٍ تَلَوْتِ يَا كُلْثُوْمُ؟

٦ ـ أَنْتُم سَمَوْتُمْ إِلَى ذُرَى الْمَجْدِ وَالرِّفْعَةِ.

٧ ـ هَلَّا عَفَوْتُنَّ عَنِ الآخَرِينَ!

٨ ـ أَلَقِيْتِ صَدِيقَتَكِ فِي الْمَكْتَبَةِ يَا خَدِيْجَة ؟

٩ ـ هَلَّا حَظِيْتُمَا بِرِضَى الْأُسْتَاذِ!

١٠ ـ أَسَقَيْتِ الْعَطْشَانَ مَاءً بَارِدًا يَا خَدِيْجَةُ؟

١١ ـ أَنْتُنَّ سَعَيْتُنَّ فِي عَمَلِ الْخَيْرِ.

١٢ ـ طَوَيْتُ الْأَوْرَاقَ وَوَضَعْتُهَا فِي الْحَقِيْبَةِ.

١٣ ـ مَا قَضَى الْقَاضِي إِلَّا بِالْعَدْلِ.

١٤ ـ هَدَاكُمُ الرَّسُوْلُ لٰكِنَّكُمْ عَمِيْتُمْ عَنِ الْحَقِّ.

١٥ ـ خَشِيْتُ عَلَى نَفْسِي الْهَلَاكَ.

١٦ ـ قَالَ الْقَائِدُ لِجُنُودِهِ نَأَيْنَا عَنْ أَرْضِ الْوَطَنِ.

١٧ ـ وَيْلَكُمْ كَيْفَ عَصَيْتُمْ آبَاءَكُمْ؟

١٨ ـ مِنْ أَيْنَ اشْتَرَيْتُنَّ هٰذِهِ الْخَضْرَوَاتِ الطَّازِجَةَ؟

١٩ ـ هُنَّ رَضِيْنَ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ تَعَالٰى.

٢٠ ـ ذَهَبَتْ أُمِّي إِلٰى مَكَّةَ وَبَقِيَتْ هُنَاكَ شَهْرَيْنِ.

٢١ ـ وَيْلَكُمْ أَدَعَوْتُمْ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ؟

٢٢ ـ دَعَوْنَا بَعْضَ الْأَصْدِقَاءِ لِتَنَاوُلِ الْإِفْطَارِ مَعَنَا.

٢٣ ـ لِمَ مَشَيْتِ فِي الشَّمْسِ يَا فَاطِمَةُ؟

٢٤ ـ سَأَلَ الْأُسْتَاذُ التِّلْمِيْذَ: لِمَ مَحَوْتَ مَا كَتَبْتَ؟

٢٥ ـ وَالِدَايَ دَعَوَا صَدِيقِي إِلَى الْمَأْدُبَةِ.

٢٦ ـ قَضَيْنَا لَيْلَتَنَا فِي حَدِيْثٍ شَهِيٍّ وَ سَمَرٍ جَذَّابٍ.

٢٧ ـ هَلَّا رَعَيْتِ حَقَّ الْأَبَوَيْنِ يَا سُعَادُ!

٢٨ ـ نِسَاءُ الْقَرْيَةِ أَوَيْنَ إِلٰى ظِلِّ شَجَرَةٍ فِي الظَّهِيْرَةِ.

٢٩ ـ أَ تَخْشَيْنَ النَّاسَ وَمَا تَخْشَيْنَ اللّٰهَ؟

٣٠ ـ كَوَيْتُ هٰذَا الْقَمِيْصَ وَتَرَكْتُ الَّذِي هُوَ مُمَزَّقٌ.

٣١ ـ الْمُذْنِبُونَ بَكَوْا مِنْ خَشْيَةِ الْعَذَابِ.

٣٢ ـ قَالَتِ الْمُعَلِّمَةُ لِلطَّالِبَةِ عَفَوْتُ عَنْكِ هٰذِهِ الْمَرَّةَ.

٣٣ ـ لِمَ رَمَيْتَ الْعُصْفُورَ بِالْحَجَرِ يَا ظَالِمُ؟

٣٤ ـ سَأَلْتُ الْخَادِمَاتِ: لِمَ رَمَيْتُنَّ الْقُمَامَةَ فِي الشَّارِعِ.

٣٥ ـ أَنَا أَعْرِفُ أَنَّكُمَا هَوِيْتُمَا الرِّحْلَاتِ.

٣٦ ـ مَا خَفِيَ عَلَى اللّٰهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ.

٣٧ ـ أَ دَعَوْتُنَّ الْجِيْرَانَ إِلٰى وَلِيمَةِ أَخِيكُنَّ؟

٣٨ ـ سَأَلْتُ خَالِدًا: أَ شَكَوْتَ أَحَدَ زُمَلَائِكَ إِلَى الْمُدِيرِ؟

٣٩ ـ سَأَلْتُ الْخَادِمَتَيْنِ: أَ طَوَيْتُمَا الْمَلَابِسَ الَّتِي كَوَيْتُمَا؟

٤٠ ـ تَلَا الْإِمَامُ سُورَةَ الْكَافِرُونَ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولٰى وَسُورَةَ الْإِخْلَاصِ فِي الثَّانِيَةِ.

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ بچہ بلی کے پیچھے دوڑ رہا ہے۔

۲۔ یہ دوا آپ کو عنقریب اللہ کے حکم سے شفا دے گی۔

۳۔ کیا آپ سب برائی سے نہیں روکتے؟

۴۔ اے نوجوانو! تم مغرب کے پیچھے کیوں دوڑتے ہو؟

۵۔ آپ کی اس بات سے کیا مراد ہے؟

۶۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس نیک کام کا بدلہ ضرور دیں گے۔

۷۔ ہم نے پچھلے سال ایک نیا گھر بنایا۔

۸۔ کتنے ہی بدبخت ایسے ہیں جو حق سے اندھے ہیں۔ (۱)

۹۔ تم گرمی میں کیوں چل رہے ہو؟

۱۰۔ تم سب بلند نہیں ہو گے مگر علم و ادب کے ذریعہ۔ (۲)

۱۱۔ طلباء نیند سے جلدی بیدار ہوتے ہیں۔

۱۲۔ کیا تم روزانہ صبح قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہو؟

(۱) كم مِن شَقِيٍّ (۲) إِلَّا بِالْعِلْمِ وَ الْأَدَبِ

۱۳۔ بچے رو رہے ہیں، کیونکہ وہ بھوکے ہیں۔
۱۴۔ آپ نہیں جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور نہ ہی ایمان۔
۱۵۔ تم دونوں اولاد پر سختی کیوں کرتے ہو؟
۱۶۔ جنگل میں شکاری شکار کا گوشت بھون کر کھا رہے ہیں۔
۱۷۔ تم اپنے مقدر پر کیوں نہیں راضی ہوتے؟ (۱)
۱۸۔ آپ دنیا کے حقیر مال ومتاع کے پیچھے کیوں دوڑتے رہے ہیں؟
۱۹۔ یہ طالبعلم میرے پاس روزانہ آتے ہیں۔
۲۰۔ اے زید! آپ اپنے بھائی سے بدسلوکی کیوں کرتے ہیں؟
۲۱۔ بعض بدو نخلستان میں موسم سرما گزارتے ہیں۔
۲۲۔ بچوں نے ماں سے کہا: ہمیں لومڑی اور شیر کا قصہ سنائیے۔
۲۳۔ قرض خواہ لوگوں کی نظروں سے چھپ گئے۔
۲۴۔ دونوں جڑواں بچے زمین پر گھٹنوں کے بل چل رہے ہیں۔
۲۵۔ کیا تم دونوں اپنے چچا سے روزانہ ملتے ہو؟
۲۶۔ مؤمنین اپنے مال اور اپنی جانیں جنت کے عوض بیچ چکے ہیں۔
۲۷۔ افسوس ہے آپ سڑک پر کوڑا ڈالتی ہیں!
۲۸۔ تم سب نے میری سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کیوں نہ کی؟
۲۹۔ میں نے بچے سے پوچھا: تم کیوں رو رہے ہو؟
۳۰۔ میرے پاس کچھ بھی باقی نہیں جو میں اللہ کی راہ میں خرچ کروں۔
۳۱۔ اے عائشہ! آپ عنقریب علم کے پھل توڑیں گی۔
۳۲۔ میں نے مری ہوئی مچھلیاں دیکھیں جو سمندر کی سطح پر تیر رہی تھیں۔
۳۳۔ میں نے خادمہ سے کہا: گوشت اچھی طرح بھونو!
۳۴۔ بے شک ہم نے انہیں آزمایا جیسا کہ ہم نے باغ والوں کو آزمایا۔
۳۵۔ تمام طلباء نے سبق اچھی طرح سے یاد کرلیا ہے۔
۳۶۔ کیا آپ نہیں دیکھتیں کہ اللہ تعالیٰ نیک لوگوں کو کیسے بدلہ دیتے ہیں؟
۳۷۔ بے شک نماز برائی اور بے حیائی سے روکتی ہے۔
۳۸۔ یہ دونوں جلیل القدر صحابی رسول اللہ ﷺ کے ساتھ دو غزوے لڑے۔
۳۹۔ ہم سب گمراہ تھے اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہدایت دی۔
۴۰۔ مؤمنات اعمال صالحہ کے ذریعہ بلند مراتب کی طرف ترقی کرتی ہیں۔
۴۱۔ اے خطا کار! اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرو اور اسکی رحمت کی امید رکھو۔
۴۲۔ کوئی نہیں جانتا کہ اللہ تعالیٰ نے کیا کچھ آخرت میں محسنین کیلئے تیار کر رکھا ہے۔
۴۳۔ اے خدیجہ! میں دیکھ رہی ہوں کہ آپ دوسروں کے جذبات کا پاس نہیں رکھتیں۔
۴۴۔ میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا: میری غلطی معاف کرو اور مجھ سے درگزر کرو۔
۴۵۔ میں نے زید اور سلیم سے پوچھا: تم دونوں اپنے پڑوسی کو دعوت میں کیوں نہیں بلا رہے؟
۴۶۔ کیا تم سب دیکھتے نہیں کہ مغربی تہذیب وتمدن گڑھے کے گرتے ہوئے کنارے پر ہے؟

---

(۱) جملہ ھلّا سے شروع کیجئے۔

۴۷۔ہم نے ایک مسجد تعمیر کی پھر اللہ تعالیٰ کو پکارا: اے اللہ ہمارے لئے جنت میں ایک گھر بنا دیجئے۔

۴۸۔حضور ﷺ نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے فرمایا: مشرکین کی ہجو کرو، تمھارے ساتھ جبریل امین ہیں۔[۱]

۴۹۔ادیب نے ایک باغ کی طرف دیکھا جس پر بارش برسی تھی اور کہا: گویا کہ آسمان نے زمین کو مزین لباس پہنا دیا ہے۔

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل افعال مضارعہ سے امر کے صیغے بنائیے پھر ہر فعل امر کو قوسین میں دیئے ہوئے صیغے میں لا کر جملے میں استعمال کیجئے:

يَبْنِي (جمع مذكر)	يَدْعُو (مثنى)	يَبْقَى (مفرد مؤنث)	يَرْضَى (جمع مؤنث)
يَعْفُوْ (مفرد مذكر)	يَدْنُو (مثنى)	يَتْلُوْ (مفرد مؤنث)	يَنْهَى (مفرد مؤنث)
يَخْشَى (جمع مذكر)	يَرْقَى (مفرد مذكر)	يَرْمِي (مثنى)	يَرْعَى (جمع مذكر)
يَنْفِي (جمع مذكر)	يَهْدِي (جمع مؤنث)	يَمْشِي (مفرد مؤنث)	يَجْرِي (مثنى)
يَجْزِي (مفرد مذكر)	يَحْكِي (جمع مذكر)	يَشْرِي (جمع مؤنث)	يَلْقَى (جمع مؤنث)

(۱) وَ مَعَكَ رُوْحُ الْقُدُسِ

الدرس التاسع

اللَّفِيْف

الأمثلة:

(ا)

اللفيف المَقرُون

١ ـ **الماضي:** طَوَيْتُ الأَوْرَاقَ وَسَلَّمْتُهَا للأُسْتَاذِ.

٢ ـ **المضارع:** إنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى سَيَطْوِي السَّمَاوَاتِ السَّبْعَ يَوْمَ القِيَامَةِ.

٣ ـ **الأمر:** قَالَ السَّيِّدُ لِخَادِمِهِ: اطْوِ قُمْصَانِي هٰذِه وَضَعْهَا فِي الْخِزَانَةِ.

(ب)

اللفيف المَفْرُوق

١ ـ **الماضى:** خَوَّفَ الوَاعِظُ النَّاسَ مِنْ عَذَابِ الآخِرَةِ وَقَالَ: "وَقَاكُمُ (١) اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ اليومِ!"

٢ ـ **المضارع:** قَالَ الأَبُ لِبَنِيْهِ: "اَلَا تَقُوْنَ أَنْفُسَكُم صُحْبَةَ الأَشْرَارِ؟"

٣ ـ **الأمر:** دَعَا الْمُؤمِنُ رَبَّهُ: "اَللّٰهُمَّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ!"

شرح وتفصیل:

لفیف مقرون وہ فعل ہے جس کا حرف عین اور لام حروف علت ہوں۔ یہ ہمیشہ باب ضَـرَبَ سے آتا ہے۔ اسکا ماضی معتل الآخِر بالألف ہوتا ہے اور اسکے صیغے کسی بھی ثلاثی معتل الآخر بالألف فعل کی طرح بنتے ہیں (جیسے بَنَى)۔ مضارع معتل الآخر بالیاء ہوتا ہے اور اسکے صیغے بھی تمام معتل الآخر بالیاء افعال کی طرح بنتے ہیں (جیسے يَبْنِي)۔ امر اضْرِبْ کے وزن پر بنتا ہے بِحَذْفِ حَرْفِ الْعِلَّةِ۔

(ا) ناقص یائی معتل الآخِر بالألف ماضی ہو یا مضارع، لفیف ہو یا غیر لفیف جب اسکے ساتھ ضمیر متصل بطور مفعول بہ کے آتی ہے تو اسکا الف یاء کی صورت میں نہیں، بلکہ الف کی صورت میں لکھا جاتا ہے: لقد رآني زيد. يخشاك الناسُ. تهواك اختك.

لفیف مفروق وہ فعل ہے جس کا حرف فاء واو، اور حرف لام یاء ہو: وَعَـى يَعِي، وَقَى يَقِي، وَفَى يَفِي وغیرہ۔ یہ اکثر باب ضرب سے آتا ہے۔ وَقَى کی گردان بَنَى کی طرح ہوگی اور يَقِي کی گردان يَبْنِي کی طرح ہوگی، فرق صرف اتنا ہے کہ لفیف مفروق کا واو مضارع میں حذف ہوجائے گا جس طرح مثال کا واو مضارع میں حذف ہوتا ہے۔ امر میں مثال کے قاعدے کے مطابق واو حذف ہو جائے گا اور ناقص ہونے کی بنا پر یاء بھی حذف ہوجائے گی۔ گویا کہ اسکا فعل امر صرف عین پر مشتمل ہوگا، ع کے وزن پر آئے گا: وَقَى يَقِي کا امر قِ، وَفَى يَفِي کا امر فِ اور وَعَى يَعِي کا امر عِ بنے گا۔ مثنی اور جمع مؤنث کے صیغوں میں یاء لوٹ آئے گی: قِيَـا قِيْـنَ، فِيَا فِيْنَ، عِيَا عِيْنَ، جمع مذکر اور مفرد مؤنث کے صیغوں میں یاء محذوف رہے گی: قُوْ قِي، فُوْ فِي، عُوْ عِي وغیرہ۔

جداول

اللفيف المقرون

الصيغ	المذكر الغائب		المؤنث الغائب	
	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	طَوَى	يَطْوِي	طَوَتْ	تَطْوِي
المثنى	طَوَيَا	يَطْوِيَانِ	طَوَتَا	تَطْوِيَانِ
الجمع	طَوَوْا	يَطْوُوْنَ	طَوَيْنَ	يَطْوِيْنَ

الصيغ	المذكر المخاطب		المؤنث المخاطب	
	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	طَوَيْتَ	تَطْوِي	طَوَيْتِ	تَطْوِيْنَ
المثنى	طَوَيْتُمَا	تَطْوِيَانِ	طَوَيْتُمَا	تَطْوِيَانِ
الجمع	طَوَيْتُمْ	تَطْوُوْنَ	طَوَيْتُنَّ	تَطْوِيْنَ

المذكر المتكلم والمؤنث المتكلم		
الصيغ	الماضي	المضارع
المفرد	طَوَيْتُ	أطْوِي
المثنى	طَوَيْنَا	نَطْوِي
الجمع	طَوَيْنَا	نَطْوِي

فعل الأمر		
الصيغ	المذكر	المؤنث
المفرد	اطْوِ	اطْوِيْ
المثنى	اطْوِيَا	اطْوِيَا
الجمع	اطْوُوْا	اطْوِيْنَ

اللفيف المفروق

	المذكر الغائب		المؤنث الغائب	
الصيغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	وَقَى	يَقِي	وَقَتْ	تَقِي
المثنى	وَقَيَا	يَقِيَانِ	وَقَتَا	تَقِيَانِ
الجمع	وَقَوْا	يَقُوْنَ	وَقَيْنَ	يَقِيْنَ

	المذکر المخاطب		المؤنث المخاطب	
الصیغ	الماضي	المضارع	الماضي	المضارع
المفرد	وَقَيْتَ	تَقِي	وَقَيْتِ	تَقِيْنَ
المثنی	وَقَيْتُمَا	تَقِيَانِ	وَقَيْتُمَا	تَقِيَانِ
الجمع	وَقَيْتُمْ	تَقُوْنَ	وَقَيْتُنَّ	تَقِيْنَ

	المذکر المتکلم والمؤنث المتکلم	
الصیغ	الماضي	المضارع
المفرد	وَقَيْتُ	أَقِي
المثنی	وَقَيْنَا	نَقِي
الجمع	وَقَيْنَا	نَقِي

	فعل الأمر	
الصیغ	المذکر	المؤنث
المفرد	قِ	قِي
المثنی	قِيَا	قِيَا
الجمع	قُوْا	قِيْنَ

قاعدہ نمبر ۳۵:

ا۔ اللفیف المفروق وہ فعل ہے جسکا حرف فاء واو اور حرف لام یاء ہو (وَقَـى، يَقِي) اس کے صیغے ناقص یائی کی طرح بنتے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ مثال کی طرح اس کا واو مضارع اور امر میں حذف ہو جاتا ہے۔

پس فاء اور لام کو حذف کرنے کے بعد اس کا امر صرف حرف عین پر مشتمل ہوتا ہے (وَفَى، يَفِي، قِ)، حرف عین کی کسرہ یاء محذوفہ پر دلالت کر رہی ہے۔

۲۔ اللفيف المقرون وہ فعل ہے جس کا حرف عین واو اور حرف لام یاء ہو (طَوَى يَطْوِي) اس کے صیغے بالکل ناقص یائی کی طرح بنتے ہیں۔

التمرين ۔ ۱

مندرجہ ذیل لفیف افعال کو قوسین میں دیئے گئے صیغوں میں لا کر جملوں میں استعمال کیجئے (ان میں ماضی، مضارع، امر سب شامل ہیں):

۱ ۔ يَفِي (جمع مذكر مخاطب) ۲ ۔ يَدِي (جمع مذكر غائب)

۳ ۔ يَعِي (مفرد مؤنث مخاطب) ٤ ۔ عِ (جمع مذكر)

٥ ۔ يَقِي (جمع مؤنث مخاطب) ٦ ۔ يَطْوِي (جمع مؤنث غائب)

۷ ۔ هَوَى (مفرد مؤنث غائب) ۸ ۔ لَوَى (جمع مذكر مخاطب)

۹ ۔ يَنْوِي (جمع مذكر غائب) ۱۰ ۔ قِ (مفرد مؤنث)

التمرين ۔ ۲

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں افعال ناقصہ کی شناخت کیجئے اور ان کا صیغہ بتائیے:

۱ ۔ فَلَا يَرْبُو عِنْدَ اللّٰهِ. ۲ ۔ وَكَأَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ رَبِّهَا.

۳ ۔ وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى. ٤ ۔ قَالُوْا إِنَّكُمْ كُنْتُم تَأْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ.

٥ ۔ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ. ٦ ۔ وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى.

۷ ۔ أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَا. ۸ ۔ وَجَاءَ مِنْ أَقْصَى الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى.

۹ ۔ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى. ۱۰ ۔ وَحَسِبُوا أَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوا.

۱۱ ۔ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ. ۱۲ ۔ وَيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ.

١٣ـ أَلَا إِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ.
١٤ـ الَّذِيْنَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَتْلُوْنَهُ حَقَّ تِلَاوَتِهِ.
١٥ـ اذْهَبْ إِلَى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغٰى.
١٦ـ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ.
١٧ـ وَالضُّحٰى وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى.
١٨ـ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِي أَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْا عُتُوًّا كَبِيْرًا.
١٩ـ فَلَمَّا أَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا.
٢٠ـ إِلَّا أَنْ يَّعْفُوْنَ أَوْ يَعْفُوَ الَّذِىْ بِيَدِهِ عُقْدَةُ النِّكَاحِ.
٢١ـ أَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ آيَةً تَعْبَثُوْنَ.
٢٢ـ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلَائِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ.
٢٣ـ وَجَاؤُوْا أَبَاهُمْ عِشَاءً يَّبْكُوْنَ.
٢٤ـ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا.
٢٥ـ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ.
٢٦ـ يَا بُنَيَّ أَقِمِ الصَّلَاةَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ.
٢٧ـ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاءُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ.
٢٨ـ عَلَيْهَا مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَا أَمَرَهُمْ.
٢٩ـ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ.
٣٠ـ إِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ إِذْ تَأْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ.
٣١ـ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ.
٣٢ـ يَا قَوْمِ مَالِي أَدْعُوْكُمْ إِلَى النَّجَاةِ وَتَدْعُوْنَنِي إِلَى النَّارِ.
٣٣ـ إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ.
٣٤ـ إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِي مَنْ يَّشَاءُ.
٣٥ـ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا قُوْا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ.

معاني الكلمات

الأفعال

عربي	اردو	عربي	اردو
قَرَى ـِ	اس نے مہمان داری کی	سَعَى ـَ	اس نے کوشش کی
جَنَى ـِ	اس نے درخت سے پھل چنا	سَقَى ـِ	اس نے پلایا
غَنِيَ ـَ	اس نے کفایت کی	كَوَى ـِ	اس نے استری کی
نَأَى يَنْأَى	وہ دور ہوا	طَوَى ـِ	اس نے لپیٹا، تہہ کیا
هَفَا ـُ	اس نے غلطی کی	سَهَا ـُ	اس نے غلطی کی
حَظِيَ ـَ	وہ نصیب والا ہوا، اس نے پایا	عَرِيَ ـَ (عَنْ)	وہ خالی ہوا
أَوَى ـِ	اس نے پناہ لی	هَوِيَ ـَ	اس نے بیحد چاہا، خواہش کی
مَحَا ـُ	اس نے مٹایا		

اردو	عربي	اردو	عربي
اس نے بھونا	شَوَى ـِ	اس نے یاد کیا، حفظ کیا	وَعَى ـِ
اس نے پاس رکھا، لحاظ کیا	رَعَى ـَ	وہ اندھا ہوا	عَمِيَ ـَ
اس نے بدلہ دیا	جَزَى ـِ	وہ بدسلوکی سے پیش آیا	جَفَا ـُ
اس نے مراد لیا	عَنَى ـِ	اس نے آزمایا	بَلَا ـُ
اس نے رہنمائی کی	هَدَى ـِ	وہ سطح پر آیا، تیرا	طَفَا ـُ
اس نے جانا	دَرَى ـِ	اس نے ہجوگوئی کی	هَجَا ـُ
وہ لڑا، غزوے میں شریک ہوا	غَزَا ـُ	اس نے سختی کی	قَسَا ـُ (عَلَى)

اردو	عربي	اردو	عربي
اس نے شفا دی	شَفَى ـِ	اس نے امید کی	رَجَا ـُ
وہ چھپ گیا	خَفِيَ ـَ	وہ گھٹنوں کے بل چلا	جَثَا ـُ
اس نے خریدا، بیچا	شَرَى ـِ	وہ بیدار ہوا	صَحَا ـُ

الأسماء

عربي	اردو	عربي	اردو
مُشَاغِبٌ ج س	ہنگامہ آرائی کرنے والا	جَذَّابٌ	دلچسپ، دلکش
ذِرْوَةٌ ج ذُرًى	چوٹی	سَمَرٌ	رات کے وقت باتیں کرنا
شَهِيٌّ	مرغوب، لذیذ	قُمَامَةٌ	کوڑا کرکٹ

اردو	عربي	اردو	عربي
کنارہ	شَفَا ، حَافَّةٌ	گرتا ہوا	هَارٌ
گڑھا	جُرُفٌ	جڑواں بچے	تَوْأَمَانِ

الدرس العاشر

إعراب الفعل المضارع

الأمثلة:

(ا)

صيغ المفرد وصيغة الجمع المتكلم

المضارع المرفوع	المضارع المجزوم
١ـ يَحْفَظُ سَلِيْمٌ وَصِيةَ أبِيه.	لِيَحْفَظْ سَلِيْمٌ وَصِيةَ أبِيه.
٢ـ أ تأكُلُ وَأنْتَ شَبْعانُ؟	لاتأكُلْ وَأنْتَ شَبْعانُ.
٣ـ لا أكْذِبُ أبَدًا.	لَمْ أكْذِبْ أبَدًا.
٤ـ لا نَعلَمُ عَاقِبَةَ أمرِنَا.	لمّا نعلَمْ عَاقِبَةَ أمرِنَا.

(ب)

الأفعال الخمسة

١ـ سافَرَ أبوايَ وَ يَرجِعانِ عَن قَرِيبٍ.	سافَرَ أبوايَ وَلَمّا يَرْجِعَا.
٢ـ هُم لا يَعلمُونَ عاقِبَةَ أمرِهم.	لَمّا يَعلمُوا عاقِبَةَ أمرِهم.
٣ـ لا تَكْذِبِينَ أبَدًا.	لَمْ تَكْذِبِي قَطُّ.
٤ـ أنتُما تَحْفَظان وَصِيَّةَ أبِيكُما.	لِتَحْفَظَا وَصِيَّةَ أبِيكُما.
٥ـ أ تأكُلُونَ و أنتُم شِبَاعٌ؟	لَاتَأكُلُوا و أنتُم شِبَاعٌ.

(ج)

صيغتا نون النسوة

١ـ تَأخَّرَتِ المُعلِّماتُ وَرُبَّما لا يَحْضُرْنَ	تَأخَّرَتِ المُعلِّماتُ وَلَمّا يَحْضُرْنَ.

۲ ـ تُنْفِقُ النِّساءُ عَلَى المَساكِين وَ يَرْحَمْنَ الضعفاء. لِتُنْفِقِ النِساءُ عَلَى المَساكِين وَلْيَرْحَمْنَ الضُّعَفاء.

۳ ـ أ تُهْمِلْنَ وَاجِبَكُنَّ أَيَّتُهَا التِلمِيذَاتُ؟ لا تُهْمِلْنَ وَاجِبَكُنَّ أَيَّتُهَا التِلمِيذَات.

٤ ـ قَدَّمْتُنَّ الاخْتبارَ وَلَا تَنْجَحْنَ. قَدَّمْتُنَّ الاخْتبارَ وَلَمْ تَنْجَحْنَ.

شرح وتفصیل:

فعل مضارع کلام میں مرفوع یا منصوب یا مجزوم واقع ہوتا ہے۔ اگر اس سے پہلے کوئی ایسا حرف نہ ہو جو مضارع کو جزم یا نصب[1] دینے والا ہو تو سمجھ لیجئے کہ مضارع مرفوع ہے۔ نون النسوۃ کے دونوں صیغوں کے علاوہ جو کہ مبنی ہوتے ہیں مضارع کے تمام صیغے معرب ہوتے ہیں، یعنی ان پر اعراب کی علامت ظاہر ہوتی ہے۔ مندرجہ بالا مثالوں پر غور کیجئے:

(الف) کے ذیل میں جو جملے ہیں وہ مضارع کے ان صیغوں پر مشتمل ہیں جو ضمہ سے مرفوع ہوتے ہیں، ان میں "ھو، ھي، أنت، أنا اور نحن" کے صیغے شامل ہیں۔

(ب) کے جملے مضارع کے ان پانچ صیغوں پر مشتمل ہیں جن کے آخر میں نون آتا ہے اس نون کو نحو کی اصطلاح میں "نـون الـرفـع" کہا جاتا ہے (نون اعرابی بھی کہتے ہیں)۔ یہ نون مضارع کے مرفوع ہونے کی علامت ہے۔ یہ پانچ صیغے جو نون پر ختم ہوتے ہیں "الأفـعـال الخمسة" کہلاتے ہیں۔ جہاں کہیں افعال خمسہ میں سے کوئی فعل نون کے ساتھ واقع ہو اسکے اعراب کو "مرفوعٌ وَعَلَامَةُ رَفْعِهِ ثبوتُ النُّونِ" سے تعبیر کیا جائے گا۔

(ج) کے جملے نـون الـنسـوۃ کے دو صیغوں پر مشتمل ہیں۔ یہ نون جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے ضمائر رفع بارزہ میں سے ہے اور ہر حال میں اپنی جگہ قائم رہے گا۔ مضارع کے نون النسوۃ کے صیغے سکون پر مبنی ہوتے ہیں اور ان کے اعراب محلی ہوتے ہیں۔ پس اگر ان سے پہلے کوئی حرف جازم یا ناصب نہ آئے تو انکے اعراب کو "فـعـلٌ مـضـارعٌ مبنيٌ علی السُّکُوْنِ" سے تعبیر کیا جائے گا۔

المضارع المجزوم

فعل مضارع سے پہلے اگر حروف جازمہ میں سے کوئی حرف (لام الأمر، لا، لم، لما) واقع ہو تو مضارع مجزوم

(۱) مضارع کو جزم دینے والے حروف "حوازم المضارع" کئی ہیں ان میں "لـم، لا الناهية، لام الأمر، لما، إن الشرطية" وغیرہ شامل ہیں۔ مضارع کو نصب دینے والے حروف یا نواصب المضارع میں "أن، لن، کي، إذن" وغیرہ شامل ہیں۔

ہوجائے گا۔ الأفعال الخمسة اور نون النسوة کے دوصیغوں کے علاوہ مضارع کے تمام صیغے سکون کے ساتھ مجزوم ہونگے۔ (الف) کے ذیل میں "المضارع المجزوم" کے تحت پہلے جملے کو دیکھئے: (لِيَحفَظْ سَلِيمٌ وَصِيَةَ أبِيهِ: سلیم کو چاہئے کہ وہ اپنے باپ کی نصیحت کا پاس رکھے)۔ اس جملہ میں مضارع لام الأمر کے داخل ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے اس کے اعراب کو "مجزومٌ بالسكون" سے تعبیر کیا جائے گا۔ دوسرے جملہ میں فعل مضارع پر لا الناهية [1] داخل ہوا ہے یہ کسی فعل سے روکنے یا منع کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے (لا تأكل و أنت شبعان: مت کھاؤ جب کہ تم سیر ہو)۔ تیسرے جملے میں فعل مضارع پر "لم" داخل ہوا ہے۔ لم مضارع کے مفہوم کو ماضی منفی میں کر دیتا ہے: (لم أكذِبْ قَطُّ: میں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا)۔ چوتھے جملہ میں فعل مضارع کو لما جزم دے رہا ہے: (لَمَّا نَعْلَمْ عاقبةَ أمرنا: ہم ابھی تک اپنے انجام سے بے خبر ہیں)۔ لما "ابھی تک نہیں" کا مفہوم ادا کرتا ہے۔ افعال خمسہ حذف نون سے مجزوم ہوتے ہیں: لم تَكْذِبِي قَطُّ: (آپ نے کبھی جھوٹ نہیں بولا) کے اعراب کو فعلٌ مضارعٌ مجزومٌ وَعَلَامَةُ جَزْمِهِ حَذفُ النون لأنّه مَسبُوقٌ بِـ"لَمْ" سے تعبیر کیا جائے گا۔ نون النسوة کے صیغے چونکہ مبنی ہیں، لہذا حروف جازمہ کے داخل ہونے سے ان میں کوئی ظاہری تبدیلی نہیں آئیگی اگرچہ یہ في محل جزمٍ ہوجائیں گے۔

جزم المضارع المضعّف

الأمثلة:

(۱)

صيغ المفرد و صيغة الجمع المتكلّم

١ـ لا تَمُنَّ عَلَى الفقِيرِ بِصَدَقتِكَ. (تَمُنُّ/ تَمُنَّ/ تَمُنِّ/ تَمْنُنْ)

٢ـ لَمَّا يَحِلَّ الجُنُودُ بِسَاحَةِ العَدُوِّ. (يَحِلَّ/ يَحِلِ/ يَحْلِلْ)

٣ـ لَمْ أَمَسَّ أحَدًا بِالسوءِ. (أمسَّ/ أمَسِّ/ أمْسَسْ)

٤ـ لِنَفِرَّ مِنَ الفِتَنِ حَيْثُمَا كَانَتْ. (نَفِرَّ/ نفرِّ/ نَفْرِرْ)

---

(۱) لا الناهية کے برخلاف لا النافية مضارع کو منفی بنا دیتا ہے اور اس کے اعراب پر بھی اثر انداز نہیں ہوتا۔

(ب)

الأفعال الخمسة

١ ـ قُلْتُ لِعَائِشَة: ألم تَهُبِّي لِمُسَاعَدَةِ أمك؟

٢ ـ قال القَائِدُ لِلجُنْدِيَّيْن: لا تَفِرَّا إذَا حَمِيَ وَطِيسُ الحَرْبِ.

٣ ـ قد حَضَرَ الضُيُوفُ وَلَمَّا يَدُقُّوا الباب.

٤ ـ قُلْتُ للشُبّانِ: لِتَغُضُّوا أبصاركم.

(ج)

صيغتا نون النسوة

١ ـ الخادِمَاتُ لَمَّا يَرْصُصْنَ الأطباقَ.

٢ ـ قُلْتُ لِلْفَتَيات: لِتَعْفِفنَ عَنْ كُلِّ ما يَشِيْنُ.

شرح وتفصیل:

۱۔مضارع مضعف اگر مجزوم واقع ہوتو اسکے مفرد کے صیغوں میں إدغام برقرار رکھنا بھی جائز ہے اور فكّ إدغام بھی، ادغام کی صورت میں فعل اگر باب نصر سے ہوتو اسکی تین صورتیں ہوسکتی ہیں۔١ ـ لا تَمُدُّ ٢ ـ لا تَمُدَّ ٣ ـ لا تَمُدِّ ۔ پہلی صورت میں حرف ثانی کوضمہ دے دیا گیا ہے، کیونکہ یہی حركة الباب ہے۔دوسری صورت میں فتحہ دے دیا گیا ہے، کیونکہ یہ أخفُّ الحركات (سب سے ہلکی پھلکی حرکت) ہے۔تیسری صورت میں اسے کسرہ دے دیا گیا ہے کیونکہ قاعدہ کے مطابق ساکن کوکسرہ ہی کی حرکت دی جاتی ہے۔ لاتَمُدُّ، لا تَمُدَّ، لا تَمُدِّ، کے اعراب کو یوں تعبیر کریں گے: فعلٌ مضارعٌ مجزومٌ وَعَلَامَةُ جَزْمِهِ السكون المقدر على اللام۔اوراگر باب ضرب (يحِل) یاباب فرح(يمَس) سے ہوتو ادغام کی حالت میں دوصورتیں جائز ہیں: ١ ـ لما يحلَّ ٢ ـ لما يحلِّ ١ ـ لم أمسَّ ٢ ـ لم أمسِّ۔

۲۔ افعال خمسہ میں إدغام کا برقرار رکھنا واجب ہے۔ یہ صیغے حسب قاعدہ مجزوم بحذف حرف النون ہونگے۔

۳۔ نون النسوة کے دونوں صیغوں میں فكّ إدغام واجب ہے۔

جزم المضارع الأجوف

الأمثلة:

(ا)

صيغ المفرد و صيغة الجمع المتكلم

١ ـ لم يَبِعِ العاقلُ شَرَفَهُ بحُطام الدنيا.

٢ ـ لا تَخُضْ فِيما لا يَعنِيكَ.

٣ ـ لِأَكُنْ أوَّلَ سَبَّاقٍ إلى الخَيرِ.

٤ ـ لمّا نَفُزْ عَلى عَدُوِّنا الغاشِّ.

(ب)

الأفعال الخمسة

١ ـ قال الأبُ لِابنتِه: لِتَكُونِي عندَ حُسنِ ظَنِّنا دائمًا.

٢ ـ إنَّ المُجِدَّيْنِ لما يَنالا بُغيتَهما .

٣ ـ زارنا الضُيُوفُ و لكنّهُم لم يبِيتُوا عندنا.

٤ ـ قال الواعظ للسامعين: لا تقُولُوا ما لا تفعلونَ.

(ج)

صيغتا نون النسوة

١ ـ الخياطاتُ لم يخِطنَ اليومَ إلّا ثوبًا واحدًا.

٢ ـ قالت المُعلّمةُ لِتلميذاتِها: لا تَغِبنَ يومَ الامتحانِ.

شرح و تفصیل:

مضارع اجوف کا لام جب ساکن ہوتا ہے تو اسکا حرف عین حذف ہوجاتا ہے۔(الف) میں مضارع کے تمام

صیغوں میں لام جزم کی بنا پر ساکن ہے لہذا حرف عین کو حذف کر دیا گیا ہے۔اسی طرح نون النسوۃ کے دونوں صیغوں میں لام کو ضمیر رفع متحرک کے اتصال کی وجہ سے ساکن کر دیا گیا ہے، لہذا اسکا عین محذوف ہے۔ افعال خمسہ میں چونکہ لام متحرک ہے، لہذا عین کو حذف نہیں کیا گیا۔

جزم المضارع الناقص

الأمثلة:

(ا)

صيغ المفرد وصيغة الجمع المتكلم

١ـ لَمَّا تَسْمُ أُمَّتُنَا إِلَى ذُرَى الْمَجْدِ وَالرِّفْعَةِ.

٢ـ لَا تَلْقَ أَخَاكَ إِلَّا بِوَجْهٍ طَلْقٍ.

٣ـ قَالَ الْقَاضِي: لَمْ أَقْضِ إِلَّا بِالْعَدْلِ.

٤ـ لِنَرْضَ بِمَا قَسَّمَ اللهُ لَنَا.

(ب)

الأفعال الخمسة

١ـ يَا عَائِشَةُ! لِتَعْفِي عَنْ زَلَّاتِ صَدِيقَتِكِ.

٢ـ قَالَ الْأَبُ لِابْنَيْهِ: وَيْحَكُمَا! لِمَ لَمْ تَنْهَيَا عَنِ الْمُنْكَرِ؟

٣ـ الْمُسْلِمُوْنَ لَمَّا يَشْرُوا أَنْفُسَهُمُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللهِ.

٤ـ لَا تَمْشُوْا حُفَاةً عَلَى الْحَصَى.

(ج)

صيغتا نون النسوة

١ـ الْمُؤمِنَاتُ لَمْ يَسْمُونَ بِالْمَالِ وَ الْجَمَالِ وَ إِنَّمَا يَسْمُونَ بِالْعِلْمِ وَالْإِيمَانِ.

٢ـ قَالَتِ الْأُمُّ لِبَنَاتِهَا: لِتَقْضِينَ أَوْقَاتَكُنَّ فِي تَحْصِيلِ الْعِلْمِ.

۳۔لا تَسْعَينَ وراءَ مَتَاعِ الدُّنيا الزَّهيد.

شرح وتفصیل:

مضارع ناقص خواہ معتل الآخر بالیاء ہو، معتل الآخر بالألف ہو یا معتل الآخر بالواو تینوں صورتوں میں اسکا لام حذف ہوجائے گا:لما تسم، لا تلق، لم أقض۔

ا۔ان تمام صیغوں میں مضارع کے اعراب کو یوں تعبیر کیا جائے گا: مضارعٌ مجزومٌ وَعَلَامَةُ جَزْمِهِ حذف حرف العلّة گویا کہ ان صیغوں میں علامت جزم حرف علت کا حذف کرنا ہے۔

۲۔افعال خمسہ حسب قاعدہ حذف نون کے ساتھ مجزوم ہونگے۔

۳۔ نون النسوة کے دونوں صیغے حسب سابق مبني في محل جزم ہونگے۔

قاعدہ نمبر۳۶:

ا۔فعل مضارع کلام میں مرفوع، منصوب یا مجزوم واقع ہوتا ہے۔

۲۔فعل مضارع سے پہلے اگر کوئی اسے منصوب یا مجزوم کرنے والا عامل نہ آئے تو یہ مرفوع واقع ہوتا ہے۔

۳۔فعل مضارع سے پہلے اگر لم، لا الناهية، لام الأمر اور لما میں سے کوئی حرف آجائے یا أدوات الشرط آجائیں تو یہ مجزوم واقع ہوگا۔ یہ تمام حروف اور أدوات الشرط نحوی کی اصطلاح میں جوازم الفعل المضارع کہلاتے ہیں۔

۴۔اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع تین قسم کے صیغوں پر مشتمل ہے:

ا۔مفرد مذکر غائب، مفرد مؤنث غائب، مفرد متکلم اور جمع متکلم کے صیغے جن کے آخر میں نون نہیں آتا۔ یہ صیغے ضمہ سے مرفوع، فتحہ سے منصوب اور سکون سے مجزوم ہوتے ہیں۔

ب۔جمع مذکر، مثنی اور مفرد مؤنث مخاطب کے صیغے جن کے آخر میں نون آتا ہے۔ یہ صیغے "الأفعال الخمسة" کہلاتے ہیں۔ یہ نون کے برقرار رکھنے سے مرفوع اور حذف نون سے منصوب اور مجزوم ہوتے ہیں۔

ج۔جمع مؤنث کے دو صیغے جن کے ساتھ نون النسوة کی ضمیر ملحق ہوتی ہے۔ یہ صیغے سکون پر مبنی ہوتے

ہیں۔ ان کے اعراب محلي ہوتے ہیں، تجرد النواصب والجوازم کی صورت میں یہ في محل رفع کہلائیں گے، حرف ناصب پہلے آجائے تو في محل نصب اور حرف جازم کے بعد واقع ہونے کی صورت میں في محل جزم کہلائیں گے۔

۵۔ جب مضارع مضعف کے وہ صیغے جن کے آخر میں نون نہیں آتا مجزوم واقع ہوں تو ان میں إدغام اور فكّ إدغام دونوں جائز ہوں گے۔ ادغام کی صورت میں باب نصر کے افعال پر ضمہ، فتحہ اور کسرہ میں سے کوئی بھی حرکت لانا جائز ہوگا، اور دیگر ابواب پر فتحہ یا کسرہ لانا جائز ہوگا، جبکہ الأفعال الخمسة میں إدغام اور نون النسوة کے دونوں صیغوں میں فكّ إدغام واجب ہے۔

۶۔ جب اجوف کا مضارع مجزوم واقع ہوتا ہے تو الأفعال الخمسة کے علاوہ تمام صیغوں میں حرف عین حذف ہوجاتا ہے۔ یہ صیغے سکون سے مجزوم ہوتے ہیں۔ نون النسوة کے دونوں صیغوں کے علاوہ، ان کے اعراب محلي ہوتے ہیں۔

۷۔ ناقص اور لفیف کا مضارع مجزوم ہوتا ہے تو افعال خمسہ کے علاوہ تمام صیغوں میں لام حذف ہوجاتا ہے۔ ناقص اور لفیف افعال میں جزم کی علامت حذف حرف العلة ہے۔

۸۔ تمام صحیح اور معتل افعال کے مضارع کے افعال خمسہ حذف نون سے مجزوم ہوتے ہیں۔

التمرين - ۱

مندرجہ ذیل جملوں میں سرخ افعال پر قوسین میں دیا ہوا حرف جازم داخل کر کے انکے صیغوں میں لازمی تبدیلیاں کیجئے:

١ـ يَطْلُعُ فَجْرُ الْيَوْمِ. (لَمْ)	٢ـ تَبْكِي الْمُؤْمِنَاتُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ. (لِ)
٣ـ تَشْرَبُوْنَ بَعْدَ الْجَرْيِ. (لَا)	٤ـ تَعُودُ أخَاكَ الْمَرِيضَ وَتَلُمُّ شَعْثَهُ. (لِ)
٥ـ تَذُوْقُوْنَ وَبَالَ أَمْرِكُمْ. (لِ)	٦ـ تَسْعَيْنَ فِي أَذَى غَيْرِكُنَّ يَا نِسَاءُ! (لَا)
٧ـ أ تَحْزَنُوْنَ لِمَا فَاتَكُمْ؟ (لَا)	٨ـ تَهَبُوْنَ حَيَاتَكُمْ لِإِعْلَاءِ كَلِمَةِ اللّٰهِ. (لِ)
۴۹۔ہم چاہتے ہیں کہ بنی نوع انسان کو باطل کی تاریکیوں سے نکال کر حق کے نور کی طرف لے آئیں۔

۵۰۔عورت نے دروازہ کھولا تاکہ پارسل وصول کرے پھر اسے کھولا تاکہ دیکھے کہ اس کے اندر کیا ہے۔

التمرين ـ ٦

مندرجہ ذیل افعال میں سے ہر فعل کو پہلے جملے میں مرفوع، دوسرے میں مجزوم اور تیسرے میں منصوب استعمال کریں:

يَسْمَعُ	تَبِيعُ	نَعْفُو	تَسْعَى	تَفُوْقُ
نَدْعُو	نَخَافُ	تُكْرِمُوْنَ	تَبْقَيَانِ	أَحْكِي
تَتْلِيْنَ	يَنَامُ	تُحِبِّيْنَ	تَقُوْمِيْنَ	تَقْسُو
تَبْنُوْنَ	يَجُوْدُ	تَبْنِي	تَرْعَيْنَ	تَتَحَدَّثُ

التمرين ـ ٧

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں سرخ کلمات کے اعراب بیان کیجیے۔

١ـ لَنْ تُقَاتِلوا مَعِيَ عَدُوًّا ٢ـ فَذُوقُوا فَلَنْ نَزِيدَكُم إلّا عذَابًا.

٣ـ أنْ تَعفُوَا أقْرَبُ لِلتَّقوى. ٤ـ وَ لَن تَرضى عَنكَ اليَهُودُ وَلا النَّصارىٰ.

٥ـ إنْ ظَنَّا أنْ يُقِيمَا حُدُودَ اللّٰهِ. ٦ـ عَسىٰ أنْ تَكرَهُوا[1] شَيئًا وَ هُوَ خَيرٌ لَكُم.

٧ـ فَلَنْ أكُونَ ظَهِيرًا لِلْمُجرِمِينَ. ٨ـ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أنْ يَكتُمنَ مَا خَلقَ اللّٰهُ فِي أرحَامِهِنَّ.

التمرين ـ ٨

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں منصوب افعال کی تعیین کیجئے:

١ـ إنّه ظَنَّ أنْ لَنْ يَحُورَ. ٢ـ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أنْ تَمُوتَ إلّا بِإذنِ اللّٰهِ.

(١) أنْ تَكْرَهُوا: مصدر مُؤَوَّلٌ فِي مَحَلِّ رَفْعٍ فَاعِلُ عَسَى.

٣ـ إِنَّهُم لَنْ يَضُرُّوا اللّٰهَ شَيئًا.

٤ـ قَالَ رَبِّ أَرِنِي أَنْظُر إِلَيكَ قَالَ لَنْ تَرانِي.

٥ـ وَ أَنْ تَعفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقوٰى.

٦ـ لَنْ يَّستَنْكِفَ المَسِيحُ أَنْ يَّكُونَ عَبدًا لِلّٰهِ.

٧ـ وَ لَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيلاً.

٨ـ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَنْ نُؤمِنَ بِهٰذَا القُرآنِ.

٩ـ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَزِيْدَكُمْ إِلَّا عَذَابًا.

١٠ـ قُل لَنْ يَّنفَعَكُمُ الفِرَارُ إِنْ فَرَرْتُم مِنَ المَوتِ.

١١ـ إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ أَنْ يَّأتِيَكُمُ التَّابُوتُ.

١٢ـ وَ لَقَد كُنتُمْ تَمَنَّونَ المَوتَ مِنْ قبلِ أَنْ تَلْقَوهُ.

١٣ـ أ يَحْسَبُ أَنْ لَنْ يَقْدِرَ عَلَيهِ أَحَدٌ.

١٤ـ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الأَمانَاتِ إِلٰى أَهْلِهَا.

١٥ـ عَلِمَ أَنْ لَنْ تُحصُوهُ فَتَابَ عَلَيكُم.

١٦ـ لَيسَ عَلَيكُم جُناحٌ أَنْ تَبْتَغُوا فَضْلاً مِنْ رَبِّكُم.

١٧ـ وَمَنْ يُضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَه سَبِيلاً.

١٨ـ أَوْ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يُمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّه بِالعَدْلِ.

١٩ـ وَلَنْ يَتَمَنَّوهُ أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ أَيدِيهِمْ.

٢٠ـ إِنَّكَ لَنْ تَخرِقَ الأَرْضَ وَلَن تَبلُغَ الجِبَالَ طُولاً.

٢١ـ فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا وَلَنْ تَفعَلُوا فَاتَّقُوا النَّارَ.

٢٢ـ فَأَثَابَكُم غَمًّا بِغَمٍّ لِكَيْلَا تَحزَنُوا عَلٰى ما فَاتَكُم.

٢٣ـ أ يَحسَبُ الإنسَانُ أَن لَنْ نَجمَعَ عِظَامَهُ.

٢٤ـ وَإِنْ أَرَدْتُم أَنْ تَسْتَرضِعُوا أَولَادَكُم فَلَا جُنَاحَ عَلَيكُم.

٢٥ـ وَأَشْرِكْهُ فِيْ أَمْرِيْ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا وَنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا.

٢٦ـ أَ لَن يَكْفِيَكُم أَنْ يُمِدَّكُم رَبُّكُم بِثَلَاثَةِ آلافٍ مِنَ المَلَائِكَةِ مُنْزَلِيْنَ.

٢٧ـ مَنْ كَانَ يَظُنُّ أَنْ لَّن يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَ الآخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَاءِ.

٢٨ـ إِنَّهُم إِنْ يَّظْهَرُوا عَلَيْكُم يَرْجُمُوكُم أَو يُعِيدُوْكُم فِي مِلَّتِهِم وَ لَنْ تُفْلِحُوا إِذًا أَبدًا.

معاني الكلمات

الأفعال

اردو	عربي
آہستہ چلا	أَبْطَأَ فِي الْمَشْي
نکلنا (گاڑی وغیرہ کا)	فَاتَ ـُ
روزہ چھوڑا	أَفْطَرَ ، يُفْطِرُ

الأسماء

اردو	عربي
محظوظ ہوا	تَمَتَّعَ ، يَتَمَتَّعُ بِ
فرانسیسی زبان	اللُّغَةُ الْفَرَنْسِيَّةُ
جھوٹی گواہی	شَهَادَةُ الزُّورِ

الدرس الثالث عشر

الفعل المبنيُّ للمجهول ونائب الفاعل

الأمثلة:

(ا) الفِعْلُ الْمَبْنِيُّ لِلْمَعْرُوفِ	(ب) الفِعْلُ الْمَبْنِيُّ لِلْمَجْهُولِ
١۔ زَرَعَ الفَلَّاحُ الْحَقْلَ فِي إِبَّانِ الرَّبِيعِ.	زُرِعَ الْحَقْلُ فِي إِبَّانِ الرَّبِيعِ.
٢۔ أَمَرَ اللّٰهُ الْمَرْأَةَ الْمُسْلِمَةَ بِالْحِجَابِ وَمَنَعَهَا مِنَ السُّفُورِ.	أُمِرَتِ الْمَرْأَةُ الْمُسْلِمَةُ بِالْحِجَابِ وَمُنِعَتْ مِنَ السُّفُورِ.
٣۔ أَخَذَ رِجَالُ الشُّرْطَةِ اللُّصُوصَ وَضَرَبُوهُمْ.	أُخِذَ اللُّصُوصُ وَضُرِبُوْا.
٤۔ لَقَدْ سَرَّنِي لِقَاؤُكَ الْيَوْمَ.	لَقَدْ سُرِرْتُ بِلِقَائِكَ الْيَوْمَ.
٥۔ وَهَبْتُ فَاطِمَةَ كِتَابًا مُفِيدًا.	وُهِبَتْ فَاطِمَةُ كِتَابًا مُفِيدًا.
٦۔ بَحَثْنَا عَنْ هٰذِهِ الْكُتُبِ فِي كُلِّ مَكَانٍ.	بُحِثَ عَنْ هٰذِهِ الْكُتُبِ فِي كُلِّ مَكَانٍ.

شرح وتفصیل:

جس فعل کا فاعل معلوم ہو اسے اصطلاح میں "الفعل المبني للمعروف" کہتے ہیں، (ا) کے ذیل میں جو جملے آرہے ہیں انھیں غور سے دیکھئے۔ اور جس فعل کا فاعل محذوف ہو[1] اسے "الفعل المبني للمجهول" کہا جاتا ہے۔ (ب) کے ذیل میں تمام جملے مبني للمجهول افعال پر مشتمل ہیں۔

۱۔ فعل ماضی ثلاثی کو مبني للمجهول بنانے کے لئے اسکے حرف فاء کوضمّہ اور حرف عین کو کسرہ دے دیا جاتا ہے، جیسے: زُرِعَ، مُنِعَ، وُهِبَ، بُحِثَ وغیرہ۔

۲۔ فعل مضارع ثلاثی کو مبني للمجهول بنانے کے لئے حرف المضارعة کوضمّہ اور حرف عین کوفتحہ دے دیا جاتا ہے، جیسے: يُزْرَعُ، يُمْنَعُ، يُبْحَثُ، يُسْمَعُ وغیرہ۔

---

(۱) فاعل کو حذف کرنے کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں، مثلا فاعل اتنا معروف ہو کہ اس کا ذکر کرنا غیر ضروری ہو: خُلِقَ الْإِنْسَانُ ضَعِيفًا، یا فاعل حقیقتا معلوم نہ ہو جیسے: سُرِقَ الْمَتَاعُ، یا متکلم کسی وجہ سے اس کا ذکر نہ کرنا چاہتا ہو: أُخْبِرْتُ بِأَنَّكَ مُسَافِرٌ۔

۳۔ فاعل کو حذف کرنے کے بعد مفعول بہ کو اسکا قائم مقام بنا دیا جاتا ہے اور یہ نائب الفاعل کہلاتا ہے، جملہ نمبر ا "زَرَعَ الفَلاَّحُ الْحَقْلَ " میں فاعل "الْفَلاّحُ" کو حذف کر کے مفعول بہ "الحَقْلَ" کو اسکا نائب بنا دیا گیا ہے۔

۴۔ نائب الفاعل ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے، یہ ہر اعتبار سے فاعل کے احکام کا تابع ہوتا ہے، چنانچہ فعل کی تذکیر وتانیث اور جمع وتثنیہ کے لئے نائب الفاعل کا لحاظ رکھا جاتا ہے جیسے مجموعہ (ب) جملہ ۲، ۳۔

۵۔ فعل اگر متعدي إلى المفعولين ہو (یعنی دو مفعولوں کو منصوب کرتا ہو) تو مفعول بہ اول نائب الفاعل بن کر آئے گا اور مفعول بہ ثانی مفعول ہونے کی رو سے منصوب ہی رہے گا، جیسے مجموعہ (ب) جملہ ۵۔

۶۔ جو افعال حروف جارّہ سے متعدی بنتے ہیں، انکا صیغہ نہیں بدلتا اور جار ومجرور کا مجموعہ نائب الفاعل کہلاتا ہے، جیسے مجموعہ (ب) جملہ ۶ میں "عَنْ هٰذِهِ الْكُتُبِ" کے اعراب "جار ومجرور في محلّ رفعِ نائب الفاعل " سے تعبیر کئے جائیں گے۔

بناء الفعل المهموز للمجهول:

ماضی مہموز ثلاثی بالکل فعل صحیح کی طرح مجہول بنتا ہے: أَخَذَ سے أُخِذَ، أَمَرَ سے أُمِرَ بنے گا، اسی طرح سَأَلَ سے سُئِلَ اور قَرَأَ سے قُرِئَ بنے گا۔ يَأْخُذُ سے يُؤْخَذُ، يَأْمُرُ سے يُؤْمَرُ بنے گا، يَسْأَلُ سے يُسْأَلُ بنے گا۔

بناء الفعل المثال للمجهول:

مثال کا ماضی فعل صحیح کے ماضی کی طرح مبني للمجهول بنتا ہے، وَجَدَ سے وُجِدَ، وَضَعَ سے وُضِعَ اور وَهَبَ سے وُهِبَ بنے گا۔ مثال واوی کے مضارع میں حرف المضارعة کو جب ضمّہ دیا جاتا ہے تو اسکا واو لوٹ آتا ہے: يَجِدُ سے يُوْجَدُ، يَضَعُ سے يُوْضَعُ اور يَهَبُ سے يُوْهَبُ بنتا ہے۔ اگر مثال یائی ہو تو اسکی یاء ضمّہ کے بعد واو میں بدل جاتی ہے: يَيْئَسُ سے يُوئَسُ اور يَيْقَنُ سے يُوْقَنُ بنتا ہے۔

بناء الفعل الأجوف للمجهول:

فعل اجوف کے ماضی کو مبني للمجهول بنانے کے لئے اسکے حرف فاء کو خلافِ قیاس کسرہ دے دیا جاتا ہے اور اسکا الف کسرہ کے بعد واقع ہونے کی وجہ سے یاء میں تبدیل ہو جاتا ہے، لہذا قَالَ سے قِيْلَ، زَارَ سے زِيْرَ اور لاَمَ سے لِيْمَ کے صیغے بنتے ہیں۔ اسی طرح بَاعَ سے بِيْعَ، سَارَ سے سِيْرَ اور خَاطَ سے خِيْطَ بنتا ہے۔

بناء الفعل الناقص للمجهول:

جب فعل ناقص واوی کے حرف فاء کوضمّہ اورحرف عین کو کسرہ دیا جاتا ہے تو اسکا واو کسرہ کے بعد واقع ہونے کے سبب یاء میں بدل جاتا ہے، لہذا دَعَا سے دُعِيَ اور مَحَا سے مُحِيَ بن جاتا ہے۔ناقص یائی اگر معتل الآخر بالألف ہو: بَنَى، هَدَى، نَهَى تو اسکی یاء لوٹ آتی ہے: بُنِيَ، هُدِيَ، نُهِيَ، اگر معتل الآخر بالياء ہوتو حرفِ اوّل کوضمّہ اورحرفِ ثانی کو کسرہ دیا جائے گا اور اس کے علاوہ کوئی تبدیلی نہیں آئے گی: نَسِيَ سے نُسِيَ اور خَشِيَ سے خُشِيَ بنے گا۔ جب مضارع ناقص واوی کے حرف المضارعة کوضمّہ اور ما قبل الآخر کو فتحہ دے دیا جاتا ہے تو اسکا واو فتحہ کے بعد واقع ہونے کے سبب الف میں تبدیل ہو جاتا ہے، لیکن یہ الف یاء ہی کی صورت میں لکھا جاتا ہے: يَدْعُو: يُدْعَى، يَعْفُو: يُعْفَى، يَمْحُو: يُمْحَى ۔اسی طرح مضارع ناقص یائی کے تمام صیغوں میں یاء الف میں تبدیل ہو جاتی ہے: يَبْنِي: يُبْنَى، يَهْدِي: يُهْدَى، يَنْهَى: يُنْهَى، يَنْسَى: يُنْسَى، گویا کہ مضارع ناقص واوی اور یائی کے تمام مبني للمجهول صیغے معتل الآخر بالألف ہوتے ہیں۔

قاعدہ نمبر ۳۹:

۱۔فعل ماضی ثلاثی فُعِلَ کے وزن پر مجہول بنتا ہے اور اس کا مضارع يُفْعَلُ کے وزن پر مجہول بنتا ہے۔

۲۔ جب فعل کو مجہول بنایا جاتا ہے تو اس کے فاعل کو حذف کر دیا جاتا ہے اور مفعول بہ کو فاعل کا قائم مقام بنا دیا جاتا ہے اور اب یہ نائب الفاعل کہلاتا ہے۔ نائب الفاعل مرفوع ہوتا ہے اور ہر اعتبار سے فاعل کے احکام کا تابع ہوتا ہے۔ اگر فعل متعدی إلى مفعولين ہو تو پہلا مفعول بہ نائب الفاعل بنتا ہے جب کہ دوسرا مفعول بہ اپنے حال پر باقی رہتا ہے۔ جو افعال حروف جارہ کے ساتھ متعدی ہوتے ہیں، مجہول بننے کی صورت میں ان سے متعلق جار ومجرور کا مجموعہ (شبه الجملة) نائب الفاعل بنتا ہے اور رفع کے محل میں واقع ہوتا ہے۔

التمرين ـ ١

مندرجہ ذیل جملوں میں تمام افعال ماضیہ کو مبني للمجهول بنائیے اور لازمی تبدیلیاں کیجئے:

١ـ نموذج: قَطَفَتِ الْبِنْتُ الزَّهْرَةَ. قُطِفَتِ الزَّهْرَةُ.

٢ـ هَدَاكَ اللّٰهُ إِلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيمِ. هُدِيْتَ إِلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيمِ.

٣ـ أَكَلَ الْفَأْرُ الْجُبْنَ.

٤ـ بَدَأْنَا كُلَّ عَمَلٍ بِاسْمِ اللّٰهِ تَعَالَى.

٥ـ كَسَرَتِ الْهِرَّةُ الْإِنَاءَ.

٦ـ خَطَبَ الْوَاعِظُ السَّامِعِينَ وَنَصَحَهُمْ.

٧ـ زَارَ السَّيَّاحُ الْأَهْرَامَ.

٨ـ نَصَرَ اللّٰهُ تَعَالَى رَسُولَهُ ﷺ بِالرُّعْبِ.

٩ـ خَمَشَ الْقِطُّ أَخَاكَ.

١٠ـ سَأَلَ زَيْدٌ الْخَادِمَ: "أَيْنَ تَضَعُ الْأَقْلَامَ"؟

١١ـ سَرَّنِي رُؤْيَتُكَ الْيَوْمَ.

١٢ـ مَهَّدَ اللّٰهُ تَعَالَى الْأَرْضَ وَأَرْسَى الْجِبَالَ.

١٣ـ كَتَبْنَا التَّمْرِينَاتِ وَحَلَّلْنَاهَا.

١٤ـ دَعَتْنِي صَدِيقَاتِي إِلَى الْمَأْدُبَةِ وَأَكْرَمْنَنِي.

١٥ـ بِكَمْ بِعْتَ سَيَّارَتَكَ يَا خَالِدُ؟

١٦ـ قَدْ يَئِسَ الْأَطِبَّاءُ مِنْ شِفَاءِ هٰذَا الْمَرِيضِ.

١٧ـ دَعَتِ الْأُمُّ ابْنَتَهَا وَنَصَحَتْهَا.

١٨ـ تَلَا الْوَاعِظُ آيَاتٍ قُرْآنِيَّةً وَشَرَحَهَا لِلسَّامِعِينَ.

١٩ـ ضَرَبْنَا اللُّصُوصَ وَجَرَحْنَاهُمْ.

٢٠ـ طَلَبَ الْمُدِيرُ الطُّلَّابَ الْمُشَاغِبِينَ وَوَبَّخَهُمْ.

٢١ـ أَمِنَ الْكَافِرُ عَذَابَ اللّٰهِ فَعَصَاهُ.

٢٢ـ كَوَتِ الْخَادِمَةُ الْمَلَابِسَ وَوَضَعَتْهَا فِي الْخِزَانَةِ.

٢٣ـ سَمِعْنَا الْمُحَاضَرَةَ وَفَهِمْنَاهَا.

٢٤ـ أَخَذَ رِجَالُ الشُّرْطَةِ الْمُجْرِمِينَ وَسَاقُوهُمْ إِلَى السِّجْنِ.

٢٥ـ مَحَوتُ الْجُمَلَ وَكَتَبْتُهَا مِنْ جَدِيدٍ.

٢٦ـ صَبَّتِ الْخَادِمَةُ الْقَهْوَةَ فِي الْفَنَاجِينِ وَقَدَّمَتْهَا لِلضُّيُوفِ.

٢٧ـ سَأَلَنِي الْأَصْدِقَاءُ عَنْ مَوْعِدِ سَفَرِي.

٢٨ـ عَبَدَ الْمُسْلِمُونَ اللّٰهَ تَعَالَى وَشَكَرُوهُ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ.

٢٩ـ دَعَانَا وَزِيرُ التَّعْلِيمِ والتَّرْبِيَةِ الْبَاكِسْتَانِيُّ لِحُضُورِ مُؤْتَمَرٍ فِي بَاكِسْتَانَ.

٣٠ـ أَمَرَ اللّٰهُ تَعَالَى الْمُسْلِمِينَ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَنَهَاهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ.

التمرين ـ ٢

مندرجہ ذیل جملوں میں تمام افعال معروفہ کو مبني للمجهول بنائیے:

١ـ نموذج: يَأْمُرُكُمُ اللّٰهُ تَعَالَى بِالْعَدْلِ وَالإِحْسَانِ و يَنْهَاكُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ.

تُؤْمَرُونَ بِالْعَدْلِ وَالإِحْسَانِ وَ تُنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ.

٢ـ نَصِلُ الأَرْحَامَ.

٣ـ يَسْقِي الْحُوذِي الْحِصَانَيْنِ وَ يَرْعَاهُمَا.

٤ـ يَشْفِيكَ اللّٰهُ عَاجِلاً.

٥ـ أَتَأْخُذُكُمْ سَيَّارَةُ الْمَدْرَسَةِ مِنْ بَيْتِكُمْ؟

٦ـ نَقْرِي الضُّيُوفَ وَنَرْعَاهُمْ.

٧ـ تَبْنِي الْحُكُومَةُ الْمَسَاجِدَ فِي كُلِّ حَيٍّ.

٨ـ لَا يَخَافُونَ سِوَى اللّٰهِ تَعَالَى.

٩ـ تَدْعُونَا خَالَتُنَا إِلَى بَيْتِهَا كُلَّ يَوْمِ جُمُعَةٍ.

١٠ـ نَهَبُ أَمْوَالَنَا لِخِدْمَةِ الدِّينِ.

١١ـ تَحْكِي الأُمُّ الْقَصَصَ الَّتِي تَسُرُّ الأَطْفَالَ.

١٢ـ أَيُحِبُّونَ أَنْ يَحْمَدَهُمُ النَّاسُ.

١٣ـ سَأَلْتُ الْفَاكِهَانِيَّ: "أَتَكِيلُ التَّمرَ أَمْ تَزِنُهُ؟"

١٤ـ نَتْلُو الآيَاتِ الْقُرْآنِيَّةَ وَنُفَسِّرُهَا.

١٥ـ أَيَأْذَنُ لَكُمْ أَبُوكُمْ بِالْخُرُوجِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ؟

١٦ـ صَرَخَ الأَطْفَالُ فِي ظَلَامِ اللَّيْلِ.

١٧ـ تَنْشُرُ هٰذِهِ الْمَدْرَسَةُ مَجَلَّةً دِينِيَّةً فِي كُلِّ شَهْرٍ.

١٨ـ أَلَا يَدْعُوكَ صَدِيقُكَ إِلَى الْحَفْلَةِ.

١٩ـ يَفْهَمُ الطُّلَّابُ الدُّرُوسَ وَيَكْتُبُونَهَا فِي الْكُرَّاسَاتِ.

٢٠ـ سَوْفَ يَهْدِيكُمُ اللّٰهُ تَعَالَى لِلْحَقِّ.

٢١ـ هُمْ يَشْرَبُونَ الْقَهْوَةَ بَارِدَةً وَلَا يَضَعُونَ فِيهَا السُّكَّرَ.

٢٢ـ لِمَ لَمْ تَصُبِّي الْقَهْوَةَ فِي الْفَنَاجِينِ؟

٢٣ـ يُوَبِّخُ الْمُدِيرُ الطُّلَّابَ الْمُتَأَخِّرِينَ وَيَمْنَعُهُمْ مِنَ الدُّخُولِ.

٢٤ـ نَعُودُ الْمَرْضَى وَنَسْأَلُهُم عَنْ حَالِهِم.

٢٥ـ يَقُولُ وَالِدِي: إِنَّ هٰذِهِ الأَرْضَ سَيَبِيعُهَا صَاحِبُهَا بِالْمَزَادِ.

٢٦ـ نُغْلِي الْمَاءَ وَنَضَعُ فِيهِ أَوْرَاقَ الشَّايِ.

٢٧ـ سَأَلْنَا صَاحِبَ الدُّكَّانِ: أَتَبِيعُ الصُّحُفَ وَالْمَجَلَّاتِ هُنَا؟

٢٨ـ لَمْ يَبْعَثِ اللّٰهُ الرُّسُلَ إِلَّا لِهِدَايَةِ الْبَشَرِ.

٢٩ـ سَأَلْتُ الرِّجَالَ: أَيَظْلِمُكُمُ الْحَاكِمُ وَيَأْخُذُ أَمْوَالَكُم بِغَيرِ حَقٍّ؟

٣٠ـ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَنْفِرُ مِنَ الْبَيتِ الَّذِي يَقْرَأُ فِيهِ الْمُسْلِمُ سُورَةَ الْبَقَرَةِ.

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل جملے ایسے افعال پر مشتمل ہیں جو حروف جارہ سے متعدی بنتے ہیں، ان افعال کو مبني للمجهول بنایئے اس طرح کہ جار ومجرور کا مجموعہ نائب الفاعل بنے:

١ ـ نموذج: فَرِحْتُ بِنَجَاحِ أَخِي. فُرِحَ بِنَجَاحِ أَخِي.

٢ ـ ذَهَبْنَا إِلَى مَنْزِلِكَ.

٣ ـ أَبْحَثُ عَنْ هٰذِهِ الْكُتُبِ مُنْذُ شَهْرٍ.

٤ ـ نِمْنَا فِي سَاعَةٍ مُتَأَخِّرَةٍ.

٥ ـ أَ تَطْمَعُونَ فِي مَتَاعِ الدُّنْيَا الْحَقِيرِ؟

٦ ـ نَنْظُرُ فِي هٰذَا الْأَمْرِ جِدِّيًا.

٧ ـ تَابَ الْمُذْنِبُ إِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوحًا.

٨ ـ سِرْنَا عَلَى شَاطِئِ النَّهْرِ.

٩ ـ رَغِبَ الطُّلَّابُ فِي تَعَلُّمِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ.

١٠ ـ شَكَكْنَا فِي كَلَامِ الرَّجُلِ.

١١ ـ نَظَرَ الْفَلَّاحُ إِلَى السَّمَاءِ وَدَعَا لِلْمَطَرِ.

١٢ ـ نَعَيْنَا الْمَيِّتَ وَبَكَيْنَا عَلَيْهِ.

١٣ ـ أَ سَمِحَ لَكُمْ أَبُوكُمْ بِزِيَارَةِ الْمَتْحَفِ؟

١٤ ـ فَرَّ اللُّصُوصُ مِنَ السِّجْنِ.

١٥ ـ يَخَافُ النَّاسُ الْحُكَّامَ وَيَخْضَعُونَ لَهُمْ.

١٦ ـ لَا يَقْضِي الْقَاضِي إِلَّا بِالْعَدْلِ.

١٧ ـ يَعْبُدُ الْمُشْرِكُونَ الْأَصْنَامَ وَيَسْجُدُونَ لَهَا.

١٨ ـ رَحَّبَ زَيْدٌ بِضُيُوفِهِ وَأَكْرَمَهُمْ.

١٩ ـ قَدْ عَمَدَتِ الْحُكُومَةُ إِلَى الْعِنَايَةِ بِشَأْنِ الْفَلَّاحِينَ.

٢٠ ـ صَرَخَ الْأَطْفَالُ فِي ظَلَامِ اللَّيْلِ.

٢١ ـ هُنَّ يَطْعَنَّ فِي سِيْرَةِ النَّاسِ وَيَنَلْنَ مِنْ أَعْرَاضِ النَّاسِ.

٢٢ ـ أَجْلِسُ فِي الْحَدِيقَةِ كُلَّ مَسَاءٍ.

٢٣ ـ الْأَسَاتِذَةُ يَحْرِصُونَ عَلَى تَرْبِيَةِ الطُّلَّابِ حِرْصًا شَدِيدًا.

٢٤ ـ أَ تَرْغَبُونَ عَنْ سُنَّةِ الرَّسُولِ ﷺ؟

٢٥ ـ هَجَمَ الْمُسْلِمُونَ عَلَى الْكُفَّارِ وَأَسَرُوا مِنْهُمْ عَدَدًا كَبِيرًا.

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل افعال دو مفعولوں کو منصوب کرتے ہیں، ان سب کو مبني للمجهول بنایئے اس طرح کہ مفعول به الأول نائب الفاعل بن جائے اور مفعول به الثاني مفعولیت پر برقرار رہے:

١ ـ نموذج: أَعْطَيْتُ الْفَقِيرَ مِائَةَ رُوبِيَّةٍ. أُعْطِيَ الْفَقِيرُ مِائَةَ رُوبِيَّةٍ.

٢ـ أ تَزْعُمُونَنَا أغْبِيَاءَ.

٣ـ أ وَهَبْتَ زَيْدًا هٰذِهِ الْكُتُبَ.

٤ـ عَلِمْتُ الْخَدَمَ أُمَنَاءَ.

٥ـ تَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُودٌ.

٦ـ كَسَوتُ الْفَقِيرَ ثَوْبًا.

٧ـ أ تَجِدِينَ هٰذِهِ الْكُتُبَ نَافِعَةً.

٨ـ أ تَرَيْنَ عَائِشَةَ عَاقِلَةً؟

٩ـ أَسْمَعْتُ زَيْدًا جُزْءً مِّنَ الْقُرْآنِ.

١٠ـ أ تَظُنُّ الْقِطَارَ مُتَأَخِّرًا؟

١١ـ أ تُدَرِّسُونَ الطُّلَّابَ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ.

١٢ـ أ سَمَّيْتِ ابْنَتَكِ مَرْيَمَ؟

١٣ـ يُعْطِينَا أَبُونَا مَصْرُوفَ الْجَيْبِ كُلَّ شَهْرٍ.

١٤ـ جَعَلَ اللّٰهُ تَعَالَى الإنْسَانَ خَلِيفَةً فِي الْأَرْضِ.

التمرين ـ ٥

مندرجہ ذیل اسماء اور ضمائر کو جملوں میں اسطرح استعمال کیجئے کہ وہ نائب الفاعل واقع ہوں:

الطَّعَامُ	الْكُتُبُ	تُ (الفاعل)	وَاوُ الْجَمَاعَةِ	نُونُ النِّسْوَةِ
الْمَدْرَسَةُ	الوَرْدَتَانِ	التَّلَامِيذُ	الْأَخَوَاتُ	الصُّحُونُ
الْمَائِدَةُ	أَبُو عَائِشَةَ	الَّذِي	اللَّتَانِ	الَّذِينَ

التمرين ـ ٦

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ کیا قواعد کو سمجھا گیا؟

۲۔ ممکن ہے کہ انسان شدت غم سے دیوانہ ہو جائے[1]۔

۳۔ اسکی بات نہیں سنی جاتی۔

۴۔ کیا تم نہیں جانتے کہ تمھیں لوگوں پر گواہ بنا دیا گیا؟

۵۔ کیا اتنی جلدی سویا جاتا ہے؟

۶۔ لگتا ہے کہ بچیوں کی تربیت پر کوئی توجہ نہیں دی گئی۔

۷۔ یہ زمین پچھلے سال بکی تھی۔

۸۔ ان مردوں کا شمار قوم کے گھٹیا لوگوں میں ہوتا ہے۔

۹۔ یہ قصہ نا قابل فراموش ہے۔

۱۰۔ زید اکثر گرمی کی شدت سے بے ہوش ہو جاتا ہے۔

۱۱۔ کپاس بہت کم دام پر بیچی گئی۔

۱۲۔ دشمن کی فوج نے شکست کھائی اور الٹے پاؤں لوٹی۔

(۱) مِنْ شِدَّةِ الْحُزْنِ

۱۳۔ کیا خادم بیوقوف سمجھا جاتا ہے؟
۱۴۔ روزانہ رات کے وقت دروازے بند کئے جاتے ہیں۔
۱۵۔ یہ پردہ کبھی نہیں اٹھایا جائے گا۔
۱۶۔ جب تک آپ میری پناہ میں ہیں آپ پر ظلم نہیں ہوگا۔
۱۷۔ مشرکوں کی کبھی بخشش نہیں ہوگی۔
۱۸۔ کیا ان بچوں کو عبادت کے مسائل سکھائے جا رہے ہیں؟
۱۹۔ کیا مغرب کے پیچھے دوڑا جاتا ہے؟
۲۰۔ کیا تمہارے ہاں لڑکیاں پیدا ہوتی ہیں اور تم غم کرتے ہو؟
۲۱۔ گوشت ابھی ہنڈیا میں نہیں ڈالا گیا۔
۲۲۔ کیا تمہارے گھروں میں قرآن پاک کی تلاوت ہوتی ہے؟
۲۳۔ اللہ تعالی کا صبح شام شکر ادا کیا جاتا ہے۔
۲۴۔ کہا جاتا ہے کہ مچھلی کھانے کے بعد دودھ نہیں پینا چاہئے۔
۲۵۔ انعامات کامیاب طلباء پر تقسیم کئے گئے۔
۲۶۔ بکری ذبح کی گئی اور اسے مہمانوں کے سامنے پیش کیا گیا۔
۲۷۔ اس لڑکے کا نام پرویز کیوں رکھا گیا ہے؟
۲۸۔ مہمانوں کو گھر کے صحن میں بٹھایا گیا اور ان کا اکرام کیا گیا۔
۲۹۔ کیا حکمرانوں سے اس حد تک ڈرا جاتا ہے؟
۳۰۔ ہمارے ملک میں بزرگوں کی قبروں کی زیارت نہیں کی جاتی۔
۳۱۔ آجکل چوری سے بے خوف نہیں ہوا جا سکتا۔
۳۲۔ قرآن پڑھا جاتا ہے لیکن اس کے احکامات پر عمل نہیں کیا جاتا۔
۳۳۔ ان لڑکیوں کو بازار جانے کی اجازت نہیں ہے۔
۳۴۔ جب مجھے اپنے دوست کی موت کی خبر پہنچی تو میں سکتے میں آ گیا۔
۳۵۔ مجرم کو کوڑا لگایا گیا پس وہ بے ہوش ہو گیا۔
۳۶۔ اے عائشہ! کیا آپ کو آپ کے والد کی میراث میں سے کچھ دیا گیا؟
۳۷۔ گوشت کو اچھی طرح سے بھونا جاتا ہے پھر دیگچی کو ڈھک دیا جاتا ہے۔
۳۸۔ تم سے بہت سے مسائل کے بارے میں پوچھا جاتا ہے اور تم جواب نہیں دیتے۔
۳۹۔ قیامت کے دن کفار کو سجدے کے لیے بلایا جائے گا اور وہ سجدہ نہیں کر سکیں گے۔
۴۰۔ پلیٹوں کو دھویا جاتا ہے اور ترتیب کے ساتھ باورچی خانے کے شیلف پر لگایا جاتا ہے۔

التمرين ـ ۷

مندرجہ ذیل مبني للمجهول افعال کی تعیین کیجئے اور ان کے نائب الفاعل بتائیے۔

١ ـ قُتِلَ الْخَرَّاصُونَ.
٢ ـ إِذْ عُرِضَ عَلَيهِ بِالْعَشِيِّ الصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ.
٣ ـ ثُمَّ نُكِسُوا عَلَى رُؤُوسِهِمْ.
٤ ـ قَالُوا سَمِعْنَا فَتىً يَذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهُ إِبْرَاهِيمُ.
٥ ـ وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ.
٦ ـ وَإِذَا صُرِفَتْ أَبْصَارُهُم تِلْقَاءَ أَصْحَابِ النَّارِ.

٧ـ وَأُمِرنا لِنُسْلِمَ لِربِّ الْعَالَمِينَ.
٨ـ فَبَدَّلَ الَّذِينَ ظَلَمُوا قَوْلاً غَيْرَ الَّذِي قِيلَ لَهُمْ.
٩ـ وَلَوْ أَنْزَلْنَا مَلَكاً لَّقُضِيَ الْأَمْرُ.
١٠ـ وَلَئِنْ رُّجِعْتُ إِلَى رَبِّي إِنَّ لِي عِنْدَهُ لَلْحُسْنٰى.
١١ـ وَأَمَّا الَّذِينَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ.
١٢ـ وَأُوحِيَ إِلَيَّ هٰذَا الْقُرْآنُ لِأُنْذِرَكُمْ بِهِ وَمَنْ بَلَغَ.
١٣ـ حَتّٰى إِذَا جَاؤُوهَا فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا.
١٤ـ قَالُوا هٰذَا الَّذِي رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَأُتُوا بِهِ مُتَشَابِهًا.
١٥ـ وَلَمَّا جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْئَ بِهِمْ.
١٦ـ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا فَطُبِعَ عَلَى قُلُوبِهِمْ.
١٧ـ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَآبَاؤُنَامِنْ قَبْلُ.
١٨ـ حَتّٰى إِذَا اسْتَيْأَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوا.
١٩ـ يَا أَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوا لَهُ.
٢٠ـ فَلَمَّا رَجَعُوا إِلَى أَبِيهِمْ قَالُوا يَا أَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ.
٢١ـ أَمْ خُلِقُوا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ.
٢٢ـ وَلَمَّا فَتَحُوا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ إِلَيْهِمْ.
٢٣ـ قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ.
٢٤ـ وَحِيلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُونَ كَمَا فُعِلَ بِأَشْيَاعِهِمْ.
٢٥ـ وَسِيقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُم إِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا.
٢٦ـ وَلَوْ تَرٰى إِذْ فَزِعُوا فَلَا فَوْتَ وَأُخِذُوا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيبٍ.
٢٧ـ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُونَ بِسِيْمَاهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِي وَالْأَقْدَامِ.
٢٨ـ أَمْ تُرِيدُونَ أَنْ تَسْئَلُوا رَسُولَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوسٰى مِنْ قَبْلُ.
٢٩ـ إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ كُبِتُوا كَمَا كُبِتَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ.
٣٠ـ أَفَلَا يَنْظُرُونَ إِلَى الإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ وَإِلَى السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ وَإِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ وَإِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ.

معاني الكلمات

الأفعال		الأسماء	
اردو	عربي	اردو	عربي
نا قابل فراموش	لَا يُنْسَى ، تُنْسَى	کم دام	سِعْرٌ رَخِيصٌ
وہ دیوانہ ہوا	جُنَّ ، يُجَنُّ	میرا سایہ، پناہ	كَنَفِي
اس نے کوڑا لگایا	جَلَدَ ـِ	گھٹیا	أَرَاذِلُ، خَسِيسٌ ج أَخِسَّاءُ
وہ بیہوش ہو گیا	أُغْمِيَ عَلَيْهِ	اس نے تقسیم کیا	قَسَّمَ ، يُقَسِّمُ

الدرس الرابع عشر

الثلاثي المزيد بحرفٍ واحدٍ

١ ـ باب الإفعال

الأمثلة:

أقسام الفعل	الماضي	المضارع المرفوع	المنصوب	المجزوم	المصدر
الفعل الصحيح	أَفْعَلَ	يُفْعِلُ	لَنْ يُفْعِلَ	لم يُفْعِلْ	إفْعالًا
السالم (قَبِلَ)	أَقْبَلَ	يُقْبِلُ	لن يُقْبِلَ	لم يُقْبِلْ	إقْبالًا
مهموز الفاء (أَثَرَ)	آثَرَ	يُؤْثِرُ	لن يُؤْثِرَ	لم يُؤْثِرْ	إيْثارًا
مهموز العين (سَأَمَ)	أَسْأَمَ	يُسْئِمُ	لن يُسْئِمَ	لم يُسْئِمْ	إسْآمًا
مهموز اللام (قَرَأَ)	أَقْرَأَ	يُقْرِئُ	لن يُقْرِئَ	لم يُقْرِئْ	إقْرَاءً
المضعف (قَرَّ)	أَقَرَّ	يُقِرُّ	لن يُقِرَّ	لم يُقِرَّ	إقرارًا
المثال الواوي (وَعَدَ)	أَوْعَدَ	يُوْعِدُ	لن يُوْعِدَ	لم يُوْعِدْ	إيْعَادًا
المثال اليائي (يَقِنَ)	أَيْقَنَ	يُوْقِنُ	لن يُوْقِنَ	لم يُوْقِنْ	إيْقانًا
الأجوف الواوي(قَامَ)	أَقَامَ	يُقِيْمُ	لن يُقِيْمَ	لم يُقِمْ	إقامةً
الأجوف اليائي (فَاضَ)	أَفَاضَ	يُفِيْضُ	لن يُفِيْضَ	لم يُفِضْ	إفاضةً

الناقص الواوي (عَلَا)	أَعْلَى	يُعْلِي	لن يُعْلِيَ	لم يُعْلِ	إِعْلَاءً
الناقص اليائي (رَضِيَ)	أَرْضَى	يُرْضِي	لن يُرْضِيَ	لم يُرْضِ	إِرْضَاءً

شرح وتفصیل:

۱۔ فعل ثلاثی کے شروع میں ہمزہ زائدہ لگا دینے سے باب الإفعال کے ماضی کا صیغہ بن جاتا ہے، ماضی کا حرف فاء ساکن ہوتا ہے اور عین اور لام ہمیشہ مفتوح ہوتے ہیں: قَبِلَ: أَقْبَلَ، قَدِمَ: أَقْدَمَ، طَعِمَ: أَطْعَمَ۔ ثلاثی مجرّد کے برخلاف باب الإفعال اور بقیہ مزید افعال کے تمام تر صیغے قیاس پر مبنی ہوتے ہیں۔

۲۔ الفعل المزید بحرفٍ واحدٍ کے تمام ابواب میں مضارع کا حرف المضارعة مضموم ہوتا ہے اور حرف عین مکسور ہوتا ہے۔

۳۔ مصدر إِفْعَالٌ کے وزن پر ہوتا ہے۔ تمام مزید ابواب مصدر کے نام سے موسوم ہوتے ہیں۔

المهموز من باب الإفعال:

۱۔ مہموز الفاء کی ہمزہ اصلیہ ہمزہ زائدہ کے ساتھ مل کر مد کی شکل اختیار کر لیتی ہے، لہذا أَثَرَ سے آثَرَ، أَمِنَ سے آمَنَ، أَلِمَ سے آلَمَ بنے گا۔

۲۔ مضارع کی ہمزہ ضمّہ کے بعد واقع ہونے کے سبب واو پر لکھی جائے گی: يُؤْثِرُ، يُؤْمِنُ، يُؤْلِمُ۔

۳۔ مصدر کی ہمزہ اصلیہ کسرہ کے بعد واقع ہونے کے سبب یاء میں تبدیل ہو جائے گی: إِيثَارًا، إِيمَانًا، إِيلَامًا۔

المثال من باب الإفعال:

۱۔ مثال واوی کے مصدر میں واو ساکن کسرہ کے بعد واقع ہونے کے سبب یاء میں تبدیل ہو جائے گا: أَوْعَدَ کا مصدر إِيعاد اور أَوْجَدَ کا مصدر إِيْجاد بنتا ہے۔

۲۔ مثال یائی کے مضارع میں یاء جو کہ فعل کا حرف فاء ہے، ضمّہ کے بعد واقع ہونے کے سبب واو میں تبدیل ہو جائے گی:

أَيْقَظَ سے يُوْقِظُ بنے گا اور أَيْقَنَ سے يُوْقِنُ بنے گا۔

الأجوف من باب الإفعال:

۱۔ اجوف واوی کے مضارع میں واو یاء میں تبدیل ہو جائے گا: أَقَامَ سے يُقِيْمُ، أَعَادَ سے يُعِيْدُ اور أَجَابَ سے يُجِيْبُ کے صیغے نکلیں گے[1]۔

۲۔ اجوف واوی اور یائی کے مصدر کے آخر میں تاء مربوطہ آتی ہے: أَقَامَ کا مصدر إِقَامَةً، أَدَارَ کا إِدَارَةً اور أَشَاعَ کا إِشَاعَةً بنے گا۔

الناقص من باب الإفعال:

۱۔ ناقص واوی ہو یا یائی، تمام مزید افعال میں اس کا حرف لام یاء ہی کی صورت میں لکھا جائے گا، تمام مزید ابواب میں ماضی تلفّظ کے اعتبار سے معتل الآخر بالألف ہوگا: أَرْضَى، ادَّعَى، تَخَلَّى۔

۲۔ باب الإفعال کا مضارع معتل الآخر بالياء ہوگا: أَدْنَى: يُدْنِي، أَعْلَى: يُعْلِي، أَنْسَى: يُنْسِي۔

۳۔ ناقص واوی اور یائی کے مصدر کے آخر میں واقع ہونے والا واو یا یاء الف زائدہ کے بعد ہمزہ میں تبدیل ہو جائے گا۔ أَعْلَى کا مصدر إِعْلَاوٌ سے إِعْلَاءٌ بن جائے گا اور أَرْضَى کا مصدر إِرْضَايٌ سے إِرْضَاءٌ بن جائے گا۔

بعض خصائص هذا الباب :

۱۔ باب الإفعال ثلاثی لازم کو متعدی بناتا ہے، جَلَسَ: وہ بیٹھا، أَجْلَسَ: اس نے بٹھایا، فَرِحَ: وہ خوش ہوا، أَفْرَحَ: اس نے خوش کیا۔ اگر ثلاثی متعدي إلى مفعول واحد ہو تو باب الإفعال میں آ کر متعدي إلى مفعو لَين بن جاتا ہے، سَمِعْتُ الْقُرْآنَ: میں نے قرآن سنا، وَأَسْمَعْتُ زَيْدًا الْقُرْآنَ: میں نے زید کو قرآن سنایا۔

۲۔ اگر کسی چیز میں معنی مصدری بتمام وکمال پایا جائے تو اس کے لئے اکثر باب الإفعال استعمال ہوتا ہے، أَخْصَبَتِ الأَرْضُ: صَارَتْ ذَاتَ خِصْبٍ، أَثْمَرَتِ الشَّجَرَةُ: صَارَتْ ذَاتَ ثَمَرٍ۔

۳۔ اگر کسی چیز سے مصدری معنی سلب ہو رہا ہو تو اسکے لئے بھی باب الإفعال آتا ہے أَعْذَرْتُ زَيْدًا: میں نے زید کا عذر قبول نہیں کیا۔

۴۔ باب الإفعال میں ظرفیت کے معنی بھی پائے جاتے ہیں، أَصْبَحَ زَيْدٌ: زید نے صبح کی۔

---

(۱) يُقِيْمُ اصل میں يُقْوِمُ تھا، واو کا کسرہ حرف صحیح ساکن قاف کو دے دیا گیا تو يُقِوْمُ بن گیا، واو ساکن کسرہ کے بعد واقع ہونے کے سبب یاء میں تبدیل ہو گیا۔

قاعدہ نمبر ۴۰:

۱۔فعل ثلاثی مجرد میں ایک، دو یا تین حروف کا اضافہ کرنے سے افعال مزیدہ وجود میں آتے ہیں۔ایک حرف کا اضافہ کرنے سے باب الإفعال، باب التفعیل اور باب المفاعلة بنتے ہیں۔جو فعل ثلاثی مجرد میں ایک حرف کے اضافے سے بنے اسے صرف کی اصطلاح میں الثلاثي المزید بحرفٍ واحد کہا جاتا ہے۔فعل ثلاثی میں دو حروف کے اضافے سے باب الافتعال، باب التفعّل، باب التفاعل، باب الانفعال اور باب الافعلال بنتے ہیں۔جو فعل ثلاثی میں دو حروف کے اضافے سے بنے وہ الثلاثي المزید بحرفَیْنِ کہلاتا ہے۔ اسی طرح جو فعل ثلاثی میں تین حروف کے اضافہ سے بنے وہ الثلاثي المزید بثلاثة أحرف کہلاتا ہے۔اس کے تحت عام طور پر باب الاستفعال ذکر کیا جاتا ہے۔

التمرين ـ ۱

مندرجہ ذیل افعال ثلاثیہ کو باب الإفعال میں لائیے پھر مزید افعال کے بالکل اسی طرح جداول تیار کیجئے جس طرح سبق کے شروع میں جدول دیا ہوا ہے:

نَطَقَ ضَحِكَ أَنِسَ بَرِئَ نَشَأَ خَفِيَ ساءَ تَمَّ ضَرَّ ذَلَّ وَدَعَ أَتَى

وَصَلَ وَقَفَ ماتَ عانَ جادَ خَلا لَها بَقِيَ نَهى لَقِيَ

التمرين ـ ۲

مندرجہ ذیل افعال ماضیہ سے افعال مضارعہ نکالئے پھر ان افعال مضارعہ کو مجزوم بنا کر جملوں میں استعمال کیجئے:

رَادَ طاعَ فادَ نَبَأَ سَاءَ حَاطَ رَأَى غَنِيَ لَقِيَ أَمِنَ طَعِمَ

قَبِلَ تَمَّ بَلَّ فَزِعَ فَسَدَ أَلِمَ وَضَحَ مَلَأَ حَسُنَ عَلا

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل جملوں میں مصادر صریحہ کے بجائے مصادر مؤولہ استعمال کیجئے:

نموذج: ١ـ يَجِبُ أنْ تُرْضُوا آباءَكُمْ. يَجِبُ عَلَيْكُمْ إرْضاءُ آبائِكُم.

٢ـ أُحِبُّ أنْ يُتقِنَ الصَّانِعُ عَمَلَهُ. أُحِبُّ إتقانَ الصَّانِعِ عَمَلَهُ.

٣ـ لَا يَجُوزُ أَنْ تُهمِلُوا الْوَاجِبَ.

٤ـ أ تَسْتَطِيعُونَ أن تُعِينُوا هٰؤُلاءِ الْمَساكِينَ؟

٥ـ سَنَسْتَرِيحُ بَعْدَ أنْ نُعِدَّ الطَّعامَ.

٦ـ يَحْزُنُنِي أنْ تُقْبِلَ عَلى مَتاعِ الدُّنْيا الزَّهِيْدِ.

٧ـ لَا يَنْبَغِي أنْ تُسِيئُوا إلَى الآخَرِينَ.

٨ـ يُرِيدُ الْكُفَّارُ أنْ يُطْفِئُوا نُورَ اللّٰهِ بِأفْواهِهِم.

٩ـ لَا يَنْبَغِي أنْ تُسْرِفُوا فِي النَّفَقاتِ.

١٠ـ يَسُرُّنِي أنْ تُؤثِرُوا إخْوَتَكُمْ عَلى أنْفُسِكُمْ.

١١ـ مِنَ الأفْضَلِ أنْ تُخْفُوا هٰذَا الأمْرَ.

١٢ـ انْصَرَفَ الأُسْتَاذُ الزَّائِرُ بَعْدَ أنْ ألْقى مُحاضَرَتَهُ.

١٣ـ مِنَ الْجائِزِ أنْ تُصْلِحُوا مَعِيشَتَكُمْ.

١٤ـ يَنْبَغِي أنْ تُقْرِؤُوا أطْفالَكُم الْقُرْآنَ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ.

١٥ـ يَجِبُ عَلَيْكُمْ أنْ تُعِينُوا الْمَلْهُوفَ.

١٦ـ هٰؤُلاءِ يَسْعَونَ لِيُشِيعُوا الْفَواحِشَ فِي الْمُجْتَمَعِ.

١٧ـ أ تَسْتَطِيعُ أنْ تُوضِحَ هٰذِهِ الْمَسْئَلَةَ؟

١٨ـ سَنُحَاوِلُ أنْ نُعِيدَ إلَيْكُمُ الْكُتُبَ فِي أقْرَبِ فُرْصَةٍ.

١٩ـ يَجِبُ عَلَيْكِ أنْ تُخْلِصِي عَمَلَكِ لِلّٰهِ.

٢٠ـ كَيْفَ سَوَّلَتْ لَكُمْ أنْفُسُكُمْ أنْ تُؤْذُوا مَنْ أحْسَنَ إلَيْكُمْ؟

٢١ـ لَا يُعْجِبُنِي أنْ تُودِعُوا أمْوالَكُمُ الْبُنُوكَ.

٢٢ـ أنْ تُؤْتُوا ذَوِي الْقُرْبَى خَيْرٌ لَّكُمْ مِنْ أنْ تُنْفِقُوا عَلى غَيْرِهِمْ.

٢٣ـ يُجَاهِدُ الْمُسلِمُونَ لِأنْ يُعْلُوا كَلِمَةَ اللّٰهِ.

٢٤ـ ألَا تُحِبِّينَ أنْ تُعْطِي هٰذِهِ الثِّيَابَ لِفُقَراءِ الْحَيِّ فيَرْضَى اللّٰهُ عَنْكِ؟

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

١ـ کیا کسی نے آپ کی مدد نہیں کی؟

٢ـ اس خوبصورت گاؤں کو ہر طرف سے پہاڑ گھیرے ہوئے ہیں۔

٣ـ کاش کہ تم اپنے جرم کا اقرار کرلو۔

٤ـ مجھے بہت افسوس ہے کہ آپ کوڑا کرکٹ سڑک پر پھینکتے ہیں۔

٥ـ کیا آپ مجھے گھر تک پہنچا سکتے ہیں۔

٦ـ یہ وہ جہنم ہے جس سے اللہ نے تمہیں ڈرایا تھا۔

۷۔ابھی تک ہم نے اپنا کام مکمل نہیں کیا ہے۔

۸۔کیا تم ڈرتے نہیں کہ اللہ تعالی تمہارے دلوں کو اندھا کردے؟

۹۔تم سب کو چاہیے کہ دوست کا راز چھپاؤ۔

۱۰۔اگر اللہ تعالی اور رسول کریم ﷺ کی اطاعت کروگے تو فلاح پاؤ گے۔

۱۱۔بہت زیادہ دولت انسان کو سرکش بنا دیتی ہے۔

۱۲۔ہم نے لڑکیوں کے لیے ایک مدرسہ قائم کرنے کی نیت کر رکھی ہے۔

۱۳۔استاد نے شاگرد سے کہا: جب تک میں پوچھوں نہیں جواب مت دینا۔

۱۴۔کیا وہ بدبخت موت کے بعد دوبارہ اٹھائے جانے پر یقین نہیں کرتے؟

۱۵۔ہم اللہ تعالی کا شکر کرتے ہیں کہ انھوں نے ہمیں دین سیکھنے کا موقع دیا۔

۱۶۔کیا آپ پر واجب نہیں کہ آپ زمین میں اللہ تعالی کے احکام نافذ کریں۔

۱۷۔بے شک اللہ تعالی نے تمام پاکیزہ چیزیں انسان کے لیے مباح کر رکھی ہیں۔

۱۸۔میں نے نہ آپ کو اذیت پہنچائی ہے اور نہ ہی آپ کے ساتھ برا معاملہ کیا ہے۔

۱۹۔میں چاہتا ہوں کہ ضرورت کے وقت کے لیے تھوڑا سا مال اپنے لیے باقی رکھوں۔

۲۰۔کیا آپ لوگوں کو راضی کرنے کے لیے کوشاں ہیں؟ بیشک اللہ تعالی زیادہ حقدار ہیں کہ انھیں راضی کیا جائے۔

فعل الأمر من باب الإفعال

الأمثلة:

الفعل الصحيح	أَفْعِلْ	المثال الواوي	أَوْعِدْ
السالم	أَقْبِلْ	المثال اليائي	أَيْقِنْ
مهموز الفاء	آثِرْ	الأجوف الواوي	أَقِمْ
مهموز العين	أَسْئِمْ	الأجوف اليائي	أَفِضْ
مهموز اللام	أَقْرِئْ	الناقص الواوي	أَعْلِ
المضعف	أَقِرَّ	الناقص اليائي	أَرْضِ

شرح وتفصیل:

۱۔ باب الإفعال کے امر کا صیغہ أَفْعِلْ کے وزن پر بنتا ہے، ہمزہ زائدہ مفتوحہ ہے، فاء ساکن ہے اور حرف عین مکسور ہے۔

۲۔ اجوف کے امر کے مفرد مذکر اور جمع مؤنث کے صیغے میں حرف عین حذف ہو جاتا ہے، أَقَامَ يُقِيْمُ سے أَقِمْ، أَقِمن أَطَاعَ يُطِيْعُ سے أَطِعْ أَطِعن اور أَشَاعَ يُشِيْعُ سے أَشِعْ أَشِعن کے صیغے نکلتے ہیں، البتہ جب امر کا اسناد ألف الاثنين ، واو الجماعة، یا ياء المخاطبة کی طرف ہوتا ہے تو یاء لوٹ آتی ہے، أَقِيْمُوا، أَطِيْعَا، أَشِيْعِي۔

۳۔ ناقص کے فعل الأمر میں حرف لام یعنی یاء حذف ہو جاتی ہے، جیسے أَغْلَى يُغْلِي سے أَغْلِ اور أَغْنَى يُغْنِي سے أَغْنِ کے صیغے نکلتے ہیں، ألف الاثنين کی طرف اسناد کرتے وقت یہ یاء لوٹ آتی ہے، أَغْلِيَا، أَغْنِيَا اور واو الجماعة اور ياء المخاطبة کے صیغوں میں یہ یاء حذف ہو جاتی ہے، أَبْقُوا، أَخْفِي۔

التمرين ۔ ۱

مندرجہ ذیل افعال مضارعہ سے امر کے صیغے نکالئے:

يُنْفِقُ	يُنْسِي	يُلْقِي	يُعِيْنُ	يُوْدِعُ	يُحِبُّ	يُتِمُّ	يُنْشِئُ	يُؤْمِنُ	يُنْقِذُ
يُخْرِجُ	يُدْخِلُ	يُجِيْدُ	يُجِيْبُ	يُعِيْدُ	يُوْجِبُ	يُؤْتِي	يُغْلِي	يُمْسِكُ	يُبْرِئُ

التمرين ۔ ۲

مندرجہ ذیل افعال امر کو قوسین میں دیئے ہوئے صیغوں میں لاکر جملوں میں استعمال کیجئے:

أَوْضِحْ (جمع مذکر)	أَيْقِظْ (جمع مذکر)	أَعِزَّ (مفرد مذکر)	أَعِنْ (مثنی)
أَطِعْ (مفرد مؤنث)	أَنْهِ (مفرد مذکر)	أَنْشِئْ (جمع مذکر)	أَتِمَّ (مفرد مذکر)
أَعِدْ (مثنی)	آتِ (جمع مذکر)	آوِ (مفرد مذکر)	أَبِحْ (مفرد مذکر)

المجهول من باب الإفعال

الأمثلة:

أقسام الفعل	الماضي	المضارع المرفوع	المنصوب	المجزوم
الفعل الصحيح	أُفْعِلَ	يُفْعَلُ	لن يُفْعَلَ	لم يُفْعَلْ
السالم (أحْسَنَ، يُحْسِنُ)	أُحْسِنَ	يُحْسَنُ	لن يُحْسَنَ	لم يُحْسَنْ
مهموز الفاء (آمَنَ، يُؤْمِنُ)	أُوْمِنَ	يُؤْمَنُ	لن يُؤْمَنَ	لم يُؤْمَنْ
مهموز العين (أسْئَمَ، يُسْئِمُ)	أُسْئِمَ	يُسْئَمُ	لن يُسْئَمَ	لم يُسْئَمْ
مهموز اللام (أنْبَأَ، يُنْبِئُ)	أُنْبِئَ	يُنْبَأُ	لن يُنْبَأَ	لم يُنْبَأْ
المضعف (أحَبَّ، يُحِبُّ)	أُحِبَّ	يُحَبُّ	لن يُحَبَّ	لم يُحَبَّ
المثال الواوي (أوْضَحَ، يُوضِحُ)	أُوْضِحَ	يُوْضَحُ	لن يُوْضَحَ	لم يُوْضَحْ
المثال اليائي (أيْقَظَ، يُوْقِظُ)	أُوْقِظَ	يُوْقَظُ	لن يُوْقَظَ	لم يُوْقَظْ
الأجوف الواوي (أعان، يُعِيْنُ)	أُعِيْنَ	يُعَانُ	لن يُعَانَ	لم يُعَنْ
الأجوف اليائي (أشاع، يُشِيْعُ)	أُشِيْعَ	يُشَاعُ	لن يُشَاعَ	لم يُشَعْ
الناقص الواوي (ألهى، يُلْهِي)	أُلْهِيَ	يُلْهَى	لن يُلْهَى	لم يُلْهَ
الناقص اليائي (أبقى، يُبْقِي)	أُبْقِيَ	يُبْقَى	لن يُبْقَى	لم يُبْقَ

شرح وتفصیل:

ا۔ إفْعَال کے ماضی کوحسبِ قاعدہ مجہول بنایا جاتا ہے یعنی "بِضَمِّ أوَّلِهِ وَكَسْرِ مَا قَبْلَ الآخِر" ہمزہ زائدہ کوضمّہ اور حرف عین کوکسرہ دے دیا جاتا ہے۔

۲۔ مضارع کومجہول بنانے کے لئے حرف المضارعة کوضمّہ اور حرف عین کوفتحہ دے دیا جاتا ہے۔

۳۔ اجوف کے باب الإفعال میں الف یاء میں تبدیل ہو جاتا ہے، جیسے أعَانَ: أُعِيْنَ، أقَامَ: أقِيْمَ، أبَاحَ: أُبِيْحَ مضارع میں یاء الف میں تبدیل ہو جاتی ہے پس يُعِيْنُ سے يُعَانُ، يُقِيْمُ سے يُقَامُ اور يُبِيْحُ سے يُبَاحُ کے صیغے نکلتے ہیں۔

۴۔ ماضی ناقص کو جب مجہول بنایا جاتا ہے تو اسکا حرف لام مفتوح ہو جاتا ہے جیسے ألْهَى: ألْهِيَ، أبْقَى: أبْقِيَ، أغْنَى: أغْنِيَ۔

۵۔ مضارع ناقص میں جب حرف عین کو مفتوح کریں گے تو یاء فتحہ کے بعد الف میں تبدیل ہو جائے گی اگرچہ کتابۃً یاء ہی رہے گی، جیسے يُلْهِي: يُلْهَى، يُرْضِي: يُرْضَى، يُؤتِي: يُؤتَى۔

التمرين ۔ ۱

مندرجہ ذیل افعال کو مجہول بنا کر انکے بالکل اسی طرح جداول تیار کیجئے جس طرح سبق کے شروع میں جدول دیا ہوا ہے:

أطَاعَ أنْقَذَ ألْهَى أنْسَى آذَى آتَى أسَاءَ أوْقَفَ

أمَاتَ أرَادَ أنْشَأ أذَلَّ أخْرَجَ أغْوَى أدْخَلَ

التمرين ۔ ۲

مندرجہ ذیل معروف افعال کو مجہول بنائیے اور لازمی تبدیلیاں کیجئے:

نموذج: ۱ ۔ أقَامُوا الصَّلاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ. أُقِيمَتِ الصَّلاةُ وَأُوْتِيَتِ الزَّكَاةُ.

۲ ۔ أتَاحَ اللّٰهُ لَنَا فُرْصَةَ تَعَلُّمِ الدِّينِ. أُتِيحَتْ لَنَا فُرصَةُ تَعَلُّمِ الدِّينِ.

۳ ۔ أرَيْنَاكُمْ مَكْتَبَةَ مَدْرَسَتِنَا.

۴ ۔ أُنْفِقُ الْمَالَ كُلَّهُ وَلَا أُبْقِي مِنْهُ شَيْئًا.

۵ ۔ أغْنَانَا اللّٰهُ عَنْ مُسَاعَدَتِكُمْ.

۶ ۔ أتُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الآخِرَةِ.

۷ ۔ أصَابَتْنِي الْحُمَّى بِالأمْسِ.

۸ ۔ لَمْ يُجِبِ الطُّلَّابُ عَنْ هٰذَا السُّؤَالِ.

۹ ۔ أطَعْنَا اللّٰهَ تَعَالَى وَأذْعَنَّا لَهُ.

۱۰ ۔ لَا يُصْغِي الطُّلَّابُ إلَى نُصْحِ الْمُعَلِّمِ.

۱۱ ۔ أوْقَفَنَا الْحَارِسُ عِنْدَ الْبَابِ.

۱۲ ۔ يَنْبَغِي أنْ تُرْضُوا الأبَوَيْنِ وَتَخْدِمُوهُمَا.

۱۳ ۔ أأعَنْتُمُ الْفُقَرَاءَ وَأطْعَمْتُمُوهُمْ؟

۱۴ ۔ يَنْبَغِي أنْ تُجِيدُوا الْعَرَبِيَّةَ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ.

۱۵ ۔ هَلَّا تَقْنَعُونَ بِمَا آتَاكُمُ اللّٰهُ.

۱۶ ۔ أحَاطَ رِجَالُ الْبُولِيسِ بِعِصَابَةِ اللُّصُوصِ.

١٧ ـ أَنْسَانَا الشَّيْطَانُ ذِكْرَ رَبِّنَا. ١٨ ـ أَقَرَّ الْمُجْرِمُ بِالْجَرِيمَةِ وَبَكَى أَمَامَ الْقَاضِي.

١٩ ـ نَخْشَى أَنْ يُحْبِطَ اللّٰهُ أَعْمَالَنَا. ٢٠ ـ أَلْهَتْكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَأَهْلُوكُمْ عَنِ الْحَيَاةِ الآخِرَةِ.

٢١ ـ دَخَلَ الْجُنُودُ الْقَرْيَةَ وَأَفْسَدُوهَا. ٢٢ ـ أَحْضَرَ الطُّلَّابُ الْكُتُبَ وَأَعَادُوهَا إِلَى الْمَكْتَبَةِ.

٢٣ ـ لَا يَنْبَغِي أَنْ تُجِيرُوا هٰذَا الْخَائِنَ. ٢٤ ـ سَمِعْتُ أَنَّ أَخَاكُمْ قد أَصَابَتْهُ جُرُوحٌ فِي الْحَادِثَةِ.

٢٥ ـ يُؤْذِيكُمُ النَّاسُ وَيُسِيئُونَ إِلَيْكُمْ. ٢٦ ـ أَنْشَأَتِ الْحُكُومَةُ مَدَارِسَ فِي الْقُرٰى فَأَقْبَلَ أَهْلُهَا عَلَى التَّعْلِيمِ.

٢٧ ـ أَعْمَى اللّٰهُ قُلُوبَ الْكُفَّارِ وَأَضَلَّهُم. ٢٨ ـ أَدْخَلْنَا الضُّيُوفَ فِي غُرْفَةِ الْجُلُوسِ وَأَجْلَسْنَاهُمْ عَلَى الْأَرَائِكِ.

٢٩ ـ أَوْرَثَكُمْ أَبُوكُمْ مَتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا أَمَّا أَبُونَا فَأَوْرَثَنَا عِلْمًا وَحُكْمًا.

٣٠ ـ أَثَابَ اللّٰهُ تَعَالَى الْمُجَاهِدِينَ فِي سَبِيلِهِ بِجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ.

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل مجہول افعال ماضیہ منفیہ کے بجائے مضارع مجزوم بہ "لم" استعمال کیجئے:

١ ـ مَا أُوتِينَا شَيْئًا. ٢ ـ مَا أُلْغِيَ هٰذَا الْقَانُوْنُ بَعْدُ.

٣ ـ مَا أُسِيءَ إِلَيْكُمْ قَطُّ. ٤ ـ مَا أُبِيحَ لَكَ الْإِفْطَارُ فِي السَّفَرِ.

٥ ـ مَا أُطِعْتَ فِي عَشِيْرَتِكَ. ٦ ـ مَا أُوضِحَتِ الْقَوَاعِدُ كَمَا يَنبَغِي.

٧ ـ مَا أُحِلَّتْ لَكُمُ الْخَبَائِثُ. ٨ ـ مَا أُوجِبَ فِي الْأَمْوَالِ إِلَّا الزَّكٰوةُ.

٩ ـ مَا أُنْهِيَ الْعَمَلُ حَتَّى الآنِ. ١٠ ـ مَا أُودِعَتِ الدَّنَانِيرُ عِندَ هٰذَا التَّاجِرِ الخَائِنِ.

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں بـــــاب الإفـــعـــــال ماضی، مضارع اور امر کی شناخت کیجئے نیز معروف اور مجہول افعال میں تمیز کیجئے:

١ ـ أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ. ٢ ـ أُولٰئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمٰى أَبْصَارَهُمْ.

٣ ـ إِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ يُرَادُ. ٤ ـ قَالَ قَدْ أُجِيبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيمَا.

٥ـ وَمَنْ أَساءَ فَعَلَيْهَا.
٦ـ قَالُوا أَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِي أَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ.
٧ـ قَالَتْ مَنْ أَنبَأَكَ هٰذَا.
٨ـ يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخفِي الصُّدُورُ.
٩ـ إِنَّ مَا تُوعَدُونَ لَآتٍ.
١٠ـ وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مَسَاكِينَ.
١١ـ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ يُنِيبُ.
١٢ـ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ رَسُولَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ.
١٣ـ وَأَنَّهُ هُوَ أَمَاتَ وَأَحْيٰى.
١٤ـ بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَأَحَاطَتْ بِهِ خَطِيئَتُهُ.
١٥ـ وَأَنَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكٰى.
١٦ـ كَذٰلِكَ يُرِيهِمُ اللّٰهُ أَعْمَالَهُمْ حَسَرَاتٍ عَلَيْهِمْ.
١٧ـ وَهُوَ يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيهِ.
١٨ـ فَإِنْ آنَسْتُمْ مِنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوا إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ.
١٩ـ فَلَمَّا آسَفُونَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ.
٢٠ـ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ.
٢١ـ أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ.
٢٢ـ فَأَثَابَكُم غَمًّا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوا عَلَى مَا فَاتَكُمْ.
٢٣ـ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ.
٢٤ـ سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ.
٢٥ـ وَمَا أَنْسَانِيهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ.
٢٦ـ وَأُحِيطَ بِثَمَرِهِ فَأَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيهِ عَلَى مَا أَنفَقَ.
٢٧ـ رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتٰى.
٢٨ـ وَيُؤْثِرُونَ عَلَى أَنْفُسِهِمْ وَلَو كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ.
٢٩ـ وَاللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَحَقُّ أَنْ يُرْضُوهُ.
٣٠ـ أَفَمَن يُلْقٰى فِي النَّارِ خَيرٌ أَمَّن يَأْتِي آمِنًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ.
٣١ـ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبَا وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ.
٣٢ـ وَإِنْ خِفْتُم عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ إِنْ شَاءَ.
٣٣ـ وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللّٰهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ.
٣٤ـ أَفَرَأَيْتُمُ النَّارَ الَّتِي تُورُونَ أَأَنْتُمْ أَنْشَأْتُم شَجَرَتَهَا أَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُونَ.
٣٥ـ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِي ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُم أَرْدَاكُم فَأَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخَاسِرِينَ.

جداول

الناقص من باب الإفعال

صيغ الأفعال	الماضي المعروف	الماضي المجهول	المضارع المعروف	المضارع المجهول
مفرد مذكر غائب	أَرْضَى	أُرْضِيَ	يُرْضِي	يُرْضَى
مثنى مذكر غائب	أَرْضَيَا	أُرْضِيَا	يُرْضِيَانِ	يُرْضَيَانِ
جمع مذكر غائب	أَرْضَوْا	أُرْضُوْا	يُرْضُوْنَ	يُرْضَوْنَ
مفرد مؤنث غائب	أَرْضَتْ	أُرْضِيَتْ	تُرْضِي	تُرْضَى
مثنى مؤنث غائب	أَرْضَتَا	أُرْضِيَتَا	تُرْضِيَانِ	تُرْضَيَانِ
جمع مؤنث غائب	أَرْضَيْنَ	أُرْضِيْنَ	يُرْضِيْنَ	يُرْضَيْنَ
مفرد مذكر مخاطب	أَرْضَيْتَ	أُرْضِيْتَ	تُرْضِي	تُرْضَى
مثنى مذكر مخاطب	أَرْضَيْتُمَا	أُرْضِيْتُمَا	تُرْضِيَانِ	تُرْضَيَانِ
جمع مذكر مخاطب	أَرْضَيْتُمْ	أُرْضِيْتُمْ	تُرْضُوْنَ	تُرْضَوْنَ
مفرد مؤنث مخاطب	أَرْضَيْتِ	أُرْضِيْتِ	تُرْضِيْنَ	تُرْضَيْنَ
مثنى مؤنث مخاطب	أَرْضَيْتُمَا	أُرْضِيْتُمَا	تُرْضِيَانِ	تُرْضَيَانِ
جمع مؤنث مخاطب	أَرْضَيْتُنَّ	أُرْضِيْتُنَّ	تُرْضِيْنَ	تُرْضَيْنَ
مفرد متكلم	أَرْضَيْتُ	أُرْضِيْتُ	أُرْضِي	أُرْضَى
جمع متكلم	أَرْضَيْنَا	أُرْضِيْنَا	نُرْضِي	نُرْضَى

الأجوف من باب الإفعال

صيغ الأفعال	الماضي		المضارع	
	المعروف	المجهول	المعروف	المجهول
مفرد مذكر غائب	أَجَابَ	أُجِيْبَ	يُجِيْبُ	يُجَابُ
مثنى مذكر غائب	أَجَابَا	أُجِيْبَا	يُجِيْبَانِ	يُجَابَانِ
جمع مذكر غائب	أَجَابُوْا	أُجِيْبُوْا	يُجِيْبُوْنَ	يُجَابُوْنَ
مفرد مؤنث غائب	أَجَابَتْ	أُجِيْبَتْ	تُجِيْبُ	تُجَابُ
مثنى مؤنث غائب	أَجَابَتَا	أُجِيْبَتَا	تُجِيْبَانِ	تُجَابَانِ
جمع مؤنث غائب	أَجَبْنَ	أُجِبْنَ	يُجِبْنَ	يُجَبْنَ
مفرد مذكر مخاطب	أَجَبْتَ	أُجِبْتَ	تُجِيْبُ	تُجَابُ
مثنى مذكر مخاطب	أَجَبْتُمَا	أُجِبْتُمَا	تُجِيْبَانِ	تُجَابَانِ
جمع مذكر مخاطب	أَجَبْتُمْ	أُجِبْتُمْ	تُجِيْبُوْنَ	تُجَابُوْنَ
مفرد مؤنث مخاطب	أَجَبْتِ	أُجِبْتِ	تُجِيْبِيْنَ	تُجَابِيْنَ
مثنى مؤنث مخاطب	أَجَبْتُمَا	أُجِبْتُمَا	تُجِيْبَانِ	تُجَابَانِ
جمع مؤنث مخاطب	أَجَبْتُنَّ	أُجِبْتُنَّ	تُجِبْنَ	تُجَبْنَ
مفرد متكلم	أَجَبْتُ	أُجِبْتُ	أُجِيْبُ	أُجَابُ
جمع متكلم	أَجَبْنَا	أُجِبْنَا	نُجِيْبُ	نُجَابُ

المضعف من باب الإفعال

	الماضي		المضارع	
صيغ الأفعال	المعروف	المجهول	المعروف	المجهول
مفرد مذكر غائب	أَضَرَّ	أُضِرَّ	يُضِرُّ	يُضَرُّ
مثنى مذكر غائب	أَضَرَّا	أُضِرَّا	يُضِرَّانِ	يُضَرَّانِ
جمع مذكر غائب	أَضَرُّوا	أُضِرُّوا	يُضِرُّوْنَ	يُضَرُّوْنَ
مفرد مؤنث غائب	أَضَرَّتْ	أُضِرَّتْ	تُضِرُّ	تُضَرُّ
مثنى مؤنث غائب	أَضَرَّتَا	أُضِرَّتَا	تُضِرَّانِ	تُضَرَّانِ
جمع مؤنث غائب	أَضْرَرْنَ	أُضْرِرْنَ	يُضْرِرْنَ	يُضْرَرْنَ
مفرد مذكر مخاطب	أَضْرَرْتَ	أُضْرِرْتَ	تُضِرُّ	تُضَرُّ
مثنى مذكر مخاطب	أَضْرَرْتُمَا	أُضْرِرْتُمَا	تُضِرَّانِ	تُضَرَّانِ
جمع مذكر مخاطب	أَضْرَرْتُمْ	أُضْرِرْتُمْ	تُضِرُّوْنَ	تُضَرُّوْنَ
مفرد مؤنث مخاطب	أَضْرَرْتِ	أُضْرِرْتِ	تُضِرِّيْنَ	تُضَرِّيْنَ
مثنى مؤنث مخاطب	أَضْرَرْتُمَا	أُضْرِرْتُمَا	تُضِرَّانِ	تُضَرَّانِ
جمع مؤنث مخاطب	أَضْرَرْتُنَّ	أُضْرِرْتُنَّ	تُضْرِرْنَ	تُضْرَرْنَ
مفرد متكلم	أَضْرَرْتُ	أُضْرِرْتُ	أُضِرُّ	أُضَرُّ
جمع متكلم	أَضْرَرْنَا	أُضْرِرْنَا	نُضِرُّ	نُضَرُّ

فعل الأمر			
صيغ الأفعال	الناقص	الأجوف	المضعف
مفرد مذكر	أَرْضِ	أَجِبْ	أَضِرَّ
مثنى مذكر	أَرْضِيَا	أَجِيْبَا	أَضِرَّا
جمع مذكر	أَرْضُوْا	أَجِيْبُوْا	أَضِرُّوا
مفرد مؤنث	أَرْضِي	أَجِيْبِي	أَضِرِّي
مثنى مؤنث	أَرْضِيَا	أَجِيْبَا	أَضِرَّا
جمع مؤنث	أَرْضِيْنَ	أَجِبْنَ	أَضْرِرْنَ

معاني الكلمات

عربي	اردو	عربي	اردو
أَرْضٰى	اس نے راضی کیا	أَذْعَنَ لِ	وہ تابعدار ہوا
أَطْفَأَ	اس نے بجھایا	آذٰى	اس نے ایذاء پہنچائی
أَسْرَفَ	اس نے اسراف کیا	أَحْبَطَ	اس نے حبط کیا
أَقْبَلَ عَلٰى	وہ کسی چیز کی طرف رغبت سے بڑھا	أَنْشَأَ	اس نے قائم کیا
أَوْدَعَ	اس نے بطور امانت رکھا	أَغْنٰى	اس نے غنی کیا
أَسَاءَ إِلَيْهِ	اس نے برا کیا	أَرٰى	اس نے دکھایا
سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنْفُسُكُمْ	تمہارے دلوں نے ایک بات گھڑ لی	أَلْهٰى	اس نے غافل کیا
أَغَاثَ الْمَلْهُوفَ	مصیبت زدہ کی فریاد رسی کی	أَجَا َ	اس نے پناہ دی
آثَرَ عَلٰى نَفْسِهِ	اپنی جان پر ترجیح دی	أَوْرَثَ	اس نے ورثہ میں چھوڑا
أَصْلَحَ	اس نے سنوارا	أَوْجَبَ	اس نے واجب کیا

عربي	اردو	عربي	اردو
أَوْقَفَ	اس نے روکا	أَلْغَى	اس نے منسوخ کیا

اردو	عربي	اردو	عربي
اس نے گھیرا	أَحَاطَ بِـ	اس نے اللہ کے احکام نافذ کیے	أَقَامَ شَعَائِرَ اللّٰهِ
اس نے اندھا کیا	أَعْمٰى	اس نے جرم کا اقرار کیا	أَقَرَّ بِالْجَرِيْمَةِ
اس نے سرکش بنایا	أَطْغٰى	اس نے باقی رکھا	أَبْقٰى
اس نے ڈرایا	أَوْعَدَ		

الدرس الخامس عشر

٢ـ باب التفعيل

الأمثلة:

أقسام الفعل	الماضي	المضارع المرفوع	المنصوب	المجزوم	المصدر
الفعل الصحيح	فَعَّلَ	يُفَعِّلُ	لَنْ يُفَعِّلَ	لَمْ يُفَعِّلْ	تَفْعِيْلًا
السالم (قدم)	قَدَّمَ	يُقَدِّمُ	لَنْ يُقَدِّمَ	لَمْ يُقَدِّمْ	تَقْدِيْمًا
مهموز الفاء (أثر)	أَثَّرَ	يُؤَثِّرُ	لَنْ يُؤَثِّرَ	لَمْ يُؤَثِّرْ	تَأْثِيْرًا
مهموز العين (رأس)	رَأَّسَ	يُرَئِّسُ	لَنْ يُرَئِّسَ	لَمْ يُرَئِّسْ	تَرْئِيْسًا
مهموز اللام (جزأ)	جَزَّأَ	يُجَزِّئُ	لَنْ يُجَزِّئَ	لَمْ يُجَزِّئْ	تَجْزِئَةً
المضعف (ردّ)	رَدَّدَ	يُرَدِّدُ	لَنْ يُرَدِّدَ	لَمْ يُرَدِّدْ	تَرْدِيْدًا
المثال الواوي(وَضح)	وَضَّحَ	يُوَضِّحُ	لَنْ يُوَضِّحَ	لَمْ يُوَضِّحْ	تَوْضِيْحًا
المثال اليائي (يَسر)	يَسَّرَ	يُيَسِّرُ	لَنْ يُيَسِّرَ	لَمْ يُيَسِّرْ	تَيْسِيْرًا
الأجوف الواوي(قام)	قَوَّمَ	يُقَوِّمُ	لَنْ يُقَوِّمَ	لَمْ يُقَوِّمْ	تَقْوِيْمًا
الأجوف اليائي (سار)	سَيَّرَ	يُسَيِّرُ	لَنْ يُسَيِّرَ	لَمْ يُسَيِّرْ	تَسْيِيْرًا
الناقص الواوي (خلا)	خَلّٰى	يُخَلِّي	لَنْ يُخَلِّيَ	لَمْ يُخَلِّ	تَخْلِيَةً
الناقص اليائي (رَقي)	رَقّٰى	يُرَقِّي	لَنْ يُرَقِّيَ	لَمْ يُرَقِّ	تَرْقِيَةً

شرح وتفصیل:

۱۔ باب التفعیل بنانے کے لئے فعل ثلاثی کے حرف عین کو تشدید دے کر مضعَّف بنا دیا جاتا ہے۔ ماضی میں فاء، عین اور

لام تینوں مفتوح ہوتے ہیں۔ مضارع میں حرف المضارعة پر ضمّہ اور حرف عین پر کسرہ آتا ہے۔

۲۔ مصدر "تفعیل" کے وزن پر آتا ہے۔

۳۔ مہموز اللام کے مصدر کے آخر میں تاء مربوطہ آتی ہے: جَزَّأَ کا مصدر تَجْزِئَةً، بَرَّأَ کا تَبْرِئَةً، جَرَّأَ کا تَجْرِئَةً ہوگا۔

۴۔ باب التفعیل کے اجوف واوی کے تمام صیغوں میں واو برقرار رہتا ہے: (قَوَّمَ يُقَوِّمُ، حَوَّلَ يُحَوِّلُ، دَوَّرَ يُدَوِّرُ) ۔ اسی طرح اجوف یائی کے تمام صیغوں میں یاء لوٹ آتی ہے: (سَيَّرَ يُسَيِّرُ، بَيَّتَ يُبَيِّتُ، حَيَّرَ يُحَيِّرُ)۔

۵۔ ناقص واوی اور یائی دونوں کا ماضی معتل الآخر بالألف ہوتا ہے اور یہ الف یاء کی صورت میں لکھا جاتا ہے: خَلَّى، رَقَّى، سَمَّى، رَبَّى اور ان کا مضارع معتل الآخر بالياء ہوتا ہے: يُخَلِّي، يُرَقِّي، يُسَمِّيْ. يُرَقِّي۔ ان کے مصدر کے آخر میں تاء مربوطہ آتی ہے: خَلَّى يُخَلِّي کا مصدر تَخْلِيَةً، رَقَّى يُرَقِّي کا تَرْقِيَةً اور أَدَّى يُؤَدِّي کا مصدر تَأْدِيَةً ہوگا۔

بعض خصائص هذا الباب:

۱۔ باب التفعیل لازم کو متعدی بناتا ہے اور متعدی میں ایک اور مفعول کی زیادتی کرتا ہے: فَرِحَ زَيْدٌ: زید خوش ہوا، فَرَّحْتُهُ: میں نے اسے خوش کیا، دَرَسْتُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ، دَرَّسْتُ زَيْدا اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ ۔

۲۔ باب التفعیل کسی شے کی زیادتی بھی بیان کرتا ہے: كَسَرَ زَيْدٌ الْكَأْسَ: زید نے گلاس توڑا، كَسَّرَ زَيْدٌ الْكَأْسَ: زید نے گلاس کو چکنا چور کر دیا، قَتَلَ زَيْدٌ سَلِيْماً: زید نے سلیم کو قتل کیا، قَتَّلَ فِرْعَوْنُ أَبْنَاءَ بَنِي إِسْرَائِيْلَ: فرعون نے بنی اسرائیل کے بیٹوں کا قتل عام کیا۔

۳۔ باب التفعیل میں بنانے یا جاننے کے معنی بھی پائے جاتے ہیں: نَصَّرَ جَانُ رَنْجِيْتاً: جان نے رنجیت کو نصرانی بنا دیا، ذَهَّبْتُ الإِنَاءَ: میں نے برتن کو سنہری بنا دیا، قَبَّحْتُ فِعْلَهُ: میں نے اس کے فعل کو قبیح جانا۔

۴۔ باب التفعیل اختصار کے لئے بھی آتا ہے یعنی کسی لمبی بات کو اختصار کے ساتھ بیان کرنے کے لئے، هَلَّلَ: اس نے لا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ کہا، كَبَّرَ: اس نے اَللّٰهُ أَكبر کہا، سَبَّحَ: اس نے سُبْحَانَ اللّٰهِ کہا۔

التمرین ۔ ۱

مندرجہ ذیل افعال ثلاثیہ کو باب التفعیل میں لائیے پھر مزید افعال کے بالکل اسی طرح جداول تیار کیجیے جس طرح سبق کے شروع میں جدول دیا ہوا ہے:

كَرُمَ	مَزَقَ	أَمَرَ	بَرِئَ	هَدَأَ	بَلَّ	حَقَّ
نَبَأَ	مَدَّ	عَاذَ	صَارَ	قَالَ	عَادَ	قَوِيَ
نَمَا	أَمِنَ	لَانَ	جَرُؤَ	أَخَرَ	غَذَا	

التمرین ۔ ۲

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ اپنے بیٹے کا نام پرویز مت رکھو۔

۲۔ ہمارے پڑوسیوں نے ہماری زندگی دوبھر کر دی ہے۔

۳۔ کیا آپ سال کے سال زکوۃ ادا نہیں کرتے؟

۴۔ میرا خیال ہے کہ آپ حرام اور حلال میں تمیز نہیں کرتے۔

۵۔ ہم نے قیدی کو معاف کر کے اسے رہا کر دیا۔

۶۔ محنتی طالبعلم نے امتحان میں حیرت انگیز کامیابی حاصل کی۔

۷۔ پرنسپل صاحب امتحان کو ملتوی کرنا چاہتے ہیں۔

۸۔ کیا آپ اپنے بچوں کی تربیت دین کے اصولوں پر نہیں کرتیں؟

۹۔ تم سب عورتوں کو چاہیے کہ اپنے چہروں کو ڈھکو۔

۱۰۔ ہم تر و تازہ کھیتوں میں نکل گئے تاکہ اپنی طبیعتوں کو تازہ کریں۔

۱۱۔ آپ کو چاہیے کہ ہمیشہ سچ بولنے کی عادت ڈالیں۔

۱۲۔ کیا اس کے لیے تیار ہو کہ اپنی جانیں اللہ کی راہ میں قربان کردو؟

۱۳۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ تم سب کو تمہارا پورا اجر دیں گے۔

۱۴۔ اللہ تعالیٰ اپنی آیات لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سوچیں۔

۱۵۔ وزیر اعظم اس ہوشیار افسر کو عنقریب وزیر خارجہ مقرر کرنے والے ہیں۔

۱۶۔ ہم نے زید کو تسلی دینے کی کوشش کی، لیکن اس پر کسی بات کا اثر نہیں ہوا۔

۱۷۔ تم پر افسوس ہے کہ تم لوگوں کو دین کے بارے میں شک میں مبتلا کرتے ہو۔

۱۸۔ اگر تم اپنے جسموں کو قوی بنانا چاہتے ہو تو روزانہ دریا میں ایک گھنٹہ تیرا کرو۔

۱۹۔ اے عائشہ! اپنے بچوں کو مت ڈرائیے کیا آپ انھیں بزدل بنانا چاہتی ہیں؟

۲۰۔ واعظ نے لوگوں کو موت اور ما بعد الموت کی یاد دلائی تا کہ ان کے دل نرم ہو جائیں۔

التمرين ـ ٣

مندرجہ ذیل جملوں میں مصادر مؤوّلہ کے بجائے مصادر صریحہ استعمال کریں:

١ ـ يَجِبُ أَن تُغَطِّي الوَجْهَ. ٢ ـ أَلَا تَسْتَطِيعُونَ أَن تُمَيِّزُوا بَيْنَ الْحَقِّ وَالبَاطِلِ.
٣ ـ إِنَّمَا نُرِيدُ أَن نُوَفِّيَ حَقَّنَا. ٤ ـ أَتُرِيدُونَ أَنْ تُوَزِّعُوا هٰذِهِ الْكُتُبَ عَلَى الطُّلَّابِ.
٥ ـ نُرِيدُ أَنْ نُؤَسِّسَ دارًا لِلأَيتَامِ. ٦ ـ أَنْ تُزَكُّوا أَنْفُسَكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ مِنْ أَنْ تَمَنَّوُا الْمَوْتَ.
٧ ـ سَيَستَجِيبُونَ لِلدَّعْوَةِ بَعْدَ أَنْ تُلَيِّنُوا قُلُوبَهُم. ٨ ـ لَا يَنْبَغِي أَن تُنَشَّأَ الْبَنَاتُ عَلَى حُبِّ الثِّيَابِ وَالْحُلِيِّ.
٩ ـ لَا أُرِيدُ أَن أُفَوِّتَ عَلَيْكَ هٰذِهِ الْفُرْصَةَ الْغَالِيَةَ. ١٠ ـ وَقَعْنَا لِلّٰهِ تَعَالَى سَاجِدِينَ بَعْدَ أَنْ حَقَّقْنَا كُلَّ مَا تَمَنَّيْنَاهُ.
١١ ـ لَيْسَ مِنَ اللَّائِقِ أَنْ تُسَيِّرَ الْأُمُورَ بِهٰذِهِ الطَّرِيقَةِ الْفَوْضَوِيَّةِ.
١٢ ـ إِنَّمَا يَهْتَمُّونَ بِصِحَّةِ أَجْسَامِهِم وَلَا يَهُمُّهُمْ أَنْ يُغَذُّوا أَرْوَاحَهُمْ.

فعل الأمر من باب التفعيل

الأمثلة:

الفعل الصحيح	فَعِّلْ	المثال الواوي	وَضِّحْ
السالم	قَدِّمْ	المثال اليائي	يَسِّرْ
مهموز الفاء	أَثِّرْ	الأجوف الواوي	قَوِّمْ
مهموز العين	رَئِّسْ	الأجوف اليائي	سَيِّرْ
مهموز اللام	جَرِّئْ	الناقص الواوي	خَلِّ
المضعف	رَدِّدْ	الناقص اليائي	رَقِّ

شرح وتفصیل:

باب التفعیل کا فعل الأمر "فَعِّلْ" کے وزن پر بنتا ہے ناقص واوی اور یائی کے امر کے صیغوں میں حسبِ قاعدہ حرف علت حذف ہو جائے گا: خَلِّی سے خَلِّ، أدِّی سے أدِّ کے صیغے نکلیں گے۔

قاعدہ نمبر ۴۱:

باب التفعیل کا ماضی بنانے کے لئے ثلاثی کے عین کو مشدد کر دیا جاتا ہے۔ پس ماضی فَعَّل کے وزن پر بنتا ہے، مضارع یُفَعِّلُ اور امر فَعِّلْ کے وزن پر بنتا ہے۔ مصدر تفْعِیْل کے وزن پر ہوتا ہے۔

التمرین ۔ ۱

مندرجہ ذیل افعال سے امر کے صیغے بنایئے پھر ان افعال امر کو قوسین میں دیے ہوئے صیغوں میں لاکر جملوں میں استعمال کیجئے:

یُمَزِّقُ (مفرد مذکر) یُؤَلِّفُ (جمع مذکر) یُکَرِّمُ (مثنی) یُمَرِّضُ (مفرد مؤنث)

یُبَرِّیُ (مفرد مذکر) یُخَوِّفُ (جمع مذکر) یُغَطِّي (مفرد مذکر) یُؤَدِّي (جمع مؤنث)

یُؤَخِّرُ (جمع مذکر) یُبَیِّتُ (مثنی)

التمرین ۔ ۲

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ صبح وشام اللہ تعالی کی تسبیح کرو۔

۲۔ عاجزی کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیجئے۔

۳۔ بلندی پر چڑھتے وقت اللہ اکبر کہو۔

۴۔ اے لوگو! اللہ تعالی کی راہ میں اپنی جانیں قربان کردو۔

۵۔ اے سلیم! اپنے بیٹے کا نام اسامہ رکھ دو۔

۶۔ اے زید! اپنے دونوں بیٹوں کے درمیان برابری کرو۔

۷۔ اے اللہ! میں کمزور ہوں مجھے طاقتور بنا دیجئے۔

۸۔ اے زید! سال پورا ہونے پر اپنے مال کی زکوۃ ادا کرو۔

۹۔ میں نے خیانت دار تاجر سے کہا: میرا حق مجھے پورا پورا دے دو۔

۱۰۔ ماں نے اپنی بیٹی سے کہا: پہلے پانی ابالو پھر اس میں ایک چمچ چائے کی پتی ڈال دو۔

المجهول من باب التفعيل

الأمثلة:

أقسام الفعل	الماضي	المضارع المرفوع	المنصوب	المجزوم
الفعل الصحيح	فُعِّلَ	يُفَعَّلُ	لَنْ يُفَعَّلَ	لَمْ يُفَعَّلْ
السالم	قُدِّمَ	يُقَدَّمُ	لَنْ يُقَدَّمَ	لَمْ يُقَدَّمْ
مهموز الفاء	أُثِّرَ	يُؤَثَّرُ	لَنْ يُؤَثَّرَ	لَمْ يُؤَثَّرْ
مهموز العين	رُئِّسَ	يُرَأَّسُ	لَنْ يُرَأَّسَ	لَمْ يُرَأَّسْ
مهموز اللام	جُزِّئَ	يُجَزَّأُ	لَنْ يُجَزَّأَ	لَمْ يُجَزَّأْ
المضعف	رُدِّدَ	يُرَدَّدُ	لَنْ يُرَدَّدَ	لَمْ يُرَدَّدْ
المثال الواوي	وُضِّحَ	يُوَضَّحُ	لَنْ يُوَضَّحَ	لَمْ يُوَضَّحْ
المثال اليائي	يُسِّرَ	يُيَسَّرُ	لَنْ يُيَسَّرَ	لَمْ يُيَسَّرْ
الأجوف الواوي	قُوِّمَ	يُقَوَّمُ	لَنْ يُقَوَّمَ	لَمْ يُقَوَّمْ
الأجوف اليائي	سُيِّرَ	يُسَيَّرُ	لَنْ يُسَيَّرَ	لَمْ يُسَيَّرْ
الناقص الواوي	خُلِّيَ	يُخَلَّى	لَنْ يُخَلَّى	لَمْ يُخَلَّ
الناقص اليائي	رُقِّيَ	يُرَقَّى	لَنْ يُرَقَّى	لَمْ يُرَقَّ

شرح وتفصیل:

ا۔ تفعیل کے ماضی کو مجہول بنانے کے لئے قاعدہ کے مطابق حرف فاء کو ضمّہ اور عین کو کسرہ دے دیا جاتا ہے۔

۲۔ مضارع کو مجہول بنانے کے لئے حرف المضارعۃ کو ضمّہ اور حرف عین کو فتحہ دے دیا جاتا ہے۔

۳۔ ماضی ناقص کو جب مجہول بناتے ہیں تو اسکے لام کو فتحہ دے دیا جاتا ہے، پس خَلَّی سے خُلِّيَ، سَمَّی سے سُمِّيَ اور غَطَّی سے غُطِّيَ کے صیغے نکلتے ہیں۔ مضارع ناقص کو جب مجہول بناتے ہیں تو اسکی یاء الف میں تبدیل ہو جاتی ہے: يُخَلِّي سے يُخَلَّی، يُسَمِّي سے يُسَمَّی اور يُغَطِّي سے يُغَطَّی بنتا ہے۔

التمرين ۔ ۱

مندرجہ ذیل افعال کو مجہول بنا کر ان کے بالکل اسی طرح جداول تیار کیجئے جس طرح سبق کے شروع میں جدول دیا ہوا ہے:

قَرَّبَ	أَلَّفَ	أَمَّرَ	نَبَّأَ	بَلَّلَ
خَبَّأَ	لَفَّفَ	مَيَّزَ	صَيَّرَ	ذَوَّبَ
حَوَّلَ	خَيَّلَ	سَلَّی	صَلَّی	غَذَّی

التمرين ۔ ۲

مندرجہ ذیل جملوں میں معروف افعال کو مجہول بنائیے:

١ ۔ مَتٰی تُصَلُّوْنَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ؟

٢ ۔ قَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ تَعَالَی الآيَاتِ لِلْمُوقِنِينَ.

٣ ۔ سَلَّيْنَا زَيْدًا وَهَدَّأْنَا مِنْ رَوْعِهِ.

٤ ۔ وَضَعْتُ الْقِدْرَ عَلَی النَّارِ وَغَلَّيْتُ الْمَاءَ.

٥ ۔ يَنْبَغِي أَنْ تُوَمِّرُوا عَلَيْكُمْ أَتْقَاكُمْ.

٦ ۔ أَلَمْ يُعَلِّمْكُمْ أَبُوكُمْ السِّبَاحَةَ فِي الصِّغَرِ.

٧ ۔ فَتَحْتُ الشَّبَابِيكَ لأُهَوِّيَ الْبَيْتَ.

٨ ۔ سَوْفَ يُوَفِّيكُمُ اللّٰهُ أَجْرَكُمْ وَلَا يَظْلِمُكُمْ.

٩ ۔ نَظَّفْنَا الْكُتُبَ وَرَتَّبْنَاهَا عَلَی الرَّفِّ.

١٠ ۔ صَيَّرَتِ الْحُورِيَّةُ التُّرَابَ ذَهَبًا بِعَصًا سِحْرِيَّةٍ.

التمرين ۔ ۳

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ کیا فرض ادا کر دیا گیا ہے؟

۲۔ امتحان کی تاریخ کے بارے میں کیا فیصلہ کیا گیا؟

۳۔ کیا مٹی کو سونا بنانا ممکن ہے؟

۴۔ ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ پورا پورا دے دیا گیا۔

۵۔ بچوں کو عربی پڑھائی چاہیے۔
۶۔ کیا آپ کا خیال ہے کہ زید کو بری کر دیا جائے گا؟
۷۔ آگ جلائی گئی اور دیگوں کو ڈھکا گیا۔
۸۔ کیا ممکن ہے کہ کھانا مہمانوں کو فوراً پیش کر دیا جائے؟
۹۔ مجرم کو ہر جگہ تلاش کیا گیا، لیکن وہ نہ ملا۔
۱۰۔ کیا یہ ضروری نہیں کہ ملک کی معیشت کو ترقی دی جائے؟
۱۱۔ چہروں کو مسجد حرام کی طرف موڑ دیا گیا۔
۱۲۔ اس بات کی بار بار تاکید کر دی گئی ہے، لیکن تم سمجھتے نہیں۔
۱۳۔ عقلوں کو وقتاً فوقتاً آرام پہچانا چاہیے۔
۱۴۔ تمہارے حساب کو قیامت کے دن تک مؤخر کر دیا جائے گا۔
۱۵۔ قریب ہے کہ قیدیوں کو رہا کر دیا جائے۔
۱۶۔ مدرسہ کے معاملات مشورے سے چلائے جاتے ہیں۔
۱۷۔ وقت کی پابندی کا خیال رکھنا چاہیے۔
۱۸۔ نہیں داخل ہوگا جنت میں وہ شخص جس کی حرام سے پرورش کی گئی ہو۔
۱۹۔ کیا لڑکیوں کی دینی تربیت نہیں کرنی چاہیے؟
۲۰۔ کیا اردو بولنے والوں کے لیے عربی قواعد کی کوئی کتاب لکھی گئی ہے؟
۲۱۔ زید کو وزراء کی مؤتمر کی صدارت دے دی گئی۔
۲۲۔ اللہ تعالی کے فضل وکرم سے ہر کام میرے لیے آسان بنا دیا گیا ہے۔
۲۳۔ لوہے کو پگھلایا گیا اور اس سے برتن بنائے گئے۔
۲۴۔ رات کے اندھیرے میں اسے خیال ہوا کے سرو کا درخت بھوت ہے۔
۲۵۔ آیات کو کھول کر بیان کر دیا گیا اور ہر معاملہ کی وضاحت کر دی گئی۔

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں باب تفعیل کے ماضی مضارع اور امر کی شناخت کیجئے اور معروف اور مجہول افعال کی تمیز کیجئے:

١ ـ وَقَرَّبْنَاهُ نَجِيًّا.
٢ ـ يَغْفِرُ لِمَن يَّشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَّشَاءُ.
٣ ـ وَ كَبِّرْهُ تَكْبِيرًا.
٤ ـ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعٰى.
٥ ـ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ.
٦ ـ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ.
٧ ـ إِنِّي سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ.
٨ ـ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ.
٩ ـ الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ.
١٠ ـ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الآيَاتِ لِقَومٍ يُّؤْمِنُونَ.
١١ ـ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرٰى.
١٢ ـ وَنُخَوِّفُهُمْ فَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا طُغْيَانًا كَبِيرًا.

١٣ ـ وَالنَّهَارِ إِذَا جَلَّاهَا.
١٤ ـ إِنَّما نُؤَخِّرُهُمْ لِيَومٍ تَشْخَصُ فِيهِ الأَبْصَارُ.
١٥ ـ وَإِبراهِيمَ الَّذِي وَفَّى.
١٦ ـ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الأَعْلَى الَّذِي قَدَّرَ فَهَدَى.
١٧ ـ قَالَ نَبَّأَنِي الْعَلِيمُ الْخَبِيرُ.
١٨ ـ يَا أَيُّها الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ.
١٩ ـ فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ.
٢٠ ـ قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاها وَقَد خابَ مَن دَسَّاهَا.
٢١ ـ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِلْغَاوِينَ.
٢٢ ـ أَوَمَن يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصامِ غَيْرُ مُبِينٍ.
٢٣ ـ أُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الآيَاتِ.
٢٤ ـ فَإِن تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكاةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُم.
٢٥ ـ وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا ذُو حَظٍّ عَظِيمٍ.
٢٦ ـ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ بَدَّلُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّأَحَلُّوا قَوْمَهُم دَارَ الْبَوَارِ.
٢٧ ـ أَرَأَيْتَ الَّذِي يُكَذِّبُ بِالدِّينِ.
٢٨ ـ إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ وَإِذَا النُّجُومُ انْكَدَرَتْ وَإِذَا الْجِبالُ سُيِّرَتْ.
٢٩ ـ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوا مُوسٰى فَبَرَّأَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوا.
٣٠ ـ إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا.

جداول

المضعف من باب التفعيل

	الماضي		المضارع	
صيغ الأفعال	المعروف	المجهول	المعروف	المجهول
مفرد مذكر غائب	قَرَّرَ	قُرِّرَ	يُقَرِّرُ	يُقَرَّرُ
مثنى مذكر غائب	قَرَّرَا	قُرِّرَا	يُقَرِّرَانِ	يُقَرَّرَانِ
جمع مذكر غائب	قَرَّرُوا	قُرِّرُوْا	يُقَرِّرُوْنَ	يُقَرَّرُوْنَ
مفرد مؤنث غائب	قَرَّرَتْ	قُرِّرَتْ	تُقَرِّرُ	تُقَرَّرُ
مثنى مؤنث غائب	قَرَّرَتَا	قُرِّرَتَا	تُقَرِّرَانِ	تُقَرَّرَانِ
جمع مؤنث غائب	قَرَّرْنَ	قُرِّرْنَ	يُقَرِّرْنَ	يُقَرَّرْنَ

مفرد مذكر مخاطب	قَرَّرْتَ	قُرِّرْتَ	تُقَرِّرُ	تُقَرَّرُ
مثنى مذكر مخاطب	قَرَّرْتُمَا	قُرِّرْتُمَا	تُقَرِّرَانِ	تُقَرَّرَانِ
جمع مذكر مخاطب	قَرَّرْتُمْ	قُرِّرْتُمْ	تُقَرِّرُوْنَ	تُقَرَّرُوْنَ
مفرد مؤنث مخاطب	قَرَّرْتِ	قُرِّرْتِ	تُقَرِّرِيْنَ	تُقَرَّرِيْنَ
مثنى مؤنث مخاطب	قَرَّرْتُمَا	قُرِّرْتُمَا	تُقَرِّرَانِ	تُقَرَّرَانِ
جمع مؤنث مخاطب	قَرَّرْتُنَّ	قُرِّرْتُنَّ	تُقَرِّرْنَ	تُقَرَّرْنَ
مفرد متكلم	قَرَّرْتُ	قُرِّرْتُ	أُقَرِّرُ	أُقَرَّرُ
جمع متكلم	قَرَّرْنَا	قُرِّرْنَا	نُقَرِّرُ	نُقَرَّرُ

فعل الأمر			
مفرد مذكر	قَرِّرْ	مفرد مؤنث	قَرِّرِي
مثنى مذكر	قَرِّرَا	مثنى مؤنث	قَرِّرَا
جمع مذكر	قَرِّرُوا	جمع مؤنث	قَرِّرْنَ

الأجوف من باب التفعيل

	الماضي		المضارع	
صيغ الأفعال	المعروف	المجهول	المعروف	المجهول
مفرد مذكر غائب	قَوَّمَ	قُوِّمَ	يُقَوِّمُ	يُقَوَّمُ
مثنى مذكر غائب	قَوَّمَا	قُوِّمَا	يُقَوِّمَانِ	يُقَوَّمَانِ
جمع مذكر غائب	قَوَّمُوا	قُوِّمُوا	يُقَوِّمُونَ	يُقَوَّمُونَ

مفرد مؤنث غائب	قَوَّمَتْ	قُوِّمَتْ	تُقَوِّمُ	تُقَوَّمُ
مثنى مؤنث غائب	قَوَّمَتَا	قُوِّمَتَا	تُقَوِّمَانِ	تُقَوَّمَانِ
جمع مؤنث غائب	قَوَّمْنَ	قُوِّمْنَ	يُقَوِّمْنَ	يُقَوَّمْنَ
مفرد مذكر مخاطب	قَوَّمْتَ	قُوِّمْتَ	تُقَوِّمُ	تُقَوَّمُ
مثنى مذكر مخاطب	قَوَّمْتُمَا	قُوِّمْتُمَا	تُقَوِّمَانِ	تُقَوَّمَانِ
جمع مذكر مخاطب	قَوَّمْتُمْ	قُوِّمْتُمْ	تُقَوِّمُونَ	تُقَوَّمُونَ
مفرد مؤنث مخاطب	قَوَّمْتِ	قُوِّمْتِ	تُقَوِّمِينَ	تُقَوَّمِينَ
مثنى مؤنث مخاطب	قَوَّمْتُمَا	قُوِّمْتُمَا	تُقَوِّمَانِ	تُقَوَّمَانِ
جمع مؤنث مخاطب	قَوَّمْتُنَّ	قُوِّمْتُنَّ	تُقَوِّمْنَ	تُقَوَّمْنَ
مفرد متكلم	قَوَّمْتُ	قُوِّمْتُ	أُقَوِّمُ	أُقَوَّمُ
جمع متكلم	قَوَّمْنَا	قُوِّمْنَا	نُقَوِّمُ	نُقَوَّمُ

فعل الأمر			
مفرد مذكر	قَوِّمْ	مفرد مؤنث	قَوِّمِي
مثنى مذكر	قَوِّمَا	مثنى مؤنث	قَوِّمَا
جمع مذكر	قَوِّمُوا	جمع مؤنث	قَوِّمْنَ

الناقص من باب التفعيل

صيغ الأفعال	الماضي		المضارع	
	المعروف	المجهول	المعروف	المجهول

مفرد مذكر غائب	خَلَّى	خُلِّيَ	يُخَلِّي	يُخَلَّى
مثنى مذكر غائب	خَلَّيَا	خُلِّيَا	يُخَلِّيَانِ	يُخَلَّيَانِ
جمع مذكر غائب	خَلَّوْا	خُلُّوا	يُخَلُّونَ	يُخَلَّوْنَ
مفرد مؤنث غائب	خَلَّتْ	خُلِّيَتْ	تُخَلِّي	تُخَلَّى
مثنى مؤنث غائب	خَلَّتَا	خُلِّيَتَا	تُخَلِّيَانِ	تُخَلَّيَانِ
جمع مؤنث غائب	خَلَّيْنَ	خُلِّينَ	يُخَلِّينَ	يُخَلَّيْنَ
مفرد مذكر مخاطب	خَلَّيْتَ	خُلِّيتَ	تُخَلِّي	تُخَلَّى
مثنى مذكر مخاطب	خَلَّيْتُمَا	خُلِّيتُمَا	تُخَلِّيَانِ	تُخَلَّيَانِ
جمع مذكر مخاطب	خَلَّيْتُمْ	خُلِّيتُمْ	تُخَلُّونَ	تُخَلَّوْنَ
مفرد مؤنث مخاطب	خَلَّيْتِ	خُلِّيتِ	تُخَلِّينَ	تُخَلَّيْنَ
مثنى مؤنث مخاطب	خَلَّيْتُمَا	خُلِّيتُمَا	تُخَلِّيَانِ	تُخَلَّيَانِ
جمع مؤنث مخاطب	خَلَّيْتُنَّ	خُلِّيتُنَّ	تُخَلِّينَ	تُخَلَّيْنَ
مفرد متكلم	خَلَّيْتُ	خُلِّيتُ	أُخَلِّي	أُخَلَّى
جمع متكلم	خَلَّيْنَا	خُلِّينَا	نُخَلِّي	نُخَلَّى

فعل الأمر			
مفرد مذكر	خَلِّ	مفرد مؤنث	خَلِّي
مثنى مذكر	خَلِّيَا	مثنى مؤنث	خَلِّيَا
جمع مذكر	خَلُّوا	جمع مؤنث	خَلِّينَ

معاني الكلمات

الأفعال

اردو	عربي	اردو	عربي
اس نے کامیابی حاصل کی	حَقَّقَ نَجَاحًا	اس نے تلاش کیا	فَتَّشَ عَنْ
اس نے جان قربان کی	ضَحَّى بِنَفْسِهِ	اسے خیال ہوا	خُيِّلَ إِلَيْهِ
اس نے رہا کیا	خَلَّى السَّبِيلَ	اس نے آسان بنایا	يَسَّرَ
اس نے اسے تسلی دی	هَدَّأَ رَوْعَهُ	اس نے اسے صدارت دی	رَأَّسَهُ عَلَى
اس نے ملتوی کیا	أَجَّلَ	اس نے موڑا	وَلَّى
اس نے ڈھکا	غَطَّى	اس نے پگھلایا	ذَوَّبَ
اس نے اجر پورا پورا دیا	وَفَّى فلانا بِ	اس نے بنایا	صَاغَ
اس نے اپنے کو کسی چیز کا عادی بنایا	عَوَّدَ نَفْسَهُ شَيْئًا	اس نے قوی بنایا	قَوَّى
اس نے اسیر زندگی دوبھر کردی	نَغَّصَ عَلَيْهِ عَيْشَهُ	اس نے ان کے درمیان برابری کی	سَوَّى بَيْنَهُمْ
اس نے مقرر کیا	عَيَّنَ	اس نے کتاب لکھی	صَنَّفَ
اس نے یاد دلایا	ذَكَّرَ	اس نے چلایا	سَيَّرَ
اس نے طبیعت تازہ کی	رَوَّحَ عَنِ النَّفْسِ	اس نے پرورش کی	غَذَّى
اس نے اسے کسی چیز کے بارے میں شک میں ڈالا	شَكَّكَهُ فِي شَيْءٍ		

الأسماء

اردو	عربي	اردو	عربي
وقت کی پابندی	اللُّزُوْمُ بِالْمَوَاعِيْدِ	وقتاً فوقتاً	مِنْ حِيْنٍ إِلَى آخَر
اصول	مَبْدَأٌ ج مَبَادِئُ	خیال رکھنا	مُرَاعَاةٌ

الدرس السادس عشر

٣۔ باب المفاعلة

الأمثلة:

الفعل الصحيح	فَاعَلَ	يُفَاعِلُ	لَنْ يُفَاعِلَ	لَمْ يُفَاعِلْ	مُفَاعَلَةٌ
السالم (جَهَدَ)	جَاهَدَ	يُجَاهِدُ	لَنْ يُجَاهِدَ	لَمْ يُجَاهِدْ	مُجَاهَدَةٌ
مهموز الفاء (أَخَذَ)	آخَذَ	يُؤَاخِذُ	لَنْ يُؤَاخِذَ	لَمْ يُؤَاخِذْ	مُؤَاخَذَةٌ
مهموز العين (سَأَلَ)	سَاءَ لَ	يُسَائِلُ	لَنْ يُسَائِلَ	لَمْ يُسَائِلْ	مُسَائَلَةٌ
مهموز اللام (دَرَأَ)	داراً	يُدَارِئُ	لَنْ يُدَارِئَ	لَمْ يُدَارِئْ	مُدَارَأَةٌ
المضعف (شَقَّ)	شَاقَّ	يُشَاقُّ	لَنْ يُشَاقَّ	لَمْ يُشَاقَّ	مُشَاقَّةٌ
المثال الواوي (وَزَنَ)	وازَنَ	يُوَازِنُ	لَنْ يُوَازِنَ	لَمْ يُوَازِنْ	مُوَازَنَةٌ
المثال اليائي (يَسَرَ)	يَاسَرَ	يُيَاسِرُ	لَنْ يُيَاسِرَ	لَمْ يُيَاسِرْ	مُيَاسَرَةٌ
الأجوف الواوي (حَالَ)	حَاوَلَ	يُحَاوِلُ	لَنْ يُحَاوِلَ	لَمْ يُحَاوِلْ	مُحَاوَلَةٌ
الأجوف اليائي (بَاعَ)	بَايَعَ	يُبَايِعُ	لَنْ يُبَايِعَ	لَمْ يُبَايِعْ	مُبَايَعَةٌ
الناقص الواوي (قَسَا)	قَاسَى	يُقَاسِي	لَنْ يُقَاسِيَ	لَمْ يُقَاسِ	مُقَاسَاةٌ
الناقص اليائي (عَنَى)	عَانَى	يُعَانِي	لَنْ يُعَانِيَ	لَمْ يُعَانِ	مُعَانَاةٌ

شرح وتفصیل:

١۔ فعل ثلاثی کے حرف فاء کے بعد ایک الف زائدہ لگا دینے سے "باب المفاعلة" بن جاتا ہے۔

٢۔ مضارع میں حرف المضارعة مضموم اور حرف عین مکسور ہوتا ہے۔

۳۔اسکا مصدر "مُفَاعَلَةٌ" کے وزن پر آتا ہے اور بعض دفعہ "فِعَالٌ" کے وزن پر بھی آجاتا ہے: جَاهَدَ کا مصدر "مُجَاهَدَة" اور "جِهَادٌ"، قَاتَلَ کا "مُقَاتَلَةٌ" اور "قِتَالٌ" ہے۔

۴۔اجوف کے باب المفاعلة میں حرف علّت لوٹ آتا ہے، لہذا حَالَ سے باب المفاعلة "حَاوَلَ"، نَالَ سے "نَاوَلَ"، اور بَاعَ سے "بَايَعَ" بنے گا۔

۵۔ناقص کے باب المفاعلة کا ماضی معتل الآخر بالألف ہوتا ہے اور یہ الف یاء کی صورت میں لکھا جاتا ہے: قَسَا سے "قَاسَى"، اور سَوِيَ سے "سَاوَى" بنتا ہے۔ اور اس کا مضارع معتل الآخر بالیاء ہوتا ہے: عَافَى: يُعَافِي، جَازَى: يُجَازِي۔ اس کے مصدر میں حرف لام (واو یا یاء) الف میں بدل جاتا ہے اور اسکے آخر میں ایک تاء مربوطہ زائدہ کا اضافہ کر دیا جاتا ہے، لہذا عَانَى: يُعَانِي، کا مصدر مُعَانَاةٌ ہے۔

بعض خصائص هذا الباب:

۱۔باب المفاعلة میں اشتراک کے معنی پائے جاتے ہیں یعنی دو شخصوں کا مل کر کسی کام کو کرنا، اس طور پر کہ ان میں سے ہر ایک فاعل بھی ہو اور مفعول بھی، مثلاً: قَاتَلَ زَيْدٌ وَعُمْرٌو، زید اور عمرو نے باہم قتال کیا۔

۲۔یہ بعض اوقات أَفْعَلَ کا ہم معنی ہوتا ہے، جیسے: أَبْعَدْتُهُ = بَاعَدْتُهُ۔

۳۔یہ ثلاثی کا ہم معنی بھی ہو سکتا ہے، جیسے: شَهِدْتُهُ = شَاهَدْتُهُ، صَحِبْتُهُ = صَاحَبْتُهُ۔

التمرين ـ ۱

مندرجہ ذیل افعال ثلاثیہ کو باب المفاعلة میں لایئے پھر انکے اسی طرح جداول تیار کیجئے جس طرح سبق کے شروع میں دیئے ہوئے ہیں:

قَتَلَ	جَلَسَ	صَحِبَ	نَزَعَ	أَجَرَ	أَمَرَ	رَبَأَ	فَجَأَ	سَوِى
وَفِق	وَجه	سَبَّ	ضَرَّ	جادَ	عانَ	وَرى	عَفا	بَها

التمرين ـ ۲

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔کل زید اچانک مجھ سے ملنے آگیا۔

۲۔ہم اس رائے میں آپ کی موافقت نہیں کر سکتے۔

۳۔انھوں نے ہم سے دشمنی شروع کی۔

۴۔تم پر افسوس ہے کہ تم یہود ونصاری کو دوست بناتے ہو۔

۵۔زید اپنے بھائی سے بالکل مختلف ہے۔

۶۔تمہیں چاہیے کہ تم جن مصائب سے دو چار ہو ان پر صبر کرو۔

۷۔ان عورتوں سے خفیہ طور پر وعدہ نہ کرو۔

۸۔آپ تصور نہیں کر سکتے کہ یہ مبلّغ اللہ کی راہ میں کتنی تکلیفیں جھیلتے ہیں۔

۹۔اے زید! اپنے بھائیوں سے سختی مت کرو۔

۱۰۔جب آپ کو میری ضرورت تھی اس وقت آپ نے مجھے کیوں نہیں بلایا؟

۱۱۔طلباء عربی سیکھنے میں سخت مشقت اٹھاتے ہیں۔

۱۲۔ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں بیماریوں سے عافیت عطا فرمائیں۔

۱۳۔ہم بیوقوفوں کی باتوں کی ہرگز پرواہ نہیں کرتے۔

۱۴۔اے عائشہ! آپ کو چاہئے کہ غریبوں اور مسکینوں کے ساتھ ہمدردی کریں۔

۱۵۔گزشتہ رات ہم تقریب میں زید سے نہیں ملے۔

۱۶۔کیا تم سمجھتے ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں تمہارے گناہوں کی وجہ سے نہیں پکڑیں گے؟

۱۷۔جو اللہ اور اسکے رسول ﷺ کی مخالفت کرے گا وہ عنقریب خسارہ پانے والوں میں سے ہوگا۔

۱۸۔کیا آپ ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نام جانتے ہیں جنھوں نے درخت کے نیچے رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی؟

۱۹۔میں نے یہ کتاب شروع سے آخر تک پڑھی، لیکن میں نے اس میں کوئی ایسی بات نہیں پائی جو اسلامی تعلیمات کے منافی ہو۔

۲۰۔جب آپ اسلامی شریعت اور وضعی قانون کے درمیان موازنہ کریں گے تو آپ کو ایک کی خوبیاں اور دوسرے کی برائیاں معلوم ہوجائیں گی۔

فعل الأمر من باب المفاعلة

الأمثلة:

الفعل الصحيح	فَاعِلْ	المثال الواوي	وَازِنْ
السالم	جَاهِدْ	المثال اليائي	يَاسِرْ
مهموز الفاء	آخِذْ	الأجوف الواوي	حَاوِلْ
مهموز العين	سَائِلْ	الأجوف اليائي	بَايِعْ

مهموز اللام	دَارِئٌ	الناقص الواوي	قَاسٍ
المضعف	شَاقٌّ	الناقص اليائي	عَانٍ

شرح وتفصیل:

باب المفاعلة کا امر فَاعِلْ کے وزن پر بنتا ہے۔

التمرین ۔ ۱

مندرجہ ذیل افعال مضارعہ کے امر بتایئے پھر ان افعال امر کو قوسین میں دیئے ہوئے صیغوں میں لاکر جملوں میں استعمال کیجئے:

یُحاسِبُ (مفرد مذکر) یُصاحِبُ (جمع مذکر) یُنادِي(مفرد مذکر) یُعایِشُ (مفرد مؤنث)

یُشَاهِدُ (مفرد مؤنث) یُطالِبُ (جمع مؤنث) یُعافِي(مفرد مذکر) یُسَاوِي (مثنی)

یُؤَاجِرُ (جمع مذکر) یُبَادِئُ(مفرد مذکر)

التمرین ۔ ۲

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔اے زید! نیکوں کو دوست بناؤ۔ ۲۔اے اللہ! ظالموں کو ان کے ظلم کا بدلہ دیجئے۔

۳۔اے عورتو! اپنے حقوق کا مطالبہ کرو۔ ۴۔استاد نے طلباء سے کہا: وقت پر آنے کی کوشش کرو۔

۵۔اے اللہ! ہمارا آسان حساب لیجئے۔ ۶۔اے زینب! اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ نرمی کا معاملہ کرو۔

۷۔ بڑھیا نے اپنے بیٹے سے کہا: اس خزانے کو گھر کے صحن میں دفن کردو۔

۸۔اے سلیم! اپنے دونوں بیٹوں کے درمیان برابری کرو، ایک کو دوسرے پر ترجیح نہ دو۔

۹۔ ماں نے اپنی بیٹی سے کہا: لوگوں کی خوشامد کرو اگر تم چاہتی ہو، لیکن تم انکو راضی نہیں کرسکو گی۔

۱۰۔ بزرگ نے اپنے مریدوں سے کہا: میرے ہاتھ پر اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کی بیعت کیجئے۔

المجهول من باب المفاعلة

الأمثلة:

أقسام الفعل	الماضي	المضارع		
الفعل الصحيح	فُوْعِلَ	يُفَاعَلُ	لَنْ يُفَاعَلَ	لَمْ يُفَاعَلْ
السالم	جُوْهِدَ	يُجَاهَدُ	لَنْ يُجَاهَدَ	لَمْ يُجَاهَدْ
مهموز الفاء	أُوْخِذَ	يُؤَاخَذُ	لَنْ يُؤَاخَذَ	لَمْ يُؤَاخَذْ
مهموز العين	سُوْئِلَ	يُسَاءَ لُ	لَنْ يُسَائَلَ	لَمْ يُسَائَلْ
مهموز اللام	دُوْرِئَ	يُدَارَأُ	لَنْ يُدَارَأَ	لَمْ يُدَارَأْ
المضعف	شُوْقَّ	يُشَاقُّ	لَنْ يُشَاقَّ	لَمْ يُشَاقَّ
المثال الواوي	وُوْزِنَ	يُوَازَنُ	لَنْ يُوَازَنَ	لَمْ يُوَازَنْ
المثال اليائي	يُوْسِرَ	يُيَاسَرُ	لَنْ يُيَاسَرَ	لَمْ يُيَاسَرْ
الأجوف الواوي	حُوْوِلَ	يُحَاوَلُ	لَنْ يُحَاوَلَ	لَمْ يُحَاوَلْ
الأجوف اليائي	بُوْيِعَ	يُبَايَعُ	لَنْ يُبَايَعَ	لَمْ يُبَايَعْ
الناقص الواوي	قُوْسِيَ	يُقَاسٰى	لَنْ يُقَاسٰى	لَمْ يُقَاسَ
الناقص اليائي	عُوْنِيَ	يُعَانٰى	لَنْ يُعَانٰى	لَمْ يُعَانَ

شرح وتفصیل:

۱۔ باب المفاعلة کے ماضی کو مجہول بنانے کے لئے حرف فاء کو ضمّہ دے دیا جاتا ہے، فاعَلَ کا الف زائدہ ضمہ کے بعد واقع ہونے کے سبب واو میں تبدیل ہو جاتا ہے: قَاتَلَ کا مجہول قُوْتِلَ اور دَارَأَ کا دُوْرِئَ بنتا ہے۔

۲۔ باب المفاعلة کے مضارع میں حسبِ قاعدہ حرف المضارَعة کو ضمّہ اور حرف عین کو فتحہ دے دیا جاتا ہے۔

۳۔ ماضی ناقص کا لام مفتوح ہوتا ہے: قَاسَى سے قُوْسِيَ اور عَانَى سے عُوْنِيَ بنے گا (گویا کہ ماضی مجہول معتل الآخر بالیاء ہوتا ہے)۔ مضارع کی یاء، عین مفتوحہ کے بعد واقع ہونے کے سبب الف میں تبدیل ہو جائیگی اگرچہ یہ الف یاء ہی کی صورت میں لکھا جائے گا: يُنَادِي يُنَادَى، يُبَاهِي يُبَاهَى۔

قاعدہ نمبر ۴۲:

باب المفا علة کا ماضی بنانے کے لئے فعل ثلاثی کے فاء کے بعد ایک الف کا اضافہ کر دیا جاتا ہے پس ماضی فَاعَلَ کے وزن پر بنتا ہے، مضارع يُفَاعِلُ کے وزن پر اور امر فَاعِلْ کے وزن پر بنتا ہے۔ مصدر مُفَاعَلَةٌ یا فِعَالٌ کے وزن پر ہوتا ہے۔

التمرين ۔ ۱

مندرجہ ذیل افعال کو مبني للمجهول بنا کر انکے بالکل اسی طرح جداول تیار کیجئے جس طرح سبق کے شروع میں جدول دیا ہوا ہے:

شاهَدَ جادَلَ طالَبَ آجَرَ فَاجَأَ واعَدَ ضَادَّ عايَنَ وَارَى بَاهَى

التمرين ۔ ۲

مندرجہ ذیل جملوں میں معروف افعال کو مجہول بنائیے:

١ ـ نَادَيْنَاكُمْ وَلٰكِنَّكُمْ لَمْ تُجِيبُوا.

٢ ـ يُوَاجِهُ أَحْمَدُ الْمَصَائِبَ بِالصَّبْرِ وَالجَلَدِ.

٣ ـ أَصَاحَبَكَ أَحَدٌ فِي سَفَرِكَ هٰذَا؟

٤ ـ إِذَا نَاقَشَكَ أَحَدٌ فِي أَمْرِ الدِّينِ فَالْزَمِ الصَّمْتَ.

٥ ـ يَنْبَغِي أَنْ لَّا تُجَاوِزُوا حُدُودَ الأَدَبِ.

٦ ـ عَايَنَ الطَّبِيبُ الْمَرِيضَ وَأَجْرَى لَهُ بَعْضَ الْفُحُوصِ.

٧ ـ سَوْفَ يُؤَاخِذُكُمُ الْمُدِيرُ بِفَعْلَتِكُمْ هٰذِهِ.

٨ ـ عَانَيْتُمُ الْمَتَاعِبَ وَكَابَدْتُّمُ الْمَشَاقَّ لِإِعْلَاءِ كَلِمَةِ اللّٰهِ.

٩ ـ لَا يَجُوزُ أَنْ تُجَافُوا الأَخِلَّاءَ وَتُعَادُوهُمْ.

١٠ ـ صَادَفْنَا زَيْنَبَ فِي الطَّرِيقِ وَسَأَلْنَاهَا عَنْ مَّوْعِدِ سَفَرِهَا.

التمرين ـ ۳

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ بادشاہ کو سپرد خاک کیا گیا۔
۲۔ کیا وہ نہیں سمجھتے کہ انکا کسی نہ کسی دن حساب کتاب ہوگا؟
۳۔ اس خطرے کو دفعہ کرنا کیسے ممکن ہے؟
۴۔ سختی کے وقت تمہاری مدد کی گئی اور تمہاری تنگی کو دور کیا گیا۔
۵۔ عنقریب ہر نفس کو اسکے کئے کا بدلہ دیا جائے گا۔
۶۔ تم سے ہرگز جنگ نہیں کی جائے گی الّا یہ کہ تم ہتھیار اٹھالو۔
۷۔ کیا اللہ کے راستے میں مشقتیں نہیں جھیلی گئیں؟
۸۔ رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر درخت کے نیچے بیعت کی گئی۔
۹۔ اسلامی ممالک کے نمائندوں سے مؤتمر میں ملا گیا۔
۱۰۔ دونوں بھائیوں کے درمیان وراثت میں برابری کی جانی چاہئے۔
۱۱۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی کھلم کھلا مخالفت کی گئی۔
۱۲۔ اگر دوست کو بار بار سرزنش کی جائے تو اسکی محبت سرد پڑ جاتی ہے۔
۱۳۔ اگر تم سے دشمنی شروع کی جائے تو اپنا دفاع کرو۔
۱۴۔ بچپن میں ہمارے ساتھ نرمی کا معاملہ کیا گیا پس ہم نے نرمی سیکھی۔
۱۵۔ چور کو دس منٹ قبل ٹریفک سگنل کے قریب دیکھا گیا۔
۱۶۔ کیا اللہ کی راہ میں ایسے جہاد کیا جا رہا ہے جیسا کہ جہاد کرنے کا حق ہے؟
۱۷۔ ہمیں اللہ تعالی کے فضل و رحمت سے عافیت بخشی گئی ہے۔
۱۸۔ جب جمعہ کے دن نماز کے لیے پکارا جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو۔
۱۹۔ اللہ تعالی کے اوامر کی خلاف ورزی کی گئی اور مقدس چیزوں کی بے حرمتی کی گئی۔
۲۰۔ اگر تمہارے ساتھ دشمنی کی جائے تو تمہیں چاہئے کہ ادب اور اخلاق کا دامن تھامے رہو۔

التمرين ـ ٤

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں سے بـاب الـمفـاعلة کے افعال ماضی، مضارع اور امر کی تعیین کیجئے نیز ان میں معروف اور مجہول افعال کی بھی شناخت کیجئے:

١ ـ وَهَل نُجازِي إِلَّا الْكَفُورَ.
٢ ـ وَإِنْ عَاقَبْتُم فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُم بِهِ.
٣ ـ وَلَا يُضَارَّ كَاتِبٌ وَّ لَا شَهِيدٌ.
٤ ـ حَتّٰى إِذَا سَاوٰى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوا.
٥ ـ وَقَاتِلُوهُم حَتّٰى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ.
٦ ـ يٰأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا.

٧ـ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِينَ. ٨ـ فَاعْفُ عَنْهُم وَاسْتَغْفِرْ لَهُم وَشَاوِرْهُم فِي الأَمْرِ.

٩ـ وَسَارِعُوا إِلَى مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ. ١٠ـ فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ أَنْ تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ.

١١ـ وَجَاهِدُوا فِي اللَّهِ حَقَّ جِهَادِهِ. ١٢ـ وَلَكِن لَّا تُوَاعِدُوهُنَّ سِرًّا إِلَّا أَنْ تَقُولُوا قَوْلًا مَّعْرُوفًا.

١٣ـ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيرًا. ١٤ـ إِنَّ الَّذِينَ يُنَادُونَكَ مِن وَّرَاءِ الْحُجُرَاتِ أَكْثَرُهُم لَا يَعْقِلُونَ.

١٥ـ إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِن يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ.

١٦ـ قَدْ سَمِعَ اللَّهُ قَوْلَ الَّتِي تُجَادِلُكَ فِي زَوْجِهَا وَتَشْتَكِي إِلَى اللَّهِ.

١٧ـ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُم. ١٨ـ قَالَ يَوَيْلَتَى أَعَجَزْتُ أَنْ أَكُونَ مِثْلَ هَذَا الْغُرَابِ فَأُوَارِيَ سَوْأَةَ أَخِي.

١٩ـ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِي هُوَ فِي بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهِ وَغَلَّقَتِ الأَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ.

٢٠ـ وَمَن يُّشَاقِقِ الرَّسُولَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدَى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّى وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ وَسَاءَتْ مَصِيرًا.

جداول

المضعف من باب المفاعلة

صيغ الأفعال	الماضي: المعروف	الماضي: المجهول	المضارع: المعروف	المضارع: المجهول
مفرد مذكر غائب	شَاقَّ	شُوْقَّ	يُشَاقُّ	يُشَاقُّ
مثنى مذكر غائب	شَاقَّا	شُوقَّا	يُشَاقَّانِ	يُشَاقَّانِ
جمع مذكر غائب	شَاقُّوْا	شُوْقُّوْا	يُشَاقُّوْنَ	يُشَاقُّوْنَ
مفرد مؤنث غائب	شَاقَّتْ	شُوْقَّتْ	تُشَاقُّ	تُشَاقُّ
مثنى مؤنث غائب	شَاقَّتَا	شُوْقَّتَا	تُشَاقَّانِ	تُشَاقَّانِ
جمع مؤنث غائب	شَاقَقْنَ	شُوْقِقْنَ	يُشَاقِقْنَ	يُشَاقَقْنَ

مفرد مذكر مخاطب	شَاقَقْتَ	شُوْقِقْتَ	تُشَاقُّ	تُشَاقُّ
مثنى مذكر مخاطب	شَاقَقْتُمَا	شُوْقِقْتُمَا	تُشَاقَّانِ	تُشَاقَّانِ
جمع مذكر مخاطب	شَاقَقْتُمْ	شُوْقِقْتُمْ	تُشَاقُّوْنَ	تُشَاقُّوْنَ
مفرد مؤنث مخاطب	شَاقَقْتِ	شُوْقِقْتِ	تُشَاقِّيْنَ	تُشَاقِّيْنَ
مثنى مؤنث مخاطب	شَاقَقْتُمَا	شُوْقِقْتُمَا	تُشَاقَّانِ	تُشَاقَّانِ
جمع مؤنث مخاطب	شَاقَقْتُنَّ	شُوْقِقْتُنَّ	تُشَاقِقْنَ	تُشَاقَقْنَ
مفرد متكلم	شَاقَقْتُ	شُوْقِقْتُ	أُشَاقُّ	أُشَاقُّ
جمع متكلم	شَاقَقْنَا	شُوْقِقْنَا	نُشَاقُّ	نُشَاقُّ

الأجوف من باب المفاعلة

	الماضي		المضارع	
صيغ الافعال	المعروف	المجهول	المعروف	المجهول
مفرد مذكر غائب	بَايَعَ	بُوْيِعَ	يُبَايِعُ	يُبَايَعُ
مثنى مذكر غائب	بَايَعَا	بُوْيِعَا	يُبَايِعَانِ	يُبَايَعَانِ
جمع مذكر غائب	بَايَعُوْا	بُوْيِعُوْا	يُبَايِعُوْنَ	يُبَايَعُوْنَ
مفرد مؤنث غائب	بَايَعَتْ	بُوْيِعَتْ	تُبَايِعُ	تُبَايَعُ
مثنى مؤنث غائب	بَايَعَتَا	بُوْيِعَتَا	تُبَايِعَانِ	تُبَايَعَانِ
جمع مؤنث غائب	بَايَعْنَ	بُوْيِعْنَ	يُبَايِعْنَ	يُبَايَعْنَ
مفرد مذكر مخاطب	بَايَعْتَ	بُوْيِعْتَ	تُبَايِعُ	تُبَايَعُ
مثنى مذكر مخاطب	بَايَعْتُمَا	بُوْيِعْتُمَا	تُبَايِعَانِ	تُبَايَعَانِ

جمع مذكر مخاطب	بَايَعْتُمْ	بُوْيِعْتُمْ	تُبَايِعُوْنَ	تُبَايَعُوْنَ
مفرد مؤنث مخاطب	بَايَعْتِ	بُوْيِعْتِ	تُبَايِعِيْنَ	تُبَايَعِيْنَ
مثنى مؤنث مخاطب	بَايَعْتُمَا	بُوْيِعْتُمَا	تُبَايِعَانِ	تُبَايَعَانِ
جمع مؤنث مخاطب	بَايَعْتُنَّ	بُوْيِعْتُنَّ	تُبَايِعْنَ	تُبَايَعْنَ
مفرد متكلم	بَايَعْتُ	بُوْيِعْتُ	أُبَايِعُ	أُبَايَعُ
جمع متكلم	بَايَعْنَا	بُوْيِعْنَا	نُبَايِعُ	نُبَايَعُ

الناقص من باب المفاعلة

	الماضي		المضارع	
صيغ الأفعال	المعروف	المجهول	المعروف	المجهول
مفرد مذكر غائب	عَافَى	عُوْفِيَ	يُعَافِي	يُعَافَى
مثنى مذكر غائب	عَافَيَا	عُوْفِيَا	يُعَافِيَانِ	يُعَافَيَانِ
جمع مذكر غائب	عَافَوْا	عُوْفُوْا	يُعَافُوْنَ	يُعَافَوْنَ
مفرد مؤنث غائب	عَافَتْ	عُوْفِيَتْ	تُعَافِي	تُعَافَى
مثنى مؤنث غائب	عَافَتَا	عُوْفِيَتَا	تُعَافِيَانِ	تُعَافَيَانِ
جمع مؤنث غائب	عَافَيْنَ	عُوْفِيْنَ	يُعَافِيْنَ	يُعَافَيْنَ
مفرد مذكر مخاطب	عَافَيْتَ	عُوْفِيْتَ	تُعَافِي	تُعَافَى
مثنى مذكر مخاطب	عَافَيْتُمَا	عُوْفِيْتُمَا	تُعَافِيَانِ	تُعَافَيَانِ
جمع مذكر مخاطب	عَافَيْتُمْ	عُوفِيْتُمْ	تُعَافُوْنَ	تُعَافَوْنَ
مفرد مؤنث مخاطب	عَافَيْتِ	عُوفِيْتِ	تُعَافِيْنَ	تُعَافَيْنَ

مثنى مؤنث مخاطب	عَافَيْتُمَا	عُوْفِيْتُمَا	تُعَافِيَانِ	تُعَافَيَانِ
جمع مؤنث مخاطب	عَافَيْتُنَّ	عُوفِيْتُنَّ	تُعَافِيْنَ	تُعَافَيْنَ
مفرد متكلم	عَافَيْتُ	عُوفِيْتُ	أُعَافِي	أُعَافَى
جمع متكلم	عَافَيْنَا	عُوْفِيْنَا	نُعَافِي	نُعَافَى

فعل الأمر			
صيغ الأفعال	المُضَعَّف	الأَجْوَف	النَّاقِص
مفرد مذكر	شَاقِّ	بَايِعْ	عَافِ
مثنى مذكر	شَاقَّا	بَايِعَا	عَافِيَا
جمع مذكر	شَاقُّوْا	بَايِعُوْا	عَافُوْا
مفرد مؤنث	شَاقِّي	بَايِعِي	عَافِي
مثنى مؤنث	شَاقَّا	بَايِعَا	عَافِيَا
جمع مؤنث	شَاقِقْنَ	بَايِعْنَ	عَافِيْنَ

معاني الكلمات

الأفعال(۱)

اردو	عربي	اردو	عربي
اس نے برداشت کیا	قاسٰی	کسی چیز سے دوچار ہوا	واجَهَ
اس نے بیعت کی	بایَعَ	وہ اچانک اس سے ملنے آیا	فَاجَأَهُ بِالزيارة
اس نے ہمدردی، دلجوئی کی	وَاسٰی	اس نے عافیت بخشی	عافٰی

(۱) معروف ومجہول کی تمرین اور امر کی تمرین کے تمام افعال کے معانی طلباء خود لغت میں تلاش کریں۔

اس نے پرواہ کی	بَالَى	وہ منافی یا مخالف ہوا	نافَى
اس نے پکارا	نَادَى	اس نے کسی کو دوست بنایا	والَى (فُلانًا)
اس نے دشمنی شروع کی	بادَأ (فلانًا) بالعُدْوان	اس نے خوشامد کی	دارَى
اس نے ملاقات کی	لاقَى	اس نے کسی چیز کا مطالبہ کیا	طالَبَ بِشَيْءٍ
اس نے جھیلا	عانَى	اس نے دوستی کی	صادَقَ
اس نے خلاف ورزی کی	خالَفَ عن، شاقَّ فلانًا	اس نے برابری کی	ساوٰى (بينَ شَخْصَيْنِ مَثَلًا)
اس نے موافقت کی	وَافَقَ فُلَانًا على شَيْءٍ	اس نے نرمی کا معاملہ کیا	عامَلَ (ہ) بِرِفْقٍ
اس نے موازنہ کیا	وازَنَ	اس نے جزا دی	جازَى
اس نے کسی کے ساتھ سختی کی	جافَى فلانا	اس نے کوشش کی	حاوَلَ
وہ مختلف ہوا	بايَنَ (فلانا)	اس نے حساب لیا	حاسَبَ
سرد پڑ گیا	فَتَرَ ـُ	اس نے دشمنی کی	عادَى (فلانًا)
بے حرمتی کی	انْتَهَكَ ، يَنْتَهِكُ	اس نے سرزنش کی	عاتَبَ
جہاد کا حق ادا کیا	جَاهَدَ (فيه) حَقَّ جِهادِهِ	اس نے جنگ کی	حَارَبَ (فلانًا)
تنگی دور کی	فَرَّجَ عنهُ	اسلحہ اٹھایا	حَمَلَ السِّلاحَ
دور کیا	دَارَأَ	اسے سپرد خاک کیا	وَارَاهُ التُّراب

عربي	اردو	عربي	اردو
جافَى	اس نے بے رخی کی	جاوزَ	تجاوز کیا
عايَنَ	اس نے معائنہ کیا، دیکھا	ناقَشَ فلانًا	اس نے فلاں سے بحث کی
كابَدْتُمُ الْمَشَاقَ	تم نے مشقتیں جھیلیں	صادفَ فلانًا	وہ فلاں سے اتفاقاً ملا

أجْرىٰ لـهُ بعضَ الْفُحُوصِ	اس نے اس کے بعض ٹیسٹ کرائے

الأسماء

اردو	عربي	اردو	عربي
سخت مشقت	عَناءٌ مُرٌّ	ٹریفک سگنل	إشاراتُ الْمُرُورِ
خوبیاں	مَحاسِنُ	کسی دن	يَوْمًا مَّا
برائیاں	مَساوِئ	مقدس چیزیں	الحُرُماتُ
وضعی قانون	القانونُ الْوَضْعِيُّ	بچپن	الطُّفُولَةُ ، نُعُومَةُ الأظْفَارِ
کھلم کھلا	عَلانِيَةً		

الدرس السابع عشر

الثلاثي المزيد بحرفين

١ ـ باب التفعل

الأمثلة:

أقسام الفعل	الماضي	المضارع المرفوع	المنصوب	المجزوم	المصدر
الفعل الصحيح السالم	تَفَعَّلَ	يَتَفَعَّلُ	لَنْ يَتَفَعَّلَ	لَمْ يَتَفَعَّلْ	تَفَعُّلاً
السالم(قبل)	تَقَبَّلَ	يَتَقَبَّلُ	لَنْ يَتَقَبَّلَ	لَمْ يَتَقَبَّلْ	تَقَبُّلاً
مهموز الفاء (أبد)	تَأَبَّدَ	يَتَأَبَّدُ	لَنْ يَتَأَبَّدَ	لَمْ يَتَأَبَّدْ	تَأَبُّدًا
مهموز العين (رأف)	تَرَأَّفَ	يَتَرَأَّفُ	لَنْ يَتَرَأَّفَ	لَمْ يَتَرَأَّفْ	تَرَؤُّفًا
مهموز اللام (بوأ)	تَبَوَّأَ	يَتَبَوَّأُ	لَنْ يَتَبَوَّأَ	لَمْ يَتَبَوَّأْ	تَبَوُّأً
المضعف (شق)	تَشَقَّقَ	يَتَشَقَّقُ	لَنْ يَتَشَقَّقَ	لَمْ يَتَشَقَّقْ	تَشَقُّقًا
المثال الواوي (وجه)	تَوَجَّهَ	يَتَوَجَّهُ	لَنْ يَتَوَجَّهَ	لَمْ يَتَوَجَّهْ	تَوَجُّهًا
المثال اليائي (يسر)	تَيَسَّرَ	يَتَيَسَّرُ	لَنْ يَتَيَسَّرَ	لَمْ يَتَيَسَّرْ	تَيَسُّرًا
الأجوف الواوي (قال)	تَقَوَّلَ	يَتَقَوَّلُ	لَنْ يَتَقَوَّلَ	لَمْ يَتَقَوَّلْ	تَقَوُّلًا
الأجوف اليائي (ماز)	تَمَيَّزَ	يَتَمَيَّزُ	لَنْ يَتَمَيَّزَ	لَمْ يَتَمَيَّزْ	تَمَيُّزًا
الناقص الواوي (خَلا)	تَخَلَّى	يَتَخَلَّى	لَنْ يَتَخَلَّى	لَمْ يَتَخَلَّ	تَخَلِّيًا
الناقص اليائي (بَقِيَ)	تَبَقَّى	يَتَبَقَّى	لَنْ يَتَبَقَّى	لَمْ يَتَبَقَّ	تَبَقِّيًا

شرح وتفصیل:

۱۔ باب التفعّل فعل ثلاثی سے پہلے تاء زائدہ لگانے اور حرف عین کو مشدّد کرنے سے بنتا ہے۔

۲۔ ماضی کے تمام حروف مفتوح ہوتے ہیں، اسی طرح مضارع کے بھی تمام حروف مفتوح ہوتے ہیں (حرف لام کے علاوہ جس پر اعرابی حرکت ظاہر ہوتی ہے)۔

۳۔ مصدر تَفَعُّل کے وزن پر بنتا ہے۔

۴۔ مضعّف میں ادغام ٹوٹ جاتا ہے اور حرف عین کو تشدید کے ذریعے مضعّف بنا دیا جاتا ہے لہذا شَقَّ سے تَشَقَّقَ اور مَدَّ سے تَمَدَّدَ کے صیغے نکلتے ہیں۔

۵۔ اجوف واوی میں واو لوٹ آتا ہے اور اجوف یائی میں یاء لوٹ آتی ہے پس قَالَ سے تَقَوَّلَ اور عَادَ سے تَعَوَّدَ کے صیغے نکلیں گے جبکہ مَازَ سے تَمَيَّزَ اور بَانَ سے تَبَيَّنَ بنے گا۔

۶۔ ماضی ناقص معتل الآخر بالألف ہوتا ہے (یہ الف یاء کی صورت میں لکھا جاتا ہے) خَلا سے تَخَلَّى، بَنَى سے تَبَنَّى اور رَقِي سے تَرَقَّى کے صیغے نکلتے ہیں۔

۷۔ مضارع حرف عین کے مفتوح ہونے کی وجہ سے معتل الآخر بالألف ہوتا ہے تَخَلَّى کا مضارع يَتَخَلَّى، تَبَنَّى کا يَتَبَنَّى اور تَرَقَّى کا يَتَرَقَّى ہوتا ہے۔

۸۔ ناقص کا مصدر محذوف اللام ہوتا ہے اور اسکے حرف عین پر کسرہ کی تنوین ہوتی ہے :تَخَلَّى کا مصدر تَخَلِّيًا، تَبَقَّى کا تَبَقِّيًا، تَغَذَّى کا تَغَذِّيًا ہے۔ان مصادر کے آخر میں جو یاء ہے وہ حالتِ رفع وجر میں حذف ہو جاتی ہے اور انہیں حالت رفع وجر میں کسرہ کی تنوین کے ساتھ یوں لکھا جاتا ہے: تَبَقٍّ، تَخَلٍّ، تَغَذٍّ۔ایسے اسماء منقوص (۱) کہلاتے ہیں۔

بعض خصائص هذا الباب:

۱۔ تفعّل کا صیغہ بعض اوقات فعّل کے جواب میں استعمال ہوتا ہے عَلَّمتُهُ فَتَعَلَّمَ، خَرَّجْتُهُ فَتَخَرَّجَ۔

۲۔ اس میں تدریج کے معنی بھی پائے جاتے ہیں:تَجَرَّعَ زَيْدٌ الدَّوَاءَ (زید نے دوا گھونٹ گھونٹ کر کے پی)، تَحَفَّظَ عَمْرٌو الدَّرْسَ (عمرو نے سبق تھوڑا تھوڑا کر کے یاد کیا) اسی طرح تَدَرَّسَ اور تَعَلَّمَ میں بھی تدریج کے معنی پائے جاتے ہیں۔

(۱) انکی تفصیل انشاء اللہ اسم الفاعل کے باب میں آئے گی۔

۳۔ باب التفعل میں تکلّف اور تصنّع کے معنی بھی پائے جاتے ہیں: تَشَجَّعَ زَیْدٌ (زید بہ تکلف بہادر بنا)۔

۴۔ بـاب الـتـفـعـل مصدر کے معنی کو پوری طرح اپنانے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے: تَـنَـصَّـرَ زَنْـجِیْـتُ (رنجیت نصرانی ہوگیا)۔

التمرین ۔ ۱

مندرجہ ذیل افعال ثلاثیہ کو بـاب الـتـفـعـل میں لایئے پھر انکے اسی طرح جداول تیار کیجئے جس طرح سبق کے شروع میں دیئے ہوئے ہیں:

عَلِمَ	دَخَلَ	حَدَثَ	عَجِبَ	أَثَرَ	أَلِفَ	وَحُشَ	أَجَّ	حَبَّ	وَفَى
وَسِخَ	يَقِظَ	جَلاَ	وَقَى	بَانَ	قَامَ	قَاءَ	مَشَى	وَطَنَ	سَلاَ

التمرین ۔ ۲

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ ہم فقہ اسلامی میں تخصص کرنا چاہتے ہیں۔

۲۔ گھر ویران ہوگئے ان کے بسنے والوں کی روانگی کے بعد۔

۳۔ کیسے ممکن ہے کہ ہم اس خطرے سے بچیں؟

۴۔ ہم فقہ شہر کے ایک بڑے مفتی سے حاصل کر رہے ہیں۔

۵۔ کام میں مہارت نہیں آتی مگر لمبی مشق کے بعد۔

۶۔ اے زید! اس سخت وقت میں اپنے دوست کا ساتھ مت چھوڑو۔

۷۔ بچے نے جب بھی کوئی چیز کھائی اس نے قے کردی۔

۸۔ میں کب سے خواہش کر رہا ہوں کہ مجھے دین سیکھنے کی توفیق ہو۔

۹۔ ہماری بچپن سے کام وقت پر کرنے کی عادت بن گئی۔

۱۰۔ ہم دوسروں کے معاملات میں ہرگز دخل اندازی نہیں کریں گے۔

۱۱۔ اگر تم بچوں پر سختی کروگی تو ان کے اندر ضد پیدا کروگی۔

۱۲۔ اے زید! دین ایسے شخص سے حاصل مت کرو جس کا کوئی اخلاق نہ ہو۔

۱۳۔ جو اللہ تعالی اور اس کے رسول سے دوستی رکھیں گے وہی لوگ کامیاب ہیں۔

۱۴۔ عنقریب حقیقتیں قیامت کے دن پوری تابناکی کے ساتھ روشن ہوجائیں گی۔

۱۵۔ میرے پاس اتنا مال نہیں ہے جو میں ایک نئے گھر کی تعمیر پر خرچ کروں۔

۱۶۔ اللہ تعالی انسانوں اور جنوں کو چیلنج کرتے ہیں کہ وہ اس قرآن جیسی کوئی کتاب لائیں۔

۱۷۔ کچھ مدت کے بعد مجھ پر یہ واضح ہوگیا کہ عملی تطبیق کے بغیر قواعد سیکھنے کا کوئی فائدہ نہیں۔

۱۸۔ بے شک! ان یہودیوں کے دلوں میں مسلمانوں کے خلاف نفرت اور حسرت کی آگ بھڑک رہی ہے۔

۱۹۔ واعظ نے لوگوں سے کہا: اگر تم اللہ تعالی کا قرب حاصل کرنا چاہتے ہو تو تمہیں نفس کے خلاف جہاد کرنا پڑے گا۔

۲۰۔ بے شک! تمہاری فلاح آخرت میں اس بات پر موقوف ہے کہ تم اس کے لئے کیا عمل آگے بھیجتے ہو اسے اللہ تعالی کیلئے خالص کرتے ہوئے۔

المجهول من باب التفعل

الأمثلة:

أقسام الفعل	الماضي	المضارع		
الفعل الصحيح	تُفُعِّلَ	يُتَفَعَّلُ	لَنْ يُتَفَعَّلَ	لَمْ يُتَفَعَّلْ
السالم	تُقُبِّلَ	يُتَقَبَّلُ	لَنْ يُتَقَبَّلَ	لَمْ يُتَقَبَّلْ
مهموز الفاء	تُؤُبِّدَ	يُتَأَبَّدُ	لَنْ يُتَأَبَّدَ	لَمْ يُتَأَبَّدْ
مهموز العين	تُرُئِّفَ	يُتَرَأَّفُ	لَنْ يُتَرَأَّفَ	لَمْ يُتَرَأَّفْ
مهموز اللام	تُبُوِّئَ	يُتَبَوَّأُ	لَنْ يُتَبَوَّأَ	لَمْ يُتَبَوَّأْ
المضعف	تُشُقِّقَ	يُتَشَقَّقُ	لَنْ يُتَشَقَّقَ	لَمْ يُتَشَقَّقْ
المثال الواوي	تُوُجِّهَ	يُتَوَجَّهُ	لَنْ يُتَوَجَّهَ	لَمْ يُتَوَجَّهْ
المثال اليائي	تُيُسِّرَ	يُتَيَسَّرُ	لَنْ يُتَيَسَّرَ	لَمْ يُتَيَسَّرْ
الأجوف الواوي	تُقُوِّلَ	يُتَقَوَّلُ	لَنْ يُتَقَوَّلَ	لَمْ يُتَقَوَّلْ
الأجوف اليائي	تُمُيِّزَ	يُتَمَيَّزُ	لَنْ يُتَمَيَّزَ	لَمْ يُتَمَيَّزْ
الناقص الواوي	تُخُلِّيَ	يُتَخَلَّى	لَنْ يُتَخَلَّى	لَمْ يُتَخَلَّ
الناقص اليائي	تُبُقِّيَ	يُتَبَقَّى	لَنْ يُتَبَقَّى	لَمْ يُتَبَقَّ

شرح وتفصیل:

۱۔ باب التفعل کے ماضی کو مجہول بنانے کے لئے تاء زائدہ اور حرف فاء دونوں کو ضمّہ اور حرف عین کو کسرہ دے دیا جاتا ہے: تَقَبَّلَ سے تُقُبِّلَ اور تَعَلَّمَ سے تُعُلِّمَ بنتا ہے۔

۲۔ مضارع کو مجہول بنانے کے لئے حرف المضارعة کو ضمّہ دے دیا جاتا ہے: یَتَقَبَّلُ سے یُتَقَبَّلُ اور یَتَعَلَّمُ سے یُتَعَلَّمُ بنتا ہے۔

۳۔ ماضی ناقص معتل الآخر بالیاء ہوتا ہے: تَخَلَّی سے تُخُلِّيَ اور تَبَقَّی سے تُبُقِّيَ بنتا ہے۔

۴۔ مضارع ناقص معتل الآخر بالألف ہوگا: یَتَخَلَّی سے یُتَخَلَّی، یَتَبَقَّی سے یُتَبَقَّی اور یَتَوَفَّی سے یُتَوَفَّی بنتا ہے۔

التمرین ۔ ۱

مندرجہ ذیل معروف افعال کو مجہول بنا کر ان کے بالکل اسی طرح جداول تیار کریں جس طرح سبق کے شروع میں جدول دیا ہوا ہے:

تَحَقَّقَ تَجَرَّعَ تَوَهَّمَ تَوَلَّی تَوَفَّی تَحَوَّلَ تَجَرَّأَ تَجَنَّبَ تَيَقَّنَ تَرَجَّی

التمرین ۔ ۲

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ اس سے خیر کی توقع نہیں کی جاسکتی۔
۲۔ فجر کی نماز کے فوراً بعد سفر کی تیاری کی گئی۔
۳۔ خط دو مہینوں کے بعد وصول ہوئے۔
۴۔ جب تمہارا وقت آئے گا تمہیں اٹھالیا جائے گا۔
۵۔ علم کتابوں سے حاصل نہیں کیا جاتا۔
۶۔ کیا اس عاجز وناتواں سے مدد کی توقع کی جاتی ہے؟(تَرَجّی)
۷۔ اس معمہ کو گہرائی تک نہیں پہنچایا گیا۔
۸۔ باطل کو حق سمجھا جاتا ہے جب دل اندھے ہوجائیں۔
۹۔ کیا دوستوں کا ساتھ چھوڑا جاسکتا ہے؟
۱۰۔ کیا تم اس بات سے نہیں ڈرتے کہ تمہارے اعمال قبول نہ کئے جائیں؟
۱۱۔ یہ ایسی چیز نہیں جس سے تعجب کیا جائے۔
۱۲۔ کیا مالک الملک کو بھلایا جاتا ہے اور دنیا کے بادشاہوں سے محبت کا اظہار کیا جاتا ہے؟

فعل الأمر

الأمثلة:

الفعل الصحيح	تَفَعَّلْ	المثال الواوي	تَوَجَّهْ
السالم	تَقَبَّلْ	المثال اليائي	تَيَسَّرْ
مهموز الفاء	تَأَيَّدْ	الأجوف الواوي	تَقَوَّلْ
مهموز العين	تَرَأَّفْ	الأجوف اليائي	تَمَيَّزْ
مهموز اللام	تَبَوَّأْ	الناقص الواوي	تَخَلَّ
المضعف	تَشَقَّقْ	الناقص اليائي	تَبَقَّ

شرح وتفصیل:

۱۔ باب التفعل کا امر تَفَعَّلْ کے وزن پر ہوتا ہے۔

۲۔ ناقص کے امر میں حسبِ قاعدہ حرف لام محذوف ہوتا ہے۔

قاعدہ نمبر۴۳:

باب التفعل کا ماضی بنانے کے لئے فعل ثلاثی کے فاء سے پہلے تاء زائدہ کا اضافہ کر دیا جاتا ہے اور عین کو مشدد کر دیا جاتا ہے۔ اس طرح ماضی تَفَعَّلَ کے وزن پر بنتا ہے اور مضارع یَتَفَعَّلُ کے وزن پر بنتا ہے اور امر تَفَعَّلْ کے وزن پر بنتا ہے۔ مصدر تَفَعُّلٌ کے وزن پر ہوتا ہے۔

التمرين ۔ ۱

مندرجہ ذیل افعال مضارعہ سے افعال امر بنائیے پھر ان افعال امر کو قوسین میں دیئے ہوئے صیغوں میں لا کر جملوں میں استعمال کیجئے:

يَتَوَفَّى (مفرد مذکر)　　يَتَحَدَّثُ (جمع مذکر)　　يتَحَدَّى (جمع مذکر)　　يَتَلَقَّى (مفرد مؤنث)

يَتَجَنَّبُ (مثنی) يَتَأَكَّدُ (مفرد مذکر) يَتَعَوَّدُ (مفرد مؤنث) يَتَيَقَّنُ (جمع مذکر)

يَتَغَطَّى (جمع مؤنث) يَتَيَقَّظُ (جمع مذکر)

التمرين ـ ۲

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔میری بہنو! قرآن کریم کی زبان سیکھو۔

۲۔میں نے بچوں سے کہا: فوراً اٹھو اور سفر کی تیاری کرو۔

۳۔اے عائشہ! اپنی بری عادت کو چھوڑ دو۔

۴۔اے زید! آہستہ بات کرو تا کہ سب تمھاری بات سمجھ سکیں۔

۵۔اے لڑکیو! جھوٹ اور غیبت سے اجتناب کرو۔

۶۔استاد نے اپنے شاگردوں سے کہا: تم سب تفسیر میں تخصص کرو۔

۷۔باپ نے اپنے بیٹوں سے کہا: اس کام کی فکر کرو۔

۸۔میں نے سلیم سے کہا: گھر سے نکلنے سے پہلے سفر کا صحیح وقت معلوم کرلو۔

۹۔میں نے زینب سے کہا: بوسنیا کی اس یتیم بچی کو پال لو اللہ تمھیں بہترین اجر دیں گے۔

۱۰۔نرس نے مریضہ سے کہا: اس دوا کو دن میں تین مرتبہ گھونٹ گھونٹ کر کے پی لیا کرو۔

التمرين ـ ۳

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں سے باب تفعُّل کے افعال ماضی، مضارع اور امر کی شناخت کیجئے نیز معروف اور مجہول بھی بتائیے:

١ ـ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى.

٢ ـ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنهُ.

٣ ـ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا.

٤ ـ وَأَنهارٌ مِن لَبَنٍ لَم يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ.

٥ ـ فَأَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى.

٦ ـ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الأنفُسَ حِينَ مَوتِهَا.

٧ ـ فَأَنْتَ لَهُ تَصَدّٰى.

٨ ـ فَأَصبَحَ فِي الْمَدِينَةِ خائِفًا يَّتَرَقَّبُ.

٩ ـ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ.

١٠ ـ تَبَرَّأْنَا إِلَيْكَ مَا كَانُوا إِيَّانَا يَعْبُدُونَ.

١١ ـ وَالنَّهارِ إِذَا تَجَلّٰى.

١٢ ـ فَلَمَّا تَغَشَّاهَا حَمَلَتْ حَمْلاً خَفِيفًا.

١٣ ـ وَالصُّبحِ إِذَا تَنَفَّسَ.

١٤ ـ وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُم وَلَا يَنْفَعُهُم.

١٥ ـ فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا.

١٦ ـ وَلَن يَّتَمَنَّوهُ أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيْهِم.

١٧ ـ قَالُوا إِنَّا تَطَيَّرنَا بِكُم.
١٨ ـ ذَرْهُمْ يَأْكُلُوا وَيَتَمَتَّعُوا وَيُلهِهِمُ الأَملُ.
١٩ ـ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ.
٢٠ ـ وَالَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنهُم لَهُ عَذَابٌ عَظِيْمٌ.
٢١ ـ نَتَبَوَّأُ مِنهَا حَيْثُ نَشَاءُ.
٢٢ ـ وَلَقَد وَصَّلنَا لَهُمُ الْقَولَ لَعَلَّهُم يَتَذَكَّرُونَ.
٢٣ ـ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ.
٢٤ ـ فَتُقُبِّلَ مِنْ أَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْآخَرِ.
٢٥ ـ فَهُمْ فِي رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُونَ.
٢٦ ـ يَا بَنِيَّ اذْهَبُوا فَتَحَسَّسُوا مِن يُوسُفَ وَأَخِيهِ.
٢٧ ـ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ.
٢٨ ـ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ.
٢٩ ـ الَّذِي يُؤتِي مَالَهُ يَتَزَكّٰى.
٣٠ ـ أَنْ تَقُومُوا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوا مَا بِصَاحِبِكُم مِّن جِنَّةٍ.
٣١ ـ يَتَجَرَّعُه وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهُ.
٣٢ ـ إِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيَانِ عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيدٌ.
٣٣ ـ وَمَا يُغْنِي عَنْهُ مَالُهُ إِذَا تَرَدّٰى.
٣٤ ـ وَمَن يَتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالإِيمَانِ فَقَد ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ.
٣٥ ـ يَومَ تَشَقَّقُ السَّمَاءُ بِالغَمَامِ.
٣٦ ـ وَلَو تَقَوَّلَ عَلَينَا بَعضَ الأَقَاوِيلِ لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِاليَمِينِ.
٣٧ ـ فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ القُرآنِ.
٣٨ ـ فَلَولَا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرقَةٍ مِّنهُم طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ.
٣٩ ـ تَنَزَّلُ المَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا. (١)
٤٠ ـ مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِنَ الْأَعْرَابِ أَنْ يَتَخَلَّفُوا عَن رَّسولِ اللّٰهِ.

جداول

المضعف من باب التفعّل

صيغ الأفعال	الماضي		المضارع	
	المعروف	المجهول	المعروف	المجهول
مفرد مذكر غائب	تَخَصَّصَ	تُخُصِّصَ	يَتَخَصَّصُ	يُتَخَصَّصُ
مثنى مذكر غائب	تَخَصَّصَا	تُخُصِّصَا	يَتَخَصَّصَانِ	يُتَخَصَّصَانِ
جمع مذكر غائب	تَخَصَّصُوْا	تُخُصِّصُوْا	يَتَخَصَّصُوْنَ	يُتَخَصَّصُوْنَ

(١) باب التفعل کی تاء کو مضارع میں حذف کرنا جائز ہے۔

مفرد مؤنث غائب	تَخَصَّصَتْ	تُخُصِّصَتْ	تَتَخَصَّصُ	تُتَخَصَّصُ
مثنى مؤنث غائب	تَخَصَّصَتَا	تُخُصِّصَتَا	تَتَخَصَّصَانِ	تُتَخَصَّصَانِ
جمع مؤنث غائب	تَخَصَّصْنَ	تُخُصِّصْنَ	يَتَخَصَّصْنَ	يُتَخَصَّصْنَ
مفرد مذكر مخاطب	تَخَصَّصْتَ	تُخُصِّصْتَ	تَتَخَصَّصُ	تُتَخَصَّصُ
مثنى مذكر مخاطب	تَخَصَّصْتُمَا	تُخُصِّصْتُمَا	تَتَخَصَّصَانِ	تُتَخَصَّصَانِ
جمع مذكر مخاطب	تَخَصَّصْتُمْ	تُخُصِّصْتُمْ	تَتَخَصَّصُوْنَ	تُتَخَصَّصُوْنَ
مفرد مؤنث مخاطب	تَخَصَّصْتِ	تُخُصِّصْتِ	تَتَخَصَّصِيْنَ	تُتَخَصَّصِيْنَ
مثنى مؤنث مخاطب	تَخَصَّصْتُمَا	تُخُصِّصْتُمَا	تَتَخَصَّصَانِ	تُتَخَصَّصَانِ
جمع مؤنث مخاطب	تَخَصَّصْتُنَّ	تُخُصِّصْتُنَّ	تَتَخَصَّصْنَ	تُتَخَصَّصْنَ
مفرد متكلم	تَخَصَّصْتُ	تُخُصِّصْتُ	أَتَخَصَّصُ	أُتَخَصَّصُ
جمع متكلم	تَخَصَّصْنَا	تُخُصِّصْنَا	نَتَخَصَّصُ	نُتَخَصَّصُ

الأجوف من باب التفعّل

صيغ الأفعال	الماضي		المضارع	
	المعروف	المجهول	المعروف	المجهول
مفرد مذكر غائب	تَقَوَّلَ	تُقُوِّلَ	يَتَقَوَّلُ	يُتَقَوَّلُ
مثنى مذكر غائب	تَقَوَّلَا	تُقُوِّلَا	يَتَقَوَّلَانِ	يُتَقَوَّلَانِ
جمع مذكر غائب	تَقَوَّلُوْا	تُقُوِّلُوْا	يَتَقَوَّلُوْنَ	يُتَقَوَّلُوْنَ
مفرد مؤنث غائب	تَقَوَّلَتْ	تُقُوِّلَتْ	تَتَقَوَّلُ	تُتَقَوَّلُ
مثنى مؤنث غائب	تَقَوَّلَتَا	تُقُوِّلَتَا	تَتَقَوَّلَانِ	تُتَقَوَّلَانِ

جمع مؤنث غائب	تَقَوَّلْنَ	تُقُوِّلْنَ	يَتَقَوَّلْنَ	يُتَقَوَّلْنَ
مفرد مذكر مخاطب	تَقَوَّلْتَ	تُقُوِّلْتَ	تَتَقَوَّلُ	تُتَقَوَّلُ
مثنى مذكر مخاطب	تَقَوَّلْتُمَا	تُقُوِّلْتُمَا	تَتَقَوَّلَانِ	تُتَقَوَّلَانِ
جمع مذكر مخاطب	تَقَوَّلْتُمْ	تُقُوِّلْتُمْ	تَتَقَوَّلُوْنَ	تُتَقَوَّلُوْنَ
مفرد مؤنث مخاطب	تَقَوَّلْتِ	تُقُوِّلْتِ	تَتَقَوَّلِيْنَ	تُتَقَوَّلِيْنَ
مثنى مؤنث مخاطب	تَقَوَّلْتُمَا	تُقُوِّلْتُمَا	تَتَقَوَّلَانِ	تُتَقَوَّلَانِ
جمع مؤنث مخاطب	تَقَوَّلْتُنَّ	تُقُوِّلْتُنَّ	تَتَقَوَّلْنَ	تُتَقَوَّلْنَ
مفرد متكلم	تَقَوَّلْتُ	تُقُوِّلْتُ	أَتَقَوَّلُ	أُتَقَوَّلُ
جمع متكلم	تَقَوَّلْنَا	تُقُوِّلْنَا	نَتَقَوَّلُ	نُتَقَوَّلُ

الناقص من باب التفعّل

صيغ الأفعال	الماضي		المضارع	
	المعروف	المجهول	المعروف	المجهول
مفرد مذكر غائب	تَخَلَّى	تُخُلِّيَ	يَتَخَلَّى	يُتَخَلَّى
مثنى مذكر غائب	تَخَلَّيَا	تُخُلِّيَا	يَتَخَلَّيَانِ	يُتَخَلَّيَانِ
جمع مذكر غائب	تَخَلَّوْا	تُخُلُّوْا	يَتَخَلَّوْنَ	يُتَخَلَّوْنَ
مفرد مؤنث غائب	تَخَلَّتْ	تُخُلِّيَتْ	تَتَخَلَّى	تُتَخَلَّى
مثنى مؤنث غائب	تَخَلَّتَا	تُخُلِّيَتَا	تَتَخَلَّيَانِ	تُتَخَلَّيَانِ
جمع مؤنث غائب	تَخَلَّيْنَ	تُخُلِّيْنَ	يَتَخَلَّيْنَ	يُتَخَلَّيْنَ
مفرد مذكر مخاطب	تَخَلَّيْتَ	تُخُلِّيْتَ	تَتَخَلَّى	تُتَخَلَّى

مثنى مذكر مخاطب	تَخَلَّيْتُمَا	تُخُلِّيْتُمَا	تَتَخَلَّيَانِ	تُتَخَلَّيَانِ
جمع مذكر مخاطب	تَخَلَّيْتُمْ	تُخُلِّيْتُمْ	تَتَخَلَّوْنَ	تُتَخَلَّوْنَ
مفرد مؤنث مخاطب	تَخَلَّيْتِ	تُخُلِّيْتِ	تَتَخَلَّيْنَ	تُتَخَلَّيْنَ
مثنى مؤنث مخاطب	تَخَلَّيْتُمَا	تُخُلِّيْتُمَا	تَتَخَلَّيَانِ	تُتَخَلَّيَانِ
جمع مؤنث مخاطب	تَخَلَّيْتُنَّ	تُخُلِّيْتُنَّ	تَتَخَلَّيْنَ	تُتَخَلَّيْنَ
مفرد متكلم	تَخَلَّيْتُ	تُخُلِّيْتُ	أَتَخَلَّى	أُتَخَلَّى
جمع متكلم	تَخَلَّيْنَا	تُخُلِّيْنَا	نَتَخَلَّى	نُتَخَلَّى

الأمر من باب التفعل

صيغ الأفعال	المضعف	الأجوف	الناقص
مفرد مذكر	تَخَصَّصْ	تَقَوَّلْ	تَخَلَّ
مثنى مذكر	تَخَصَّصَا	تَقَوَّلَا	تَخَلَّيَا
جمع مذكر	تَخَصَّصُوْا	تَقَوَّلُوا	تَخَلَّوا
مفرد مؤنث	تَخَصَّصِي	تَقَوَّلِي	تَخَلَّي
مثنى مؤنث	تَخَصَّصَا	تَقَوَّلَا	تَخَلَّيَا
جمع مؤنث	تَخَصَّصْنَ	تَقَوَّلْنَ	تَخَلَّيْنَ

معاني الكلمات

الأفعال

اردو	عربي	اردو	عربي
اس کی عادت بن گئی	تَعَوَّدَ	اس نے چھوڑا	تَخَلَّى عن
وہ بچا	تَوَقَّى	اس نے خواہش کی	تَمَنَّى

اردو	عربي	اردو	عربي
اس کو توفیق ہوئی	وُفِّقَ	اس نے دوستی رکھی	تَوَلّٰى
اس نے چیلنج کیا	تَحَدّٰی	اس نے حاصل کیا	تَلَقّٰى
اس نے قے کی	تَقَيَّأَ	وہ روشن ہوا	تَجَلّٰى
اس نے سختی کی	تَشَدَّدَ	اس نے ضد پیدا کی	وَلَّدَ الْعِنادَ
اتنا (مال) ہے	تَبَقّٰى	(آگ) بھڑکی	تَأَجَّجَ
اس نے دخل اندازی کی	تَدَخَّلَ	اس نے تخصص کیا	تَخَصَّصَ
(کام میں مہارت) آئی	تَأَتّٰى	موقوف ہے	تَوَقَّفَ عَلَى
وہ ویران ہوگیا	تَوَحَّشَ	اس نے قرب حاصل کیا	تَقَرَّبَ
اس نے وصول کیا	تَلَقّٰى	اس نے محبت کا اظہار کیا	تَحَبَّبَ إلى
اس نے قبول کیا	تَقَبَّلَ	وہ گہرائی تک پہنچا	تَعَمَّقَ
اس نے (حق کو) باطل سمجھا	تَوَهَّمَ	اس نے اٹھا لیا (موت دی)	تَوَفّٰى
اس نے تیاری کی	تَأَهَّبَ	اس نے صحیح معلوم کیا	تَأَكَّدَ
اس نے پالا	تَبَنّٰى	اس نے اجتناب کیا	تَجَنَّبَ
اس نے فکر کی	تَصَدّٰى لِ		

الأسماء

اردو	عربي	اردو	عربي
کام جلدی کرنا	التَّبْكِيْرُ إلَى الْعَمَلِ	سخت دن	يَوْمٌ عَصِيبٌ
کب سے	طَالَمَا	پوری تابناکی	واضِحَةٌ ساطِعَةٌ
ان کے اندر	في نُفُوسِهِم	ضد	الْعِنادُ
نفرت اور حسرت	حِقْدٌ	مہارت	إتْقَان
مشق	مُمارَسَةٌ	تمہارا وقت	أجَلُكَ

الدرس الثامن عشر

٢ ـ باب الافتعال

الأمثلة:

أقسام الفعل	الماضي	المضارع المرفوع	المنصوب	المجزوم	المصدر
الفعل الصحيح	افْتَعَلَ	يَفْتَعِلُ	لن يَفْتَعِلَ	لم يَفْتَعِلْ	افْتِعَالًا
السالم (فتح)	افْتَتَحَ	يَفْتَتِحُ	لن يَفْتَتِحَ	لم يَفْتَتِحْ	افْتِتَاحًا
(صبر)	اصْطَبَرَ	يَصْطَبِرُ	لن يَصْطَبِرَ	لم يَصْطَبِرْ	اصْطِبَارًا
مهموز الفاء (أمر)	ائْتَمَرَ	يَأْتَمِرُ	لن يَأْتَمِرَ	لم يَأْتَمِرْ	ائْتِمَارًا
مهموز العين (رأس)	ارْتَأَسَ	يَرْتَئِسُ	لن يَرْتَئِسَ	لم يَرْتَئِسْ	ارْتِئَاسًا
مهموز اللام (ملأ)	امْتَلَأَ	يَمْتَلِئُ	لن يَمْتَلِئَ	لم يَمْتَلِئْ	امْتِلَاءً
المضعف (بلّ)	ابْتَلَّ	يَبْتَلُّ	لن يَبْتَلَّ	لم يَبْتَلَّ	ابْتِلَالًا
(ضرّ)	اضْطَرَّ	يَضْطَرُّ	لن يَضْطَرَّ	لم يَضْطَرَّ	اضْطِرَارًا
المثال الواوي (وحد)	اتَّحَدَ	يَتَّحِدُ	لن يَتَّحِدَ	لم يَتَّحِدْ	اتِّحَادًا
المثال اليائي (يسر)	اتَّسَرَ	يَتَّسِرُ	لن يَتَّسِرَ	لم يَتَّسِرْ	اتِّسَارًا
الأجوف الواوي (جاز)	اجْتَازَ	يَجْتَازُ	لن يَجْتَازَ	لم يَجْتَزْ	اجْتِيَازًا
الأجوف اليائي (خار)	اخْتَارَ	يَخْتَارُ	لن يَخْتَارَ	لم يَخْتَرْ	اخْتِيَارًا
الناقص الواوي (دعا)	ادَّعَى	يَدَّعِي	لن يَدَّعِيَ	لم يَدَّعِ	ادِّعَاءً
(رجا)	ارْتَجَى	يَرْتَجِي	لن يَرْتَجِيَ	لم يَرْتَجِ	ارْتِجَاءً
الناقص اليائي (شرى)	اشْتَرَى	يَشْتَرِي	لن يَشْتَرِيَ	لم يَشْتَرِ	اشْتِرَاءً

شرح وتفصیل:

۱۔فعل ثلاثی کے شروع میں الف مکسورہ اور حرف فاء کے بعد تاء لگا دینے سے افْتَعَلَ کا باب بنتا ہے۔

۲۔ ماضی میں حرف فاء ساکن ہوتا ہے اور حرف عین پر فتحہ ہوتا ہے۔

۳۔مضارع میں حرف المضارعة پر فتحہ، تاء زائدہ پر فتحہ اور حرف عین پر کسرہ ہوتا ہے۔

۴۔مصدر افتِعَال کے وزن پر بنتا ہے (بِکَسْرِ الْهَمْزَةِ وَسُکُوْنِ الفَاءِ وکَسْرِ التاءِ)۔

۵۔اگر ثلاثی کا حرف فاء صاد، ضاد، طاء یا ظاء ہو تو افْتَعَلَ کی تاء کو طاء میں بدل دیتے ہیں، یہ تبدیلی ماضی، مضارع، مصدر اور مُشْتَقَّاتُ الْمَصْدَر سب میں ہوتی ہے: صَبَرَ سے اصْطَبَرَ (اصل میں اصْتَبَرَ تھا)، طَرَدَ سے اطَّرَدَ (اصل میں اطْتَرَدَ تھا) اگر ثلاثی کا حرف فاء (دال، ذال یا زاء) ہو تو افْتَعَلَ کی تاء دال میں بدل جاتی ہے، یہ تبدیلی بھی ماضی، مضارع، مصدر اور تمام مشتقات المصدر میں ظاہر ہوتی ہے: زَرَی سے ازْدَرَی (اصل میں ازْتَرَی تھا)، زَجَرَ سے ازْدَجَر (اصل میں ازْتَجَرَ تھا)۔

۶۔فعل مثال میں جب واو یا یاء تاء الافتعال سے پہلے آتے ہیں تو تاء میں بدل جاتے ہیں، یہ تبدیلی ماضی، مضارع، مصدر اور تمام مشتقات المصدر میں ملحوظ رکھی جاتی ہے: وَصَلَ سے اتَّصَلَ (جبکہ یہ اصل میں اوْتَصَلَ تھا)، یَسَرَ سے اتَّسَرَ (دراصل یہ ایْتَسَرَ تھا)۔

۷۔اجوف میں حرف عین یعنی واو یا یاء الف میں بدل جاتا ہے: جَازَ سے اجْتَازَ بنتا ہے (اصل میں اجْتَوَزَ تھا واو فتحہ کے بعد واقع ہونے کے سبب الف میں تبدیل ہوگیا)۔ اسی طرح خَارَ سے اخْتَارَ بنتا ہے (اصل میں اخْتَيَرَ تھا یاء فتحہ کے بعد واقع ہونے کے سبب الف میں تبدیل ہوگئی)۔ اجوف واوی کے مصدر میں واو کسرہ کے بعد واقع ہونے کے سبب یاء میں تبدیل ہو جاتا ہے: اجْتَازَ کا مصدر اجْتِيَاز ہے (دراصل یہ اجْتِوَاز تھا)۔

۸۔ ماضی ناقص معتل الآخر بالألف ہوتا ہے: شَرَی سے اشْتَرَی، صَلِيَ سے اصْطَلَی اور دَعَا سے ادَّعَی بنتا ہے۔ مضارع ناقص معتل الآخر بالیاء ہوتا ہے: یَشْتَرِي، یَصْطَلِي، یَدَّعِي۔ ناقص کے مصدر کے آخر میں ہمزہ آتا ہے: اشْتَرَی کا مصدر اشْتِراءٌ ہے، (یہ اصل میں اشْتِرايٌ تھا یاء کلمہ کے آخر میں جب الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی تو ہمزہ میں تبدیل ہوگئی)۔ اسی طرح ارْتَجَی کا مصدر ارْتِجاءٌ ہے، (یہ اصل میں ارتِجاوٌ تھا واو بھی جب الف زائدہ کے بعد واقع

ہوتا ہے تو ہمزہ میں تبدیل ہو جاتا ہے)۔

بعض خصائص هذا الباب:

ا۔مطاوعت فَعَلَ یا فعَّل: نَشَرْتُهُ فَانْتَشَرَ (میں نے اسے پھیلایا پس وہ پھیل گیا)، حَمَّلْتُهُ فَاحْتَمَلَ (میں نے اس پر بوجھ لادا تو وہ لد گیا)۔

۲۔کسی چیز کو مصدری معنی دینا یا مصدری معنی لینا بھی باب الافتعال کی خصوصیات میں سے ہے۔ اِحْتَجَرَ الْفَأرُ (چوہے نے بل بنایا)۔

۳۔ باب الافتعال لازم بھی ہوسکتا ہے اور متعدی بھی۔

التمرين ۔ ۱

مندرجہ ذیل افعال ثلاثیہ کو باب الافتعال میں لایئے پھر انکے اسی طرح جداول تیار کیجئے جس طرح سبق کے شروع میں دیئے ہوئے ہیں:

نَشَرَ عَرَضَ عَمَدَ جَنُبَ أَمِنَ لَجَأَ بَدَأَ حَجَّ

عَلَا وَزَنَ صَفَا صَادَ كَالَ خَفِيَ شَكَا

التمرين ۔ ۲

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

ا۔میری ذمہ داری ابھی تک ختم نہیں ہوئی۔

۲۔صدر کے مرنے کے بعد ملک کے حالات مضطرب ہو گئے۔

۳۔ میں نے اللہ کے علاوہ کسی سے شکوہ نہیں کیا۔

۴۔اے عورتو! کیا تم اپنی مشکل کے لئے یہ حل پسند نہیں کرتیں؟[۱]

۵۔ابھی تک دونوں جماعتیں باہم متفق نہیں ملیں۔

۶۔پچھلے دس سالوں میں عربی زبان سیکھنے پر لوگوں کی توجہ بڑھ گئی۔

۷۔ میرے والد حکومت کے کئی عہدوں پر فائز رہے۔

۸۔ جب بارش تیز ہوگئی تو مسافروں نے پہاڑ کے ایک غار میں پناہ لی۔

۹۔ حالات نے مجھے میری املاک بیچنے پر مجبور کیا ہے۔

۱۰۔کتب خانہ سے میں نے فقہ اسلامی پر ایک کتاب کے علاوہ کچھ نہیں چنا[۲]۔

(۱) اِرْتَضٰی (۲) اِخْتَارَ

۱۱۔اپنی آخرت سے بے پرواہ ہوکر دنیا کی فکر نہ کرو۔ ۱۲۔آپ سب اس بات کا کیوں دعوی کرتے ہیں جس کو آپ پورا نہیں کر سکتے؟

۱۳۔کوئی بھی نہیں ہے جو زید کے اخلاق سے بیزار نہ ہو۔ ۱۴۔ہم نے جنگل میں ایک ہرن اور ایک خرگوش کے علاوہ کسی چیز کا شکار نہیں کیا۔

۱۵۔بائع نے مشتری سے کہا: اگر تم اس گھوڑے میں کسی عیب پر مطلع ہو تو مجھے بتا دینا۔

۱۶۔ جو اپنے دین سے پھر جائے اور کفر پر مرے اسے اللہ تعالی کبھی معاف نہیں کریں گے۔

۱۷۔ہم زید کی مدد کے محتاج نہیں رہے جب کہ اللہ تعالی نے ہمیں اپنے فضل سے غنی کر دیا۔

۱۸۔ وزراء اس نئے قانون پر اعتراض کر رہے ہیں جسے صدر نے حال ہی میں جاری کیا ہے۔

۱۹۔فرشتوں نے کہا: اے مریم! اللہ تعالی نے تمہیں چن لیا اور تمھیں پاک کیا اور ساری دنیا کی عورتوں میں سے چن لیا[1]۔

۲۰۔تم پر افسوس ہے کہ تم جب لوگوں سے ناپ کر لیتے ہو تو اپنا حق پورا پورا لیتے ہو اور جب تم انہیں تول کر دیتے ہو تو کم کر دیتے ہو۔

المجهول من باب الافتعال

أقسام الفعل	الماضي	المضارع المرفوع	المنصوب	المجزوم
الفعل الصحيح	اُفْتُعِلَ	يُفْتَعَلُ	لن يُفْتَعَلَ	لم يُفْتَعَلْ
السالم	اُفْتُتِحَ	يُفْتَتَحُ	لن يُفْتَتَحَ	لم يُفْتَتَحْ
	اُصْطُبِرَ	يُصْطَبَرُ	لن يُصْطَبَرَ	لم يُصْطَبَرْ
مهموز الفاء	اُؤْتُمِرَ	يُؤْتَمَرُ	لن يُؤْتَمَرَ	لم يُؤْتَمَرْ
مهموز العين	اُرْتُئِسَ	يُرْتَأَسُ	لن يُرْتَأَسَ	لم يُرْتَأَسْ
مهموز اللام	اُمْتُلِئَ	يُمْتَلَأُ	لن يُمْتَلَأَ	لم يُمْتَلَأْ
المضعف	اُبْتُلَّ	يُبْتَلُّ	لن يُبْتَلَّ	لم يُبْتَلَّ
	اُضْطُرَّ	يُضْطَرُّ	لن يُضْطَرَّ	لم يُضْطَرَّ
المثال الواوي	اُتُّحِدَ	يُتَّحَدُ	لن يُتَّحَدَ	لم يُتَّحَدْ

(۱) اصطفى.

المثال اليائي	اُتُّسِرَ	يُتَّسَرُ	لن يُتَّسَرَ	لم يُتَّسَرْ
الأجوف الواوي	اُخْتِيزَ	يُحْتَازُ	لن يُحْتَازَ	لم يُحْتَزْ
الأجوف اليائي	اُخْتِيرَ	يُخْتَارُ	لن يُخْتَارَ	لم يُخْتَرْ
الناقص الواوي	اُدُّعِيَ	يُدَّعَى	لن يُدَّعَى	لم يُدَّعَ
	اُرْتُجِيَ	يُرْتَجَى	لن يُرْتَجَى	لم يُرْتَجَ
الناقص اليائي	اُشْتُرِيَ	يُشْتَرَى	لن يُشْتَرَى	لم يُشْتَرَ

شرح وتفصیل:

۱۔ باب الافتعال کے ماضی کو مجہول بنانے کے لئے الف زائدہ اور تاء زائدہ کو ضمّہ دے دیا جاتا ہے۔ فاء کو ساکن کر دیا جاتا ہے اور عین کو کسرہ دے دیا جاتا ہے: اِفْتَتَحَ سے اُفْتُتِحَ، اِجْتَنَبَ سے اُجْتُنِبَ، اِتَّهَمَ سے اُتُّهِمَ۔

۲۔ باب الافتعال کے مضارع کو مجہول بنانے کے لئے حرف المضارعة کو ضمّہ اور حرف عین کو فتحہ دے دیا جاتا ہے: يَفْتَتِحُ سے يُفْتَتَحُ، يَحتَازُ سے يُحْتَازُ۔

۳۔ ماضی اجوف کا الف یاء میں تبدیل ہو جاتا ہے: اِحْتَازَ سے اُحْتِيزَ، اِحْتَالَ سے اُحْتِيْلَ، اِحْتَاجَ سے اُحْتِيْجَ۔

۴۔ ماضی ناقص معتل الآخر بالیاء ہوتا ہے: اِشْتَرَى سے اُشْتُرِيَ، اِشْتَكَى سے اُشْتُكِيَ اور اسکا مضارع معتل الآخر بالألف ہوتا ہے: يُشْتَرَى، يُدَّعَى، يُجْتَبَى۔

التمرين ـ ۱

مندرجہ ذیل افعال مضارعہ کو مجہول بنا کر انکے اسی طرح جداول تیار کیجئے جس طرح سبق کے شروع میں دیئے ہوئے ہیں:

يَعْتَمِدُ	يَلْتَجِئُ	يَأْتَمِرُ	يَحْتَلُّ	يَصْطَفُّ
يَقْتَدِي	يَصْطَفِي	يَحْتَاجُ	يَحْتَالُ	يَعْتَنِي

التمرين ـ ۲

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔زید پر چوری کا الزام نہیں لگایا گیا۔
۲۔کتابیں نہیں خریدی گئیں، کیونکہ وہ بہت مہنگی ہیں۔
۳۔ ہر کام کی ابتدا بسم اللہ سے کرنی چاہئے۔
۴۔صحراء عبور نہیں کیا گیا مگر بہت مشقت اور تکلیف کے بعد۔
۵۔آپ کی پرنسپل سے شکایت کیوں کی گئی؟
۶۔ جب آپ کے علم کی ضرورت ہو تو خوب سخاوت سے دیجئے۔
۷۔ رسولوں کو اللہ تعالیٰ کے ہاں چنا جاتا ہے۔
۸۔ بچوں کی تربیت کی فکر نہیں کی گئی جس طرح کرنی چاہیے تھی[1]۔
۹۔ موسیٰ علیہ السلام کی قوم سے ستر آدمی چنے گئے[2]۔
۱۰۔ زید پر اعتماد نہیں کیا گیا کیونکہ اس پر چوری کا الزام لگ چکا تھا۔
۱۱۔ مؤتمر کا افتتاح تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا۔
۱۲۔ جب بے حیائی معاشرے میں پھیل گئی تو ہم وطن چھوڑنے پر مجبور ہوگئے۔

فعل الأمر

الأمثلة:

الفعل الصحيح	افْتَعِلْ	المثال الواوي	اتَّحِدْ
السالم	افْتَتِحْ، اصْطَبِرْ	المثال اليائي	اتَّسِرْ
مهموز الفاء	ائْتَمِرْ	الأجوف الواوي	اجْتَزْ
مهموز العين	ارْتَئِسْ	الأجوف اليائي	اخْتَرْ
مهموز اللام	اجْتَرِئْ	الناقص الواوي	ارْتَجِ، ادَّعِ
المضعف	ابْتَلَّ، اضْطَرَّ	الناقص اليائي	اشْتَرِ

شرح وتفصیل:

باب الافتعال کا امر افْتَعِلْ کے وزن پر بنتا ہے۔ اجوف میں حرف علت حذف ہو جاتا ہے: اجْتَازَ کا امر اجْتَزْ اور اخْتَارَ کا اخْتَرْ۔ ناقص کے امر میں حسب قاعدہ حرف لام حذف ہو جاتا ہے: ارْتَجی کا امر ارْتَجِ اور ادَّعَی کا ادَّعِ ہے۔

(۱) كَمَا يَنْبَغِي (۲) اخْتَارَ

قاعدہ نمبر ۴۴:

باب الافتعال کا ماضی بنانے کے لئے فعل ثلاثی کے فاء سے پہلے الف مکسورہ اور فاء کے بعد ایک تاء کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ اس طرح ماضی اِفْتَعَلَ، مضارع یَفْتَعِلُ اور امر اِفْتَعِلْ کے وزن پر بنتا ہے۔ مصدر اِفْتِعَال کے وزن پر ہوتا ہے۔

التمرين ـ ۱

مندرجہ ذیل افعال مضارعہ سے افعال امر بنائیے پھر ان افعال امر کو قوسین میں دیئے ہوئے صیغوں میں لا کر جملوں میں استعمال کیجئے:

يَجْتَنِبُ (مثنى)	يَلْتَقِي (مفرد مؤنث)	يَتَّجِهُ (جمع مؤنث)	يَعْتَنِي (جمع مؤنث)
يَصْطَفُّ (جمع مذكر)	يَعْتَادُ (مفرد مذكر)	يَشْتَكِي (مفرد مذكر)	يَمْتَازُ (جمع مذكر)
يَنْتَهِي (جمع مذكر)	يَخْتَفِي (مثنى)		

التمرين ـ ۲

مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے:

۱۔ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرو۔

۲۔ اے لڑکو! کسی بھی امام کی پیروی کرو، بشرطیکہ[1] صحیح العقیدہ ہو۔

۳۔ اے لڑکیو! آؤ آگ سینکو۔

۴۔ اگر کوئی تمہارے ساتھ بحث کرے تو قرآن وسنت سے حجت پکڑو۔

۵۔ اے لڑکو! ہر حال میں سچ بولنے کی عادت ڈالو۔

۶۔ میں نے دونوں نوجوانوں سے کہا: اس ظالم کی شکایت حاکم سے کرو۔

۷۔ ان کتابوں میں سے جو بھی تمہیں پسند ہیں چن لو۔

۸۔ اے سلیم! جو کچھ تمہارے بھائی کے ساتھ ہوا ہے اس سے نصیحت پکڑو۔

۹۔ اے طالبات! اپنی کتابیں جامعہ کے کتب خانہ سے خریدو۔

۱۰۔ بادشاہ نے اپنے پہرہ داروں سے کہا: میرے لیے ایک گورخر کا شکار کرو۔

---

(۱) عَلٰی أن.

التمرين ۔ ۳

مندرجہ ذیل آیات کریمہ میں سے ان افعال کی تعیین کیجئے جو باب الافتعال میں سے ہیں اور ان کے حروف اصلیہ بتائیے:

١ ۔ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِي.
٢ ۔ قَالُوا بَلْ جِئْنَاكَ بِمَا كَانُوا فِيهِ يَمْتَرُونَ.
٣ ۔ فَانْتَظِرُوا إِنَّا مُنتَظِرُونَ.
٤ ۔ الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوفُونَ.
٥ ۔ وَلَو شَاءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوا.
٦ ۔ فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ أَمَانَتَهُ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهُ.
٧ ۔ وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوا.
٨ ۔ فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانْتَشِرُوا فِي الأَرْضِ.
٩ ۔ فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا.
١٠ ۔ فَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللّٰهِ.
١١ ۔ وَ لَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا.
١٢ ۔ وَالَّذِينَ اهْتَدَوا زَادَهُمْ هُدًى وَّآتَاهُمْ تَقْوَاهُمْ.
١٣ ۔ فَدَعَا رَبَّهُ أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ.
١٤ ۔ اللّٰهُ يَصْطَفِي مِنَ الْمَلَائِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ.
١٥ ۔ فَاطَّلَعَ فَرَآهُ فِي سَوَاءِ الْجَحِيمِ.
١٦ ۔ وَاخْتَارَ مُوسٰى قَوْمَهُ سَبْعِينَ رَجُلًا لِّمِيقَاتِنَا.
١٧ ۔ وَامْتَازُوا الْيَومَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ.
١٨ ۔ اللّٰهُ يَجْتَبِي إِلَيْهِ مَن يَّشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَن يُّنِيبُ.
١٩ ۔ قَدْ كَانَ لَكُم آيَةٌ فِي فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا.
٢٠ ۔ فَمَنْ جَاءَهُ مَوْعِظَةٌ مِّن رَّبِّهِ فَانْتَهٰى فَلَهُ مَا سَلَفَ.
٢١ ۔ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِن رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا.
٢٢ ۔ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوا قَولَ الزُّورِ.
٢٣ ۔ إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا.
٢٤ ۔ وَهُم يَصْطَرِخُونَ فِيهَا رَبَّنَا أَخْرِجْنَا نَعْمَل صَالِحًا.
٢٥ ۔ قِيلَ ارْجِعُوا وَرَائَكُمْ فَالتَمِسُوا نُورًا.
٢٦ ۔ وَلَو أَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الأَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهِ.
٢٧ ۔ وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلَاةِ وَاصْطَبِر عَلَيْهَا.
٢٨ ۔ قَالَ رَبِّ إِنِّي وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّي وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْبًا.
٢٩ ۔ وَتَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخلُدُونَ.
٣٠ ۔ قَالَ يَامُوسٰى إِنَّ الْمَلَأَ يَأْتَمِرُونَ بِكَ لِيَقْتُلُوكَ.
٣١ ۔ وَمَن أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا.
٣٢ ۔ لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوا وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِمَّا اكْتَسَبْنَ.
٣٣ ۔ سَآتِيكُمْ مِنْهَا بِخَبَرٍ أَوْآتِيكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُونَ.
٣٤ ۔ إِلَّا مَنِ ارْتَضَى مِنْ رَّسُولٍ فَإِنَّهُ يَسْلُكُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ رَصَدًا.

۳۵۔ قَد سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِي تُجَادِلُكَ فِي زَوْجِهَا وَتَشْتَكِي إِلَى اللّٰهِ.

۳۶۔ وَمِنَ النَّاسِ مَن يَّشْتَرِي لَهْوَ الْحَدِيثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ بِغَيرِعِلْمٍ.

۳۷۔ يَوْمَ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ لِلَّذِينَ آمَنُوا انْظُرُونَا نَقْتَبِس مِنْ نُورِكُم.

۳۸۔ فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنْتَ وَمَن مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَومِ الظَّالِمِينَ.

۳۹۔ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِينِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُولٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُم فِي الدُّنيا وَالآخِرَةِ.

۴۰۔ يَاۤأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقرَبُوا الصَّلاةَ وَأَنْتُمْ سُكَارٰى حَتّٰى تَعْلَمُوا مَا تَقُولُونَ وَلَا جُنُبًا إِلَّا عَابِرِي سَبِيلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوا.

جداول

الأجوف من باب الافتعال

صيغ الأفعال	الماضي		المضارع	
	المعروف	المجهول	المعروف	المجهول
مفرد مذكر غائب	اخْتَارَ	أُخْتِيْرَ	يَخْتَارُ	يُخْتَارُ
مثنى مذكر غائب	اخْتَارَا	أُخْتِيْرَا	يَخْتَارَانِ	يُخْتَارَانِ
جمع مذكر غائب	اخْتَارُوا	أُخْتِيْرُوا	يَخْتَارُوْنَ	يُخْتَارُوْنَ
مفرد مؤنث غائب	اخْتَارَتْ	أُخْتِيْرَتْ	تَخْتَارُ	تُخْتَارُ
تُحِبُّوْنَ: فعل مضارع، مرفوع لتجرده من الناصب والجازم، وعلامة رفعه ثبوت النون؛ لأنه من الأفعال الخمسة، واو الجماعة ضمير متصل مبني على السكون في محل رفع فاعل.

الجملة "تُحِبُّون": صلة الموصول الاسمي لا محل لها من الإعراب.

أعرب الجمل الآتية:

١ـ وَعَجِلْتُ إِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى. ٢ـ يشفع القرآن لقارئه حتى يدخله الجنة.

٣ـ ادع اللّٰه لي وَيدعو لك الملائكة. ٤ـ ادعوا اللّٰه فيستجيبَ لكم أو يدفع بها عنكم البلاءَ.

٥ـ جالِسِ العلماءَ لِتزْدادَ علمًا وَعَمَلاً. ٦ـ لَعَلِّيْ أَبْلُغُ الْأَسْبَابَ أَسْبَابَ السَّمٰوَاتِ فَأَطَّلِعَ إِلٰى إِلٰهِ مُوْسٰى.

٧ـ لم يكن المؤمن ليكذبَ في حديثه. ٨ـ قال النَّبِيُّ ﷺ: لا تُظْهِرِ الشَّماتَةَ لأخِيْكَ فَيَرْحَمَهُ اللّٰهُ ويَبْتَلِيَكَ.

الدرس الثاني

المضارع المجزوم في جواب الطلب

الأمثلة:

١ ـ اتَّقِ اللّٰه يَجْعَلْ لَكَ مَخْرَجًا مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ / يَجْعَلْ.

٢ ـ لا تَتَّبِعِ الهَوى تَأْمَنْ سُوءَ الْعَوَاقِبِ / تَأْمَنْ.

٣ ـ هل تُصْغِي إِلى مُحاضَرَةِ الأُسْتَاذِ تَسْتَفِدْ بِهَا / تَسْتَفِيْدُ.

٤ ـ هَلَّا تَجْتَهِدُ تَفُقْ زُمَلاءَ كَ / تَفُوْقُ.

٥ ـ أَيْنَ الْمُجْرِمُ نُعَاقِبْهُ / نُعَاقِبُهُ.

٦ ـ لَيْتَ عِنْدِي مَالًا أَبْذُلْهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ / أَبْذُلُهُ.

٧ ـ أَلا تُطالِعُ الْكُتُبَ الْعِلْمِيَّةَ يَقْوَ اسْتِعْدَادُكَ / يَقْوَى.

٨ ـ لَعَلَّكَ تُحْسِنُ إِلى النَّاسِ تَكْسِبْ مَوَدَّتَهُمْ / تَكْسِبُ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں میں مضارع مجزوم واقع ہوا ہے حالانکہ اس سے پہلے جوازم مضارع میں سے کوئی اداۃ نہیں ہے، یہاں فعل مضارع کو جزم دینے والا عامل إن الشرطية ہے جو بمع فعل الشرط کے محذوف ہے۔ یہ فعل الشرط کیا ہوگا؟ اسکا اندازہ سیاق کلام سے لگایا جاسکتا ہے، مثلا جملہ ۱۔ اتَّقِ اللّٰه يَجْعَلْ لَكَ مَخْرَجًا مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ میں فعل الشرط تَتَّقِ ٹھہرے گا اور جملے کا مفہوم یوں بنے گا: إِنْ تَتَّقِ اللّٰه يَجْعَلْ لك مَخْرَجًا من كُلِّ ضِيْقٍ ۔ اسی طرح جملہ ۵۔ أَيْنَ الْمُجْرِمُ نُعَاقِبْهُ میں فعل الشرط نَتَعَرَّفْ ہوسکتا ہے إِنْ نَتَعَرَّفْ على الْمُجرمِ نُعَاقِبْهُ۔ اسی طرح جملہ ۶۔ لَيْتَ عِنْدِي مَالًا أَبْذُلْهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ میں فعل الشرط المحذوف كَانَ یا يَكُنْ ہوگا اور جملے کا مفہوم یوں بنے گا: إِنْ كَانَ عِنْدِي مَالٌ أَبْذُلْهُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ۔

زیر بحث اسلوب میں فعل مضارع کو تین شرائط کے ساتھ جزم دینا جائز ہے:

۱۔ اس سے پہلے طلب پر دلالت کرنے والا کوئی اسلوب ہو، اس میں الأمر، النهي، الاستفهام، التمني، الترجي، العرض اور التحضيض شامل ہیں۔

۲۔ جملہ فعل مضارع اپنے سے پہلے آنے والی بات پر بطور جواب یا نتیجہ مرتب ہوتا ہے، مثلاً: متى مَوْعدُ سَفَرِكَ؟ نُسَافِرُ غَدًا إنْ شاءَ اللّٰه میں جملہ نُسَافِرُ غَدًا اپنے سے پہلے آنے والے استفہامیہ جملے پر بطور نتیجہ مرتب نہیں ہوا لہذا مضارع کو جزم دینا جائز نہیں۔

۳۔ جملة الطلب اگر لا الناهية پر مشتمل ہو تو اس لا کو ہٹا کر اسکی جگہ إن الشرطية کے بعد لا النافية (إنْ + لا = إلّا) لگانے سے معنی میں خلل واقع نہ ہو، مثلاً: لا تَقْتَرِبْ من النَّار تَحترِقُ میں تَحْتَرِقُ کو جزم دینا جائز نہیں، کیونکہ إلّا تَقْتَرِبْ من النار تَحْتَرِقْ سے معنی میں فساد آتا ہے۔ جبکہ جملہ ۲۔ لا تَتَّبِع الهوى تأْمَنْ سُوءَ العَوَاقِبِ میں اگر لا الناهية کے بجائے إلّا لگا دیا جائے جیسے: إلّا تَتَّبِعِ الْهوى تأمَنْ سُوءَ العواقب معنی بالکل صحیح ہے اس لئے فعل مضارع کو جزم دینا جائز ہے۔

ان مذکورہ شرائط کے پائے جانے کے باوجود فعل مضارع کو اپنی اصلی حالت (یعنی رفع) پر باقی رکھنا بھی جائز ہے کیونکہ جواب الطلب پر براہ راست کوئی عامل داخل نہیں ہے جیسا کہ مثالوں سے واضح ہے۔

قواعد:

۱۔ فعل مضارع کو تین شرائط کے ساتھ جزم دینا جائز ہے:

(الف) اس سے پہلے طلب پر دلالت کرنے والا کوئی اسلوب ہو۔

(ب) یہ اپنے سے پہلے آنے والی بات پر بطور نتیجہ مرتب ہو۔

(ج) جملہ طلب اگر لا الناهية پر مشتمل ہو تو اسکی جگہ إن الشرطية کے بعد لا النافية کو لگانے سے معنی میں فساد واقع نہ ہو۔

۲۔ اس فعل کو جزم دینے والا عامل إن الشرطية ہوتا ہے جو بمع فعل الشرط کے محذوف ہوتا ہے۔

التمرين ـ ١

املأ الفراغات بأفعال مضارعة يَصِحُّ جَزْمُها:

النموذج: قُمْ بتمرينات رياضية كُلّ صباح تنتعشْ لإتقان وظيفتك اليومية.

٢ ـ صُوْمُوْا ________

٣ ـ اجتهدوا في صغركم ________

٤ ـ استعن بالله ________

٥ ـ ألا تقوم بصلاة الليل ________

٦ ـ أَيْنَ الْمَتْحَفُ ________

٧ ـ لا تُهْمِلي دروسكِ ________

٨ ـ أَلِنْ جَانِبَك للناسِ ________

٩ ـ لِيَتَجَنَّبُوْا صُحْبَةَ الأشرار ________

١٠ ـ افْتَحْ نوافذ الغرفة ________

١١ ـ لا تَأْكُلُوْا أموال النّاس بِالْباطلِ ________

١٢ ـ هلّا تواسوا الفقراء ________

١٣ ـ لَعلّكَ تَتَهَاوَنُ في أداء واجبك ________

١٤ ـ متى مَوْعِدُ سَفَرِكَ ________

١٥ ـ عَوِّدْ لسانَك قول الصدق دائمًا ________

التمرين ـ ٢

ضَعْ في الأمكنة الخالية أفعالًا مضارعة لا يصحّ جزمُها:

النموذج: لا تأكل الأطعمة المكشوفة من السوق تَفْسُدُ معدتك.

٢ ـ لا تعجل ________

٣ ـ لا تخض فيما لا يعنيك ________

٤ ـ لا تكذِب ________

٥ ـ لا تتطاول على من فوْقك ________

٦ ـ لاتُهْمِل الرياضة ________

٧ ـ لا تُضِعْ وَقْتَكَ في اللّهو وَاللّعب ________

٨ ـ لاتَعْصِي أبويك ________

٩ ـ لا تتزَلَّفْ إلى ذوى الجاهِ والثروة ________

١٠ ـ لا تخرج من بيتك اليوم ________

التمرين ـ ٣

ترجم الحمل الآتية مستخدماً المضارع المجزوم في جواب الطلب:

۱۔ وقفے وقفے سے ملو محبّت بڑھے گی۔
۲۔ اپنی ذمہ داریوں سے غفلت مت برتو سُکھی رہو گے۔
۳۔ سستی مت کرو کامیاب ہوجاؤ گے۔
۴۔ تم لوگوں کے ساتھ محبّت کرو لوگ تم سے محبّت کرینگے۔
۵۔ تیراکی سیکھ لو ڈوبنے سے بچ جاؤ گے۔
۶۔ پابندی سے ورزش کرو تمہاری صحت اچھی ہوجائے گی۔
۷۔ میری نصیحتوں پر عمل کرو فلاح پاؤ گے۔
۸۔ شاید زید آج ہمارے ہاں آئے اس سے بات کرینگے۔
۹۔ کسی عقلمند سے مشورہ کرو صحیح رہنمائی پاؤ گے۔
۱۰۔ کاش میرے پاس پچاس ہزار روپے ہوتے تو میں حج کرتا۔
۱۱۔ میرے ہمراہ چلو کھیتوں میں سیر کرتے ہیں۔
۱۲۔ نفسانی خواہشوں کی پیروی مت کرو گمراہی سے بچے رہو گے۔
۱۳۔ کام عمدگی کے ساتھ کرو دوگنی اجرت ملے گی۔
۱۴۔ کیا تم بدنیت انسان کے ساتھ احسان کرتے ہو، پچھتاؤ گے۔
۱۵۔ ہم سے ملنے آیئے ہم آپ کا اکرام کرینگے۔
۱۶۔ میرے ساتھ اچھا برتاؤ کرو میں تمہارے ساتھ اچھا برتاؤ کرونگا۔
۱۷۔ زمین والوں پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم کریگا۔
۱۸۔ کاش کہ تم سیدھے چلتے خوش وخرم زندگی بسر کرتے۔
۱۹۔ اپنے بڑوں کی عزت کرو تمہارے چھوٹے تمہاری عزت کرینگے۔
۲۰۔ کیا ہی اچھا ہو کہ آپ اللہ پر بھروسہ کریں وہ آپکا کام آسان کردیگا۔

التمرين ـ ٤

ترجم الحمل الآتية ترجمة عربية فصيحة مستخدمًا أفعالا مضارعة لا يصح جزمها في جواب الطلب:

۱۔ آگ سے مت کھیلو جل جاؤ گے۔
۲۔ بارش میں مت نکلو کپڑے گیلے ہوجائیں گے۔
۳۔ شیر کے قریب مت جاؤ تمہیں کھا جائیگا۔
۴۔ سنی سنائی باتوں پر کان مت دھرو پریشان ہوجاؤ گے۔
۵۔ قرض مت لو مصائب کا شکار ہوجاؤ گے۔
۶۔ بہت زیادہ ناراض مت ہوا کرو دوست تم سے اکتا جائیں گے۔
۷۔ سستی مت کرو ریل گاڑی نکل جائے گی۔
۸۔ زور سے دروازہ مت کھٹکھٹاؤ سوئے ہوئے جاگ جائیں گے۔

۹۔ خائن کو دوست مت بناؤ تمہارے ساتھ ایک نہ ایک دن ضرور خیانت کریگا۔

۱۰۔ بچوں کے ساتھ بے جا سختی مت کرو ڈھیٹ ہو جائیں گے اور انہیں آزاد بھی مت چھوڑو بگڑ جائیں گے۔

التمرين ـ ٥

استخرج من الآيات التالية الأفعال المضارعة المجزومة في جواب الطلب وأعربها:

النموذج: هُزِّي إِلَيْكِ بِجِزْعِ النَّخْلَةِ تُسَاقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا.

تُسَاقِطْ: فعل مضارع مجزوم في جواب الطلب وعلامة جزمه السكون.

٢ ـ ذَرْنَا نَكُن مَّعَ الْقَاعِدِيْنَ.

٣ ـ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِي بِهِ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي.

٤ ـ فَاتَّبِعْنِي أَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا.

٥ ـ فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا.

٦ ـ أَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوْكَ رِجَالًا.

٧ ـ حَتّٰى إِذَا جَعَلَه نَارًا قَالَ آتُوْنِي أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا.

٨ ـ قُلْ تَعَالَوْا أَتْلُ مَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ رَبُّكُمْ.

٩ ـ قَالُوا يٰأَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَأَرْسِلْ مَعَنَا أَخَانَا نَكْتَلْ.

١٠ ـ قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِأَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ.

١١ ـ إِنِّي لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ أَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَأَطِيْعُوْنِ يَغْفِرْ لَكُمْ مِنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلٰى أَجَلٍ مُّسَمًّى.

١٢ ـ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنَّاتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ أَنْهَارًا.

التمرين ـ ٦

استخرج من الأحاديث الآتية الأفعال المضارعة المجزومة فى جواب الطلب وأعربها:

النموذج: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اضْمَنُوا لِي سِتًّا أَضْمَنْ لَكُم الْجَنَّةَ اصْدُقُوا إِذَا حَدَّثْتُمْ ....

أضمن: فعل مضارع مجزوم في جواب الشرط المحذوف علامة جزمه السكون.

٢ ـ قال رسول اللّٰه ﷺ: أَسْلِمْ تَسْلَمْ.

٣ ـ قال رسول اللّٰه ﷺ: تَهَادَوْا تَحَابُوا.

٤ ـ قال رسول اللّٰه ﷺ: اشْفَعُوا تُؤْجَرُوا.

٥ ـ قال رسول اللّٰه ﷺ: احْفَظِ اللّٰهَ يَحْفَظْكَ.

٦ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: أَفْشِ السَّلَامَ وَأَطِبِ الكَلَامَ وَصِلِ الْأَرْحَامَ وَقُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ تَدْخُلِ الجَنَّةَ بِسَلَامٍ.

٧ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: لا يُقِيمَنَّ أحدُكُمْ رَجُلاً مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ يَجْلِسُ فِيهِ ولكِنْ توسَّعُوا وتَفَسَّحُوا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ.

٨ـ عَنْ مُصْعَبِ بنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: مَرِضْتُ فَأَرْسَلتُ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقُلْتُ: دَعْنِي أُقْسِمْ مَالِي حَيْثُ شِئْتُ فأبى... الخ.

٩ـ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ أُبَيٍّ ... وَاللّٰهِ لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى المَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنَّا الْأَذَلَّ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الخَطَّابِ: دَعْنِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَضْرِبْ عُنُقَ هَذَا المُنَافِقِ.

١٠ـ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: هَلَكَتِ المَوَاشِي وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ فَدَعَا فَمُطِرْنَا مِنَ الجُمُعَةِ إِلَى الجُمُعَةِ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ: تَهَدَّمَتِ البُيُوتُ فَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ وَهَلَكَتِ المَوَاشِي فَادْعُ اللّٰهَ يُمْسِكْهَا... الخ

التمرين ـ ٧

نموذج في الإعراب:

اتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَكَ مَخْرَجًا.

اتَّقِ: فعل أمر، مبني على حذف حرف العِلّة من آخره، وفاعله ضمير مستتر وجوبا، تقديره: "أنتَ"، في محل رفع.

اللّٰه: لفظ الجلالة مفعول به، منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

يَجْعَلْ: فعل مضارع، مجزوم، في جواب الشرط بفعل المحذوف، دلّ عليه فعل الطلب المذكور و التقدير: "إِنْ تَتَّقِ" و علامة جزمه السكون.

لَكَ: لـَ: حرف جر، مبني على الفتحة، لا محل له من الإعراب.

كَ: ضمير متصل، مبني على الفتحة، في محل جر بحرف جر، الجار والمجرور متعلقان بالفعل "يجعل".

مَخْرَجًا: مفعول به، منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

الجملة "اتق اللّٰه...": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

أعرب الجمل الآتية:

١ـ أَيْنَ السَّيَّارَةُ أَرْكَبْها.

٢ـ أَحْسِنْ إلى جارِكَ تَكُنْ مُؤْمِنًا.

٣ـ ألا تُصَاحِبُ العُلَمَاءَ تَنْتَفِعْ بِهِمْ.

٤ـ لَيْتَ لِي مِئَةَ أَنْفُس تُقْتَلْ فِي سَبِيْلِ اللّٰه.

٥ـ هَلاّ تُنْفِقُ علىَ الفُقَرَاءِ تَنَلْ جَزَاءَهُ عندَ اللّٰهِ.

٦ـ لا تَتَّبِعِ السُّبُلَ المُتَفَرِّقَةَ تَهْتَدِ إلى الصِّراطِ المُسْتَقِيْم.

الدرس الثالث

بناء المضارع الواقع جوابًا للقسم

ألف: نونُ التوكيدِ المباشرةُ للمضارع

الأمثلة:

١ـ لَيَقُوْمَنَّ أَخِي بِوَاجِبِهِ.
٢ـ لَتَحْتَفِظَنَّ الْمُسْلِمَةُ عِفَّتَهَا.
٣ـ لَتَدْفَعَنَّ ـ أَيُّهَا الظَّالِمُ ـ حَقِّي رَاضِيًا أَوْ كَارِهًا.
٤ـ لأُنْفِقَنَّ مَالِي فِي سُبُلِ الْخَيْرِ.
٥ـ لنَتَغَلَّبَنَّ الصِّعَابَ أَوْ نُدْرِكَ الْمُنَى.

ب: نون التوكيد غيرُ المباشرةِ للمضارع

١ـ لَتَكُفِّنَّ عَنِ السُّفُوْرِ وَالتَّبَرُّجِ أَيَّتُهَا الْفَتَاةُ.
٢ـ لَتَأْخُذَانِّ بِيَدِ الْعَاجِزِ يَا فَتَيَانِ.
٣ـ لَتُقَاتِلُنَّ ـ أَيُّها الْجُنْدُ ـ حَتّٰى تَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيا.
٤ـ لَتَسْمَعْنَانِّ النُّصْحَ يا فَتَيَاتُ.

شرح وتفصیل:

مستقبل میں پیش آنے والی کسی بات کو نہایت زور دار انداز میں بیان کرنا ہو تو اس کے لئے عربی زبان میں أسلوب القسم [1] استعمال ہوتا ہے، گویا بات کے بالکل سچ اور یقینی ہونے پر قسم کھائی جاتی ہے۔ أسلوب القسم قسم اور جواب القسم پر مشتمل ہوتا ہے۔ قسم کے لئے کئی الفاظ مستعمل ہیں، جیسے: واللّٰہِ، باللّٰہِ، یمینُ اللّٰہ، وحقِّك، بِعزّتِك، وأبِیْك وغیرہ، لیکن ان کا صراحةً ذکر کرنا ضروری نہیں ہے۔ مثال کے جملوں میں قسم محذوف ہے اور جملة جواب القسم فعل مضارع سے شروع ہو رہا ہے۔ یہ فعل مضارع جو بطور جواب قسم واقع ہوتا ہے دو خصوصیات کا حامل ہے:

۱۔ اس کے ساتھ ایک لام متّصل ہے یہ لام لام القسم کہلاتا ہے، یہ صرف قسم پر دلالت کرتا ہے، اعراب پر اثر انداز نہیں ہوتا۔

۲۔ مضارع کے آخر میں ایک نون مشددہ بڑھا دیا گیا ہے یہ نون التوکید کہلاتا ہے، اس کا مضارع کے ساتھ اتصال کبھی

---

(۱) اس کی ضرورت عام طور پر اس وقت پیش آتی ہے جب مخاطب شک میں مبتلا ہو پس اس کا شک دور کرنے کے لئے اور اسے قائل کرنے کی غرض سے بات کو زور دار پیرائے میں پیش کیا جاتا ہے۔ واو، باء، تاء حروف جارہ ہیں جو قسم کے لئے مستعمل ہیں۔

واجب ہوتا ہے، کبھی جائز اور کبھی ممنوع۔ اس کی تفصیل عنقریب آئے گی، پہلے یہ جان لینا ضروری ہے کہ نون التوکید مضارع پر معنی اور اعراب کے اعتبار سے کس طرح اثر انداز ہوتا ہے؟ یہ نون مضارع کے معنی میں زور پیدا کرتا ہے اور اسے مستقبل کے لئے مخصوص کردیتا ہے۔ مضارع کے ساتھ اس کا اتصال دو قسم کا ہوتا ہے:

ا۔ هو ، هي ، أنت، أنا اور نحن کے صیغوں میں یہ براہ راست لام الفعل کے ساتھ متصل واقع ہوتا ہے، یعنی اس کے اور لام الفعل کے درمیان ضمائر رفع بارزہ میں سے کوئی ضمیر حائل نہیں ہوتی، مثلاً: جملہ ا۔ لَيَقُوْمَنَّ أَخِي بِوَاجِبِه میں نون التوکید يقوم کے میم کے ساتھ متصل واقع ہوا ہے، اس کے اور میم کے درمیان کوئی ضمیر حائل نہیں، خواہ وہ لفظاً مذکور ہو یا محذوف ومقدّر ہو۔ اسے ہم قواعد کی اصطلاح میں نون التوكيد المباشرة للمضارع سے تعبیر کرتے ہیں۔

الف کے ذیل میں مضارع کے تمام صیغوں کے ساتھ نون التوکید کے اتصال کی یہی کیفیت ہے، ان تمام صیغوں کے لام الفعل پر جو فتحہ نظر آرہا ہے وہ ان کے مبنی ہونے کی علامت ہے، گویا کہ یہ تمام صیغے مبني على الفتح[1] ہیں۔

۲۔ ب کے ذیل کے جملے افعالِ خمسہ اور نون النسوة کے صیغوں پر مشتمل ہیں۔ ان تمام صیغوں کی خصوصیت یہ ہے کہ ہر ایک کا فاعل ضمیر رفع بارز ہے۔[2] ظاہر ہے کہ اس صورت میں نون التوکید لام الفعل کے ساتھ متصل نہیں ہوسکتا، کیونکہ اس کے اور لام کے درمیان لازمی طور پر ضمير الفاعل حائل ہوگی اگرچہ اس ضمیر کو بعض اوقات مجبوراً حذف کرنا پڑتا ہے پھر بھی تقدیراً حائل ہوگی، کیونکہ فعل فاعل کے بغیر نہیں ہوتا، جیسے جملہ ا۔ لَتَكُفُّنَّ عَنِ السُّفُورِ والتبرج میں لَتَكُفُّنَّ نون التوکید کے اتصال سے پہلے لَتَكُفِّيْنَ تھا، اس کے ساتھ جب نون التوکید (تَكُفِّيْنَ + نّ) بڑھایا تو تین نون جمع ہوگئے، ایک نون الرفع، دو نون توکید[3] کے۔ اس طرح تین ہم مثل حروف کا ایک ہی صیغے میں یکے بعد دیگرے آنا توالي الأمثال کہلاتا ہے، چونکہ یہ قاعدے کے خلاف ہے، لہذا اس سے بچنے کے لئے ایک نون کا حذف کرنا ضروری ہے۔ ظاہر ہے کہ نون التوکید کو حذف کرنے سے تو مقصد ہی فوت ہوجائے گا، لہذا نون الرفع کو حذف کردیا۔[4] اس کے حذف کرنے کے بعد اس صیغے میں دو ساکن جمع ہوگئے، ياء المخاطبة اور نون مشددہ کا پہلا نون ساکنہ (لَتَكُفِّيْنْنَ)،

---

(۱) مبنی ہونے کے یہ معنی ہوئے کہ لام الفعل کا یہ فتحہ کسی حال میں تبدیل نہیں ہوتا، پس اگر ان صیغوں سے پہلے جوازم مضارع میں سے کوئی حرف آجائے تو لام کلمہ کا فتحہ برقرار رہے گا اور فعل في محل جزم ہوجائے گا، مثلاً: لا تكذِبَنَّ يا سليم میں مضارع نون التوکید سے متصل ہونے کی وجہ سے فتحہ پر مبنی ہے اور لا الناهية کی وجہ سے في محل جزم ہے۔ (۲) برخلاف مجموعہ الف کے صیغوں کے، جن کا فاعل یا تو ضمیر مستتر ہے یا اسم ظاہر، مثلاً: ليقومنّ زيد بواجبه۔

(۳) نون التوكيد المشددة دو نونوں سے مل کر بنا ہے، پہلا ساکن اور دوسرا مفتوح (نْ + نَ = نّ)۔

(۴) یہ نون حالت نصب وجزم میں حذف ہوجایا کرتا ہے، لہذا یہاں بھی اسے حذف کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

اجتماع ساکنین سے بچنے کیلئے ہم نے یاء المخاطبة کو بھی حذف کردیا۔ اگر یہ پوچھا جائے کہ یاء المخاطبة تو فاعل الفعل ہے اسے حذف کرنا کیسے جائز ہوگیا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یاء سے پہلے آنے والا کسرہ اس پر دلالت کررہا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یاء محذوف تو ہے لیکن مقدّر بھی ہے اور جو چیز مقدر ہو وہ بمنزلہ مذکور ہوتی ہے، اسی لئے مضارع کا یہ صیغہ نون التوکید سے حقیقتا متصل نہ ہونے کی وجہ سے مبنی نہیں ہوتا[1]، کیونکہ نون اگرچہ بظاہر لام الفعل کے ساتھ متصل ہے، لیکن حقیقت میں اس کے اور لام الفعل کے درمیان یاء المخاطبة مقدر ہے۔

جملہ۲۔ میں مثنی کے صیغے لَتَأْخُذَانِّ میں بھی نون الرفع توالي الأمثال کی وجہ سے محذوف ہے، ألف الإثنین جو فاعل الفعل ہے، اپنی جگہ پر موجود ہے، البتہ نون التوکید کا فتحہ کسرہ میں بدل گیا ہے تشبیهًا لها بنُون المثنی۔

جملہ۳۔ میں موجود جمع مذکر کے صیغے لَتُقَاتِلُنَّ میں بھی نون الرفع، توالي الأمثال سے بچنے کے لئے حذف کردیا گیا ہے۔ مؤنث مخاطب کے صیغے کی طرح یہاں بھی دو ساکن، واو الضمیر اور نون مشددہ کا پہلا نون جمع ہوگئے، لہذا واو کو حذف کردیا گیا، کیونکہ اس سے پہلے حرف پر ضمہ موجود ہے جو واو سے مناسبت رکھنے کی وجہ سے اس پر دلالت کررہا ہے۔ یہ صیغہ بھی مبنی نہیں ہے کیونکہ حقیقت میں نون التوکید اور لام الفعل کے درمیان واو الجماعة مقدر ہے۔

جملہ۴۔ میں جمع مؤنث کے صیغے لَتَسْمَعْنَانِّ میں جو نون ہے وہ نون الرفع نہیں، بلکہ نون النسوة ہے جو ضمیر الفاعل ہے، لہذا اسے حذف کرنا جائز نہیں، اس لئے یہاں توالي الأمثال سے بچنے کے لئے نون النسوة اور نون التوکید المشددة کے درمیان فاصلہ کرنے کے لئے ایک الف بڑھا دیا گیا ہے اور نون التوکید کو کسرہ دے دیا گیا ہے، کیونکہ یہ ظاہری شکل میں نون المثنی سے مشابہت رکھتا ہے۔

قواعد:

۱۔ مضارع کے وہ تمام صیغے جن میں نون التوکید، لام الفعل سے متصل واقع ہو، فتحہ پر مبنی ہوتے ہیں۔

۲۔ جب نون التوکید، مضارع کے لام کے ساتھ متصل نہ ہو، بلکہ اس کے اور لام الفعل کے درمیان کوئی ضمیر حائل ہو[2] تو مضارع اپنی گذشتہ حالت پر برقرار رہتا ہے، پس افعالِ خمسہ حسبِ سابق معرب، اور جمع مؤنث کا صیغہ حسب سابق مبنی رہتا ہے۔

---

(۱) مبنی ہونے کے لئے ضروری ہے کہ مضارع کا لام الفعل نون التوکید سے حقیقتا متصل ہو۔

(۲) خواہ لفظا مذکور ہو، جیسے: مثنی کے صیغے میں ألف الإثنین یا محذوف ومقدر ہو، جیسے: مؤنثة مخاطبة کے صیغے میں یاء المخاطبة۔

نماذج في الإعراب:

١ـ لَيَقُوْمَنَّ زيدٌ بِوَاجِبِهِ.

لَيَقُوْمَنَّ: لـ: رابطة لجواب قسم مقدر، لا محل لها من الإعراب، **يَقُومَنَّ:** فعل مضارع، مبني على الفتح؛ لاتصاله بنون التوكيد، في محل رفع، ونون التوكيد المشددة لا محل لها من الإعراب.

٢ـ لأنفِقَنَّ مالي في سبل الخير.

لأنفِقَنَّ: لـ: لام القسم، **أنفقن:** فعل مضارع، مبني على الفتح؛ لاتصاله بنون التوكيد، في محل رفع، وفاعله ضمير مستتر وجوبا، تقديره: "أنا".

٣ـ لتكُفِّنَّ عن السفور والتبرج أيتها الفتاة.

لتكُفِنَّ: لـ: لام القسم، **تكُفِنَّ:** فعل مضارع، مرفوع بنون الرفع المحذوفة؛ لتوالي الأمثال، وفاعله ياء المخاطبة المحذوفة لالتقاء الساكنين، في محل رفع.

٤ـ لتأخُذانِّ بيد العاجز يا فَتيَان!

لتأخُذانِّ: لـ: لام القسم، **تأخذان:** فعل مضارع، مرفوع بنون الرفع المحذوفة لتوالي الأمثال، وألف الاثنين فاعل في محل رفعٍ. النون: نون التوكيد المشددة، بُنيت على الكسرة تشبيهًا لها بنون المثنى، لا محل لها من الإعراب.

٥ـ لَتُقَاتِلُنَّ ــ أيُّها الجند! ــ حتى تكون كلمة الله هي العليا.

لَتقاتلُنَّ : لـ: لام القسم، **تقاتلُنّ:** فعل مضارع، مرفوع بنون الرفع المحذوفة لتوالي الأمثال، وفاعله واو الجماعة المحذوفة لالتقاء الساكنين، في محل رفع.

٦ـ لَتَسْمَعْنَانِّ النصح يا فتيات.

لَتسـمَعْنَانِّ: لـ: لام القسم، **تسمعنان:** فعل مضارع، مبني على السكون؛ لاتصاله بنون النسوة، في محل رفع، الألف زائدة للفصل بين نون النسوة ونون التوكيد. نون التوكيد مبنية على الكسرة تشبيها لها بنون المثنى في المظهر الشكلي (بحيث إن كلتيهما واقعة بعد ألف).

ج: نون التوكيدالخفيفة

الأمثلة:

١ ـ بِاللّٰه لأَجْتَنِبَنْ رفقاءَ سوء.
٢ ـ لَنَرْحَمَنْ صِغَارَنا.
٣ ـ لَتَتَعَوَّدَنْ قَولَ الصِّدْقِ دائِمًا يا بُنَيَّ.
٤ ـ لَتَخْدِمِنْ أَبَوَيْكِ يا فاطمةُ أَوْ يَرْضى[1] اللّٰه عنك.
٥ ـ لَتَحْذَرُنْ مَكَايِدَ الْأَعْدَاءِ.

شرح وتفصیل:

مضارع جب بحیثیت جواب القسم واقع ہوتو اسے نون خفیفہ سے بھی مؤکد بنایا جاسکتا ہے[2] یہ نون عام طور پر ساکن اور کبھی کبھار مکسور بھی آتا ہے۔ یہ مضارع کے اعراب پر بالکل اسی طرح اثر انداز ہوتا ہے جیسے النون الثقیلة (یعنی المشددة) البتہ چند اعتبارات سے اس سے مختلف ہے:

(۱) یہ نون ألف الاثنین اوراسی طرح نون النسوۃ کے بعد آنے والے ألف فاصلة کے بعد نہیں آتا[3]۔

(۲) اس کے فوراً بعد اگر ساکن آجائے تو اسے کتابۃً برقرار رکھتے ہیں، لیکن تلفظ سے ساقط ہوجاتا ہے چنانچہ مثال کے جملوں میں اگر لَنَرْحَمَنْ صِغَارَنا کے بجائے لَنَرْحَمَنْ الصغار[4] کہا جائے تو اسے یوں پڑھیں گے لَنَرْحَمَ الصِّغَارَ۔

(۳) اگر مضارع کا صیغہ مبني علی الفتح ہوتو بحالت وقف نون ساکنہ کو الف میں بدل دیا جاتا ہے، مثلا لَتُتْقِنَنْ عملكَ یا زیدُ میں اگر تُتْقِنَن پر وقف کیا جائے تو یہ لَتُتْقِنَا ہو جائے گا۔

اگر مضارع کا صیغہ مبني علی الفتح نہ ہواور نون خفیفہ اس میں ضمہ یا کسرہ کے بعد آرہا ہوتو اس صورت میں بھی بحالت وقف اسے کتابۃً برقرار رکھا جائے گا اور تلفظ سے ساقط ہو جائے گا اور جو ضمیر رفع بارز التقاء ساکنین کی وجہ سے حذف ہوئی تھی وہ بھی لوٹ آئے گی، جیسے جملہ۴۔ لَتَخْدِمِنْ أَبَوَيْكِ کو بحالت وقف یوں پڑھا جائے گا لَتَخْدِمِي أَبَوَيْكِ۔ اسی طرح جملہ۵۔ لَتَحْذَرُنْ مَكَايِدَ الأعداء میں لَتَحْذَرُنْ کو بحالت وقف لَتَحْذَرُوا پڑھا جائے گا (مع إثبات

---

(۱) يَرْضَى: المضارع منصوب بأن المضمرة وجوبا بعد "أو" التي بمعنى حتّٰی. (۲) النون الثقيلة (المشددة) میں النون الخفيفة (الساكنة) سے زیادہ زور پایا جاتا ہے۔ (۳) جیسے: لتسمَعْنَانِّ میں النون الثقلیة، نون النسوۃ اور ألف زائدۃ کے بعد واقع ہوا ہے۔

(۴) نون التوكيد الساكنة کے بعد "أل" کا لام الساکنة آگیا ہے۔

النون الخفيفة خطًّا)۔

قواعد:

۱۔مضارع کونون مشددہ کے علاوہ نون خفیفہ سے بھی مؤکد بنایا جا سکتا ہے۔

۲۔نون خفیفہ،نون مشددہ سے چند اعتبارات سے مختلف ہے:

(۱) یہ ألف الإثنين اور نون النسوة کے بعد نہیں آتا۔

(۲) اگر اس کے بعد ساکن آجائے تو کتابۃً برقرار رکھا جاتا ہے لیکن تلفظ سے ساقط ہو جاتا ہے۔

(۳) اگر مضارع کا صیغہ مبني على الفتح ہو تو بحالت وقف اسے الف میں بدل دیا جاتا ہے۔

(۴) اگر مضارع کا صیغہ معرب ہو اور نون خفیفہ ضمہ یا کسرہ کے بعد واقع ہو تو بحالت وقف اسے صرف کتابۃً برقرار رکھا جاتا ہے اور جو ضمیر رفع بارز التقاء ساکنین کی وجہ سے حذف ہوئی تھی وہ بھی لوٹ آتی ہے۔

توكيد المضارع المعتل الآخر

(ألف) الأفعال الخالية من الضمائر المتصلة

الأمثلة:

المعتل الآخر بالياء	المعتل الآخر بالواو	المعتل الآخر بالألف
١ ـ لَتَبْنِيَنَّ مجدَ الأمّة يا فتى.	لَتَعْفُوَنَّ عن هفوات الآخرين.	لَتَرْضَيَنَّ بما قَدَّرَ الله لك.
٢ ـ لَنَبْنِيَنَّ مجد الأمة .	لَنَعْفُوَنَّ عن هَفَوات الآخرين .	لَنَرْضَيَنَّ بما قَدَّر الله لنا.

(ب) الأفعال المتصلة بياء المخاطبة أو ألف الاثنين أو واو الجماعة أو نون النسوة

٣ ـ لَتَبْنِنَّ مَجْدَ الأمّة يا فتاة.	لَتَعْفِنَّ عن هفوات الآخرين.	لَتَرْضَيِنَّ بما قَدَّر الله لكِ.
٤ ـ لَتَبْنِيَانِّ مجد الأمّة يا فتاتان.	لَتَعْفُوَانِّ عن هَفَوات الآخرين.	لَتَرْضَيَانِّ بما قَدَّر الله لكما.
٥ ـ لَتَبْنُنَّ مَجْدَ الأمّةِ يأيّها الرجال.	لَتَعْفُنَّ عن هَفَواتِ الآخرين.	لَتَرْضَوُنَّ بما قَدَرَ الله لكم.
٦ ـ لَتَبْنِيْنَانِّ مجد الأمّة يأيتها النساء.	لَتَعْفُوْنانِّ عن هفوات الآخرين.	لَتَرْضَيْنانِّ بما قَدَرَ الله لكُنّ.

شرح وتفصیل:

مضارع مُعْتَلُّ الآخر (ناقص) تین قسم کا ہوتا ہے:

۱۔ معتلّ الآخر بالیاء، جیسے: یبني، یروي، یمشي.

۲۔ معتل الآخر بالواو، جیسے: یعفو، یمحو، یتلو.

۳۔ معتل الآخر بالألف، جیسے: یرضی، یَنْھی، یَبْقی.

المضارع المعتلّ الآخر بالیاء:

مضارع معتل الآخر بالیاء (مثلا: یَبْني) کے ساتھ جب نون التوکید ملحق ہوتا ہے تو مفرد مؤنث مخاطب اور جمع مذکر غائب ومخاطب کے صیغوں کے علاوہ تمام صیغوں میں یاء (جو لام الفعل ہے) برقرار رہتی ہے، مفرد مؤنث مخاطب کے صیغے تَبْنِیْنَ میں یہ یاء لام الفعل پہلے سے محذوف تھی[1]، نون الرفع توالي الأمثال کی وجہ سے حذف ہو جاتا ہے، یاء المخاطبة کو بھی التقاء الساکنین کی وجہ سے حذف کردیتے ہیں جس کے نتیجے میں تَبْنِنَّ کا صیغہ وجود میں آتا ہے، اس صیغے میں یاء المخاطبة کا حذف کرنا اس لئے جائز ہے کہ اس سے پہلے آنے والا کسرہ اس پر دلالت کرتا ہے۔ جمع مذکر کے صیغوں یَبْنُونَ، تَبْنُوْنَ میں بھی یاء لام الفعل پہلے سے محذوف تھی[2]، واو الجماعة کو التقاء الساکنین اور نون الرفع کو توالي الأمثال کی بناء پر حذف کردیا اور نون کو واو کی مناسبت سے ضمہ دے دیا پس یہ توکید کے بعد تَبْنُنَّ[3] ہوگیا۔

نماذج في الإعراب:

۱۔ لَتَبْنِیَنَّ مجدَ الأُمَّة یا فتی!

لَتَبْنِیَنَّ: لَـ: لام القسم، تبنین: فعل مضارع، مبني علی الفتحة؛ لاتصاله بنون التوکید، في محل رفع، وفاعله ضمیر مستتر وجوبا، تقدیره: "أنت".

۲۔ لَتَبْنُنَّ مجد الأمَّةِ یا أیها الرجال!

---

(۱) تَبْنِیْنَ اصل میں تَبْنِیِیْنَ تھا۔ التقاء ساکنین (یاء العلة ویاء المخاطبة) کی وجہ سے حرف علت کو حذف کر دینے سے "تَبْنِیْنَ" بن گیا۔

(۲) یہ صیغہ اصل میں تَبْنِیُوْنَ تھا یاء العلّة کو التقاء الساکنین کی وجہ سے حذف کردیا تو تَبْنِیوْنَ بن گیا نون کو واو کی مناسبت سے ضمہ دے دیا تو تَبْنُوْنُ ہوگیا۔

(۳) تَبْنُوْنَ + نَّ = تَبْنُوْنَّ = تَبْنُنَّ

لَتَبْنُنَّ: لـ: لام القسم، تبنُنَّ: فعل مضارع مرفوع ، وعلامة رفعه نون الرفع المحذوفة لتوالي الأمثال، وفاعله واو الجماعة المحذوفة؛ لالتقاء الساكنين، في محل رفع.

٣ـ لَتَبْنِنَّ مَجْدَ الأُمَّة يا فتاةُ!

لَتَبْنِنَّ: لـ: لام القسم، تبنِنَّ: فعل مضارع مرفوع ، وعلامة رفعه نون الرفع المحذوفة لتوالي الأمثال ، وفاعله ياء المخاطبة المحذوفة؛ لالتقاء الساكنين، في محل رفع.

المضارع المعتل الآخر بالواو:

مضارع معتل الآخر بالواو (مثلا: يعفو) میں واو (جو لام الفعل ہے) تمام صیغوں میں برقرار رہے گا سوائے یاء المخاطبة جیسے: تعفِيْنَ اور واو الجماعة جیسے: تَعْفُوْنَ ويَعْفُوْنَ کے صیغوں کے۔ ياء المخاطبة کے صیغے میں یہ واو پہلے ہی محذوف تھا (یہ اصل میں تَعْفُوْيِنَ تھا، واو العلة کو التقاء ساکنین کی وجہ سے حذف کردیا اور فاء کو یاء المخاطبة کی مناسبت سے کسرہ دے دیا گیا لہٰذا یہ تَعْفِيْنَ ہوگیا) ياء المخاطبة کو بھی التقاء الساكنين (یاء اور نون ثقیلہ کے پہلے نون ساکنہ) کی بناء پر حذف کردیا۔ پس یہ صیغہ تو کید کے بعد تَعْفِنَّ ہوگیا۔

واو الجماعة کے صیغے میں بھی واو العلة محذوف تھا (یہ دراصل تَعْفُوْوْنَ تھا واو العلة کو التقاء الواوين الساكنتين کی وجہ سے حذف کردیا تو یہ تَعْفُوْنَ ہوگیا) تو کید کے بعد نون الرفع کو توالي الأمثال اور واو الجماعة کو اجتماع ساکنین (واو الجماعة وأُولى النونين) کی وجہ سے حذف کردیا۔ اس کو حذف کرنا اس لئے جائز ہے کیونکہ اس سے پہلے آنے والا ضمہ اس پر دلالت کررہا ہے۔ یہ صیغہ تو کید کے بعد تَعْفُنَّ ہوگیا۔

نماذج في الإعراب:

١ ـ لَتَعْفُوَنَّ عن هَفَواتِ الآخرين.

لَتَعْفُوَنَّ: لـ: لام القسم، تعفُوَنَّ: فعل مضارع ، مبني على الفتحة ، لاتصاله بنون التوكيد ، في محل رفع، وفاعله ضمير مستتر وجوبا، تقديره: "أنت".

٢ ـ لَتَعْفُوَانِّ عن هفوات الآخرين.

لَتَعْفُوَانِّ: لـ: لام القسم ، تعفُوَانِّ: فعل مضارع مرفوع، وعلامة رفعه نون الرفع المحذوفة لتوالي الأمثال، وفاعله

ألف الاثنين، في محل رفع.

المضارع المعتل الآخر بالألف:

مضارع معتل الآخر بالألف (مثلا: یَرْضٰی) کے ساتھ جب نون التوکید ملحق ہوتا ہے تو اس کے صرف دو صیغوں واو الجماعة اور یاء المخاطبة میں تبدیلی واقع ہوتی ہے۔

واو الجماعة کا صیغہ ابتداءً تَرْضَیُوْنَ تھا، یاء متحرکہ فتحہ کے بعد واقع ہونے کے سبب الف میں تبدیل ہوگئی تو یہ تَرْضَاوْن ہوگیا۔ الف کو التقاء الساکنین (ألف العلة و واوالجماعة) کی وجہ سے حذف کردیا گیا تو یہ تَرْضَوْن رہ گیا۔ اس صیغے کے ساتھ جب نون التوکید ملحق ہوا تو نون الرفع کو توالي الأمثال کی وجہ سے حذف کردیا۔ نون کو حذف کرنے کے بعد دو ساکن (واو الجماعة واُولی النونین) جمع ہوگئے۔ التقاء الساکنین سے بچنے کے دو ہی طریقے ہیں۔ ایک طریقہ یہ ہے کہ ایک ساکن کو حذف کردیا جائے عام طور پر التقاء الساکنین سے بچنے کا یہی طریقہ ہے۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو پہلے والے ساکن کو حرکت دے دی جاتی ہے۔ یہاں واو الجماعة کا حذف کرنا ممکن نہیں کیونکہ اس سے پہلے فتحہ ہے جو واو پر دلالت نہیں کرتا، لہٰذا واو کو حرکت (الضمّة) دے دی جاتی ہے۔ پس یہ صیغہ توکید کے بعد تَرْضَوُنَّ ہو جاتا ہے۔

یاء المخاطبة کا صیغہ اعلال سے پہلے تَرْضَایْنَ تھا، جب دو ساکنین (ألف العلّة اور یاء المخاطبة) جمع ہوئے تو ألف العلّة کو التقاء الساکنین کی وجہ سے حذف کردیا گیا تو تَرْضَیْنَ رہ گیا۔ اس صیغے کے ساتھ جب نون التوکید ملحق ہوا تو سب سے پہلے نون الرفع، توالي الأمثال کی وجہ سے حذف کردیا۔ اس کو حذف کرنے کے بعد دو ساکنین (یاء المخاطبة اور اُولی النونین) جمع ہوگئے۔ یاء المخاطبة فاعل الفعل ہے اور اسے حذف کرنا صرف اس وقت جائز ہے جب کہ اس سے پہلے آنے والا کسرہ اس پر دلالت کرتا ہو یہاں چونکہ یاء المخاطبة سے پہلے فتحہ ہے، لہٰذا اسے حذف کرنا ممکن نہیں لہٰذا یاء کو حرکت (کسرہ) دے دی جائے گی پس یہ صیغہ توکید کے بعد تَرْضَیِنَّ بن جائے گا۔

قواعد:

۱۔ اگر مضارع معتل الآخر بالیاء کو نون مشددہ سے مؤکّد بنایا جائے تو مفرد مؤنث مخاطب، جمع مذکر غائب ومخاطب کے صیغوں کے علاوہ تمام صیغوں میں لام الفعل (یعنی یاء) برقرار رہتی ہے۔

۲۔ اگر مضارع معتل الآخر بالواو ہے تو لام الفعل (یعنی واو) سوائے یاء المخاطبة اور واو الجماعة کے،

تمام صیغوں میں برقرار رہے گا۔

۳۔ اگر مضارع معتل الآخر بالالف ہوتو نون مشددہ سے مؤکد بناتے وقت صرف یاء المخاطبة اور واو الجماعة کے صیغوں میں تبدیلی واقع ہوگی۔

ألف: توكيد المضارع وجوبًا

(ب) المضارع الممتنع التوكيد	(ألف) المضارع الواجب التوكيد
والله لسوف أُنجز وعدي.	١ ـ والله لأُنْجِزَنَّ وَعْدِي .
والله لأَسُدُّ خُلَّةَ الفقير الآن.	٢ ـ وَاللّٰه لأَسُدَنَّ خُلَّةَ الفقير.
تاللّٰه لا أساعدك.	٣ ـ تاللّٰه لأُسَاعِدَنَّك.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا سرخ کلمات پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض حالات میں فعل مضارع کی توکید (نون توکید کے ساتھ) واجب ہوتی ہے اور بعض حالات میں ممنوع ہوتی ہے۔

مجموعہ الف کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مندرجہ ذیل شروط کی موجودگی میں فعل مضارع کی توکید واجب ہوجاتی ہے:

(۱) مضارع بطور جواب قسم واقع ہو۔

(۲) لام القسم مضارع کے ساتھ متصل ہو۔

(۳) مضارع حال پر نہیں بلکہ مستقبل پر دلالت کرتا ہو۔

(۴) مثبت ہو منفی نہ ہو۔

اگر ان شرائط میں سے ایک بھی مفقود ہوتو مضارع کی توکید جائز نہ ہوگی، جیسے مجموعہ ب کے جملوں سے ظاہر ہے کہ اگر مضارع قسم کے جواب میں نہ آیا ہو یا اس کے اور لام القسم کے درمیان کوئی حرف حائل ہو جائے، جیسے مجموعہ ب

جملہ۱۔ میں مضارع اور لام القسم کے درمیان سوف حائل ہے یا مضارع زمانہ حال پر دلالت کرے، جیسے مجموعہ ب جملہ۲۔ میں الآن حال پر دلالت کر رہا ہے یا مضارع منفی ہو، جیسے مجموعہ ب جملہ۳۔ تو ان تمام صورتوں میں مضارع کی توکید جائز نہ ہوگی۔

ب: توكيد المضارع جوازًا

الأمثلة:

(ب)	(ألف)
لِتَصِلِ الأَرْحامَ يا أخي.	١ ـ لِتَصِلَنَّ الأَرحامَ يا أخي.
لا تَكُنْ على الإساءة أقوى منك على الإحسان.	٢ ـ لا تَكُوْنَنَّ على الإساءةِ أقوى منك على الإحسان.
هلاَّ تُقَدِّرِيْن الوقت حقَّ قَدْرِه يا فتاةُ!	٣ ـ هلاَّ تُقَدِّرِنَّ الوقتَ حَقَّ قَدْرِهِ يا فتاةُ!
هل تَدَّخِروْنَ شَيْئًا لوقت الحاجةِ يا أولادي؟	٤ ـ هلْ تَدَّخِرُنَّ شَيْئًا لِوَقْتِ الحاجةِ يا أولادي؟
إمَّا تَبْذُلِ المَعْرُوْفَ تَنَلْ جزاءه.	٥ ـ إمَّا تَبْذُلَنَّ المَعْرُوْف تَنَلْ جَزَاءَه.

شرح وتفصیل:

فعل مضارع کی توکید دو حالتوں میں جائز ہوتی ہے[1]۔

۱۔ مضارع سے پہلے اسالیب طلب یعنی أمر، نهي، استفهام، تمني، ترجي، عرض، تحضيض میں سے کوئی اسلوب ہو، جیسے جملہ۱،۲،۳،۴۔

۲۔ مضارع سے پہلے إمَّا ہو[2]۔ إمَّا کے بعد واقع ہونے والے فعل مضارع میں إن الشرطية کا اعرابی عمل برقرار رہتا ہے چنانچہ مضارع کے وہ صیغے جو نون التوکید کے اتصال سے مبنی ہو جاتے ہیں إن الشرطية کے بعد في محل جزم ہو جاتے ہیں اور معرب صیغے حسب قاعدہ مجزوم ہو جاتے ہیں اس صورت میں ان کا نون الرفع، توالي الأمثال کی وجہ سے حذف نہیں ہوتا، بلکہ جزم ہونے کی وجہ سے حذف ہوتا ہے۔

(۱) یعنی ان دونوں حالتوں میں مضارع کی توکید کرنا اور نہ کرنا برابر ہے۔ (۲) إمّا = إن + ما یعنی إن الشرطية کو ما الزائدة میں مدغم کرنے سے بنا ہے۔

قواعد:

۱۔ جب فعل مضارع بطور جواب قسم واقع ہو، مثبت ہو، زمانۂ مستقبل پر دلالت کرتا ہو اور اسکے اور لام القسم کے درمیان کوئی فاصل نہ ہو تو اس کی توکید واجب ہوتی ہے۔

۲۔ جب فعل مضارع بطور جواب قسم واقع ہو، لیکن منفی ہو، یا زمانہ حال پر دلالت کرے، یا اسکے اور لام القسم کے درمیان کوئی فاصل ہو تو اس صورت میں مضارع کی توکید ممنوع ہوتی ہے۔

۳۔ جب فعل مضارع سے پہلے اسالیب طلب میں سے کوئی اسلوب ہو، یا إمّا الشرطية واقع ہو تو اس کی توکید جائز ہوتی ہے۔

نماذج في الإعراب:

١ ـ إمّا تَبْذُلَنَّ المعرُوْفَ تَنَلْ جَزَاءَہ.

إمّا: إن الشرطية المدغمة في ما الزائدة، لا محل لهما من الإعراب.

تَبْذُلَنَّ: فعل مضارع، مبني على الفتحة؛ لاتصاله بنون التوكيد، في محل جزم بإن الشرطية، فاعله ضمير مستتر وجوبا، تقديره: "أنت".

تنل: فعل مضارع؛ جواب الشرط، مجزوم وعلامة جزمه السكون الظاهر على اخره.

٢ ـ إمّا تَبْذُلُنَّ المعروف تَنالُوا جَزَاءَہ.

تبذُلُنَّ: فعل مضارع، مجزوم بإن الشرطية، وعلامة جزمه حذف حرف النون، فاعله واو الجماعة المحذوفة؛ لالتقاء الساكنين، في محل رفع.

توكيد الأمر جوازا

الأمثلة:

(ب)	(ألف)
أَكْرِمِ الضَّيْفَ يَا زيدُ!	١ ـ أَكْرِمَنَّ الضَيْفَ يا زيد!
افهَمِي الدرس يا عائشة!	٢ ـ افْهَمِنَّ الدَّرسَ يا عَائشة!

٣۔ اخْدُمَانِّ أَبَوَيْكُما يا ولدان!	اخْدُمَا أَبَوَيْكُما يا ولدان!
٤۔ اجْتَهِدُنَّ في طلب العلم يا طُلابُ!	اجتهدوا في طلب العلم يا طلاب!
٥۔ تَحَجَّبْنَانِّ يا فتياتُ!	تَحجَّبْنَ يا فتياتُ!
٦۔ انْسَيَنَّ الإساءةَ يا كريم!	انْسَ الإساءة يا كريم!
٧۔ اعفُوَنَّ عن المسيء.	اعفُ عن المسيء.
٨۔ ابْنِيَنَّ مجدَ الأمة يا فتى!	ابْنِ مجدَ الأمة يا فتى!
٩۔ ادْعُنَّ إلى سبيل ربكم بالحكمة يا بَنِيَّ!	ادعُوا إلى سبيل ربكم بالحكمة يا بَنِيَّ!
١٠۔ ادْعِنَّ إلى سبيل ربكِ بالحكمة يا عائشة!	ادْعِي إلى سبيل ربكِ بالحكمة يا عائشة!
١١۔ اسْعَوُنَّ لِلآخرة سَعْيَها يا أيها المؤمنون!	اسْعَوا لِلآخرة سعيها يا أيها المؤمنون!
١٢۔ ارْضَيِنَّ بِنَصِيبِكِ من الدنيا يا أختي!	ارضَي بنصيبك من الدنيا يا أختي!

شرح وتفصیل:

فعل امر کی تو کید بھی جائز[1] ہے۔اس کی تو کید بھی بالکل اسی طرح ہوگی جس طرح مضارع کی تو کید ہوتی ہے۔

فعل امر صحیح الآخر مفرد مذکر مخاطب کا صیغہ مبني على السكون ہوا کرتا ہے،تو کید کے بعد یہ مبني على الفتح ہوجاتا ہے،فعل امر کے مثنی،مفرد مؤنث،اور جمع مذکر کے صیغے مبني على حذف نون الرفع ہوتے ہیں،یہ اسی حال پر مبنی رہتے ہیں،لیکن مفرد مؤنث کے صیغے سے یاء المخاطبة، جیسے: جملہ۲۔افْهَمِنَّ اور جمع مذکر کے صیغے سے واو الجماعة، جیسے: جملہ۳۔اجْتَهِدُنَّ حذف کر دیئے جاتے ہیں۔جمع مؤنث کا صیغہ حسب سابق مبني على السكون رہتا ہے۔ مضارع کی طرح یہاں بھی نون النسوة اور نون التوكيد کے درمیان ایک الف زائدہ لگا دیا جاتا ہے، جیسے جملہ۵۔ تَحَجَّبْنَانِّ۔

امر معتل الآخر کی تو کید بالکل اسی طرح ہوتی ہے جس طرح مضارع معتل الآخر کی ہوتی ہے۔فعل امر

(۱) فعل ماضی کی نون التوکید کے ساتھ تو کید نہیں ہوتی۔ ماضی کو مؤکد کرنے کے لئے اس سے پہلے قد استعمال ہوتا ہے،مثلا: قد أديت واجبي۔اگر ماضی بطور جواب قسم وارد ہوتو قد کے ساتھ لام القسم بھی لگ جاتا ہے، جیسے: والله لقد أديت واجبي۔

معتل الآخر کا مفرد مذکر مخاطب کا صیغہ تینوں صورتوں (یعنی معتل الآخر بالألف و الواو والیاء) میں مبني علی الفتح ہوتا ہے، جیسے جملہ ٦، ٧، ٨۔ انْسَيَنَّ، اعْفُوَنَّ، ابْنِيَنَّ۔

فعل امر اگر معتل الآخر بالواو یا معتل الآخر بالیاء ہو تو مفردہ مخاطبہ کے صیغے سے یاء اور جمع مذکر کے صیغے سے واو حذف ہوجاتا ہے، جیسے: ابْنِنَّ، ابْنُنَّ، ادْعِنَّ، ادْعُنَّ۔

فعل امر اگر معتل الآخر بالألف ہو تو جمع مذکر کے صیغے میں واو الفاعل کو حذف نہیں کرتے، بلکہ ضمہ سے حرکت دیتے ہیں، جیسے جملہ ١١۔ اسْعَوُنَّ، جیسا کہ مضارع مؤکد کی تفصیل میں گذر چکا ہے۔

اسی طرح معتل الآخر بالألف کے مفرد مؤنث کے صیغے میں یاء الفاعل کو حذف نہیں کرتے بلکہ کسرہ سے حرکت دیتے ہیں، جیسے جملہ ١٢۔ ارْضَيِنَّ۔

قواعد:

فعل امر کی توکید بھی جائز ہے اور بالکل اسی طرح ہوگی جس طرح مضارع کی توکید ہوتی ہے۔

نماذج في الإعراب:

١ـ أكْرِمَنَّ الضَّيفَ يا زيدُ!

أكْرِمَنَّ: فعل أمر، مبني على الفتح؛ لاتصاله بنون التوكيد، فاعله ضمير مستتر وجوبا، تقديره: "أنتَ".

٢ـ افْهَمِنَّ الدَّرسَ يا عائشةُ!

افْهَمِنَّ: فعل أمر، مبني على حذف نون الرفع. **الفاعل:** ياء المخاطبة المحذوفة؛ لالتقاء الساكنين (الياء وأولى نوني التوكيد)، في محل رفع.

٣ـ اخْدُمَانِّ أبويكما يا ولدان!

اخْدُمَانِّ: فعل أمر، مبني علي حذف نون الرفع، وفاعله ألف الاثنين، في محل رفع، كُسرت نون التوكيد تشبيها لها بنون المثنى، وهي حرف لا محل لها من الإعراب.

٤ـ اجْتَهِدُنَّ في طلب العلم يا طلاب!

اجْتَهِدُنَّ: فعل أمر مبني على حذف نون الرفع، وفاعله واو الجماعة المحذوفة؛ لالتقاء الساكنين، في محل رفع.

٥ـ انْسَيَنَّ الإساءَةَ يا كريم!

انْسَيَنَّ: فعل أمر، مبني على الفتحة؛ لاتصاله بنون التوكيد، وفاعله ضمير مستتر وجوبا، تقديره: "أنتَ".

٦ـ أُدْعُنَّ إلى سبيل ربكم بالحكمة.

ادْعُنَّ: فعل أمر، مبني على حذف نون الرفع، وفاعله واو الجماعة المحذوفة؛ لالتقاء الساكنين، في محل رفع.

٧ـ ارْضَيِنَّ بنصيبك من الدنيا يا أُخْتِي!

ارْضَيِنَّ: فعل لأمر، مبني على حذف نون الرفع، وفاعله الياء المخاطبة المكسورة، في محل رفع.

جدول المضارع الصحيح المؤكد بنون التوكيد الثقيلة

الغائب

	المفرد	المثنى	الجمع
المذكر	يَذْهَبَنَّ	يَذْهَبَانِّ	يَذْهَبُنَّ
المؤنث	تَذْهَبَنَّ	تَذْهَبَانِّ	يَذْهَبْنَانِّ

المخاطب

المذكر	تَذْهَبَنَّ	تَذْهَبَانِّ	تَذْهَبُنَّ
المؤنث	تَذْهَبِنَّ	تَذْهَبَانِّ	تَذْهَبْنَانِّ

المتكلم

المذكر والمؤنث	أَذْهَبَنَّ	نَذْهَبَنَّ	نَذْهَبَنَّ

جدول المضارع المعتل الآخر بالياء المؤكد بنون التوكيد

الغائب

	المفرد	المثنى	الجمع
المذكر	يَبْنِيَنَّ	يَبْنِيَانِّ	يَبْنُنَّ

المؤنث	تَبْنِيَنَّ	تَبْنِيَانِّ	يَبْنِيْنَانِّ

المخاطب

المذكر	تَبْنِيَنَّ	تَبْنِيَانِّ	تَبْنُنَّ
المؤنث	تَبْنِنَّ	تَبْنِيَانِّ	تَبْنِيْنَانِّ

المتكلم

المذكر والمؤنث	أَبْنِيَنَّ	نَبْنِيَنَّ	نَبْنِيَنَّ

جدول المضارع المعتل الآخر بالواو المؤكد بنون التوكيد

الغائب

	المفرد	المثنى	الجمع
المذكر	يَعْفُوَنَّ	يَعْفُوَانِّ	يَعْفُنَّ
المؤنث	تَعْفُوَنَّ	تَعْفُوَانِّ	يَعْفُوْنَانِّ

المخاطب

المذكر	تَعْفُوَنَّ	تَعْفُوَانِّ	تَعْفُنَّ
المؤنث	تَعْفِنَّ	تَعْفُوَانِّ	تَعْفُوْنَانِّ

المتكلم

المذكر والمؤنث	أَعْفُوَنَّ	نَعْفُوَنَّ	نَعْفُوَنَّ

جدول المضارع المعتل الآخر بالألف المؤكد بنون التوكيد

الغائب

	المفرد	المثنى	الجمع
المذكر	يَرْضَيَنَّ	يَرْضَيَانِّ	يَرْضَوُنَّ

المؤنث	تَرْضَيَنَّ	تَرْضَيَانِّ	يَرْضَيْنَانِّ

المخاطب

المذكر	تَرْضَيَنَّ	تَرْضَيَانِّ	تَرْضَوُنَّ
المؤنث	تَرْضَيِنَّ	تَرْضَيَانِّ	تَرْضَيْنَانِّ

المتكلم

المذكر والمؤنث	أَرْضَيَنَّ	نَرْضَيَنَّ	نَرْضَيَنَّ

فعل الأمر بنون التوكيد الصحيح الآخر

	المفرد	المثنى	الجمع
المذكر	اذْهَبَنَّ	اذْهَبَانِّ	اذْهَبُنَّ
المؤنث	اذْهَبِنَّ	اذْهَبَانِّ	اذْهَبْنَانِّ

فعل الأمر المعتل الآخر بالياء المؤكد بنون التوكيد

المذكر	ابْنِيَنَّ	ابْنِيَانِّ	ابْنُنَّ
المؤنث	ابْنِنَّ	ابْنِيَانِّ	ابْنِيْنَانِّ

فعل الأمر المعتل الآخر بالواو المؤكد بنون التوكيد

المذكر	ادْعُوَنَّ	ادْعُوَانِّ	ادْعُنَّ
المؤنث	ادْعِنَّ	ادْعُوَانِّ	ادْعُوْنَانِّ

فعل الأمر المعتل الآخر بالألف المؤكد بنون التوكيد

المذكر	ارْضَيَنَّ	ارْضَيَانِّ	ارْضَوُنَّ
المؤنث	ارْضَيِنَّ	ارْضَيَانِّ	ارْضَيْنَانِّ

التمرين ـ ١

اجعل كل فعل مضارع فيما يأتي جوابا للقسم وأكده بالنون الثقيلة: [1]

نموذج: تَدْرِيْنَ الحقيقةَ بعد حين.

لتدْرِنَّ الحقيقة بعد حين.

٢ ـ يرسُب المهمل. ٣ ـ تتفانون في طلب العلم. ٤ ـ نقضي على البدعة والضلال.

٥ ـ تُواسُون الفقراء. ٦ ـ تُحْيُونَ سُنَّةَ نبيكم ﷺ. ٧ ـ تُبْلَوْنَ في أموالكم وأنفسكم.

٨ ـ نكافِئُ المُجِدِّين. ٩ ـ يذوق الظالم وبال أمره. ١٠ ـ يُهزم الأعداء ويُوَلُّون الأدبار.

١١ ـ يُهلِك اللّٰه الظالمين. ١٢ ـ ينال شعب كشمير حريته. ١٣ ـ نسهر الليالي في طلب المعالي.

١٤ ـ نفدي الدين بأرواحنا. ١٥ ـ يبطش الحاكم بالمجرمين. ١٦ ـ أُكرِّس حياتي لإعلاء كلمة اللّٰه.

١٧ ـ تُرَبِّيْنَ أَوْلَادَكُنّ على مبادئ الدين. ١٨ ـ تُخْلِصْنَ عملَكُنَّ لوجه اللّٰه يا نساء.

١٩ ـ يجزي اللّٰه المحسنين ويُوَفِّيهِم أُجُوْرَهم. ٢٠ ـ ينتهي بك المطاف بين يدي ربك أيها الغافل.

التمرين ـ ٢

ضع الأفعال المضارعة الآتية في جمل مفيدة بحيث يجب توكيدها:

١ ـ يحصل ٢ ـ ترون ٣ ـ ننهى ٤ ـ كفى ٥ ـ تُحسن

٦ ـ تهتمُّ ٧ ـ أدعُو ٨ ـ تتَّقين ٩ ـ تعاقبون ١٠ ـ نسامح

التمرين ـ ٣

املأ الفراغات بأفعال مضارعة مؤكدة :

نموذج: لِتَرْحَمُنَّ العباد يرحمكم رب العباد.

(١) من ألفاظ القسم: واللّٰه، باللّٰه، تاللّٰه، وحَقِّك، يمين اللّٰه، لعَمرِي، لعَمرُك، وأبِيْك، وشَرَفي.

٢ـ لا ـــــــــ في الله لومة لائم.
٣ـ إمّا ـــــــــ محاضرات العلماء تستفِدْ علما.
٤ـ لا ـــــــــ بالمال أيتها النساء.
٥ـ لا ـــــــــكم الحياة الدنيا فإنها متاع الغرور.
٦ـ إمّا ـــــــــ دروسكم ترسبوا.
٧ـ إمّا ـــــــــ المدارس، تنمح الأمية من البلاد.
٨ـ إمّا ـــــــــ تتغلبوا على متاعبكم.
٩ـ لا ـــــــــ أولادكِ فيتولد في نفوسهم العنادُ.
١٠ـ إمّا ـــــــــ وعودك تربحْ تجارتك.
١١ـ هلّا ـــــــــ بتربية أولادكم لينشؤوا صالحين.
١٢ـ لِـ ـــــــــ في سبيل الله مما تُحبون.
١٣ـ هلّا ـــــــــ الإساءة بالإحسان يرض عنك الله.
١٤ـ ألا ـــــــــ من ذكر الله يطمئن قلبك.
١٥ـ هلّا ـــــــــ مسجدًا يبن اللّٰہ لكم بيتا في الجنة.
١٦ـ لا ـــــــــ نفسُك حسرات على زهرة الحياة الدنيا.
١٧ـ لولا ـــــــــ اللّٰہَ، يجعل لكِ مخرجًا من كل ضيق.
١٨ـ هلّا ـــــــــ تتَّقِيْنَ الفِتَن. (الخطاب لجماعة الإناث).
١٩ـ لِـ ـــــــــ الدقة في المواعيد تنجح في حياتك العملية.
٢٠ـ لا ـــــــــ وراء الثقافة الغربية يا شبّانُ تؤدِّ بكم إلى الهلاك الأكيد.

التمرين ـ ٤

استعمل الأفعال الآتية في جمل من إنشائك مؤكدة بنون التوكيد:

١ـ تَصْرِفْنَ ٢ـ تجتهدِيْن ٣ـ تُصغِي ٤ـ تُواظِبْنَ ٥ـ تتعلَّمان
٦ـ يكرمون ٧ـ تصلين الأرحام ٨ـ تمدحون ٩ـ تستريح قليلا ١٠ـ تبذلون

التمرين ـ ٥

أكِّد الأمر فيما يأتي:

نموذج: أطِعنَ الله والرسول ﷺ أيتها النساء!

أطِعْنَانِّ الله والرسول ﷺ أيتها النساء!

٢ ـ تَحَابّوا في اللّٰه يا فِتيان! ٣ ـ دافعوا عن أرض الوطن يا جُند!

٤ ـ صِلي قرابتك وإن قطعوكِ. ٥ ـ الزَموا الصدق وإن أهلككم الصدق.

٦ ـ ارفقوا بأزواجكم يا رجال! ٧ ـ أَحِبَّ للناس ما تحب لنفسك يا فتى!

٨ ـ تفانوا في طلب العلم يا شبانُ! ٩ ـ انظُر إلى من هو دُونك ولا تنظر إلى من هو فوقك.

١٠ ـ يأيتها المسلمةُ! سارعي إلى مغفرة من ربِّك وجنة عرضها السموات والأرض.

التمرين ـ ٦

ترجم الجمل الآتية إلى العربية الفصحى مستخدما المضارع المؤكد وجوبا أو جوازا:

۱۔ زیادہ بحث مت کرو۔ ۲۔ آپ کو شام کی پرواز سے سفر کرنا چاہئے۔

۳۔ تم اپنے غم بھول جاؤ گی۔ ۴۔ عزت دار آدمی اپنا وعدہ ضرور پورا کرے گا۔

۵۔ ہم اپنا فرض ادا کریں گے۔ ۶۔ اے عائشہ! کیا تم اللہ کی رضا کے لئے صبر کرو گی؟

۷۔ بروں کی صحبت اختیار مت کرو۔ ۸۔ اگر یتیم پر شفقت کرو گے تو اللہ تم سے راضی ہوگا۔

۹۔ بھول پر میری پکڑ مت فرمائیے۔ ۱۰۔ کیا آپ گرمیوں کی چھٹیاں لاہور میں گزاریں گی؟

۱۱۔ ہم آپ کی ضرور تائید کریں گے۔ ۱۲۔ اللہ کی قسم مغربی تہذیب تباہی کی راہ پر گامزن ہے۔

۱۳۔ اپنے بچوں پر بے جا سختی مت کرو۔ ۱۴۔ کسی آدمی کی تعریف نہ کرو جب تک کہ اسے آزما نہ لو۔

۱۵۔ اللہ تعالیٰ مظلوم کی دعا ضرور سنیں گے۔ ۱۶۔ ہم اپنے مال سے فقیروں اور محتاجوں کی مدد کریں گے۔

۱۷۔ اے عورتو! کیا ہی اچھا ہو کہ تم دین سیکھو۔ ۱۸۔ اللہ کی قسم اللہ کا دین سب ادیان پر غالب آ کر رہے گا۔

۱۹۔ ایک مرتبہ غلطی ہو جائے تو مایوس مت ہو۔ ۲۰۔ جب آپ نیا کام شروع کریں گے تو بہت مشکلات کا سامنا ہوگا۔

۲۱۔ اگر آپ تجربہ کاروں سے مشورہ کریں تو آپ کے لئے بہتر ہوگا۔

۲۲۔ اللہ تعالیٰ اسی کی نصرت فرمائیں گے جو اسکے دین کی نصرت کرے گا۔

۲۳۔ اے زینب! اگر آپ کوئی ایسی کتاب دیکھیں جس کی آپ کو ضرورت ہو تو خرید لیجئے۔

۲۴۔ کیا ہی اچھا ہوا گر ہم بندوں پر اسی طرح احسان کریں جس طرح اللہ نے ہم پر احسان کیا۔

۲۵۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں کوشش کرتے ہیں اللہ تعالی ان کے لئے ہدایت کی راہیں کھولتے ہیں۔

التمرين - ۷

استخرج من الآيات الكريمة أفعالا مضارعة مؤكدة بنون التوكيد وفاعلها والأداوات التي دخلت عليها وأعربها:

نموذج: لا يَصُدُّنَّكَ عَن آياتِ اللّٰهِ بعدَ إذْ أُنْزِلَتْ إليكَ وَادْعُ إلى رَبِّكَ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ.

لا: ناهية جازمة، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب. يَصُدُّنَّكَ: فعل مضارعٌ مجزومٌ بـ"لا"، وعلامة جزمه حذف النون لأنه من الأفعال الخمسة. وواو الجماعة المحذوفة لالتقاء الساكنين، في محلِّ رفع فاعل. والنون المشدَّدة للتوكيد مبنية على الفتحة، لا محلَّ لها من الإعراب.

لا: ناهية جازمة، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب. تَكُوْنَنَّ: فعل مضارع، مبني على الفتحة، في محل جزم واسمه ضمير مستتر فيه وجوبا، تقديره: "أنت". والنون المشدَّدة للتوكيد مبنية على الفتحة، لا محلَّ لها من الإعراب.

٢ ـ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ.

٣ ـ وَلَتَجِدَنَّهُمْ أَحْرَصَ النَّاسِ عَلَى الْحَيَاةِ.

٤ ـ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَأَهُ بَعْدَ حِيْنٍ.

٥ ـ الحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فلا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ.

٦ ـ كَلَّا لَيُنْبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ.

٧ ـ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا.

٨ ـ لَتُبْلَوُنَّ فِي أَمْوالِكُمْ وأنْفُسِكُم.

٩ ـ قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا فإمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ مِنِّي هُدًى.

١٠ ـ لا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِينَ كَفَرُوا في الْبِلادِ.

١١ ـ أ فَرَأَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا.

١٢ ـ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ.

١٣ ـ لَئِنْ آتَانَا مِنْ فَضْلِهِ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُونَنَّ مِنَ الصَّالِحِينَ.

١٤ ـ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَنَّما نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّأَنْفُسِهِمْ.

١٥ ـ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ لَيَجْمَعَنَّكُم إِلى يَوْمِ الْقِيامَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ.

١٦ـ إِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ أَحَدًا فَقُوْلِيْ إِنِّيْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا.

١٧ـ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ أَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ.

١٨ـ إِن لَّمْ يَنْتَهُوا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا مِنْهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ.

١٩ـ وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهُ.

٢٠ـ قَالَ قَدْ أُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعَانِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ.

٢١ـ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُم مِنْ أَرْضِنَا أَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا.

٢٢ـ وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْأَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ.

التمرين ـ ٨

استخرج من الأحاديث الآتية المضارع المؤكد بنون التوكيد وجوبًا أوجوازا مع بيان السبب:

نموذج: ١ـ عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ! إِنِّيْ أَرَاكَ ضَعِيْفًا وَإِنِّي أُحِبُّ لَكَ مَا أُحِبُّ لِنَفْسِيْ: لَا تَأَمَّرَنَّ على اثْنَينِ ولا تَوَلَّيَنَّ مَالَ يَتِيْمٍ.

تَأَمَّرَنَّ: فعل مضارع مؤكد بنون التوكيد جوازًا؛ لكونه مسبوقًا بالنهي.

تَوَلَّيَنَّ: فعل مضارع مؤكد بنون التوكيد جوازًا؛ لكونه مسبوقًا بالنهي.

٢ـ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: وَيْلٌ لِلْأُمَرَاءِ، وَيْلٌ لِلْعُرَفَاءِ، وَيْلٌ لِلْأُمَنَاءِ لَيَتَمَنَّيَنَّ أَقْوامٌ يومَ القِيامَةِ أَنَّ ذَوَائِبَهُم كَانَتْ مُعَلَّقَةً بِالثُّرَيَّا يَتَذَبْذَبُوْنَ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ وَلَمْ يَكُوْنُوْا عَمِلُوْا عَلَى شَيْءٍ.

لَيَتَمَنَّيَنَّ: فعل مضارع مؤكد بنون التوكيد وجوبًا، لكونه واقعًا جوابًا للقسم، مثبتًا، مُسْتَقْبِلًا، متّصِلًا بلام القسم.

٣ـ عن أَبِي بَرْزَةَ قَالَ: غَضِبَ أبو بَكْرٍ على رَجلٍ غَضَبًا شَدِيدًا حتى تَغَيَّرَ لَونُهُ قُلتُ: يا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ! واللّٰهِ لَئِنْ أَمَرْتَنِي لَأَضْرِبَنَّ عُنُقَه.

٤ـ عَنْ عَمرو بنِ سُلَيم الزرقِيّ عَن أُمِّهِ قَالَتْ: كُنَّا بِمِنٰى فإِذَا الصَّائِحُ يَصِيْحُ أَلَا إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يقولُ: لَا

تَصُومُنَّ فإنّها أيّامُ أكْلٍ وشُرْبٍ.

۵۔ عن النبي ﷺ قال: والّذي نفسي بيدِهِ لتأمُرُنَّ بالمَعْرُوفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ المُنْكَرِ أو لَيُوشِكَنَّ اللّهُ أنْ يَبْعَثَ عليكم عِقابًا منه ثم تَدْعُونَهُ فلا يُسْتَجابُ لَكُم.

٦۔ قال جريرٌ: بايَعْتُ رَسُولَ اللّهِ ﷺ على السَّمْعِ والطَّاعَةِ وعَلى أنْ أنْصَحَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ، وكان جريرٌ إذا اشْتَرَى الشَّيْءَ وكانَ أعْجَبَ إلَيهِ مِن ثَمَنِهِ قالَ لِصاحِبِهِ: تَعْلَمَنَّ واللّهِ لَما أخَذْنَا أحَبُّ إلينَا مِمّا أعْطيناكَ.

۷۔ عَن أبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّهُ عَنْهُ أنَّ رَسُولَ اللّهِ ﷺ قَالَ يَوْمَ خَيْبَرَ: لأُعْطِيَنَّ هذِهِ الرَّايَةَ رَجُلاً يُحِبُّ اللّهَ وَرَسُوْلَهُ يَفْتَحُ اللّهُ عَلى يَدَيْهِ، قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّهُ عَنْهُ: مَا أحْبَبْتُ الإمَارَةَ إلّا يَوْمَئِذٍ فَتَسَاوَرْتُ لَهَا رَجَاءَ أنْ أُدْعى لَهَا فَدَعَا رَسُولُ اللّهِ ﷺ عَلِيَّ بْنَ أبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّهُ عَنْهُ فَأَعْطَاهُ إيَّاهَا.

۸۔ إنَّ نَبِيَّ اللّهِ ﷺ قالَ: مَن قَرَأَ قُل هُوَ اللّهُ أحَدٌ عَشَرَ مَرَّاتٍ بُنِيَ لَهُ قَصْرٌ فِي الجَنَّةِ، وَمَنْ قَرَأَهَا عِشْرِيْنَ مَرَّةً بُنِيَ لَهُ بِهَا قَصْرَانِ فِي الْجَنَّةِ، وَمَنْ قَرَأَهَا ثَلاثِيْنَ مَرَّةً بُنِيَ لَهُ بِهَا ثَلاثَةُ قُصُوْرٍ فِي الْجَنَّةِ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الخَطَّابِ: وَاللّهِ يا رَسُولَ اللّهِ! إذَنْ لَتَكْثُرَنَّ قُصُورُنَا، فقال رسولُ اللّهِ ﷺ: اللّهُ أوْسَعُ مِن ذلكَ.

۹۔ عَن أبِي سَعِيدٍ الخُدرِيِّ أنّ أبَا مُوسَى اسْتَأْذَنَ على عُمَرَ ثلاثًا فَلَمْ يُؤْذَنْ لَهُ فَانصَرفَ، فَأرْسَلَ إلَيْهِ عُمَرُ: مَا رَدَّكَ؟ قَالَ: اسْتَأْذَنْتُ الاسْتِئْذَانَ الَّذِيْ أمَرَنَا بِهِ رَسُولُ اللّهِ ﷺ ثَلاثًا، فَإنْ أُذِنَ لَنَا دَخَلْنَا وَإنْ لَمْ يُؤْذَنْ لَنَا رَجَعْنَا، قالَ: فَقَالَ: لَتَأْتِيَنِّي على هذا بِبَيِّنَةٍ أو لأفْعَلَنَّ فَأَتَى مَجْلِسَ قومِهِ فَنَاشَدَهُم فَشَهِدُوا لَهُ فَخَلّى سَبِيلَهُ.

۱۰۔ عَنْ أبِي عَبْدِ اللّهِ خَبَّابِ بن الأرَتِّ رَضِيَ اللّهُ عنْهُ قالَ: شَكَوْنَا إلى رَسُولِ اللّهِ ﷺ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً لَهُ فِي ظِلِّ الكَعْبَةِ فَقُلْنَا: ألَا تَسْتَنْصِرُ لَنَا؟ ألَا تَدْعُو لَنَا؟ فَقَالَ: قَدْ كَانَ مَنْ قَبْلَكُمْ يُؤْخَذُ الرَّجُلُ فَيُحْفَرُ لَهُ فِي الأرْضِ فَيُجْعَلُ فِيها ثُمَّ يُؤْتَى بِمِنْشَارٍ فَيُوْضَعُ على رَأْسِهِ فَيُجْعَلُ نِصْفَيْنِ وَيُمْشَطُ بِأمْشَاطِ الْحَدِيْدِ مَا دُوْنَ لَحْمِهِ وَعَظْمِهِ مَا يَصُدُّهُ ذٰلِكَ عَنْ دِيْنِهِ وَاللّهِ لَيُتِمَّنَّ اللّهُ هذَا الأمْرَ حَتّى يَسِيْرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ إلى حَضْرَمَوْتَ لَا يَخَافُ إلَّا اللّهَ وَالذِّئْبَ على غَنَمِهِ وَلٰكِنَّكُمْ تَسْتَعْجِلُوْنَ.

التمرين - ٩

نموذج في الإعراب:

وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِأَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ.

و: استئنافية، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب.

أوحينا: فعل ماض، مبني على السكون؛ لاتصاله بضمير الرفع، **نا:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل رفع فاعل.

إليه: إلى: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب، **ه:** ضمير متصل، مبني على الكسرة، في محل جر بحرف جر. والجار والمجرور متعلقان بالفعل "أوحينا".

لتنبئنهم: لـ: لام القسم لقسم مقدر، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب، **تنبئن:** فعل مضارع، مبني على الفتحة؛ لاتصاله بنون التوكيد المشددة، في محل رفع لتجرده من الناصب والجازم، وفاعله ضمير مستتر فيه وجوبا، تقديره: "أنت"، والنون المشددة للتوكيد مبنية على الفتح، لا محل لها من الإعراب، **هم:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل نصب مفعول به.

بأمرهم: بـ: حرف جر، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب.

أمر: اسم مجرور بحرف جر، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على اخره وهو مضاف، والجار والمجرور متعلقان بالفعل "تنبئن"، **هم:** ضمير متصل، مبني على السكون؛ في محل جر بالإضافة مضاف إليه.

هذا: اسم إشارة، مبني على السكون في محل جر، بدل من "أمر" أو عطف بيان.

و: حالية، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب.

هم: ضمير منفصل، مبني على السكون في محل رفع مبتدأ.

لا: نافية، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب.

يشعرون: فعل مضارع، مرفوع لتجرده من الناصب والجازم، وعلامة رفعه ثبوت النون، **واو الجماعة** مبني على

السكون، في محل رفع فاعل.

الجملة "وأوحينا...": استئنافية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "تنبئهم ...": جملة جواب قسم مقدر، لا محل لها من الإعراب وجملة القسم المحذوفة وجوابها لا محل لها تفسيرية؛ لأن "أوحينا" فيه معنى القول دون حروفه.

الجملة " هم لا يشعرون": حالية من ضمير الغائب في "تنبئهم" في محل نصب.

الجملة "لا يشعرون ": جملة فعلية، في محل رفع، خبر المبتدأ.

أعرب ما يأتي:

١ ـ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا.

٢ ـ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَإِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ.

٣ ـ يَا أَيَّتُهَا النِّسَاءُ! أَنْفِقْنَانِّ بِأَحَبِّ أَمْوَالِكُنَّ يَكُنْ ذُخْرًا لَكُنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

٤ ـ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ أَشْرَكُوْا أَذًى كَثِيْرًا.

٥ ـ قَالَ قَائِدُ الْجَيْشِ لِلْمُجَاهِدِيْنَ تَرْغِيْبًا لَهُمْ فِي الْجِهَادِ: أَخْلِصُنَّ وَذَوِّدُنَّ عَنْ كَلِمَةِ اللّٰهِ الْعُلْيَا فَإِنَّهُ لَا يَجْتَمِعُ غُبَارٌ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَدُخَانُ جَهَنَّمَ فِي جَوْفِ مُسْلِمٍ.

الدرس الرابع

اجتماع الشرط والقسم

ألف: جملة جواب القسم وأحكامها

الأمثلة:

١ ـ مضارعية مثبتة: وَاللّٰهِ لنَصِلَنَّ الأَرْحَامَ.

٢ ـ ماضوية مثبتة ، ماضيها متصرف : وَاللّٰهِ لَقَدْ فَازَ المُجِدُّوْنَ.

٣ ـ ماضوية مُثبتة ، ماضيها جامد: وَاللّٰهِ لَعَسَى الضِيْقُ أَنْ يَنْفَرِجَ.

٤ ـ اسمية مثبتة: تَاللّٰهِ إِنَّ السَّاعَةَ لَحَقٌّ.

تَاللّٰهِ إِنَّ السَّاعَةَ حقٌّ.

تَاللّٰهِ لَلسَّاعَةُ حَقٌّ.

٥ ـ جملة فعلية منفية بالحرف: وَاللّٰهِ مَا رَضِيَ كَرِيْمٌ بِالذُّلِّ.

وَاللّٰهِ لَا نَسْكُتُ عَلَى الضَّيْمِ.

وَاللّٰهِ إِنْ يَعْلَمُ الغَيْبَ إِلّا اللّٰهُ.

٦ ـ جملة اسمية منفية: وَاللّٰهِ مَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا رَسُولٌ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جملة جواب القسم کی درج ذیل صورتیں ہیں:

ا۔ اگر جملة جواب القسم مثبت مضارع سے شروع ہو اور مستقبل پر دلالت کرے تو اس مضارع کو لام القسم اور نون التوکید کے ساتھ مؤکد کرنا ضروری ہے، جیسے جملہ ا۔ واللّٰہ لنصلَنَّ الأرحام۔

۲۔ اگر جملة جواب القسم کے ساتھ شروع میں ماضی متصرف ہو تو اس ماضی کو لام القسم اور قد دونوں سے مؤکد کرنا

ضروری ہے، جیسے جملہ۲۔ واللّٰہ لقد فاز المجدون ، اگر ماضی جامد ہو(لیس کے علاوہ) تو اس ماضی کوصرف لام سے مؤکد بنایا جائے گا، جیسے جملہ۳۔ واللّٰہ لعسی الضیق أن ینفرج۔

۳۔اگر جملة جواب القسم اسمیہ مثبتہ ہوتو اس کی تاکید تین طریقوں سے جائز ہے:

۱۔إنّ اور لام کے ساتھ، جیسے جملہ۴۔ تاللّٰہ إنّ الساعةَ لحق۔

۲۔صرف إنّ کے ساتھ، جیسے: تاللّٰہ إنّ الساعة حق۔

۳۔صرف لام کے ساتھ، جیسے: تاللّٰہ للساعة حق۔

۴۔اگر جملة جواب القسم منفیہ [1] ہو یعنی حرف نفی (ما ،لا یا إن [2]) سے شروع ہوتو اسکے ساتھ لام القسم لانا جائز نہیں خواہ جملہ فعلیہ ہو یا اسمیہ، جیسے جملہ۶۔ واللّٰہ ما محمد إلّا رسول۔

جملة جواب الشرط (مراجعة)

جملة جواب الشرط کی تفصیل اس کتاب کے دوسرے جزء میں گزر چکی ہے۔ یاددہانی کے طور پر بیان کر رہے ہیں کہ شرط کے جواب میں جو جملہ واقع ہوتا ہے وہ قاعدہ کی رو سے ماضی متصرف یا مضارع مجزوم سے شروع ہوتا ہے۔ اگر ماضی متصرف یا مضارع کے علاوہ اس کے شروع میں کوئی حرف آجائے، جیسے: لا، لن، سوف، سین، قد یا أمر کا صیغہ یا ماضی جامد (جیسے عسی اور لیس) تو اس صورت میں اس سے پہلے فاء لگانا واجب ہوتا ہے۔

ب: حذف جواب الشرط أو القسم عند اجتماعهما

(ب)	(ألف)
كان وأخواتها جب جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں تو اس میں دو قسم کی تبدیلیاں (ایک تبدیلی اعراب کے اعتبار سے اور دوسری معنی کے اعتبار سے) واقع ہوتی ہیں، اعراب کے اعتبار سے یہ تبدیلی واقع ہوتی ہے کہ مبتدا ان افعال کا اسم اور خبر ان افعال کی خبر بن جاتی ہے اور معنی کے اعتبار سے جملہ کا مفہوم بدل جاتا ہے، جیسے جملہ ۱۔ میں كان جب جملہ اسمیہ پر داخل ہوا تو معنی کے اعتبار سے جملہ کا مفہوم ماضی میں منتقل ہوگیا۔ اسی طرح أصبح جب جملہ اسمیہ پر داخل ہوا تو جملے کے مفہوم کو صبح کے وقت کے ساتھ خاص کردیا، جیسے کہ جملہ ۲۔ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا (آدمی صبح کے وقت مومن ہوگا اور شام کے وقت کافر) سے واضح ہے۔ اسی طرح "كان" کی دوسری اخوات کے مفہوم [۳] میں تبدیلی واقع ہوتی ہے۔

ان افعال کا اسم ظاہر بھی آتا ہے، جیسے جملہ ۲: يصبح الرجل، ضمیر بارز بھی، جیسے جملہ ۱: كُنَّا عِظَمًا وَّرُفَاتًا میں نا اور ضمیر مستتر بھی، جیسے جملہ ۱۳: لَنْ يَنْفك میں ضمیر مستتر هو۔ جبکہ انکی خبر مکمل طور پر مبتدا کی طرح ہوتی ہے یعنی مفرد بھی ہوتی ہے، جیسے جملہ ۱۳: ما زال [۴] الجهاد مستمرا، اور جملہ فعلیہ بھی، جیسے جملہ ۱۰۔ تفتؤ تذكر يوسف اور شبہ

---

(۱) ان کو افعال ناقصہ بھی کہتے ہیں، ان کو افعال ناقصہ اس لئے کہتے ہیں کہ خبر لائے بغیر ان کا معنی ناقص رہتا ہے۔ (۲) متصرف اور جامد کے اعتبار سے كان وأخواتها کی تین قسمیں ہیں: ۱۔ كاملة التصرف: یعنی ان افعال سے ماضی، مضارع، امر تینوں کے صیغے بنتے ہیں۔ یہ افعال سات (كان، أصبح، أمسى، أضحى، ظل، بات، صار) ہیں۔ ۲۔ ناقصة التصرف: ان سے صرف ماضی اور مضارع کے صیغے بنتے ہیں۔ یہ افعال چار (ما فتيء، ما انفك، مازال، مابرح) ہیں۔ ۳۔ جامدة: ان سے صرف ماضی کا صیغہ بنتا ہے یہ دو (مادام اور ليس) ہیں۔ (۳) أصبح (اتصاف المبتدأ بالخبر في الصباح)، أمسى (اتصافه به في المساء)، أضحى (اتصافه به في الضحى)، ظل (اتصافه به في النهار)، صار (التحول من صفة إلى صفة)، بات (اتصافه به في الليل)، مادام (بيان مدة اتصاف المبتدأ بالخبر)، ما برح، ما زال، ما فتيء، ما انفك (الاستمرار)، ليس (نفي الخبر عن المبتدأ)۔ یہ تمام معنی اس صورت میں ہونگے جبکہ یہ افعال ناقصہ استعمال ہوں۔ (۴) اس کا مضارع يَزَالُ ہوتا ہے اور اس کا کوئی مصدر مستعمل نہیں ہے جبکہ وہ زال جس کا مضارع يَزِيْل ہے افعال ناسخہ میں سے نہیں ہے بلکہ فعل تام متعد إلى مفعول ہے اور اس کے معنی میّز وفصّل ہیں اور اسی طرح وہ زال جس کا مضارع يَزُوْل ہے افعال ناسخہ میں سے نہیں ہے بلکہ فعل لازم ہے اور اس کے معنی هلك وفني ہیں۔

الحملة بھی، جیسے جملہ ۱۴۔ ما زال العبد في صلاةٍ۔

یہ افعال درج ذیل شروط کے ساتھ عمل کرتے ہیں:

۱۔ان کا اسم ان کے بعد مذکور ہو۔

۲۔ان کی خبر غیر انشائی[1] ہو، جیسے: ما زال زيد يجتهد۔

۳۔ان کا اسم اور خبر دونوں مذکور ہوں بخلاف ليس اور كان، کہ ان دونوں کی خبر کو بعض اوقات محذوف کر سکتے ہیں۔

۴۔اگر یہ افعال ماضی میں ہوں تو ضروری ہے کہ ان کی خبر میں فعل مضارع بھی زمن ماضی ہی پر دلالت کرے، تاکہ دونوں میں زمانے کے اعتبار سے مطابقت پائی جائے، جیسے: ما زال زيد يقاتل الآن یا سيقاتل کہنا درست نہیں کیونکہ اسمیں فعل مضارع، حال یا مستقبل پر دلالت کر رہا ہے۔

۵۔انکی خبر ماضی نہ ہو بخلاف كان کے، اس کی خبر ماضی بھی ہوتی ہے اور مضارع بھی۔

یہ افعال تام[2] بھی واقع ہوتے ہیں اور ناقص بھی سوائے ليس ، مازال ، مافتئ کے کیونکہ یہ ناقص ہی استعمال ہوتے ہیں۔ تام ہونے کی صورت میں ان کے بعد آنے والا مرفوع اسم یا ضمیر مستتر انکا فاعل بن جاتا ہے، جیسے: جملہ ۵۔ كن فيكون میں كان تام ہے اور ضمیر مستتر أنت اسکا فاعل ہے۔ جملہ ۶ میں أصبح اور أمسى تام ہیں اور ضمیر متصل نا ان کا فاعل ہے۔ جملہ ۷ میں أضحى تام ہے اور ضمیر مستتر اس کا فاعل ہے۔ جملہ ۸ میں تصير تام ہے اور الأمور اسم ظاہر اس کا فاعل ہے۔ اسی طرح جملہ ۱۵ اور ۱۶ میں أبرح اور ما دامت تام ہیں اور ضمیر مستتر أنا اور السموات ان کے فاعل ہیں۔

ان افعال کی مزید دو قسمیں ہیں:

۱۔پہلی قسم میں وہ افعال داخل ہیں جو بغیر کسی شرط کے عمل کرتے ہیں یعنی ان سے پہلے نفی یا اس سے مشابہ کسی اسلوب کا ہونا ضروری نہیں ہے۔ یہ آٹھ ہیں: كان، ظل، ليس، أصبح، أمسى، أضحى، بات، صار۔

---

(۱) مثلا: اجلس، يا زيد!، قم، يا حامد! یہ ایسی خبر ہے کہ جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا نہیں کہا جاسکتا ہے، کیونکہ اس کی خبر کا وجود و وقوع ابھی تک ہوا ہی نہیں، بلکہ مستقبل میں ہوگا۔

(۲) تام ہونے کی صورت میں ان کے معنی ناقص سے مختلف ہوتے ہیں، جیسے: كان بمعنى: وجد أو وصل، أمسى بمعنى: دخل في المساء، أصبح بمعنى: دخل في الصباح، أضحى بمعنى: دخل في الضحى، ظل بمعنى: بقي، صار بمعنى: رجع أو انتقل، بات بمعنى: دخل في الليل، مادام بمعنى: بقي، ما برح بمعنى: ذهب وفارق، ما انفك بمعنى: ما انحل وما انفصل و ما انتهى۔

۲۔ دوسری قسم میں وہ افعال داخل ہیں جو شرط کے ساتھ عمل کرتے ہیں۔ یہ پانچ ہیں: ما زال، ما انفك، ما برح ما فتئ، ما دام۔ ان سے پہلے نفی یا اس سے مشابہ کسی اسلوب کا ہونا ضروری ہے۔ ان کو أفعال الاستمرار کہتے ہیں۔

أفعال الاستمرار:

ب کے ذیل میں سرخ کلمات (لا يزال، تفتؤ، لن نبرح، ما دمت، لن ينفك) افعال استمرار پر مشتمل ہیں انکی مزید دو قسمیں ہیں:

ا۔ پہلی قسم میں چار افعال (ما زال، ما برح، ما انفك، ما فتئ) ہیں۔ یہ درج ذیل شروط کے ساتھ عمل کرتے ہیں:

ا۔ ان سے پہلے نفی یا اس سے مشابہ اسلوب (نہی، دعا، استفہام انکاری) ہو، جیسے جملہ۹۔ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِي بَنَوْا رِيْبَةً فِي قُلُوْبِهِمْ۔ ان افعال میں اصل بات یہ ہے کہ ان سے پہلے نفی لفظا مذکور ہو جیسے جملہ ۹ میں نفی لفظا مذکور ہے لیکن بعض اوقات نفی لفظا مذکور نہیں ہوتی بلکہ تقدیرا ہوتی ہے، جیسے جملہ۱۰۔ تاللّٰه تفتؤ تذكر يوسف أي تاللّٰه لا تفتؤ [۱]۔

ب۔ ان کی خبر فعل ماضی نہ ہو، کیونکہ یہ افعال اپنے اسم اور خبر کے ساتھ حال یا مستقبل میں کسی فعل کے جاری ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔

ج۔ ان کی خبر إلا کے بعد واقع نہ ہو، کیونکہ إلا کی وجہ سے اس کی نفی زائل ہو جاتی ہے چنانچہ یہ کہنا صحیح نہ ہوگا: ما زال القمر إلا منيرًا۔

۲۔ دوسری قسم میں صرف فعل ما دام ہے یہ درج ذیل شروط کے ساتھ عمل کرتا ہے:

ا۔ اس سے پہلے ما مصدریہ ظرفیہ [۲] ہو۔

ب۔ یہ صرف ماضی کے صیغے میں استعمال ہو۔

ج۔ اس سے پہلے ایسا کلام ہو جو اس سے معنوی طور پر متصل ہو [۳]۔

د۔ اس کی خبر فعل ماضی نہ ہو، کیونکہ خبر کا فعل ماضی واقع ہونا اس کے معنی کے منافی ہے۔

ہ۔ ضروری ہے کہ ما دام کی خبر ما دام کے بعد ہی واقع ہو۔ البتہ اسکو ما المصدرية اور دام کے بیچ میں بھی لایا جاسکتا ہے۔

---

(۱) عموماً حرف نفی قسم کے بعد محذوف ہوتا ہے۔ (۲) مصدریہ سے مراد یہ ہے کہ اسکا اپنے بعد واقع ہونے والے فعل کے ساتھ مل کر مصدری معنی سے تأویل کرنا درست ہو اور ظرفیہ سے مراد یہ ہے کہ یہ نائب عن الظرف ہو یعنی المدة۔

(۳) جیسے: يفيد النصح ما دام السامع متوجها اس جملے میں نصیحت کا فائدہ اسی وقت ہوگا جب سننے والا متوجہ ہوگا۔

قواعد:

۱۔ کان وأخواتها یہ جب جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں تو مبتدا کو مرفوع بنا دیتے ہیں جو کہ انکا اسم کہلاتا ہے اور خبر کو منصوب بنا دیتے ہیں جو کہ انکی خبر کہلاتی ہے۔ یہ تیرہ افعال ہیں: کان ، لیس ، أصبح، أمسى، أضحى، ظل ، صار ، بات ، ما زال ، ما فتئ ، ما انفك ، ما برح ، ما دام ۔

۲۔ یہ افعال تام بھی استعمال ہوتے ہیں اور ناقص بھی سوائے ما زال ، ما فتئ اور لیس، کہ یہ تینوں افعال ناقص ہی استعمال ہوتے ہیں۔

۳۔ کان وأخواتها کی دو قسمیں ہیں:

(ا) وہ افعال (یعنی کان، لیس، أصبح، أمسى، أضحى، ظل، صار، بات) جن سے پہلے نفی اور اس سے مشابہ کوئی اسلوب نہ ہو۔

(ب) وہ افعال (یعنی ما زال، ما فتئ ، ما انفك، ما برح، ما دام) جن سے پہلے نفی اور اس سے مشابہ کوئی اسلوب ہو انکو افعال استمرار کہتے ہیں یہ افعال کسی کام کے حال یا مستقبل میں جاری ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔

۴۔ افعال استمرار دو قسم کے ہیں:

(ا) پہلی قسم میں وہ افعال ہیں جن سے پہلے نفی یا اس سے مشابہ اسلوب (جیسے نہی، دعا) کا لفظا یا تقدیرا مذکور ہونا ضروری ہے، یہ چار ہیں: زال ، برح ، فتئ ، انفك۔

(ب) دوسری قسم میں صرف فعل ما دام ہے اور اس سے پہلے ما مصدرية ظرفية کا آنا ضروری ہے۔

التمرين - ١

استخرج من الجمل الآتية "كان وأخواتها" وعيّن اسمها وخبرها وبيّن نوعها من حيث التصرف وعدمه:

نموذج: لا تَزالُ تُهْدَى سُبُلَ اللّهِ مَا دُمْتَ مُجَاهِدًا فِي سَبِيْلِهِ.

لا تزال: فعل مضارع، ناقص(ناسخ)من أخوات كان، **اسمه:** ضمير مستتر وجوبا، تقديره: "أنت"،

خبره: جملة فعلية تهدى. **النوع:** ناقصة التصرف؛ لأنه لا يأتي منه صيغة الأمر.

ما دمتَ: فعل ماض، ناقص (ناسخ) من أخوات كان، **اسمه:** ضمير رفع بارز "تاء"، **خبره:** مجاهدًا، **النوع:** جامدة؛ لأنه لا يأتي منه إلا صيغة الماضي.

٢ـ مَا زَالَ العَامِلُ نَشِيْطًا فِي عَمَلِهِ.

٣ـ أَضْحَى إِنْتَاجُ الشَّرِكَةِ مُتَزَايِدًا.

٤ـ صَارَتْ مُشْكِلَةُ العِرَاقِ صَعْبَةَ الحَلِّ.

٥ـ باتَ المُجَاهِدُ مُرَابِطًا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ.

٦ـ لَيْسَتِ المُحَاضَرَاتُ المُسَجَّلَةُ مُهِمَّةً.

٧ـ ظَلَّتِ الزَّائِرَاتُ جَالِسَاتٍ فِي الْمَكْتَبَةِ.

٨ـ لَا يَفْتَؤُ المُخْلِصُوْنَ يَبْتَغُونَ رَضَى اللّٰهِ.

٩ـ أَصْبَحَتْ أَسْعَارُ الخَضْرَوَاتِ مُنْخَفِضَةً.

١٠ـ لَا يَجْرِي الإِصْلَاحُ مَا دَامَ الحَاكِمُ ظَالِمًا.

١١ـ أَمْسَتْ أَهْدَافُ التَّنْمِيَةِ مَعْرُوفَةً لِكُلِّ مَوَاطِنَ.

١٢ـ إِنَّ اللّٰهَ مَعَ العَبْدِ مَا دَامَتْ شَفَتَاهُ مُتَحَرِّكَتَيْنِ بِذِكْرِهِ.

١٣ـ مَا انْفَكَّ المُجَاهِدُونَ مُسْتَعِدِّيْنَ لِلدِّفَاعِ عَنِ الوَطَنِ.

١٤ـ لَا يَزَالُ الصِّدْقُ مُنْجِيًا وَلَا يَبْرَحُ الصَّادِقُوْنَ يُهْدَوْنَ إِلَى البِرِّ.

١٥ـ المُخْلِصُوْنَ مَصَابِيْحُ الدُّجى وَلَا يَزَالُون تَجَلّى عَنْهُمْ كُلُّ فِتْنَةٍ ظَلْمَاءَ.

التمرين ـ ٢

ضع خبرًا مناسبا للجمل الآتية:

نموذج: ظل الفلاحون يستخدمون الوسائل القديمة في بلاد باكستان.

٢ـ ليس العامل ـــــــــ لعمله.

٣ـ أصبح خبر جوده ـــــــــ .

٤ـ ما فتئ الولد ـــــــــ لوالديه.

٥ـ ما برح زيد ـــــــــ رضا اللّٰه بدراسته.

٦ـ يسرني ما دمتم ـــــــــ في كل شيء.

٧ـ ما زال العراقيون ـــــــــ جنود أمريكا.

٨ـ لا يزال المسلمون ـــــــــ من دعوة دينهم.

٩ـ توبوا إلى اللّٰه ما دامت الشمس ـــــــــ .

١٠ـ أضحى الطلاب ـــــــــ نتيجة الامتحان.

١١ـ صارت ـــــــــ طالبات مختلفة الجنسيات.

۱۲۔ كان القراء كلهم ---------- في المؤتمر الإسلامي.

۱۳۔ أمسى مسلمو فلسطين -------- على رد شعب اليهود عن بلادهم.

التمرین۔ ۳

ترجم إلى العربية:

۱۔آج پورا دن موسم خوشگوار رہا۔

۲۔مؤمن لعنت کرنے والا نہیں ہوتا۔

۳۔نعمتیں شکر سے بڑھتی اور باقی رہتی ہیں۔

۴۔اچھے اخلاق سے دشمن بھی دوست بن جاتا ہے۔

۵۔جب تک بارش برستی رہی میں موسم سے لطف اندوز ہوتی رہی۔

۶۔مجاہدین کفار کا قلع قمع کر رہے ہیں اور انکا شیرازہ بکھیر رہے ہیں۔

۷۔اساتذہ کا ادب کرنے والے بن جاؤ علم کا حصول آسان ہو جائے گا۔

۸۔اگر مسلمانوں میں اختلاف یوں ہی باقی رہا تو انکا شیرازہ بکھر جائے گا۔

۹۔بروں کی صحبت سے دور رہو کیونکہ آدمی اپنے دوست کے طریقے پر ہوتا ہے۔

۱۰۔مسافر شام سے پہلے پہلے اپنی منزل مقصود تک پہنچ گیا اور وہاں رات گزاری۔

۱۱۔جب تک مسلمان دین کے معاملے میں بیدار رہیں گے کفار ان سے مرعوب رہیں گے۔

۱۲۔حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے: جب تم شام کرو تو صبح کا انتظار مت کرو اور جب صبح کرو تو شام کا انتظار مت کرو۔

التمرين۔ ٤

استخرج الأفعال التامة والأفعال الناقصة من الآيات الآتية وبيّن اسمها وخبرها أو فاعلها ومفعولها إن وجد:

نموذج: ۱۔ قَالُوْا نَعْبُدُ أَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عَاكِفِيْنَ.

نظل: فعل مضارع ناقص، **اسمه:** ضمير مستتر فيه وجوبًا، تقديره: "نحن".

عاكفين: خبر "نظل".

٢ ـ فَخُذْ أَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ.

صُر: فعل أمر تام، فاعله: ضمير مستتر فيه وجوبًا، تقديره: "أنت".

هن: ضمير متصل في محل نصب مفعول به.

٣ ـ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلَى خَائِنَةٍ مِّنْهُمْ.

٤ ـ فَلَنْ أَبْرَحَ الْأَرْضَ حَتّٰى يَأْذَنَ لِيْ أَبِيْ.

٥ ـ وَإِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلَى مَيْسَرَةٍ.

٦ ـ أَوْ يُصْبِحَ مَاءُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهُ طَلَبًا.

٧ ـ خَالِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ.

٨ ـ فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ.

٩ ـ إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَّقُوْلَ لَهُ كُنْ فَيَكُوْنُ.

١٠ ـ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ.

١١ ـ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عَاكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ إِلَيْنَا مُوْسٰى.

١٢ ـ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ.

١٣ ـ وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ أُمَّةً وَّاحِدَةً وَلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ.

١٤ ـ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ إِنِ اسْتَطَاعُوْا.

١٥ ـ وَلَقَدْ جَاءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا زِلْتُمْ فِي شَكٍّ مِّمَّا جَاءَكُمْ بِهِ.

التمرين ـ ٥

استخرج "كان وأخواتها" من الأحاديث الآتية و ميّز التام من الناقص مع بيان السبب :

نموذج: إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: لَا تَنْقَطِعُ الهِجْرَةُ مَا دَامَ العَدُوُّ يُقَاتِلُ.

دام: فعل؛ ناقص لأنه يحتاج إلى خبره، وهو جملة فعلية "يقاتل".

٢ ـ عَنْ سَوْدَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَتْ: مَاتَتْ شَاةٌ لَنَا فَدَبَغْنَا مِسْكَهَا فَمَا زِلْنَا نَنْبِذُ فِيْهَا حَتَّى صَارَتْ شَنًّا.

٣ ـ عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : كَانَ فِي السَّبيِ صَفِيَّةُ فَصَارَتْ إِلَى دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ ثُمَّ صَارَتْ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ.

٤ ـ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: الْمَلَائِكَةُ تُصَلِّي عَلَى أَحَدِكُم مَا دَامَ فِيْ مُصَلَّاه الذِيْ صَلّى فِيْهِ ما لَمْ يُحْدِثْ فِيْهِ.

٥ ـ أَرْسَلَ النَّبِيُّ ﷺ غَدَاةَ عَاشُوْرَاءَ إِلَى قُرَى الْأَنْصَارِ مَنْ أَصْبَحَ مُفْطِرًا فَلْيُتِمَّ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ وَمَنْ أَصْبَحَ صَائِمًا فَلْيَصُمْ.

٦ـ إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ وَاصَلَ فَوَاصَلَ النَّاسُ، فَشَقَّ عَلَيْهِم فَنَهَاهُم، قَالُوا: إِنَّكَ تُوَاصِلُ، قَالَ: لَسْتُ كَهَيْئَتِكُمْ إِنِّي أَظَلُّ أُطْعَمُ وَأُسْقَى.

٧ـ عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ صَلَّى الظُّهْرَ بِالْمَدِيْنَةِ أَرْبَعًا، فَصَلَّى العَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ، قَالَ: وَأَحْسِبُهُ بَاتَ بِهَا حَتَّى أَصْبَحَ.

٨ـ عن ابنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهما قالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يقُولُ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ كَسا مُسْلِمًا ثَوْبًا إِلَّا كَانَ فِي حِفْظٍ مِنَ اللّٰهِ مَا دَامَ مِنْهُ عَلَيْهِ خِرْقَةٌ.

٩ـ قَالَ النَّبِي ﷺ: مَامِن عَبْدٍ مُسلِمٍ يُصَلِّي لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلّ كُلَّ يومٍ ثِنتَي عَشْرَةَ رَكْعَةً تَطَوُّعًا غيرَ فَرِيضَةٍ إِلَّا بُنِيَ لَهُ بَيتٌ فِي الْجَنَّةِ، فَقَالَتْ أُمُّ حَبِيبَةَ: فَمَا بَرِحْتُ أُصَلِّيهِنَّ بَعْدُ.

١٠ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: إِنَّ الشَّيطَانَ قَالَ: وَعِزَّتِكَ يَا رَبِّ! لَا أَبْرَحُ أُغْوِي عِبَادَكَ مَا دَامَتْ أَرْوَاحُهُم فِي أَجْسَادِهِمْ، قالَ الرَّبُّ: وَعِزَّتِي وَ جَلَالِي لَا أَزَالُ أَغْفِرُ لَهُمْ مَا اسْتَغْفَرُونِي.

١١ـ عَنِ البَرَاءِ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ ﴿لَا يَسْتَوِي القَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ جَاءَ ابنُ أُمِّ مَكْتُومٍ وكَانَ أَعْمَى، فَقَالَ : يَا رَسُولَ اللّٰهِ! فَكَيْفَ فِيَّ وَأَنَا أَعْمَى، قَالَ: فَمَا بَرِحَ حَتَّى نَزَلَتْ ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾.

١٢ـ قال رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : إِذَا كَانَ جُنحَ اللَّيْلُ أَوْ أَمْسَيتُم فَكُفُّوا صِبْيَانَكُم؛ فَإِنَّ الشَّيَاطِيْنَ تَنْتَشِرُ حِيْنَئِذٍ، فَإِذَا ذَهَبَتْ سَاعَةٌ مِنَ اللَّيْلِ فَخَلُّوهُم وَأَغْلِقُوا الأَبْوَابَ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ؛ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا مُغْلَقًا.

١٣ـ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ الرَّسُولَ ﷺ قَالَ: إِذَا تَوَضَّأَ أَحَدُكُم فَلْيَجْعَلْ فِي أَنْفِهِ ثُمَّ لِيَنْثُرْ، وَمَن اسْتَجْمَرَ فَلْيُوتِرْ، وَإِذَا اسْتَيْقَظَ أَحَدُكُمْ مِنْ نَوْمِهِ فَلْيَغْسِلْ يَدَهُ قَبْلَ أَنْ يُدْخِلَهَا فِي وَضُوءِهِ؛ فَإِنَّ أَحَدَكُم لَا يَدْرِيْ أَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ.

١٤ـ يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى ثَلَاثِ طَرَائِقَ رَاغِبِيْنَ رَاهِبِيْنَ وَاثْنَانِ عَلَى بَعِيْرٍ وَثَلَاثَةٌ عَلَى بَعِيْرٍ وَأَرْبَعَةٌ عَلَى بَعِيْرٍ وَعَشَرَةٌ عَلَى بَعِيْرٍ تَحْشُرُ بَقِيَّتَهُم النَّارُ وَتَقِيْلُ مَعَهُم حَيْثُ قَالُوا وَتَبِيْتُ مَعَهُمْ حَيْثُ بَاتُوا وَتُصْبِحُ مَعَهُم حَيْثُ أَصْبَحُوا وَتُمْسِي مَعَهُمْ حَيْثُ أَمْسَوا.

١٥ـ عَنْ عَائِشَةَ رضي اللّٰه عنها قَالَتْ: إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ دَخَلَ عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا امْرَأَةٌ، فَقَالَ: مَنْ هَذِهِ؟ فَقَالَتْ: فُلَانَةٌ

لَا تَنَامُ، تُذْكَرُ مِنْ صَلَاتِهَا، فَقَالَ: مَهْ عَلَيْكُمْ مِنَ الْعَمَلِ مَا تُطِيقُونَ، فَوَاللّٰهِ لَا يَمَلُّ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ حَتّٰى تَمَلُّوْا وَكَانَ أَحَبُّ الدِّيْنِ إِلَيْهِ مَا دَامَ عَلَيْهِ صَاحِبُهُ.

التمرين ـ ٦

نموذج في الإعراب:

١ ـ وأَصْبَحَ الَّذينَ تَمَنَّوا مَكانَهُ بالأمْسِ يَقُولونَ وَيْكَأَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشاءُ مِنْ عبادِهِ.

و: عاطفة، مبنية على الفتح، لا محل لها من الإعراب.

أصبحَ: فعلٌ ماضٍ ناقصٌ، مبنيٌّ على الفتحةِ الظاهرة على اخرهِ.

الَّذينَ: اسمُ موصولٍ، مبني على الفتح، في محلِّ رفعٍ، اسم "أصبحَ".

تمنَّوا: فعلٌ ماضٍ، مبنيٌّ على الضمَّةِ المقدَّرةِ على الياء المحذوفةِ للثقل، **وواو الجماعة:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محلِّ رفعٍ، فاعل، والألف فارقة.

مكانَ: مفعول به، منصوب وعلامةُ نصبهِ الفتحةُ الظاهرة على اخره، وهو مضافٌ. **هُ:** ضمير متَّصِلٌ، مبنيٌّ على الضمَّةِ، في محلِّ جرٍّ بالإضافة، مضاف إليه.

بالأمس: بـ: حرفُ جرٍّ، مبنيٌّ على الكسرةِ، لا محلَّ له من الإعرابِ.

الأمسِ: اسم مجرور بحرفِ جرٍّ، وعلامةُ جرِّه الكسرة الظاهرةُ على اخرهِ، والجار والمجرور متعلقانِ بـ "تمنَّوا".

يقولون: فعلٌ مضارعٌ، مرفوعٌ لتجرُّدِهِ عن الناصبِ أو الجازمِ، وعلامة رفعه ثبوت النون؛ لأنه من الأفعال الخمسة، **وواو الجماعة** ضمير متصل، مبنيٌّ على السكون، في محلِّ رفعٍ فاعل.

وَيْ: اسم فعلٍ مضارعٍ بمعنى "أعجبَ" مبنيٌّ على السكون، لا محلَّ له من الإعراب.

كَأَنَّ: حرفُ نصبٍ وتوكيد ومشبَّهٍ بالفعلِ، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب.

اللّٰهَ: لفظُ الجلالة منصوب بـ "كأنَّ"، وعلامةُ نصبه الفتحةُ الظاهرة على اخره.

يبسُطُ: فعلٌ مضارعٌ، مرفوعٌ لتجرُّدِهِ عن الناصبِ أو الجازم، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على اخره، والفاعلُ

ضميرٌ مستترٌ جوازًا، تقديرُهُ: "هو".

الرزقَ: مفعول به منصوب، وعلامة نصبِهِ الفتحةُ الظاهرة على آخره.

لمن: لـ: حرف جرٍّ، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب. **مَنْ:** اسمُ موصولٍ، مبنيٌّ على السكون، في محلِّ جرٍّ بحرفِ جرٍّ، والجار والمجرور متعلقانِ بـ "يبسُطُ".

يشاءُ: فعلٌ مضارعٌ، مرفوعٌ؛ لتجرُّدِهِ عن الناصبِ أو الجازم، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره، والفاعلُ ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هو".

من: حرفُ جرٍّ، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب.

عباد: مجرور بحرفِ جرٍّ، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره، وهو مضافٌ. **هِ:** ضميرٌ متصل، مبني على الكسرة، في محلِّ جرٍّ بالإضافة، مضاف إليه، والجار والمجرور متعلقانِ بحالٍ من العائدِ المقَدَّر، أي يشاء رزقَهُ.

الجملة "أصبح الذين تمنّوا": معطوفة على الجملة التي قبلها، لا محل لها من الإعراب.

الجملة الفعليةُ "تمنَّوا": صلة الموصول الاسمي، لا محلَّ لها من الإعراب.

الجملة الفعليةُ "يقولون": في محلِّ نصبٍ، خبرُ "أصبحَ".

الجملةُ الاسميَّةُ "ويكأنَّ اللّٰهَ": في محلِّ نصبٍ، مقولُ القولِ.

الجملة الفعليةُ "يبسُطُ": في محلِّ رفعٍ، خبرُ "كأنَّ".

الجملة الفعليةُ "يشاءُ": صلةُ الموصول الإسمي، لا محلَّ لها من الإعراب.

٢ـ إِنَّا لَنْ نَدْخُلَهَا أَبَداً مَّا دَامُوْا فِيْهَا.

إنّا: إنّ: حرف نصب وتوكيد ومشبّه بالفعل، لا محل له من الإعراب، **نا:** ضمير متصل مبني على السكون في محل نصب اسم "إنّ".

لن: حرف نفي ونصب واستقبال، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

ندخلها: فعل مضارع، منصوب بـ "لن"، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، والفاعل ضمير مستتر فيه وجوبًا، تقديره: "نحن".

ها: ضمير متصل، مبني على السكون، في محل نصب مفعول به.

أبدًا: ظرف زمان للمستقبل، يدلّ على الاستمرار، منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

ما: مصدرية ظرفية، مبني على السكون، في محل نصب.

داموا: فعل ماض ناقص، مبني على الضمّ لاتصاله بواو الجماعة. **الواو:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل رفع اسمه، والألف فارقة.

فيها: في: حرفُ جرٍّ، مبني على الكسرةِ، لا محلَّ له من الإعرابِ.

ها: ضمير متصل، مبني على السكون، في محل جرّ بحرف جر.

والجار والمجرور متعلقان بخبر محذوف لـ "داموا" وهو منصوب.

وما دام واسمها وخبرها بتأويل المصدر الصريح في محل نصب على الظرفية الزمانية متعلق بـ "ندخلها".

الجملة "لن نَدْخُلَها .....": في محل رفع خبر "إنَّ".

أعرب الجمل الآتية:

١ ـ إنَّ قُرآنَ الفَجْرِ كانَ مَشْهُودًا.

٢ ـ لَا تَزَالُ الْجَامِعَاتُ تَقُوْمُ بِدورِهَا فِي بِنَاءِ الْمُجْتَمَعِ.

٣ ـ فَتُصْبِحُوْا عَلَى مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِيْنَ.

٤ ـ أَمْسَى الطُّلَّابُ مَسْرُوْرِيْنَ بِمَا شَاهَدُوْهُ فِي الحقولِ.

٥ ـ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهمْ يسْتَغْفِرُونَ.

٦ ـ لَنْ يَتَحَقَّقَ السِّلْم مَا دَامَتْ إِسْرَائِيْلُ تَحْتلّ الأَرْضَ العَرَبِيَّةَ.

الدرس الثامن

أفعال المقاربة والشروع والرجاء

(ألف) أفعال المقاربة

الأمثلة:

١ - كَادَتِ السَّمَاءُ تُمْطِرُ.

٢ - يَكَادُ الْمَرِيضُ يُغْمٰى عَلَيْهِ مِنْ شِدَّةِ الْأَلَمِ.

٣ - كَرَبَ الصُّبْحُ يَطْلُعُ.

٤ - أَوْشَكَ الْمُسَافِرُ يَضِلُّ الطَّرِيْقَ.

٥ - يُوشِكُ الْقِطَارُ أَنْ يَصِلَ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملے تین افعال نواسخ (کاد، کرب، أوشك) پر مشتمل ہیں جو کان کی طرح جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتدا کو مرفوع اور خبر کو منصوب کرتے ہیں۔ یہ تینوں أفعال المقاربة کہلاتے ہیں کیونکہ یہ اسم کی نسبت خبر کے عنقریب واقع ہونے پر دلالت کرتے ہیں کادت السماء تمطر سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ بارش برسنے والی تھی (برسنے کے قریب تھی اگرچہ برسی نہیں) اسی طرح أوشك المسافر يضل الطريق اس معنی پر دلالت کر رہا ہے کہ مسافر راستہ کھونے والا تھا (راستہ کھونے کے قریب تھا اگرچہ کھویا نہیں)۔

أفعال المقاربة (كاد وأخواتها) کی خصوصیات جو انہیں كان الناسخة سے ممیز کرتی ہیں یہ ہے کہ ان کی خبر ہمیشہ فعل مضارع پر مشتمل ہوتی ہے [1]۔ اس فعل مضارع سے پہلے أن المصدرية کا لانا بھی جائز ہے، البتہ أوشك [2] کی خبر میں مضارع سے پہلے أن کا استعمال بکثرت ہوتا ہے اور کاد اور کرب کے ساتھ بہت کم۔

---

(۱) اگرچہ فعل مضارع زمانے کے اعتبار سے کاد سے موافقت رکھتا ہے یعنی اگر کاد ماضی آئے تو اس کی خبر میں فعل مضارع بھی زمن ماضی ہی پر دلالت کرے گا اور اگر مضارع آئے (یکاد) تو فعل مضارع حال پر دلالت کرے گا۔ (۲) ان تینوں افعال میں أوشك تامہ بھی استعمال ہوتا ہے اس صورت میں اس کا فاعل مصدر مؤول یعنی أن اور فعل مضارع کا مجموعہ ہوگا، جیسے: المريض أوشك أن يبرأ (أن يبرأ: أن والفعل المضارع في تأويل المصدر في محل رفع فاعل أوشك)۔

کاد کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ نَفْيُها إثْباتٌ وَإثْباتُها نَفْيٌ یعنی اگر یہ منفی آئے تو اثبات کے معنی دے گا اور اگر مثبت آئے تو نفی پر دلالت کرے گا، مثلا: مَا كِدتُّ أَدْخُلُ الْبَيْتَ حَتَّى سَمِعْتُ صَوْتًا يُنادِيْنِي یہاں کاد منفية اثبات کے معنی دے رہا ہے یعنی میں جوں ہی گھر میں داخل ہوا میں نے سنا کہ کوئی مجھے پکار رہا ہے۔

جبکہ جملہ كِدت أدخل البيت نفی پر دلالت کر رہا ہے، کیونکہ یہاں متکلّم دخول البيت کے قریب ضرور تھا، لیکن داخل نہیں ہوا۔

(ب) أفعال الشروع

الأمثلة:

١ ـ شَرَعَ الْأُسْتَاذُ يُحَاضِرُ. ٢ ـ بَدَأَتِ السُّحُبُ تَتَقَشَّعُ.

٣ ـ طَفِقَ الضُّيُوفُ يَجْلِسُوْنَ حَوْلَ الْمَائِدَةِ.

شرح وتفصیل:

مثال کے جملے أفعال الشروع [1] پر مشتمل ہیں یہ افعال کسی فعل کے شروع ہونے پر دلالت کرتے ہیں شرع الأستاذ يحاضر استاد نے لیکچر دینا شروع کیا۔ بدأت السحب تتقشع بادل چھٹنے شروع ہو گئے۔

یہ افعال بھی نواسخ ہیں کان کی طرح مبتدا کو مرفوع اور خبر کو منصوب کرتے ہیں۔

أفعال المقاربة کی طرح ان کی خبر بھی فعل مضارع پر مشتمل ہوتی ہے، لیکن بخلاف أفعال المقاربة یہاں فعل مضارع سے پہلے أن لانا جائز نہیں۔

یہ افعال جامد ہیں ان کے صرف ماضی کے صیغے استعمال ہوتے ہیں، لیکن معنی کے اعتبار سے یہ زمانہ حال پر دلالت کرتے ہیں، جیسے جملہ: بدأتُ أحفظ القرآن الكريم: میں نے قرآن کریم حفظ کرنا شروع کر دیا ہے۔

---

(۱) ان افعال میں شرع، بدأ، طفق کے علاوہ أخذ، جعل، أنشأ، عَلِق، هبّ، قام وغیرہ شامل ہیں۔

(ج) أفعال الرجاء

١۔ عَسَى الضِّيْقُ أَنْ يَنْفَرِجَ. ٢۔ حَرَى الْمُذْنِبُ أَنْ يَتُوبَ.

٣۔ اخْلَولَقَ الْمَرِيْضُ أَنْ يَبُلَّ.

شرح وتفصيل:

عسی، حری اور اخلولق أفعال الرجاء کہلاتے ہیں، کیونکہ یہ کسی بات کے وقوع کی امید پر دلالت کرتے ہیں، جیسے جملہ ۱۔ عسی الضیق أن ینفرج (امید ہے کہ تنگی دور ہوجائے)۔ جملہ ۲۔ حری المذنب أن یتوب (امید رکھی جاتی ہے کہ گناہگار تائب ہوجائے گا) یہ افعال اگرچہ صیغے کے اعتبار سے افعال ماضیہ جامدہ ہیں، لیکن زمانہ مستقبل پر دلالت کرتے ہیں (کیونکہ جس بات کی امید رکھی جائے وہ تو مستقبل ہی میں متحقق ہوتی ہے)۔

ان افعال کی خبر بھی فعل مضارع پر مشتمل ہوتی ہے جس سے پہلے أن المصدریة آتا ہے، البتہ عسی کی خبر میں مضارع أن کے بغیر بھی آتا ہے، جیسے جملہ: عسی اللّٰہ یُظھر الدین۔

عسی اور اخلولق تام بھی واقع ہوتے ہیں اس صورت میں ان کا فاعل مصدر مؤول (أن اور فعل مضارع کا مجموعہ) ہوگا، مثلاً: عسی أن یوحد المسلمون صفوفھم اس جملے میں عسی تامہ ہے اسے اسم اور خبر کی ضرورت نہیں، بلکہ صرف فاعل کی ضرورت ہے جو مصدر مؤول أن یوحد (في محل رفع) ہے اور اسی طرح اخلولق أن یتنبه الغافلون میں اخلولق تامہ ہے اور مصدر مؤول أن یتنبه (في محل رفع) اسکا فاعل ہے۔

قواعد:

۱۔ أفعال المقاربة، أفعال الشروع اور أفعال الرجاء افعال ناسخہ میں سے ہیں کان کی طرح جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو مرفوع اور خبر کو منصوب کرتے ہیں۔

۲۔ انکی خبر ہمیشہ فعل مضارع پر مشتمل ہوتی ہے۔

۳۔ أفعال المقاربة (کاد، کرب، أوشك) کی خبر کے ساتھ أن المصدریة کا لانا اور نہ لانا دونوں جائز ہیں۔

۴۔ أفعال الشروع (شرع، بدأ، طفق) کی خبر کے ساتھ أن المصدرية کا لانا جائز نہیں ہے۔

۵۔ أفعال الرجاء (حرى، اخلولق) کی خبر کے ساتھ أن المصدرية کا لانا واجب ہے، البتہ عسی کی خبر میں فعل مضارع أن کے بغیر بھی آتا ہے۔

التمرين - ١

املأ الفراغات بأفعال مناسبة:

١ - ______ الجَوُّ يَعْتَدِلُ.

٢ - ______ الشِّتاءُ أن يَنْقَضِي.

٣ - ______ المَظْلومُ يَسْتَغِيث.

٤ - ______ المُجتَهِدُ أن يُصِيبَ.

٥ - ______ الفَقْرُ أَنْ يَكُونَ كُفْرًا.

٦ - ________ أَشْرَاطُ السَّاعَةِ تَظْهَرُ.

٧ - ________ الاقْتِصَادُ الْعَالِمِيُّ يَنْهَارُ.

٨ - ______ النَّاسُ يَمُوتُونَ مِنَ الجُوعِ.

٩ - ______ الإسلام ينتشر في العالم كله.

١٠ - ________ الأَخْلَاقُ الفَاسِدَةُ تَسُوْدُ الْمُجْتَمَعَ.

١١ - ______ الأقصى أن تتخلص من أيدي اليهود.

١٢ - ________ النَّاسُ يَدْخُلُونَ فِي الإِسْلَامِ بِدُخُولِ عُمَرَ رضي الله عنه.

التمرين - ٢

املأ الفراغات بأخبار مناسبة:

١ - طَفِقَ الزَّهْرُ ______

٢ - يَكَادُ الرِّيَاءُ ______

٣ - شَرَعَ الظَّالِمُ ________

٤ - أَخَذَ الزَّرْعُ ________

٥ - حَرَى الرِّبَو ________

٦ - كَرَبَ الْكَذِبُ ________

٧ - هَبَّ الْجَيْشُ ________

٨ - أَنْشَأَ الأَعْدَاءُ ________

٩ - جَعَلَ النَّبِيُّ ﷺ ________

١٠ - عَسَى الْمُجِدُّوْنَ ________

١١ - اخْلَوْلَقَتِ الصَّدَقَاتُ ________

١٢ - أَوْشَكَ الْمُجَاهِدُوْنَ الأَفْغَانُ ________

التمرين - ۳

ترجم الجمل الآتية إلى العربية:

۱۔ قریب تھا کہ بیماری بیمار کا کام تمام کردے۔

۲۔ امید ہے کہ رحم کرنے والوں پر رحمٰن رحم کرے۔

۳۔ امید ہے کہ داعیوں کی محنتیں خوب پھلیں گی۔

۴۔ امید ہے کہ توبہ کرنے والوں کی توبہ کو اللہ قبول کرلے۔

۵۔ عنقریب سچائی اپنے ساتھی کو جنت کی طرف لے جائے گی۔

٦۔ بارش کے بعد زمین لہلہانے لگتی ہے اور بارونق ہو جاتی ہے۔

۷۔ امید ہے کہ اخلاص والے کا عمل قبول ہو جائے اگرچہ تھوڑا ہی ہو۔

۸۔ عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام میں داخل ہوتے ہی اسلام کو عزت حاصل ہوگئی۔

۹۔ فتح مکہ کے بعد لوگ جوق در جوق اللہ کے دین میں داخل ہونا شروع ہو گئے۔

۱۰۔ امید ہے کہ ہر گناہ معاف ہو جائے سوائے اس کے کہ آدمی کفر کی حالت میں مرے (والعیاذ باللّٰہ)۔

۱۱۔ عورت سے اس کے حسن کی بنا پر نکاح نہ کرو، کیونکہ قریب ہے کہ اس کا حسن اس کو ہلاک کردے۔

۱۲۔ عنقریب لوگوں پر ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ اپنے دین پر صبر کرنے والا انگارے کو پکڑنے والے کی مانند ہوگا۔

۱۳۔ امت کے نوجوان یہود و نصاریٰ کے پیچھے اس طرح چلنے لگے جیسے ایک جوتا دوسرے جوتے کے پیچھے چلتا ہے۔

۱۴۔ جب لوگ ظالم کو دیکھیں پھر اس کے ہاتھ کو نہ روکیں تو قریب ہے کہ اللہ ان سب کو اپنے عذاب میں پکڑ لیں۔

۱۵۔ عنقریب ساری امتیں ایک دوسرے کو تمہارے خلاف ایسے بلائیں گی جیسے کھانے والے ایک دوسرے کو کھانے کی طرف بلاتے ہیں۔

۱٦۔ قریب ہے کہ لوگوں پر ایسا زمانہ آئے کہ اسلام کا صرف نام رہ جائے اور قرآن کا صرف خط رہ جائے ان کی مسجدیں آباد ہوں گی، لیکن ہدایت سے خالی ہوں گی۔

۱۷۔ اللہ کے نبی ﷺ نے طائف والوں کو دعا دی: امید ہے کہ اللہ ان کی پشتوں میں سے ایسے لوگوں کو نکالیں جو اللہ کی عبادت کریں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرائیں۔

۱۸۔عنقریب علم ظاہر ہو جائے گا اور عمل اٹھا لیا جائے گا اور لوگ بظاہر ایک دوسرے کے قریب ہونگے مگر دل ایک دوسرے سے تنگ ہونگے تو جب وہ ایسا کریں گے تو اللہ ان کے دلوں، کانوں اور آنکھوں پر مہر لگا دیں گے۔

التمرين ـ ٤

استخرج من الآيات الآتية "كاد وأخواتها" وعيّن اسمها وخبرها وبين التام والناقص:

نموذج: إِنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ أَكَادُ أُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰى.

أكاد: فعل مضارع ناقص للمقاربة. **اسمه:** ضمير مستتر وجوبا تقديره "أنا" في محل رفع.

خبره: جملة فعلية أخفيها في محل نصب.

٢ ـ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ.

٣ ـ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّكُفَّ بَأْسَ الَّذِينَ كَفَرُوْا.

٤ ـ فَمَا لِهٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا.

٥ ـ وَأَدْعُوا رَبِّيْ عَسٰى أَن لَّا أَكُوْنَ بِدُعَاءِ رَبِّيْ شَقِيًّا.

٦ ـ وَيُسْقٰى مِنْ مَّاءٍ صَدِيْدٍ يَتَجَرَّعُهُ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهُ.

٧ ـ أَمْ أَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ.

٨ ـ وَلَوْ لَا أَنْ ثَبَّتْنَاكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ إِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيْلًا.

٩ ـ وَإِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْأَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا.

١٠ ـ وَأَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُونَ عَلَيْهِ لِبَدًا.

١١ ـ قَالُوا الْآنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ.

١٢ ـ فَأُولٰئِكَ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَعْفُوَ عَنْهُمْ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا.

١٣ ـ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ إِذَا أَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا.

١٤ ـ وَإِن يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ.

١٥ ـ فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْآتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ.

١٦ ـ وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَاءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْ أَنْ يَّهْدِيَنِي سَوَآءَ السَّبِيْلِ.

١٧ ـ تَكَادُ السَّمَاوَاتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا.

١٨ ـ فَأَمَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰى أَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ.

١٩ـ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوْا أَرْحَامَكُمْ.

٢٠ـ عَسٰى رَبُّكُمْ أَنْ يَّرْحَمَكُمْ وَإِنْ عُدتُّمْ عُدْنَا وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِيْنَ حَصِيْرًا.

٢١ـ وَعَسٰى أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَعَسٰى أَنْ تُحِبُّوْا شَيْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ.

٢٢ـ لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰى أَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَاءٌ مِّن نِسَاءٍ عَسٰى أَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ.

التمرين ـ ٥

استخرج من الأحاديث الآتية أفعال المقاربة، أفعال الشروع وأفعال الرجاء وعيّن اسمها وخبرها:

نموذج: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: كُلُّ ذَنبٍ عَسَى اللّٰهُ أَن يَغفِرَهُ إِلَّا مَن مَاتَ مُشرِكًا أَو مَن قَتَلَ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا.

عسى: فعل ناقص للرجاء. اللّٰه: لفظ الجلالة اسم "عسى" مرفوع. أن يغفره: مصدر مؤول خبر "عسى" في محل نصب.

٢ـ قَالَ ﷺ أوشَكَ الرَّجُلُ أَن يَتَمَنّٰى أَنَّهُ خَيرٌ مِنَ الثُّرَيَّا وَأَنَّهُ لَم يَتَوَلَّ أَو يَلِ، (شَكَّ أَبُو بَكرٍ) مِن أَمرِ النَّاسِ شَيئًا.

٣ـ عَن أَسمَاءَ بِنتِ يَزِيدَ قَالَت: نَزَلَت سُورَةُ الْمَائِدَةِ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ جَمِيعًا إِن كَادَت مِن ثِقلِهَا لَتَكسِرُ النَّاقَةَ.

٤ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: أَتَانِي اللَّيلَةَ آتِيَانِ فَأَتَينَا عَلَى رَجُلٍ طَوِيلٍ لَا أَكَادُ أَرَى رَأْسَهُ طُولًا وَإِنَّهُ إِبرَاهِيمُ عليه السلام.

٥ـ عَن عَبدِ الجَبَّارِ بنِ وَائِلٍ عَن أَبِيهِ أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ ﷺ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيهِ حَتّٰى تَكَادَ إِبهَامَاهُ تُحَاذِي شَحمَةَ أُذُنَيهِ.

٦ـ قَالَ ﷺ: لَا تُؤْذِي امْرَأَةٌ زَوجَهَا إِلَّا قَالَت زَوجَتُهُ مِنَ الحُورِ العِينِ: لَا تُؤذِيهِ قَاتَلَكِ اللّٰهُ فَإِنَّمَا هُوَ عِندَكِ دَخِيلٌ أَوشَكَ أَن يُفَارِقَكِ إِلَينَا.

٧ـ أَهدٰى أَبُو جَهمِ بنِ حُذَيفَةَ لِرَسُولِ اللّٰهِ ﷺ خَمِيصَةً شَامِيَةً لَهَا عَلَمٌ فَشَهِدَ فِيهَا الصَّلَاةَ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: رُدِّي هٰذِهِ الخَمِيصَةَ إِلَى أَبِي جَهْمٍ فَإِنِّي نَظَرتُ إِلَى عَلَمِهَا فِي الصَّلَاةِ فَكَادَ يَفتِنُنِي.

٨ـ عَن عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهَا أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ إِذَا اشْتَكَى نَفَثَ عَلَى نَفسِهِ بِالمُعَوِّذَاتِ وَمَسَحَ عَنهُ بِيَدِهِ فَلَمَّا

اشْتَكَى وَجَعَهُ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ طَفِقَتْ أَنْفِثُ عَلَى نَفسِهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ الَّتِي كَانَ يَنفِثُ وَأَمسَحُ بِيَدِ النَّبِيِّ ﷺ عَنهُ.

٩ ـ قَالَتْ عَائِشَةُ وَابنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰه عَنهُم لَمَّا نَزَلَ بِرَسُولِ اللّٰهِ ﷺ طَفِقَ يَطرَحُ خَمِيصَةً عَلَى وَجهِهِ فَإِذَا اغْتَمَّ كَشَفَهَا عَن وَجهِهِ فَقَالَ وَهُوَ كَذٰلِكَ: لَعنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْيَهُودِ وَالنَّصَارَى اتَّخَذُوا قُبُورَ أَنبِيَائِهِم مَسَاجِدَ، يُحَذِّرُ مَا صَنَعُوا.

١٠ ـ قَعَدَ النَّبِيُّ ﷺ عَلَى الْمِنبَرِ الَّذِي صُنِعَ فَصَاحَتِ النَّخلَةُ الَّتِي كَانَ يَخطُبُ عِندَهَا حَتَّى كَادَت تَنشَقُّ فَنَزَلَ النَّبِيُّ ﷺ حَتَّى أَخَذَهَا فَضَمَّهَا إِلَيهِ فَجَعَلَت تَئِنُّ أَنِينَ الصَّبِيِّ الَّذِي يُسَكَّتُ حَتَّى اسْتَقَرَّت قَالَ: بَكَت عَلَى مَا كَانَت تَسمَعُ مِنَ الذِّكرِ.

التمرين ـ ٦

نموذج في الإعراب:

١ ـ فَعَسَىٰ أَن تَكْرَهُوا شَيْئًا وَيَجْعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا كَثِيرًا.

عسى: فعل ماض تام جامد، مبني على الفتحة المقدرة على اخره، منع من ظهورها التعذر.

أن: حرف مصدري ونصب واستقبال، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

تكرهوا: فعل مضارع، منصوب بـ"أن"، وعلامة نصبه حذف النون، وفاعله واو الجماعة ضمير متصل، مبني على السكون، في محل رفع.

شيئًا: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على اخره.

أن تكرهوا: أن والفعل المضارع في تأويل المصدر، في محل رفع، فاعل عسى.

و: حرف عطف، مبني على الفتحة الظاهرة، لا محل له من الإعراب.

يجعل: فعل مضارع، معطوف على "تكرهوا" منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على اخره.

اللّٰه: لفظ الجلالة، فاعل مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على أخره.

فيه: في: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب، **ه:** ضمير متصل، مبني على الكسرة، في محل جر

بحرف جر، والجار والمجرور متعلقان بالفعل "يجعل".

خيرا: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

كثيرا: صفة لـ "خيرا" منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

٢ـ يكاد البرق يخطف أبصارهم.

يكاد: فعل مضارع ناقص، مرفوع؛ لتجرده من الناصب والجازم، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

البرق: اسم "يكاد" مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

يخطف: فعل مضارع، مرفوع؛ لتجرده من الناصب والجازم، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره، وفاعله ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هو" أي البرق.

أبصارهم: أبصار: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، وهو مضاف، **هم:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل جر بالإضافة، مضاف إليه.

يخطف أبصارهم: جملة فعلية، في محل نصب خبر "يكاد".

أعرب ما يأتي:

١ ـ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّأْتِيَ بِالْفَرَجِ.

٢ ـ كَادَ الْحَكِيْمُ أَنْ يَكُونَ نَبِيًّا.

٣ ـ أَخَذَ الظَّالِمُ يَعُضُّ عَلٰى يَدَيْهِ.

٤ ـ اخْلَولَقَ الْكَذِبُ أَنْ يُرْدِيَ صَاحِبَهُ.

الدرس التاسع

ظنَّ وأخواتها

الأمثلة:

(ألف)

١ ـ ظننتُ الصدقَ مُنجيًا.
٢ ـ وجدتُ اليُسرَ معَ العسرِ.
٣ ـ رَأَيْتُ اللّٰهَ أَكْبَرَ كُلِّ شَيْءٍ.
٤ ـ عَلِمْتُكِ وَافِيَةَ العَهْدِ.
٥ ـ حَسِبْتُ زَيْدًا أَبُوهُ مُجازِ السَّيِّئَةَ بِالْحَسَنَةِ.
٦ ـ صَيَّرَ النَّجَّارُ الخَشَبَ كُرْسِيًّا.
٧ ـ مَنْ لَزِمَ الاسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَخْرَجًا.
٨ ـ اتَّخَذَ زَيْدٌ بَيْتَهُ مَتْجَرًا.
٩ ـ زَعَمْتُكُم مُنْصِتِيْنَ لِشَرْحِ المُعَلِّمِ.
١٠ ـ عَدَدْتُ الكِتَابَ يُؤْنِسُ فِي الوَحْشَةِ.

(ب)

١ ـ ألفيتُ الخبرَ صادقًا.
٢ ـ الخبرُ صادقٌ ألفيتُ/ الخبرَ صادقًا ألفيتُ.
٣ ـ الخبرُ ألفيتُ صادقٌ/ الخبرَ ألفيتُ صادقًا.
٤ ـ ألفيت ما الخبرُ صادقٌ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا سرخ کلمات ظن وأخواتھا میں سے ہیں، یہ انیس افعال (علم ، رأى ، ألفى ، درى ، تعلم ، ظن، وجد، حسب ، زعم ، عدّ ، خال ، حجا ، هب ، صيّر ، جعل ، اتخذ ، تَخِذ ، ترك ، ردّ) ہیں۔ جب یہ افعال اسمیہ جملے پر داخل ہوتے ہیں تو اس کے مبتدا اور خبر دونوں کو منصوب کر دیتے ہیں۔ ظن وأخواتھا کے داخل ہونے سے اسمیہ جملے میں مندرجہ ذیل تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں:

۱۔ فعل ظنّ جب جملے پر داخل ہوتا ہے تو اس میں فاعل کا اضافہ ہو جاتا ہے، جیسے جملہ ا۔ ظَنَنْتُ الصِّدْقَ مُنْجِيًا اصل میں الصدق منج تھا جب اس پر فعل ظنّ داخل ہوا تو ضمیر رفع بارز ٹ کا اضافہ ہو گیا۔

۲۔ اعرابی اعتبار سے یہ تبدیلی واقع ہوتی ہے کہ مبتدا اس کا مفعول اول اور خبر مفعول ثانی بن جاتی ہے یعنی دونوں منصوب ہو جاتے ہیں[1]، جیسے جملہ ا۔ ظننت الصدق منجیا میں الصدق اور منج ظنّ کے داخل ہونے کے بعد منصوب ہو گئے اور چونکہ مفعول ثانی مبتدا کی خبر ہے اس لئے یہ خبر کی طرح مفرد، جیسے جملہ ۴۔ علمتك وافية العهد، جملہ اسمیہ، جیسے جملہ ۵۔ حسبت زیدا أبوہ مجاز السیئة بالحسنة، جملہ فعلیہ، جیسے جملہ ۱۰۔ عددت الکتاب یؤنس في الوحشة اور شبہ الجملہ، جیسے جملہ ۲۔ وجدت الیسر مع العسر بھی ہو سکتی ہے۔

معنی کے اعتبار سے ظن و أخواتها کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ أفعال القلوب ۲۔ أفعال التحویل والتصییر

۱۔ أفعال القلوب:

وہ افعال ہیں جو انسان کے دل میں پیدا ہونے والی کیفیات (یعنی یقین اور شک) کو ظاہر کریں۔ اس کی بھی مزید دو قسمیں ہیں: ۱۔ أفعال الیقین ۲۔ أفعال الرجحان

۱۔ أفعال الیقین: وہ افعال ہیں جو یقینی بات کا اظہار کریں[2]، جیسے قولہ تعالی: ﴿اعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي أَنْفُسِكُمْ﴾[3] میں یہ بات یقینی ہے کہ اللہ دل کے اندر کی باتیں جانتا ہے۔

اہم افعال یقین یہ ہیں:

علم[4]، رأی[5]، وجد[6]، دری، ألفی، تعلَّم (بمعنی اعلَمْ)۔

۲۔ أفعال الرجحان: وہ افعال ہیں جن میں شک ویقین کے معنی پائے جائیں، لیکن یقین شک پر غالب ہو۔ اہم

(۱) بعض افعال دو مفعولوں کو منصوب کرتے ہیں، لیکن ان کی اصل مبتدا اور خبر نہیں ہوتی، چنانچہ یہ افعال ناسخہ میں سے نہیں، جیسے أعطی، سأل، کسا، ألبس، سألت اللّٰہ المغفرۃ اس جملے میں سے اگر فعل سأل کو حذف کر دیا جائے تو بقیہ کلام اللّٰہ المغفرۃ بے معنی ہو جائے گا۔ (۲) یعنی وہ بات جس کے وقوع میں ذرا بھی شک نہ ہو اور بات کا یقینی ہونا واقع اور حقیقتِ حال کے اعتبار سے بھی ہو سکتا ہے اور متکلم کے ظن کے اعتبار سے بھی۔

(۳) اگر علم کے بعد أنّ آئے تو یہ مصدر مؤول ہوگا اور جملے کے اعراب مَصْدَر مُؤَوَّلٌ في محل نصب سَدَّ مَسَدَّ مَفْعُوْلَيْ عَلِمَ ہوں گے، لہذا آیت کی تقدیر یوں ہوگی: وَاعْلَمُوْا عِلْمَ اللّٰهِ مَا فِي أَنْفُسِكُمْ۔ (۴) علم اگر "عرف" کے معنی ادا کر رہا ہوگا تو ایک ہی مفعول کو منصوب کرے گا اور افعال ناسخہ میں سے نہیں ہوگا جیسے: ﴿وَإِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيَاتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا﴾۔ (۵) رأی اگر رؤیۃ قلبیۃ یعنی "علم" کے معنی میں ہوگا تو دو مفعول کو منصوب کرے گا، جیسے: ﴿إِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيْدًا وَّنَرَاهُ قَرِيْبًا﴾ اور اگر رؤیۃ بصریۃ "أبصر" کے معنی میں ہوگا تو ایک ہی مفعول کو منصوب کرے گا اور دوسرا منصوب اسم، حال یا صفت ہوگا، جیسے: رأیت الطفل لاعبا، رأیت طفلا لاعبا۔ (۶) وجد اگر علم اعتقادی کے معنی میں نہ ہو تو ایک ہی مفعول کو منصوب کرے گا، جیسے: وجدت الکتاب اور یہ بمعنی غم (وَجَدْتُ لِفُلَانٍ)، غصہ (وَجَدْتُ عَلٰی فُلَانٍ) اور ملاقات (وَجَدْتُ فُلَانًا) کے بھی استعمال ہوتا ہے۔

افعال رجحان یہ ہیں:

ظن[1]، خال، حسب[2]، زعم، عدّ[3]، حجا (بمعنی ظن وحسب)، هبْ (بمعنی افرض)۔

۲۔ أفعال التحويل والتصيير:

وہ افعال ہیں جو کسی چیز (یعنی مبتدا) کو ایک حالت یا شکل سے دوسری (یعنی خبر کی) حالت یا شکل میں بدلنے کی خبر دیتے ہیں، جیسے جملہ ٦۔ صير النجار الخشب كرسيا۔

اہم افعال تصییر یہ ہیں: صيّر، جعل[4]، اتّخذ، تَخِذَ، ردّ، ترك۔

بسا اوقات افعال قلوب کے بعد مصدر مؤول (إنّ + معموليها، أنْ + فعل) بھی واقع ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں یہ مصدر مؤول دو مفعولوں کے قائم مقام ہوتا ہے، جیسے قولہ تعالیٰ: ﴿قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ الَّذِي يَقُولُونَ﴾ میں إنّ اپنے اسم (ضمير: ہ) اور خبر (ليحزنك) کے ساتھ نعلم کے دو مفعولوں کے قائم مقام ہے اور قولہ تعالیٰ: ﴿أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَأْتِكُمْ مَثَلُ الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ﴾ میں أن تدخلوا الجنة، حسب کے دو مفعولوں کے قائم مقام ہے۔

الإعمال والإلغاء والتعليق

یہ تین اصطلاحات ان افعال قلوب کے ساتھ متعلق ہیں جو متصرف ہیں (یعنی ان کا ماضی اور مضارع بھی آتا ہو)۔

١۔ الإعمال:

اگر فعل دونوں مفعولوں سے پہلے واقع ہو تو دونوں کو وجوباً منصوب کرے گا۔ اس کو اِعمال کہتے ہیں، جیسے مجموعہ (ب) کے جملہ ١۔ ألفيت الخبر صادقا میں فعل ألفيت، الخبر اور صادق دونوں کو منصوب کر رہا ہے۔

۲۔ الإلغاء:

اگر فعل دونوں مفعولوں کے درمیان یا بعد میں واقع ہو تو اس صورت میں اِعمال اور الغاء دونوں جائز ہیں۔ الغاء کی صورت میں فعل کا عمل ختم ہو جاتا ہے یعنی نہ لفظاً عمل کرتا ہے اور نہ محلاً، اور مبتدا اور خبر کا اعرابی حکم برقرار رہتا ہے، جیسے

---

(۱) بعض اوقات ظن علم یقینی پر بھی دلالت کرتا ہے، جیسے: ﴿الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُمْ مُلَاقُوا رَبِّهِمْ﴾۔ (۲) حسب ظن اور یقین دونوں کے معنی ادا کرتا ہے۔

(۳) عدّ اگر گننے کے معنی میں ہو تو ایک ہی مفعول کو منصوب کرے گا۔ جیسے: عدّ فلان النقود۔ (۴) جعل اگر تام استعمال ہو تو سیاق کلام سے اس کے معنی بدلتے رہتے ہیں، جیسے: جعل الطعام أي طبخ، جعل الأرض أي خلق، جعل الكرسي أي بنى وغیرہ۔

جملہ۲۔ الخبرُ صادقٌ أَلفَيتُ میں فعل دونوں مفعولوں کے بعد آرہا ہے، لہذا الغاء کی صورت میں فعل اپنا عمل نہیں کرے گا اور الخبر مبتدا ہونے کی وجہ سے مرفوع اور صادق خبر ہونے کی وجہ سے مرفوع ہوگا۔ اسی طرح جملہ۳۔ الخبرُ ألفیتُ صادقٌ میں فعل دونوں مفعولوں کے درمیان واقع ہو رہا ہے، لہذا الغاء کی صورت میں فعل اپنا عمل نہیں کرے گا اور الخبر کے اعراب مبتدأ مرفوع اور صادق کے اعراب خبر مرفوع ہوں گے، چونکہ ان دونوں صورتوں میں اعمال بھی جائز ہے اسلیے دونوں جملوں میں الخبر مفعول بہ اول اور صادقا مفعول بہ ثانی بھی ہوسکتا ہے۔

۳۔ التعلیق:

اگر فعل اور دونوں مفعولوں کے درمیان کوئی ایسا حرف واقع ہو جو صدر[1] کلام میں سے ہو (یعنی جن سے جملے کی ابتدا ہوتی ہے) تو فعل ان پر لفظاً اثر انداز نہیں ہوتا بلکہ محلاً ہوتا ہے، جیسے جملہ۴۔ ألفیت ما الخبر صادق میں فعل ما النّافية کی وجہ سے مفعولین پر لفظاً عمل نہیں کر رہا، چنانچہ جملہ الخبر صادق کے اعراب یوں ہوں گے: الجملة من المبتدأ والخبر في محل نصب سدّت مسد مفعولي "ألفى"۔

قواعد:

۱۔ ظنَّ وأخواتها افعال ناسخہ میں سے ہیں جب یہ جملے پر داخل ہوتے ہیں تو دو تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں:

(۱) جملے میں فاعل کا اضافہ ہو جاتا ہے۔

(۲) مبتدا ان افعال کا مفعول بہ اول اور خبر ان افعال کی مفعول بہ ثانی بن جاتی ہے۔

۲۔ مفعول ثانی مفرد، جملہ اسمیہ، جملہ فعلیہ اور شبہ الجملہ کی صورت میں بھی واقع ہوسکتا ہے۔

۳۔ یہ افعال تین معنوں میں استعمال ہوتے ہیں:

(الف) علم، رأى، وجد، ألفى، درى، تعَلَّم یہ افعال یقین کے معنوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

(ب) ظن، خال، حسب، زعم، عد، هب، حجا یہ افعال رجحان کے معنوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

(ج) صيّر، جعل، اتخذ، تخذ، ردّ، ترك یہ افعال تحویل کے معنوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

---

(۱) جو حروف صدر کلام میں سے ہوتے ہیں اور فعل اور مفعولین کے درمیان فاصل بن کر آتے ہیں ان میں سے چند مشہور درج ذیل ہیں:

۱۔ أَدَاتُ الاسْتِفهَام: لَتَعْلَمُنَّ أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَابًا وَّأَبْقَى. ۲۔ حرف النفي (ما، لا النافية): علمت مَا العلْمُ بِدُوْنِ العَمَلِ نَافِعٌ. ۳۔ لام الابتداء: إِعْلَمْ لَلْكَذِبُ مُهْلِكٌ. ٤۔ لام القسم: عَلِمْتُ لَتَقُوْمَنَّ السَّاعَةُ.

۴۔ بعض اوقات افعال قلوب میں مصدر مؤول (إنّ+معمولیها، أنْ+فعل) دومفعولوں کا قائم مقام ہوتا ہے۔

۵۔ اگر فعل دونوں مفعولوں سے پہلے واقع ہوتو اعمال واجب ہوتا ہے۔

۶۔ اگر فعل دونوں مفعولوں کے درمیان یا بعد میں واقع ہوتو اس صورت میں اعمال اور الغاء دونوں جائز ہیں۔

۷۔ اگر فعل اور دونوں مفعولوں کے درمیان کوئی ایسا حرف واقع ہو جو صدر کلام میں آنے والے کلمات میں سے ہوتو تعلیق لازم آتی ہے۔

التمرين ـ ١

أدخل ظنَّ أو إحدى أخواتها على الجمل الآتية مع مراعاة تنويع الأفعال وغيّر ما يلزم:

نموذج: آفَةُ العِلْمِ النِّسْيَانُ وَإِضَاعَتُهُ أَنْ تُحَدِّثَ بِهِ غَيْرَ أَهْلِهِ.

زعم المُعلّم أنّ آفَةَ العِلْمِ النِّسْيَانُ وَإِضَاعَتَهُ أَنْ تُحَدِّثَ بِهِ غَيْرَ أَهْلِهِ.

٢ ـ الدِّيْنُ يُسْرٌ. ٣ ـ الساعَةُ آتِيَةٌ. ٤ ـ العالَمُ مُظلِم.

٥ ـ الفِضَّةُ خاتَمٌ. ٦ ـ المنافِقُ خائنٌ. ٧ ـ وَعْدُ اللّٰهِ حَقٌّ.

٨ ـ المَقالَةُ نَاقِصَةٌ. ٩ ـ الكِتَابُ صَدِيْقٌ. ١٠ ـ رَحْمَةُ اللّٰهِ واسِعَةٌ.

١١ ـ الفوزُ مَعَ الاجْتِهادِ. ١٢ ـ الفَقيرُ صِفْرُ اليَدَيْنِ. ١٣ ـ الإنسانُ عَبْدُ الإحْسانِ.

١٤ ـ السَّفَرُ قِطْعَةٌ من العذابِ. ١٥ ـ المَرِيضُ مُبْتَلي بالسَّرطانِ. ١٦ ـ كَثْرَةُ الطَّعامِ تُفْسِدُ الأَبْدانَ.

١٧ ـ الاتِّحادُ أعظمُ أَسْبَابِ القُوَّةِ. ١٨ ـ المَالُ الحَسَبُ وَالكَرَمُ التَّقْوى.

١٩ ـ العِلْمُ ثلاثَةٌ: آيَةٌ مُحْكَمَةٌ أَوْ سُنَّةٌ قَائِمَةٌ أَوْ فَرِيضَةٌ عَادِلَةٌ.

٢٠ ـ الحَرَمُ المَكِّيُّ عَامِرٌ بملايِيْنَ مِنَ المُسْلِمِينَ القَادِمِيْنَ لأداءِ العُمْرَةِ.

التمرين ـ ٢

بين معنى كل فعل مما يأتي وأعرب ما بعده:

نموذج: ١ ـ لا يظن المؤمن أحدا.

استعمل "ظنَّ" هنا بمعنى التهمة. المؤمن: فاعل "ظن" مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.أحدا: مفعول به منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

٢ـ لا نظن الكذب منجيا.

استعمل "ظنَّ" هنا بمعنى اليقين. الكذب: مفعول به أول لـ "ظن" منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره . منجيا: مفعول به ثان منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره .

٣ـ جعلت الأم الطعام.

٤ـ وجد زيد لموت أبيه.

٥ـ وجد الأستاذ على زيد.

٦ـ رأت الطفلة حلما مخوفا.

٧ـ جعل النجار صندوقا خشبيا.

٨ـ جعلت الخادمة المانجو عصيرا.

٩ـ رأيت الأطفال لاعبين في الملعب.

١٠ـ وجدت فاطمة العلم حلية لصاحبه.

١١ـ اعْلَمْ أن البادئ بالسلام بريء من الكبر.

١٢ـ رأيتُ المعصية أن ينصر الرجل قومه على الظلم.

١٣ـ يعلم المسلم أنه محاسب بين يدي الله يوم القيامة.

١٤ـ وجد مدير الجريدة الوزير الخارجي في المؤتمر الإسلامي.

١٥ـ الكفار يعلمون ظاهر الحياة الدنيا وهم عن الآخرة غافلون.

التمرين ـ ٣

بيّن معمول أو معمولي الأفعال الملونة و وضِّح معناها:

نموذج: ١ـ فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا.

جعلنا: فعل ماض بمعنى "صيّر" متعد إلى مفعولين. عاليها: عالي: مفعول به أول منصوب ومضاف.

سافلها: سافل: مفعول به ثان منصوب ومضاف.

٢ـ مَا أَظُنُّ أَنْ تَبِيْدَ هٰذِهِ أَبَدًا.

أظن : فعل مضارع، بمعنى "أيقن"، متعد إلى مفعولين. أن تبيد هذه: مصدر مؤول من أن و الفعل المضارع، سدّت مسد مفعولي "أظن"، في محل نصب.

٣۔ وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَأَتَيْنِ تَذُودَانِ.

وجد: فعل ماض، بمعنى "لقي"، متعد إلى مفعول واحد. امرأتين: مفعول به لـ "وجد" منصوب.

تذودان: جملة فعلية، في محل نصب، صفة لِامْرَأَتَيْنِ.

٤۔ وَلَتَعْلَمُنَّ أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَابًا وَّأَبْقَى.

٥۔ لَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا.

٦۔ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهُ نَصِيْرًا.

٧۔ وَإِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا.

٨۔ فَلَمَّا رَأَى الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ.

٩۔ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا.

١٠۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِي قَلْبِي نُوْرًا.

١١۔ إِذَا رَأَيْتُمُ الْمَدَّاحِيْنَ فَاحْثُوا فِي وُجُوْهِهِمُ التُّرَابَ.

١٢۔ قال رسول اللّٰه ﷺ: اجْعَلُوا آخِرَ صَلَاتِكُمْ بِاللَّيْلِ وِتْرًا.

١٣۔ لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ آمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ أَشْرَكُوْا.

١٤۔ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِيْ أَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ثُمَّ رَدَدْنَاهُ أَسْفَلَ سَافِلِيْنَ.

١٥۔ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْكَافِرِيْنَ أَوْلِيَاءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ.

١٦۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: أُعْبُدِ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ وَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ.

١٧۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا.

١٨۔ وَلَوْ رَدُّوْهُ إِلَى الرَّسُوْلِ وَإِلَى أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْبِطُوْنَهُ مِنْهُمْ.

١٩۔ وَ جَعَلْنَا لَهُ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهِ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهُ فِي الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا.

٢٠۔ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا إِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيقًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ مِنْ بَعْدِ إِيْمَانِكُمْ كَافِرِيْنَ.

٢١۔ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنَاهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهِ مَنْ نَّشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ.

٢٢۔ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَأْتِيْكُمْ بِضِيَاءٍ.

٢٣۔ قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا أَنْزَلَ هٰؤُلَاءِ إِلَّا رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ بَصَائِرَ وَإِنِّيْ لَأَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا.

٢٤ـ أَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَ جَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشَاوَةً.

٢٥ـ رُوِيَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ مَرَّ عَلٰى شَاةٍ مَيْتَةٍ فَقَالَ: أَ تَرَوْنَ هٰذِهِ الشَّاةَ هَيِّنَةً عَلٰى أَهْلِهَا؟ قَالُوْا: مِنْ هَوَانِهَا أَلْقَوْهَا قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ لَلدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ الشَّاةِ عَلٰى أَهْلِهَا.

٢٦ـ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ فِيْمَا يَرْوِي عَنْ رَبِّهٖ عَزَّ وَجَلَّ أَنَّهٗ قَالَ: يَا عِبَادِي إِنَّمَا هِيَ أَعْمَالُكُمْ أُحْصِيْهَا لَكُمْ، ثُمَّ أُوَفِّيْكُمْ إِيَّاهَا، فَمَنْ وَجَدَ خَيْرًا فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ، وَمَنْ وَجَدَ غَيْرَ ذٰلِكَ فَلَا يَلُوْمَنَّ إِلَّا نَفْسَهٗ.

التمرين ـ ٤

استخرج من الجمل الآتية ظن وأخواتها وبين أثرها من الإعمال والإلغاء والتعليق مع بيان السبب:

نموذج: علمت الظن أكذبَ الحديث.

علمتُ: فعل ماض من ظن وأخواتها نصب المفعولين وجوبا لوقوعه قبل المفعولين.

٢ـ أَظُنُّ لَلرِّيَاءُ يُبْطِلُ الصَّدَقَةَ.

٣ـ الْمُنَافِقُ أَزْعُمُ يَخُوْنُ الْأَمَانَةَ.

٤ـ لَا يَعْلَمُ الْمَرْءُ مَا مَصِيْرُهٗ غَدًا.

٥ـ الْمُؤْمِنُ لَا يَرُدُّ السَّائِلَ خَالِيًا.

٦ـ وَجَدْتُ الْعَفْوَ يَزِيْدُ الْعَبْدَ عِزًّا.

٧ـ أَظُنُّ مَا شَرَفٌ أَعَزُّ مِنَ التَّقْوٰى.

٨ـ أَلْفَيْتُ لَلاسْتِغْفَارُ فَرَجٌ لِلْهُمُوْمِ.

٩ـ الْمُؤْمِنُ أَخَالُ نِيَّتُهٗ خَيْرٌ مِنْ عَمَلِهٖ.

١٠ـ أَخَالُ إِنَّ الْمَنَّانَ لَا يُثَابُ عَلٰى صَدَقَتِهٖ.

١١ـ رَدَّ الْأَمَلُ النُّفُوْسَ الْبَائِسَةَ مُسْتَبْشِرَةً.

١٢ـ مَا يَدْرِي الْإِنْسَانُ أَعَمَلُهٗ مَقْبُوْلٌ أَمْ لَا؟

١٣ـ الْقُرْآنُ أَدْرِي تِلَاوَتُهٗ تُزِيْلُ صَدَأَ الْقُلُوْبِ.

١٤ـ الْكَلَامُ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ أَعْلَمُ قَسْوَةٌ لِلْقَلْبِ.

١٥ـ الْعِلْمُ لَا يُحْصَلُ إِلَّا بِذُلِّ النَّفْسِ حَسِبْتُ.

١٦ـ وَجَدْتُ مَا الزَّكَاةُ خَالَطَتْ مَالًا إِلَّا أَهْلَكَتْهُ.

١٧ـ أَعْلَمُ لَيُوَفَّيَنَّ الصَّابِرُوْنَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ.

١٨ـ الْهَدِيَّةُ أَدْرِي تَجْلِبُ الْمَوَدَّةَ وَتُذْهِبُ الشَّحْنَاءَ.

١٩ـ أَخَالُ الْمُتَكَبِّرَ فِي نَفْسِهٖ كَبِيرًا وَفِي أَعْيُنِ النَّاسِ صَغِيْرًا.

٢٠ـ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْعِلْمِ فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَا يَدْرِي مَتٰى يَفْتَقِرُ إِلَيْهِ.

التمرين - ٥

استخرج من الآيات الآتية ظن وأخواتها وفاعلها ومفعوليها مع تعيين نوعها (أفعال القلوب و التحويل):

نموذج: ١ - الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَاءَ بِنَاءً.

جعل: فعل ماض من " أخوات ظنّ " للتصيير، فاعله ضمير مستتر جوازا تقديره "هو".

الأرض: مفعول به أول منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

فراشا: مفعول به ثانٍ منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

٢ - وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرَاهُ مَا لَهُ فِي الآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ.

علموا: فعل ماض من " أخوات ظن" لليقين وفاعله واو الجماعة.

من اشتراه ما له ......: الجملة الاسمية من المبتدأ والخبر سدت مسد مفعولي "علموا".

٣ - وَأَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ.

٤ - وَإِذَا رَأَوْكَ إِنْ يَّتَّخِذُوْكَ إِلَّا هُزُوًا.

٥ - وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَّاحِدَةً.

٦ - وَلَا تَتَّخِذُوْا أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ.

٧ - عَلِمَ اللّٰهُ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ أَنْفُسَكُمْ.

٨ - فَلَمَّا رَأَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا.

٩ - وَقَالَ لِلَّذِيْ ظَنَّ أَنَّهُ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ.

١٠ - قَدِمْنَا إِلَى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَاءً مَّنْثُوْرًا.

١١ - زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ.

١٢ - إِنَّهُمْ أَلْفَوْا آبَائَهُمْ ضَالِّيْنَ فَهُمْ عَلىٰ آثَارِهِمْ يُهْرَعُوْنَ.

١٣ - وَلَوْ جَعَلْنَاهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنَاهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِ مَا يَلْبِسُوْنَ.

١٤ - بَلْ ظَنَنْتُمْ أَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ إِلَى أَهْلِيْهِمْ أَبَدًا.

١٥ - لَوْ لَا إِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِأَنْفُسِهِمْ خَيْرًا.

١٦ ـ أَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوبِهِمْ مَّرَضٌ أَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ أَضْغَانَهُمْ.

١٧ ـ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا.

١٨ ـ أَوَ لَمْ يَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهِ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّأَكْثَرُ جَمْعًا.

١٩ ـ إِذْ تَلَقَّوْنَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِأَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهِ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهُ هَيِّنًا وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ.

٢٠ ـ وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ اللَّائِيْ تُظَاهِرُوْنَ مِنْهُنَّ أُمَّهَاتِكُمْ وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَاءَكُمْ أَبْنَاءَكُمْ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِأَفْوَاهِكُمْ.

التمرين ـ ٦

استخرج من الأحاديث الآتية ظن وأخواتها و فاعلها ومفعوليها مع تعيين النوع (أفعال القلوب والتحويل):

نموذج: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: إِنَّ رَبِّي عَرَضَ عَلَيَّ أَنْ يَجْعَلَ لِي بَطْحَاءَ مَكَّةَ ذَهَبًا.

يجعل: فعل مضارع منصوب بـ "أن المصدرية"، وفاعله ضمير مستتر جوازا تقديره "هو".

بطحاء: مفعول به أول منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

ذَهَبًا: مفعول به ثان منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

٢ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي أَخْشَاكَ كَأَنِّي أَرَاكَ أَبَدًا.

٣ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: احْفَظِ اللّٰهَ يَحْفَظْكَ احْفَظِ اللّٰهَ تَجِدْهُ تُجَاهَكَ.

٤ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اللّٰهَ اللّٰهَ في أَصْحَابِي لَا تَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا مِنْ بَعْدِيْ.

٥ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ القُرْآنَ العَظِيْمَ رَبِيْعَ قُلُوْبِنَا وَنُوْرَ أَبْصَارِنَا.

٦ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَا زَالَ جِبْرِيْلُ يُوْصِيْنِي بِالجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ.

٧ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَعَنَ اللّٰهُ اليَهُوْدَ وَالنَّصَارَى اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ.

٢ ـ إِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا.
٣ ـ فِيْهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

٤ ـ قُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا.
٥ ـ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيْكُمْ وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ.

٦ ـ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيْمٌ.

٧ ـ إِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ إِلَّا إِنَاثًا وَّإِنْ يَّدْعُوْنَ إِلَا شَيْطَانًا مَّرِيْدًا.

٨ ـ فَإِذَا دَفَعْتُمْ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ فَأَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا.

٩ ـ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا.

١٠ ـ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُوْفٌ رَّحِيْمٌ.

١١ ـ إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ. إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ. وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ. ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ.

١٢ ـ إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ إِنَّهُ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا.

التمرين ـ ٥

استخرج من الأحاديث الآتية صيغ المبالغة وبيّن وزنها وأفعالها:

نموذج: عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ خِبٌّ وَلَا مَنَّانٌ وَلَا بَخِيْلٌ.

منّان: صيغة المبالغة، على وزن "فَعّال"، مشتق من فعل "مَنَّ".

بخيل: صيغة المبالغة، على وزن "فَعِيْل"، مشتق من فعل "بَخِلَ".

٢۔ إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: كُلُّ ابْنِ آدَمَ خَطَّاءٌ وَخَيْرُ الخَطَّائِيْنَ التَّوَّابُوْنَ.

٣۔ قَالَ حُذَيْفَةُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: لَا يَدْخُلُ الجَنَّةَ نَمَّامٌ.

٤۔ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ عِنْدَ ذِكْرِ أَهْلِ النَّارِ: كُلُّ جَعْظَرِيٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ جَمَّاعٍ مَنَّاعٍ.

٥۔ عَنْ زِيَادٍ قَالَ: سَمِعْتُ المُغِيْرَةَ ﷺ يَقُوْلُ: إِنْ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ لَيَقُوْمُ لِيُصَلِّيَ حَتّٰى تَرِمَ قَدَمَاهُ أَوْ سَاقَاهُ فَيُقَالُ لَهُ، فَيَقُوْلُ: أَفَلَا أَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا.

٦۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ القِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ، قَالَ أَبُوْمُعَاوِيَةَ: وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ، شَيْخٌ زَانٍ وَمَلِكٌ كَذَّابٌ وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ.

٧۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: يَنْزِلُ اللّٰهُ فِي السَّمَاءِ الدُّنْيَا لِشَطْرِ اللَّيْلِ الآخِرِ فَيَقُوْلُ: مَنْ يَدْعُوْنِي فَأَسْتَجِيْبَ لَهُ أَوْ يَسْأَلُنِي فَأُعْطِيَهِ ثُمَّ يَقُوْلُ: مَنْ يُقْرِضُ غَيْرَ عَدِيْمٍ وَلَا ظَلُوْمٍ.

٨۔ قَالَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: إِذَا أَحْلَلْتِ فَآذِنِيْنِي، فَآذَنْتُهُ، فَخَطَبَهَا مُعَاوِيَةُ وأبو جَهْمٍ وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: أَمَّا مُعَاوِيَةُ فَرَجُلٌ تَرِبٌ لَا مَالَ لَهُ وَأَمَّا أَبُو جَهْمٍ فَرَجُلٌ ضَرَّابٌ لِلنِّسَاءِ وَلَكِنْ أُسَامَةَ بن زيدٍ، فَقَالَتْ بِيَدِهَا هٰكَذَا: أُسامةُ! أُسامة! فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: طَاعَةُ اللّٰهِ وَطَاعَةُ رَسُوْلِهِ خَيْرٌ لَكِ قالت: فَتَزَوَّجْتُهُ فَاغْتَبَطْتُ.

٩۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يَدْعُوْ يَقُوْلُ: رَبِّ أَعِنِّي وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ وَانْصُرْنِي وَلَا تَنْصُرْ عَلَيَّ وَامْكُرْ لِي وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ وَاهْدِنِي وَيَسِّرِ الهُدٰى لِي وَانْصُرْنِي عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ رَبِّ اجْعَلْنِي لَكَ شَكَّارًا لَكَ ذَكَّارًا لَكَ رَهَّابًا لَكَ مِطْوَاعًا لَكَ مُخْبِتًا إِلَيْكَ أَوَّاهًا مُنِيْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِي وَاغْسِلْ حَوْبَتِي وَأَجِبْ دَعْوَتِي وَثَبِّتْ حُجَّتِي وَسَدِّدْ لِسَانِي وَاهْدِ قَلْبِي وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِي.

١٠۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ غَالِبِ بْنِ أَبْجَرَ قَالَ: أَصَابَتْنَا سَنَةٌ فَلَمْ يَكُنْ فِي مَالِي شَيْءٌ أُطْعِمُ أَهْلِي إِلَّا شَيْءٌ مِنْ حُمُرٍ وَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ حَرَّمَ لُحُوْمَ الحُمُرِ الأَهْلِيَّةِ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَصَابَتْنَا السَّنَةُ وَلَمْ يَكُنْ فِي مَالِي مَا أُطْعِمُ أَهْلِي إِلَّا سِمَانُ الحُمُرِ وَإِنَّكَ حَرَّمْتَ لُحُوْمَ الحُمُرِ الأَهْلِيَّةِ فَقَالَ: أَطْعِمْ أَهْلَكَ مِنْ سَمِيْنِ

حُمُرِكَ فَإِنَّمَا حَرَّمْتُهَا مِنْ أَجْلِ جَوَّالِ الْقَرْيَةِ يَعْنِي الْجَلَّالَةَ.

التمرين ـ ٦

نموذج في الإعراب:

كلب جوّال خير من أسد رابض.

كلب: مبتدأ مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

جوّال: صيغة المبالغة، على وزن "فعّال" مرفوع، صفة لـ "كلب"، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

خير: خبر مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

من: حرف جرّ، مبني على السكون، لا محل لها من الإعراب.

أسد: اسم مجرور بحرف جرّ، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

رابض: صفة لـ "أسد"، مجرور مثله، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

من أسد: الجار والمجرور متعلقان بـ "خير".

الجملة "كلب جوّال.." ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

أعرب الجمل الآتية:

١ ـ الكريم منحار أبله لضيوفه.

٢ ـ الكيِّس ترّاك صحبة الأشرار.

٣ ـ المؤمن صبور شكور لا نمّام ولا مغتاب ولا حقود ولا حسود.

٤ ـ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ هَمَّازٍ مَّشَّاءٍ بِنَمِيمٍ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ.

٥ ـ كن ـــ أيّها العربيّ ـ فعّالا لا قوّالا، مقداما لا جبانا، صبورًا على المكاره عليمًا بكلّ فن، حذرًا من دعاة الهزيمة والتردّد.

الدرس الرابع عشر

الصفة المشبهة باسم الفاعل

الأمثلة:

عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ رَبْعَةً وَلَيْسَ بِالطَّوِيْلِ وَلَا بِالْقَصِيْرِ حَسَنَ الْجِسْمِ وَكَانَ شَعْرُهُ لَيْسَ بِجَعْدٍ وَلَا سَبْطٍ أَسْمَرَ اللَّوْنِ إِذَا مَشٰى يَتَكَفَّأُ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا حدیث میں سرخ کلمات رَبْعَة، طَوِیْل، قَصِیْر، حَسَن، جَعْد، سَبْط، أَسْمَر پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے ہر وصف درج ذیل امور پر دلالت کرتا ہے:

۱۔ معنی مجرد یعنی وصف یا صفت پر دلالت کرتا ہے، مثلاً: حُسْن، قِصَر (خوبصورت یا چھوٹے قد کا ہونا) وغیرہ۔

۲۔ ذات: یعنی وہ ذات جو اس وصف سے متصف ہو، جیسے مندرجہ بالا حدیث میں حضور ﷺ کی ذات مبارک۔

۳۔ اس وصف کا ثبوت اس ذات کے لئے ہر زمانے میں پایا جاتا ہے یعنی یہ وصف عارضی نہ ہو کہ کچھ عرصے کے بعد زائل ہو جائے، بلکہ اپنے موصوف میں مستقل طور پر پایا جاتا ہو۔ ہر وہ اسم جس میں یہ امور موجود ہوں صفة مشبهة کہلاتا ہے۔

صفة مشبهة وہ اسم مشتق ہے جو فعل ثلاثی لازم متصرف کے مصدر سے بنتا ہے اور اس ذات پر دلالت کرتا ہے جس میں مصدری معنی مستقل طور پر پایا جاتا ہو۔

ألف: أقسام الصفة المشبهة

صفة مشبهة کے صیغے مختلف اوزان پر آتے ہیں جن میں سے زیادہ سماعی ہیں اور چند قیاسی ہیں۔ قیاسی اوزان تین قسم کے ہیں: ۱۔ الأصیل ۲۔ الملحق بالأصیل من غیر التأویل ۳۔ الجامد المؤول بالمشتق.

الأصيل

یہ صفة مشبهة کی وہ قسم ہے جو فعل ثلاثی لازم متصرف کے مصدر سے مشتق ہوتی ہے اور بغیر کسی قرینہ اور تأویل کے فعل کے دائمی معنی پر دلالت کرتی ہے اسی لیے اس کو اصیل یعنی بنیادی قسم کہا جاتا ہے۔

الأمثلة:

(أ)

١ـ وَقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ. (فَعِلٌ)

٢ـ الدَّجَّالُ أَعْوَرُ الْعَيْنِ الْيُمْنٰى. (أَفْعَل)

٣ـ قال تعالى: قَالَ إِنَّهُ يَقُوْلُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِيْنَ. (فَعْلَاءُ)

٤ـ قال تعالى: فَرَجَعَ مُوْسٰى إِلٰى قَوْمِهِ غَضْبَانَ أَسِفًا. (فَعْلَانُ)

(ب)

٥ـ قال تعالى: ذُقْ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ. (فَعِيْلٌ)

٦ـ قال تعالى: وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ. (فَعْلٌ)

٧ـ الْمُسْلِمُ شُجَاعٌ عِنْدَ لِقَاءِ الْعَدُوِّ. (فُعَالٌ)

٨ـ قال تعالى: قَالَ إِنَّهُ يَقُوْلُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ ذٰلِك. (فَعَالٌ)

٩ـ قال تعالى: مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ. (فَعَلٌ)

١٠ـ قال تعالى: أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَّقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُّكْرًا. (فُعْلٌ)

(ج)

١١ـ قال تعالى: إِنَّكَ مَيِّتٌ وَّإِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ. (فَيْعِلٌ)

١٢ـ سَيِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُهُمْ. (فَيْعِلٌ)

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام سرخ کلمات ایسے افعال ماضیہ کے مصادر سے مشتق ہیں جو کہ ثلاثی لازم اور متصرف ہیں۔ اگر فعل ماضی فَعِلَ کے وزن پر ہو تو الصفة المشبهة تین اوزان پر آتی ہے:

۱۔ فَعِل ۲۔ أفعل ۳۔ فَعْلان

۱۔ فَعِلٌ (مؤنثه فَعِلَةٌ):

اگر فعل ماضی ثلاثی لازم خوشی یا غم یا کسی ایسی حالت پر دلالت کرے جو کہ وقتاً فوقتاً طاری ہوتی ہے اور پھر تیزی سے زائل ہو جاتی ہے تو صفة مشبهة فَعِلٌ کے وزن پر آتی ہے، جیسے: جملہ۱۔ وَقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ میں صفة مشبهة وَجِلَةٌ فَعِل کے وزن پر ہے اور یہ ایک ایسی حالت (یعنی خوف) پر دلالت کرتی ہے جو کہ انسان پر آتی جاتی رہتی ہے۔

۲۔ أَفْعَل (مؤنثه فَعْلَاء):

اگر فعل کسی ایسے امر طبعی یا فطری (یعنی رنگ، عیب، حلیہ) پر دلالت کرے جس میں دوام پایا جاتا ہے تو صفة مشبهة أفعل کے وزن پر آتی ہے، جیسے: جملہ۲۔ الدجال أعور العين اليمنى میں صفة مشبهة أعور أفعل کے وزن پر ہے اور یہ ایسا عیب ہے جس میں دوام پایا جاتا ہے۔ جب أفعل کا وزن اسم التفضيل کے لئے آئے تو اس کا مؤنث فُعلى کے وزن پر آتا ہے اور اسے أفعل التفضيل کہتے ہیں اور جب صفة مشبهة کے لئے آئے تو اس کا مؤنث فعلاء کے وزن پر آتا ہے اور اسے أفعل الصفة کہتے ہیں۔

۳۔ فَعْلَان (مؤنثه فَعلى):

اگر فعل کسی ہیجانی کیفیت، اضطراب یا کسی ایسی حالت پر دلالت کرے جس میں خالی پن (خُلُوّ) یا بھرنے (امتلاء) کے معنی پائے جاتے ہیں جو وقتاً فوقتاً طاری ہوتی ہو اور پھر تیزی سے زائل نہ ہوتی ہو، تو صفة مشبهة فعلان کے وزن پر آتی ہے، جیسے: جملہ۳۔ رجع موسى إلى قومه غضبان أسفًا میں صفة مشبهة غضبان [1] فَعلان کے وزن پر ہے اور اضطرابی کیفیت پر دلالت کر رہی ہے۔

(۱) صفة مشبهة غضبان میں غضب ایک ایسا باطنی وصف ہے جو کہ انسان کی فطرت میں ہر وقت موجود ہوتا ہے لیکن اس کا اظہار وقتاً فوقتاً ہوتا ہے، بخلاف اسم الفاعل (غاضب) کہ اس میں فعل کے معنی کا وقتی طور پر حدوث اور صدور ہوتا ہے، جیسے: جالس ایک وقتی وصف ہے۔

اگر فعل ماضی فَعُل کے وزن پر ہو تو الصفة المشبهة بہت سے اوزان پر آتی ہے۔ جن میں سے مشہور اوزان یہ ہیں: فَعِيْلٌ، فَعْلٌ، فُعَالٌ، فَعَالٌ، فَعَلٌ، فُعْلٌ، فاعل۔

اگر فعل ماضی فَعَلَ کے وزن پر ہو تو صفة مشبهة فَيْعِل کے وزن پر آتی ہے اور یہ صفة مشبهة کا سب سے کم استعمال ہونے والا وزن ہے، جیسے جملہ ۱۱ اور ۱۲ میں صفة مشبهة ميّت اور سيّد فَيْعِل کے وزن پر آئی ہے۔

الملحق بالأصيل من غير التأويل

الأمثلة:

۱۔ قال تعالى: إِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ.

۲۔ إِنَّ الْمَظْلُوْمَ مُسْتَجَابُ الدَّعْوَةِ.

شرح وتفصيل:

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ صفة مشبهة اسم الفاعل اور اسم المفعول کے وزن پر بھی آتی ہے لیکن دو شرطوں کے ساتھ:

۱۔ جب اسم الفاعل اور اسم المفعول دائمی معنی پر دلالت کرتے ہوں۔

۲۔ اسم فاعل ہونے کی صورت میں یہ اپنے فاعل اور اسم مفعول کی صورت میں اپنے نائب الفاعل کی طرف مضاف ہو، جیسے: جملہ ۱۔ میں اسم فاعل واسع اپنے فاعل المغفرة کی طرف مضاف ہے اور دائمی معنی پر دلالت کرتا ہے۔ اسی طرح جملہ ۲۔ میں اسم مفعول مستجاب اپنے نائب الفاعل الدعوة کی طرف مضاف ہے اور دوام پر دلالت کر رہا ہے۔

الجامد المؤوّل بالمشتق

الأمثلة:

۱۔ اِنْتَصَرَ الْمَلِكُ الأَسَدُ جُنْدُهُ.

۲۔ أَعْجَبَتْنِي الْفَتَاةُ الْقَمَرُ وَجْهُهَا.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں میں صـفة المشبهة اسم جامد کی صورت میں وارد ہوئی ہے۔ اسم جامد دو شرطوں کے ساتھ صفة مشبهة بن کر آتا ہے:

۱۔ جب وہ دائمی معنی پر دلالت کرے۔

۲۔ اس کی تأویل اسم مشتق سے کی جاسکتی ہو، جیسے: جملہ ۱۔ میں الأسـد اسم جامد ہے جو دائمی معنی پر دلالت کر رہا ہے اور اس کی تأویل اسم مشتق الشجاع سے کی جاسکتی ہے اسی طرح جملہ ۲۔ میں القمر کی تأویل صفة مشبهة الجميل سے کی جاسکتی ہے اور یہ دائمی معنی پر دلالت کرتا ہے۔

قواعد:

۱۔ صـــفة مشبهة وہ اسم مشتق ہے جو فعل ثلاثی لازم متصرف کے مصدر سے بنتی ہے اور اس ذات پر دلالت کرتی ہے جس میں مصدری معنی مستقل اور مستحکم طور پر پائے جاتے ہوں۔

۲۔ صفة مشبهة کے قیاسی اوزان تین قسم کے ہیں:

۱ ۔ المحلق بالأصيل:

(الف) اگر فعل ماضی فَعِلَ کے وزن پر ہو تو صفة مشبهة مندرجہ ذیل تین اوزان پر آتی ہے:

۱۔ فَعِلٌ (مؤنثه: فَعِلَةٌ) کسی ایسی کیفیت پر دلالت کرے جو وقتاً فوقتاً طاری ہو اور پھر تیزی سے زائل ہو۔

۲۔ أفْعَلُ (مؤنثه: فَعْلَاءُ) جب ایسے امر طبعی یا فطری پر دلالت کرے جس میں دوام پایا جائے۔

۳۔ فَعْلَانُ (مؤنثه: فَعْلٰی) جب ایسی حالت پر دلالت کرے جو وقتاً فوقتاً طاری ہو اور پھر آہستگی سے زائل ہو۔

(ب) اگر فعل ماضی فَـعُـلَ کے وزن پر ہو تو صـفة مشبهة بہت سے اوزان پر آتی ہے جن میں سے مشہور اوزان یہ ہیں: فَعِيل، فَعْل، فُعَال، فَعَال، فَعَل، فُعْل۔

(ج) اگر فعل ماضی فَعَلَ کے وزن پر ہو تو صفة مشبهة فَيْعِل کے وزن پر آتی ہے۔

۲۔ الملحق بالأصيل من غير التأويل:

صفة مشبهة اسم فاعل اور اسم مفعول کے وزن پر بھی آتی ہے لیکن دو شرطوں کے ساتھ:

۱۔ جب اسم فاعل اور اسم مفعول دائمی معنی پر دلالت کرتے ہوں۔

۲۔ اسم فاعل کی صورت میں یہ اپنے فاعل اور اسم مفعول کی صورت میں اپنے نائب الفاعل کی طرف مضاف ہو۔

۳۔ الجامد المؤول بالمشتق:

صفة مشبهة اسم جامد کی صورت میں بھی واقع ہوتی ہے جب وہ دائمی معنی پر دلالت کرے اور اس کی تأویل اسم مشتق سے کی جا سکتی ہو۔

ب: أوجه الموافقة والمخالفة بين الصفة المشبهة وبين اسم الفاعل المتعدي لواحد

أوجه الموافقة:

صفة مشبهة مندرجہ ذیل امور میں اسم فاعل کے مشابہ ہوتی ہے۔ اسی لئے اسے الصفة المشبهة باسم الفاعل کہتے ہیں:

۱۔ صفة مشبهة اسم فاعل کی طرح مشتقات میں سے ہے۔

۲۔ اسم فاعل کی طرح مفرد، مثنی، جمع اور مذکر ومؤنث واقع ہوتی ہے۔

۳۔ اسم فاعل کی طرح فعل کا عمل بھی کرتی ہے۔

أوجه المخالفة:

۱۔ صفة مشبهة صرف فعل لازم کے مصدر سے ہی مشتق ہوتی ہے جب کہ اسم فاعل فعل لازم اور متعدی دونوں کے مصادر سے مشتق ہوتا ہے۔

۲۔ صفة مشبهة کے بہت سے قیاسی اور سماعی صیغے ہیں جبکہ اسم فاعل کا صرف ایک ہی قیاسی صیغہ [1] ہے۔

(۱) فعل ثلاثی سے اسم فاعل "فاعل" کے وزن پر آتا ہے اور جو افعال مزید بحرف یا حرفین ہیں ان کا اسم فاعل اسکے مضارع (یعنی حرف مضارع کو میم مضموم سے بدلنے اور کسر ما قبل الآخر) کے وزن پر بنتا ہے۔

۳۔اسم فاعل میں وقتی طور پر فعل کے معنی پائے جاتے ہیں جبکہ صفة مشبهة میں فعل کے معنی مستقل طور پر پائے جاتے ہیں، جیسے: عَلِيٌّ جَالِسٌ میں جَالِسٌ اسم فاعل ہے اور ایک وقتی وصف ہے۔ جب تک وہ بیٹھا ہے اس وقت تک اس پر جالس کا وصف صادق آئے گا جب کہ عَلِيٌّ حَسَنٌ میں صفة مشبهة حَسَنٌ وقتی نہیں بلکہ دائمی ہے۔

۴۔اسم فاعل کا معمول اپنے عامل سے مقدم ہوسکتا ہے، جیسے: عمرو أخاه ضاربٌ میں ضارب کا معمول أخاه اس پر مقدم ہے۔اس کے برخلاف صفة مشبهة کا معمول اس سے مقدم نہیں ہوسکتا، لہذا یہ کہنا صحیح نہیں زید وجهَه حسنٌ۔

۵۔اسم فاعل کا معمول سببی [1] بھی ہوتا ہے جیسے: مررت بامرأةٍ ضاربةٍ ولدَها اور اجنبی بھی جیسے: مررت بامرأةٍ ضاربةٍ ولدًا جبکہ صفة مشبهة کا معمول صرف سببی ہی ہوتا ہے۔سببی سے مراد مندرجہ ذیل تین امور میں سے کسی ایک امر کا پایا جانا ہے:

۱۔اسکا معمول ایسی ضمیر سے متصل ہو جو موصوف کی طرف لوٹ رہی ہو، جیسے: زَيْدٌ كَرِيْمٌ خُلُقُهُ۔

۲۔اس کے معمول پر "أل" داخل ہو جو ضمیر کے قائم مقام ہوتا ہے، جیسے: زَيْدٌ كَرِيْمُ الخُلُقِ۔

۳۔اس کے معمول کے ساتھ ایسی ضمیر مقدر ہو جو موصوف کی طرف لوٹ رہی ہو، جیسے: زَيْدٌ كَرِيْمٌ خُلُقًا، اس میں معمول خُلُقًا کے ساتھ ایک ضمیر مقدر ہے جسکی تقدیر یوں ہوگی: زَيْدٌ كَرِيْمٌ خُلُقًا مِنْهُ۔

ج: إعمال الصفة المشبهة

الأمثلة:

١ ـ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ الْكَرِيْمُ الطَّبْعُ/ طَبْعُهُ. ٢ ـ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ كَرِيْمٌ الطَّبْعُ/ طَبْعُهُ.

٣ ـ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ الْكَرِيْمُ الطَّبْعَ. ٤ ـ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ كَرِيْمٌ الطَّبْعَ.

٥ ـ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ الْكَرِيْمُ طَبْعًا. ٦ ـ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ كَرِيْمٌ طَبْعًا.

٧ ـ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ كَرِيْمُ الطَّبْعِ/ طَبْعِ الأَبِ/ طَبْعِهِ.

(۱) سببی وہ اسم ظاہر ہے جس کا تعلق اپنے موصوف کے ساتھ ایک ضمیر متصل کے ذریعے ہوتا ہے چاہے یہ تعلق لفظی ہو یا معنوی۔لفظی تعلق کی مثال: زید کریم خلقه، معنوی تعلق کی مثال: زید کریم الخلق۔

۸۔ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ الْكَرِيْمُ الطَّبْعِ/طَبْعِ الأَبِ

شرح وتفصیل:

صفة مشبهة فعل ثلاثی لازم کے مصدر سے مشتق ہوتی ہے، لہذا ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ یہ اپنے فاعل کو مرفوع کرتی اور مفعول بہ کو منصوب نہ کرتی، جیسے فعل لازم صرف فاعل کو ہی مرفوع کرتا ہے، لیکن صفة مشبهة اس قاعدے سے ہٹ کر اسم الفاعل المتعدي لواحد کی طرح عمل کرتی ہے یعنی اپنے فاعل کو مرفوع کرنے کے ساتھ ساتھ مفعول بہ کو بھی منصوب کرتی ہے چنانچہ صفة مشبهة کا معمول منصوب بھی واقع ہوتا ہے اور اس صورت میں یہ معمول مفعول بہ نہیں کہلاتا، بلکہ شبيه بالمفعول به یعنی مفعول بہ سے مشابہ کہلاتا ہے (1)۔

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ الصفة المشبهة کے معمول کی تین صورتیں ہیں:

۱۔ معمول الصفة المشبهة في حالة الرفع:

اس کا معمول فاعل ہونے کی بنا پر مرفوع ہوتا ہے، جیسے جملہ ۱ اور ۲ میں الصفة المشبهة الكريم اپنے فاعل الطبع کو مرفوع کر رہا ہے۔

۲۔ معمول الصفة المشبهة في حالة النصب:

اسکا معمول دو صورتوں میں منصوب ہوتا ہے۔

۱۔ اگر معمول معرفہ ہو تو مفعول بہ سے مشابہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہوتا ہے، جیسے جملہ ۳۔ میں الصفة المشبهة الكريم اپنے معمول الطبع کو منصوب کر رہی ہے۔

۲۔ اگر معمول نکرہ ہو تو اسکے اعراب کی دو صورتیں ہیں یا تو یہ شبيه بالمفعول به ہونے کی وجہ سے منصوب ہوتا ہے یا تمييز ہونے کی وجہ سے منصوب ہوتا ہے، جیسے جملہ ۵۔ میں الصفة المشبهة الكريم اپنے معمول طبعًا کو منصوب کر رہی ہے اور اس کو شبيه بالمفعول به بھی کہہ سکتے ہیں اور تمييز بھی۔ جملہ ۶ میں بھی یہی عمل نمایاں ہے۔

---

(۱) معمول الصفة المشبهة کو نصب کی حالت میں مفعول بہ اس لئے نہیں کہا جاتا کیونکہ مفعول بہ وہ اسم ہوتا ہے جس پر کام کیا گیا ہو جبکہ معمول الصفة المشبهة اس ذات کے قائم مقام ہوتا ہے جو اس وصف سے متصف ہوتا ہے۔

۳۔ معمول الصفة المشبهة في حالة الجر:

اسکا معمول اضافت [۱] کی وجہ سے مجرور ہوتا ہے، جیسے جملہ ۷۔ میں صفة مشبهة الكريم اپنے معمول کی طرف مضاف ہے جس کی وجہ سے اسکا معمول الطبع [۲] مجرور ہو رہا ہے۔ جملہ ۸ میں بھی یہی عمل ہو رہا ہے [۳]۔

قواعد:

الصفة المشبهة کے معمول کی تین حالتیں ہیں:

۱۔ اسکا معمول فاعل ہونے کی بنا پر مرفوع ہوتا ہے۔

۲۔ اگر معمول معرفہ ہو تو شبيه بالمفعول به ہونے کی وجہ سے منصوب واقع ہوتا ہے۔ اور اگر نکرہ ہو تو شبيه بالمفعول به یا تمييز ہونے کی وجہ سے منصوب ہوتا ہے۔

۳۔ اسکا معمول اضافت کی وجہ سے مجرور واقع ہوتا ہے۔

التمرين - ۱

استخرج كل صفة مشبهة فيما يأتي وبين موقع المعمول من الإعراب والأوجه الممتنعة في صورة الإضافة إن وجدت:

نموذج: كان النبي ﷺ متواصل الأحزان دائم الفكرة ليست له راحة طويل السكت.

متواصل: صفة مشبهة، مضافة إلى معمولها. الأحزان: معمول الصفة المشبهة، مجرور لفظا؛ ومرفوع حكما؛ لأنه فاعل. دائم: صفة مشبهة، مضافة إلى معمولها. الفكرة: معمول الصفة المشبهة، مجرور لفظا، مرفوع حكما؛ لأنه فاعل. طويل: صفة مشبهة، مضافة إلى معمولها. السكت: معمول الصفة المشبهة، مجرور لفظا، مرفوع حكما؛ لأنه فاعل.

---

(۱) صفة مشبهة کی اپنے معمول کی طرف اضافت دو صورتوں میں جائز نہیں: ۱۔ جب الصفة المشبهة پر "أل" داخل ہو اور اس کا معمول "أل" سے خالی ہو جیسے: الكريمُ طبعه، الكريمُ طبعٍ۔ ۲۔ جب صفة مشبهة پر "أل" داخل ہو اور اس کا معمول "أل" سے خالی ہو اور اس کی اضافت ایسے اسم کی طرف بھی نہ ہو جس پر "أل" داخل ہو جیسے: الكريمُ طَبْعِ أبٍ۔

(۲) الطبع اضافت کی وجہ سے مجرور واقع ہوا ہے جبکہ حقیقت میں اسے فاعل ہونے کی بنا پر مرفوع ہونا چاہئے چنانچہ اس کے اعراب یوں ہونگے: الطبع: مجرور لفظًا لأنه مضاف إليه ومرفوع حكمًا لأنه فاعل للصفة المشبهة۔

(۳) عربی زبان میں صفة مشبهة کی اپنے معمول کی طرف اضافت کا اسلوب سب سے زیادہ استعمال ہونے والا اور بہتر اسلوب ہے۔

٢ ـ إن القرآن صريح نصه في حرمة الخمر.

٣ ـ الأم هي التي تنشئ الطفل على الحميد الخصال والكريم الأخلاق.

٤ ـ إن الكتاب "حياة الصحابة" الحافل البديع كتاب عديم النظير في بابه.

٥ ـ يهدف الإسلام أن يكون الإنسان مثلاً صالحًا شريف الشمائل، حميدًا السجايا.

٦ ـ من أبرز صفات المؤمن أن يكون بعيدًا نظرًا في نشر رفد الإسلام وخيراته في العالم.

٧ ـ كان الإمام أبو عبد الله محمد بن إسماعيل البخاري رحمه الله عفيف اللسان رقيق النقد.

٨ ـ لا بد لطالب العلم أن يكون عظيمًا شغفه بالسيرة النبوية وأخبار الصحابة رضي الله عنهم.

٩ ـ يقف المؤمن موجها قلبه إلى ربه خمس مرات في اليوم نظيف الظاهر طاهر الباطن مثنيًا عليه بما هو أهله.

١٠ ـ كان الإمام أبو حنيفة رحمه الله سديدا رأيه، دقيقًا نظره في الفقه، لطيفًا استخراجه في العلم والعمل والبحث.

١١ ـ كان رسول الله ﷺ دائم البشر، سهل الخلق، لين الجانب ليس بفظ ولا غليظ ولا صخاب ولا فحاش ولا عياب ولا مشاح.

١٢ ـ كان الخليفة عبد الله المأمون الفصيح اللسان والحاضر البديهة والقوي الحجة من مفاخر الدولة العباسية علمًا وفضلاً وسياسةً.

١٣ ـ كان السلطان الناصر صلاح الدين الأيوبي عالي الهمة، عظيم المروءة، قوي العزيمة، يسارع إلى نجدة المستنجدين ولو كانوا من خصومه.

التمرين ـ ٢

هات الصفة المشبهة من كل فعل من الأفعال الآتية:

١ ـ رَقَّ	٢ ـ حَلَا	٣ ـ شَرُفَ	٤ ـ رَوِيَ	٥ ـ جَزُلَ	٦ ـ ارْتَفَعَ	٧ ـ نَبِهَ
٨ ـ بَطَلَ	٩ ـ قَوِيَ	١٠ ـ تَوَقَّدَ	١١ ـ صَدَقَ	١٢ ـ ذَرِبَ	١٣ ـ لَانَ	١٤ ـ يَقِظَ

١٥- رَحُبَ ١٦- فَطِن ١٧- شَهُمَ ١٨- حَمِرَ ١٩- جَبُنَ ٢٠- لَسِنَ

التمرين - ٣

استخرج من الآيات التالية كل صفة مشبهة وبين وزنها:

نموذج: فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ.

فظًّا: صفة مشبهة، على وزن "فَعْلٍ". غليظ: صفة مشبهة، على وزن "فَعِيْل".

٢- وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا أَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْآنُ مَاءً.

٣- وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهِ أَعْمٰى فَهُوَ فِي الآخِرَةِ أَعْمٰى وَأَضَلُّ سَبِيْلاً.

٤- وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرَانِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَائِغٌ شَرَابُهُ وَهٰذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ.

٥- وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهُ بِإِذْنِ رَبِّهِ وَالَّذِي خَبُثَ لَا يَخْرُجُ إِلَّا نَكِدًا.

٦- فَأَلْقٰى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ وَّنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِيْنَ.

٧- وَأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ فَمَن يَّسْتَمِعِ الآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَابًا رَّصَدًا.

٨- قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّن رَّبِّي فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ رَبِّي جَعَلَهُ دَكَّاءَ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّي حَقًّا.

٩- حَتّٰى إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا.

١٠- يَقُوْلُوْنَ أَ إِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ أَ إِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً قَالُوْا تِلْكَ إِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ.

١١- أَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ.

١٢- أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يُزْجِي سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهُ ثُمَّ يَجْعَلُهُ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ.

١٣- وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ هَمَّازٍ مَّشَّاءٍ بِنَمِيْمٍ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيْمٍ عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ.

١٤- وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَّسَطًا لِتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا.

١٥- يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى الْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْأُنْثٰى بِالْأُنْثٰى.

١٦- فَكَذَّبُوْهُ فَأَنْجَيْنَاهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ وَأَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِآيَاتِنَا إِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ [1].

(١) جمع عمٍ

١٧ ـ فَمَن يُرِدِ اللّٰهُ أَنْ يَّهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلإِسْلَامِ وَمَنْ يُّرِدْ أَنْ يُّضِلَّهُ يَجْعَلْ صَدْرَهُ ضَيِّقًا حَرَجًا كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ.

التمرين ـ ٤

استخرج من الأحاديث الآتية الصفة المشبّهة وبيّن وزنها:

نموذج: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: رَحِمَ اللّٰهُ رَجُلًا سَمْحًا إِذَا بَاعَ وَإِذَا اشْتَرٰى وَإِذَا اقْتَضٰى.

سمحًا: صفة مشبهة، على وزن "فَعْل".

٢ ـ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ شَيْئًا وَلَوْأَنْ تَلْقٰى أَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلْقٍ.

٣ ـ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: العَبْدُ إِذَا نَصَحَ سَيِّدَهُ وَأَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ كَانَ لَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ.

٤ ـ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ: أَنْفِقْ أُنْفِقْ عَلَيْكَ وَقَالَ: يَدُ اللّٰهِ مَلأىٰ لَا تُغِيْضُهَا نَفَقَةٌ سَحَّاءُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ.

٥ ـ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ أَنْسَابَكُمْ هٰذِهِ لَيْسَتْ بِسِبَابٍ عَلَى أَحَدٍ وَإِنَّمَا أَنْتُمْ وَلَدُ آدَمَ طَفُّ الصَّاعِ لَمْ تَمْلَئُوْهُ لَيْسَ لِأَحَدٍ فَضْلٌ إِلَّا بِالدِّيْنِ أَوْعَمَلٍ صَالِحٍ حَسْبُ الرَّجُلِ أَنْ يَكُوْنَ فَاحِشًا بَذِيًّا بَخِيْلًا جَبَانًا.

٦ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَقِيْتُ إِبْرَاهِيْمَ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! أَقْرِئْ أُمَّتَكَ مِنِّي السَّلَامَ وَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ الجَنَّةَ طَيِّبَةُ التُّرْبَةِ عَذْبَةُ المَاءِ وَأَنَّهَا قِيْعَانٌ وَأَنَّ غِرَاسَهَا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

٧ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُ مُثِّلَ لَهُ مَالُهُ يَوْمَ القِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ لَهُ زَبِيْبَتَانِ يُطَوِّقُهُ يَوْمَ القِيَامَةِ ثُمَّ يَأْخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ يَعْنِي بِشِدْقَيْهِ ثُمَّ يَقُوْلُ: أَنَا مَالُكَ أَنَا كَنْزُكَ ثُمَّ تَلَا ﴿لَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ﴾.

٨ ـ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الخَطَّابِ قَالَ: كَرَمُ المُؤْمِنِ تَقْوَاهُ وَدِيْنُهُ حَسَبُهُ وَمُرُوْءَتُهُ خُلُقُهُ وَالجُرْأَةُ وَالجُبْنُ غَرَائِزُ يَضَعُهَا اللّٰهُ حَيْثُ شَاءَ فَالجَبَانُ يَفِرُّ عَنْ أَبِيْهِ وَأُمِّهِ وَالجَرِيْءُ يُقَاتِلُ عَمَّا لَا يَؤُوْبُ بِهِ إِلَى رَحْلِهِ وَالقَتْلُ حَتْفٌ مِنَ الحُتُوْفِ وَالشَّهِيْدُ مَنِ احْتَسَبَ نَفْسَهُ عَلَى اللّٰهِ.

٩ـ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: يَعْقِدُ الشَّيْطَانُ عَلَى قَافِيَةِ رَأْسِ أَحَدِكُمْ إِذَا هُوَ نَامَ ثَلَاثَ عُقَدٍ يَضْرِبُ كُلَّ عُقْدَةٍ عَلَيْكَ لَيْلٌ طَوِيْلٌ فَارْقُدْ فَإِنِ اسْتَيْقَظَ فَذَكَرَ اللّٰهَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَإِنْ تَوَضَّأَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَإِنْ صَلَّى انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَأَصْبَحَ نَشِيْطًا طَيِّبَ النَّفْسِ وَإِلَّا أَصْبَحَ خَبِيْثَ النَّفْسِ كَسْلَانَ.

١٠ـ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَيُّ شَيْءٍ أَشَدُّ بَلَاءً قَالَ: الأَنْبِيَاءُ ثُمَّ الأَمْثَلُ فَالأَمْثَلُ فَيُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلَى حَسَبِ دِيْنِهِ فَإِنْ كَانَ دِيْنُهُ صُلْبًا اشْتَدَّ بَلَاءُهُ وَإِنْ كَان فِي دِيْنِهِ رِقَّةٌ ابْتُلِيَ عَلَى حَسَبِ دِيْنِهِ فَمَا يَبْرَحُ البَلَاءُ بِالعَبْدِ حَتّٰى يَتْرُكَهُ يَمْشِي عَلَى الأَرْضِ مَا عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ.

١١ـ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَأَعْطَانِي ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي ثُمَّ قَالَ: هٰذَا المَالُ وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ قَالَ لِي حَكِيْمُ: إِنَّ هٰذَا المَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ أَخَذَهُ بِطِيْبِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ فِيْهِ وَكَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَاليَدُ العُلْيَا خَيْرٌ مِنَ اليَدِ السُّفْلَى.

١٢ـ عَنِ البَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِي عَمَلًا يُدْخِلُنِي الجَنَّةَ فَقَالَ: لَئِنْ كُنْتَ أَقْصَرْتَ الخُطْبَةَ لَقَدْ أَعْرَضْتَ المَسْأَلَةَ أَعْتِقِ النَّسَمَةَ وَفُكَّ الرَّقَبَةَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَوَ لَيْسَتَا بِوَاحِدَةٍ قَالَ: لَا إِنَّ عِتْقَ النَّسَمَةِ أَنْ تَفَرَّدَ بِعِتْقِهَا وَفَكَّ الرَّقَبَةِ أَنْ تُعِيْنَ فِي عِتْقِهَا وَالمِنْحَةُ الوَكُوْفُ وَالفَيْءُ عَلَى ذِي الرَّحِمِ الظَّالِمِ فَإِنْ لَمْ تُطِقْ ذٰلِكَ فَأَطْعِمِ الجَائِعَ وَاسْقِ الظَّمْآنَ وَأْمُرْ بِالمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ المُنْكَرِ فَإِنْ لَمْ تُطِقْ ذٰلِكَ فَكُفَّ لِسَانَكَ إِلَّا مِنَ الخَيْرِ.

التمرين ـ ٥

نموذج في الإعراب:

١ـ زيدٌ شديد اشتغاله بمطالعة كتب السيرة والتاريخ.

زيدٌ: مبتدأ، مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

شديد: خبر مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

اشتغاله: اشتغالُ: فاعلٌ للصفة المشبّهة، مرفوع، وعلامة الرفع الضمة الظاهرة على آخره، وهو مضاف،

ه: ضميرٌ متصل، مبني على الضم، في محل جر بالإضافة، مضافٌ إليه.

بمطالعة: بـ: حرف جر، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب،

مطالعة: اسم مجرور بحرف جر، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على اخره، وهو مضاف والجار والمجرور متعلقان بالفاعل "اشتغال".

كتب: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على اخره، وهو مضاف.

السيرة: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على اخره.

و: عاطفة مبنية على الفتح، لا محل لها من الإعراب.

التاريخ: اسم معطوف على "السيرة"، مجرور، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على اخره.

والجملة "زيد شديد اشتغاله...": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

٢ ـ يُعجب الناسَ اللينُ عريكةً.

يعجب: فعلٌ مضارعٌ، مرفوع؛ لتجرده من الناصب والجازم، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

الناس: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

اللين: فاعل مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

عريكة: تمييز منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

والجملة "يعجب الناس .....": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

أعرب الجمل الآتيه:

١ ـ لا تُصاحب السيء خُلُقًا.

٢ ـ إنّ الرقيق القلب محبوب.

٣ ـ كلمة الحق بليغة أثرًا في القلوب.

٤ ـ نعم المرء الطلق وجهه الحلو كلامه.

٥ ـ إنّ المؤمن القوي عليّ الهمّة قوي العظيمة.

الدرس الخامس عشر

ألف: اسم التفضيل

الأمثلة:

١ ـ قال تعالى: وَأَخِيْ هَارُوْنُ هُوَ أَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا.

٢ ـ قال تعالى: وَ نَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ.

٣ ـ قال تعالى: إِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَأَخُوْهُ أَحَبُّ إِلى أَبِيْنَا مِنَّا.

٤ ـ قال تعالى: لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِمَّا يَجْمَعُوْنَ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام ملون **کلمات** أَفْصَحُ، أَقْرَبُ، أَحَبُّ اور خَيْرٌ اوصاف ہیں اور بیک وقت مندرجہ ذیل تین امور پر دلالت کرتے ہیں:

ا۔ دو فرد ایک ہی وصف میں مشترک ہیں۔

۲۔ مشترک وصف ایک فرد کی بنسبت دوسرے فرد میں زیادہ ہے۔ جس ذات میں وصف کی نسبت زیادہ ہوا سے مُفَضَّل اور جس میں کم ہوا سے مُفَضَّل علیه یامفضول کہتے ہیں۔ یہ اوصاف اچھائی پر بھی دلالت کرسکتے ہیں اور برائی پر بھی۔

۳۔ یہ وصف أفضل کے وزن پر ہے، چنانچہ جملہ ا۔ وَأَخِي هَارُوْنُ هُوَ أَفْصَحُ مِنِّي لِسَانًا میں اسم تفضیل أفصح أفْعَل کے وزن پر ہے اور اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ حضرت موسی علیہ السلام اور انکے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام دونوں میں فصاحت کا وصف مشترک ہے، لیکن اس اسلوب سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ فصاحت کا وصف حضرت موسی علیہ السلام کی بنسبت انکے بھائی ہارون علیہ السلام میں زیادہ پایا جاتا ہے چنانچہ اس مثال میں حضرت ہارون علیہ السلام مُفَضَّل اور حضرت موسی علیہ السلام مُفَضَّل علیه (مفضول) ہیں۔ اسی پر أقرب اور أحبّ کو قیاس کریں۔

جملہ۴۔ لمغفرة من الله ورحمة خير مما يجمعون میں خیر اسم تفضیل کے طور پر استعمال ہوا ہے (یعنی اللہ

کی مغفرت اور رحمت اس سے بدرجہا بہتر ہے جو یہ جمع کررہے ہیں)[1]۔

ما يصاغ منه اسم التفضيل

الأمثلة:

١ـ قال تعالى: ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّأَحْسَنُ تَأْوِيْلًا.

٢ـ قال تعالى: وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَحَقُّ أَن يُّرْضُوْهُ.

٣ـ عَائِشَةُ أَشَدُّ سُمْرَةً مِنْ أُخْتِهَا.

٤ـ انْظُرُوْا إِلٰى مَنْ هُوَ أَسْفَلُ مِنْكُمْ وَلَا تَنْظُرُوْا إِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ فَهُوَ أَجْدَرُ أَن لَا تَزْدَرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ.

٥ـ العَمَلُ أَوْلٰى أَنْ يَكُوْنَ مَقْبُوْلًا إِذَا وَافَقَ السُّنَّةَ.

٦ـ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى أَحَقُّ أَنْ يُخْشٰى وَيُطاعَ.

شرح وتفصیل:

اسم تفضیل اس فعل سے بنتا ہے جس میں درج ذیل صفات پائی جائیں:

۱۔فعل ماضی ہو، ۲۔ثلاثی ہو، ۳۔متصرف ہو جامد نہ ہو، ۴۔جس وصف پر فعل دلالت کرتا ہو وہ تفاضل کے قابل ہو، تاکہ اس میں تفضیل کے معنی پائے جائیں، ۵۔مثبت ہو منفی نہ ہو، ٦۔تام ہو ناقص نہ ہو، ۷۔ مبني للمعلوم ہو مجهول نہ ہو، ۸۔اس فعل سے صفۃ مشبہ أفعل کے وزن پر نہ آتی ہو۔

چنانچہ اگر فعل جامد ہو متصرف نہ ہو، جیسے: لَيْسَ، عَسٰى وغیرھما یا ایسا فعل ہو جس میں تفاضل اور تفاوت موجود نہ ہو، جیسے: فَنِيَ، مَاتَ وغیرھما تو اسکو تفضیل کے اسلوب میں کسی طرح بھی استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

اگر فعل تین سے زائد حروف پر مشتمل ہو یا اس فعل سے صفۃ مشبہ أفعل کے وزن پر آتی ہو تو اس کو تفضیل کے اسلوب میں استعمال کرنے کے دو طریقے ہیں:

(١) اسم مناسب على وزن أفعل + مصدر صريح للفعل منصوبًا على أنه تمييز = أسلوب التفضيل

(۱) اصل میں یہ أفعل کے وزن پر "أخير" تھا لیکن اسکا ہمزہ آسانی کی وجہ سے گرا دیا گیا ہے اور یہ "خير" بن گیا اور اسی طرح کلمہ "شر" ہے۔

(۲) اسم مناسب علی وزن أفعل + مصدر مؤول = أسلوب التفضيل

یعنی أفعل کے وزن پر ایک مناسب اسم تفضیل لا کر اس فعل کا مصدر صریح یا مصدر مؤول لایا جائے، جیسے: جملہ۱۔ ذلك خیر و أحسن تأویلاً میں تأویلاً ایسے فعل أوّل کا مصدر ہے جو چار حروف پر مشتمل ہے۔ اس لئے اس فعل سے اسم تفضیل کا صیغہ براہ راست نہیں بن سکتا، لہذا اس فعل کو تفضیل کے اسلوب میں استعمال کرنے کے لئے أفعل کے وزن پر مناسب اسم أحسن اور پھر فعل مطلوب کا مصدر صریح تأویلا استعمال ہوا ہے۔ اسی طرح جملہ۲۔ واللّٰہ ورسوله أحق أنْ یرضوہ میں أفعل کے وزن پر أحق لانے کے بعد مصدر مؤول استعمال کیا گیا ہے۔ جملہ۳۔ عائشة أشد سمرة من أختها میں سمرة ایسے فعل کا مصدر ہے جس سے صفہ مشبہہ أفعل کے وزن پر أسمر مشتق ہوتی ہے، لہذا مذکورہ بالا طریقہ کے مطابق أفعل کے وزن پر أشد اور اس کے بعد فعل مطلوب کا مصدر صریح سمرة استعمال ہوا ہے۔

اگر فعل منفی یا ناقص ہو یا مبني للمجهول ہو تو اس کو تفضیل کے اسلوب میں استعمال کرنے کا صرف ایک طریقہ ہے جو درج ذیل ہے: اسم مناسب علی وزن أفعل + المصدر المؤول = أسلوب التفضيل

یعنی أفعل کے وزن پر ایک مناسب اسم تفضیل کے بعد مطلوب فعل کا مصدر مؤول لایا جائے، جیسے جملہ۴۔ انظُروا إلی من هو أسفل منکم ولا تنظروا إلی من هو فوقکم فهو أجدر أن لا تزدروا نعمة اللّٰه میں فعل لا تزدروا منفی ہے اس لئے أفعل کے وزن پر أجدر لا کر اس کے بعد مصدر مؤول أن لا تزدروا نعمة اللّٰه استعمال کیا گیا ہے۔ اسی طرح جملہ۵۔ العمل أولی أن یکون مقبولاً إذا وافق السنّة میں فعل یکون ناقص ہے اسی لئے أفعل کے وزن پر أولی لا کر اس کے بعد مصدر مؤول لایا گیا ہے۔ اسی طرح جملہ٦۔ إنّ اللّٰه تعالی أحق أن یُخشی ویُطاع میں فعل یخشی مبني للمجهول ہے اس لئے اس کو مذکورہ بالا طریقہ پر تفضیل کے اسلوب میں استعمال کیا گیا ہے۔

قواعد:

۱۔ اسم تفضیل ایسا وصف مشتق ہے جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ دو فرد ایک ہی وصف میں مشترک ہیں اور یہ مشترک وصف ایک کی بنسبت دوسرے فرد میں زیادہ ہے۔

۲۔ اسم تفضیل کا صیغہ ایسے فعل کے مصدر سے مشتق ہوتا ہے جو ماضی ہو، ثلاثی ہو، متصرف ہو، تفاضل کے قابل ہو، مثبت ہو، تام ہو، مبني للمعلوم ہو اور اس فعل کے مصدر سے صفہ مشبہہ أفعل کے وزن پر نہ آتی ہو۔

۳۔ اگر فعل تین سے زائد حروف پر مشتمل ہو یا اس سے صفت مشبہہ أفعل کے وزن پر آتی ہو تو اس فعل سے تفضیل کے معنی ظاہر کرنے کے لئے أشد یا اس سے ملتے جلتے کسی اور أفعل التفضيل کے صیغے کے بعد اس فعل کا مصدر مؤول یا مصدر صریح لایا جاتا ہے۔

۴۔ اگر فعل منفی یا ناقص ہو یا مبنی للمجهول ہو تو اس فعل سے تفضیل کے معنی ظاہر کرنے کے لئے أشد یا اس سے ملتے جلتے دوسرے أفعل التفضيل کے صیغوں کے بعد اس فعل کا مصدر مؤول لایا جاتا ہے۔

۵۔ اگر فعل جامد ہو یا تفاضل کے قابل نہ ہو تو اس سے اسم تفضیل کا صیغہ مطلقاً نہیں بنتا۔

ب: حالات اسم التفضيل

القسم الأول: المجرد من أل والإضافة:

١ ـ قال تعالى: وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ.

٢ ـ قال تعالى: وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ.

٣ ـ قال تعالى: فَإِنْ كَانُوْا أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَاءُ فِي الثُّلُثِ.

٤ ـ قال تعالى: وَالآخِرَةُ خَيْرٌ وَّ أَبْقٰى.

القسم الثاني: المقترن بأل:

٥ ـ قال تعالى: لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بالآخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْأَعْلٰى.

٦ ـ قال تعالى: والسَّابِقُوْنَ الْأَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالأَنْصَار.

٧ ـ قال تعالى: فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى.

القسم الثالث: المضاف إلى النكرة:

٨ ـ الرَّاضُوْنَ بِمَا قَسَّمَ اللّٰهُ لَهُمْ أَغْنٰى عِبَادٍ.

٩ ـ السُّنَّةُ أَفْضَلُ طَرِيْقَةٍ لِلسُّلُوْكِ.

١٠ ـ الْقُرْآنُ أَعْظَمُ مُرْشِدٍ لِكُلِّ مُسْتَرْشِدٍ.

القسم الرابع: المضاف إلى المعرفة:

۱۱۔ تَقْوَى اللّٰهِ أعْلَى الخِصال /عُلْيَاها.

۱۲۔ الصَّحِيْحُ لِلْبُخَارِي وَالصَّحِيْحُ لِمُسْلِمٍ أصَحُّ الْكُتُبِ / أصَحَّا الْكُتُبِ.

۱۳۔ الْمُقَرَّبُوْنَ إلَى اللّٰهِ أحْسَنُ النَّاسِ خُلُقًا / أحَاسِنُهُمْ خُلُقًا.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلی قسم میں تمام أسماء التفضیل (أقرب، أشد، أكثر، خير وأبقى) "أل" اور اضافت سے خالی ہیں۔اس قسم میں دو باتوں کا ملحوظ رکھنا ضروری ہے:

۱۔اسم تفضیل کا صیغہ مفرد اور مذکر ہو۔

۲۔ جملے میں مُفضَّل علیہ مذکور ہو اور حرف جر من سے مجرور واقع ہو۔

چنانچہ ان دونوں باتوں میں سے پہلی بات کا تقاضا یہ ہے کہ اسم تفضیل کا صیغہ مفرد اور مذکر واقع ہو چاہے وہ مذکر کے لئے استعمال ہو یا مؤنث کے لئے، جمع کے لئے ہو یا مثنی کے لئے، جیسے جملہ ا۔ وَنَحْنُ أقْرَبُ إلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ میں اسم تفضیل أقرب مفرد اور مذکر ہے جو کہ مبتدا نحن کی خبر ہے۔

دوسری بات کے مطابق جملے میں مُفضَّل علیہ کا من سے مجرور ہونا ضروری ہے، لیکن اگر جملے میں کوئی ایسا قرینہ موجود ہو جو کہ ان دونوں (مِنْ اور مُفضَّل علیہ) کی موجودگی پر دلالت کرے تو اس صورت میں ان دونوں کو حذف کرنا بھی جائز ہے، جیسے جملہ ۴۔ وَالآخِرَةُ خَيْرٌ وَّأبْقٰى کی تقدیر یہ ہے: الآخرة خير من الدنيا وأبقى منها۔

دوسری قسم کے تمام جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام اسماء تفضیل (الأعلى، الأولون، الوثقى) پر "أل" داخل ہے۔اس قسم میں بھی دو باتوں کی رعایت رکھنا ضروری ہے:

۱۔اسم تفضیل کا صیغہ تذکیر وتأنیث، افراد، تثنیہ اور جمع میں اپنے موصوف کے مطابق ہو۔

۲۔ مُفضَّل علیہ محذوف ہو۔

جملہ ۵۔ ولله المثل الأعلى میں اسم تفضیل الأعلى اپنے موصوف المثل کے مطابق مفرد اور مذکر واقع ہوا ہے۔

اسی طرح جملہ ۶۔ السَّابِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالأَنْصَار میں اسم تفضیل الأولون اپنے موصوف السابقون کے مطابق مذکر اور جمع ہے اور جملہ ۷۔ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى میں اسم تفضیل الوثقٰی اپنے موصوف العروۃ کے مطابق مفرد اور مؤنث واقع ہوا ہے۔

تیسری قسم کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام اسماء تفضیل (أغنی، أفضل، أعظم) نکرہ اسماء کی طرف مضاف ہیں۔ اس قسم میں تین باتوں کا ملحوظ رکھنا ضروری ہے:

۱۔ پہلی قسم کی طرح اس میں بھی اسم تفضیل کا صیغہ تمام حالات میں مفرد، مذکر ہوگا۔

۲۔ دوسری قسم کی طرح اس میں بھی مُفَضَّل علیہ محذوف ہوگا۔

۳۔ اسم تفضیل کا مضاف الیہ تذکیر وتانیث، افراد، تثنیہ اور جمع میں مُفَضَّل کے مطابق ہوگا۔ یعنی اگر مُفَضَّل مؤنث ہو تو اسم تفضیل کا مضاف الیہ بھی مؤنث ہوگا اور اگر مُفَضَّل مذکر ہو تو اسم تفضیل کا مضاف الیہ بھی مذکر ہوگا اور اگر مفرد، مثنی یا جمع واقع ہو تو اسم تفضیل کا مضاف الیہ بھی اس کے مطابق مفرد، مثنی یا جمع واقع ہوگا، جیسے جملہ ۸۔ الرَّاضُوْنَ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ لَهُمْ أَغْنٰى عِبَادٍ میں اسم تفضیل أغنی مفرد اور مذکر واقع ہوا ہے اور اسم تفضیل کا مضاف الیہ عباد، مُفَضَّل، الراضون کے مطابق جمع اور مذکر ہے۔ اسی پر جملہ ۹ اور ۱۰ کو قیاس کریں۔

چوتھی قسم کے جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام اسماء تفضیل (أعلی، أصح، أحسن) اسم معرفہ کی طرف مضاف ہیں اور ان میں اسم تفضیل کی دو صورتیں جائز ہیں:

۱۔ پہلی صورت یہ ہے کہ اسم تفضیل کا صیغہ مُفَضَّل کے مطابق ہونے کے بجائے تمام حالات میں مفرد اور مذکر ہو اور یہی صورت افصح ہے۔

۲۔ دوسری صورت یہ ہے کہ اسم تفضیل کا صیغہ تذکیر وتانیث، افراد، تثنیہ اور جمع میں مُفَضَّل کے مطابق ہو، جیسے جملہ ۱۱۔ تقوی اللہ أعلی الخصال/ علیاها میں پہلی صورت میں اسم تفضیل أعلی مفرد اور مذکر ہے جبکہ مُفَضَّل تقوی مفرد اور مؤنث ہے اور دوسری صورت میں اسم تفضیل علیاها مُفَضَّل تقوی کے مطابق مفرد اور مؤنث ہے، لہذا اسم تفضیل کی اس قسم میں دونوں صورتیں جائز ہیں اور دونوں صورتوں میں مُفَضَّل علیہ محذوف ہے اسی پر جملہ ۱۲ اور ۱۳ کو قیاس کریں۔

قواعد:

اسم تفضیل کے چار حالات ہیں:

۱۔ **المجرد من أل والإضافة:** پہلی حالت میں اسم تفضیل کا صیغہ تمام حالات میں مفرد اور مذکر ہوتا ہے۔ اور جملے میں مُفَضَّل علیه حرف جر من سے مجرور واقع ہوتا ہے، لیکن اگر جملے میں ایسا قرینہ موجود ہو جو مُفَضَّل علیه اور من کی موجودگی پر دلالت کرتا ہو تو ان دونوں کا حذف کرنا بھی جائز ہے۔

۲۔ **المقترن بأل:** دوسری حالت میں اسم تفضیل کا صیغہ تذکیر وتانیث، افراد، تثنیہ اور جمع میں اپنے موصوف کے مطابق ہوتا ہے اور جملے میں مُفَضَّل علیه محذوف ہوتا ہے۔

۳۔ **المضاف إلى النكرة:** تیسری حالت میں اسم تفضیل کا صیغہ تمام حالات میں مفرد اور مذکر ہوتا ہے۔ اور جملے میں مُفَضَّل علیه محذوف ہوتا ہے اور اسم تفضیل کا مضاف الیہ تذکیر، تانیث، افراد، تثنیہ اور جمع میں مُفَضَّل کے مطابق ہوتا ہے۔

٤۔ **المضاف إلى المعرفة:** چوتھی حالت میں اسم تفضیل کے صیغے کی مُفَضَّل کے ساتھ مطابقت بھی جائز ہے اور عدم مطابقت بھی جائز ہے اور دونوں صورتوں میں مُفَضَّل علیه محذوف ہوتا ہے۔

أقسام اسم التفضيل وأحكامها

الأقسام	أحكام اسم التفضيل
١ ـ المجرد من أل والإضافة	١ ـ وجوب إفراده وتذكيره. ٢ ـ وجوب دخول "من" جارة للمُفَضَّل عليه.
	٣ ـ جواز حذف "من" مع مجرورها بشرط وجود دليل يدل عليهما بعد الحذف.
٢ ـ المقترن بأل	١ ـ وجوب مطابقته للمُفَضَّل. ٢ ـ حذف المُفَضَّل عليه.

٣ـ المضاف إلى النكرة	١ ـ وجوب إفراده وتذكيره. ٢ ـ حذف المُفَضَّل عليه. ٣ ـ مطابقة المضاف إليه للمُفَضَّل في الإفراد والتذكير وفروعهما.
٤ ـ المضاف إلى المعرفة	١ ـ جواز المطابقة للمفضل وعدمها في التذكير والإفراد وفروعهما ولكن الأفصح التزام الإفراد والتذكير وفروعهما. ٢ ـ حذف المُفَضَّل عليه في كلتا الصورتين.

ج: عمل اسم التفضيل

الأمثلة:

١ ـ قال تعالى: رَبِّ السِّجْنُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِي إِلَيْهِ.

٢ ـ مَا مِنْ أَيَّامٍ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ فِيْهَا الْعَمَلُ الصَّالِحُ مِنْهُ فِيْ عَشْرِ ذِي الْحِجَّةِ.

٣ ـ أَرَأَيْتُمْ بَلَدًا أَشَدَّ فِيْهِ التَّمَسُّكُ بِالدِّيْنِ مِنْهُ فِيْ الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السَّعُوْدِيَّةِ.

٤ ـ لا تُصَاحِبْ جَلِيْسًا أَحَبَّ إِلَيْهِ الشَّرُّ مِنْهُ إِلَيْكَ.

٥ ـ قال تعالى: اَلَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيَاةَ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلاً.

٦ ـ قال تعالى: وَلَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِلَّذِيْنَ آمَنُوا الْيَهُوْدَ.

٧ ـ قال تعالى: أُولٰئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ.

٨ ـ قال تعالى: كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ.

شرح وتفصیل:

دوسرے مشتقات کی طرح اسم تفضیل بھی فعل کا عمل کرتا ہے چنانچہ اس کا معمول مرفوع، منصوب اور مجرور واقع ہوتا ہے۔

معمول اسم التفضيل في حالة الرفع:

اسم تفضیل فعل لازم کی طرح عمل کرتا ہے اور فاعل کو مرفوع کرتا ہے اس کے فاعل کی دو صورتیں ہیں:

۱۔ضمیر مستتر ۲۔اسم ظاہر

اگر اس کا فاعل ضمیر مستتر ہو تو بلا شروط عمل کرتا ہے، جیسے جملہ ۱۔ رب السجن أحب إلي مما يدعونني إليه میں اسم تفضیل أحب کا فاعل ضمیر مستتر وجوبًا ہے جسکی تقدیر ھو ہے جو کہ السجن پر لوٹ رہی ہے۔

اور اگر فاعل اسم ظاہر ہو تو چند شروط کے ساتھ عمل کرتا ہے یہ مسئلہ عربی قواعد کی اصطلاح میں مسئلةُ الكُحل کہلاتا ہے کیونکہ اس کی مثال عام طور پر یہ دی جاتی ہے: مَا رأَيْتُ امْرَأَةً أحْسَنَ فِيْ عَيْنِهَا الْكُحْلُ مِنْهُ فِيْ عَيْنِ عَائِشَةَ

اس کی شرائط درج ذیل ہیں:

۱۔اسم تفضیل کی جگہ اس کا فعل رکھنے سے معنی میں فساد پیدا نہ ہو۔

۲۔اسم تفضیل کے صیغے سے پہلے جملہ نفی، استفہام یا نہی سے شروع ہو۔

۳۔اسم تفضیل نعت ہو اور منعوت اسم جنس ہو۔

۴۔اس کا فاعل اجنبی ہو یعنی ایسی ضمیر اس سے متصل نہ ہو جو موصوف کی طرف لوٹتی ہو۔

۵۔فاعل مُفَضَّل بھی ہو اور مُفَضَّل عليه بھی۔

جیسے جملہ۲۔ ما من أيام أحب إلى الله فيها العمل الصالح منه في عشر ذي الحجة میں اسم تفضیل أحب صفت ہے، اور اس کا موصوف أيام اسم جنس[1] ہے۔ اور اسم تفضیل أحب کی جگہ اس کا ہم معنی فعل يُحَبُّ لگانے سے معنی میں فساد پیدا نہیں ہوتا، لہذا جملہ کی تقدیر یوں ہوگی: ما من أيَّام يُحَبُّ إلى الله فيها العمل الصالح منه في عشر ذي الحجة اور مزید یہ کہ جملہ حرف نفی مَا سے شروع ہو رہا ہے۔ اور اسم تفضیل أحب کا فاعل العمل الصالح ہے جو کہ اپنے موصوف کے اعتبار سے اجنبی ہے[2]، ایک ہی وقت میں مُفَضَّل بھی ہے اور مُفَضَّل عليه بھی۔ یعنی العمل الصالح عشرہ ذی الحجہ میں واقع ہونے کے اعتبار سے مُفَضَّل ہے اور غیر ذی الحجہ میں واقع ہونے کے اعتبار سے مُفَضَّل عليه ہے۔

(۱) اس صورت میں عمومًا اسم تفضیل ایسے موصوف کی صفت بن کر واقع ہوتا ہے جو اسم جنس ہو۔

(۲) اسم تفضیل کا فاعل العمل الصالح دو ضمیروں فيها اور منه کے درمیان واقع ہے۔ اور فيها کی ضمیر موصوف (الأيام) پر لوٹتی ہے جبکہ منه کی ضمیر فاعل (العمل الصالح) پر لوٹتی ہے، چنانچہ یہ فاعل اپنے موصوف کے اعتبار سے اجنبی ہے۔ یعنی یہ ایسی ضمیر سے خالی ہے جو موصوف پر لوٹتی ہو۔

اسی پر جملہ ۳ اور ۴ کو قیاس کریں۔

معمول اسم التفضيل في حالة النصب:

اسم تفضیل کا معمول بطور تمییز کے دو صورتوں میں منصوب ہوتا ہے:

۱۔ تمییز معنی کے اعتبار سے اسم تفضیل کا فاعل [1] ہو، جیسے جملہ ۵۔ لیبلو کم أیکم أحسن عملا میں تمییز عملا معنی کے اعتبار سے اسم تفضیل کا فاعل ہے چنانچہ جملہ ۵۔ کی تقدیر یوں ہوگی: لیبلو کم أیکم حسُن عمله۔

۲۔ تمییز معنی کے اعتبار سے اسم تفضیل کا فاعل نہ ہو اور اسم تفضیل کسی اسم کی طرف مضاف ہو جیسے جملہ ۶۔ ولتجدن أشد الناس عداوة للذين آمنوا اليهود میں اسم تفضیل أشد مضاف ہے الناس کا۔ اور اس کے بعد آنے والی تمییز عداوة معنی کے اعتبار سے اس کا فاعل نہیں بن رہی۔

ان دونوں صورتوں میں تمییز وجوبا منصوب ہوتی ہے۔

معمول اسم التفضيل في حالة الجر:

جب اسم تفضیل مُفَضَّل علیه کی طرف مضاف ہو (چاہے مضاف الیہ نکرہ ہو یا معرفہ) تو اس صورت میں اس کا معمول مجرور واقع ہوتا ہے جیسے جملہ ۷۔ أُوْلَئِكَ هُمْ خَيْرُ البَرِيَّةِ میں اسم تفضیل خیر کا معمول البرية معرفہ اور مجرور واقع ہوا ہے۔ اور جملہ ۸۔ كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ میں اسم تفضیل خیر کا معمول أمة نکرہ اور مجرور واقع ہوا ہے۔

قواعد:

۱۔ اسم تفضیل کے معمول کی تین صورتیں ہیں:

(ا) مرفوع (ب) منصوب (ج) مجرور

۲۔ اسکا معمول فاعل ہونے کی بناء پر مرفوع ہوتا ہے جس کی دو صورتیں ہیں:

(ا) ضمیر مستتر (ب) اسم ظاہر

۳۔ اسم تفضیل اپنے فاعل کو اسم ظاہر کی صورت میں چند شرائط کے ساتھ مرفوع کرتا ہے:

---

(۱) جس کی علامت یہ ہے کہ اگر اسم تفضیل کی جگہ اس کا ہم معنی فعل لایا جائے اور تمییز کو اس کا فاعل بنایا جائے تو معنی میں فساد پیدا نہ ہو، جیسے: زید أكثر علمًا میں اسم تفضیل اکثر کی جگہ اس کا فعل کَثُرَ لایا جائے اور تمییز علمًا کو اسکا فاعل بنایا جائے تو معنی میں فساد پیدا نہیں ہوتا، جیسے: زَيدٌ كَثُرَ علمُهُ۔

(ا) اسم تفضیل کی جگہ اس کا ہم معنی فعل رکھنے سے معنی میں فساد پیدا نہ ہو۔

(ب) جملہ نفی، استفہام یا نہی سے شروع ہو۔

(ج) اسم تفضیل نعت واقع ہو اور اسکا منعوت اسم جنس ہو۔

(د) اسکا فاعل اجنبی ہو۔

(ہ) فاعل مُفَضَّل بھی ہو، مُفَضَّل علیہ بھی۔

۴۔ اسم تفضیل کا معمول دو صورتوں میں منصوب واقع ہوتا ہے:

ا۔ تمییز معنی کے اعتبار سے اسم تفضیل کا فاعل ہو۔

ب۔ اسم تفضیل کسی اسم کی طرف مضاف ہو۔

۵۔ جب اسم تفضیل مُفَضَّل علیہ کی طرف مضاف ہو تو اسکا معمول (مفضَّل علیہ) مجرور واقع ہوتا ہے۔

التمرين - ١

استخرج أسماء التفضيل مما يأتي:

كان سعد رضي الله عنه من أكرم فتيان مكة نسبًا، وأعزهم أمًا وأبًا، وكان سعد رضي الله عنه حين أشرق نور النبوة في مكة شابًا ريّان الشباب، غض الإهاب، رقيق العاطفة، كثير البر بوالديه، شديد الحب لأمه خاصة. فكان من أسبق الناس إلى تلبية دعوة الرسول - عليه أفضل صلاة وأزكى سلام - وأسرعهم مبادرة إلى اتباعه، لكن إسلام سعد بن أبي وقاص رضي اللّٰهُ عنه لم يمر سهلا لينًا وإنما عرض الفتى المؤمن لتجربة من أقصى التجارب قسوةً، وأعنفها عنفًا، وَلقد صمد سعد رضي الله عنه لأشد أنواع التعذيب صمود الأبرار العظام.

ولا يزال اسم سعد بن أبي وقاص رضي الله عنه مقترنًا بأحداث التاريخ الإسلامي العطِر، دخل التاريخ من أمجد أبوابه وهو أول من أوذي بسبب إسلامه، وأول من رمى بسهم من المسلمين في سبيل الله، وهو محطّم عروش الأكاسرة وفارس الإسلام، وهو أحد العشرة المبشرين بالجنة، وقد كان من أعظم قواد

المسلمين، ومن أشجع جند المسلمين قلبًا، وأشدهم جلدًا وصبرًا، وأقدرهم على العوم فقد أبلي سعد ﷺ في غزوة أحد أعظم البلاء، واجتهد فيه أعظم الاجتهاد، إذ رمٰى في يومٍ أكثر من ألف سهم، وانتقل إلى الرفيق الأعلى سنة ٥٥ الهجرية. وسلام عليه يوم عرف الحق فآمن به أوثق الإيمان، وسلام عليه يوم مات ويوم يبعث حيًّا.

التمرين - ٢

استخرج من العبارات التالية أسماء التفضيل وعيّن حالاتها وبيّن معمولها إن وجد وموقعه من الإعراب:

نموذج: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ أَشَدَّ حَيَاءً مِنَ العَذْرَاءِ فِي خِدْرِهَا.

أشدّ: اسم التفضيل مجرد من "أل" والإضافة. حياء: تمييز منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

٢ـ مَسْجِدُ قُبَاء هُوَ أَوَّلُ مَسْجِدٍ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى.

٣ـ المُؤْمِنُ القَوِيُّ خَيْرٌ وَأَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ مِنَ المُؤْمِنِ الضَّعِيْفِ.

٤ـ دِمَشْقُ عاصِمَةُ السُّورِيَّةِ هِيَ أَكْبَرُهَا رقعة وأكثرها جمالاً.

٥ـ حين بلغ النبي ﷺ المدينة تلقته أفئدة أهلها بأكرم ما يتلقّى به وافد.

٦ـ العلم أفضل من المال فإن العلم ميراث الأنبياء وأما المال فميراث الفراعنة.

٧ـ الصلاة أهم أركان الإسلام بعد النطق بكلمة التوحيد وخير عمل وضعه اللّٰه للعباد.

٨ـ كان عبد اللّٰه بن مسعود رضي اللّٰه عنه أقرب الناس إلى رسول اللّٰه ﷺ هديًا وسمتًا.

٩ـ قال تعالى: وَمَنْ أَحْسَنُ دِيْنًا مِمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَاتَّبَعَ مِلَّةَ إِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا.

١٠ـ الريف أهدأ حياة وأهنأ عيشة والطبيعة تتجلى فيه في أبهٰى مظاهرها وأجل مناظرها.

١١ـ إن أكمل المؤمنين إيمانًا أحسنهم خلقًا وإن حسن الخلق ليبلغ درجة الصوم والصلاة.

١٢ـ إن أصحاب محمد ﷺ كانوا أفضل هذه الأمة، أبرّها قلوبًا وأعمقها علمًا وأقلّها تكلّفًا.

١٣ـ كان أبو حنيفة النعمان رحمه اللّٰه أول من فتّق أكمام الفقه، واستخرج أروع ما فيه من طيوب.

١٤ـ قال تعالى: يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجل لِلْكُتُبِ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهُ وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ.

١٥ـ قال الله تعالى: يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيْهِمَا إِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِن نَّفْعِهِمَا.

١٦ـ قال الله تعالى: الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ أَحْسَنَهُ أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَاهُمُ اللّٰهُ وَأُولٰئِكَ هُمْ أُوْلُوا الْأَلْبَابِ.

١٧ـ قال تعالى: لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ وَلَا أَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَا أَكْبَرُ إِلَّا فِيْ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ.

١٨ـ إن من أسمٰى أوصاف المؤمنين الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر حتّٰى إنهم في أضيق الحالات يشتغلون به.

التمرين ـ ٣

هات أسماء التفضيل للأفعال الآتية:

١ـ وقع	٢ـ حذر	٣ـ جرؤ	٤ـ نكل	٥ـ لان	٦ـ وسع	٧ـ مرّ
٨ـ ساء	٩ـ دأب	١٠ـ طاب	١١ـ همّ	١٢ـ جاد	١٣ـ زها	١٤ـ خار
١٥ـ انتشر	١٦ـ ثبت	١٧ـ برّ	١٨ـ قرأ	١٩ـ رقى	٢٠ـ مضى	

التمرين ـ ٤

بيِّن ما جاء في الآيات الآتية من أسماء التفضيل مضافًا أو محلًّى بأل أو مجردًا منهما مع ذكر حكم كل منها:

نموذج: لَأَنْتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِم مِّنَ اللّٰهِ.

أشدُّ: اسم التفضيل، مجرد من "أل" والإضافة، حكمه وجوب إفراده وتذكيره، وحذف المفضل عليه مع جارّه جوازا، إذا دلّ عليهما دليل.

٢ـ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِيْنَ أَعْمَالًا.

٣ـ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى.

٤ـ إِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَأَخُوْهُ أَحَبُّ إِلٰى أَبِيْنَا مِنَّا.

٥ـ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْأَرْضَ وَالسَّمٰوَاتِ الْعُلٰى.

٦ ـ وَلَأَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّن مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ.

٧ ـ وَإِنَّ لِلطَّاغِيْنَ لَشَرَّ مَآبٍ جَهَنَّم يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمِهَاد.

٨ ـ وَلَوْ أَنَّهُمْ فَعَلُوا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَأَشَدَّ تَثْبِيْتًا.

٩ ـ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهُ أَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهِ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ.

١٠ ـ إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبَارَكًا وَّهُدًى لِّلْعَالَمِيْنَ.

١١ ـ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ.

١٢ ـ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ.

١٣ ـ الْأَعْرَابُ أَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّأَجْدَرُ أَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ على رَسُوْلِهِ.

١٤ ـ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ.

١٥ ـ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ أَسْوَأَ الَّذِيْ عَمِلُوا وَيَجْزِيَهُمْ أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوا يَعْمَلُوْنَ.

١٦ ـ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهُ يَتَزَكّٰى وَمَا لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِن نِّعْمَةٍ تُجْزٰى إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلٰى.

١٧ ـ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتَابَ يَأْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْأَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا.

١٨ ـ قَالُوْا إِنْ هٰذَانِ لَسَاحِرَانِ يُرِيْدَانِ أَن يُّخْرِجَاكُمْ مِّنْ أَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى.

١٩ ـ يـٰأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَّأُنْثٰى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ أَتْقَاكُمْ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ.

٢٠ ـ سُبْحٰنَ الَّذِيْ أَسْرٰى بِعَبْدِهِ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَى الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى الَّذِيْ بَارَكْنَا حَوْلَهُ لِنُرِيَهُ مِنْ آيَاتِنَا إِنَّهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ.

التمرين ـ ٥

استخرج من الأحاديث التالية أسماء التفضيل، وعيِّن حالاتها، وبيِّن معمولها إن وجد وموقعه من الإعراب:

نموذج: الْإِيْمَانُ بِضْعٌ وَسَبْعُوْنَ أَوْبِضْعٌ وَسِتُّوْنَ شُعْبَةً فَأَفْضَلُهَا قَوْلُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَدْنَاهَا إِمَاطَةُ الْأَذٰى عَنِ الطَّرِيْقِ،

وَالحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الإِيْمَانِ.

أفضلها: اسم التفضيل، مضاف إلى معرفة ، ها: ضمير متصل، مبني على السكون، معمول اسم التفضيل، في محل جر بالإضافة، مضاف إليه

أدناها: اسم التفضيل، مضاف إلى معرفة ، ها: ضمير متصل، مبني على السكون، معمول اسم التفضيل، في محل جر بالإضافة، مضاف إليه.

٢ـ إِنَّ أَقَلَّ سَاكِنِي الجَنَّةِ النِّسَاءُ.

٣ـ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَأَلْحِقْنِي بِالرَّفِيْقِ الأَعْلَى.

٤ـ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِي يَوْمَ القِيَامَةِ أَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلَاةً.

٥ـ كَمْ مِنْ أَشْعَثَ أَغْبَرَ ذِيْ طِمْرَيْنِ لَا يُؤْبَهُ لَهُ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ.

۳۔ جملہ ۵۔ يَا خَلِيْفَةُ عَلِيًّا میں عَلِيًّا عطف البیان ہی ہوگا، اس کو بدل بنانا ممکن نہیں کیونکہ بدل علی نیة تکرار العامل ہوتا ہے فتقديره يَا خَلِيْفَةُ يَا عَلِيًّا یعنی تکرار عامل یا کی وجہ سے کلمہ عَلِيًّا کے اعراب میں فساد لازم آ رہا ہے، کیونکہ منادیٰ جب علم مفرد ہوتا ہے تو وجوبًا مبني علی الضم ہوتا ہے، چنانچہ جملہ ۵۔ میں عَلِيًّا صرف اسی وقت منصوب واقع ہوسکتا ہے جبکہ اس میں تکرار عامل نہ ہو اور یہ صرف عطف البیان میں ہی ممکن ہے، کیونکہ عطف البیان علی نیة تکرار العامل نہیں ہوتا۔

مواضع عطف البيان

درج ذیل پانچ مواضع ایسے ہیں جن کے بعد واقع ہونے والا اسم عموماً عطف البیان ہی ہوتا ہے:

۱۔ اللقب بعد الاسم جیسے: أبو بكر الصديق۔

۲۔ الاسم بعد الكنية جیسے: حلف بالله أبو حفص عمر۔

۳۔ الموصوف بعد الصفة جیسے: الكليم موسى۔

۴۔ التفسير بعد المفسَّر جیسے: العسجد أي الذهب۔

۵۔ اسم اشارہ کے بعد معرف اسم جیسے: هذا الكتاب مفيد۔

أوجه التخالف بين عطف البيان والتوابع الأخرى

عطف البیان اور نعت حقیقی میں یہ فرق ہے کہ نعت حقیقی اپنے منعوت کے کسی ایک وصف کی وضاحت کرتی ہے جبکہ عطف البیان اور البدل المطابق نفس متبوع کی وضاحت کرتے ہیں۔ جبکہ عطف البیان اور بدل الکل میں درج ذیل فرق ہے:

۱۔ عطف البیان ضمیر واقع نہیں ہوتا۔

۲۔ عطف البیان نہ جملہ ہوتا ہے اور نہ اس کا تابع بخلاف البدل۔

۳۔ عطف البیان اور اس کا تابع فعل نہیں ہو سکتے بخلاف البدل۔

قواعد:

۱۔ عطف البیان وہ اسم جامد ہے جو کہ متبوع کی وضاحت کے لئے لایا جاتا ہے جبکہ متبوع معرفہ ہو۔ اور متبوع کی تخصیص کے لئے لایا جاتا ہے جبکہ وہ نکرہ ہو۔

۲۔ مندرجہ ذیل تین صورتوں کے علاوہ باقی تمام صورتوں میں عطف البیان بدل كلٍ من كلٍ بن سکتا ہے:

(ا) اگر عطف البیان ایسی ضمیر پر مشتمل ہو جو خبر کو مبتدا سے ملاتی ہے تو اس صورت میں اس تابع سے استغناء ناممکن ہے، لہذا عطف البیان بدل کل من کل نہیں بن سکتا۔

(ب) اگر عطف البيان أل سے خالی ہو اور متبوع ایسا مضاف الیہ ہو جس کے مضاف پر أل داخل ہو سکتا ہو تو اس صورت میں بھی عطف البیان بدل کل من کل نہیں بن سکتا۔

(ج) اگر عطف البیان مفرد، معرفہ اور منصوب واقع ہو اور متبوع منادی مبني علی الضمة ہو تو اس صورت میں بھی عطف البیان بدل کل من کل نہیں بن سکتا۔

التمرين - ١

استخرج ممّا يأتي عطف بيان ومتبوعه، وبين ما يحب إعرابه عطف بيان وما يجوز إعرابه عطف بيان وبدل:

نموذج: ١ ـ وَإِلَى عَادٍ أَخَاهُمْ هُوْدًا.

هودًا: عطف بيان ويجوز إعرابه بدل كل من كل. أخاهم: متبوع.

٢ ـ قَالَ مُدِيْرُ الْمَدْرَسَةِ: يَا مُجْتَهِدُ زَيْدًا خُذْ جَائِزَتَكَ.

زيدًا: عطف بيان ولا يصح إعرابه بدل كل من كل. مجتهد: متبوع.

٣ ـ خَدِيْجَةُ اسْتُشْهِدَ عَمْرٌو ابْنُهَا. ٤ ـ قبيلة دوس أسلم الطفيل سيدها.

٥ ـ قَالَ أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ: يَا قَائِد خَالِدًا اغْزُ بِسْمِ اللّٰهِ. ٦ ـ نصر اللّٰه مع الناصري الدين الحنيف الإسلام.

٧ ـ خرج الخليل إبراهيم عليه السلام من نار نمروذ سالمًا.

٨ ـ أبو سفيان رضي اللّٰه عنه ساد معاوية ابنه العرب قاطبة.

٩ ـ أرسى الخليفة عمر رضي اللّٰه عنه دعائم الدولة الإسلامية.

١٠ ـ كان كليم اللّٰه موسى عليه السلام يلقي عصاه ويُصيّرها ثعبانًا.

١١ ـ بلغت الدولة العباسية في عهد الخليفة هارون الرشيد ذرى المجد والرفعة.

١٢ ـ أَسْمَاءُ بِنْتُ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا جَادَ عَبْدُ اللّٰهِ رضي اللّٰه عنه ابْنُهَا بِنَفْسِهِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ.

١٣ ـ لما حضرت أبا طالب الوفاة جاءه رسول اللّٰه ﷺ وقال: يا عمّ قل: لا إله إلا اللّٰه كلمة أشهد لك بها عند اللّٰه عزّ وجلّ.

١٤ ـ كان الإمام السيد أحمد بن عرفان الشهيد من أكبر دعاة الإسلام الذين عملوا على تخليص الدين من شوائب الخرافات وضلال الأوهام.

١٥ ـ لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ أَسْنِدَتِ الخِلاَفَةُ إِلى صَدِيْقِهِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ. ثُمَّ تَوَلَّى الخِلاَفَةَ بَعْدَهُ عُمَرُ بن الخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَالِدُ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ حَفْصَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا. وَتَوَلَّها بَعْدَهُ الخَلِيْفَةُ عُثْمَان بْن عَفَّان ثُمَّ الإِمَامُ عَلِيّ بْن أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا.

التمرين ـ ٢

استخرج من الآيات التالية عطف بيان وبين موقعه من الإعراب:

نموذج: أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ إِرَمَ ذَاتِ العِمَادِ.

إرم: عطف بيان لـ "عاد" مجرور وعلامة جرّه الفتحة الظاهرة على آخره عوضا عن الكسرة لأنه ممنوع من الصرف للعلمية والتأنيث بغير الألف.

٢ ـ وَقَالَ مُوْسٰى لِأَخِيْهِ هَارُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ.

٣ ـ وَأَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا وَبِئْسَ الْقَرَارُ.

٤ ـ وَإِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰى أَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ قَوْمَ فِرْعَوْنَ.

٥ ـ وَإِلٰى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ إِلٰهٍ غَيْرُهُ.

٦ ـ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوْبَ إِذْ نَادٰى رَبَّهُ أَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ.

٧ ـ هٰذَا ذِكْرٌ وَّإِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَآبٍ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْأَبْوَابُ.

٨ ـ وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ لِأَبِيْهِ آزَرَ أَتَتَّخِذُ أَصْنَامًا آلِهَةً إِنِّيْ أَرَاكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ.

٩ ـ فَلَمَّا أَتَاهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى إِنِّيْ أَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى.

١٠ ـ وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى بْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ.

التمرين ـ ٣

نموذج في الإعراب:

١ ـ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَى ثَمُوْدَ أَخَاهُمْ صَالِحًا.

و: استئنافية، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب.

لقد: لـ: موطئة للقسم المحذوف، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب.

قد: حرف تحقيق، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

أرسلنا: فعل ماض، مبني على السكون؛ لاتصاله بضمير الرفع البارز "نا"، **نا:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل رفع، فاعل.

إلى: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

ثمود: اسم مجرور بحرف جرّ، وعلامة جرّه الفتحة الظاهرة على اٰخره نيابة عن الكسرة؛ لأنه غير منصرف.

إلى ثمود: جار ومجرور، متعلقان بالفعل "أرسلنا".

أخاهم: أخا: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الألف، لأنه من الأسماء الستة، **هم:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل جر بالإضافة، مضاف إليه.

صالحًا: عطف البيان أو بدل كل من كل لـ "أخاهم"، منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على اٰخره.

٢ ـ يا مجتهدُ سالمًا أبشر بالفوز.

يا: حرف النداء، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

مجتهد: منادى، مبني على الضم، في محل نصب؛ لأنه نكرة مقصودة.

سالمًا: عطف البيان لـ "مجتهد" منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على اٰخره؛ لأنه تابع للمجتهد في محله.

أبشر: فعل أمر، مبني على السكون، وفاعله ضمير مستتر وجوبا، تقديره: "أنت".

بالفوز: بـ: حرف جر، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب، **الفوز:** اسم مجرور بحرف جر، وعلامة جرّه

الكسرة الظاهرة على آخره.

بالفوز: جار ومجرور، متعلقان بالفعل "أبشر".

الجملة "يا مجتهد سالما.... ": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

والجملة "أبشر بالفوز ": جواب نداء، لا محل لها من الإعراب.

٣ـ انطلق زائرو الحرم مكة المكرمة.

انطلق: فعل ماض، مبني على الفتح الظاهر على آخره.

زائرو: فاعل "انطلق" مرفوع، وعلامة رفعه الواو؛ لأنه جمع مذكر سالم، وحذفت النون؛ لأجل الإضافة.

الحرم: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

مكة: عطف البيان لـ "الحرم" مجرور وعلامة جره الفتحة الظاهرة على آخره نيابة عن الكسرة؛ لأنه غير منصرف؛ للعلمية والتأنيث.

المكرمة: نعت لـ "مكة" مجرور، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

أعرب ما يأتي:

١ـ سليم وفَّي سعدًا صديقه.

٢ـ كان القاتل الخليفة العادل عمر رجلاً مجوسيًا.

٣ـ يا فتاةُ خديجة تعلمي تدبير المنزل.

٤ـ ثُمَّ أَرْسَلْنَا مُوسٰى وَأَخَاهُ هَارُوْنَ بِآيَاتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ.

الدرس الثاني والعشرون

عطف النسق [1]

الأمثلة:

١ ـ قالَ تعالى: وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالأَرْضِ.

٢ ـ قالَ تعالى: وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّإِبْرَاهِيْمَ.

٣ ـ قالَ تعالى: وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيْلُ.

٤ ـ قالَ تعالى: ثُمَّ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ.

٥ ـ قالَ تعالى: أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ ثُمَّ إِذَا شَاءَ أَنْشَرَهُ.

٦ ـ قالَ ﷺ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيْبُهُ الأَذٰى حَتَّى الشَّوْكَةُ يُشاكها فَمَا فَوْقَهَا إِلَّا كَفَّرَ اللّٰهُ بِهَا مِن خَطَايَاهُ.

٧ ـ قالَ تعالى: فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِيْنَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ أَهْلِيْكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ.

٨ ـ قالَ تعالى: لَيْسَ عَلَى الْأَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰى أَنْفُسِكُمْ أَنْ تَأْكُلُوْا مِنْ بُيُوْتِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ آبَائِكُمْ.

٩ ـ قالَ تعالى: قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ.

١٠ ـ قالَ تعالى: وَإِنَّا أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى أَوْ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ.

١١ ـ قالَ تعالى: فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا.

١٢ ـ قالَ تعالى: ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً.

١٣ ـ قالَ تعالى: سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ.

١٤ ـ قالَ تعالى: قُلْ أَأَنْتُمْ أَعْلَمُ أَمِ اللّٰهُ.

(١) نسق کے معنی ''ملانا'' ہیں، یعنی اگلے کلام کو پچھلے کلام سے ملانا / مابعد کو ماقبل سے ملانا۔

۱۵۔ اَلْمُؤْمِنُوْنَ يَقْصِدُوْنَ بِأَعْمَالِهِمْ كُلِّهَا الْآخِرَةَ لَا الْأُوْلٰى وَالآجِلَةَ لَا الْعَاجِلَةَ.

۱۶۔ لَا يَعْرِفُ الْمُؤْمِنُ الْخِيَانَةَ لٰكِنِ الْأَمَانَةَ.

۱۷۔ تَلَوْتُ جُزْءًا مِنَ الْقُرْآنِ بَلْ جُزْئَيْنِ.

۱۸۔ مَا صَامَ زَيْدٌ يَوْمًا بَلْ يَوْمَيْنِ.

۱۹۔ قالَ تعالیٰ: إِنَّمَا أَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْ إِلَى اللّٰهِ.

۲۰۔ أَنَا وَأَنْتَ طَالِبَانِ.

۲۱۔ أَتَانِيْ عَلِيٌّ وَأَنْتَ.

۲۲۔ قالَ تعالیٰ: فَأَنْجَيْنَاهُ وَأَصْحَابَ السَّفِيْنَةِ.

۲۳۔ قالَ تعالیٰ: يَآدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ.

۲۴۔ مَا أَشْرَكْنَا وَلَا آبَاؤُنَا.

۲۵۔ قالَ تعالیٰ: فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا.

شرح وتفصیل:

عطف النسق ایسا تابع ہے جو حروف عاطفہ میں سے کسی ایک حرف عطف کے ذریعہ اپنے متبوع سے متصل ہوتا ہے۔ حرف عطف سے پہلے جو اسم ہوتا ہے اسے معطوف علیہ (یا متبوع) کہتے ہیں اور اسکے بعد آنے والے اسم کو معطوف (یا تابع) کہتے ہیں، جیسے قولہ تعالیٰ: ﴿والذین آمنوا باللّٰه ورسوله﴾ میں لفظ الجلالہ اللّٰہ معطوف علیہ اور رسولہ معطوف ہے۔

حروف عطف نو (۹) ہیں: الواو، الفاء، ثم، حتی، أو، أم، لَا، لکن، بل [1]۔

۱۔ الواو: لمطلق الجمع:

یہ حرف عطف دو اسموں کے درمیان مطلقا اشتراک اور جمع کا فائدہ دیتا ہے جبکہ کلام کسی قرینہ سے خالی ہو، جیسے

(۱) انکی دو قسمیں ہیں: ۱۔ معطوف اور معطوف علیہ کی شرکت صرف اعراب میں ہوتی ہے۔ اسکے لئے تین حروف (لا، بل، لکن) استعمال ہوتے ہیں۔ ۲۔ معطوف اور معطوف علیہ کی شرکت حکم اور اعراب (معنیٰ ولفظاً) دونوں اعتبار سے ہوتی ہے اسکے لئے چھ حروف (واو، فاء، ثم، حتی، أو، أم) استعمال ہوتے ہیں۔

جملہ ا۔ وَلِلّٰہِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ (ترجمہ: اور اللہ ہی کی ہے سب حکومت آسمان میں بھی اور زمین میں بھی) میں "و" مطلقا جمع کا فائدہ دے رہا ہے۔ اور اگر جملہ میں کوئی قرینہ موجود ہو تو یہ اس قرینہ کے مطابق دوسرے اضافی معنی پر بھی دلالت کرتا ہے، جیسے جملہ ۲۔ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوْحًا وَإِبْرَاهِيْمَ (ترجمہ: اور ہم نے نوح اور ابراہیم علیہما السلام کو بھیجا) میں "و" اشتراک اور ترتیب زمنی کا فائدہ دے رہا ہے اور جملہ ۳۔ وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيْلُ (ترجمہ: اور جبکہ اٹھا رہے تھے ابراہیم علیہ السلام دیواریں خانۂ کعبہ کی اور اسماعیل علیہ السلام بھی) میں "و" اشتراک اور مصاحبت کا فائدہ دے رہا ہے۔

۲۔ الفاء: للترتيب والتعقيب:

یہ حرف عطف ترتیب [1] وتعقیب کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ترتیب دو قسم کی ہے: معنوی اور ذکری۔

ا۔ ترتیب معنوی یہ ہے کہ زمانے کے اعتبار سے معطوف کا تحقق معطوف علیہ کے بعد ہو۔ ۲۔ ترتیب ذکری میں معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان وہی ترتیب پائی جاتی ہے جو کہ گفتگو کے دوران کلام سابق میں ہوتی ہے اور اس میں زمانے کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا [2] اور تعقیب [3] کے معنی یہ ہیں کہ معطوف معطوف علیہ کے فوراً بعد واقع ہو، جیسے جملہ ۴۔ ثُمَّ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ (ترجمہ: اس کو موت دی پھر اس کو قبر میں لے گیا) میں فاء ترتیب وتعقیب کا فائدہ دے رہا ہے، کیونکہ إقبار إماتة کے فورا بعد ہوتا ہے۔

۳۔ ثُمَّ: للترتيب والتراخي:

یہ حرف عطف ترتیب وتراخی کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ تراخی کا مطلب یہ ہے کہ معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان کچھ زمانہ ہو، جیسے جملہ ۵۔ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ ثُمَّ إِذَا شَاءَ أَنْشَرَهُ (ترجمہ: اس کو موت دی پھر اس کو قبر میں لے گیا پھر جب اللہ چاہے گا اس کو دوبارہ زندہ کریگا) میں أنشر معطوف اور أقبر معطوف علیہ ہے اور حرف عطف ثمّ ہے جو ترتیب و تراخی کا فائدہ دے رہا ہے۔

---

(۱) چونکہ فاء ترتیب کا فائدہ دیتا ہے اس لئے اگر معطوف سے پہلے ایک سے زائد معطوفات ہوں تو معطوف سے فورا پہلے واقع ہونے والا معطوف علیہ ہوگا، جیسے جملہ: دخل زيد في الصف وعمرو وحامد فبلال فأحمد میں عمرو اور حامد زید پر معطوف ہیں جبکہ بلال حامد پر، اور احمد بلال پر معطوف ہے۔

(۲) جیسے: أخبر الأستاذ عن أحوال آدم وموسى ومحمد فعيسى عليهم الصلاة والسلام۔

(۳) یعنی معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان کم سے کم مدت ہو، مدت کی کمی یا زیادتی کا اعتبار عرف عام پر ہے۔

٤ ـ حتّٰی: للغاية:

یہ حرف عطف مطلقاً جمع اور غایت کا فائدہ دیتا ہے۔ غایت کے معنی انتہا کے ہیں (یعنی معطوف کمی یا زیادتی میں معطوف علیہ کی نسبت انتہا تک پہنچ جاتا ہے)۔ یہ درج ذیل شروط کے ساتھ عطف کے معنی ادا کرتا ہے:

۱۔ معطوف، مفرد اسم ہو، فعل، حرف یا جملہ نہ ہو۔

۲۔ معطوف اسم ظاہر اور صریح ہو، ضمیر اور مؤول بالمصدر نہ ہو۔

۳۔ معطوف معطوف علیہ کا فرد یا جزء(۱) ہو یا اس کے لوازم میں سے ہو۔

۴۔ معطوف اور معطوف علیہ رتبہ کے اعتبار سے یا ضعف وقوت کے اعتبار سے باہم متفاوت ہوں یعنی ایک اعلیٰ اور دوسرا ادنیٰ ہو، جیسے جملہ ۶۔ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيْبُهُ الْأَذَى حَتَّى الشَّوْكَةُ يُشاكُها فَمَا فَوْقَهَا إِلَّا كَفَّرَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ خَطَايَاهُ میں معطوف الشَّوْكَةُ مفرد اور اسم ظاہر ہے اور معطوف علیہ الأذى کا جزء ہے اور رتبہ میں معطوف علیہ الأذى سے کمتر ہے۔

۵۔ معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان موجود حسی یا معنوی غایت سے نئے معنی کا تحقق ہو پس یوں کہنا ٹھیک نہ ہوگا:

قرأتُ الكُتُبَ حتّى كتابًا یا سافرتُ البلادَ حتّى بلدًا۔

٥ ـ أو: للتخيير أو الشك أو التفصيل:

یہ حرف عطف مفردات اور جملوں کو عطف کرتا ہے اور چار معنوں میں استعمال ہوتا ہے:

(۱) الإباحة والتخيير:

أو العاطفة اگر اسلوب طلب کے بعد واقع ہو تو تخییر یا اباحت کے معنی ادا کرتا ہے۔ تخییر میں معطوف اور معطوف علیہ کو جمع کرنا جائز نہیں ہوتا، لہذا جہاں پر دو معطوفین کو جمع کرنا ممکن نہ ہو وہاں پر أو تخییر کے لیے استعمال ہوتا ہے، جیسے جملہ ۷۔ فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِيْنَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ أَهْلِيْكُمْ أَو كِسْوَتُهُمْ أَو تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ میں یہ تخییر کے معنی ادا کر رہا ہے یعنی مخاطب کو إطعام یا کسوۃ یا تحریر رقبة میں سے کسی ایک کا اختیار دیا جا رہا ہے۔

اور اباحت میں معطوف اور معطوف علیہ کو جمع کرنا جائز ہوتا ہے، لہذا جہاں دو معطوفین کو جمع کرنا ممکن ہوگا وہاں أو اباحت کے لئے استعمال ہوتا ہے، جیسے جملہ ۸۔ لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَى حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى أَنْفُسِكُمْ أَنْ تَأْكُلُوْا مِنْ بُيُوْتِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ آبَائِكُمْ میں أو اباحت کا فائدہ دے رہا ہے یعنی مخاطب کو

(۱) جیسے: أعْجَبَتْنِي الفتاةُ حتى وجهُها یا: رَاعَنِي الطائرُ حتى لونُه۔

اجازت ہے کہ چاہے وہ اپنے گھر سے کھائے چاہے اپنے آباء واجداد کے گھر سے یا چاہے دونوں گھروں سے کھائے۔

(ب) الشك والإبهام [1]:

اگر أو العاطفة جملہ خبریہ کے بعد واقع ہو تو شک یا ابہام کے معنی ادا کرتا ہے، جیسے جملہ ۹۔ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوم میں أو شک کا فائدہ دے رہا ہے اور جملہ ۱۰۔ وَإِنَّا أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى أَوْ فِي ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ (ترجمہ: بیشک ہم یا تم ضرور راہ راست پر یا صریح گمراہی میں ہیں) میں أو ابہام کا فائدہ دے رہا ہے کیونکہ متکلّم نے مخاطب پر بات کو واضح نہیں کیا، بلکہ اسکو مبہم رہنے دیا، یعنی متکلّم مخاطب پر بات کو ظاہر کرنا نہیں چاہتا، بلکہ اس خاص طریقے سے مبہم رکھنا چاہتا ہے۔

(ج) التفصيل بعد الإجمال والتقسيم:

أو العاطفة اختصار کے بعد تفصیل کے معنی میں استعمال ہوتا ہے چاہے یہ جملہ خبریہ کے بعد واقع ہو یا طلبیہ کے بعد، جیسے: اختلف القوم فيمن ذهب، فقالوا ذهب زيد أو حامد أو علي، أي بعضهم قال كذا وبعضهم قال كذا، اور جیسے قولہ تعالی ﴿وَ قَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا أَوْ نَصَارٰى تَهْتَدُوْا﴾ (أي قالت اليهود كونوا هودًا وقالت النصارى كونوا نصارى)۔ اسی طرح یہ تقسیم اور کسی چیز کی اقسام بتانے کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے: الكلمة اسم أو فعل أو حرف۔

(د) الإضراب:

أو العاطفة، اضراب [2] یعنی بل کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے جملہ ۱۲۔ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً (ترجمہ: ایسے ایسے واقعات کے بعد تمہارے دل پھر بھی سخت ہی رہے تو ان کی [redacted]

المتصلة کہلاتا ہے اور عطف کا فائدہ دیتا ہے۔ أم المتصلة کی پہچان یہ ہے کہ اس سے پہلے والے جملے میں همزة التسوية (۱) یا همزة الاستفهام ہوتی ہے، چنانچہ اس کی مزید دو اقسام ہیں:

۱۔ أم المسبوقة بهمزة التسوية:

أم المتصلة جب همزة التسوية کے بعد واقع ہو تو ایسے دو خبریہ جملوں کے درمیان واقع ہوتا ہے جنکی تأویل مصدر سے کرنا صحیح ہوتا ہے۔ یعنی دونوں خبریہ جملے اپنے ادوات (أ، أم) سمیت مصدر کے قائم مقام ہوتے ہیں اور انکی تأویل مفرد اسم سے کرنا صحیح ہوتا ہے، اور دونوں خبریہ جملے جنکی تأویل مفرد اسم سے کی جاتی ہے ان کے درمیان واو عاطفہ آتا ہے جو أم سے مستغنی کر دیتا ہے، جیسے جملہ ۱۳۔ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (۲) کی تقدیر یوں ہوگی: إنذارك وعدمه سواء۔ یعنی پہلے خبریہ جملے أأنذرتهم اور دوسرے خبریہ جملے لم تنذرهم کی تأویل مفرد اسم سے کرنا صحیح ہے اور ان دونوں مفرد اسماء کے درمیان واو عاطفہ ہے جس نے حرف عطف أم سے مستغنی کر دیا ہے۔

۲۔ أم المسبوقة بهمزة التعيين:

یہ وہ قسم ہے جس میں أم ایسے دو امور کے درمیان واقع ہوتا ہے جن کو متکلّم جانتا ہے لیکن حکم کی نسبت کے بارے میں متکلّم کے ذہن میں شک ہوتا ہے، لہذا أم کے ذریعے سے دونوں امور میں سے کسی ایک امر کی تعیین چاہتا ہے۔ ان دونوں امور سے پہلے همزة الاستفهام واقع ہوتا ہے۔ همزة الاستفهام اور أم دونوں کے ذریعے سے اس امر کو متعین کرنا مقصود ہوتا ہے جس کے بارے میں متکلّم کے ذہن میں شک ہوتا ہے، جیسے: أعليٌّ مسافر أم زيد؟ میں أم دو اسموں علي اور زيد کے درمیان واقع ہے اور ان دونوں سے پہلے همزة الاستفهام ہے اور متکلّم یہ بات جانتا ہے کہ دو میں سے ایک مسافر ہے لیکن کون مسافر ہے یہ نہیں جانتا اس لئے وہ چاہتا ہے کہ مخاطب یقینی طور پر یہ بیان کر دے کہ مسافر کون ہے۔ اسی طرح جملہ ۱۴۔ قُلْ أَأَنْتُمْ أَعْلَمُ أَمِ اللّٰهُ میں أم ضمیر منفصل أَنْتُمْ اور لفظ الجلالہ اللّٰه کے درمیان واقع ہوا ہے اور ان دونوں سے پہلے همزة الاستفهام ہے۔ اس همزة اور أم سے متکلّم کا مقصود یہ ہے کہ مخاطب ان دونوں میں سے کسی ایک کی تعیین کر دے۔

---

(۱) همزة التسوية: سواء، ما أبالي اور أدري کے بعد آتا ہے اور اپنے بعد والے جملے کو بتأویل مصدر کر دیتا ہے۔

(۲) في الآية "سواءٌ": مقدم عن الجملة التي بعده لتأويلها بمصدر أي إنذارك، أو عكسه فسواءٌ: مبتدأ والمصدر المؤول خبره.

(ب) أمْ المُنْقَطِعة أو المُنفَصِلَة:

أم المنقطعة وہ ہے جو دو مستقل جملوں کے درمیان واقع ہو۔ ان میں سے ہر ایک جملہ معنی کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے، یعنی ایک کی ادائیگی دوسرے جملے پر موقوف نہیں ہوتی اور نہ ہی دونوں جملوں میں معنی کے اعتبار سے اتنا ربط ہوتا ہے کہ ایک کو دوسرے کا جزء کہہ سکیں، لہذا یہ اضراب (یعنی بل) کے معنی ادا کرتا ہے اور بسا اوقات أم المنقطعة اضراب کے ساتھ ساتھ استفہام انکاری کے معنی بھی ادا کرتا ہے اور یہ عطف کا فائدہ نہیں دیتا۔ اس کی علامت یہ ہے کہ یہ نہ تو مطلقاً ہمزہ تسویہ کے بعد واقع ہوتا ہے اور نہ ہمزہ استفہام کے بعد، بلکہ مندرجہ ذیل انواع میں سے کسی نوع کے بعد واقع ہوتا ہے:

۱۔ یہ کبھی خبر محض کے بعد واقع ہوتا ہے، جیسے قولہ اللہ تعالیٰ: ﴿وَإِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَ هُمْ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ أم يَـقُوْلُوْنَ افْتَرَاه﴾ أي: بل يَقُولُونَ افْتَرَاهُ، یعنی اس آیت میں أم خبر محض سِحْرٌ مُّبِيْنٌ کے بعد واقع ہوا ہے اور حرف اضراب بل کے معنی ادا کر رہا ہے، کیونکہ أم ایسے دو جملوں (هـذا سحر مبين، يقولون افتراه) کے درمیان واقع ہوا جو معنی کے اعتبار سے مستقل ہیں۔

۲۔ ہمزہ کے علاوہ دوسرے ادوات استفہام (جیسے: هـل) کے بعد بھی واقع ہوتا ہے، جیسے قولہ تعالیٰ: ﴿قُـلْ هَـلْ يَسْتَـوِي الْأَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ أَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمَاتُ وَالنُّوْرُ﴾۔

۳۔ اور کبھی ایسے ہمزہ کے بعد واقع ہوتا ہے جو غیر حقیقی استفہام (یعنی استفہام انکاری یا تقریری[1]) کا فائدہ دیتا ہے، جیسے قولہ تعالیٰ: ﴿أَمْ لَهُ الْبَنَاتُ وَلَكُمُ الْبَنُون﴾ میں أم اضراب اور استفہام انکاری دونوں کا معنی ادا کر رہا ہے، کیونکہ اگر أم کو صرف اضراب کے معنی میں لیا جائے تو اس آیت کا مفہوم یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں (العیاذ باللہ) اور یہ نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کرنا محال ہے۔

۷۔ لا: لنفي الحكم عن المعطوف:[2]

یہ ایسا حرف ہے جس کے ذریعے سے معطوف سے حکم کی نفی ہوتی ہے۔ یہ حرف لکن کے برعکس ہے، یعنی لکن

---

(۱) استفہام انکاری سے متکلم کا مقصد سوال کرنا نہیں ہوتا، بلکہ رد کرنا ہوتا ہے اور استفہام تقریری سے متکلم اپنی بات کو یقینی طور پر ثابت کرنا چاہتا ہے۔ (۲) لا عاطفة کے ذریعے عطف سے مقصود حکم کو ماقبل پر منحصر کرنا ہوتا ہے خواہ قصر افراد ہو یا قصر قلب۔ قصر افراد: جیسے: زيد كاتبٌ لا شاعر۔ یہ جملہ اس شخص کو کہا جائے گا جو زید کے بارے میں کاتب اور شاعر ہونے کا گمان رکھتا ہو۔ قصر قلب: جیسے زيد عالم لا جاهل۔ یہ جملہ اس شخص کو کہا جائے گا جو زید کو جاہل سمجھتا ہو۔

کے ذریعے ما بعد کے کلام کا اثبات ہوتا ہے جبکہ لا کے ذریعے ما بعد کے کلام کی نفی ہوتی ہے۔ یہ چار شروط کے ساتھ عطف کے معنی ادا کرتا ہے:

۱۔ معطوف مفرد ہو، جملہ نہ ہو۔

۲۔ اس سے ماقبل کلام مثبت ہو، منفی نہ ہو۔

۳۔ معطوف اور معطوف علیہ دونوں ایک دوسرے کی قبیل میں سے نہ ہو، چنانچہ غسلت الثوب لا المنديل کہنا صحیح نہ ہوگا کیونکہ اس میں معطوف المنديل معطوف علیہ الثوب کی نوع میں سے ہے۔ اسی طرح رأيت بلبلا لا طائرًا میں معطوف علیہ بلبلاً معطوف طائرًا کے افراد میں سے ہے۔

۴۔ کسی بھی حرف عطف کے ساتھ واقع نہ ہو، چنانچہ جملہ أسابيع الشهر خمسة لا بل أربعة میں بل حرف عطف واقع ہوا ہے جبکہ لا مجرد نفی کے لئے ہے۔

۵۔ لا کے بعد واقع ہونے والے مفرد اسم کو، لا سے پہلے واقع ہونے والے اسم کی خبر (جیسے: الغلام لا صبي ولا شابٌّ) صفت (جیسے: هذه دار لا قديمة ولا جديدة) یا حال (جیسے: عرفت هذا الكتاب لا نافعا ولا منتفعا) بنانا ممکن نہ ہو۔ کیونکہ اس صورت میں لا عاطفہ نہ ہوگی، بلکہ نافیہ ہوگی اور اس کا تکرار واجب آئے گا۔

۸۔ لكن: للاستدراك:

لکن تین شروط کے ساتھ عطف اور استدراک [1] کے معنی ادا کرتا ہے۔ اگر ان میں سے کوئی ایک شرط بھی مفقود ہوتو یہ صرف حرف ابتداء اور استدراک ہوگا۔

۱۔ معطوف مفرد ہو، جملہ نہ ہو۔

۲۔ اس سے پہلے نفی یا نہی ہو۔

۳۔ لکن، واو کے فورًا بعد واقع نہ ہو، جیسے قولہ تعالی: ﴿مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ﴾ میں لكن حرف عطف نہیں ہے چونکہ لكن واو کے فورا بعد واقع ہورہا ہے اس لئے لكن یہاں پر حرف استدراک ہے اور لكنْ رسولَ اللّٰه میں رسول كان محذوفہ کی خبر ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ جملہ ۱۶۔ لَا يَعْرِفُ

(۱) پچھلے کلام کی نفی یا نہی سے پیدا ہونے والے اشکال کا ازالہ کرنے کو استدراک کہتے ہیں۔

الْمُؤْمِنُ الْخِيَانَةَ لٰكِنِ الأَمَانَةَ میں معطوف الأَمَانَةَ مفرد ہے اور جملہ حرف نفی لَا سے شروع ہو رہا ہے اور لکن سے پہلے واو واقع نہیں ہے، لہذا یہاں لکن عطف کا فائدہ دے رہا ہے۔

۹۔ بَل:

بل ایسا حرف ہے جس کے معنی اور حکم مابعد کے کلام کے اعتبار سے مختلف ہو جاتے ہیں۔

(ا) اگر بل مفرد اسم پر داخل ہو تو حرف عطف کہلاتا ہے، لیکن ماقبل کلام کی مناسبت سے اس کے معنی مختلف ہو جاتے ہیں:

۱۔ اگر بل مثبت کلام یا صیغہ امر کے بعد آئے تو اس صورت میں یہ إضراب یعنی معطوف علیہ سے حکم سلب کرکے وہی حکم معطوف کے لئے ثابت کرنے کا فائدہ دیتا ہے، جیسے جملہ ۱۷۔ تَلَوْتُ جُزْءًا مِنَ الْقُرْآنِ بَلْ جُزْئَيْنِ۔

۲۔ اگر بل نفی یا نہی کے بعد واقع ہو تو مکمل طور پر لکن کی طرح ہوتا ہے، جیسے جملہ ۱۸۔ مَا صَامَ زَيْدٌ يَوْمًا بَلْ يَوْمَيْنِ۔

(ب) اگر بل جملے پر داخل ہو تو حرف ابتداء کہلاتا ہے اور صرف إضراب إبطالي یا إضراب انتقالي کا فائدہ دیتا ہے[1]۔

أحكام تتعلق بعطف النسق

معطوف اور معطوف علیہ اسماء ظاہرہ بھی ہو سکتے ہیں اور ضمائر بھی لہذا یہ ان چار صورتوں میں واقع ہو سکتے ہیں:

۱۔ عطف الظاهر على الظاهر: جیسے جملہ ۱۹۔ إِنَّمَا أَشْكُوْ بَثِّيْ وَحُزْنِي إِلَى اللّٰهِ میں معطوف علیہ بث اور معطوف حزن دونوں اسماء ظاہرہ ہیں۔

۲۔ عطف المضمر على المضمر: جیسے جملہ ۲۰۔ أنا وأنتَ طالبان میں معطوف علیہ أنا اور معطوف أنت دونوں ضمائر ہیں۔

(۱) إضراب کی دو قسمیں ہیں۔ ۱۔ إضراب إبطالي اور ۲۔ إضراب انتقالي۔ إضراب إبطالي: میں بل سے پہلے واقع ہونے والے کلام کی نفی کی جاتی ہے کہ یہ کلام باطل ہے اور اسکا مدعی جھوٹا ہے اس طور پر کہ بل کے بعد واقع ہونے والے کلام میں دوسرے حکم کا اثبات ہوتا ہے، جیسے: وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ کی تقدیر یوں ہوگی: لقد اتخذ الرحمن ولدا لا فإن الذين اتخذهم هم عباد مكرمون۔

إضراب انتقالي: میں بل سے پہلے واقع ہونے والے کلام کا حکم اپنے حال پر باقی رہتا ہے صرف غرض بدل جاتی ہے۔ یعنی کلام ایک غرض سے دوسری غرض کی طرف منتقل ہو جاتا ہے، جیسے: قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَّأَبْقٰى میں بل سے پہلے والے کلام کی غرض اللہ کی اطاعت ہے اور بل کے بعد والے کلام کی غرض حب الدنیا۔ اور دونوں غرضوں کا حکم اپنے حال پر باقی ہے۔

۳۔ عطف المضمر علی الظاهر: جیسے جملہ ۲۱۔ جاء ني عليٌّ وأنت میں معطوف علیہ علي اسم ظاہر ہے اور معطوف أنت ضمیر ہے۔

٤۔ عطف الظاهر على المضمر: جیسے جملہ ۲۲۔ فَأَنْجَيْنَاهُ وأَصْحَابَ السَّفِيْنَةِ میں معطوف علیہ ہ ضمیر متّصل ہے اور معطوف أصحاب اسم ظاہر ہے۔

قواعد:

۱۔ عطف نسق ایسا تابع ہے جو حروف عاطفہ میں سے کسی ایک حرف عطف کے ذریعے اپنے متبوع سے متّصل ہوتا ہے اس تابع کو معطوف اور متبوع کو معطوف علیہ کہتے ہیں۔

۲۔ یہ تابع اعراب میں معطوف علیہ کے مطابق ہوتا ہے۔

۳۔ حروف عطف نو ہیں:

(۱) الواو: یہ مطلقاً اشتراک اور جمع کا فائدہ دیتا ہے اور بسا اوقات کسی قرینہ کی وجہ سے تعقیب، ترتیب اور مصاحبت کا فائدہ بھی دیتا ہے۔

(۲) الفاء: یہ ترتیب اور تعقیب کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

(۳) ثم: یہ ترتیب اور تراخی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

(۴) حتی: یہ مطلقاً جمع اور غایت کا فائدہ دیتا ہے۔

(۵) أو: یہ چار معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۱۔ الإباحة والتخيير ۲۔ الشك أو الإبهام ۳۔ التفصيل بعد الإجمال والتقسيم ٤۔ الإضراب۔

(٦) أم المتصلة أو المنقطعة: المتصلة: یہ دو چیزوں کے درمیان تسویہ (برابری) پر دلالت کرنے کے لئے یا دو میں سے ایک کی تعیین کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ المنقطعة: یہ دو مستقل جملوں کے درمیان واقع ہوتا ہے اور إضراب یعنی بل کے معنی ادا کرتا ہے۔

(۷) لا: اس کے ذریعے مابعد کے کلام کی نفی ہوتی ہے۔

(۸) لكن: یہ حرف استدراک ہے اگر اس سے پہلے نفی یا نہی ہو تو استدراک کے ساتھ عطف کا فائدہ بھی

دیتا ہے۔

(۹) بل: اگر مثبت کلام یا صیغہ امر کے بعد آئے تو اضراب کا فائدہ دیتا ہے اور اگر نفی یا نہی کے بعد واقع ہو تو استدراک کا فائدہ دیتا ہے۔

۴۔ معطوف اور معطوف علیہ ان چار صورتوں میں واقع ہو سکتے ہیں:

(ا) ظاہر کا عطف ظاہر پر۔ (ب) ضمیر کا عطف ضمیر پر۔

(ج) ضمیر کا عطف ظاہر پر۔ (د) ظاہر کا عطف ضمیر پر۔

التمرين - ١

أعرب الكلمات الملونة في الجمل الآتية مبينًا سبب الإعراب كما في المثال:

نموذج: ١ ـ تطمئن النفس بذكر الله، لا تطمئن بالفرش المؤطّاة والقصور المشيدة.

لا: نافية، ليست بعاطفة لأن المعطوف جملة لا مفرد، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب.

تطمئن: جملة فعلية، استئنافية، بيانية، لا محل لها من الإعراب.

٢ ـ بالتواضع يُرفع المرء لا الدراهم والدنانير.

لا: حرف نفي وعطف؛ لعدم اقترانها بعاطف ولأن المعطوف مفرد، والكلام مثبت وعدم اقترانها بعاطف، واختلاف جنس المتعاطفين مختلف، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

الدراهم: اسم مجرور معطوف على "التواضع"، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

٣ ـ على الله يتوكل المؤمن لا الأسباب.

لا: حرف نفي وعطف؛ لاستيفاء الشروط الخمسة، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

الأسباب: اسم مجرور معطوف على لفظ الجلالة "الله"، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

٤ ـ يقوم المجدّ بواجبه حبا لا كرها. ٥ ـ لا تصدّق الأكاذيب بل قول الحق.

٦ ـ لا تصاحب رجلا طالحًا لكن صالحًا. ٧ ـ تعرّض لعلاج المشكلة لا أسبابها فقط.

٨ـ الخلق الحسن يستهوي الناس حتى الأعداء. ٩ـ المخلص لا يتوخى العاجلة بل يتوخى الآجلة.

١٠ـ مكث النبي ﷺ في مكة عشرًا بل ثلاث عشرة سنة.

١١ـ لا يكون المسلم فاحشًا ولا متفحشًا ولكن سهلاً ليّنًا.

١٢ـ كان النبي ﷺ يحسن إلى الناس جميعا حتى الكفار.

١٣ـ قال النبي ﷺ: كل شيء بقضاء وقدر حتى العجز والكيس.

١٤ـ فدى الصحابة رضي الله عنهم الدين بكل غال ورخيص حتى أرواحهم.

التمرين ـ ٢

ميّز أم المتصلة من المنقطعة في الآيات التالية:

نموذج: آللّٰهُ خَيْرٌ أَمَّا يُشْرِكُوْنَ.

أ: همزة للاستفهام. أم: متصلة عاطفة.

٢ـ أَأَنْتُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمِ السَّمَاءُ بَنَاهَا. ٣ـ أَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ أَقْفَالُهَا.

٤ـ إِنْ أَدْرِيْ أَقَرِيْبٌ أَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ. ٥ـ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ أَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ أَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ.

٦ـ سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَدَعَوْتُمُوهُمْ أَمْ أَنْتُمْ صَامِتُوْنَ. ٧ـ قَالُوْا سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَوَعَظْتَ أَمْ لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوَاعِظِيْنَ.

٨ـ أَعِنْدَهُ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ بِمَا فِيْ صُحُفِ مُوْسٰى.

٩ـ أَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ أَمِ ارْتَابُوْا أَمْ يَخَافُوْنَ أَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهُ.

١٠ـ أَأَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُوْرُ أَمْ أَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا.

التمرين ـ ٣

استخرج من الآيات الآتية حروف العطف مبيّنا معناها وعيّن المعطوف والمعطوف عليه وأعربهما:

نموذج: وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ.

ثم: حرف عطف (للترتيب مع التراخي). يميتني: جملة فعلية، صلة الموصول الاسمي، لا محل

لها من الإعراب (معطوف عليه). يحيين: جملة فعلية معطوف على الجملة "يميت" لا محل لها من الإعراب.

٢ ـ فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا.

٣ ـ لَقَدْ كُنْتُمْ أَنْتُمْ وَآبَاؤُكُمْ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ.

٤ ـ وَالَّذِيْ أَخْرَجَ الْمَرْعٰى فَجَعَلَهُ غُثَاءً أَحْوٰى.

٥ ـ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ آبَاءِ هِمْ.

٦ ـ وَإِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوْهَا.

٧ ـ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ.

٨ ـ يَا مَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرَّاكِعِيْنَ.

٩ ـ رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِكُمْ إِنْ يَّشَأْ يَرْحَمْكُمْ أَوْ إِنْ يَّشَأْ يُعَذِّبْكُمْ.

١٠ ـ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ أَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ.

١١ ـ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوا بِذُنُوبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا.

١٢ ـ وَأَوْحَيْنَا إِلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْمَاعِيْلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْأَسْبَاطِ.

١٣ ـ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنْتُمْ فِيْ أَنْفُسِكُمْ.

١٤ ـ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ أَمْوَاتًا فَأَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ.

١٥ ـ وَفِيْ مُوْسٰى إِذْ أَرْسَلْنَاهُ إِلٰى فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهِ وَقَالَ سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُوْنٌ فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُوْدَهُ فَنَبَذْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ.

١٦ ـ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَنْزَلَ التَّوْرَاةَ وَالْإِنْجِيْلَ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِلنَّاسِ وَأَنْزَلَ الْفُرْقَانَ.

التمرين - ٤

ميِّز حروف العطف من غيرها مبينة معناها:

نموذج: عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قالَ: سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ.

و: حرف عطف لمطلق الجمع.

٢ ـ إنّ النَّبِيَّ ﷺ قالَ يَوْمَ الفَتْحِ: لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الفَتْحِ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ.

٣ ـ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُصَلِّي فِي الأَضْحَى وَالفِطْرِ ثُمَّ يَخْطُبُ بَعْدَ الصَّلَاةِ.

٤ ـ سُئِلَ البَرَاءُ أَكَانَ وَجْهُ النَّبِيِّ ﷺ مِثْلَ السَّيْفِ؟ قَالَ: لَا بَلْ مِثْلَ القَمَرِ.

٥ ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَا زَالَ جِبْرِيْلُ يُوصِيْنِي بِالجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ.

٦ ـ إنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قالَ: إذَا تَوَضَّأَ أَحَدُكُم فَلْيَجْعَلْ فِي أَنْفِهِ ثُمَّ لِيَنْثُرْ وَمَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوتِرْ.

٧ ـ قالَ النَّبِيُّ ﷺ : لَا يَتْفِلَنَّ أَحَدُكُمْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلَا عَنْ يَمِيْنِهِ ولٰكِنْ عَنْ يَسَارِهِ أَوْ تَحْتَ رِجْلِهِ.

٨ ـ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قالَ: مَنْ غَدَا إِلَى المَسْجِدِ وَرَاحَ أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُ نُزُلَهُ مِن الجَنَّةِ كُلَّمَا غَدَا أَوْ رَاحَ.

٩ ـ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قالَ: لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَا يُبَالِي المَرْءُ بِمَا أَخَذَ المَالَ أَمِنْ حَلَالٍ أَمْ مِنْ حَرَامٍ.

١٠ ـ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ ﷺ مُنْذُ قَدِمَ المَدِيْنَةَ مِنْ طَعَامِ البُرِّ ثَلَاثَ لَيَالٍ تِبَاعًا حَتّٰى قُبِضَ.

١١ ـ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ أُطَيِّبُ النَّبِيَّ ﷺ بِأَطْيَبِ مَا يَجِدُ حَتّٰى أَجِدَ وَبِيْصَ الطِّيْبِ فِي رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ.

١٢ ـ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قالَ: مَن مَرَّ فِي شَيْءٍ مِنْ مَسَاجِدِنَا أَوْ أَسْوَاقِنَا بِنَبْلٍ فَلْيَأْخُذْ عَلَى نِصَالِهَا لَا يَعْقِرْ بِكَفِّهِ مُسْلِمًا.

١٣ ـ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: حُرِّمَ مَا بَيْنَ لَابَتَيْ المَدِيْنَةِ عَلَى لِسَانِي، وَأَتَى النَّبِيُّ ﷺ بَنِي حَارِثَةَ فَقَالَ: أَرَاكُمْ يَا بَنِي حَارِثَةَ قَدْ خَرَجْتُمْ مِنَ الحَرَمِ ثُمَّ الْتَفَتَ فَقَالَ: بَلْ أَنْتُمْ فِيْهِ.

١٤ ـ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: المَدِيْنَةُ حَرَامٌ مَا بَيْنَ عَائِرٍ إِلَى كَذَا فَمَنْ أَحْدَثَ حَدَثًا أَوْ آوٰى مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ عَدْلٌ وَلَا صَرْفٌ.

١٥ ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ كَانَتْ لَهُ مَظْلَمَةٌ لِأَخِيْهِ مِنْ عِرْضِهِ أَوْ شَيْءٍ فَلْيَتَحَلَّلْهُ مِنْهُ اليَوْمَ قَبْلَ أَنْ لَا يَكُونَ دِيْنَارٌ وَلَا دِرْهَمٌ إِنْ كَانَ لَهُ عَمَلٌ صَالِحٌ أُخِذَ مِنْهُ بِقَدْرِ مَظْلَمَتِهِ وَإِنْ لَمْ تَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ أُخِذَ مِنْ سَيِّئَاتِ صَاحِبِهِ فَحُمِلَ عَلَيْهِ.

التمرين ـ ٥

نموذج في الإعراب:

الَّذِي خَلَقَ فَسَوَّى وَالَّذِي قَدَّرَ فَهَدَى.

الّذي: اسم موصول، مبني على السكون، في محل جر، نعت ثان لـ "ربك".

خلق: فعل ماض، مبني على الفتحة، وفاعله ضمير مستتر فيه جوازًا، تقديره: "هو"، يرجع إلى "الذي".

فسوى: فـ: حرف عطف للترتيب والتعقيب، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب. **سوّى:** فعل ماض، مبني على الفتحة المقدرة على الألف، منع من ظهورها التعذر؛ لأنه ناقص وفاعله ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هو".

و: حرف عطف، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب. **الذي:** اسم موصول، مبني على السكون، في محل جر؛ لأنه معطوف على "الذي" الأول.

قدر: فعل ماض، مبني على الفتحة، وفاعله ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هو".

فهدى: فـ: حرف عطف للترتيب والتعقيب، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب. **هدى:** فعل ماض، مبني على الفتحة المقدرة على الألف، منع من ظهورها التعذر؛ لأنه ناقص، وفاعله ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هو".

الجملة "خلق": من الفعل والفاعل صلة الموصول الاسمي، لا محل لها من الإعراب.

والجملة "سوى": من الفعل والفاعل معطوفة على جملة صلة الموصول، لا محل لها من الإعراب.

والجملة "قدر": من الفعل والفاعل صلة الموصول الاسمي، لا محل لها من الإعراب.

والجملة "هدى": من الفعل والفاعل معطوفة على جملة صلة الموصول، لا محل لها من الإعراب.

أعرب ما ياتي:

١ ـ اذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّا هٰهُنَا قَاعِدُونَ. ٢ ـ فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا قَالَتَا أَتَيْنَا طَائِعِيْنَ.

٣ ـ سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَجَزِعْنَا أَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِن مَّحِيْصٍ. ٤ ـ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا.

٥ ـ قَالَ إِنَّمَا أَشْكُوْ بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللّٰهِ وَأَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ.

الدرس الثالث والعشرون

واو المعية

الأمثلة:

١ ـ قال تعالى: فَأَجْمِعُوْا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَكُمْ

٢ ـ كُنْ أَنْتَ وَتَلَامِذَتَكَ كَالْأَبِ.

٣ ـ كيف أَنْتَ وَالامتِحانَ؟

٤ ـ قال تعالى: يٰآدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جو سرخ کلمات (شُرَكَاءَكُمْ، تَلَامِذَتَكَ، الامتِحانَ) واو کے بعد منصوب واقع ہوئے ہیں یہ مفعول معہ کہلاتے ہیں۔ ان کو منصوب کرنے والا عامل فعل [1] یا ایسا اسم مشتق ہوتا ہے جو کہ فعل کا عمل کرتا ہے، جیسے: أنا سائر و شاطئ البحر اور رويدك والغاضب (أي أمهل نفسك مع الغاضب)۔ کسی بھی اسم کو مفعول معہ ہونے کی بناء پر منصوب کرنے کے لئے درج ذیل امور کا ملحوظ رکھنا ضروری ہے:

۱۔ مفعول معہ اسم ہو، حرف یا جملہ نہ ہو۔

۲۔ یہ زائد ہو، یعنی جملے کا بنیادی جزء نہ [2] ہو۔

۳۔ یہ اسم واو بمعنی "مع" کے بعد واقع ہو۔

۴۔ اس واو سے پہلے واقع ہونے والے جملے میں فعل یا ایسا اسم مشتق پایا جائے جو کہ فعل کا عمل کرے۔

مندرجہ بالا جملوں پر مزید غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ "واو" کے بعد واقع ہونے والے اسم میں چار صورتیں ممکن ہیں:

(۱) عربوں سے بعض مثالیں ایسی بھی سنی گئی ہیں جن میں مفعول معہ ما استفہامیہ اور کیف استفہامیہ کے بعد منصوب واقع ہوا ہے جبکہ اس سے پہلے نہ تو فعل ہے اور نہ ہی اسکے مشابہ اسم مشتق ہے جو کہ فعل کا عمل کرتا ہے، جیسے: ما أنت والحوتَ؟ و كيف أنت والامتحانَ؟ اور نحویوں نے ان مثالوں میں فعل کو مقدر ٹھہرایا ہے جسکی تقدیر یوں بیان کی ہے: ما تكون والحوتَ؟، و كيف تكون والامتحانَ؟۔

(۲) جیسے مبتدأ، خبر یا فاعل کہ جسکے بغیر نحوی ترکیب کے اعتبار سے جملہ صحیح نہ ہو۔

۱۔ وجوب المعية:

اگر واو کو حرف عطف بنانے سے معنی میں فساد پیدا ہوتا ہو تو اس کے بعد واقع ہونے والا اسم مفعول معہ ہونے کی وجہ سے وجوبًا منصوب ہوگا (یعنی واو کے بعد واقع ہونے والا اسم واو سے پہلے واقع ہونے والے اسم کے ساتھ فعل میں مشترک نہ ہو)، جیسے: جملہ۱۔ فَأَجْمِعُوْا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَكُمْ ترجمہ: سوتم اپنی تدبیر مع اپنے شرکاء کے پختہ کرلو، میں "واو" واو المعية ہے۔ اور شركاء مفعول معہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے، اس واو کو عاطفہ بنانا جائز نہیں، کیونکہ پھر جملہ کی تقدیر اس طرح ہوجائے گی: فأجمعوا أمركم وأجمعوا شركاءكم ترجمہ: تم اپنی تدبیر کو پختہ کرلو اور اپنے شرکاء کو پختہ کرلو، اور یہ کہنا صحیح نہیں ہے چونکہ أجمع [1] معانی سے متعلق ہے نہ کہ ذوات سے۔ اسی طرح لفظی ترکیب میں فساد پیدا ہونے کی صورت میں "واو" کے بعد واقع ہونے والا اسم مفعول معہ ہونے کی وجہ سے وجوبا منصوب ہوگا، جیسے جملہ: ما شأنُكَ وزَيْدًا؟ میں "واو" واو المعية ہے کیونکہ ضمیر مجرور "كَ" پر لفظ شأن کو لوٹائے بغیر زید کا عطف جائز نہیں۔

۲۔ وجوب العطف:

اگر واو کو واو المعية بنانے سے معنی میں فساد پیدا ہوتا ہو تو واو کو وجوبا حرف عطف بنائیں گے یعنی واو کے بعد واقع ہونے والا اسم واو سے پہلے واقع ہونے والے اسم کے ساتھ فعل میں مشترک ہو اور ایک سے زائد افراد کو چاہتا ہو، جیسے: اتَّفَقَ زَيْدٌ وَعَمْرو عَلى الذَّهَابِ إِلَى الحَفْلَةِ میں فعل اتفق ایک سے زائد افراد کو چاہتا ہے اور اسی طرح اخْتَصَمَ خَالِدٌ وَعَمْرٌو۔

۳۔ ترجيح المعية على العطف:

اگر واو کو حرف عطف بنانے سے کلام ایسے معنی پر دلالت کرے جو متکلّم کی مراد نہ ہو تو اس صورت میں واو کو حرف عطف بنانے کے بجائے واو بمعنی "مع" بنانا زیادہ بہتر ہے، جیسے جملہ۲۔ كُنْ أَنْتَ وَتَلَامِذَتَكَ كَالأَبِ میں متکلّم یہ کہنا چاہتا ہے کہ تم اپنے شاگردوں کے ساتھ باپ کی طرح سلوک کرو، چنانچہ اس جملہ میں "واو" واو المعية ہے اور تلامذة مفعول معہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ اگر اس "واو" کو حرف عطف بنایا جائے تو اس کے معنی یہ ہونگے کہ تم اور تمہارے شاگرد باپ کی طرح ہوجائیں، جبکہ متکلّم کی مراد یہ نہیں، لہذا اس واو کو واو المعية بنانا زیادہ بہتر ہے۔

(۱) أجمع الأمر: عزم کرنا اور پختہ ارادہ کرنا یقال: أُجْمِعُ أَمْرِي وَرَأْيِي ولَا يُقَالُ: أُجْمِعُ شُرَكَائِي.

٤ ـ ترجيح العطف على المعية:

اگر واو کو حرف عطف بنانے یا واو المعیۃ بنانے سے کلام میں تبدیلی واقع نہ ہو تو واو کو حرف عطف بنانا زیادہ بہتر ہے، کیونکہ واو اصل میں عطف ہی کے لئے استعمال ہوتا ہے، جیسے جملہ ٤۔ یاآدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ میں واو کو حرف عطف بنانے سے معنی میں فساد پیدا نہیں ہوتا، لہذا "واو" بمعنی "مع" کہنے کے بجائے حرف عطف سمجھنا زیادہ بہتر ہے۔

قواعد:

۱۔ مفعول معہ ایسا منصوب اسم ہے جو واو بمعنی "مع" کے بعد واقع ہوتا ہے، اور اس سے پہلے جملے میں کسی فعل یا اس سے مشابہ اسم مشتق کا پایا جانا ضروری ہے۔

۲۔ واو کے بعد واقع ہونے والے اسم کی چار صورتیں ہیں: (ا) وجوب المعية (ب) وجوب العطف (ج) ترجيح المعية على العطف (د) ترجيح العطف على المعية

التمرين ـ ١

بيّن في أي الجمل الآتية تتعين الواو للمعية أو للعطف وفي أيها تُرَجَّح المعية على العطف وفي أيها يُرجَّح العطف على المعية وأعرب الاسم الذي يقع بعد الواو:

نموذج: قَطَعْنَا البَرِيَّةَ وَظِلَامَ اللَّيْلِ.

و: تعينت الواو هنا للمعية. ظلام: مفعول معه منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

٢ ـ مَشَى عُمَرُ وَالنَّهْر.

٣ ـ طُفْنَا بِالبَيْتِ وَشُرُوق الشَّمْس.

٤ ـ احْتَرَقَتِ الدَّارُ وَأَثَاثُها.

٥ ـ أَصْبَحَت خَدِيجَةُ وَصَدِيقاتها كَالأُخْتِ.

٦ ـ اعْتَمَرَ أُسَامَةُ وَصَدِيْقه.

٧ ـ لَاقَى زَيْدٌ وَأَحْمَد بَعْدَ مُدَّةٍ مِنَ الزَّمَنِ فِي مَأْدُبَةٍ.

٨ـ تَصَدَّقَتْ عائِشَةُ وَأُخْتها.

٩ ـ سِرْتُ وتَغْرِيْد الطُّيُورِ فِي الغَابَةِ كَثِيْرَةِ الأَشْجَارِ.

١٠ ـ سَارَ القِطَارُ وجِدَار القَصْرِ.

١١ ـ اعْلَمْ أَنَّ الجَهْلَ والغُرُور آفَتَان مِن أَخْطَرِ الآفَاتِ.

١٢ ـ رَجَعَ الْمُسَافِرُ وإِسْفَار الصُّبْحِ. ١٣ ـ قَاتَلَ الْمُسْلِمُوْنَ وَالرُّوْم فِي مَعْرِكَةِ مُؤْتَة قِتَالاً عَنِيْفًا.

١٤ ـ مَرَرْتُ بِالْحَدِيقَةِ الْغَنَّاءِ والصَّدِيق. ١٥ ـ اجْتَمَعَ الْمُسْلِمُون والصَّلِيْبِيُّوْنَ عِنْدَ حِطّين لِلْقِتَالِ.

١٦ ـ أَفْطَرَ الصَّائِمُونَ وَغُرُوب الشَّمْسِ. ١٧ ـ يَجِبُ أَنْ نُقَابِلَ نِعَم اللّٰه بِحَمْدِهِ وَشُكْره وإِسْدَاء الجَمِيْل إلى خَلْقِهِ.

التمرين ـ ٢

ترجم إلى العربية:

ا۔ فاطمہ اذان فجر کے ساتھ اٹھی۔ ۲۔ صدر مملکت نے وفد کے آتے ہی کانفرس ملتوی کردی۔

۳۔ ریل گاڑی گھنے کھیتوں کے ساتھ چلتی رہی۔ ۴۔ چوکیدار نے گھنٹہ بجنے کے ساتھ ہی مدرسے کا گیٹ بند کردیا۔

۵۔ مجاہدوں نے طلوع شمس کے ساتھ قتال شروع کیا۔

۶۔ خطبہ ختم ہوتے ہی جمعہ کی اذان کے لئے اقامت دی گئی۔

۷۔ زید نے اپنے دوست کے ساتھ امتحانوں کی تیاری شروع کی۔

۸۔ عمرو نے چاند نکلتے ہی اپنا آبائی شہر ہمیشہ کے لئے چھوڑ دیا۔

۹۔ طالبات نے مدرسے میں داخل ہوتے ہی صفائی شروع کردی۔

۱۰۔ باپ نے اپنی بیٹی کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ: تم اپنی دوستوں کے ساتھ بہن جیسا سلوک کرو۔

التمرين ـ ٣

نموذج في الإعراب:

١ ـ لَا ترجُ النجاحَ وعمل السيِّء.

لَا: ناهية، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب. ترجُ: فعل مضارع، مجزوم بلا الناهية، وعلامة جزمه حذف الواو من آخره؛ لأنه من الأفعال الناقصة، والفاعل ضمير مستتر وجوبًا، تقديره: "أنت".

النجاحَ: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

و: للمعية وجوبًا، مبنية على الفتحة، لا محل له من الإعراب.

عمل: مفعول معه منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

السيء: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

٢ ـ رويدك والمديون.

رويدك: رويْد: اسم فعل أمر، بمعنى "أمهِلْ / مَهْلاً" مبني على الفتحة، لا محل له من الإعراب، والفاعل ضمير مستتر وجوبًا، تقديره: "أنت".

ك: حرف خطاب، مبني على الفتحة، لا محل له من الإعراب.

و: للمعية وجوبا، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب.

المديون: مفعول معه منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

أعرب ما يلي:

١ ـ صَهْ والمجَانين.

٢ ـ زيد سائر وشاطئ البحر.

٣ ـ لا يحصل على العلم والكبر.

٤ ـ لا يمكن الفوز وضياع الوقت.

٥ ـ لا تهو حسن العاقبة والذنوب.

٦ ـ هاجر النبي ﷺ وأبا بكر رضي الله عنه.

الدرس الرابع والعشرون

الاستثناء

أداة الاستثناء کے ذریعے اس کے بعد آنے والے اسم کو اس کے ماقبل کے حکم سے خارج کرنے کو نحو کی اصطلاح میں "استثناء" کہتے ہیں، مثلاً: نَجَحَتِ الطَّالِبَاتُ إِلَّا زَيْنَبَ اس جملے میں طالبات پر کامیابی کا حکم لگایا گیا ہے اور أداة الاستثناء إِلّا کے ذریعے اس کے بعد آنے والے اسم زَيْنَبَ کو کامیابی کے حکم سے خارج کر دیا گیا ہے۔

استثناء کا اسلوب أدوات الاستثناء ، مستثنی اور مستثنی منه پر مشتمل ہوتا ہے:

أدوات الاستثناء:

وہ کلمات جن کے ذریعے استثناء کیا جاتا ہے آٹھ ہیں: إِلّا، غَيْر، سِوَى، عَدَا، مَا عَدَا، خَلَا، مَا خَلَا، حَاشَا، لَيْسَ، لَا يَكُوْن ۔ ان میں سے إِلّا حرف ہے، غَير، سِوَى اسماء ہیں، مَا عَدَا، مَا خَلَا، لَيْسَ، لَا يَكُون افعال ہیں اور عَدَا، خَلَا اور حَاشَا افعال بھی بن سکتے ہیں اور حروف جارہ بھی۔

مستثنی:

وہ اسم جسے جملے کے اعرابی حکم سے خارج کیا جاتا ہے مستثنی کہلاتا ہے، مستثنی، أداة الاستثناء کے فوراً بعد آتا ہے۔

مستثنی منه:

جس اسم کے لئے حکم ثابت کیا جاتا ہے وہ مستثنی منه کہلاتا ہے اور یہ أداة الاستثناء سے پہلے آتا ہے۔

مذکورہ بالا مثال نَجَحَتِ الطَّالِبَاتُ إِلَّا زَيْنَبَ میں زَيْنَب مستثنی اور الطَّالِبَات مستثنی منه ہے۔

اسلوب استثناء کی تفصیل جاننے سے پہلے چند اصطلاحات کا سمجھ لینا ضروری ہے:

الکلام التام: وہ کلام جس میں مستثنی منه مذکور ہو، مثلاً: حَضَرَ الْقَوْمُ إِلَّا زَيْدًا میں مستثنی منه قوم مذکور ہے۔

الکلام الناقص: وہ کلام جس میں مستثنی منه مذکور نہ ہو، مثلاً: مَا حَضَرَ إِلَّا زَيْدٌ میں مستثنی منه (حضر کا فاعل) مذکور نہیں ہے۔

الکلام الموجب: وہ کلام جو مثبت ہو منفی نہ ہو، مثلاً: دَرَسَ الطَّالِبُ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيْلًا۔

الکلام غیر الموجب: وہ کلام جو منفی ہو (چاہے لفظاً ہو یا معنًی)، جیسے: مَا دَرَسَ الطَّالِبُ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيْلًا میں جملہ لفظاً منفی ہے اور يَأبَى الْمُسْلِمُ إِلَّا الصِّدْقَ میں جملہ معنًی منفی ہے۔ نهي، استفهام إنكاري [1] اور استفهام توبيخي وغیرہ بھی نفی کے حکم میں ہوتے ہیں۔

الاستثناء المتصل: وہ استثناء جس میں مستثنى، مستثنى منه کی جنس میں سے ہو استثناء متصل کہلاتا ہے یعنی مستثنى، مستثنى منه کے افراد میں سے ایک فرد ہو یا اس کا ایک جزء حقیقی ہو، جیسے: أَكَلْتُ الْأَرْنَبَ الْمَشْوِيَّ إِلَّا الْيَدَ میں مستثنى "اليد" مستثنى منه "الأَرْنَب" کا جزء حقیقی ہے اور حَضَرَ الطُّلَّابُ إِلَّا زَيْدًا میں مستثنى "زَيْد" مستثنى منه "الطلّاب" کا ایک فرد ہے۔

الاستثناء المنقطع: وہ استثناء جس میں مستثنى، مستثنى منه کی جنس میں سے نہ ہو استثناء منقطع کہلاتا ہے یعنی نہ تو اس کے افراد میں سے کوئی فرد ہو اور نہ ہی اس کا جزء حقیقی ہو، مثلاً: حَضَرَ الطُّلَّابُ إِلَّا سَيَّارَاتِهِم میں سَيَّارَات، طُلَّاب کا فرد نہیں ہے اور بَلَّتِ الطُّيُوْرُ إِلَّا أَعْشَاشَهُمْ میں أَعْشَاش، طُيُوْر کا جزء حقیقی نہیں ہے [2]۔

ألف: الاستثناء بإلّا

(ألف) وجوب نصب المستثنى بعد إلّا

١ـ قال تعالى: فَشَرِبُوْا مِنْهُ إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ.

٢ـ وَصَلَ الْحُجَّاجُ إِلَى بِلَادِهِم إِلَّا أَمْتِعَتَهُم.

٣ـ قال تعالى: مَا لَهُمْ بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ .

٤ـ وَمَالِيَ إِلَّا آلَ مُحَمَّدٍ شِيْعَةٌ.

(۱) استفهام إنكاري اور استفهام توبيخي دونوں میں مخاطب سے کوئی سوال کرنا مقصود نہیں ہوتا، استفهام إنكاري میں مخاطب پر نکیر کرنا اور استفهام توبيخي میں مخاطب کو ڈانٹنا مقصود ہوتا ہے، ان کے درمیان ایک فرق یہ بھی ہوتا ہے کہ استفهام إنكاري میں جس بات پر نکیر کی جاتی ہے وہ نہ حقیقت میں موجود ہوتی ہے نہ ہی اس کا حصول ممکن ہوتا ہے یعنی اس بات کا دعوی کرنے والا جھوٹا ہوتا ہے، مثلاً: ﴿كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَأَنْتُمْ تُتْلَى عَلَيْكُمْ آيَاتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهُ﴾، جبکہ استفهام توبيخي میں جس بات پر ڈانٹا جاتا ہے وہ ہوتی تو ممکنات میں سے ہے یعنی اس کا مدعی سچا ہوتا ہے، لیکن اس کے مذموم ہونے کی وجہ سے اس کا فاعل زیر عتاب آتا ہے، مثلاً: أَتَأْكُلُوْنَ أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ۔

(۲) استثناء منقطع کا یہ مطلب نہیں ہے کہ مستثنى، مستثنى منه سے من كل الوجوه منقطع ہو، بلکہ دونوں کے درمیان معنوی تعلق ہوتا ہے، جیسے: أعشاش، طيور کا جزء حقیقی تو نہیں، لیکن اس کا تعلق طيور سے ہے۔

(ب) النصب على الاستثناء أو الاتّباع على البدلية

١ ـ لَا يَفُوْزُ مِنَ الطُّلَّابِ أحدٌ إلّا المُجدَّ / المُجدُّ.

٢ ـ شَكَى المُعَلِّمُ إلى المُدِيْرِ عن تَقْصِيْرِ الطُّلَّابِ وَقَالَ: مَا قَامُوْا بِشُؤُوْنِ الْمَدْرَسَةِ إِلَّا قَلِيْلٌ مِنْهُمْ/ قَلِيْلاً.

٣ ـ مَنْ يَسْمُ إِلى ذَرْوَةِ الْكَمَالِ إِلَّا الْمُجْتَهِدُوْن.

(ج) إعراب ما بعد إلّا على حسب العوامل (الاستثناء المفرّغ)

١ ـ قال تعالى: فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُوْن.

٢ ـ قال تعالى: وَلا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ إِلَّا الْحَقَّ.

٣ ـ قال تعالى: وَلا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّءُ إِلَّا بِأَهْلِهِ.

٤ ـ قال تعالى: وَيَأْبَى اللّٰهُ إِلَّا أَنْ يُتِمَّ نُوْرَه.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالیں استثناء کے اسلوب پر مشتمل ہیں، اوران میں أداة الاستثناء حرف إلّا ہے، مجموعہ الف کی تمام مثالوں پرغور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مستثنی درج ذیل صورتوں میں وجوبا منصوب واقع ہوتا ہے:

ا۔ اگر کلام تام، موجب اور مستثنی متّصل ہوتو مستثنی وجوبا منصوب ہوتا ہے، جیسا کہ جملہ ا۔ فَشَرِبُوْا مِنْهُ إِلَّا قليلاً مِّنْهُمْ میں کلام تام ہے یعنی مستثنی منه (شربوا کا فاعل واو الجماعة) مذکور ہے اور مستثنی قلیلاً متّصل ہے کیونکہ مستثنی قلیلاً مستثنی منه (شربوا کا فاعل واوالجماعة) کی جنس میں سے ہے یعنی کم لوگ جنہوں نے پانی نہیں پیا وہ ان لوگوں کی جماعت میں شامل تھے جن لوگوں نے پانی پیا تھا۔

۲۔ اگر استثناء منقطع ہوتو چاہے کلام موجب ہو یا غیر موجب دونوں صورتوں میں مستثنی وجوبا منصوب [1] ہوتا ہے، جیسا کے جملہ ۲۔ وَصَلَ الحُجَّاجُ إلى بِلَادِهِم إلّا أَمتِعَتَهُم میں کلام موجب ہے اور مستثنی منقطع ہے۔ اور جملہ ۳۔ مَا لَهُمْ بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلَّا اتِّبَاعَ الظَّن میں کلام غیر موجب اور مستثنی منقطع ہے۔

(۱) یہ حجازیین کا مذہب ہے اور قرآن کی آیت ﴿وَمَا لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِن نِّعْمَةٍ تُجْزَى إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَى﴾ ﴿وَمَا لَهُمْ بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ﴾ اس پر شاہد ہے، لیکن بعض نحویین کے نزدیک اگر کلام تام غیر موجب ہو تو اس صورت میں مستثنی کے دو اعراب (١ ـ النصب على الاستثناء، ٢ ـ الاتباع على البدلية) جائز ہیں۔

۳۔ اگر مستثنی، مستثنی منه سے پہلے واقع ہوتو مستثنی وجوبا منصوب ہوتا ہے جیسا کہ جملہ۴۔ وَمالِيَ إلَّا آلَ مُحمَّدٍ شِيْعَة میں مستثنی آلَ مُحمَّدٍ مستثنی منه "شِيْعَة" سے پہلے واقع ہوا ہے۔

مجموعہ ب کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں مستثنی منہ مذکور ہے اور ان تمام جملوں کی ابتداء نفی (لفظا یا معنی) سے ہو رہی ہے اور مستثنی، مستثنی منہ کی جنس میں سے ہے، یعنی کلام تام، غیر موجب اور استثناء متّصل ہے اس صورت میں مستثنی کے دو اعراب جائز ہیں:

۱۔ النصب على الاستثناء ۲۔ الاتباع على البدلية

جملہ ۱۔ لا يفوز من الطلاب أحد إلَّا المُجِدّ / المُجدُّ أداة النفي "لا" سے شروع ہو رہا ہے اور چونکہ مستثنی منه أَحَدٌ اس میں مذکور ہے اس لئے مستثنی المُجدّ منصوب (على الاستثناء) بھی ہوسکتا ہے اور مرفوع (على البدلية) بھی۔ اسی طرح جملہ۲۔ ما قامُوْا بِشُؤُونِ الْمَدْرَسَةِ إلَّا قَلِيْلٌ مِنْهُمْ/ قَلِيْلا أداة النفي "ما" سے شروع ہو رہا ہے اور مستثنی منه فاعل واو الجماعة في "قَامُوا" في محل رفع ہے اس لئے مستثنی قَلِيْلٌ مرفوع (على البدلية) بھی ہوسکتا ہے اور منصوب (على الاستثناء) بھی۔ اور اسی پر مثال ۳ کو قیاس کریں گے۔

مجموعہ ج پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی تمام مثالیں (لفظاً یا معنًی) منفی ہیں اور ان میں مستثنی منہ محذوف ہے، چنانچہ اس صورت میں إلّا کے بعد آنے والے اسماء کے اعراب اپنے ماقبل عامل کے مطابق ہوں گے، جملہ ۱۔ فَهَلْ يُهْلَكُ إلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُوْن میں إلّا کے بعد آنے والا اسم القوم يُهْلَك کا نائب الفاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے اور جملہ۲۔ وَلا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ إلَّا الْحَقَّ میں الحَقَّ مفعول به ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اور جملہ۳۔ وَلا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّءُ إلَّا بِأَهْلِهِ میں أَهْلِهِ حرف جر باء کی وجہ سے مجرور ہے، یہ تینوں جملے منفی ہیں، کیونکہ ان سے پہلے حرف نفی (جیسے: لا) یا نفی سے مشابہ حروف (جیسے: هل) لفظاً موجود ہیں، جبکہ جملہ۴۔ وَيَأْبَى اللّٰهُ إلَّا أَنْ يُتِمَّ نُوْرَهُ میں بظاہر کوئی أداة النفي نہیں ہے، لیکن فعل يأبى معنی کے اعتبار سے نفی پر دلالت کرتا ہے اس لئے یہ جملہ بھی معنی کے اعتبار سے منفی ہے، چنانچہ اس آیت کی تقدیر یوں ہوگی: لا يريد الله إلّا إتمام نوره۔ اسے استثناء مفرّغ بھی کہتے ہیں، کیونکہ مستثنی منہ کے محذوف ہونے کی صورت میں إلّا سے پہلے واقع ہونے والا عامل اس کے بعد آنے والے اسم پر عمل کرنے کے لئے فارغ ہوتا ہے یعنی وہ إلّا سے پہلے واقع ہونے والے عامل کا معمول ہوتا ہے اور إلّا کا عمل باطل ہوجاتا ہے اور وہ

حصر کے معنی دیتا ہے۔

وقوع المستثنى جملة:

استثناء منقطع ہو یا متّصل، مستثنی جملہ بھی ہوسکتا ہے، جملہ اسمیہ بھی اور جملہ فعلیہ بھی۔ اور اس صورت میں مستثنی کے اعراب محلی ہوں گے، جیسے: ﴿لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُسَيْطِرٍ إِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَ كَفَرَ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ﴾

مَنْ تَوَلّٰى ....: جملة اسمية في محل نصب على الاستثناء المنقطع من الضمير "هم"۔

قواعد:

۱۔ أداة استثناء کے ذریعے اس کے بعد آنے والے اسم کو اس کے ماقبل کے حکم سے خارج کرنے کو استثناء کہتے ہیں۔

۲۔ اگر کلام تام اور موجب ہو اور استثناء متّصل ہو تو مستثنی وجوبا منصوب ہوگا۔

۳۔ اگر کلام تام ہو اور استثناء منقطع ہو تو مستثنی وجوبًا منصوب ہوگا۔

۴۔ اگر کلام تام ہو اور مستثنی مقدّم ہو اور مستثنی منه مؤخّر ہو تو مستثنی وجوبًا منصوب ہوگا۔

۵۔ اگر کلام تام اور غیر موجب ہو اور استثناء متّصل ہو تو مستثنی منصوب بھی ہوسکتا ہے اور مستثنی منه کا تابع بھی ہوسکتا ہے۔

۶۔ اگر کلام غیر تام اور غیر موجب ہو تو استثناء کے اعراب إلاّ سے ماقبل عامل کے مطابق ہونگے۔

إلاّ المكرّرة

أداة الاستثناء إلاّ کی تکرار کی صورت میں دو قسمیں ہیں:

۱۔ مؤكّدة ۲۔ مؤسِّسَة

۱۔ مؤكّدَة:

اس قسم میں إلاّ المكرّرة سے إلاّ الأولی کی توکید مقصود ہوتی ہے اور إلاّ المكرَّرة کے بعد واقع ہونے والے مستثنی منه کی درج ذیل تین صورتیں ممکن ہوتی ہیں:

۱، ۲۔ بدل یا عطف البیان، جیسے جملہ: لَمْ يتزوّج النبيُّ ﷺ بِكْرًا إلاّ بنت أبي بكر رضي الله عنه إلاّ عائشة رضي الله عنها

میں عائشة بدل الکل من الکل یا عطف البیان ہے، جبکہ إلّا الثانیة زائدہ ہے۔

۳۔عطف النسق، جیسے جملہ: حضَرَ القومُ إلا سعدًا وإلا زیدًا میں زیدًا عطف النسق ہے اور إلّا الثانیة تو کید لفظی ہے۔

۲۔ مؤسِّسَة:

اس صورت میں إلّا المکرّرة سے استثناء جدید مقصود ہوتا ہے، جیسے: بکر الفلاحون إلّا عَمْرًا إلّا سعیدًا إلّا محمودًا ۔اس اسلوب میں إلّا المکرّرة کے بعد واقع ہونے والا اسم مستثنی ہوتا ہے جبکہ مستثنی منه میں درج ذیل تفصیل ہے:

۱۔اگر إلّا المکرّرة سے قبل مذکور مستثنی سے استثناء ممکن نہ ہو تو اس صورت میں پہلا مستثنی منه باقی تمام مستثنی کا مستثنی منه ہوگا، جیسے مندرجہ بالا جملے میں سعیدًا اور محمودًا مستثنی ہیں جبکہ الفلاحون مستثنی منه ہے کیونکہ محمود کا سعید اور سعید کا عمرو سے استثناء ممکن نہیں۔

۲۔اگر إلّا المکرّرة سے قبل مذکور مستثنی سے استثناء ممکن ہو تو اس صورت میں إلّا المکرّرة سے ماقبل مذکور اسم کو مستثنی منه بنانا جائز ہے، جیسے جملہ: أنفقتْ فاطمةُ عشرة إلّا ستة إلّا ثلاثة إلّا واحدة۔

إلّا المؤسسة اور إلّا المؤكدة میں فرق یہ ہے کہ إلّا المؤكدة کو حذف کرنے سے ترکیب کلام میں خلل اور معنی میں فساد واقع نہیں ہوتا بخلاف المؤسسة کے۔

إلّا المکرّرة المؤسسة کے بعد واقع ہونے والے مستثنی کے اعراب کی درج ذیل صورتیں ممکن ہیں:

۱۔اگر کلام تام موجب ہے تو تمام مستثنی وجوبا منصوب ہوں گے، جیسے جملہ: ظهرت النجومُ إلّا القمرَ إلّا الشمسَ إلّا الزُحلَ۔

۲۔اگر کلام تام غیر موجب ہے تو تمام مستثنی وجوبا منصوب ہونگے سوائے پہلے مستثنی کے، اس میں دو اعراب (النصب علی الاستثناء، الاتباع علی البدلیة) جائز ہیں، جیسے: ما غابت النجوم إلا الشَّمْسُ إلّا القمرَ إلّا الزُحَلَ۔

۳۔اگر استثناء مفرغ ہے تو إلّا الأولی کے بعد واقع ہونے والے مستثنی کے اعراب موقع محل کے مطابق ہونگے جبکہ باقی تمام مستثنیات منصوب واقع ہوں گے۔

ب: الاستثناء بـ" غير وسوى"

(ألف) وجوب النصب

۱۔ يَنْقُصُ كُلُّ شَيْءٍ بِالإنْفَاقِ غَيْرَ الْعِلْمِ / سِوَى الْعِلْمِ.

۲۔قَرَأْتُ الْكِتَابَ غَيْرَ بَابَيْنِ / سِوَى بَابَيْنِ.

۳۔ أَهْدَيْتُ إلى زُمَلَائِي غَيْرَ غَائِبٍ/ سِوَى غائبٍ.

(ب) النصب على الاستثناء أو الاتّباع على البدليّة

۱۔ لا يَعْمَلُ أَحَدٌ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ غَيْرَ الْكَيِّسِ / غَيْرُ الْكَيِّسِ / سِوَى الْكَيِّسِ.

۲۔ لا أَسْلُكُ مَسْلَكًا غَيْرَ الْحَقِّ / سِوَى الْحَقِّ.

۳۔ لا يَخْضَعُ الْمُؤْمِنُ لأَحَدٍ غيرَ اللّٰه / غيرِ اللّٰه / سِوَى اللّٰه.

(ج) الاستثناء المفرّغ

۱۔ لا يُحِبُّ الأَنْصَارَ غيرُ مُؤْمِنٍ وَلا يُبْغِضُهُم غيرُ مُنَافِقٍ / سِوَى مُنَافِقٍ.

۲۔ لا تَثِقْ بِـغَيْرِ الأَمِيْنِ / سِوَى الأَمِيْنِ.

۳۔ لا تَبْتَغِ غَيْرَ الإسْلامِ / سِوَى الإسْلامِ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا تمام مثالوں میں أداة الاستثناء غیر اور سوی إلّا کی جگہ استعمال ہوئے ہیں اور اسی معنی پر دلالت کرتے ہیں جس پر إلّا کرتا ہے، فرق صرف یہ ہے کہ إلّا حرف ہے اور حرف کے اپنے کوئی اعراب نہیں ہوتے جبکہ غیر اور سوی اسماء ہیں اور ان کے اعراب إلّا کے بعد واقع ہونے والے مستثنی کی طرح ہوتے ہیں، چنانچہ جس طرح کلام تام اور موجب ہونے کی صورت میں إلّا کے بعد واقع ہونے والا مستثنی وجوبا منصوب ہوتا ہے اسی طرح غیر اور سوی اس صورت میں وجوبًا منصوب ہوتے ہیں اور جس طرح کلام کے تام اور غیر موجب ہونے کی صورت میں إلّا کے بعد واقع ہونے والے مستثنی میں اعراب کی دو صورتیں الاتباع علی البدلیة اور النصب علی الاستثناء جائز ہوتی ہیں اسی

طرح غیر اور سوی کے بھی اس صورت میں دونوں اعراب جائز ہوتے ہیں اور جس طرح کلام کے غیر تام اور غیر موجب ہونے کی صورت میں إلّا کے بعد واقع ہونے والا مستثنی إلّا کے ماقبل عامل کا معمول بنتا ہے اسی طرح غیر اور سوی بھی اپنے ماقبل عامل کے معمول بنتے ہیں۔ غیر اور سوی کے بعد آنے والا مستثنی ہمیشہ مفرد ہوتا ہے (یعنی جملہ یا شبہ الجملة نہیں ہوتا) اور مضاف إلیہ ہونے کی وجہ سے مجرور ہوتا ہے۔

مجموعہ الف کے تمام جملوں میں کلام تام اور موجب ہے لہذا سوی اور غیر مستثنی ہونے کی بنا پر وجوبا منصوب ہیں، مجموعہ ب کے تمام جملوں میں کلام تام اور غیر موجب ہونے کی بناء پر غیر اور سوی کے اعراب میں دو صورتیں جائز ہیں:

۱۔ الاتباع علی البدلية ۲۔ النصب على الاستثناء

مجموعہ ج کے تمام جملوں میں استثناء مفرّغ ہے لہذا سوی اور غیر کے اعراب ان سے پہلے واقع ہونے والے عامل کے مطابق ہیں۔

غیر اور سوی کے درمیان موازنہ:

غیر اور سوی کے درمیان درج ذیل امور میں فرق ہوتا ہے:

۱۔ غیر کے اعراب ظاہری حرکات سے ہوتے ہیں، جبکہ سوی کے اعراب (اسم مقصور ہونے کی وجہ سے) تقدیری حرکات سے کئے جاتے ہیں۔

۲۔ غیر کا استعمال عموماً نعت کے طور پر ہوتا ہے یا اسماء جامدہ (جیسے: مبتدأ، خبر، فاعل یا مفعول به) یا لا النافية کی طرح ہوتا ہے۔ أداة الاستثناء کے طور پر اسکا استعمال زیادہ نہیں ہوتا، جبکہ سوی کا استعمال عموماً أداة الاستثناء کے طور پر ہوتا ہے۔

۳۔ غیر کے بعد آنے والا مضاف الیہ کسی قرینے کی موجودگی کی بنا پر حذف بھی ہوسکتا ہے، جیسا کہ جملہ: عرفت خمسين ليس غير میں محذوف ہے یعنی ليس غير الخمسين جبکہ سوی کے مضاف الیہ کو حذف کرنا جائز نہیں، چنانچہ یہ کہنا صحیح نہیں: عرفت خمسين ليس سوى۔

قواعد:

۱۔غیر اور سوی کے اعراب تمام احوال میں إلّا کے بعد واقع ہونے والے مستثنٰی کی طرح ہوتے ہیں۔

۲۔غیر کے اعراب ظاہری اور سوی کے اعراب تقدیری ہوتے ہیں اور ان دونوں کے بعد آنے والا اسم مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے مجرور ہوتا ہے۔

ج: الاستثناء بـ "خلا، عدا، حاشا، ليس ولا يكون"

(ألف) خلا، عدا، حاشا

۱۔ سَيَفْنٰى كُلُّ شَيْءٍ في الحياة خَلَا وَجْهَ اللّٰه / وَجْهِ اللّٰه.

۲۔ يَغْفِرُ اللّٰهُ كُلَّ الذُّنُوْبِ عَدَا الشِّرْكَ باللّٰهِ / الشِّرْكِ باللّٰهِ.

۳۔ كُلُّ ابنِ آدَمَ خَطَّاءٌ حاشَا الأنبياءَ / الأنبياءِ.

(ب) مَا خَلَا، مَا عَدَا

۱۔ الشُّعَرَاءُ لَمْ يَخْلُ شِعْرُهُمْ من الغزل مَا خَلا الخنساءَ.

۲۔دَرَسْنَا أَبْوَابَ النَّحْوِ مَا عَدَا بَابَ النَّعْتِ.

(ج) لَيْسَ، لا يَكُون

۱۔ تَصْدَأُ كُلُّ المَعَادِنِ لَيْسَ ذَهَبًا.

۲۔ سَمِعْتُ الْقَصِيْدَةَ لا يَكُونُ بَيْتَيْنِ.

شرح وتفصیل:

مجموعہ الف اور ب کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں خَلاَ، عَدَا، حَاشَا أدوات الاستثناء کے طور پر استعمال ہوئے ہیں۔ان أدوات کی موجودگی میں ضروری ہے کہ استثناء میں درج ذیل امور ملحوظ رکھے جائیں:

۱۔استثناء متصل ہو(منقطع یا مفرغ نہ ہو)۔ ۲۔کلام تام ہو چاہے موجب ہو یا غیر موجب۔

مجموعہ الف کی تمام مثالیں ما سے مجرد ہیں، چنانچہ اس صورت میں ان أدوات کو بطور أفعال ماضية بھی استعمال

کر سکتے ہیں اور بطور حروف جارۃ بھی۔ اور جب یہ أدوات بطور افعال استعمال ہوں گی تو ان کے بعد والا اسم مفعول بہ ہونے کی بنا پر منصوب ہوگا اور جب ان کو حروف جارہ کے طور پر لایا جائے گا تو ان کے بعد آنے والا اسم مجرور ہوگا، جیسا کہ مجموعہ الف کے ذیل میں جملہ ا۔ سَيَفْنى كُلُّ شَيْءٍ في الحياة خَلَا وَجْهَ اللهِ / وَجْهِ اللهِ میں خَلَا کے بعد واقع ہونے والا اسم وَجْـــہ منصوب بھی ہوسکتا ہے اور مجرور بھی یعنی اس میں دونوں صورتیں جائز ہیں۔ اسی پر مثال ۲ اور ۳ کو قیاس کریں گے۔

مجموعہ ب کے ذیل میں دونوں مثالیں أدوات الاستثناء (خلا ، عدا) ما المصدرية سے مقترن ہیں چنانچہ اس صورت میں یہ أدوات صرف افعال کے طور پر ہی آ سکتی ہیں اور ان کے بعد آنے والا اسم مفعول بہ ہونے کی بناء پر منصوب ہوگا۔

مجموعہ ج کی مثالیں لَيْسَ، لَا يَكُون پر مشتمل ہیں یہ أفعال ناقصة میں سے ہیں جو اسم کو مرفوع اور خبر کو منصوب کرتے ہیں، کبھی یہ دونوں إلّا استثنائية کا معنی بھی دیتے ہیں، اس صورت میں جس طرح إلّا سے استثناء کیا جاتا ہے اسی طرح ان دونوں سے بھی کیا جاتا ہے، ان کا مستثنى وجوبا منصوب ہوتا ہے کیونکہ وہ ان کی خبر بن کر آتا ہے، جیسا کہ مثالوں سے واضح ہے۔

قواعد:

۱۔ أدوات الاستثناء " خلا ، عدا ، حاشا" افعال کے طور پر بھی استعمال ہوتی ہیں اور حروف جارہ کے طور پر بھی۔

۲۔ خلا اور عدا "ما" سے مقترن ہونے کی صورت میں صرف افعال کے طور پر آتے ہیں۔

۳۔ أدوات الاستثناء "ليس" اور "لا يكون" کا مستثنى ان کی خبر ہونے کی بنا پر وجوبا منصوب ہوتا ہے۔

التمرين - ۱

استخرج أداة الاستثناء والمستثنى والمستثنى منه مما يأتي وأعرب المستثنى واذكر نوعه:

نموذج: كُلُّ العَدَاوَاتِ تُرْجَى إِزَالَتُهَا إِلَّا عَدَاوَةَ مَنْ عَادَاكَ مِنْ حَسَدٍ.

إلا: أداة الاستثناء. العداوات: مستثنى منه.

عَدَاوَةَ: مستثنى منصوب على الاستثناء وجوبًا وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره والاستثناء متصل والكلام تام موجب.

٢ ـ لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ إِلَّا الحَمَاقَةَ فَإِنَّهُ لَا دَوَاءَ لَهَا.

٣ ـ مَا أَخْرَجَ البُخَارِيُّ مِن حَدِيْثِ أَحْمَدَ إِلَّا حَدِيْثَيْنِ.

٤ ـ قَدْ يَهُوْنُ العُمْرُ إِلَّا سَاعَةً وَتَهُوْنُ الأَرْضُ إِلَّا مَوْضِعًا.

٥ ـ قَالَ أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ: مَا كَتَبْتُ حَدِيْثًا إِلَّا وَقَد عَمِلْتُ بِهِ.

٦ـ إِنَّ هذَا الرَّجُلَ يَدَّعِي العِلْمَ وَمَا هُوَ إِلَّا جَاهِلٌ يُقَلِّبُ الحَقَائِقَ.

٧ ـ لَمْ يُخْرِجْ مُسْلِمٌ فِي صَحِيْحِهِ عَنْ أَحْمَدَ شَيْئًا إِلَّا قَدْرَ ثَلَاثِيْنَ حَدِيْثًا.

٨ ـ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ يَجْعَلُ يَمِيْنَهُ لِطَعَامِهِ وَيَجْعَلُ شِمَالَهُ لِمَا سِوَى ذٰلِكَ.

٩ ـ قَالَ الشَّافِعِيُّ: مَا نَاظَرْتُ أَحَدًا إِلَّا تَمَعَّرَ وَجْهُهُ مَا خَلَا مُحَمَّدَ بنَ الحَسَنِ.

١٠ ـ إِنَّ ثُلُثَيْ كِتَابِ أَبِي دَاودَ صِحَاحٌ وَمَا عَدَاهَا حِسَانٌ وَضِعَافٌ ضُعْفًا يَسِيْرًا.

١١ ـ عَنِ الشَّعْبِيِّ وَالحَسَنِ قَالَا: لَيْسَ فِي العِظَامِ قِصَاصٌ مَا خَلَا السِّنَّ أَوِ الرَّأْسَ.

١٢ ـ عَن عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ لَا يَحْجبُهُ مِنْ قِرَاءَةِ القُرْآنِ شيءٌ لَيْسَ الجَنَابَةَ.

١٣ ـ كَلِمَةٌ وَاحِدَةٌ لَيْسَتْ غَيْرَ في بعض الأحيان تُقَلِّبُ حَيَاتَ إنسان رَأْسًا عَلى عَقِبٍ.

١٤ ـ قَالَ سَهْلُ بنُ مزَاحِم: كُنَّا نَدْخُلُ عَلى أَبِيْ حَنِيْفَةَ فَلَا نَرَى فِي بَيْتِهِ شَيْئًا إِلَّا البَوَارِي.

١٥ ـ لَمْ يُخْرِجْ أَحْمَدُ فِي مُسْنَدِهِ عَنْ مَالِكٍ عَن نَافِعٍ بِطَرِيْقِ الشَّافِعِيِّ سِوَى أَرْبَعَةِ أَحَادِيْثَ.

١٦ ـ إِنَّ بَنَاتِ النَّبِيِّ ﷺ الطَاهِرَاتِ مِتْنَ كُلُّهُنَّ فِيْ حَيَاتِهِ ﷺ غَيْرَ السَّيِّدَةِ الزَّهْرَاءِ فَإِنَّهَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تُوُفِّيَتْ بَعْدَهُ بِسِتَّةِ أَشْهرٍ.

١٧ ـ قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ القَاسِمِ: كُلُّ عَمَلٍ يُعْرَفُ ثَوَابُهُ إِلَّا الصَبْرَ، قالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: ﴿إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ﴾.

١٨ ـ قالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَيُّكُمْ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ فِي الجَدَّةِ شَيْئًا؟ فقالَ مُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ: أَنَا، قَالَ: مَاذَا قالَ؟ قالَ: أَعْطَاهَا رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ سُدُسًا، قالَ: أ يَعْلَمُ ذٰلِكَ أحَدٌ غَيْرُكَ؟ فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: أَنَا، فَأعطاها أَبُو بَكْرٍ السُّدُسَ.

التمرين ـ ٢

مثّل لما يأتي في جمل مفيدة:

١ ـ مستثنى منقطع. ٢ ـ غير الاستثنائية. ٣ ـ مستثنى واجب النصب.

٤ ـ مستثنى مفرغ. ٥ ـ ليس الاستثنائية. ٦ ـ مستثنى جائز النصب والاتباع.

٧ ـ مستثنى جملة. ٨ ـ لا يكون الاستثنائية. ٩ ـ أداة الاستثناء يجوز جر ما بعدها و نصبه.

١٠ ـ مستثنى متصل. ١١ ـ أداة الاستثناء "حاشا". ١٢ ـ مستثنى بـ "عدا" بشرط أن يكون مثنى.

التمرين ـ ٣

اجعل كلّ اسم مما يأتي مستثنى في جملة مفيدة وبيّن حكمه الإعرابي:

١ ـ أخوك. ٢ ـ كتابان. ٣ ـ وردتان. ٤ ـ عصفور.

التمرين ـ ٤

ضع في كل مكان من الأمكنة الخالية مستثنى مناسبا واضبطه بالشكل وإذا جاز في بعضها وجهان فاذكرهما:

نموذج: مَا سَعَى المُؤْمِنُ فِي أَمْرٍ إلَّا الخَيْرَ / الخَيْرِ.

٢ ـ لَا مَلْجَأَ لَنَا اليَوْمَ أحَدٌ إلَّا ـــــ. ٣ ـ لَمْ يَكْسِبُ الشَّقِيُّ سِوَى ـــــ .

٤ ـ الكَافِرُ لَا يَهُمُّهُ هَمٌّ إلَّا ـــــ. ٥ ـ مَا أَكْرَمَ النِّسَاءَ إلَّا ـــــ وَ لَا أَهَانَهُنَّ إلَّا ـــــ.

٦ ـ كَانَ أَبُو بَكْرٍ ﷺ يُحَرِّرُ عَبِيْدًا ضِعافَ الجَسَدِ لَا لِشَيْءٍ إلَّا ـــــ.

٧ ـ مَنْ رَفَضَ الإِيْمَانَ وَ أَبَى إلَّا ـــــ أَنْزَلَ اللّٰهُ بِهِ مَا شَاءَ مِنَ العَذَابِ.

٨ـ تيَقَّنَ زَيْدٌ أنَّ مَا نَزَلَ بِهِ مِنْ نِقْمَةٍ لَيْسَ إلَّا ـــــ على نَكَارَتِهِ الْجَمِيْلَ.

٩ـ قالَ كَعْبٌ ﷺ: لَمْ أَتَخَلَّفْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا قَطُّ إلَّا ـــــ.

١٠ـ قالَ معاذُ بْنُ جَبَلٍ عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ: واللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ إلَّا ـــــ.

التمرين ـ ٥

ضع في كلّ مكان من الأمكنة الخالية مستثنى منه مناسبًا:

نموذج: يغفر اللّٰه كل ذنب ما عدا الشرك.

٢ـ رَسَبَ ـــــ حاشَا زَيْدًا. ٣ـ لَا تَخْشَ مِن ـــــ غيرَ غَضَبِ اللّٰهِ.

٤ـ كُلُّ ـــــ النَّبِي ﷺ ثَيِّباتٌ سِوى عَائِشَة رضي اللّٰه عَنْها.

٥ـ يُضَاعَفُ العَذابُ لِـ ـــــ يوم القيامة إلا مَن تابَ وَآمَنَ وأَصْلَحَ.

٦ـ قالَ سَعْدٌ ﷺ: رَأَيْتُنِي سَابِعَ سَبْعَةٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ مَا لَنَا ـــــ إلَّا وَرَقُ الحبلةِ حتّى يَضَعَ أحَدُنا مَاتَضَعُ الشَّاةُ.

التمرين ـ ٦

ضع "غير" بدل "إلّا" في الجمل الآتية واضبطها بالشكل مع بيان السبب:

نموذج: وما المَالُ والأهلُونَ إلا وَدَائِع ولا بدَّ يومًا أن تُرَدَّ الوَدائِعُ

إلا ودائع: غير ودائع. غير: خبر مرفوع لأن الاستثناء مفرغ.

٢ـ لا نَقْبَلُ حَياةً لِلْمُسْلِمِيْنَ إلَّا حَياةَ الوحْدة. ٣ـ لَا تُصَاحِبْ إلَّا مُؤْمِنًا وَلَا يأكُلْ طَعامَكَ إلا تَقِيّ.

٤ـ قُتِلَ مُصْعَبُ بن عُمَيْر ﷺ يومَ أُحُدٍ فلَمْ نَجِدْ لَهُ شيئًا نُكَفِّنُهُ فِيهِ إلَّا نَمِرَةً.

٥ـ أرسَلَ اللّٰهُ ﷻ نوحًا عليه السلام إلى قومِهِ ولكنَّهُ لَم يُؤْمِنْ منهُمْ إلَّا قَلِيْلٌ.

٦ـ قالَ سَعْدٌ ﷺ: يا نَبِيَّ اللّٰهِ إنّي أمْلِكُ مالاً وَإنّي لَمْ أتْرُك إلا بِنْتًا وَاحِدَةً فأُوْصِي بِثُلُثَي مالي وَأتْرُكُ الثُّلُث...

التمرين - ٧

أعرب كلمة "غير" وميّز الاستثنائية عن غيرها :

نموذج: ١ - قَالَ أَبُو بَكْرٍ ﷺ: لَا أَرَى يَمِيْنًا أُرَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا إِلَّا قَبِلْتُ رُخْصَةَ اللّٰهِ وَفَعَلْتُ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ.

غيرها: مفعول به منصوب، وليس فيه أسلوب الاستثناء.

٢ - عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ لَمْ يَكُنْ يَدْخُلُ بَيْتًا بِالْمَدِيْنَةِ غَيْرَ بَيْتِ أُمِّ سُلَيْمٍ إِلَّا عَلَى أَزْوَاجِهِ فَقِيْلَ لَهُ فَقَالَ: إِنِّي أَرْحَمُهَا قُتِلَ أَخُوهَا مَعِي.

غير بيت: منصوب على الاستثناء جوازًا، ويجوز نصبه على البدلية؛ لأن الكلام تام غير موجب والاستثناء متصل.

٣ - قَالَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى مِلَّةٍ غَيْرِ الإِسْلَامِ فَهُوَ كَمَا قَالَ.

٤ - قَالَ ﷺ: مَنْ أُفْتِيَ بِفُتْيَا مِنْ غَيْرِ ثَبَتٍ فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى مَنْ أَفْتَاهُ.

٥ - قَالَ عَلِيٌّ ﷺ: مَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَجْمَعُ أَبَوَيْهِ لِأَحَدٍ غَيْرِ سَعْدٍ.

٦ - عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما: مَا صَامَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ شَهْرًا كَامِلًا قَطُّ غَيْرَ رَمَضَانَ.

٧ - قَالَ ﷺ: أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلَى أَفْضَلِ الصَّدَقَةِ؟ ابْنَتُكَ مَرْدُوْدَةً إِلَيْكَ لَيْسَ لَهَا كَاسِبٌ غَيْرُكَ.

٨ - قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ، لَا يَلْقَى اللّٰهَ بِهِمَا عَبْدٌ غَيْرَ شَاكٍّ فِيهِمَا إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ.

٩ - عَنْ أَبِي مُوسَى ﷺ قَالَ: قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ ﷺ بَعْدَ أَنِ افْتَتَحَ خَيْبَرَ فَقَسَمَ لَنَا وَلَمْ يَقْسِمْ لِأَحَدٍ لَمْ يَشْهَدِ الْفَتْحَ غَيْرَنَا.

١٠ - عَنْ أَنَسٍ ﷺ خَادِمِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ ﷺ وَلَيْسَ فِي أَصْحَابِهِ أَشْمَطُ غَيْرَ أَبِي بَكْرٍ فَغَلَفَهَا بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ.

١١ - أَتَتِ النَّبِيَّ ﷺ بَوَاكِي فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيْثًا مَرِيْئًا مَرِيْعًا نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ عَاجِلًا غَيْرَ آجِلٍ، قَالَ: فَأَطْبَقَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ.

١٢ـ قَالَﷺ: إِنَّ مِنْ إِجْلَالِ اللّٰهِ إِكْرَامَ ذِي الشَّيْبَةِ الْمُسْلِمِ وَحَامِلِ الْقُرْآنِ غَيْرِ الْغَالِي فِيْهِ وَالْجَافِي عَنْهُ وَإِكْرَامَ ذِي السُّلْطَانِ الْمُقْسِطِ.

١٣ـ قَالَ عُمَرُؓ: صَلَاةُ الْجُمُعَةِ رَكْعَتَانِ وَصَلَاةُ الْفِطْرِ رَكْعَتَانِ وَصَلَاةُ الْأَضْحٰى رَكْعَتَانِ وَصَلَاةُ السَّفَرِ رَكْعَتَانِ تَمَامٌ غَيْرُ قَصْرٍ عَلٰى لِسَانِ مُحَمَّدٍ.

١٤ـ إِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ ﷺ أَخْبَرَنَا أَنَّ إِبْرٰهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمَّا أُلْقِيَ فِي النَّارِ لَمْ تَكُنْ فِي الْأَرْضِ دَابَّةٌ إِلَّا أَطْفَأَتِ النَّارَ غَيْرَ الْوَزَغِ فَإِنَّهَا كَانَتْ تَنْفُخُ عَلَيْهِ فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ بِقَتْلِهِ.

١٥ـ قَالَﷺ: مَا مِنْ أَحَدٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يُحِبُّ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا وَإِنَّ لَهُ مَا عَلَى الْأَرْضِ مِنْ شَيْءٍ غَيْرَ الشَّهِيْدِ فَإِنَّهُ يَتَمَنّٰى أَنْ يَرْجِعَ فَيُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِمَا يَرٰى مِنَ الْكَرَامَةِ.

١٦ـ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَامَ يَعْنِي يَوْمَ بَدْرٍ فَقَالَ: إِنَّ عُثْمَانَ انْطَلَقَ فِي حَاجَةِ اللّٰهِ وَحَاجَةِ رَسُولِ اللّٰهِ وَإِنِّي أُبَايِعُ لَهُ فَضَرَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ بِسَهْمٍ وَلَمْ يَضْرِبْ لِأَحَدٍ غَابَ غَيْرِهِ.

١٧ـ عَنْ أَسْمَاءَ رضي الله عنها أَنَّ امْرَأَةً قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! إِنَّ لِي ضَرَّةً فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ إِنْ تَشَبَّعْتُ مِنْ زَوْجِي غَيْرَ الَّذِي يُعْطِينِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: الْمُتَشَبِّعُ بِمَا لَمْ يُعْطَ كَلَابِسِ ثَوْبَي زُوْرٍ.

١٨ـ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ شُغِلَ عَنْهَا (صَلَاة الْعِشَاء) لَيْلَةً فَأَخَّرَهَا حَتّٰى رَقَدْنَا فِي الْمَسْجِدِ ثُمَّ اسْتَيْقَظْنَا ثُمَّ رَقَدْنَا ثُمَّ اسْتَيْقَظْنَا ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ثُمَّ قَالَ: لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ اللَّيْلَةَ يَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ غَيْرُكُمْ.

١٩ـ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ: قَدِمَ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ رضي الله عنهما الْمَدِيْنَةَ آخِرَ قَدْمَةٍ قَدِمَهَا فَخَطَبَنَا فَأَخْرَجَ كُبَّةً مِنْ شَعَرٍ فَقَالَ: مَا كُنْتُ أُرٰى أَنَّ أَحَدًا يَفْعَلُ هٰذَا غَيْرَ الْيَهُوْدِ وَإِنَّ النَّبِيَّ ﷺ سَمَّاهُ الزُّوْرَ يَعْنِي الْوِصَالَ فِي الشَّعَرِ.

٢٠ـ قَالَ أَنَس ؓ: مَا كَانَ لَنَا خَمْرٌ غَيْرُ فَضِيْخِكُمْ هٰذَا الَّذِي تُسَمُّونَهُ الْفَضِيْخَ فَإِنِّي لَقَائِمٌ أَسْقِي أَبَا طَلْحَةَ وَفُلَانًا وَفُلَانًا إِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: وَهَلْ بَلَغَكُمُ الْخَبَرُ؟ فَقَالُوا: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: حُرِّمَتِ الْخَمْرُ، قَالُوا: أَهْرِقْ هٰذِهِ الْقِلَالَ يَا أَنَسُ!، قَالَ: فَمَا سَأَلُوا عَنْهَا وَلَا رَاجَعُوهَا بَعْدَ خَبَرِ الرَّجُلِ.

التمرين ـ ٨

استخرج أداة الاستثناء والمستثنى والمستثنى منه من الآيات الآتية وأعرب المستثنى واذكر نوعه:

نموذج: قال تعالى: فَسَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ إِلَّا إِبْلِيسَ.

إلا: أداة الاستثناء الملائكة: مستثنى منه.

إِبْلِيسَ: منصوب وجوبًا على الاستثناء المنقطع، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، ولم ينوّن لأنه ممنوع من الصرف للعجمية والعلمية، والكلام تام موجب.

٢ ـ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا.

٣ ـ وَأَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ.

٤ ـ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ.

٥ ـ وَمِنْهُمْ أُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ.

٦ ـ وَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ إِلٰى أَهْلِهِ إِلَّا أَنْ يَصَّدَّقُوْا.

٧ ـ وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ إِبْرَاهِيْمَ إِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهُ.

٨ ـ إِنَّ النَّفْسَ لَأَمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ إِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّي.

٩ ـ فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَا إِيْمَانُهَا إِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ.

١٠ ـ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَأْثِيْمًا إِلَّا قِيْلًا سَلَامًا سَلَامًا.

١١ ـ وَمَا لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰى إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلٰى.

١٢ ـ عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهِ أَحَدًا إِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ.

١٣ ـ وَالْعَصْرِ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِي خُسْرٍ إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ.

١٤ ـ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَنْ يَّأْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ.

١٥ ـ كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهِ إِلَّا الَّذِيْنَ عَاهَدْتُّمْ.

١٦ ـ لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ.

١٧ ـ وَحَفِظْنَاهَا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ رَّجِيْمٍ إِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ.

١٨ ـ إِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَأَصْلَحُوْا.

١٩ ـ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْ بَعْدِ إِيْمَانِهِ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ

غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ.

٢٠ ـ قُلْ إِنِّيْ لَا أَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا قُلْ إِنِّي لَنْ يُّجِيْرَنِي مِنَ اللّٰهِ أَحَدٌ وَّلَنْ أَجِدَ مِنْ دُوْنِهِ مُلْتَحَدًا إِلَّا بَلَاغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسَالَاتِهِ.

التمرين ـ ٩

استخرج الشاهد من الأحاديث الآتية وأعربه كما في المثال:

نموذج: عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّهُمْ ذَبَحُوْا شَاةً، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَا بَقِيَ مِنْهَا؟ قَالَتْ: مَا بَقِيَ مِنْهَا إِلَّا كَتِفُهَا، قَالَ ﷺ: بَقِيَ كُلُّهَا غَيْرَ كَتِفِهَا.

إلّا: للحصر. كتف: فاعل، مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره، والاستثناء مفرغ.

كلُّها: ها: مستثنى منه، مجرور بالإضافة، مضاف إليه، في محل جر. غير: أداة الاستثناء، منصوب وجوبًا؛ لأن لكلام تام موجب، والاستثناء متصل، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره. كتف: مستثنى، مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

٢ ـ قَالَ ﷺ: إِنَّ فِي الْمَالِ حَقًّا سِوَى الزَّكَاةِ.

٣ ـ قَالَ ﷺ: لَا يَمُوتُ لِمُسْلِمٍ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ فَيَلِجَ النَّارَ إِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ.

٤ ـ قَالَ ﷺ: رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ يَوْمٍ فِيمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَنَازِلِ.

٥ ـ قَالَ خَبَّابٌ رضي الله عنه: الْمُسلِمُ يُؤْجَرُ فِي كُلِّ شَيْءٍ خَلَا مَا يَجعَلُ فِي هَذَا التُّرَابِ.

٦ ـ قَالَ ﷺ: إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ اسْمًا مِئَةً إِلَّا وَاحِدًا مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ.

٧ ـ قَالَ ﷺ: أَصدَقُ كَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيدٍ: أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلٌ.

٨ ـ قَالَ ﷺ: صَلَاةٌ فِي مَسجِدِي هَذَا خَيرٌ مِن أَلفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ إِلَّا الْمَسجِدَ الْحَرَامَ.

٩ ـ قَالَ ﷺ: مَنْ أَمْسَكَ كَلْبًا فَإِنَّهُ يَنْقُصُ كُلَّ يَوْمٍ مِنْ عَمَلِهِ قِيرَاطٌ إِلَّا كَلْبَ حَرْثٍ أَوْ مَاشِيَةٍ.

١٠ ـ قَالَ ﷺ: لَا تَدْخُلُوا مَسَاكِنَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ إِلَّا أَنْ تَكُونُوا بَاكِينَ أَنْ يُصِيْبَكُمْ مِثْلُ مَا أَصَابَهُمْ.

١١ ـ قَالَ ﷺ: مَا لأَحَدٍ عِندَنَا يَدٌ إلا وَقَد كَافَينَاهُ مَا خَلاَ أبَا بَكرٍ فَإنَّ لَهُ عِندَنَا يَدًا يُكَافِيهِ اللّٰهُ بِهَا يَومَ القِيَامَةِ.

١٢ ـ قَالَ ﷺ: لَوْ كَانَ لِي مِثْلُ أُحُدٍ ذَهَبًا لَسَرَّنِي أَنْ لَا يَمُرَّ عَلَيَّ ثَلَاثُ لَيَالٍ وَعِنْدِي مِنْهُ شَيْءٌ إِلَّا شَيْءٌ أُرْصِدُهُ لِدَيْنٍ.

١٣ ـ قَالَ ﷺ: الْحَائِضُ وَالنُّفَسَاءُ إِذَا أَتَتَا عَلَى الْوَقْتِ تَغْتَسِلَانِ وَ تُحْرِمَانِ وَتَقْضِيَانِ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا غَيْرَ الطَّوافِ بِالْبَيْتِ.

١٤ ـ قَالَ ﷺ: كُلُّ بَنِي آدَمَ يَطْعُنُ الشَّيْطَانُ فِي جَنْبَيْهِ بِإِصْبَعِهِ حِيْنَ يُولَدُ غَيْرَ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ ذَهَبَ يَطْعَنُ فَطَعَنَ فِي الْحِجَابِ.

١٥ ـ قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰه ﷺ اسْتَكْمَلَ صِيَامَ شَهْرٍ إِلَّا رَمَضَانَ وَمَا رَأَيْتُهُ أَكْثَرَ صِيَامًا مِنْهُ فِي شَعْبَانَ.

١٦ ـ قَالَ ﷺ: مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ كَرَجُلٍ بَنَى دَارًا فَأَكْمَلَهَا وَأَحْسَنَهَا إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَدْخُلُونَهَا وَيَتَعَجَّبُونَ وَيَقُولُونَ لَولَا مَوضِعُ اللَّبِنَةِ.

١٧ ـ قَالَ ﷺ: لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلًا غَيْرَ رَبِّي لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ وَلَكِنْ أُخُوَّةُ الإِسْلَامِ وَمَوَدَّتُهُ، لَا يَبْقَيَنَّ فِي الْمَسْجِدِ بَابٌ إِلَّا سُدَّ إِلَّا بَابَ أَبِي بَكْرٍ.

١٨ ـ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُصَلِّي فِي السَّفَرِ عَلَى رَاحِلَتِهِ حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهِ يُومِي إِيْمَاءً صَلَاةَ اللَّيْلِ إِلَّا الفَرَائِضَ وَيُوتِرُ عَلَى رَاحِلَتِهِ.

١٩ ـ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: لَدَدْنَا النَّبِيَّ ﷺ فِي مَرَضِهِ فَقَالَ: لَا تَلُدُّونِي، فَقُلْنَا: كَرَاهِيَةَ الْمَرِيْضِ لِلدَّواءِ فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ: لَا يَبْقَى أَحَدٌ مِنْكُمْ إِلَّا لُدَّ غَيْرَ الْعَبَّاسِ فَإِنَّهُ لَمْ يَشْهَدْكُمْ.

٢٠ ـ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ خَتَنِ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ أَخِي جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ ﷺ قَالَ: مَا تَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ عِنْدَ مَوْتِهِ دِرْهَمًا وَلَا دِيْنَارًا وَلَا عَبْدًا وَلَا أَمَةً وَلَا شَيْئًا إِلَّا بَغْلَتَهُ الْبَيْضَاءَ وَأَرْضًا جَعَلَهَا صَدَقَةً.

٢١ ـ قَالَ ﷺ: إِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ وَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلَى أَعْنَاقِهِمْ فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ: قَدِّمُونِي وَإِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ: يَا وَيْلَهَا أَيْنَ يَذْهَبُونَ بِهَا يَسْمَعُ صَوتَهَا كُلُّ شَيْءٍ إِلَّا الإِنْسَانَ وَلَوْ سَمِعَهُ صَعِقَ.

٢٢ـ قَالَ ﷺ: حَرَّمَ اللّٰهُ مَكَّةَ فَلَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِي وَلَا لِأَحَدٍ بَعْدِي، أُحِلَّتْ لِي سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ لَا يُخْتَلَى خَلَاهَا وَلَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا وَلَا تُلْتَقَطُ لُقَطَتُهَا إِلَّا لِمُعَرِّفٍ فَقَالَ الْعَبَّاسُ ﷺ: إِلَّا الْإِذْخِرَ لِصَاغَتِنَا وَقُبُورِنَا فَقَالَ: إِلَّا الْإِذْخِرَ.

التمرين ـ ١٠

نموذج في الإعراب:

١ـ قَالَ ﷺ: إِنَّ فِي الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ شِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ إِلَّا السَّامَ.

قال: فعل ماض، مبني على الفتح، وفاعله ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هو".

صلّى: فعل ماض، مبني على الفتحة المقدرة على الألف، منع من ظهورها التعذر.

اللّٰه: لفظ الجلالة فاعل مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

عليه: على: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب، **ه:** ضمير متصل، مبني على الكسرة، في محل جر بحرف جر.

و: عاطفة، مبنية على الفتح، لا محل لها من الإعراب.

سلّم: فعل ماض، مبني على الفتح وفاعله ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هو".

إن: حرف نصب وتوكيد ومشبه بالفعل، لا محل له من الإعراب.

في الحبة: في: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب، **الحبة:** اسم مجرور بحرف جر، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره، والجار والمجرور متعلقان بخبر مقدم محذوف لـ "إن".

السوداء: نعت لـ "الحبة" مجرور، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

شفاء: اسم "إن" مؤخر منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

من كل: من: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب، **كل:** اسم مجرور بحرف جر، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

والجار والمجرور متعلقان باسم مؤخر "إن".

داء: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره، وهو مستثنى منه.

إلا: أداة الاستثناء، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب.

السَّام: منصوب على الاستثناء المتصل وجوبًا؛ لأن الكلام تام موجب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

الجملة "قال ﷺ": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "صلّى الله عليه وسلم": دعائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "إن في الحبة السوداء شفاء .... الخ": في محل نصب، مقول القول.

٢ـ أعجبتني القصيدة كُلُّها حاشا بيتٍ / بيْتًا / ما عدا بيتًا.

أعجبتْ: أعجب: فعل ماض، مبني على الفتحة. **ت:** للتأنيث، لا محل لها من الإعراب. **ن:** للوقاية. **ي:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل نصب مفعول به.

القصيدة: مستثنى منه، فاعل مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

كلها: كل: توكيد معنوي مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

ها: ضمير متصل، مبني على السكون، في محل جر بالإضافة، مضاف إليه.

١ـ حاشا: حرف جر، مبني على السكون.

بيت: مستثنى، مجرور بحرف جرٍّ، وعلامة جره الكسرة الظاهره على آخره.

حاشا بيت: الجار والمجرور متعلقان بـ "أعجبت".

٢ـ حاشا: فعل ماض جامد، مبني على السكون، وفاعله ضمير مستتر وجوبًا: "هو" يعود إلى المستثنى منه.

بيتا: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

الجملة "أعجبتني القصيدة ....": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة الفعلية "حاشا بيتا": في محل نصب حال من المستثنى منه.

٣ـ ما: مصدرية، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب.

عدا: فعل ماض جامد، مبني على السكون، وفاعله ضمير مستتر، تقديره: "هو" يعود إلى المستثنى منه.

بيتا: مستثنى مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

ما عدا بيتا: الجملة في محل نصب حال من المستثنى منه.

أعرب الجمل الآتية:

١ ـ لَا يَعْمَلُ أَحَدٌ لِمَا بَعْدَ المَوْتِ سِوَى الكَيِّسِ.

٢ ـ قَالَ ﷺ: مَن حَلَفَ بِمِلَّةٍ سِوَى الإِسْلَامِ كَاذِبًا مُتَعَمِّدًا فَهُوَ كَمَا قَالَ.

٣ ـ جَزِيْرَةُ العَرَبِ مُحِيْطَةٌ بِالمَاءِ مِن جَمِيعِ الجِهَاتِ حَاشَا جِهَةٍ وَاحِدَةٍ.

٤ ـ قَالَ ﷺ: كُلُّ ابْنِ آدَمَ تَأْكُلُهُ الْأَرْضُ إِلَّا عَجْبَ الذَّنَبِ، مِنْهُ خُلِقَ وَفِيْهِ يُرَكَّبُ.

٥ ـ قال ﷺ: لَا تَكْتُبُوا عَنِّي شيئًا إِلَّا القُرْآن، مَنْ كَتَبَ عَنِّي شَيْئًا غَيْرَ القُرْآنِ فَلْيَمْحُه.

٦ ـ قَالَ ﷺ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ: كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهُ إِلَّا الصَّوْمَ فَإِنَّهُ لِي، وَأَنَا أَجْزِيْ بِهِ.

٧ ـ قالَ رسولُ اللّٰهِ ﷺ : أَصْدَقُ كَلِمَةٍ قالَهَا الشاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيْدٍ: أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ باطِلٌ.

٨ ـ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نوحًا إِلَى قَوْمِهِ فَلَبِثَ فِيْهِمْ أَلْفَ سَنَةٍ إِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا فَأَخَذَهُمُ الطُّوفَانُ وَهُمْ ظَالِمُوْنَ.

الدرس الخامس والعشرون

النداء

الأمثلة:

(أ) عَلَم مفرد

١ ـ قالَ تعالى: قَالَ يٰآدَمُ أَنْبِئْهُمْ بِأَسْمَآئِهِمْ.

٢ ـ قالَ تعالى: يٰمَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرَّاكِعِيْنَ.

٣ ـ قالَ تعالى: وَنَادَيْنَاهُ أَنْ يَّآ إِبرَاهِيْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّؤْيا.

(ب) نكرة مقصودة

١ ـ قالَ تعالى: قِيْلَ يآ أَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَ يَا سَمَآءُ أَقْلِعِيْ.

٢ ـ قالَ تعالى: يا نَارُ كُونِي بَرْداً وَّ سَلاَمًا عَلى إِبْرَاهِيْمَ.

٣ ـ يا رَجُلُ لَا تَعْجَلْ فَإِنَّ فِي الْعَجَلَةِ النَّدَامَةَ.

(ج) نكرة غيرمقصودة

١ ـ يا ظَالِمًا لَكَ حِسَابٌ عَسِيْرٌ.

٢ ـ يا كَيِّسًا استعدَّ لِمَا بَعْدَ المَوْتِ.

٣ ـ يا عَاصِيًا تُبْ إِلَى اللّٰهِ.

(د) المضاف

١ ـ قالَ تعالى: يا نِسَآءَ النَّبِي لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ.

٢ ـ قالَ تعالى: يا بَنِيْ آدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ.

٣ ـ قالَ تعالى: يا صَاحِبَي السِّجْنِ أَأَرْبَابٌ مُتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ أَمِ اللّٰهُ الْواحِدُ الْقَهَّارُ.

(٥) الشبيه بالمضاف

١ ـ يا واسعًا عِلْمُهُ إيَّاكَ وَالْغُرُوْرَ.

٢ ـ يا غاصبًا مَالَ غَيْرِكَ اتَّقِ اللّٰهَ.

٣ ـ قالَ تعالى: يا حَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ.

شرح وتفصیل:

مخاطب کو بلانے اور اپنی طرف متوجہ کرنے کے لئے عربی میں جو اسلوب استعمال ہوتا ہے اسے نحو کی اصطلاح میں "أسلوب النداء" کہتے ہیں۔ یہ اسلوب حرف النداء اور منادی پر مشتمل ہوتا ہے۔ حروف النداء آٹھ ہیں: یا، أیا، هَیَا، أي، آيْ، أ، آ، وا [1]۔ منادی اس اسم کو کہتے ہیں جسے پکارا جا رہا ہو، یہ حرف نداء کے فوراً بعد آتا ہے۔

أقسام المنادى وأحكامه

منادی کی پانچ قسمیں ہیں:

١ ـ علم مفرد:

مجموعہ الف کے ذیل میں جو مثالیں ہیں ان میں یا حرف نداء ہے اور اس کے بعد آنے والے اسماء آدم، مریم، إبراهيم منادی علم مفرد [2] ہیں یعنی مضاف یا شبیہ بالمضاف نہیں۔ منادی علم مفرد مَبْنِيٌّ فِي مَحَلِّ نَصْبٍ ہوتا ہے اور اس کے بناء کی علامت وہی ہوتی ہے جو اس کے رفع کی علامت ہے یعنی اسم مفرد، جمع تکسیر، جمع مؤنث سالم ضمہ پر مبنی ہوں گے کیونکہ یہ ضمہ سے مرفوع ہوتے ہیں، اسی طرح مثنیٰ الف پر اور جمع سالم واو پر مبنی ہوگا۔ بناء کی علامت کبھی ظاہری ہوتی ہے جیسا کہ جملہ ۱ اور ۲۔ قَالَ يَآدَمُ أَنْبِئْهُمْ بِأَسْمَآئِهِم، يَامَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِي اور کبھی تقدیری جیسا کہ جملہ ۳۔ يَا مُوْسٰى لَا تَخَفْ [3]۔

---

(۱) ان حروف میں سے حرف "وا" منادی مندوب کے لئے مخصوص ہے جس کا تفصیلی ذکر آئندہ دروس میں آئے گا۔

(۲) علم مفرد کے تحت مفرد مذکر، جیسے: یا محمد، اسکا مثنی: یا محمدان، اس کی جمع: یا محمدون، مفرد مؤنث، جیسے: یا عائشة، اس کا مثنی: یا عائشتان، اسکی جمع: یا عائشات اور وہ اعلام جو نداء سے پہلے ہی مرکب ہوں، جیسے: یا سیبویہ سب داخل ہیں۔

(۳) ﴿یا موسی﴾ موسی: منادی علم مفرد مبني علی الضم المقدر علی آخره منع من ظهورها التعذر في محل نصب.

۲۔ نکرة مقصودة:

مجموعہ ب کی تمام مثالیں منادی نکرہ مقصودہ أرض، سماء، نار، رجل پر مشتمل ہیں۔نکرہ مقصودہ کے ذریعے ایک ہی جنس کے بہت سے افراد میں سے ایک یا ایک سے زیادہ افراد کی نداء کے ذریعے تعیین کی جاتی ہے اس تعیین کی وجہ سے وہ فرد معرفہ سمجھا جاتا ہے، جیسا کہ جملہ ۲۔ يَا نَارُ كُوْنِي بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلَى إِبْرَاهِيْم میں یا نار سے واضح ہے کہ کلمہ نار خطاب سے پہلے نکرہ تھا، لیکن جب اس کے ذریعے ایک خاص آگ (یعنی وہ آگ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لئے سلگائی گئی تھی) کو مخاطب کیا گیا تو یہ نکرہ مقصودہ ہوگیا۔منادی نکرہ مقصودہ کے اعراب منادی علم مفرد کی طرح ہوتے ہیں۔

۳۔ نكرة غير مقصودة:

مجموعہ ج کی تمام مثالیں منادی نکرہ غیر مقصودہ ظالمًا، كيّسًا، عاصيًا پر مشتمل ہیں، اس میں ایک ہی جنس کے کسی فرد کو بغیر تعیین کے مخاطب کیا جاتا ہے اور چونکہ اس نداء کے ذریعے سے کوئی خاص فرد مقصود نہیں ہوتا اس لئے اس کو نکرہ غیر مقصودہ کہتے ہیں، جیسا کہ جملہ ۱۔ يا ظالمًا لَكَ حِسَابٌ عَسِيْرٌ میں ظالمًا سے ہر وہ شخص مراد ہے جو ظالم ہو۔ منادی نکرہ غیر مقصودہ وجوبًا منصوب ہوتا ہے۔

٤۔ مضاف:

مجموعہ د کی مثالوں میں تمام منادی نساء، بني، صاحبي مضاف ہیں، منادی مضاف بھی وجوبًا منصوب ہوتا ہے۔

٥۔ الشبيه بالمضاف:

مجموعہ ہ کی مثالوں میں تمام منادی وَاسِعًا، غَاصِبًا، حَسْرَةً شبیہ بالمضاف ہیں[1]، جملہ ۱۔ يَا وَاسِعًا عِلْمه إيّاك والغرور میں شبیہ بالمضاف وَاسِعًا کا معمول عِلْم فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے اور جملہ ۲۔ يَا غَاصِبًا مَالَ غَيْرِكَ إتَّقِ اللّٰه میں شبیہ بالمضاف غَاصِبًا کا معمول مَالَ غَيْرِكَ مفعول بہ منصوب ہے اور جملہ ۳۔ يَا حَسْرَةً عَلَى العِبَادِ میں شبیہ بالمضاف حَسْرَةً کا معمول عَلَى العِبَادِ جار و مجرور ہے، منادی شبیہ بالمضاف بھی وجوبًا منصوب ہوتا ہے۔

---

(۱) شبیہ بالمضاف وہ اسم ہے جس کے معنی اسکے بعد آنے والے معمول کے بغیر اداء نہ ہوں یعنی جس طرح مضاف اپنے مضاف الیہ کے بغیر مکمل معنی ادا نہیں کرسکتا اسی طرح شبیہ بالمضاف کا معنی اس کے معمول کے بغیر ادا نہیں ہوتا اسی لئے ایسے اسم کو شبیہ بالمضاف کہتے ہیں، البتہ ظاہری اعتبار سے دونوں میں یہ فرق ہوتا ہے کہ مضاف الیہ اپنے عامل (مضاف) سے مجرور ہوتا ہے، جبکہ شبیہ بالمضاف کا معمول مرفوع، منصوب اور اس سے متعلق جار و مجرور بھی ہوسکتا ہے۔

قواعد:

۱۔مخاطب کو بلانے اور اپنی طرف متوجہ کرنے کے لئے عربی میں جو اسلوب استعمال ہوتا ہے اسے نحو کی اصطلاح میں أسلوب النداء کہتے ہیں اسکے آٹھ حروف ہیں: یا، أیا، ھیا، أيْ، آيْ، أ، آ، وا۔

۲۔منادی کی پانچ قسمیں ہیں: ۱۔علم مفرد ۲۔ نکرۃ مقصودۃ ۳۔ نکرۃ غیر مقصودۃ ٤۔ مضاف ٥۔ شبیه بالمضاف۔

۳۔منادی علم مفرد اور منادی نکرہ مقصودہ مبني في محل نصب ہوتے ہیں۔

۴۔منادی نکرہ غیر مقصودہ، منادی مضاف اور منادی شبیہ بالمضاف وجوبًا منصوب ہوتے ہیں۔

أمور تتعلق بالمنادی

۱۔ حذف حرف النداء:

۱۔ قال تعالی: يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هٰذَا.

۲۔ قال تعالی: رَبِّ أَرِنِي أَنْظُرْ إِلَيْكَ.

۳۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالعَفَافَ وَالغِنٰى.

شرح وتفصیل:

حرف نداء اگر یـــا ہوتو اسکولفظًا حذف کرنا جائز ہے، اسکے علاوہ کسی اور حرف نداء کو حذف کرنا جائز نہیں، جملہ ا اور۲۔ يُوسفُ أَعْرِضْ عَنْ هٰذَا، رَبِّ أَرِنِي أَنْظُرْ إِلَيْكَ میں حرف نداء یا محذوف ہے۔

مندرجہ ذیل صورتوں میں یا کو بھی حذف کرنا جائز نہیں:

۱۔المنادی المندوب، مثلاً: يَا حَسْرَتَا عَلَى مَا فَرَّطْتُ فِي جَنْبِ اللّٰهِ ،ترجمہ: ہائے افسوس ان تقصیروں پر جو میں نے اللہ کے بارے میں کیں۔

۲۔ نداء لفظ الجلالة غير المختوم بميم مشددة، مثلاً: يَا اَللّٰهُ ارْحَمِ الضُّعَفَاءَ[1]، ترجمہ: اے اللہ ضعفاء پر رحم کیجئے۔

---

(۱) یا لگنے کے بعد لفظ جلالہ اللہ کا ہمزہ، همزة القطع ہو جاتا ہے۔

۳۔ المنادی المستغاث به، مثلاً: يَا لَلّٰهِ لِلْمُسْلِمِيْن، ترجمہ: اے اللہ! مسلمانوں کی مدد کیجئے۔

۴۔ المنادی النكرة غير المقصودة، مثلاً: حَذَارِ حَذَارِ يَا مُبْتَدِعًا فَإِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ، ترجمہ: خبردار اے بدعتی، ہر بدعت گمراہی ہے۔

۵۔ المنادی المتعجب منه، مثلاً: يَا لَفَضْلِ الأُسْتَاذِ، ترجمہ: استاد کے کتنے زبردست احسانات ہیں یا استاد کا کتنا فضل ہے۔

۶۔ المنادی ضمير المخاطب، مثلاً: يا أنتَ اصْبِر، الصَّبْرُ نِصْفُ الإِيْمَانِ، ترجمہ: اے شخص صبر کرو، صبر آدھا ایمان ہے۔

اگر منادی اسم اشارہ ہو تو یا کا حذف بھی جائز ہے اور اثبات بھی، لیکن اثبات افضل ہے، جیسے: يَا هٰذَا أَطِعْ أَبَاكَ، هٰذَا! أَطِعْ أَبَاكَ۔

اگر منادی لفظ جلالہ اللّٰہ ہو تو اکثر اس یا[1] کو حذف کر کے اس کے عوض میم مشدّدة مفتوحة کو تعظیماً لفظ جلالہ اللّٰہ کے آخر میں ملحق کر دیا جاتا ہے، جیسے جملہ ۳۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ الهُدٰى وَالتُّقٰى وَالعَفَافَ وَالغِنٰى[2]۔

۲۔ حذف المنادى:

١۔ أَلَا يَا اسْجُدُوْا لِلّٰهِ.

٢۔ يَا رَحِمَكَ اللّٰهُ جِئْتُ أَطْلُبُ مِنْكَ عِلْمًا.

٣۔ يَا حَبَّذَا الجَنَّةُ وَاقْتِرَابُهَا طَيِّبَةٌ وَبَارِدًا شَرَابُهَا.

٤۔ قال تعالى: يَا لَيْتَنِي كُنْتُ مَعَهُمْ فَأَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا.

٥۔ يَا رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ فِي الآخِرَةِ.

(۱) واضح رہے کہ لفظ جلالہ اللّٰہ سے پہلے یا کے علاوہ اور کوئی حرف نداء نہیں آتا۔ (۲) اللّٰھم عموماً نداء کیلئے استعمال ہوتا ہے، لیکن کبھی کبھی جوابی حرف نعم یا لا سے پہلے سامع کے لئے جواب کی تقویت اور مضمون کی تاکید کیلئے آتا ہے مثلاً: سَئلتُ زيدًا: هل ترْغَبُ فِي عِلمِ الحَدِيْثِ؟ فقال: اللّٰهم نعم، فسئلتُه: وهل لكَ رغبةٌ فِي الفَلْسَفةِ؟ فأجاب: اللّٰهم لا گویا کہ زید یہ کہنا چاہتا ہے کہ واللّٰہ نعم یا واللّٰہ لا اور کبھی کسی چیز کے شاذ یا بعید الوقوع ہونے پر دلالت کرتا ہے، جیسے: سَأَتَعَلَّمُ الفِقْهَ اللّٰهُمَّ إِلَّا إِذَا أَبَى الأُسْتَاذ، کیونکہ یہ بعید از امکان ہے کہ استاد تعلیم پر راضی نہ ہو۔ ان صورتوں میں اس کے اعراب نداء کی طرح ہوں گے، البتہ یہ نداء غیر حقیقی ہے یعنی اپنے اصلی معنی کے بجائے ایک دوسرے معنی میں مستعمل ہے یعنی پختگی جواب اور تاکید مضمون یا شذوذ اور بُعدِ وقوع کا فائدہ دے رہا ہے۔

شرح وتفصیل:

اصل یہ ہے کہ منادی کلام میں مذکور ہو، لیکن درج ذیل صورتوں میں اس کا حذف کرنا بھی جائز ہے:

۱۔حرف نداء یا کے بعد فوراً فعل امر آئے، جیسے جملہ ۱۔ أَلَا يَا اسْجُدُوا لِلّٰهِ، أي: ألا يا قوم اسجدوا لِلّٰهِ۔

۲۔ یا کے بعد ایسا فعل ماضی آئے جس سے مراد دعا ہو، جیسے جملہ ۲۔ يَا رَحِمَكَ اللّٰهُ جِئْتُ أَطْلُبُ مِنْكَ عِلْمًا أي يا عالم رحمك اللّٰه جئتُ أطلب منك علمًا۔

۳۔ یا کے بعد فعل حبّذا آئے، جیسے جملہ ۳۔ يَا حَبَّذَا الْجَنَّةُ وَاقْتِرَابُهَا طَيِّبَةً وَبَارِدًا شَرَابُهَا أي يا قوم حبذا الجنّة واقترابها۔

۴۔ یا کے بعد لیت واقع ہو، جیسے جملہ ۴۔ يَا لَيْتَنِي كُنْتُ مَعَهُمْ فَأَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا، أي: يا قوم ليتني كنت معهم فأفوز فوزًا عظيمًا۔

۵۔ یا کے بعد رُبّ واقع ہو، جیسے جملہ ۵۔ يَا رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ فِي الآخِرَةِ أي يا قوم نساء رُبّ كاسية في الدنيا عارية في الآخرة۔

قواعد:

۱۔حرف نداء یا کو حذف کرنا جائز ہے بشرطیکہ سیاق اس پر دلالت کرے۔

۲۔اگر یا کے بعد فعل امر یا فعل ماضی دعائیہ یا فعل حبذا یا حرف رُبّ یا لیت آئے تو منادی کو حذف کرنا جائز ہے۔

۳۔ المنادى المضاف إلى ياء المتكلم:

(أ) منادى صحيح الآخر

١ ـ يَا عِبَادِيْ أَنَا اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنَا الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ.

٢ ـ قال تعالى: يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَسْرَفُوْا عَلٰى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا.

٣ ـ قال تعالى: يَا عِبَادِ فَاتَّقُوْنِ.

٤ ـ قال تعالى: يَا وَيْلَتٰى أَعَجَزْتُ أَنْ أَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ.

٥ـ يَا طَالِبَ اجْتَهِدْ.

٦ـ يَا أَبَتِ / يَا أَبَتَ / يَا أَبَهْ فَضْلُ فوزي يَرْجِعُ إليكَ.

٧ـ يَا أُمَّتِ / يَا أُمَّتَ / يَا أُمَّهْ جَنَّتِي تَحْتَ قَدَمَيْكِ.

٨ـ يابْنَ خالِيْ / خالِيَ لَا تَسْتَصْغِرْ حَسَنَةً.

٩ـ قال تعالى: يَا ابْنَ أُمَّ لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي وَلَا بِرَأْسِي.

١٠ـ قال تعالى: قَالَ ابْنَ أُمَّ إِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِي.

١١ـ يَا سَائِقِي / سَائِقِيَ إِلَى الْخَيْرَاتِ جُزِيْتَ خَيْرًا.

(ب) منادى معتل الآخر

١ـ يَا فَتَايَ احْذَرْ أَنْ يَكُوْنَ عِلْمُكَ حُجَّةً عَلَيْكَ.

٢ـ يَا هَادِيَّ إِلَى الْحَيَاةِ الطَّيِّبَةِ أَفَاضَ اللّٰهُ عَلَيْكَ رَحَمَاتِهِ.

٣ـ يَا تِلْمِيْذَيَّ إن تجتهدا تفوزا.

٤ـ يَا مُعَلِّمِيَّ بِكُمْ نِلْتُ مَا نِلْتُ.

٥ـ يَا بُسْتَانِيَّ اجْعَلْ لِي بَاقَةً مِنَ الأَزْهَارِ الْمُلَوَّنَةِ.

شرح وتفصیل:

منادی مضاف إلی یاء المتکلم یا تو صحیح الآخر ہوتا ہے یا معتل الآخر، مجموعہ الف کی مثالوں میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ منادی مضاف إلی یاء المتکلم اگر صحیح الآخر ہوتو اسکی درج ذیل صورتیں ہوں گی:

ا۔ اگر اضافت معنوی[1] ہوگی تو یاء المتکلم میں پانچ صورتیں جائز ہوں گی:

(ا) یاء المتکلم ساکن ہو، جیسے جملہ ا۔ یَا عِبَادِي أَنَا اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنَا الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ[2]۔

(۱) اضافت معنویہ وہ اضافت ہے جس میں وصف کی اضافت اپنے معمول کی طرف نہ ہو، یہ مضاف کو تعریف یا تخصیص کا فائدہ دیتی ہے، جیسے: مفتاح الدار۔

(۲) عبادي: عبادِ: منادى مضاف منصوب وعلامة نصبه الفتحة المقدرة على اخره منع من ظهورها الكسرة التي جاء ت لمناسبة الياء، ي: مضاف إليه مبني على السكون في محلّ جرّ بالإضافة مضاف إليه.

(۲) یاء المتکلم مفتوح ہو، جیسے جملہ۲۔ يا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا۔

(۳) یاء المتکلم محذوف ہو اور مضاف کے آخری حرف پر کسرہ ہو جو یاء المتکلم پر دلالت کرے، جیسے جملہ۳۔ یا عِبَادِ فَاتَّقُوْنِ۔[1]

(۴) کسرہ کو فتحہ اور یاء المتکلم کو الف سے بدل دیا جائے، جیسے جملہ۴۔ يَا وَيْلَتٰى أَعَجَزْتُ أَنْ أَكُوْنَ مِثْلَ هَذَا الْغُرَابِ[2]، اس صورت میں الف کے بعد هاء السکت بھی لگ سکتا ہے، جیسے: يَا وَيْلَتَاه۔

(۵) یاء المتکلم جو الف میں تبدیل ہوگیا ہے محذوف ہو اور اس سے پہلے والے حرف پر فتحہ ہو، جیسے جملہ۵۔ يا طالبَ اجْتَهِد[3]۔

۲۔ اگر منادی مضاف إلی یاء المتکلم کلمہ أب یا أمّ ہو تو اس میں مندرجہ بالا پانچ صورتوں کے علاوہ مزید تین صورتیں جائز ہیں:

(۱) یاء المتکلم کو حذف کر کے اس کی جگہ تاء التأنیث الحرفیة المبنیة علی الکسر لائی جائے، جیسے جملہ ۶ اور ۷۔ يا أَبَتِ فَضْلُ فَوزِي يَرْجِعُ إليكَ، يا أُمَّتِ جنَّتي تَحْتَ قَدَمَيْكِ[4]۔

(۲) یاء المتکلم کو حذف کر کے اس کی جگہ تاء التأنیث الحرفیة المبنیة علی الفتح لائی جائے، جیسے جملہ ۶ اور ۷۔ يا أبتَ فَضْلُ فَوزِي يَرْجِعُ إليك، يَا أُمَّتَ جَنَّتِي تَحْت قَدَمَيْكِ۔

(۳) وقف کی صورت میں اس تاء کو هاء میں تبدیل کر دیا جائے، جیسے جملہ ۶ اور ۷۔ يا أبَهْ فَضْلُ فَوزِي يَرْجِعُ إليك، يا أُمَّهْ جَنَّتِي تَحْت قَدَمَيْك۔

۳۔ اگر منادی ایسے اسم کا مضاف ہو جو یاء متکلم کی طرف مضاف ہو تو اس یاء کا اثبات ضروری ہے چاہے وہ یاء مفتوح ہو یا ساکن، جیسے جملہ۸۔ يَا بْنَ خالِيْ / خالِيَ لا تَسْتَصْغِرْ حَسَنَةَ البتة ابن أم اور ابن عم اس قاعدے سے مستثنی ہیں، ان دونوں میں یاء کا اثبات اور حذف دونوں جائز ہے، لیکن حذف افصح ہے، حذف کی صورت میں اسکے بدلے کسرہ اور فتحہ

---

(۱) يا عبادِ: عباد: منادى منصوب بالفتحة المقدرة على ما قبل ياء المتكلم المحذوفة للتخفيف.

(۲) ويلتى: منادى منصوب وعلامة نصبه الفتحة المقدرة على ما قبل ياء المتكلم المنقلبة ألفًا والمفتوح ما قبلها.

(۳) يا طالب: منادى منصوب وعلامة نصبه الفتحة المقدرة على ما قبل ياء المتكلم المنقلبة ألفًا المحذوفة تخفيفًا والمفتوح ما قبلها.

(٤) يا أبت: أب: منادى منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة وهو مضاف وياء المتكلم المحذوفة مضاف إليه، ت: تاء التأنيث جاءت عوضًا عن ياء المتكلم مع بقائها حرفًا للتأنيث وليست المضاف إليه.

دونوں لا سکتے ہیں، جیسے جملہ ۹ اور ۱۰۔ قَالَ ابْنَ أُمَّ لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي وَلَا بِرَأْسِي، قَالَ ابن أمَّ إنَّ القومَ اسْتَضْعَفُونِي۔

۴۔ اگر اضافت لفظی ہو(۱) اور منادی مفرد ہو(۲) تو یاء المتکلّم فتحہ یا سکون پر مبنی ہوگی اور اسکا حذف کرنا جائز نہ ہوگا، جیسے جملہ ۱۱۔ یا سائِقِي / سائِقِيَ إلى الخَيْرَاتِ جُزِيْتَ خَيْرًا۔

مجموعہ ب کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ منادی معتل الآخر اگر مضاف إلى ياء المتكلم ہو تو اس کی یاء حذف نہیں ہوتی اور ہمیشہ مفتوح رہتی ہے، منادی معتل الآخر مضاف إلى ياء المتكلم کی پانچ صورتیں ہیں:

۱۔ المقصور، جیسے جملہ ۱۔ يَا فَتَايَ احْذَرْ أَنْ يَكُوْنَ عِلْمُكَ حُجَّةً عَلَيْكَ۔

۲۔ المنقوص، جیسے جملہ ۲۔ يَا هَادِيَّ إِلَى الحَيَاةِ الطَّيِّبَةِ أَفَاضَ اللّٰهُ عَلَيْكَ رَحمَاتِهِ۔

۳۔ المثنى، جیسے جملہ ۳۔ يَا تِلْمِيْذَيَّ إن تجتهدا تفوزا۔

۴۔ جمع المذكر السالم، جیسے جملہ ۴۔ يَا مُعَلِّمِيَّ بِكُمْ نِلْتُ مَا نِلْت۔

۵۔ المختوم بياء مشددة، جیسے جملہ ۵۔ يَا بُسْتَانِيَّ اِجْعَلْ لِي بَاقَةً مِنَ الأَزْهَارِ المُلَوَّنَة۔

قواعد:

۱۔ اگر منادی صحیح الآخر مضاف إلى ياء المتكلم ہو اور اضافت معنوی ہو تو اس کی یاء میں پانچ صورتیں جائز ہیں:

۱۔ یاء المتکلم الساکنۃ کا باقی رکھنا۔

۲۔ یاء المتکلم المفتوحۃ کا باقی رکھنا۔

۳۔ یاء المتکلم کو حذف کرنا اور مضاف کے آخری حرف کی کسرہ کو باقی رکھنا۔

۴۔ کسرہ کو فتحہ اور یاء المتکلم کو الف سے بدلنا۔

۵۔ یاء المتکلم سے پہلے والے حرف پر فتحہ کو باقی رکھنا۔

۲۔ اگر منادی صحیح الآخر مضاف إلى ياء المتكلم کی اضافت لفظی ہو اور منادی مفرد ہو تو یاء المتکلم میں دو

(۱) اضافت لفظیہ وہ اضافت ہے جو کسی تعریف یا تخصیص کا فائدہ نہ دے، بلکہ اس میں وصف کی اضافت اس کے معمول کی طرف ہو، یہ صرف تخفیف کا فائدہ دیتی ہے یعنی منوّن کی تنوین اور جمع مذکر سالم اور مثنی کا نون الجماعة/ التثنية حذف کر دیتی ہے۔
(۲) جمع مکسر اور جمع مؤنث سالم مفرد صحیح الآخر کے حکم میں ہوتے ہیں۔

صورتیں جائز ہیں:

ا۔ یاء المتکلم الساکنۃ کا باقی رکھنا۔ ۲۔ یاء المتکلم المفتوحۃ کا باقی رکھنا۔

۳۔ منادی معتل الآخر مضاف إلی یاء المتکلم کی یا ہمیشہ مفتوح رہتی ہے۔

٤ ـ أحكام توابع المنادى:

(أ)

١ ـ يَا ذَا النُّوْرَيْنِ عُثْمَانُ.

٢ ـ يَا أَبَا بَكْرٍ وَ عُمَرُ.

٣ ـ يَا عَلِيُّ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ.

٤ ـ يَا طَلْحَةُ وَأَبَا عُبَيْدَةَ.

(ب)

١ ـ يَا أَبَا حَنِيْفَةَ الفَقِيْهَ.

٢ ـ يَا أَهْلَ العِلْمِ كُلَّكُمْ.

٣ ـ يَا أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيْقَ.

٤ ـ يَا مُعَلِّمَ الخَيْرِ وَالْمُتَعَلِّمَ.

(ج)

١ ـ يَا مُعَاوِيَةُ أَمِيْرَ الشَّامِ.

٢ ـ يَا مُحَدِّثُوْنَ كُلُّكُمْ.

٣ ـ يَا حَمْزَةُ أَسَدَ اللّٰهِ.

٤ ـ يَا أُسْتَاذُ وَطَالِبَ العِلْمِ.

(د)

١ ـ يَا مُحَمَّدُ الفقيهُ النفسِ/ الحليمَ.

٢ ـ يَا عُمَّالُ أَجْمَعُوْنَ/ أَجْمَعِيْنَ.

٣ ـ يَا سَعْدُ الفَاتِحَ القَادْسِيَّةِ.

٤ ـ يَا أَمِيْنُ وَالصَّادِقُ القَوْلِ.

(ہ)

١ ـ قال تعالى: يا أَيُّهَا الإِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الكَرِيْمِ.

٢ ـ قال تعالى: يا أَيَّتُهَا النَّفْسُ المُطْمَئِنَّةُ.

٣ ـ يَا هٰؤُلَاءِ التَّلَامِذَةُ.

شرح وتفصیل:

مجموعہ الف کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ منادی کے بعد اس کا تابع بدل عثمان، أمیر المؤمنین

یا عطف النسق مجرد من أل عمر، أبا عبیدة بن کر آرہا ہے، اس صورت میں تابع کے اعراب مستقل منادی کی طرح ہوں گے [1] اور یہ تابع علم مفرد یا نکرہ مقصودہ ہونے کی صورت میں مبنی ہوگا اور مضاف، شبیہ بالمضاف اور نکرہ غیر مقصودہ ہونے کی صورت میں منصوب ہوگا، چنانچہ مجموعہ الف جملہ ا۔ یَا ذَا النُّوْرَیْنِ عُثْمَانُ میں تابع عثمان اور جملہ ۲۔ یَا أَبَا بَکْرٍ عُمَرُ میں تابع عمر علم مفرد ہونے کی وجہ سے مبنی ہیں، جملہ ۳۔ یَاعَلِيُّ أَمِیرَ المؤمنین میں تابع أمیر المؤمنین اور جملہ ۴۔ یَا طَلْحَةُ وَ أَبَا عُبَیْدَةَ میں تابع أبا عبیدة مضاف ہونے کی وجہ سے منصوب ہے، لہذا منادی معرب ہو یا مبنی دونوں صورتوں میں تابع المنادی کے اعراب مستقل منادی کی طرح ہوں گے، منادی کا معرب یا مبنی ہونا تابع پر اثر انداز نہیں ہوگا، جملہ ۱، ۲ میں منادی معرب ہے اور جملہ ۳، ۴ میں مبنی ہے۔

مجموعہ ب کی مثالوں میں منادی منصوب ہے اور اس کا تابع نعت، توکید، عطف البیان یا عطف النسق معرف بأل ہے اس صورت میں تابع وجوبًا منصوب ہوتا ہے، جملہ ا۔ یَا أَبَا حَنِیْفَةَ الفَقِیْهَ میں تابع نعت ہے، جملہ ۲۔ یَا أَهْلَ العَلْمِ کُلَّکُم میں تابع توکید ہے، جملہ ۳۔ یَا أَبَا بَکْرٍ الصِّدِّیْقَ میں تابع عطف البیان ہے اور جملہ ۴۔ یَا مُعَلِّمَ الخَیْرِ وَالْمُتَعَلِّمَ میں تابع عطف النسق معرف بأل ہے۔

مجموعہ ج کی تمام مثالوں میں منادی مبني ہے اور اس کے تابع نعت، توکید، عطف بیان اور عطف النسق ہیں جو مضاف ہیں، لیکن یہ مضاف "أل" سے خالی ہیں، اس صورت میں بھی تابع وجوبًا منصوب ہوتا ہے، جیسے جملہ ا۔ یَا مُعَاوِیَةُ أَمِیرَ الشَّامِ میں تابع نعت، جملہ ۲۔ یا محدّثون کلَّکم میں تابع توکید، جملہ ۳۔ یا حمزةُ أسدَ اللهِ میں تابع عطف البیان اور جملہ ۴۔ یا أستاذُ و طالبَ العلم میں تابع معطوف عطف النسق ہے۔

مجموعہ د کی مثالوں میں منادی مبنی ہے اور اس کے تابع نعت، توکید، عطف بیان اور عطف النسق ہیں اور یہ سارے توابع مفرد یا مضاف مقترن بـ "أل" ہیں، اس صورت میں تابع کے دو اعراب جائز ہیں:

۱ ـ البناء تبعًا للفظ المنادی.

۲ ـ النصب تبعًا لمحلّ المنادی.

جملہ ا۔ (یا محمدُ الفقیهُ النفس / الحلیمَ) میں تابع نعت ہے، اور جملہ ۲۔ (یا عُمَّالُ أجمعون / أجمعین) میں تابع

(۱) یعنی یہ توابع بذات خود منادی بنیں تو اس صورت میں ان کے جو اعراب ہوں گے وہی اعراب ان کے توابع بننے کی صورت میں ہوں گے گویا کہ متکلم یوں کہہ رہا ہے کہ: یا ذا النورین یا عثمانُ، یا أبا بکر یا عمرُ۔

توکید ہے اور جملہ ۳۔ یا سعدُ الفاتحُ القادسية میں تابع عطف البیان ہے اور جملہ ۴۔ یا أمينُ و الصادقُ القولِ میں تابع عطف النسق ہے۔

مجموعہ کی مثالوں میں منادی أيٌّ، أيّةُ اور اسم الإشارة: هؤلاء ہے اور اس کا تابع بدل معرف بـ"أل" ہے، اس صورت میں تابع ہمیشہ مبنی ہوتا ہے، جیسے جملہ ۱، ۲ اور ۳ سے واضح ہے۔

جدول توابع المنادى

المنادى	تابع المنادى	حكم تابع المنادى
منصوب أو مبني	١ ـ بدل ٢ ـ عطف النسق المجرد من "أل"	كالمنادى المستقل
منصوب	نعت، توكيد، عطف البيان، عطف النسق مقرون "أل".	يجب نصبه
مبني	التابع المضاف المجرد من "أل" سواء كان نعتا أو عطف بيان أو توكيدا أو عطف النسق.	يجب نصبه
مبني	١ ـ النعت المضاف المقرون بـ "أل". ٢ ـ المفرد من النعت. ٣ ـ المفرد من توكيد. ٤ ـ المفرد من عطف بيان. ٥ ـ عطف النسق والمعطوف المقرون بـ "أل".	يجوز رفعه و نصبه
مبني	١ ـ بدل "أي وأية". ٢ ـ بدل اسم الإشارة.	يجب رفعه

قواعد:

۱۔ اگر منادی کا تابع بدل یا عطف النسق مجرد مِن أل ہو تو اسکے اعراب مستقل منادی کی طرح ہوں گے

چاہے منادی منصوب ہو یا مبنی۔

۲۔ اگر منادی منصوب ہو اور تابع نعت، توکید، عطف بیان یا عطف نسق معرف بأل ہو تو تابع وجوبا منصوب ہوگا۔

۳۔ اگر منادی مبنی ہو اور تابع نعت، توکید، عطف بیان یا عطف نسق ہو جو مضاف ہو لیکن "أل" سے خالی ہو تو تابع وجوبا منصوب ہوگا۔

۴۔ اگر منادی مبنی ہو اور تابع نعت، توکید، عطف بیان یا عطف نسق معرف بأل ہو جو مضاف بـ "أل" یا مفرد ہو تو تابع منصوب بھی ہوسکتا ہے اور مبنی بھی۔

۵۔ اگر منادی أيّ، أيةَ اور اسم اشارہ ہو تو اسکا تابع ہمیشہ بدل معرف بـ "أل" مبنی ہوگا۔

التمرين - ١

استخرج من الجمل الآتية كل منادى، وبيّن حالته وعلامة إعرابه أو بناءه واذكر أداته:

نموذج: يُوْسُفُ أَيُّهَا الصِّدِّيْقُ أَفْتِنَا.

يوسف: منادى علم مفرد مبني على الضمة في محل نصب وأداة النداء محذوفة تقديرها "يا".

أيها: أيّ: منادى نكرة مقصودة مبني على الضمة في محل نصب وأداة النداء محذوفة تقديرها "يا".

٢ ـ أَ مُنْفِقًا مَالَكَ! ابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ.

٣ ـ يَا رَجُلًا! اتَّقِ اللّٰهَ وَأَجْمِلْ فِي الطَّلَبِ.

٤ ـ يَا أَمَةَ الرَّحْمٰنِ! أَنْفِقِي يُنْفِقِ اللّٰهُ عَلَيْكِ.

٥ ـ آ مُنْكَبًّا عَلَى الدُّنْيَا! أَكْثِرْ ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ.

٦ ـ آيْ أَخَوَانِ تَنَاصَحَا فِي العِلْمِ وَلَا تَكْتُمَا.

٧ ـ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

٨ ـ أَيَا مُحْسِنِيَّ! أَسْكَنَكُمُ اللّٰهُ بِحَبْوَةِ جَنَاحِهِ.

٩ ـ قال تعالى: وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيَاةٌ يَآ أُولِي الْأَلْبَابِ.

١٠ ـ هَيَا مُعْسِرُ! دُمْ عَلَى الطَّهَارَةِ يُوَسَّعْ عَلَيْكَ رِزْقُكَ.

١١ ـ أَ هٰذَا الطَّالِبُ! اسْتَغْنِ عَمَّا فِي أَيْدِي النَّاسِ يُكْرِمُوكَ.

١٢ ـ بَاكِرِيْ بِالصَّدَقَةِ يَا أُخْتِي! فَإِنَّ البَلَاءَ لَا يَتَخَطَّى الصَّدَقَةَ.

١٣ ـ آ حُمَيْرَاءُ! لَا تَأْكُلِي الطِّيْنَ فَإِنَّهُ يُعْظِمُ الْبَطْنَ يُصْفِرُ اللَّوْنَ.

١٤ ـ أيْ صَاحِبَ الْعِلْمِ! اعْمَلْ بِمَا تَعْلَمُ يُعَلِّمْكَ اللّٰهُ مَا لَا تَعْلَمُ.

١٥ ـ مَهْ، يَا مُبْتَدِعًا فَإِنَّ الاقْتِصَادَ فِي السُّنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الاجْتِهَادِ فِي الْبِدْعَةِ.

١٦ ـ هَيَا ابْنَ عَمٍّ عَلَيْكَ بِالْجَمَاعَةِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ مَنْ يُخَالِفُ الْجَمَاعَةَ.

١٧ ـ حَنْظَلَةُ! اجْعَلْ هُمُومَكَ هَمًّا وَاحِدًا هَمَّ الآخِرَةِ يَكْفِكَ اللّٰهُ هُمُوْمَكَ كُلَّهَا.

١٨ ـ قَالَ زِيَاد: أَيُّهَا النَّاسُ لَا يَمْنَعُكُمْ سُوءُ مَا تَعْلَمُونَ عَنَّا أَنْ تَنْتَفِعُوا بِأَحْسَنِ مَا تَسْمَعُونَ مِنَّا.

١٩ ـ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: يَا ابْنَ آدَمَ! إِنَّكَ مَا دَعَوْتَنِيْ وَرَجَوْتَنِي غَفَرْتُ لَكَ عَلٰى مَا كَانَ فِيْكَ وَلَا أُبَالِي.

٢٠ ـ قَالَ ﷺ: أَيُّمَا امْرِىءٍ قَالَ لِأَخِيْهِ: يَا كَافِرُ! فَقَدْ بَاءَ بِهَا أَحَدُهُمَا إِنْ كَانَ كَمَا قَالَ وَ إِلَّا رَجَعَتْ عَلَيْهِ.

التمرين ـ ٢

اجعل كل اسم من الأسماء الآتية منادى في ثلاث جمل، بحيث يكون مبنيًا مرة و معربًا مرة أخرى ومعرفًا بـ "أل" في المرة الثالثة:

نموذج: طالب: يا طالبُ تواضع للعلم وتواضع لمن تتعلم منه. (مبني)

يا طالبَ الحديث اجتنب العجب فإنه مهلك للأعمال. (معرب)

يا أيها الطالبُ اتق اللّٰه تكن أعبد الناس. (معرف بـ"أل")

٢ـ خليفة ٣ـ زاهدة ٤ـ أطباء ٥ـ فلاسفة ٦ـ غازٍ ٧ـ أب ٨ـ مجاهدون

التمرين ـ ٣

مثل لما يأتي في جمل مفيدة:

١ ـ منادى منعوت. ٢ ـ منادى نكرة غير مقصودة.

٣ ـ منادى مضاف. ٤ ـ منادى مثنى مضاف إلى ياء المتكلم.

٥ ـ منادى علم مفرد. ٦ ـ منادى شبيه بالمضاف معموله مرفوع.

٧ ـ منادى محذوف.
٨ ـ منادى مقصور مضاف إلى ياء المتكلم.
٩ ـ منادى تابعه توكيد.
١٠ ـ منادى شبيه بالمضاف معموله منصوب.
١١ ـ منادى نكرة مقصودة.
١٢ ـ منادى شبيه بالمضاف معموله جار ومجرور.
١٣ ـ حرف نداء محذوف.
١٤ ـ منادى صحيح الآخر مضاف إلى ياء المتكلم.
١٥ ـ منادى تابعه عطف نسق.
١٦ ـ منادى صحيح الآخر مضافٌ مضافٍ إلى ياء المتكلم.
١٧ ـ منادى صحيح الآخر مضاف إلى ياء المتكلم المحذوفة.
٤ـ الآخرة	مبتدأ مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره أو مفعول به منصوب بفعل محذوف يفسّره ما بعده "يفضّل" وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.	ترجيح الرفع	لأنه خال عما يوجب نصبه أو رفعه أو يرجح نصبه.
٥ـ العلم	مبتدأ مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره أو مفعول به منصوب بفعل محذوف يفسّره ما بعده "يزيد" وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.	استواء الوجهين	لأنه وقع بعد عاطف قبله جملة اسمية خبرها جملة فعلية.

١ـ أسرّك أذَعْتَهُ؟
٢ـ مَا كتابك طَالَعْتَهُ.
٣ـ اللغة العربية مَا أفْصَحها.
٤ـ أستاذك هَل انْتَفَعْتَ بِنُصْحِه؟
٥ـ حَيْثُمَا الفراغ وَجَدْتَهُ فَاغْتَنِمْهُ.
٦ـ آلاء اللّهِ إنْ عَدَدْتَها لَمْ تُحْصِهَا.
٧ـ مَتَى كتابك تَنْتَهِي مِن تَصْنِيْفِهِ؟
٨ـ هَلاَّ ولدك رَبَّيْتِهِ عَلى مَبَادِئ الدِّيْنِ.
٩ـ الجَنَّة لَا تَنَالُهَا إلَّا بِمُجَاهَدَةِ النَّفْسِ.
١٠ـ العُلَمَاء مَجِّدْهُمْ وَاقْدِرْهُم حَقَّ قَدْرِهِمْ.
١١ـ اللّٰهُمَّ أعْدَائك شَتِّتْ شَمْلَهُمْ وَزَلْزِلْ أقْدَامَهُمْ.
١٢ـ وَصَلْتُ إلَى المَسْجِدِ والإمام يُصَافِحُهُ النَّاسُ.
١٣ـ خَرَجْنَا مِنَ البَيْتِ فَإذا الشمس قَد وَارَتْهَا السُّحُبُ.
١٤ـ الفوز يُحْصَلُ بِالجِدِّ وَالخَيْبَة يَجْنِيْهَا الإنْسَانُ بِغَيْر كَدٍّ.
١٥ـ خَلَقَ اللّٰهُ التُّرْبَةَ يومَ السَّبْتِ وَالجبال أرْسَاهَا فِيْهَا يومَ الأَحَدِ.
١٦ـ العِلْم لَا تَكْتُمْهُ فَإنَّ مَن كَتَمَهُ أُلْجِمَ يومَ القِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنَ النَّارِ.
١٧ـ ألاَ عَملك تُتْقِنُهُ فَإنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ إذَا عَمِلَ أحَدُكُم عَمَلاً أنْ يُتْقِنَهُ.
١٨ـ إذَا المجد تُرِيْدُهُ فَلا تَكُ فِي ضِيْقٍ مِمَّا يُواجِهُكَ وَابْذُلْ الغَالِيَ وَالرَّخِيْصَ.

التمرين ـ ٢

احعل كل اسم من الأسماء الآتية مشغولا عنه في جملة تامة مع استيفاء الأحوال الخمسة:

١ ـ الوقت ٢ ـ العلم ٣ ـ الحكمة ٤ ـ القراءة ٥ ـ الصداقة

التمرين ـ ٣

ترجم إلى العربية:

۱۔ آپ نے حقیر مال پر علم کو ترجیح کیوں نہ دی؟ ۲۔ کیا آپ نے علم میراث پر کوئی کتاب لکھی ہے؟

۳۔ میں مسجد میں داخل ہوا تو امام ٹھہر ٹھہر کر قرآن پڑھا رہے تھے۔

۴۔ آپ اپنے آپ کو سچائی اور امانت سے مزین کیوں نہیں کرتے؟

۵۔ اگر آپ لوگوں سے داد تحسین حاصل بھی کر لیں تو اجر تو آپ کو اللہ ہی دے گا۔

۶۔ جہاں کہیں آپ کو مفید کتاب ملے آپ دوسروں کو بھی اس کے بارے میں بتائیے۔

۷۔ حضرت عمیر بن سعد رضی اللہ عنہ نے بچپن ہی میں یتیمی اور فقر و فاقے کا کڑوا جام پیا۔

۸۔ اگر آپ کی اچانک کسی پریشان حال سے ملاقات ہو جائے تو اسکی مدد کریں اور اس سے اپنے لئے دعا کرائیں۔

۹۔ غزوہ تبوک کے موقع پر دور کی مسافت اور مشقت کی زیادتی کی وجہ سے منافقین نے اپنے ارادے پست کر لئے۔

۱۰۔ اے اللہ! اپنے بندوں کو اس ارادے اور راستے اور عمل اور قول سے نواز دے جسے تو پسند کرتا ہے اور جس سے تو راضی ہوتا ہے۔

التمرين ـ ٤

استخرج من الآيات التالية المشغول عنه وبيِّن حكمه من حيث وجوب النصب أو وجوب الرفع أو ترجيح أحد الأمرين أو الأمرين أو استواء الوجهين مع بيان الإعراب:

نموذج: وَكُلَّ إِنْسَانٍ أَلْزَمْنٰهُ طَائِرَهُ فِيْ عُنُقِهِ.

كل إنسان: كل: مشغول عنه، مفعول به، منصوب بفعل محذوف، يفسره ما بعده، تقديره: "ألزمنا كل "إنسان" وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على اخره. حكمه: ترجيح النصب.

٢ ـ وَأَمَّا ثَمُودُ فَهَدَيْناهُم. ٣ ـ وَأَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيهِمْ أُجُوْرَهُمْ.

٤ ـ أَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهُ. ٥ ـ وَرُسُلاً قَدْ قَصَصْنَاهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلاً لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ.

٦ ـ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْأَمْثَالَ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا. ٧ ـ وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ وَالسَّمَاءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ.

٨ ـ يُدْخِلُ مَن يَّشَاءُ فِيْ رَحْمَتِهِ وَالظَّالِمِيْنَ أَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا أَلِيْمًا.

٩ ـ إِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ إِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ.

١٠ ـ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ.

١١ ـ وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ.

١٢ ـ إِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ فِيْ إِمَامٍ مُّبِيْنٍ.

١٣ ـ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُوْنٍ وَّالْجَانَّ خَلَقْنَاهُ مِنْ قَبْلُ مِن نَّارِ السَّمُوْمِ.

١٤ ـ أَغْطَشَ لَيْلَهَا وَأَخْرَجَ ضُحٰهَا وَالْأَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰهَا أَخْرَجَ مِنْهَا مَاءَ هَا وَمَرْعٰهَا وَالْجِبَالَ أَرْسٰهَا.

١٥ ـ وَجَعَلْنَا آيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِتَبْتَغُوْا فَضْلاً مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلاً.

التمرين ـ ٥

نموذج في الإعراب:

١ ـ إذا الأذى رأيتَهُ في الطريق فأَمِطْهُ.

إذا: ظرف لما يستقبل من الزمن، متضمّن معنى الشرط، غير الجازم، خافض لشرطه، منصوب بجوابه.

الأذى: مفعول به، منصوب على الاشتغال بفعل مضمر وجوبًا، يفسّره ما بعده، تقديره: "رأيتَ" وعلامة نصبه الفتحة المقدرة، منع من ظهورها التعذر.

رأيته: فعل ماض، مبني على السكون؛ لاتصاله بضمير رفع متحرك. **ت:** ضمير رفع متحرك، مبني على الفتح، في محل رفع فاعل. **ه:** ضمير متصل مبني على الضمّ، في محل نصب مفعول به.

في: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

الطريق: اسم مجرور بحرف جرّ، وعلامة جّره الكسرة الظاهرة على آخره، الجار والمجرور متعلقان بـ"رأيتَ".

فأمِطْهُ: فـ: داخلة على جواب الشرط، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب.

أمطه: فعل أمر، مبني على السكون، وفاعله ضمير مستتر وجوبًا، تقديره: "أنت" . **ه:** ضمير متصل، مبني على الضمّ، في محل نصب مفعول به.

الجملة "إذا الأذى رأيته...": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة المحذوفة "رأيت الأذى": من الفعل والفاعل، في محل جر بإضافة "إذا" إليها.

الجملة "رأيته...": مفسّرة، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "أمِطْهُ": جواب شرط غير جازم، لا محل لها من الإعراب.

أعرب الجمل الآتية:

١ ـ هَلاَّ سُنَّة حَسَنَة سَنَنْتَها.
٢ ـ عَمَلك إنْ أخْلَصْتَهُ لِلّٰهِ نَفَعَكَ.
٣ ـ الوقْت إمْلأهُ بِمَا يَعُودُ عَلَيْكَ بِالنَّفْعِ.
٤ ـ إنْ أمَانَتك ادّيْتها تَمَّ إيْمَانُكَ.
٥ ـ تَدَبَّرْتُ فَإذَا الْقُرْآن وَجَدْتُهُ مَمْلُوءًا حِكْمَةً وَعِلْمًا.

الدرس الثاني والثلاثون

التنازع

الأمثلة:

١ ـ خَابَ وخَسِرَ الكَذَّابُ.

٢ ـ أَحْسَنْتُ وأَسْبَغتُ الوُضوءَ.

٣ ـ استَفَدتُ وانتَفَعتُ بنصيحةِ المُعَلِّمِ.

٤ ـ أَنشَدَ وسمعتُ الشَّاعِر.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملے تنازع کے اسلوب پر مشتمل ہیں، جملہ ۱۔ خَابَ وخَسِرَ الكَذَّابُ میں دو عامل یعنی فعل خاب اور خسر مذکور ہیں ان میں سے ہر ایک کو معمول یعنی فاعل مطلوب ہے، جبکہ جملے میں صرف ایک فاعل الكذاب مذکور ہے اسی طرح جملہ ۲۔ أَحْسَنْتُ وأَسْبَغتُ الوُضُوءَ میں دو فعل أحسنت اور أسبغت مذکور ہیں جن میں سے ہر ایک کو معمول یعنی مفعول بہ مطلوب ہے، جبکہ جملے میں صرف ایک مفعول بہ الوضوء مذکور ہے۔ جملہ ۳۔ استَفَدتُ وانتَفَعتُ بنصيحةِ المُعَلِّمِ میں دو فعل استفدت اور انتفعت مذکور ہیں اور ان کے بعد صرف ایک معمول یعنی جار و مجرور بنصيحة المعلم مذکور ہے۔ جملہ ۴۔ أَنشَدَ وسمعتُ الشَّاعِر میں دو فعل أنشد اور سمعت مذکور ہیں، جن میں سے پہلے فعل أنشد کو فاعل مطلوب ہے اور دوسرے فعل سمعت کو مفعول بہ، جبکہ جملے میں صرف ایک معمول الشاعر مذکور ہے۔ مذکورہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر جملے میں دو یا دو سے زائد عامل مذکور ہیں، جو بعد میں آنے والے معمول[1] کو حاصل کرنے کے لئے آپس میں تنازع (جھگڑا) کر رہے ہیں ۔یعنی پہلے واقع ہونے والا ہر عامل اس معمول کو طلب کر رہا ہے اور اس کے اعراب پر اثر انداز ہونے کی کوشش کر رہا ہے۔ ایسے اسلوب کو عربی قواعد کی اصطلاح میں "تَنَازُع" کہتے ہیں۔

---

(۱) معمول (متنازع فيه) ایک سے زائد بھی ہوسکتا ہے۔

عامل کو متنازِع یاعاملي التنازع اور معمول کو متنازَع فیه کہتے ہیں[1]۔

تنازع کی صحت کے لئے ضروری ہے کہ عامل کے اندر مندرجہ ذیل صفات پائی جائیں:

۱۔ عامل فعل متصرف ہو یا ایسا اسم ہو جو فعل کی طرح عمل کرتا ہو، جیسے اسم فاعل اور اسم مفعول۔ تنازع کے عامل کا فعل جامد یا حرف ہونا جائز نہیں۔

۲۔ ہر عامل اپنے معمول متنازع فیه سے پہلے مذکور ہو، لہذا اگر کوئی معمول درمیان میں یا پہلے مذکور ہو تو تنازع نہ ہوگا۔

۳۔ معنی کے اعتبار سے عامل ایک دوسرے کی ضد نہ ہوں۔

۴۔ دوسرے عامل سے پہلے عامل کی تو کید لفظی مقصود نہ ہو، جیسے جملہ: هي الدنيا تقول بملء فيها حذارِ حذارِ من بطشي وغدري میں حذار الثاني، حذار الأول کی تو کید لفظی ہے اور اسلوب تنازع نہیں ہے۔

إعمال أحد العاملين

الأمثلة:

(ألف)

١ ـ وَقَفَ وتَحَدَّثَا أخوَاك.

٢ ـ استَقبَلتُ وأكرَمتُهُ الضَّيفَ.

٣ ـ أَلِحُّوا واجتَهِدُوا فيهما في الدُّعاء والبكاء.

(ب)

٤ ـ وقفا وتَحَدَّثَ أخوَاك.

٥ ـ استَقبَلتُ وأُكرَمتُ الضَّيفَ.

٦ ـ أَلِحُّوا واجتهِدوا في الدعاء والبكاء.

٧ ـ كنتُ وكان زيدٌ صديقًا إيَّاه.

٨ ـ ظَنّني وظننتُ أحمدَ مخلصا إيَّاه.

٩ ـ استَعَنتُ واستَعَانَ عليَّ الصَّدِيقُ به.

---

(۱) اسلوب تنازع میں واقع عامل کی تین صورتیں ہیں:

۱۔ دونوں عامل فعل ہوں جیسے: خطب وسمعتُ الإمامَ۔

۲۔ دونوں عامل ایسے اسماء مشتقہ میں سے ہوں جو فعل کا کام کریں جیسے: المؤمن معظِّمٌ ومُبَجِّل الكبار۔

۳۔ دونوں عامل مختلف ہوں جیسے ایک فعل تو دوسرا اسم فعل ہو، مثلاً: دارِكْ وعاوِن المظلوم، والتقدير: أدرِكْ وعاوِن المظلومَ۔

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملے تنازع کے اسلوب پر مشتمل ہیں اور یکے بعد دیگرے دونوں عاملوں کے عمل کو ظاہر کر رہے ہیں۔
تنازع میں دو متقدم عامل ایک ہی معمول کو طلب کرتے ہیں، لیکن یہ جائز نہیں کہ دونوں عامل ایک معمول پر عمل کریں، لہذا ضروری ہے کہ ایک سے عمل کروایا جائے اور دوسرے کے عمل کو اس طور پر نظر انداز کر دیا جائے کہ اس کی جگہ اس کے ساتھ ایک ایسی ضمیر لگا دی جائے جو إفراد، تثنية، جمع اور تذکیر و تأنیث میں معمول یعنی متنازع فیه کے مطابق ہو، جملہ ۱۔ وَقَفَ وتَحَدَّثَا أخَوَاكَ پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ دو عامل وقف اور تحدثا مذکور ہیں اور ان کے بعد صرف ایک معمول أخواك مذکور ہے اور دونوں عامل اس معمول أخواك کو طلب کر رہے ہیں تا کہ اپنا فاعل بنائیں، چونکہ تنازع میں یہ جائز نہیں کہ دونوں عامل ایک معمول پر عمل کریں، اس لئے جملہ ۱۔ وَقَفَ وتَحَدَّثَا أخَوَاكَ میں پہلا عامل وقف عمل کر رہا ہے اور اس کا معمول أخواك ہے اور دوسرا عامل تحدثا چونکہ عمل نہیں کر رہا، اس لئے اس کے ساتھ معمول کی ضمیر ألف الاثنين متصل ہے، چنانچہ جملے کی تقدیر یوں ہوگی: وقف أخواك وتحدثا۔ اسی طرح جملہ ۲۔ استَقبَلتُ وأكرَمتُهُ الضَّيفَ میں پہلا عامل استقبلت معمول الضيف پر عمل کر رہا ہے اور دوسرا عامل أكرمته چونکہ عمل نہیں کر رہا، اس لئے اس کے ساتھ معمول الضيف کی منصوب ضمیر متصل ہے، چنانچہ جملے کی تقدیر یوں ہوگی: استقبلت الضيفَ وأكرمته۔

یہ بات ضروری نہیں کہ تنازع کے اسلوب میں صرف پہلا عامل ہی عمل کرے بلکہ دوسرا عامل بھی پہلے عامل کی طرح عمل کرتا ہے، فرق صرف یہ ہے کہ جب پہلے عامل سے عمل کروایا جاتا ہے تو دوسرے عامل کے ساتھ تمام حالات میں معمول متنازَع فيه کی ضمیر متصل ہوتی ہے خواہ یہ ضمیر مرفوع ہو یا منصوب ہو یا مجرور۔ جیسے مذکورہ بالا جملہ ۱۔ وَقَفَ وتَحَدَّثَا أخَوَاكَ میں دوسرے عامل تحدثا میں ضمير الرفع البارز ألف الاثنين فاعل أخواك کے مطابق موجود ہے اور جملہ ۲۔ استَقبَلتُ وأكرَمتُهُ الضَّيفَ میں دوسرے عامل أكرمته میں ضمیر متصل منصوب "ہ" مفعول به الضيف کے مطابق موجود ہے۔ جملہ ۳۔ أَلِحُّوا واجتَهِدُوا فيهما في الدُّعاءِ والبكاءِ میں دوسرے عامل اجتهدوا کے بعد ضمیر متصل مجرور فيهما جار مجرور في الدعاء والبكاء کے مطابق موجود ہے۔

البتہ دوسرے عامل سے عمل کروانے کی صورت میں پہلے عامل کے ساتھ صرف مرفوع ضمیر ذکر کی جاتی ہے، جبکہ

منصوب اور مجرور ضمیر کو ذکر نہیں کیا جاتا، اس کی وجہ یہ ہے کہ مرفوع ضمیر فاعل کی ہوتی ہے اور فاعل جملے کا اساسی رکن ہوتا ہے، جس کو ذکر کئے بغیر کلام مکمّل نہیں ہوتا، جبکہ منصوب اور مجرور ضمیر کو ذکر کئے بغیر بھی کلام سمجھ میں آجاتا ہے، جیسے جملہ۴۔ وقفا و تَحدَّثَ أخَوَاكَ میں دوسرا عامل تحدث فاعل أخواك پر عمل کررہا ہے، اس لئے پہلے عامل وقفا کے ساتھ ضمیر الرفع البارز ألف الإثنين فاعل کے مطابق ذکر کی گئی ہے، جبکہ جملہ۵۔ استَقبَلتُ و أكرَمتُ الضَّيف میں دوسرا عامل أكرمت مفعول به الضيف پر عمل کررہا ہے، اس لئے پہلے عامل استقبلت کے ساتھ مفعول بہ کی منصوب ضمیر ذکر نہیں کی گئی، اسی طرح جملہ۶۔ أَلِحُّوا و اجتهِدوا في الدعاء والبكاء میں دوسرا عامل اجتهدوا جار مجرور في الدعاء والبكاء پر عمل کررہا ہے، اس لئے پہلے عامل ألحوا کے ساتھ مجرور ضمیر ذکر نہیں کی گئی، لیکن اگر کلام میں التباس پیدا ہونے کا امکان ہو یا الأفعال المتنازعة كان وأخواتها یا ظنّ وأخواتها میں سے ہوتو منصوب اور مجرور ضمیر کو معمول کے بعد ذکر کرنا ضروری ہوتا ہے، جیسے جملہ۷۔ كنتُ و كان زيدٌ صديقًا إيّاه میں دوسرا عامل اسم ظاہر پر عمل کررہا ہے اور اسکا معمول صديقا اسکی خبر ہونے کی بنا پر منصوب ہے، اور پہلا عامل ضمیر مؤخر پر عمل کررہا ہے اور اس ضمیر منصوب کو حذف کرنا جائز نہیں اسکی وجہ یہ ہے کہ جس طرح فاعل جملے کا اساسی رکن ہوتا ہے اسکی طرح كان کی خبر بھی جملے کا اساسی رکن ہوتی ہے، کیونکہ وہ حقیقت میں مبتدا کی خبر ہوتی ہے اور خبر کا حذف جائز نہیں اسی پر جملہ ۸ کو قیاس کریں، اسی طرح جملہ۹۔ استَعَنتُ و استَعَانَ عَلَيَّ الصَّدِيقُ به[1] میں سے مجرور ضمیر کا حذف جائز نہیں کیونکہ اگر ضمیر متّصل "ہ" کو جار مجرور بہ سے حذف کردیا جائے تو اس میں فرق کرنا مشکل ہوگا کہ معمول الصديق مستعان به ہے یا مستعان عليه اور اگر کلام میں التباس نہ ہوتو منصوب اور مجرور ضمیر کو حذف کردینا بہتر ہے، جیسے: مَرَرتُ و مرَّ بي الصديقُ۔

قواعد:

۱۔ تنازع کے اسلوب میں پہلے دو یا دو سے زائد عامل مذکور ہوتے ہیں، اور اس کے بعد ایک یا ایک سے زائد معمول مذکور ہوتے ہیں، پہلے واقع ہونے والا ہر عامل اس معمول کو طلب کررہا ہوتا ہے۔

۲۔ تنازع میں اکثر اوقات دو یا دو سے زائد عاملوں کی طلب ایک ہوتی ہے (یعنی دونوں عامل فاعل کو طلب کرتے ہیں یا مفعول بہ کو) اور بسا اوقات یہ طلب مختلف بھی ہوتی ہے، یعنی ایک عامل معمول کو بطور فاعل

---

(۱) میں نے اپنے دوست سے مدد طلب کی اور اس نے میرے خلاف مدد طلب کی۔

طلب کرتا ہے اور دوسرا عامل اسی معمول کو بطور مفعول طلب کرتا ہے۔

٣۔ اس اسلوب میں ایک ہی عامل سے عمل کرایا جاتا ہے اور دوسرے عامل کے عمل کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے، اگر پہلے عامل سے عمل کرایا جائے تو دوسرے کے ساتھ ایسی ضمیر کا لگانا ضروری ہے جو کہ معمول متنازع فیہ کے مطابق ہو، خواہ یہ ضمیر مرفوع، منصوب یا مجرور ہو اور اگر دوسرے عامل سے عمل کرایا جائے تو پہلے عامل کے ساتھ صرف مرفوع ضمیر ذکر کی جاتی ہے، بشرطیکہ عامل كان وأخواتها یا ظنّ وأخواتها میں سے نہ ہو، اور نہ ہی حذف کی صورت میں کلام میں التباس پیدا ہو۔

التمرين ـ ١

استخرج من الجمل الآتية الأفعال المتنازعة والمتنازع فيه وميّز ما يتفق فيه طلب المتنازعين وما يختلف فيه:

نموذج: نشر الصحابة وانتشر نور الإسلام في مشارق الأرض ومغاربها.

نشر وانتشر: من الأفعال المتنازعة، نور الإسلام: متنازع فيه، ويختلف فيه طلب المتنازعين،

مشارق الأرض ومغاربها: متنازع فيه ويتفق فيه، طلب المتنازعين.

٢ ـ عصينا ولم يحرمنا الله سبحانه وتعالى.

٣ ـ لا يصلُحُ ويستقيم آخر هذه الأمة إلا بما صلح واستقام به أولها.

٤ ـ لمّا أمطرت السماء اهتزت وربت وأنبتت الأرض من كل زوج بهيج.

٥ ـ إن النبي ﷺ في بداية أمر الإسلام وصل وقطعه أقاربه وأعطى وحرمه الناس.

٦ ـ إن الأمة المسلمة تنتظر وتترقب مثل صلاح الدين البطل لاسترداد فلسطين من براثن اليهود.

التمرين ـ ٢

اذكر أي العاملين هو العامل في المتنازع فيه وحول العمل إلى الآخر منهما في كل جملة:

نموذج: اعتصموا وتمسكوا بالكتاب والسنة.

العامل: تمسكوا، عند تحويل الأمر إلى الأخر: اعتصموا وتمسكوا بهما بالكتاب والسنة.

٢ـ المسلم لا يؤذي ولا يخذله ولا يحسده أخاه المسلم.

٣ـ يا شبان المسلمين تأسّوا واقتدوا بهم بعظماء كم في التاريخ وقوادكم في الجهاد والإصلاح.

٤ـ إنّ المسلمين يمرون بمرحلة عصيبة فقد أحاط بهم وتكالب عليهم الأعداء فعليهم أن يستعينوا ويستغيثوا به بالله في أمرهم.

٥ـ يا للأسف الشديد أنه قد غرق وانغمسوا الناس في الشهوات والشبهات فلا بد من التذكير القارع بسير الصحابة رضي الله عنهم والتابعين.

٦ـ يعتري اليأس ويعلو القنوط بعض المسلمين اعتقادا منهم أن لا سبيل إلى إصلاح أمة الإسلام في هذا العصر وأن لا أمل إلى استرجاع مجد المسلمين وعزتهم وكيانهم.

التمرين ـ ٣

استخرج من الأحاديث الآتية الأفعال المتنازعة والمتنازع فيه وموقعه من الإعراب:

نموذج: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرو قالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: مَا أَقَلَّتِ الغَبْرَاءُ وَلَا أَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ مِنْ رَجُلٍ أَصْدَقَ لَهْجَةٍ مِن أَبِي ذَرٍّ.

أَقَلَّتْ وأَظَلَّتْ: من الأفعال المتنازعة.

أصدق: متنازع فيه، وهو مفعول به للفعل "أظلّت" على التنازع؛ لأنه لو كان مفعولا لـ "أقلّت" لكان الكلام "ما أقلت الغبراء ولا أظلّته الخضراء من رجل أصدق لهجة"، منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على اخره.

٢ـ عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: يَوَدُّ أَهْلُ العَافِيَةِ يَوْمَ القِيَامَةِ حِيْنَ يُعْطَى أَهْلُ البَلَاءِ الثَّوابَ لَوْ أَنَّ جُلُوْدَهُمْ كَانَتْ قُرِضَتْ فِي الدُّنْيَا بِالْمَقَارِيْضِ.

٣ـ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ يَكُونُ عَلَيَّ الصَّوْمُ مِنْ رَمَضَانَ فَمَا أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَقْضِيَ إِلَّا فِي شَعْبَانَ، قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ: تَعْنِي الشُّغْلَ مِنَ النَّبِيِّ أَوْ بِالنَّبِيِّ ﷺ.

٤ـ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ قَالَ: حَدَّثَنِي ثُمَامَةُ أَنَّ أَنَسًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَتَبَ لَهُ الَّتِيْ فَرَضَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ وَلَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ.

٥ـ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ إِذَا قَفَلَ مِنْ غَزْوٍ أَوْ حَجٍّ أَوْ عُمْرَةٍ يُكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ مِنَ الْأَرْضِ ثَلَاثَ تَكْبِيْرَاتٍ ثُمَّ يَقُولُ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، آيِبُوْنَ، تَائِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ، سَاجِدُوْنَ، لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ.

٦ـ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ: لَعَنَ عَبْدُ اللّٰهِ الْوَاشِمَاتِ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ. فَقَالَتْ أُمُّ يَعْقُوبَ: مَا هٰذَا؟ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَمَا لِيَ لَا أَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ وَفِي كِتَابِ اللّٰهِ؟ قَالَتْ: وَاللّٰهِ لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ فَمَا وَجَدْتُهُ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَئِنْ قَرَأْتِيهِ لَقَدْ وَجَدْتِيهِ ﴿وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا﴾.

٧ـ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: إِنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِيْنَ أَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: قَدْ ذَهَبَ أَهْلُ الدُّثُورِ بِالدَّرَجَاتِ الْعُلٰى وَالنَّعِيْمِ الْمُقِيْمِ، فَقَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالُوا: يُصَلُّوْنَ كَمَا نُصَلِّيْ وَيَصُوْمُوْنَ كَمَا نَصُوْمُ وَيَتَصَدَّقُوْنَ وَلَا نَتَصَدَّقُ وَيُعْتِقُوْنَ وَلَا نُعْتِقُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: أَفَلَا أُعَلِّمُكُمْ شَيْئًا تُدْرِكُوْنَ بِهِ مَنْ سَبَقَكُمْ وَتَسْبِقُوْنَ بِهِ مَنْ بَعْدَكُمْ وَلَا يَكُوْنُ أَحَدٌ أَفْضَلَ مِنْكُمْ إِلَّا مَنْ صَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُمْ؟ قَالُوْا: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: تُسَبِّحُوْنَ وَتُكَبِّرُوْنَ وَتَحْمَدُوْنَ دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ مَرَّةً.

التمرين ـ ٤

نموذج في الإعراب:

١ـ نَجَحَ وَأَفْلَحَ الصَّادِقُ.

نَجَحَ: فعل ماض، مبني على الفتحة، وفاعله ضمير مستتر، تقديره: "هو" يعود على الصادق على التنازع.

وَ: حرف عطف، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب.

أَفْلَحَ: فعل ماض، مبني على الفتحة.

الصَّادِقُ: فاعل "أفلح" مرفوع بالضمة، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على اخره.

والجملة "نجح....": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

والجملة "أفلح الصادق": معطوفة على "نجح" لا محل لها من الإعراب.

٢ـ قال آتُوْنِي أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا.

قال: فعل ماض، مبني على الفتح، وفاعله ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هو".

آتُوْنِي: فعل أمر، مبني على حذف النون، لأنه من الأفعال الخمسة، وفاعله واو الجماعة، مبني على السكون، في محل رفع، والنون للوقاية، والضمير المتصل "ي" مبني على السكون، في محل نصب، مفعول به أول.

أُفْرِغْ: فعل مضارع، مجزوم؛ لأنه جواب الطلب، وفاعله ضمير مستتر وجوبًا، تقديره: "أنا".

عليه: على: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب، **ه:** ضمير متصل، مبني على الكسرة، في محل جر بحرف جر، والجار والمجرور متعلقان بالفعل "أفرغ".

قِطْرًا: مفعول به، منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، وعامله "أفرغ" وهو متنازع فيه من الفعل "اتوني"؛ لأنه مفعول ثان له في المعنى[1].

والجملة "اتوني أفرغ": مقول القول، في محل نصب.

والجملة "أفرغ": لا محل لها من الإعراب، جواب شرط مقدر، غير مقترنة بالفاء، والتقدير: "إن تأتوني قطرا أفرغه عليه".

أعرب ما يأتي:

١ـ أنفقت ولم ينتقص المال.

٢ـ ينسى الناس ولا ينساهم ربهم.

٣ـ تلوت وتدبرت جزءًا من القرآن.

٤ـ فَأَمَّا مَنْ أُوْتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِيْنِهِ فَيَقُولُ هَاؤُمُ اقْرَؤُوْا كِتَابِيَه.

(١) وقد أضمر في الأول ولو أعمَل الأول لأُضمر في الثاني وجوبا أي "اتوني أفرغه عليه قطرا".

الدرس الثالث والثلاثون

أسلوب التعجب

ما أَفْعَلَهُ وأَفْعِلْ بِهِ

الأمثلة:

(ألف)

١ ـ ما أَجْمَلَ الوردةَ النَّاضرةَ. أَجْمِلْ بِـالوردةِ الناضرةِ.

٢ ـ ما أَعْذَبَ القرآنَ. أَعْذِبْ بِـالقرآن.

(ب)

٣ ـ ما أَحْسَنَ أن تواظب على الصلوات الخمسة. أَحْسِنْ بِـأن تواظب على الصلوات الخمسة.

٤ ـ ما أجمل أن يكون الأولاد مطيعين لوالديهم. أَجْمِلْ بِأن يكون الأولاد مطيعين لوالديهم.

٥ ـ الزَّرْعُ ما أَشدَّ اخضِرارًا في إبَّانِ الرَّبِيْعِ. أَشْدِدْ بِـالزَّرْعِ اخْضِرارًا في إبَّانِ الرَّبِيْعِ.

(ج)

٦ ـ ما أَضرّ أن لا ينتفع بنصائح الأسلاف. أَضْرِرْ بِأن لا ينتفع بنصائح الأسلاف.

٧ ـ ما أَحسن أَن يقال الحقُّ دائمًا. أَحْسِنْ بِـأَن يقال الحقّ دائمًا.

شرح وتفصیل:

بعض اوقات کسی چیز کا حسن یا قبح انسان کو حیرت اور تعجب میں ڈال دیتا ہے یعنی انسان کا نفس اس سے متاثر ہو جاتا ہے ایسے شخص کی داخلی کیفیات کو بیان کرنے کے لئے عربی زبان میں بہت سے اسالیب ہیں، جیسے: لِلّٰہ دَرُّ فـــلان، سبحـان اللّٰه، اللّٰهُمَّ وغیرہ اور بعض اوقات استفہام کا صیغہ بھی تعجب کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے، کـقـولـه تعالی: ﴿كيف تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰه وَكُنتُمْ أَمْوَاتًا فَأَحْيَاكُمْ﴾ یہ تمام اسالیب سماعیہ ہیں۔ اس کے علاوہ عربی زبان میں دو صیغے

ما أَفْعَلَهُ، اور أَفْعِلْ بِهِ قیاسی ہیں جو انشاء تعجب اور اظہار تعجب کے لئے وضع کئے گئے ہیں[1]۔

۱۔ ما أَفْعَلَهُ:

یہ صیغہ تین عناصر پر مشتمل ہے: ۱۔ ما التعجبية ۲۔ فعل التعجب ۳۔ المتعجب منه

۱۔ ما التعجبية:

یہ نکرہ تامہ[2] بمعنی شيءٌ ہے اور مبتدا ہے یہاں مبتدا کا نکرہ واقع ہونا درست ہے کیونکہ ما تعجب کے معنی ادا کر رہا ہے (یعنی تعجب کے معنی کو متضمن ہے) اور اس کے بعد واقع ہونے والا جملہ فعلیہ (أفعله یا أفعل به) اس کی خبر ہے۔

۲۔ فعل التعجب: یہ فعل ماضی جامد ہے[3] اور اسی فعل سے بنتا ہے جس میں درج ذیل آٹھ شروط پائی جاتی ہیں:

۱۔فعل ماضی ہو۔ ۲۔فعل متصرف ہو جامد نہ ہو۔ ۳۔ثلاثي ہو۔ ۴۔تام ہو ناقص نہ ہو۔ ۵۔مثبت ہو منفی نہ ہو۔ ۶۔مبني للمعلوم ہو مجہول نہ ہو۔ ۷۔تفاوت کے قابل ہو یعنی کمی زیادتی قبول کرتا ہو، مثلا: مات اور فَنِيَ ایسے افعال ہیں جو کمی اور زیادتی کو قبول نہیں کرتے۔ ۸۔اسکی صفت أفعل (مؤنثه فَعْلاء) کے وزن پر نہ ہو۔

۳۔ المتعجب منه: فعل تعجب کے بعد واقع ہونے والا منصوب اسم متعجب منہ کہلاتا ہے یہ اسم مفعول بہ ہونے کی بنا پر منصوب ہوتا ہے۔

۲۔ أَفْعِلْ بِهِ:

یہ صیغہ بھی تین عناصر پر مشتمل ہے: ۱۔ فعل التعجب ۲۔ الباء ۳۔ المتعجب منه

۱۔ أفعل به:

لفظاً امر کا صیغہ ہے اور اصل میں ماضی کا صیغہ (بمعنی صار ذا كذا) ہے۔ پھر تعجب کے معنی میں استعمال کرنے کے لئے اس کے صیغے میں تبدیلی[4] کردی گئی یعنی یہ أفعل سے أفعل به بن گیا۔

---

(۱) بعض نحاۃ نے فَعُلَ کا صیغہ بھی تعجب میں داخل کیا ہے، جیسے: فَهُمَ الطالِبُ أي ما أَفْهَمَه۔ (۲) بعض نحاۃ کے نزدیک یہ ما موصولہ ہے۔ اور اس کے بعد واقع ہونے والا جملہ صلة الموصول ہے۔ چنانچہ یہ دونوں (ما موصولة + صلته) ملکر مبتدا بنیں گے اور اس کی خبر وجوبا محذوف ہے جسکی تقدیر شيء عظيم ہے، جیسے: ما أحسن زيدًا کی تقدیر یوں ہوگی: الذي أحسن زيدًا شيء عظيم۔ (۳) تعجب سے پہلے یہ فعل متصرف تھا لیکن تعجب کے بعد جامد ہوگیا۔
(۴) اسم ظاہر کی طرف اسناد کی قباحت کی وجہ سے فاعل پر باء زائدہ کو بڑھا دیا گیا تا کہ مفعول بہ کی صورت پیدا ہو جائے۔ لیکن اصل میں یہ فاعل ہے مفعول نہیں یعنی أحسن بزيد اصل میں أحسن زيدٌ ہے۔

۲۔ الباء :

حرف جر زائد ہے اور اس کے بعد واقع ہونے والا اسم لفظاً مجرور ہوتا ہے لیکن حکم کے اعتبار سے مرفوع ہوتا ہے۔ یہ حرف باء اگرچہ زائدہ ہے لیکن اسے حذف کرنا جائز نہیں۔

۳۔ المتعجب منه:

الباء الزائدة سے مجرور ہونے والا اسم متعجب منه کہلاتا ہے۔

الف کے ذیل میں سرخ مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تعجب کے یہ صیغے براہ راست ایسے ثلاثی افعال سے بنے ہیں جن کے لئے وہی تمام شرائط ہیں جو اسم تفضیل بنانے کے لئے درکار ہیں (ان شرائط کو تفصیل سے اسم تفضیل کے باب میں ذکر کردیا گیا ہے)۔

كيفية التعجب إذا كان الفعل غير مستوف للشروط الثمانية

ب کے ذیل میں سرخ مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایسے مصادر پر مشتمل ہیں جن سے تعجب کے معنی حاصل کرنا مقصود ہے لیکن ان مصادر کے افعال سے تعجب کے صیغے براہ راست نہیں بنتے کیونکہ ان میں مندرجہ بالا شرائط میں سے جو فعل تعجب کے لئے ضروری ہیں کوئی ایک شرط مفقود ہے، مثلا: جملہ۳۔ میں فعل تواظب غیر ثلاثی ہے اور مثال۴۔ میں فعل يكون ناقص ہے تام نہیں ہے اور جملہ ۵۔ میں فعل احضرّ کا وصف أفعل کے وزن پر ہے۔

اگر فعل غیر ثلاثی ہو (جیسے: احمرَّ، أعجل، ضحّى) یا اسکا وزن أفعل (جیسے: حور سے أحور) کے وزن پر ہوتو ان افعال سے تعجب کا صیغہ براہ راست نہیں بنتا، لہذا ان سے تعجب کا معنی حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کسی مناسب فعل ثلاثی کو ما أَفْعَلَ یا أَفْعِلْ به کے وزن پر لاتے ہیں اور اس کے بعد اس فعل کا مصدر مؤول یا مصدر صریح (جس سے تعجب کا معنی حاصل کرنا ہو) کو بطور تمیز منصوب ذکر کرتے ہیں۔

مثال ٦۔ پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ فعل يقال سے تعجب کا اظہار براہ راست نہیں ہوتا چونکہ یہ فعل مبني للمجهول ہے اور نہ ہی فعل تنتفع سے براہ راست تعجب کا اظہار ہوتا ہے کیونکہ یہ جملہ منفی ہے چنانچہ ایسے افعال سے تعجب کے اظہار کے لئے ہم وہی طریقہ استعمال کریں گے جو کہ (ب) کی مثالوں میں کیا، فرق صرف یہ ہے کہ یہاں مصدر صریح کو استعمال نہیں کریں گے بلکہ صرف مصدر مؤول کو ہی استعمال کریں گے کیونکہ مصدر صریح سے یہ بات واضح

نہیں ہوتی کہ فعل مبني للمجهول ہے یا منفی ہے۔

اسی طرح اگر فعل جامد ہو، جیسے: نِعْمَ، بِئْسَ، عَسی اور لَیْس یا تفاوت کے قابل نہ ہو، جیسے: مات، فنِيَ یا هَلَكَ تو ان سے تعجب کا اظہار نہیں ہوسکتا کیونکہ تعجب سے انسان کی اندرونی کیفیات کی کمی اور زیادتی ظاہر ہوتی ہے اور ان افعال سے ایسا ممکن نہیں ہے۔

قواعد:

۱۔ عربی زبان میں تعجب کے لئے کئی صیغے ہیں جن میں دو قیاسی ہیں: ۱۔ ما أَفْعَلَه ۲۔ أَفْعِلْ بِه۔

۲۔ براہ راست تعجب صرف انہیں افعال سے ہوتا ہے جن میں مندرجہ ذیل آٹھ شروط پائی جاتیں ہیں:

(۱) فعل ماضی ہو۔ (۲) فعل ثلاثی ہو۔ (۳) متصرف ہو۔ (۴) تام ہو۔ (۵) مثبت ہو۔

(۶) مبني للمعلوم ہو۔ (۷) تفاوت کے قابل ہو۔ (۸) اس کا وصف أفعل کے وزن پر نہ ہو۔

۳۔ اگر فعل غیر ثلاثی، ناقص، یا اس کا وصف أفعـل کے وزن پر ہو، تو تعجب کے اظہار کے لئے کسی مناسب ثلاثی فعل کو أفعل کے وزن پر لاتے ہیں اور اس کے بعد اس فعل کا مصدر صریح یا مؤول لاتے ہیں جسکا تعجب کے لئے استعمال کرنا مقصود ہو۔

۴۔ اگر فعل منفی یا مبني للمجهول ہو تو اس سے تعجب کے اظہار کے لئے کسی مناسب فعل ثلاثی کو أفْعَلَ کے وزن پر لاتے ہیں اور اس کے بعد صرف اس فعل کا مصدر مؤول لاتے ہیں جس نے تعجب میں ڈالا ہو۔

۵۔ فعل جامد یا وہ فعل جو قابل تفاوت نہ ہو اس سے تعجب کا اظہار نہیں کیا جاتا۔

التمرين - ۱

عين صيغة التعجب والمتعجب منه فيما يأتي:

نموذج: مَا أَقْبَحَ مَنْ أَهْزَلَ دِينَهُ وَأَخْلَقَ أَخْلَاقَهُ.

صيغة التعجب: ما أَقْبَحَ. **المتعجب منه:** من أَهْزَلَ دِيْنَهُ.

۲۔ مَا أَشْقَى حِرْصَ الملكِ فَإِنَّه يَحْسُدُ عَلَى الْقليلِ وَالكثيرِ.

٣ـ إنْ كُنْتَ حَرِيصًا عَلى جَمْعِ الزَّادِ فَما أخيَرَ الزَّادَ التَّقْوَى.

٤ ـ ما أحْسن الإيْمان يَزِينُهُ التُّقى وَأحْسن بالتُّقى يَزِينُهُ الْعِلْمُ.

٥ـ مَا أشَرَّ النَّدامَةَ يَومَ القيامةِ إذا ضِيع عُمرُكَ في جَمعِ الدُّنيا.

٦ـ أشْدِدْ بتَعَلُّقَ الْمُسلِمِينَ بِفِلَسْطِينَ لِوُجُودِ الْمَسْجِدِ الأقْصَى فِيْهِ.

٧ـ مَا أتقَى مَنْ أحْكَمَ سُلطانَهُ عَلى نَفسِهِ لَمْ يَدَعْ لَها سَبيلاً لِتَرْتَعَ فِيمَا لاَ يَنْفَعُ.

٨ـ مَا أحسنَ أن يَقْضِيَ الْمؤْمِنُ حَياتَهُ فِي طاعةِ اللّهِ فَإنَّ عُمْرَ الْفَرْدِ غَمْضَةُ عَيْنٍ.

٩ـ مَا أنْضَرَ الغُلاَمَيْنِ الْحَسَن وَالحسين رضي اللّه عنهما كَطَلْعَةِ الْبَدْرِ بَهَاءً وَرواءً كَأكْمَامِ الْوَرْدِ نَضَارَةً وَطِيْبًا.

١٠ـ صَنَعَ عبدُ الملكِ بنِ مَروانَ طَعَامًا فَأكْثَرَ وَأطَابَ وَدَعا إلَيْهِ النَّاسَ فَأكَلوا فَقالَ بَعضُهمْ: مَا أطْيَبَ هذا الطَّعَامَ.

١١ـ مَا أشْجعَ سَعيدَ بنَ جُبيرٍ حِينَ قَامَ أمامَ حَجّاجِ بنِ يُوسفَ فإنَّهُ يُجيبهُ عَنْ كُلِّ مَسألةٍ بِجَنانٍ ثابتٍ وَبيانٍ ساحرٍ.

١٢ـ أصبر بالإمام أحمد بن حنبلٍ رَحِمَهُ اللّهُ حِينَ كانَ يُضرَبُ ضَرباتٍ شديدةً وَهُوَ يَدعُو لهمْ: اللّهمَّ اغفِرْ لِمَعْصِيَتِهِم.

التمرين ـ ٢

حوّل الجمل الآتية إلى أساليب للتعجب وغير ما يلزم:

نموذج: البِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ. (ما أعظم)

ما أعظم الخلق البر.

٢ـ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ. (ما أشقى)

٣ـ لَا يَزِيْدُ فِي الْعُمْرِ إلَّا الْبِرُّ. (ما أصدق)

٤ـ حُبُّكَ الشَّيءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ. (ما أقبح)

٥ـ لَاخَيْرَ فِي الْجُلُوْسِ فِي الطُّرُقَاتِ. (ما أقْبَحَ)

٦ـ لَا يُقِيْمُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَجْلِسِه. (ما أقبح)

٧ـ خِيَارُكُمْ الَّذِيْنَ إذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللّٰهُ. (ما أفضل)

٨ـ لَا خَيْرَ فِي مَنْ لَا يَأْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ. (ما أشنع) ٩ـ مِنَ الْكَبَائِرِ شَتْمُ الرَّجُلِ وَالِدَيْهِ. (ما أكبر الكبائر)

١٠ـ حُسْنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ. (ما أحسن العبادة)

١١ـ شَرُّكُمْ مَنْ لَا يُرْجٰى خَيْرُهُ وَلَا يُؤْمَنُ شَرُّهُ. (ما أشر)

١٢ـ التُّؤَدَةُ فِي كُلِّ شَيْءٍ خَيْرٌ إِلَّا فِي عَمَلِ الآخِرَةِ. (ما أعلى)

١٣ـ لَعَنَ الرَّسُولُ ﷺ عَلٰى مَنْ جَلَسَ وَسَطَ الْحَلْقَةِ. (ما أقبح)

١٤ـ أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ الْحُبُّ فِي اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِي اللّٰهِ. (ما أفضل)

١٥ـ أَلْمُتَحَابُّونَ فِي اللّٰهِ فِي ظِلِّ الْعَرْشِ يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلُّهُ. (ما أرفع، ما أعظم)

التمرين ـ ٣

تعجب مما يأتي كما في المثال:

نموذج: حُمْرَةُ الشَّمْسِ وَقْتَ الْمَغِيْبِ.

ما أبهى حمرة الشمس وقت المغيب.

٢ـ نُوْرُ الْبَدْرِ. ٣ـ حَيَاةُ النَّبِيِّ ﷺ. ٤ـ مَصَائِبُ الْمُهَاجِرِيْنَ.

٥ـ سَهْرُ اللَّيَالِي. ٦ـ تَغْرِيدُ الْعَصَافِيْرِ. ٧ـ مَقْصَدُ حَيَاةِ الإِنْسَانِ.

٨ـ إِيْثَارُ الْأَنْصَارِ. ٩ـ تَعَاوُنُ الْجَمَاعَةِ. ١٠ـ مُسَاعَدَةُ الْجَارِ الْفَقِيْرِ.

١١ـ زُرْقَةُ السَّمَاءِ. ١٢ـ مَسْئُولِيَّةُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ. ١٣ـ أَشْعَارُ حَسَّانِ بْنِ ثَابِتٍ.

١٤ـ بَهَاءُ الْبُسْتَانِ. ١٥ـ التَّقْصِيرُ فِي الصَّلَاةِ. ١٦ـ رَائِحَةُ الْأَزْهَارِ الْمُفَتَّحَةِ.

١٧ـ صَوْتُ الْحَمِيْرِ. ١٨ـ الإِنْفَاقُ عَلَى الْعَشِيْرَةِ. ١٩ـ رَفْعُ الْحَاجَةِ إِلَى غَيْرِ اللّٰهِ.

٢٠ـ الاسْتِمَاعُ إِلٰى نَصِيحَةِ الْأُسْتَاذِ.

التمرين - ٤

استخرج من الأساليب الآتية صيغتي التعجب وأعرب:

نموذج: ١ـ ما أَعَفَّ غَضَّ الْمُؤْمِنِينَ أَبْصَارَهُمْ وَحِفْظَهُمْ فُرُوجَهُمْ.

ما: تعجبية بمعنى "شيء عظيم"، مبنية على السكون، في محل رفع مبتدأ.

أعفّ: فعل ماض، جامد لإنشاء التعجب، مبني على الفتحة، وفاعله ضمير مستتر وجوبًا، تقديره: "هو".

غضّ: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

والجملة الفعلية في محل رفع، خبر المبتدأ.

٢ـ أَكرِمْ بِمَنِ اخْتَارَ لِيْنَ الْجَانِبِ وَطِيْبَ الْكَلَامِ وَبِشْرَ الْوَجْهِ.

أكرم: فعلٌ ماضٍ، جامد لإنشاء التعجب، جاء على صيغة الأمر، مبني على فتح مقدّرٍ؛ لمجيئه على هذه الصورة. بمن: بـ: حرف جرٍّ زائدٍ. من: اسم موصول، مبني على السكون، في محل رفع، فاعل.

٣ـ مَا أَشَرَّ الْمَاكِلَ مَالُ الْيَتِيمِ.

٤ـ مَا أروعَ تَمَسُّكَ المسلمينَ بِدِينِهِمِ الْمَتِينِ.

٥ـ أَحْسِنْ بِمَنْ جَعَلَ اللهَ مَلْجَأَهُ عِنْدَ كُلِّ نَائِبَةٍ تَنُوبُهُ.

٦ـ مَا أقبحَ أن تَخْتَلِفَ آرَاءُ الْمُسلمينَ فِي الإِسْلَامِ وَالْقُرآنِ.

٧ـ مَا أَحْسَنَ الْعِلْمَ يَزِينُهُ الْعَمَلُ وَمَا أَحْسَنَ الْعَمَلَ يَزِينُهُ الرِّفْقُ.

٨ـ مَا أَرْخَصَ دَمُ الْمُسْلِمِينَ فِي الْبِلادِ الْمَغصوبَةِ في أَيْدِي الْكُفَّارِ.

٩ـ أنفِع بأن يُمْسِكَ الْمَرْءُ لِسانَهُ عَنْ فُضُولِ الْكَلامِ وَعَمَّا لَا يَعْنِيهِ.

١٠ـ مَا أَصْبَرَ النَّبِيَّ ﷺ عَلَى الشَّدائِدِ وَمَا أَعْظَمَ أَجْرَهُ بِأَنَّهُ أُوذِيَ فِي اللهِ.

١١ـ مَا أَعْجَبَ شَأْنَكَ أَنْ تُلْزِمَ نَفْسَكَ الصَّمْتَ حَتَّى قَوَّمْتَهَا عَلَى الْعَدْلِ.

١٢ـ ما أحسنَ أنْ يُصْلَحَ بَيْنَ المسلِمينَ إلَّا صُلْحًا حَرَّمَ حَلَالًا وَأَحَلَّ حَرَامًا.

١٣ـ مَا أَجْرَأَ عَبْدَ اللهِ بْنَ حُذَافَةَ حِيْنَ قَدِمَ عَلَى سَيِّدِ فَارِسَ وَعَلَيْهِ جَلَالُ الْمُؤْمِنِ.

١٤ ـ مَا أَذَلَّ دَارَ الدُّنْيَا أَوَّلُهَا عَنَاءٌ وَآخِرُهَا فَنَاءٌ فِي حَلَالِهَا حِسَابٌ وَفِي حَرَامِهَا عِقَابٌ.

١٥ ـ أَشْرِف بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ يَعِجُّ بِالوَافِدِينَ عَلَى اللّٰهِ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ مُشَاةً وَرُكْبَانًا وَشُيُوخًا وَشَبَابًا.

التمرين ـ ٥

استخرج من الأحاديث الآتية أساليب التّعجب والمتعجب منه:

نموذج: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَا أَغْيَرَكَ يَا أُبَيّ إِنِّي لأَغْيَرُ مِنْكَ وَاللّٰهُ أَغْيَرُ مِنِّي.

ما أغيرك: أسلوب التّعجب ك: متعجب منه

٢ ـ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ ﷺ: مَا أَتْقَاه مَا أَتْقَاه مَا أَتْقَاه راعِي الغَنَمِ عَلى رَأْسِ الجَبَلِ يُقِيْمُ فِيْهَا الصَّلَاةَ.

٣ ـ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَا أَحْسَنَ القَصْدَ فِي الغِنَى وَمَا أَحْسَنَ القَصْدَ فِي الفَقْرِ وَمَا أَحْسَنَ القَصْدَ فِي العِبَادَةِ.

٤ ـ كَانَ عَمرو بْنُ العَاص يَقُولُ: مَا أَبْعَدَ هَدْيَكُم مِنْ هَدْيِ نَبِيِّكُم ﷺ أَمَّا هُوَ فَكَانَ أَزْهَدَ النَّاسِ فِي الدُّنْيَا وَأَنْتُم أَرْغَبُ النَّاسُ فِيْهَا.

٥ ـ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عُرْوَةَ بْن مَسْعُوْدٍ إِلَى الطَّائِفِ فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَقَتَلَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَا أَشْبَهَ هذا بِصَاحِبِ يٰس.

٦ ـ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَأَبو بَكرٍ فِي طَائِفَةٍ مِنَ المَدِيْنَةِ قَالَ: فَجَاءَ فَكَشَفَ عَنْ وَجْهِهِ فَقَبَّلَهُ وَقَالَ: فِدًى لَكَ أَبِي وَأُمِّي مَا أَطْيَبَكَ حَيًّا وَمَيْتًا مَاتَ مُحَمَّدٌ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ.

٧ ـ مَرَّ نُعْمَانُ ابن أَبِي فَطِيْمَةَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ بِكَبِشٍ أَقْرَنَ أَعينَ فَقَالَ ﷺ: مَا أَشْبَهَ هَذا بِالْكَبِشِ الَّذِي ضَحّى إبراهيم فَاشْتَرَى معاذ بن عَفْرَاء كَبشًا أقرن أَعْين فَأَهداهُ النَّبِيَّ ﷺ فضحّى بِهِ.

٨ ـ عَنْ أَبِي الوَلِيْدِ سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الْحَصٰى الَّذِي فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ: مُطِرْنَا ذَاتَ لَيْلَةٍ فَأَصْبَحَتِ الأَرْضُ مُبْتَلَّةً فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَأْتِي بِالْحَصٰى فِي ثَوْبِهِ فَيَبْسُطُهُ تَحْتَهُ فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الصَّلَاةَ قَالَ: مَا أَحْسَنَ هذا.

٩ ـ دَخَلَ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ رَجُلٌ مُتَنَكِّبٌ قَوْسًا فَأَعْجَبَتِ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: مَا أَجْوَدَ قَوْسَكَ، اشْتَرَيْتَهَا؟ قَالَ: لا وَلَكِن

أَهْداها إِلَيَّ رَجُلٌ أَقْرَأْتُ ابْنَهُ القُرْآنَ قَالَ: فَتُحِبُّ أَنْ يُقَلِّدَكَ اللّٰهُ قَوْسًا مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: لا، قَالَ: فَرُدَّهَا.

١٠ ـ عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: حَقٌّ عَلى مَنْ قَامَ عَلى مَجْلِسٍ أَنْ يُسَلِّمَ عَلَيْهِم وَحَقٌّ عَلى مَنْ قَامَ مِنْ مَجْلِسٍ أَنْ يُسَلِّم فَقَامَ رَجُلٌ ورَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَتَكَلَّمُ فَلَمْ يُسَلِّمْ فَقَالَ ﷺ: مَا أَسْرَعَ مَا نَسِيَ.

١١ ـ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَطُوْفُ بِالْكَعْبَةِ وَيَقُوْلُ: مَا أَطْيَبَكِ وَأَطْيَبَ رِيْحَكِ مَا أَعْظَمَكِ وَمَا أَعْظَمَ حُرْمَتَكِ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَحُرْمَةُ الْمُؤْمِنِ أَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ حُرْمَةً مِنْكِ مَالِهِ وَدَمِهِ وأَن نَظُنَّ بِهِ إِلَّا خَيْرًا.

١٢ ـ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ يَدْعُو فِي الصَّلَاةِ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ فَقَالَ لَهُ قَائِلٌ: مَا أَكْثَرَ مَا تَسْتَعِيْذُ مِنَ الْمَغْرَمِ فَقَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا غَرِمَ حَدَّثَ فَكَذِبَ وَوَعَدَ فَأَخْلَفَ.

١٣ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَثَلِيْ وَ مَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ عليهم الصلاة السلام كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنٰى قَصْرًا فَأَكْمَلَ بِنَائَهُ إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ فَنَظَرَ النَّاسُ إِلَى الْقَصْرِ فَقَالُوْا: مَا أَحْسَنَ بُنْيَانَ هذا الْقَصْرِ لَوْ تَمَّتْ هذه اللَّبِنَةُ أَلَا فَكُنْتُ أَنَا اللَّبِنَةَ أَلَا فَكُنْتُ أَنَا اللَّبِنَةَ.

١٤ ـ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ وَهُوَ يُوْعَكُ فَوَضَعْتُ يَدِيْ عَلَيْهِ فَوَجَدْتُ حَرَّهُ بَيْنَ يَدَيَّ فَوْقَ اللِّحَافِ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! مَا أَشَدَّهَا عَلَيْكَ، قَالَ: إِنَّا كَذٰلِكَ يُضَعَّفُ لَنَا الْبَلَاءُ وَيُضَعَّفُ لَنَا الْأَجْرُ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ النَّاسِ أَشَدُّ بَلَاءً؟ قَالَ: الْأَنْبِيَاءُ.

١٥ ـ حَدَّثَنِي شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ قَالَ: قُلْتُ لِأُمِّ سُلَيْمٍ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ! مَا كَانَ أَكْثَرُ دُعَائِهِ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ! ثَبِّتْ قَلْبِي عَلى دِيْنِكَ قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! مَا أَكْثَرَ دُعَائَكَ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ! ثَبِّتْ قَلْبِي عَلى دِيْنِكَ قَالَ: يَا أُمَّ سَلَمَةَ! إِنَّهُ لَيْسَ آدَمِيٌّ إِلَّا وَقَلْبُهُ بَيْنَ إِصْبَعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ اللّٰهِ فَمَنْ شَاءَ أَقَامَ وَمَنْ شَاءَ أَزَاغَ.

التمرين ـ ٥

نموذج في الإعراب:

١ ـ لَهُ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ أَبْصِرْ بِهِ وَأَسْمِعْ.

له: لـ: حرف جر، مبني على الفتحة، لا محل له من الإعراب. **ه:** ضمير متصل، مبني على الضمة، في محل جر بحرف جر، والجار والمجرور متعلقان بخبر مقدم محذوف، تقديره: "كائن".

غيب: مبتدأ، مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

السموات: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جرّه الكسرة الظاهرة على آخره.

و: عاطفة، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب.

الأرض: اسم مجرور معطوف على "السموات"، وعلامة جرّه الكسرة الظاهرة على آخره.

أبصر: فعل ماض لإنشاء التعجب، أتى على صورة الأمر، مبني على الفتح المقدر؛ لمجيئه على صورة الأمر.

به: بـ: حرف جرٍّ زائد، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب، **ه:** ضمير متصل، مجرور لفظا، ومرفوع محلا، أو أنه مجرور بكسرة مقدرة على آخره، منع من ظهورها كسرة حرف الجرّ الزائد، في محل رفع.

و: عاطفة، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب.

أسمع: فعل ماض لإنشاء التعجب، أتى على صورة الأمر، مبني على الفتح المقدر؛ لمجيئه على صورة الأمر، و "به" مقدر.

الجملة "له غيب السموات.....": لا محل لها من الإعراب، تعليلية.

الجملة "أبصر به": لا محل لها من الإعراب، استئنافية في حيز القول.

الجملة "أسمع (به)": معطوفة على جملة "أبصر به" لا محل لها من الإعراب.

٢ ـ قُتِلَ الإِنْسَانُ مَا أَكْفَرَهُ.

قُتِلَ: فعل ماض، مبني للمجهول، مبني على الفتح.

الإنسان: نائب الفاعل، مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

ما: تعَجُّبية، نكرة تامة، بمعنى "شيء"، في محل رفع، مبتدأ.

أَكْفَرَهُ: فعل ماض لإنشاء التعجب، مبني على الفتح، وفاعله ضمير مستتر فيه وجوبا، تقديره: "هو" في محل رفع يعود على "ما"، ه: ضمير متصل، مبني على الضمة، في محل نصب، مفعول به.

الجملة "قتل الإنسان": لا محل لها من الإعراب، استئنافية.

الجملة "ما أكفره": لا محل لها من الإعراب، استئناف بياني.

الجملة "أكفَرَه": في محل رفع، خبر لمبتدأ "ما" التعجبية.

٣ ـ أَحْسِنْ بِالأخلاق.

أَحْسِنْ: فعلٌ ماضٍ جامد، لإنشاء التعجب، على صورة الأمر، مبني على فتح مقدّرٍ، لمجيئه على هذه الصورة.

بالأخلاقِ: بـ: حرف جرٍّ زائدٍ، **الأخلاقِ:** فاعل مرفوع، وعلامة رفعه الضَّمَّة المقَدَّرة على الآخر، منع من ظهورها كسرة حرفِ الجرِّ الزائدِ.

الجملة "أحسن ...": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

أعرب ما يلي:

١ ـ ما أحسن الإيمان يزينه التُّقى وأحسن بالتقى يزينه العلم.

٢ ـ أنت النعيم لقلبي والعذاب له   فما أمَرَّك في قلبي وأحْلاك

٣ ـ ما أَصْبَرَ النبيّ ﷺ على الشدائد وما أعظَمَ أجْرَهُ بأنه أُوذِي في سبيله.

الدرس الرابع والثلاثون

أفعال المدح والذّم

نعم وبئس

الأمثلة:

١ ـ نِعْمَ الصَّدِيْقُ الوَفِيُّ — بِئْسَ الحَدِيْثُ الكِذْبُ.

٢ ـ نِعْمَ جَزَاءُ المُتَّقِيْنَ الجَنَّةُ — بِئْسَ أَمِيْرُ القَوْمِ الخَائِنُ.

٣ ـ نِعْمَ ثَمَرَةُ أَعْمَالِ المُجْتَهِدِ النَّجَاحُ — بِئْسَ جَزَاءُ أَعْمَالِ الكُفَّارِ النَّارُ.

٤ ـ نِعْمَ فَضِيْلَةً الصِّدْقُ — بِئْسَ طَالِبًا مَنْ لَا يَتَوَاضَعُ لِمُعَلِّمِهِ.

٥ ـ نِعْمَ مَا يُصَانُ اللِّسَانُ عَنْهُ الغِيْبَةُ — بِئْسَ مَا تَتَخَلَّقُ بِهِ الكِبْرُ.

شرح وتفصیل:

عربی زبان میں بہت سے ایسے الفاظ اور اسالیب ہیں جو تعریف اور مذمت پر دلالت کرتے ہیں۔ان میں سے کچھ الفاظ وافعال تو اس پر صراحۃً دلالت کرتے ہیں، جیسے: أَمْدَحُ، أُثْنِي، أَسْتَحْسِنُ، أهجو، أَذُمّ وغیرہ۔

اور بعض مشتقات میں تعریف یا مذمت کے معنی پائے جاتے ہیں، جیسے: الجَمِيْلُ، العَظِيْمُ، الفَاضِلُ، البَخِيْلُ، الحَقُوْدُ وغیرہ۔

جبکہ بعض الفاظ یا اسالیب اچھائی اور برائی پر دلالت کرنے کے لئے قرائن کے محتاج ہوتے ہیں، جیسے: نفي، استفهام، تفضیل اور تعجب[1] یہ الفاظ کبھی کبھی اپنے خاص معنی ادا کرتے ہوئے کسی قرینہ کی موجودگی میں اچھائی یا برائی پر دلالت کرتے ہیں۔ نعم وبئس کا تعلق اس پہلی قسم کے الفاظ سے ہے جو اچھائی یا برائی پر صراحۃً دلالت کرتے ہیں،

(١) نفی مثلا: ما هذا بَشَرًا، استفہام مثلا: هَلِ العِلْمُ إِلَّا التَّفسِير، تفضیل مثلا: كَانَ أَبُو هُرَيْرَةَ أَحْرَصَ الصَّحَابَةِ رضي الله عنهم عَلَى الحَدِيثِ النَّبَوِيِّ اور تعجب مثلا: مَا أَحسَنَ قَولَ القَائِلِ مَن حَفِظَ المُتُونَ حَازَ الفُنُونَ ۔

نعم تعریف کیلئے اور بئس مذمت کیلئے استعمال ہوتا ہے، یہ اسلوب تین ارکان پر مشتمل ہے:

١۔ فعل (نعم ، بئس)

٢۔ فاعل (مثلا الصديق ، الحديث)

٣۔ مخصوص بالمدح و الذمّ (مثلا الوفيّ ، الكذب)

١۔ أحكام أفعال المدح والذمّ [1]:

اس اسلوب کے احکام مندرجہ ذیل ہیں:

١۔ یہ افعال ماضیہ، جامدہ اور لازمہ ہوتے ہیں یعنی ان سے مضارع اور امر کے صیغے نہیں بنتے اور نہ ہی ان سے دوسرے مشتقات نکلتے ہیں [2]۔

٢۔ اگر فاعل اسم ظاہر مؤنث ہو تو فعل کے ساتھ تاء التأنيث لگانا بھی جائز ہے، جیسے: نِعْمَتِ الْخَصْلَةُ الصِّدْقُ اور اسکا حذف کرنا بھی ٹھیک ہے اگرچہ فاعل مؤنث حقیقی ہو، جیسے: بئس أو بئست الفتاة المتبرجة۔

٢۔ أحكام فاعل هذه الأفعال:

مندرجہ بالا مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکے فاعل کی چند صورتیں ہیں:

١۔ اسم ظاہر معرف بـ أل الجنسية أو العَهْدية ہو، جیسا کہ جملہ ١۔ نِعْمَ الصَّدِيْقُ الوَفِيُّ، بِئْسَ الحَدِيْثُ الكِذْبُ۔

٢۔ اسم ظاہر معرف بـ أل کی طرف مضاف ہو، جیسا کہ جملہ ٢۔: نِعْمَ جَزَاءُ الْمُتَّقِيْنَ الجَنَّةُ، بِئْسَ أَمِيْرُ القَوْمِ الخَائِنُ۔

٣۔ اسم ظاہر ایسے اسم کی طرف مضاف ہو، جو معرف بـ أل کی طرف مضاف ہو، جیسا کہ جملہ ٣۔ نِعْمَ ثَمَرَةُ أَعْمَالِ المُجْتَهِدِ النَّجَاحُ، بِئْسَ جَزَاءُ أَعْمَالِ الكُفَّارِ النَّارُ۔

٤۔ فاعل ضمیر مستتر ہو جو اپنے بعد آنے والی تمیز پر لوٹے جو اس ضمیر میں موجود ابہام کو دور کردے، جیسے جملہ ٤۔ نِعْمَ فَضِيْلَةً الصِّدْقُ، بِئْسَ طَالِبًا مَنْ لَا يَتَوَاضَعُ لِمُعَلِّمِهِ میں نِعْمَ کے بعد واقع ہونے والا نکرہ اسم فَضِيْلَة نعم کے فاعل (ضمیر مستتر وجوبًا) کی وضاحت کر رہا ہے، اسی طرح بِئْسَ کے بعد طَالِبًا۔

(١) بسا اوقات ایسے افعال جو کہ فَعُلَ کے وزن پر ہوتے ہیں انہیں تعریف اور مذمت کے لئے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ ان میں دو امور پائے جائیں:

١۔ مدح و ذم کے لئے مناسب ہوں ٢۔ ان سے صیغہ تعجب أَفْعَلَ بن سکتا ہو، جیسے: حَسُنَ، شَرُفَ، كَبُرَ، خَبُثَ۔

(٢) ان افعال کے اعراب فعل ماضی کی طرح ہوتے ہیں، لیکن معنی یہ کسی بھی زمانے پر دلالت نہیں کرتے نہ ماضی پر نہ غیر ماضی پر۔

۵۔ مَا[1] یا مَنْ المَوْصُوْلَة ہو، جیسا کہ جملہ ۵۔ نِعْمَ مَا یُصانُ اللِّسَانُ عَنْهُ الغِیْبَةُ، بِئْسَ مَا تَتَخَلَّقُ بِهِ الکِبرُ میں مَا فاعل ہے اور اسکے بعد والا جملہ فعلیہ یُصانُ اللِّسَانُ عَنْهُ، تَتَخَلَّقُ بِهِ صلة الموصول ہے۔ اسی طرح آیت ﴿إِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا[2] یَعِظُکُمْ بِهِ﴾ میں ما فاعل ہے اور اسکے بعد والا جملہ یَعِظُکُمْ بِهِ صلة الموصول ہے۔ اور اسی طرح نِعْمَ مَنْ تَصْحَبُهُ عزیزًا بِئسَ مَنْ تَرَاهُ مُنَافِقًا میں مَنْ فاعل ہے اور جملہ فعلیہ صلة الموصول ہے۔

۶۔ اسم موصول الذي ہو، جیسے: نعم الذي یقوی برؤیته إیمانك، بئس الذي ترکه الناس اتقاء فُحشِه۔

۷۔ اسم نکرة مضاف إلی نکرة یا غیر مضاف ہو، جیسے: نعم معلّم أنت۔

۳۔ أحکام المخصوص بالمدح والذّمّ:

جس شخص یا چیز کی تعریف مقصود ہوتی ہے اسے مخصوص بالمدح اور جسکی مذمّت مقصود ہوتی ہے اسے مخصوص بالذمّ کہتے ہیں، اسکی علامت یہ ہے کہ اگر اس کو مبتدا بنایا جائے اور اس سے پہلے جو جملہ فعلیہ ہے (فعل المدح أو الذمّ اور اس کا فاعل) اسے خبر بنایا جائے تو جملہ کا مفہوم و معنی درست رہے، جیسے جملہ ا۔ بِئْسَ الحَدِیْثُ الکِذْبُ میں مخصوص بالذم الکِذْبُ کو مبتدا بنایا جاسکتا ہے یعنی: الکذب بئس الحدیث کہنے سے جملے کا مفہوم ٹھیک رہے گا۔

مخصوص بالمدح أو الذمّ کے لئے چند زائد شرائط درج ذیل ہیں:

ا۔ وہ معرفہ یا نکرہ مخصّصہ ہو چاہے یہ تخصیص کسی وصف کے ساتھ ہو یا اضافت کے ساتھ۔

۲۔ اگر فاعل اسم ظاہر ہو تو فعل و فاعل دونوں کے بعد آئے یا دونوں سے پہلے یعنی مخصوص بالمدح والذمّ کا فعل اور فاعل کے بیچ میں آنا درست نہیں۔

۳۔ اگر فاعل ایک ایسی ضمیر مستتر ہو جس کی وضاحت تمیز کر رہی ہو تو مخصوص بالمدح والذمّ تمیز کے بعد لانا

(۱) نعم اور بئس کے بعد جب ما آئے تو اس کے درج ذیل اعراب ممکن ہیں:
ا۔ اگر ما اسم مفرد کے بعد واقع ہو، جیسے قولہ تعالیٰ: إن تبدوا الصدقات فنعما هي اس صورت میں اس کو فاعل بنانا بھی جائز ہے اور تمیز بھی۔
۲۔ اگر اس کے بعد جملہ فعلیہ واقع ہو، جیسے: نعم ما یقول الحکماء تو اس کے دو اعراب جائز ہیں: (ا) یہ نکرہ موصوفہ ہوگی اور تمیز واقع ہوگی اور اس کے بعد آنے والا جملہ اسکی نعت ہوگا۔ (ب) اسم موصول اور اس صورت میں اسکو صرف فاعل بنانا جائز ہے اور اس کے بعد واقع ہونے والا جملہ صلة الموصول ہوگا۔
۳۔ اگر اسکے بعد کچھ بھی واقع نہ ہو، جیسے: الإسراف في الریاضة بئسما اس صورت میں یہ نکرہ تامہ ہوگی یعنی اسکا فاعل یا تمیز بنانا جائز ہے۔
(۲) اصل میں یہ نعم ما تھا پھر ما کو نعل کے ساتھ مدغم کر دیا گیا اور التقاء الساکنین سے بچنے کے لئے حرف عین کو کسرہ دے دیا گیا۔

ضروری ہے، جیسے: نِعمَ قَومًا الـمُسْلِمُونَ میں مخصوص بالمدح الْمُسْلِمُونَ تمیز قَومًا کے بعد واقع ہے اس کو تمیز سے پہلے لانا جائز نہیں، لیکن اگر فاعل اسم ظاہر ہو تو مخصوص بالمدح أو الذمّ تمیز سے پہلے بھی آ سکتا ہے اور بعد میں بھی، جیسے: نِعْمَ الصَّحَابِيُّ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رضي الله عنه حَيَاءً میں مخصوص بالمدح عُثْمَانُ کو تمیز حَيَاءً سے پہلے لانا بھی جائز ہے۔

۴۔ اگر مخصوص مؤنث ہو تو فعل مذکر بھی ہو سکتا ہے اور مؤنث بھی، جیسے: نعمت خلق الرّحمٰن السّماء / نعم خلق الرّحمٰن السّماء اگرچہ فاعل مذکر ہو، البتہ فاعل کے مذکر ہونے کی صورت میں فعل کو مذکر رکھنا بہتر ہے تاکہ فعل اپنے فاعل کے مطابق رہے، جیسے: نِعْمَ خَلْقُ الرَّحْمٰنِ السمَاء۔

۵۔ نعم و بئس کے مخصوص پر نواسخ المبتدأ والخبر (إنَّ، کان، ظنَّ وأخواتها) داخل ہو سکتے ہیں، مثلا: نعم ما اتخذته سميرًا کان الکتاب، بئس الرجل ظننتُ زيدًا۔

مندرجہ بالا مثالوں میں مخصوص بالمدح (الوفيُّ، الجنَّةُ، النجاح، الغِيْبَةُ، الصِّدْقُ) اور مخصوص بالذم (الکِذْبُ، الخائن، النار، الکبر) مرفوع اور معرفہ واقع ہوئے ہیں ان کے اعراب کی درج ذیل صورتیں ہیں:

۱۔ اگر مخصوص بالمدح أو الذمّ جملہ فعلیہ پر مقدّم ہو یعنی فعل اور فاعل سے پہلے واقع ہو تو مبتدا ہونے کی بنا پر مرفوع ہوگا، مثلاً: الوفيُّ نِعمَ الصَّدِيْقُ میں الوَفِيُّ مبتدا ہے اور جملہ فعلیہ نعم الصديق اس کی خبر ہے۔

۲۔ اگر مخصوص بالمدح و الذّم جملہ میں مؤخر ہو (یعنی فعل اور فاعل کے بعد واقع ہو) تو اس کے اعراب میں دو صورتیں ممکن ہیں:

(الف) مخصوص بالمدح أو الذم مبتدا مؤخر اور اس سے پہلے واقع ہونے والا جملہ اس کی خبر مقدم بن کر آئے، جیسے: نِعْمَ الصَّدِيْقُ الوَفِيُّ میں الوَفِيُّ مبتدا مؤخر ہے اور اس سے پہلے واقع ہونے والا جملہ فعلیہ نِعْمَ الصَّدِيْقُ اس کی خبر ہے۔

(ب) مخصوص بالمدح أو الذمّ خبر ہونے کی بنا پر مرفوع ہو اور اس کا مبتدا وجوبًا محذوف ہو جس کی تقدیر ضمیر مستتر ھو یا ھي ٹھہرائی جائے یہاں ضمیر سے مراد الممدوح أو المذموم ہو، جیسے: نِعْمَ الْخُلُقُ هُوَ الْحَيَاءُ یعنی الممدوح الحياء۔

حذف المخصوص:

مخصوص بالمدح أو الذمّ کو تین شرطوں کے ساتھ حذف کرنا جائز ہے:

۱۔ جملہ مدحیہ یا ذمیّہ سے پہلے کوئی ایسا لفظ ہو جو مخصوص کو حذف کرنے کے بعد اس پر دلالت کرے چاہے یہ لفظ خود مخصوص بن سکتا ہو یا نہیں [1]، یہ لفظ مُشعِرٌ بالمخصوص کہلاتا ہے۔

۲۔ مشعر بالمخصوص کی موجودگی میں مخصوص کو ذکر کرنے کی ضرورت نہ ہو۔

۳۔ مخصوص کو حذف کرنے سے کلام میں التباس پیدا نہ ہو، مثلاً قرآن کریم میں داوٗد علیہ الصلاۃ والسلام کے بارے میں اللہ رب العزت کا فرمان ہے: ﴿وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ نِعْمَ الْعَبْدُ إِنَّهُ أَوَّابٌ﴾، اس آیت کریمہ میں مخصوص بالمدح مذکور نہیں ہے، لیکن سیاق کلام اس پر دلالت کر رہا ہے کہ مخصوص بالمدح داوٗد علیہ السلام ہیں اس لئے مخصوص بالمدح کو ذکر کرنے کی ضرورت نہیں اور نہ ہی اسکے حذف کرنے سے کلام میں کوئی التباس پیدا ہو رہا ہے۔

(ب) حبذا، لا حبّذا، ساء

الأمثلة:

۱۔ حَبَّذَا رَجُلٌ يَدَعُ مَا يَرِيْبُهُ إِلٰى مَا لَا يَرِيْبُهُ.

۲۔ لَا حَبَّذَا سُوْءُ الظَّنِّ بِالْمُؤْمِنِ.

۳۔ سَاءَ رَجُلًا مَنْ يُحَدِّثُ بِكُلِّ مَا سَمِعَ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالیں حبّذا، لَا حَبَّذَا اور سَاءَ پر مشتمل ہیں، یہ افعال بھی ان اسالیب میں سے ہیں جو مدح یا ذم پر صراحۃ دلالت کرتے ہیں۔

حبّذا فعل ماضی حبَّ اور اسم اشارہ ذا سے مرکب ہے، یہ نِعم کی طرح کسی چیز کی اچھائی اور تعریف پر دلالت کرتا ہے، لیکن اس میں محبّت اور پسندیدگی کے معنی اضافی ہوتے ہیں کیونکہ فعل حبَّ مادۂ حب سے مشتق ہے، ذیل میں

(۱) یعنی مخصوص میں پائی جانے والی شرائط میں سے کوئی شرط اس لفظ میں نہ پائی جائے جیسے قولہ تعالی: ﴿إِنَّا وَجَدْنَاهُ صَابِرًا نِعْمَ الْعَبْدُ﴾ میں صابرًا مشعر بالمخصوص ہے اور مخصوص نہیں بن سکتا کیونکہ نکرۃ غیر مختصۃ ہے اور آیت کی تقدیر یوں ٹھہرائی جائے گی: نعم العبد الصابرُ۔

حبّذا سے متعلق چند امور مذکور ہیں:

۱۔ اسم اشارہ ذا فعل ماضی حبّ کا فاعل بن کر آتا ہے اور اسکی ایک ہی صورت (مفرد ومذکر) رہتی ہے چاہے مخصوص مفرد ہو یا مثنی یا جمع، مذکر ہو یا مؤنث۔

۲۔ حبّذَا کا مخصوص ہمیشہ فعل اور فاعل کے بعد آتا ہے نہ ان کے درمیان آسکتا ہے نہ ان سے پہلے۔

۳۔ اگر جملے میں تمیز ہو تو حبّذا کا مخصوص اس تمیز سے پہلے بھی آسکتا ہے اور بعد میں بھی، جیسے: حَبَّذَا رَجُلاً الْمُجَاهِدُ۔

۴۔ حبّذا کے مخصوص بالمدح کے وہی اعراب ہوتے ہیں جو نِعم کے مخصوص بالمدح کے ہوتے ہیں۔

۵۔ حبّذا کے مخصوص بالمدح پر نواسخ المبتدأ والخبر داخل نہیں ہوسکتے۔

اگر حبّذا سے پہلے حرف نفی لا لگا دیں تو یہ اسلوب مدح کے بجائے ذمّ پر دلالت کرنے لگتا ہے واضح رہے کہ حبّذا سے پہلے لا کے علاوہ کوئی اور حرف نفی نہیں لگتا، حَبّذا اور لا حبّذا کے احکام میں کوئی فرق نہیں ہے، جملہ ا۔ حبّذا پر اور جملہ ۲۔ لَا حَبَّذَا پر مشتمل ہے۔

جملہ ۳۔ سَاءَ رَجُلاً مَن يُحَدِّثُ بِكُلِّ مَا سَمِعَ میں سَاءَ ذم کیلئے استعمال ہوا ہے، جب یہ فعل ذم کے معنی میں استعمال ہوتا ہے تو یہ ماضی جامد کے طور پر استعمال ہوتا ہے، یہ اپنے تمام احوال میں بئس کے مشابہ ہوتا ہے۔

اسی طرح ہر وہ فعل جسمیں درج ذیل دو شرائط پائی جائیں اس کو أفعال المدح والذم کے طور پر استعمال کرنا جائز ہے:

۱۔ فعل ثلاثی ہو اور اس میں فعل التعجب میں مشروط سات شرائط پائی جاتی ہوں۔

۲۔ یہ فَعُل کے وزن پر ہو، چاہے اصالۃً جیسے: ظَرُفَ وشَرُفَ، چاہے اسکو فَعُل کے وزن پر بدلا گیا ہو، جیسے: ضَرَبَ سے ضَرُب اور فَهِم سے فَهُم۔

قواعد:

۱۔ نعم فعل المدح اور بئس فعل الذّم ہے یہ دونوں افعال ماضیہ جامدہ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

انکے فاعل کی پانچ صورتیں ہیں:

(۱) معرّف بأل الجنسية أو العهدية (۲) المضاف إلى المعرّف بأل (۳) المضاف إلى المضاف إلى المعرف بأل (۴) ضمیر مستتر يُفَسِّرُه التَّمْييز (۵) مَن أو ما الموصولة۔

۲۔ جس اسم کی تعریف مقصود ہو وہ مخصوص بالمدح کہلاتا ہے اور جس کی مذمّت مقصود ہو وہ مخصوص بالذّم کہلاتا ہے اس کے اعراب دو طرح ممکن ہیں:

(۱) اگر یہ جملہ میں مؤخر ہو تو مبتدا بھی بن سکتا ہے اور خبر بھی۔

(۲) اگر جملہ پر مقدم ہو تو صرف مبتدا بن سکتا ہے۔

۳۔ حبذا، لا حبذا، ساء بھی أفعال المدح والذم میں سے ہیں۔ حبذا تعریف جبکہ لا حبذا اور ساء مذمت پر دلالت کرتے ہیں۔

التمرين۔ ۱

عيِّن أساليبَ المدحِ والذّم وَبيِّنْ الفاعل والمخصوصَ في كُلِّ أسلوبٍ:

نموذج: مُطَالَعَةُ الْكُتُبِ تُرَوِّحُ الْأَذْهَانَ فَنِعْمَ الْمَسْلَاةُ.

نعم المسلاة: أسلوب المدح، والفاعل ضمير مستتر، تقديره: "هي" تعود على مطالعة الكتاب.

المسلاة: مخصوص بالمدح.

٢ ـ حَبَّذَا الْكِتَابُ النَّافِعُ.

٣ ـ لَا حَبَّذَا الْمَالُ الْمُلْهِيُّ عَنِ الآخِرَةِ.

٤ ـ بِئْسَتْ سَجِيَّةُ الثَّرْثَرَةُ.

۵۔ كم الاستفهامية کی تمیز مفرد منصوب ہوتی ہے لیکن اگر اس سے پہلے حرف جر واقع ہو یا مضاف ہو تو اس صورت میں اس کی تمیز منصوب بھی ہوسکتی ہے اور مجرور بھی، جیسے جملہ ۵۔ مَجْلِسَ كَمْ عَالِمًا / عَالِمٍ حَضَرْتَ۔ كم الاستفهامية اور اس کی تمیز کے درمیان فصل کرنا درج ذیل صورتوں میں جائز ہے:

(الف) اگر كم الاستفهامية اپنی تمیز کی طرف مضاف ہو تو ان کے درمیان شبه الجملة (یعنی جار مجرور اور

---

(۱) کم (خواہ استفہامیہ ہو یا خبریہ) کے اعراب کی درج ذیل صورتیں ہیں:

ا۔ مبتدا ہوگا جبکہ اسکے بعد فعل لازم ہو، جیسے: كَمْ سَفِيْنَةً غَادَرَت؟ یا ایسا فعل متعدی ہو جسکا مفعول بہ مذکور ہو، جیسے: كَمْ طَالِباً ضَرَبْتَه؟ یا ظرف یا جار مجرور ہو، جیسے: كَمْ طَالِبًا وراءَك ان تمام صورتوں میں کم کے اعراب مبتدأ مبني علی السكون في محل رفع ہونگے۔ ۲۔ اگر كَمْ کے بعد فعل متعدی ہو لیکن اسکا مفعول مذکور نہ ہو تو مفعول بہ ہوگا، جیسے: كَمْ جُزْءًا تَلَوْتَ مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ؟ میں کم کے اعراب مفعولٌ به مبني علی السكون ہونگے۔

۳۔ اگر اس سے پہلے حرف جر یا مضاف ہو تو اس کے اعراب في محل جر ہونگے، جیسے: عَلَىٰ كَمْ مَوْضُوْعًا يَحْتَوِيْ هٰذَا الْكِتَابُ؟ اور مَجْلِسَ كَمْ عَالِمٍ حَضَرْتَ؟ ۔ اور ان صورتوں کے علاوہ کم کے اعراب عام طور پر مبتدا کے ہوتے ہیں۔ ۴۔ اگر کم کے بعد ظرف زمان یا ظرف مکان مذکور ہوں تو اس کے اعراب ظرف في محل نصب ہوتے ہیں، جیسے: كَمْ سَاعَةً قَضَيْتَهَا فِي الْمَسْجِدِ اور كَمْ مِيْلًا قَطَعَتِ السَّيَّارَةُ ۔ ۵۔ اگر کم کے بعد مصدر ہو یا اس کا نائب ہو تو اس کے اعراب مفعول مطلق في محل نصب ہوتے ہیں، جیسے: كَمْ طَوَافًا طُفْتَ حَوْلَ الْبَيْتِ۔

ظرف) سے فصل کرنا جائز ہے، جیسے: أُنَاسٌ كَمْ فِي عَهْدِ الصِّدِّيق رضي الله عنهُ قَبِيْلَةٍ ارْتَدُّوْا عَنِ الإِسْلَامِ أو أُنَاسٌ كَمْ بَعْدَ عَهْدِ النَّبِيِّ ﷺ قَبِيْلَةٍ ارْتَدُّوا عَنِ الإِسْلَامِ؟ اضافت کی صورت میں شبه الجملة کے علاوہ کوئی فاصل نہیں آ سکتا۔

(ب) اگر کم الاستفهامية کی تمیز حرف جر من کے ذریعے مجرور ہو تو دونوں کے درمیان شبه الجملة سے فصل کرنا بھی جائز ہے اور جملے سے فصل کرنا بھی، جیسے: كَمْ افْتَتَحَ مِن بِلادٍ فِي عَهْدِ الفَارُوْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ؟

(ج) اگر کم الاستفهامية کی تمیز منصوب ہو تو جملہ اور شبه الجملة دونوں سے فصل کرنا جائز ہے، مثلا: كَمْ فِي الحَافِلَةِ رَاكِبًا؟ كَم سِرْتَ مِيْلًا؟ البتہ اگر ایسا جملہ فاصل ہو جس کا فعل متعدی ہو اور اس کا مفعول بہ مذکور نہ ہو تو[1] تمیز کا مجرور بمن ہونا واجب ہوتا ہے تا کہ مفعول بہ سے التباس نہ ہو، جیسے: كَمْ اشْتَرَيْتَ مِنْ كِتَابٍ؟۔

۲۔ کم الخبرية کی تمیز مفرد، یا جمع مجرور بمن یا بالإضافة واقع ہوتی ہے لیکن افراد زیادہ فصیح ہے، جیسے جملہ۲۔ كَمْ عِظَةٍ/ عِظَاتٍ يَضُمُّهَا الْقُرْآنُ بَيْنَ دَفَّتَيْهِ۔ کم الخبرية اور اسکی تمیز کے درمیان فصل کی درج ذیل صورتیں ہیں:

(الف) اگر کم الخبرية اور اس کی تمیز کے درمیان جملہ فاصل کے طور پر آ جائے تو تمیز واجب النصب ہوتی ہے، جیسے: مَا أَغْلَى صُحْبَةَ الأَبْرَارِ فَكَمْ نَفَعَنَا[2] مِنْهُمْ قَوْلًا۔

(ب) اگر کم الخبرية اور اس کی تمیز کے درمیان جار و مجرور اور ظرف دونوں ایک ساتھ فاصل ہوں تو تمیز واجب النصب ہوتی ہے، جیسے: كَمْ دُوْنَ الحُصُوْلِ عَلَى الْعِلْمِ كَفَاحًا وَكَمْ لَهُ بَعْدَ حُصُوْلِهِ انْبِسَاطًا۔

(ج) اگر کم الخبرية اور اس کی تمیز کے درمیان صرف ظرف یا صرف جار و مجرور فاصل ہو تو تمیز کا مجرور کرنا بھی جائز ہے اور منصوب کرنا بھی البتہ نصب زیادہ فصیح ہے، جیسے: كَمْ دُوْنَ تَحْصِيْلِ العِلْمِ كَفَاحًا/ كَفَاحٍ۔

(د) اگر کم الخبرية اور اس کی تمیز کے درمیان فاصل جملے میں ایسا فعل متعدی ہو جسکا مفعول بہ مذکور نہ ہو تو تمیز کا مجرور بِمِنْ ہونا واجب ہوتا ہے تا کہ نصب کی حالت میں مفعول بہ سے التباس نہ ہو جائے، جیسے: كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنَّاتٍ وَّعُيُوْنٍ۔

۷۔ كأين کی تمیز اکثر اوقات مجرور بِمِنْ ہوتی ہے، جیسے جملہ۷۔ كَأَيِّنْ مِّنْ نَبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ اور بسا اوقات

(۱) یعنی فعل کے لازم ہونے کی صورت میں یا فعل متعدی کے مفعول بہ کے مذکور ہونے کی صورت میں تمیز کا مجرور بمن ہونا واجب نہیں۔
(۲) اس صورت میں فعل کا فاعل ضمیر مستتر وجوبا ہوتی ہے جو کم پر لوٹتی ہے۔

منصوب بھی ہوتی ہے، جیسے: كَـأَيِّـنْ نِـعْـمَـةً أَسْبَغَهَا اللّٰهُ عَلَى خَلْقِهِ، کأیّن اور اس کی تمیز کے درمیان فصل جائز ہے لیکن اگر ایسا جملہ فاصل ہو جس کا فعل متعدی ہو اور اس کا مفعول بہ مذکور نہ ہو تو تمیز کا مجرور بِـمِـنْ ہونا واجب ہوتا ہے تاکہ مفعول بہ سے التباس نہ ہو، جیسے: كَـأَيِّنْ أَسْبَغَ اللّٰهُ عَلَى عِبَادِهِ مِنْ نِعْمَةٍ، کأیّن اگر مبتدا واقع ہو تو اس کی خبر ہمیشہ جملہ یا شبہ الجملة ہوتی ہے، جیسے: كَأَيِّنْ مِنْ صَالِحٍ يَفْسُدُ بِفَسَادِ الآخَرِ، كَأَيِّن مِنْ كُتُبِ الرِّجَالِ فِي مَكْتَبَةِ دَمِشْقَ۔

۸۔ کـــذا کی تمیز مفرد یا جمع منصوب وجوبا ہوتی ہے اور کـــذا حرف عطف واو کے ساتھ مکرر بھی واقع ہوتا ہے، جیسے: اشْتَرَيْتُ كَذَا وَكَذَا قَلَمًا۔

۹۔ کـم الاستـفـهـامية اور کـم الـخـبـرية کی تمیز کا حذف کرنا جائز ہے جبکہ جملہ میں کوئی ایسا قرینہ موجود ہو جو تمیز پر دلالت کرے، جیسے: قَالَ كَمْ لَبِثْتَ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا أَوْبَعْضَ يَوْمٍ کی تقدیر یوں ہوگی: قَالَ كَمْ يَوْمًا لَبِثْتَ۔

۱۰۔ کم الاستفهامية کی تمیز کے بعد واقع ہونے والا بدل همزة الاستفهام سے مقرون واقع ہوتا ہے، جیسے: كَمْ طَالِبًا فِي الفَصْلِ أَعَشَرَةٌ أَمْ عِشْرُوْنَ، میں عشرة "کم" کا بدل ہے اور هـمزة استفهامية سے مقترن ہے جبکہ کم الخبرية میں بدل سے پہلے هـمزہ الاستفهام نہیں آسکتا کیونکہ یہ استفهام کے بجائے اخبار پر دلالت کرتا ہے، چنانچہ اس کا بدل بل کے ساتھ واقع ہوتا ہے، جیسے: كَمْ طُلَّاب حَضَرُوْا ثَمَانِيْنَ بَلْ تِسْعِيْنَ۔

قواعد:

۱۔ کنایات العدد چار ہیں: کـم الاستفهامية، کـم الخبرية، کأين اور کذا۔

۲۔ کم الاستفهـامية کے ذریعہ مبہم تعداد ومقدار معلوم کی جاتی ہے اور اس کی تمیز مفرد منصوب ہوتی ہے۔

۳۔ کـم الخبرية کے ذریعہ مبہم تعداد ومقدار بیان کی جاتی ہے اور یہ مبہم تعداد ومقدار کی کثرت پر دلالت کرتا ہے اس کی تمیز مفرد یا جمع اور مجرور بمِن یا بالإضافة ہوتی ہے۔

۴۔ کـم الاستفهامية اور کـم الخبرية کی تمیز حذف کرنا بھی جائز ہے جبکہ جملہ میں کوئی ایسا قرینہ موجود ہو جو محذوف پر دلالت کرے۔

۵۔ کـأيـن، کم الخبرية کی طرح تعداد کی زیادتی کو بتاتا ہے اکثر اوقات اس کی تمیز مفرد، مجرور بمِن ہوتی ہے اور بسا اوقات منصوب ہوتی ہے نیز اس پر حرف جر داخل نہیں ہوتا اور اس کی خبر ہمیشہ جملہ یا شبـه الجملة

ہوتی ہے۔

۲۔ کذا کے ذریعے مقدار یا تعداد کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے، اس کی تمیز مفرد منصوب یا جمع منصوب ہوتی ہے، کذا حرف عطف کے ساتھ مکرر بھی واقع ہوتا ہے۔

التمرين - ١

استخرج من الجمل الآتية كنايات العدد وتمييزها، واذكر إعرابه وجوبًا وجوازًا:

نموذج: مه عن اتباع الهوى فكم قد أفاتك من فضيلة وكم قد أوقعك فيها من رذيلة.

كم: خبرية، كناية العدد. من فضيلة: تمييز كم الخبرية، مجرور بمن وجوبًا؛ لأجل الالتباس.

كم: خبرية، كناية العدد من رذيلة: تمييز كم، مجرور بمن جوازا.

٢ ـ على كم فقير تصدقت؟

٣ ـ كم من عمل يقرب صاحبه إلى الله تعالىٰ.

٤ ـ كم شيخا ركبت إليه المطايا؟

٥ ـ كم من معصية حالت دون المرء والنعمة.

٦ ـ قطفت كذا زهرة من البستان.

٧ـ كم بلدًا من العالم بلغته الدعوة الإسلامية؟

٨ـ كافأت المدرسة كذا وكذا طلابا.

٩ ـ لله درك يا واعظ فكم أسديت من معروف.

١٠ ـ كم حديث ورد في فضل قيام الليل.

١١ ـ كم ملك ملكوا الدنيا فأصبحوا تحت ظلمة القبور.

١٢ ـ كم من معصية أوجبت انكسار جاه وقُبح ذكر مع إثم.

١٣ ـ كم من علماء جمعوا العلم والعمل فاحتلوا المقام الأسمى.

١٤ ـ كم من مرغوب فيه يسوء ولا يسرّ ومرهوب منه ينفع ولا يضر.

١٥ ـ كم من آيات في السموات والأرض تدل على عظمة صانعها وقدرته.

١٦ ـ كم من طلاب شدوا رحالهم إلى الإمام أبي حنيفة رحمه الله لطلب العلم.

١٧ ـ كأين من عبد أعوزه الدهر بعد غِنى وكأين من عبد أدركه الغنى بعد الفقر.

١٨ ـ كم من بطل خاض غمار المعارك في سبيل الله مدافعًا عن الحق ومع ذلك مات على فراشه.

التمرين - ٢

هات جملة لكل ما يأتي:

١ - هكذا.
٢ - كم خبرية، وقعت ظرف زمان.
٣ - كذا، في معناه اللفظي.
٤ - كم خبرية، الضمير بعدها مفرد.
٥ - كأين، تمييزها منصوب.
٦ - كم استفهامية، تمييزها محذوف.
٧ - كأين، تمييزها مجرور بمن.
٨ - كم استفهامية، الضمير بعدها جمع.
٩ - كم خبرية، بعدها استفهام.
١٠ - كم استفهامية، وقعت ظرف مكان.
١١ - كم استفهامية، وقعت مبتدأ.
١٢ - كم استفهامية، وقعت مفعولاً مطلقا.
١٣ - كم خبرية، وقعت مضافًا إليه.
١٤ - كذا، وقع كناية عن العدد في محل جر.
١٥ - كم خبرية، تمييزها محذوف.
١٦ - كذا، وقع كناية عن العدد في محل نصب.
١٧ - كم خبرية، دخلها عليها حرف جر.
١٨ - كم استفهامية بعدها استفهام وبدله مقرون بالهمزة.
١٩ - كم استفهامية تمييزها مفرد مؤنث يفصل بينهما فاصل.
٢٠ - كم خبرية تمييزها مضاف اليه يفصل بينهما شبه الجملة.
٢١ - كم خبرية، يفصل بينها وبين تمييزها شبها الجملة كلاهما.
٢٢ - كم خبرية تمييزها مجرور بمن يفصل بينهما جملة فعلية استوفى مفعوله.
٢٣ - كم استفهامية تمييزها مجرور بمن يفصل بينهما جملة فعلية لم يستوف مفعوله.

التمرين - ٣

ترجم الجمل الآتية إلى الأردية:

١ - نسخت القبلة كذا مرة.
٢ - كم سنوات من حياتي طويت في غفلة.
٣ - كم كيد كاده اليهود للمسلمين.
٤ - كتب كم فنون ألفه السيوطي رحمه الله.

٥ ـ في كم ميلا / ميلٍ تقصر الصلاة؟ ٦ ـ كم حديثا متفق عليه بين البخاري ومسلم؟

٧ ـ كم أناس حفظوا القرآن ثم تساهلوا عنه فنسوه.

٨ ـ كم حيطة احتاطه المحدثون في أخذ حديث الرسول ﷺ.

٩ ـ كم حديث في الصحيحين غريب ، فليس كل غريب ضعيفًا.

١٠ ـ كأين من العلماء أفنوا أعمارهم في سبيل الحفاظ على الإسلام.

١١ ـ على كم روبيةٍ تجب الأضحية وصدقة الفطر ويحرم أخذ الزكاة؟

١٢ ـ صلى الإمام أبو حنيفة رحمه الله صلاة الفجر بوضوء صلاة العشاء كذا سنة.

١٣ ـ كم فقيها كانوا أركان شورى الإمام أبو حنيفة رحمه الله في تدوين المسائل؟

١٤ ـ كأين تلميذا يفوق أستاذه! لقد صدق ﷺ إذ قال: رب مبلغ أوعى له من سامع أو كما قال ﷺ.

التمرين ـ ٤

ترجم إلى العربية:

۱۔امام بخاری کی صحیح میں کتنی ثلاثیات ہیں؟

۲۔امام برہان الدین نے ہدایہ کی تالیف کتنے سالوں میں مکمّل کی؟

۳۔مظاہر اگر روزوں پر قادر نہ ہو تو کتنے مسکینوں کو کھانا کھلائے گا؟

۴۔آپ اور عیسی علیہما الصلاۃ والسلام کے درمیان کا زمانہ فترت کتنا تھا؟

۵۔کتنے صحابہ ایسے ہیں جو اسلام کی خاطر دور دراز ملکوں میں مدفون ہیں۔

۶۔امام شافعی نے عربی ہونے کے باوجود کتنے سال عربی سیکھنے میں لگائے۔

۷۔آپ ﷺ نے ۶۳ سال کی عمر پائی اور اتنی ہی ابو بکر رضی اللہ عنہ نے بھی۔

۸۔کتنے نمازی ایسے ہیں جو سستی اور کاہلی کی وجہ سے جماعت کے ثواب سے محروم رہتے ہیں۔

۹۔اللہ تعالی کے کتنے ولی ایسے ہیں جن کی نظر میں دنیا مکڑی کے جالے سے زیادہ بے حیثیت ہے۔

۱۰۔ کتنے لوگ ایسے ہیں جو دنیا میں بھی تھک رہے ہیں اور آخرت میں بھی ان کے لئے کوئی راحت نہیں۔

التمرين - ٥

استخرج من الآيات الآتية كنايات العدد ومميزها:

نموذج: سَلْ بَنِي إِسْرَائِيْلَ كَمْ آتَيْنَاهُمْ مِنْ آيَةٍ بَيِّنَةٍ.

كم: خبرية من كنايات العدد. من آية: تمييز كم الخبرية مجرور بمن وجوبًا لأجل الالتباس.

٢ـ وَكَمْ أَرْسَلْنَا مِن نَّبِيٍّ فِي الْأَوَّلِيْنَ.

٣ـ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً بِإِذْنِ اللّٰهِ.

٤ـ وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً.

٥ـ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ أَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا.

٦ـ وَكَأَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ أَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ.

٧ـ وَكَأَيِّنْ مِّنْ دَابَّةٍ لَا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ.

٨ـ وَكَأَيِّنْ مِّنْ آيَةٍ فِي السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا.

٩ـ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الْأَرْضِ كَمْ أَنْبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ.

١٠ـ قَالَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْأَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ.

١١ـ أَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسَاكِنِهِمْ.

١٢ـ وَكَمْ مِّنْ مَلَكٍ فِي السَّمٰوَاتِ لَا تُغْنِي شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا إِلَّا مِنْ بَعْدِ أَنْ يَّأْذَنَ اللّٰهُ لِمَن يَّشَاءُ وَيَرْضٰى.

التمرين - ٦

استخرج من الأحاديث الآتية كنايات العدد وتمييزها، واذكر إعرابه وجوبًا أو جوازًا:

نموذج: عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ كُنْتُ إِلَى جَنْبِ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ فَقِيْلَ لَهُ: كَمْ غَزَا النَّبِيُّ ﷺ مِنْ غَزْوَةٍ؟ قَالَ: تِسْعَ عَشْرَةَ. قِيْلَ: كَمْ غَزَوْتَ أَنْتَ مَعَهُ؟ قَالَ: سَبْعَ عَشْرَةَ.

كم: استفهامية، من كنايات العدد. من غزوة: تمييز "كم" الاستفهامية، مجرور بمن وجوبًا؛ لأجل الالتباس. كم: استفهامية من كنايات العدد، وتمييزها محذوف، تقديره: "غزوةً".

٢ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: كَمْ مِنْ عِذْقٍ مُدَلًّى لِأَبِيْ الدَّحْدَاحِ فِي الْجَنَّةِ.

٣ ـ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ إِذَا أُتِيَ بِاللَّبَنِ قَالَ: كَمْ فِي الْبَيْتِ بَرَكَةً أَوْ بَرَكَتَيْنِ.

٤ ـ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! فِي كَمْ أَقْرَأُ الْقُرْآنَ؟ قَالَ: اخْتِمْهُ فِيْ شَهْرٍ. قُلْتُ: إِنِّي أُطِيْقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ.

٥ ـ عَنْ مُعَاذَةَ أَنَّهَا سَأَلَتْ عائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: كَمْ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُصَلِّيْ صَلَاةَ الضُّحٰى؟ قَالَتْ: أَرْبَعُ رَكَعَاتٍ وَيَزِيْدُ مَا شَاءَ.

٦ ـ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلٰى قَالَ: إِحْيَاءُ الْحَدِيْثِ مُذَاكَرَتُهُ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادٍ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ! كَمْ مِنْ حَدِيْثٍ أَحْيَيْتَهُ فِيْ صَدْرِيْ كَانَ قَدْ مَاتَ.

٧ ـ قَالَ: ثُمَّ يُقَالُ: أَخْرِجُوْا بَعْثَ النَّارِ فَيُقَالُ: مِنْ كَمْ؟ قَالَ: مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ، قَالَ: فَذَاكَ يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا وَذٰلِكَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ.

٨ ـ أُتِيَ النَّبِيُّ ﷺ بِإِنَاءٍ وَهُوَ بِالزَّوْرَاءِ فَوَضَعَ يَدَهُ فِي الْإِنَاءِ فَجَعَلَ الْمَاءُ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ فَتَوَضَّأَ الْقَوْمُ قَالَ قَتَادَةُ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: ثَلَاثَ مِائَةٍ أَوْ زُهَاءَ ثَلَاثِ مِائَةٍ.

٩ ـ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! كَمْ أَعْفُوْ عَنِ الْخَادِمِ؟ فَصَمَتَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! كَمْ أَعْفُوْ عَنِ الْخَادِمِ؟ فَقَالَ: كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِيْنَ مَرَّةً.

١٠ ـ سُئِلَ جَابِرٌ رضي الله عنه: كَمْ كَانُوْا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ؟ قَالَ: كُنَّا أَرْبَعَ عَشْرَةَ مَائَةً فَبَايَعْنَاهُ وَعُمَرُ آخِذٌ بِيَدِهِ تَحْتَ الشَّجَرَةِ وَهِيَ سَمُرَةٌ فَبَايَعْنَاهُ غَيْرَ جَدِّ بْنِ قَيْسٍ الْأَنْصَارِيِّ اخْتَبَأَ تَحْتَ بَطْنِ بَعِيْرِهِ.

١١ ـ سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: مَا أَدْرِيْ كَمْ رَأَيْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ قَائِمًا فِي السُّوْقِ يَقُوْلُ: يُقْبَضُ الْعِلْمُ وَتَظْهَرُ الْفِتَنُ وَيَكْثُرُ الْهَرْجُ قَالَ: قِيْلَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَمَا الْهَرْجُ؟ قَالَ بِيَدِهِ هٰكَذَا وَحَرَّفَهَا.

١٢ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ قَتَلَ وَزَغَةً فِي أَوَّلِ ضَرْبَةٍ فَلَهُ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً، وَمَنْ قَتَلَهَا فِي الضَّرْبَةِ الثَّانِيَةِ فَلَهُ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً لِدُوْنِ الْأُوْلٰى، وَإِنْ قَتَلَهَا فِي الضَّرْبَةِ الثَّالِثَةِ فَلَهُ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً لِدُوْنِ الثَّانِيَةِ.

١٣ ـ عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ أَبِيْ شَيْخٍ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ سَالِمٍ فَمَرَّ بِنَا رَكْبٌ لِأُمِّ الْبَنِيْنَ مَعَهُمْ أَجْرَاسٌ فَحَدَّثَ نَافِعًا سَالِمٌ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: لَا تَصْحَبُ الْمَلَائِكَةُ رَكْبًا مَعَهُمْ جُلْجُلٌ كَمْ تَرٰى هٰؤُلَاءِ مِنَ الْجُلْجُلِ.

١٤ ـ عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ أَنَّهُ طَبَخَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قِدْرًا فِيْ لَحْمٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: نَاوِلْنِي ذِرَاعَهَا فَنَاوَلْتُهُ فَقَالَ: نَاوِلْنِيْ ذِرَاعَهَا فَنَاوَلْتُهُ فَقَالَ: نَاوِلْنِيْ ذِرَاعَهَا فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! كَمْ لِلشَّاةِ مِنْ ذِرَاعٍ؟ قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهِ! لَوْ سَكَتَّ لَأَعْطَتْكَ ذِرَاعًا مَا دَعَوْتَ بِهِ.

١٥ ـ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لَو قَد جَاءَ مَالُ البَحرَينِ قَد أعطَيتُكَ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا فَلَم يَجِئْ مَالُ البَحرَينِ حَتَّى قُبِضَ النَّبِيُّ ﷺ، فَلَمَّا جَاءَ مَالُ البَحرَينِ أَمَرَ أَبُوبَكرٍ فَنَادَى مَن كَانَ لَهُ عِندَ النَّبِيِّ ﷺ عِدَةٌ أو دَينٌ فَليَأْتِنَا فَأَتَيتُهُ فَقُلتُ: إنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لِي كَذَا وَكَذَا فَحَثَى لِي حَثيَةً فَعَدَدتُهَا فَإِذَا هِيَ خَمسُ مِائَةٍ وَقَالَ: خُذْ مِثلَيهَا.

التمرين ـ ٧

ميّز من الأحاديث الآتية "كذا" الواقعة كنايةً عن العدد عن غيرها وأعربه:

نموذج: قَالَ ﷺ يَوْمَ بَدْرٍ: مَنْ فَعَلَ كَذَا وَكَذَا فَلَهُ مِنَ النَّفْلِ كَذَا وَكَذَا.

كذا و كذا: كناية عن العمل في محل نصب مفعول به. كذا و كذا: كناية عن العدد في محل رفعٍ مبتدأ مؤخر.

٢ ـ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: مَا سَمِعْتُ عُمَرَ ﷺ لِشَيْءٍ قَطُّ يَقُوْلُ: إِنِّي لَأَظُنُّهُ كَذَا إِلَّا كَانَ كَمَا يَظُنُّ.

٣ ـ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا يُحَدِّثُ بِنَحْوٍ مِن ثَلَاثِيْنَ أَلْفَ حَدِيْثٍ مَا أَسْتَحِلُّ أَنْ أَذْكُرَ مِنْهَا شَيْئًا وَأَنَّ لِي كَذَا وَكَذَا.

٤ ـ قَالَ ﷺ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: إِنَّ أُمَّتَكَ لَا يَزَالُوْنَ يَقُولُونَ مَا كَذَا مَا كَذَا حَتّٰى يَقُولُوا: هَذَا اللّٰهُ خَلَقَ الخَلْقَ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰه.

٥ ـ قَالَ ﷺ: يَأْتِي الشَّيْطَانُ أَحَدَكُم فَيَقُوْلُ مَنْ خَلَقَ كَذَا؟ مَنْ خَلَقَ كَذَا؟ حَتّٰى يَقُولُ: مَن خَلَقَ رَبَّكَ؟ فَإِذَا بَلَغَهُ فَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ وَلْيَنْتَهِ.

٦ ـ قَالَ ﷺ: المَدِينَةُ حَرَمٌ مِن كَذَا إِلَى كَذَا لا يُقطَعُ شَجَرُهَا وَلا يُحدَثُ فِيهَا حَدَثٌ مَن أحدَثَ حَدَثًا فَعَلَيهِ لَعنَةُ اللّٰهِ وَالمَلائِكَةِ وَالنَّاسِ أجمَعِينَ.

٧ـ مَرَّ ﷺ بِقَوْمٍ يُلَقِّحُونَ فَقَالَ: لَوْ لَمْ تَفْعَلُوا لَصَلُحَ، قَالَ فَخَرَجَ شِيْصًا فَمَرَّ بِهِمْ فَقَالَ: مَا لِنَخْلِكُم؟ قَالُوا: قُلْتَ: كَذَا وَكَذَا قَالَ: أَنْتُمْ أَعْلَمُ بِأَمْرِ دُنْيَاكُم.

٨ـ مَرِضَ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ: مُرُوا أَبَابَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَقَالَت عَائِشَةُ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ كَذَا، فَقَالَ مِثْلَهُ فَقَالَت مِثْلَهُ فَقَالَ: مُرُوا أَبَا بَكْرٍ فَإِنَّكُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ.

٩ـ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَت: سَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ رَجُلًا يَقْرَأُ فِي سُوْرَةٍ بِاللَّيْلِ فَقَالَ: يَرْحَمُهُ اللّٰهُ! لَقَدْ ذَكَرَنِي كَذَا وَكَذَا آيَةً كُنْتُ أُنْسِيتُهَا مِنْ سُوْرَةِ كَذَا وَكَذَا.

١٠ـ قَالَ ﷺ: لا تُسَافِرِ المَرْأَةُ إلا مَعَ ذِي مَحرَمٍ وَلا يَدخُلُ عَلَيهَا رَجُلٌ إلا وَمَعَهَا مَحرَمٌ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! إِنِّي أُرِيدُ أن أخرُجَ فِي جَيشِ كَذَا وَكَذَا وَامرَأَتِي تُرِيدُ الحَجَّ؟ فَقَالَ ﷺ: أُخرُجْ مَعَهَا.

١١ـ قَالَ ﷺ: كُلُّ أُمَّتِي مُعَافًى إِلَّا الْمُجَاهِرِيْنَ وَإِنَّ مِنَ المُجَاهَرَةِ أَنْ يَعْمَلَ الرَّجُلُ بِاللَّيْلِ عَمَلاً ثُمَّ يُصْبِحَ وَقَدْ سَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَيَقُولُ: يَا فُلَانُ! عَمِلْتُ البَارِحَةَ كَذَا وَكَذَا وَقَد بَاتَ يَسْتُرُهُ رَبُّهُ وَيُصْبِحُ يَكْشِفُ سِتْرَ اللّٰهِ عَنْهُ.

١٢ـ قَالَ ﷺ: صِنْفَانِ مِنْ أَهْلِ النَّارِ لَمْ أَرَهُمَا: قَومٌ مَعَهُم سِيَاطٌ كَأَذْنَابِ البَقَرِ يَضْرِبُوْنَ بِهَا النَّاسَ، وَنِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ مُمِيْلَاتٌ مَائِلَاتٌ رُؤُوْسُهُنَّ كَأَسْنِمَةِ البُخْتِ المَائِلَةِ لَا يَدْخُلْنَ الجَنَّةَ وَلَا يَجِدْنَ رِيْحَهَا وَإِنَّ رِيْحَهَا لَيُوْجَدُ مِنْ مَسِيْرَةِ كَذا وَكَذَا.

١٣ـ أَثْنَى رَجُلٌ عَلَى رَجُلٍ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: وَيْلَكَ! قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ، قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ مِرَارًا ثُمَّ قَالَ: مَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَادِحًا أخاهُ لَا مَحَالَةَ فَلْيَقُلْ أَحْسِبُ فُلَانًا وَاللّٰهُ حَسِيْبُهُ وَلَا أُزَكِّي عَلَى اللّٰهِ أَحَدًا أَحْسِبُهُ كَذَا وَكَذَا إِنْ كَانَ يَعْلَمُ ذَلِكَ مِنْهُ.

١٤ـ أَتَتِ النَّبِيَّ ﷺ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ إِنَّهَا قَدْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلّٰهِ وَرَسُولِهِ ﷺ فَقَالَ: مَا لِي فِي النِّسَاءِ مِن حَاجَةٍ فَقَالَ رَجُلٌ: زَوِّجْنِيْهَا، قَالَ: أَعْطِهَا ثَوْبًا قَالَ: لَا أَجِدُ، قَالَ: أَعْطِهَا وَلَو خَاتَمًا مِن حَدِيْدٍ فَاعْتَلَّ لَهُ فَقَالَ: مَا مَعَكَ مِنَ القُرْآنِ؟ قَالَ: كَذَا وَ كَذَا، قَالَ ﷺ: فَقَد زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ القُرْآنِ.

١٥ـ قَالَ ﷺ: ثَلَاثَةٌ لا يَنظُرُ اللّٰهُ إِلَيهِم يَومَ القِيَامَةِ وَلا يُزَكِّيهِم وَلَهُم عَذَابٌ أَلِيمٌ، رَجُلٌ كَانَ لَهُ فَضلُ مَاءٍ بِالطَّرِيقِ فَمَنَعَهُ مِن ابنِ السَّبِيلِ، وَرَجُلٌ بَايَعَ إِمَامًا لا يُبَايِعُهُ إِلَّا لِدُنْيَاهُ فَإِنْ أَعْطَاهُ مِنْهَا رَضِيَ وَإِنْ لَمْ يُعْطِهِ مِنْهَا سَخِطَ، وَرَجُلٌ

أَقَامَ سِلْعَتَهُ بَعْدَ الْعَصْرِ فَقَالَ: وَاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلٰهَ غَيْرُهُ لَقَدْ أَعْطَيْتُ بِهَا كَذَا وَكَذَا فَصَدَّقَهُ رَجُلٌ ثُمَّ قَرَأَ هٰذِهِ الآيَةَ ﴿إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا﴾.

التمرين ـ ٨

نموذج في الإعراب:

كم بائسا مددت إليه يد المعونة ؟

كم: كم الاستفهامية، مبنية على السكون، في محل رفع، مبتدأ.

بائسا: تمييز "كم "الاستفهامية، منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

مددت: فعل ماض، مبني على السكون؛ لاتصاله بالضمير المتصل، وفاعله "ت" ضمير متصل، في محلّ رفعٍ.

إليه: إلى: حرف جر، مبني على السكون، لا محل لها من الإعراب، **ه:** ضمير متصل، في محل جر، والجار والمجرور متعلقان بالفعل "مددت".

يد: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

المعونة: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

الجملة "كم بائسًا": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "مددت": الجملة من الفعل والفاعل، في محل رفع خبر.

أعرب ما يأتي:

١ ـ كَمْ وَلَدًا اتَّخَذْتَ صَدِيقًا لَكَ؟

٢ ـ كَمْ سَاعَةٍ يَقْضِيْهَا الإِنْسَانُ فِي غَفْلَةٍ مِنْ رَبِّهِ.

٣ ـ ارْتَحَلَ الْبُخَارِيُّ لِلْعِلْمِ كَذَا رَحْلَةً.

٤ ـ كَم جَوْلَةً جَالَ الدُّعَاةُ فِي سَبِيْلِ نَشْرِ الدِّيْنِ الحَنِيْفِ؟

٥ ـ كَأَيِّنْ مِنْ نَبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ.

٦ ـ كَأَيِّنْ مِنْ طُلَّابِ الْعِلْمِ يُطْفِئُوْنَ نُورَ الْعِلْمِ بِالمَعَاصِي.

٧ ـ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنَّاتٍ وَّعُيُوْنٍ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فَاكِهِيْنَ.

الدرس التاسع والثلاثون

النسب

(القاعدة العامة للنسب)

الأمثلة:

١ـ عَرَبٌ	عَرَبِيٌّ	٢ـ بَاكِسْتَانُ	بَاكِسْتَانِيٌّ
٣ـ أَدَبٌ	أدبيٌّ	٤ـ جَوْهَرٌ	جَوْهَرِيٌّ

شرح وتفصیل:

کسی اسم، ملک، شہر، قبیلہ، پیشے وغیرہ سے تعلّق یا نسبت ظاہر کرنے کے عربی زبان میں مختلف طریقے ہیں، مثلا اگر ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ عمر کا تعلّق پاکستان سے ہے تو اس کا ایک طریقہ تو یہ ہے کہ ہم یوں کہیں کہ عمر من باكستان اور دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ہم اس بات کو اس طرح تعبیر کریں کہ عمر باكستاني۔ دوسرا طریقہ پہلے طریقے سے بہ نسبت آسان اور مختصر ہے کیونکہ اس میں صرف یاء مشددۃ کا اضافہ کیا گیا ہے۔ کسی اسم، ملک، قبیلہ، شہر، پیشے وغیرہ سے تعلّق ظاہر کرنے کے لئے اس کے اخیر میں یاء مشددہ کے اضافہ کے عمل کو "نسب" کہتے ہیں، اور یہ یاء یاء النسب کہلاتی ہے۔ اور جس اسم کے آخر میں یاء النسب ملحق ہوتی ہے اسے منسوب إليه کہتے ہیں۔ اسم کو منسوب کرنے سے اس میں تین طرح کی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں: ا۔ لفظی تبدیلی ۲۔ معنوی تبدیلی ۳۔ حکمی تبدیلی

لفظی تبدیلی:

یہ ہے کہ اسم کے آخر میں یاء مشددہ کا اضافہ کر دیا جاتا ہے اور اس سے پہلے والا حرف مکسور ہو جاتا ہے اور حرف مکسور کے اعراب یاء مشددہ کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں، جیسے: عربٌ سے عَرَبِيٌّ۔

معنوی تبدیلی:

یہ ہے کہ اسم منسوب إليه یاء النسب لگنے کے بعد نسبت کو ظاہر کرتا ہے۔

حکمی تبدیلی:

اسم منسوب إلیه مؤول بالمشتق ہوتا ہے جس کی تأویل، منسوب إلی کذا سے کی جاسکتی ہے لہذا اس کے ساتھ صفہ مشتقہ کی طرح کا معاملہ کیا جاتا ہے، چنانچہ یہ نعت بھی بن سکتا ہے، جیسے: زَیْدٌ رَجُلٌ بَاکِسْتَانِيٌّ اور ضمیر مستتر اور اسم ظاہر کو فاعل ہونے کی بنا پر مرفوع کرتا ہے، مثلاً: زَیْدٌ بَاکِسْتَانِيٌّ میں ھو ضمیر مستتر ہے جو کہ باکستانيٌّ کا فاعل في محل رفع ہے اور أَحْمَدُ بَاکِسْتَانِيٌّ أَبُوْهُ میں أَبُوْهُ باکستانيٌّ کا فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع بالواو ہے۔

ما یستثنی من القاعدة العامة

النسب إلی المقصور

الأمثلة:

١۔ فَتًی　فَتَوِيٌّ　　٢۔ مَلْهی　مَلْهِيٌّ

٣۔ كَنَدَا　كَنَدِيٌّ　　٤۔ مُصْطَفی　مُصْطَفِيٌّ

٥۔ مُسْتَشْفی　مُسْتَشْفِيٌّ

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالیں مقصور اسماء پر مشتمل ہیں۔ ان اسماء میں نسبت ظاہر کرتے وقت مندرجہ ذیل قواعد کو ملحوظ رکھا جاتا ہے:

١۔ اگر مقصور اسم میں الف مقصورہ دو حرفوں کے بعد واقع ہو تو اس کی طرف نسبت کرتے ہوئے الف مقصورہ کو واو میں بدل دیا جاتا ہے، جیسے مثال ١۔ میں فَتًی کی نسبت فَتَوِيٌّ ہے۔

٢۔ اگر الف مقصورہ تین حرفوں کے بعد واقع ہو اور اس کا دوسرا حرف ساکن ہو تو اس کی نسبت کو تین صورتوں میں ظاہر کرسکتے ہیں:

(ا) الف مقصورہ کو حذف کرنے کے بعد اس کے آخر میں یاء مشددہ کا اضافہ کردیا جائے اور یاء مشدد سے پہلے والے

حرف کو کسرہ دے دیا جائے، جیسے: مَلْهٰى سے مَلْهِيٌّ۔ اگر الف مقصورہ تأنیث کے لئے ہو تو حذف بہتر ہے، جیسے حُبْلٰی سے حُبْلِيٌّ بنانا بہتر ہے۔

(ب) الف مقصورہ کو واو سے بدل دیا جائے، جیسے: بِنْهَا سے بِنْهَوِيٌّ اور مَلْهَى سے مَلْهَوِيٌّ۔ خصوصا اگر الف مقصورہ منقلبہ ہو تو اس کو واو سے بدلنا بہتر ہے، جیسے: مَلْهَوِيٌّ۔

(ج) الف مقصورہ کو واو سے بدل کر اس سے پہلے الف کا اضافہ کر دیا جائے، جیسے: مَلْهَاوِيٌّ۔

۳۔ اگر الف مقصورہ تین حرفوں کے بعد ہو اور حرف ثانی متحرک ہو تو اس کی نسبت ظاہر کرتے وقت الف مقصورہ کو حذف کر دیا جاتا ہے، جیسے: كَنَدَا سے كَنَدِيٌّ ہوگا۔

۴۔ اگر الف مقصورہ چار یا پانچ حرف کے بعد واقع ہو تو اس کی نسبت ظاہر کرتے وقت اس کو حذف کر دیا جاتا ہے، جیسے مُصْطَفَى سے مُصْطَفِيٌّ اور مُسْتَشْفَى سے مُسْتَشْفِيٌّ ہوگا۔

النسب إلى المنقوص

الأمثلة:

١ ـ العَمِي الْعَمَوِيُّ ٢ ـ الدَّاعِي الدَّاعِيُّ، الدَّاعَوِيُّ

٣ ـ المُهْتَدِي المُهْتَدِيُّ ٤ ـ الْمُسْتَقْصِي الْمُسْتَقْصِيُّ

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالیں منقوص اسماء پر مشتمل ہیں۔ ان اسماء میں نسبت ظاہر کرتے وقت درج ذیل قواعد کو ملحوظ رکھا جاتا ہے:

۱۔ اگر منقوص اسم میں حرف منقوص دو حرف کے بعد واقع ہو تو اس کی نسبت ظاہر کرتے وقت اس کو واو میں بدل دیتے ہیں اور اس سے پہلے والے حرف کو مفتوح بنا دیتے ہیں، جیسے مثال ۱۔ العَمِي واو کے اضافہ کے بعد العَمَوِيُّ بن گیا۔

۲۔ اگر حرف منقوص تین حروف کے بعد واقع ہو تو اس کی نسبت ظاہر کرتے وقت اس میں دو صورتیں جائز ہے:

(ا) یاء منقوصہ کو حذف کر کے اس کے آخر میں یاء مشددہ کا اضافہ کر دیا جائے، جیسے: الداعي سے الداعيُّ بنے گا۔

(ب) یاء منقوصہ کو واو سے بدل کر اس کے بعد یاء مشددہ کا اضافہ کر دیا جائے اور واو سے پہلے والے حرف کو مفتوح بنا دیا جائے جیسے: الداعي سے الدَّاعَوِيُّ۔

۳۔ اگر حرف منقوص چار یا چار سے زائد حروف کے بعد واقع ہو تو اس کو حذف کرنے کے بعد یاء مشددہ کا اضافہ کر دیتے ہیں، جیسے مثال ۳۔ المُهْتَدِي سے المُهتدِيُّ اور مثال ۴۔ الْمُستَقصِي سے الْمُستقصِيُّ ہوگا۔

النسب إلى الممدود

الأمثلة:

١۔ ابْتِدَاءٌ ابْتِدَائِيٌّ ٢۔ حَوْرَاءُ حَوْرَاوِيٌّ

٣۔ شِفَاءٌ شِفَائِيٌّ، شِفَاوِيٌّ

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالیں ممدود اسماء پر مشتمل ہیں۔ ان کی نسبت ظاہر کرنے کے لئے ان کے ساتھ وہی معاملہ کیا جاتا ہے جو کہ ان کو مثنی اور جمع بناتے وقت کیا جاتا ہے، چنانچہ اگر اسم ممدود کی ہمزہ اصلی ہو تو اس کو منسوب بناتے وقت ہمزہ کو باقی رکھا جاتا ہے اور اس کے بعد یاء مشددہ کا اضافہ کر دیا جاتا ہے، جیسے مثال ۱۔ ابتداء سے ابتِدَائِيٌّ بنے گا۔

اگر اسم ممدود کی ہمزہ تأنیث کے لئے ہو تو اس کو منسوب بناتے وقت واو میں بدل دیا جاتا ہے اور یاء مشددہ کا اضافہ کر دیا جاتا ہے، جیسے مثال ۲۔ حَوراء سے حَوراوِيٌّ بنے گا۔

اگر اسم ممدود کی ہمزہ کسی حرف اصلی سے بدلی ہوئی ہو تو اس میں دو صورتیں جائز ہیں:

(ا) ہمزہ کو باقی رکھا جائے اور اس کے بعد یاء مشددہ کا اضافہ کر دیا جائے، جیسے مثال ۳۔ شِفَاء سے شِفَائِيٌّ بنے گا۔

(ب) اس ہمزہ کو واو سے بدل دیا جائے اور اس کے بعد یاء مشددہ کا اضافہ کر دیا جائے، جیسے: شِفَاء سے شِفَاوِيٌّ۔

قواعد:

نسب میں اسم کے آخر میں یاء مشدد کا اضافہ کر کے اس سے پہلے والے حرف کو مکسور کر دیا جاتا ہے اور اس اسم کو منسوب إليه کہتے ہیں۔ نسب کا عام قاعدہ یہی ہے البتہ اس قاعدے سے کئی صورتیں مستثنی ہیں جن میں

بعض درج ذیل ہیں:

ا۔مقصوراسم میں نسبت ظاہر کرنے کے لئے جب اسکے آخر میں یـــاء النسبة کا اضافہ کیا جاتا ہےتو اس میں درج ذیل تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں:

(ا) اگر اسم ثلاثی ہوتو ألف مقصورہ کو واو میں بدل دیا جاتا ہےاور اس سے پہلے والے حرف کو کسرہ دے دی جاتی ہے۔

(ب) اگر اسم رباعی ہواور دوسرا حرف ساکن ہوتو اس میں تین صورتیں جائز ہیں: ا۔الف مقصورہ کو حذف کرنا ۲۔ألف کو واو سے بدلنا ۳۔واو سے بدلنا اور اس سے پہلے ألف کا اضافہ کرنا۔

(ج) اگر رباعی ہواور دوسرا حرف متحرک ہو یا خماسی ہو یا سداسی ہوتو ألف مقصورہ کو وجوبا محذوف کر دیا جاتا ہے۔

۲۔جب منقوص اسم کے آخر میں یاء النسبة کا اضافہ کیا جاتا ہےتو درج ذیل تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں:

(ا) اگر اسم ثلاثی ہوتو اس کی یاء کو واو میں بدل دیا جاتا ہےاور اس سے پہلے والے حرف کو فتحہ دے دی جاتی ہے۔

(ب) اگر اسم رباعی ہوتو دوصورتیں جائز ہیں: ا۔یاء کو حذف کرنا ۲۔یاء کو واو سے بدل کر پہلے والے حرف کو فتحہ دینا۔

(ج) اگر اسم خماسی یا سداسی ہوتو یاء کو وجوبا محذوف کر دیا جاتا ہے۔

۳۔اسم ممدود میں نسبت ظاہر کرنے کے لئے جب اس کے آخر میں یـاء مشدد کا اضافہ کیا جاتا ہےتو اس میں درج ذیل تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں:

(ا) اگر ہمزہ اصلیہ ہوتو وہ اپنے حال پر باقی رہتی ہے۔

(ب) اگر ہمزہ زائدہ مؤنث کے لئے ہوتو اس کو واو سے بدل دیا جاتا ہے۔

(ج) اگر ہمزہ واو یا یاء سے بدلی ہوئی ہوتو اس میں دوصورتیں جائز ہیں: ا۔اصلی حالت پر باقی رکھا جائے ۲۔واو سے بدل دیا جائے۔

النسب إلى ما فيه ياء مشددة أو تاء التأنيث

الأمثلة:

١ ۔ حَيٌّ	حَيَوِيٌّ	٢ ۔ لَيٌّ	لَوَوِيٌّ
٣ ۔ عَدِيٌّ	عَدَوِيٌّ	٤ ۔ أُمَيَّةٌ	أُمَوِيٌّ
٥ ۔ كُرْسِيٌّ	كُرْسِيٌّ	٦ ۔ شَافِعِيٌّ	شَافِعِيٌّ
٧ ۔ سَيِّدٌ	سَيْدِيٌّ	٨ ۔ أُسَيِّدٌ	أُسَيْدِيٌّ
٩ ۔ فَاطِمَةُ	فَاطِمِيٌّ	١٠ ۔ القَاهِرَةُ	قَاهِرِيٌّ

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالیں ایسے اسماء پر مشتمل ہیں جن میں حرف یاء، مشدد ہے یا ان کے آخر میں تاء تأنیث موجود ہے۔

ان اسماء میں نسبت ظاہر کرتے وقت درج ذیل قواعد کو ملحوظ رکھا جاتا ہے:

۱۔ اگر یاء مشددہ ایک حرف کے بعد واقع ہو تو اس کو منسوب بناتے وقت ادغام ٹوٹ جاتا ہے (یعنی حيـيٌ، لـيـيٌ) اور پہلی یاء اپنی اصلی حالت میں آجاتی ہے جبکہ دوسری یاء واو میں بدل جاتی ہے (یعنی لـوِوٌ، حيِوٌ) اور واو سے پہلے والا حرف مفتوح (لَوَوٌ، حَيَوٌ) ہو جاتا ہے جیسے: حيٌّ سے حيويٌّ اور ليٌّ سے لَوَوِيٌّ۔

۲۔ اگر یاء مشددہ دو حرف کے بعد واقع ہو تو اس کو منسوب بناتے وقت ادغام ٹوٹ جاتا ہے اور پہلی یاء کو حذف کر دیا جاتا ہے (یعنی عَدِيٌ) جبکہ دوسری یاء کو واو سے بدل دیا جاتا ہے (یعنی عَدِوٌ) اور اس سے ماقبل کو فتحہ دے دی جاتی ہے، جیسے عَدَوٌ سے عَدَوِيٌّ۔ اگر یاء مشددہ کے بعد تاء تأنیث بھی واقع ہو تو اس صورت میں اس کو منسوب بناتے وقت مندرجہ بالا قواعد کو ملحوظ رکھا جاتا ہے اور تاء تأنیث کو تخفیف کی غرض سے حذف کر دیا جاتا ہے، جیسے مثال ۴۔ میں أمية سے أَمَوِيٌّ۔

۳۔ اگر یاء مشددہ تین یا اس سے زائد حروف کے بعد واقع ہو تو ایسے اسم کو منسوب بناتے وقت یاء مشددہ حذف کر دی جاتی ہے اور یاء النسبة کا اضافہ کر دیا جاتا ہے، جیسے مثال ۵،۶۔ میں کرسي سے کرسيٌّ اور شافعي سے شافعيٌّ۔ اس صورت میں منسوب، منسوب الیہ کے مشابہ ہوتا ہے۔

۴۔ اگر یاء مشددہ مکسورہ حرف اخیر سے پہلے واقع ہو تو اس کلمہ کو منسوب بناتے وقت ادغام ٹوٹ جاتا ہے، (جیسے: سَیِّد) اور یاء مکسورہ کو حذف کر کے یاء ساکنہ کو برقرار رکھا جاتا ہے (یعنی سَیْدٌ) اور اس کے آخر میں یاء النسبة کا اضافہ کر دیا جائے گا، جیسے مثال ۷۔ میں سَیِّدٌ سے سَیْدِيٌّ اور مثال ۸۔ میں أُسَیِّدٌ سے أُسَیْدِيٌّ۔

قواعد:

۱۔ یاء مشدد اسم کے آخر میں واقع ہو اور اس سے پہلے ایک حرف ہو تو اسم کو منصوب بناتے وقت پہلی یاء اپنی اصلی حالت میں آجاتی ہے اور دوسری یاء واو میں بدل جاتی ہے، اگر اس سے پہلے دو حروف ہوں تو پہلی یاء حذف کر دی جاتی ہے اور دوسری یاء کو واو سے بدل کر اس سے ماقبل کو فتح دے دی جاتی ہے اور اگر اس سے پہلے تین یا تین سے زائد حروف ہوں تو یاء مشدد مکمّل طور پر حذف کر دی جاتی ہے۔

۲۔ اگر یاء مشدد مکسورہ کے بعد ایک حرف ہو تو اس کلمہ کو منسوب بناتے وقت ادغام ٹوٹ جاتا ہے اور یاء مکسورہ کو حذف کر کے یاء ساکنہ کو برقرار رکھا جاتا ہے۔

النسب إلى الثلاثي مكسور العين

المثال:

نَمِرٌ نَمَرِيٌّ

شرح وتفصیل:

ہر وہ اسم جو ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ مکسور ہو تو اس کو منسوب بناتے وقت اس کے عین کلمہ کو مفتوح بنا دیا جاتا ہے اور اس کے آخر میں یاء النسبة کا اضافہ کر دیا جاتا ہے، جیسے: نَمِر سے نَمَرِیٌّ۔

النسب إلٰى ماحذف منه بعض أصوله من كلمة اللام أو الفاء

الأمثلة:

۱۔ أخ أخوِي ۲۔ سنة سَنَوِيٌّ، سَنَهِيٌّ

٣ـ ابن	بَنَوِيٌّ ، ابْنِيٌّ	بِنْتٌ	بَنَوِيٌّ ، بِنْتِيٌّ
٤ـ يَدٌ	يَدَوِيٌّ ، يَدِيٌّ	٥ـ عِدَةٌ	عِدِيٌّ
٦ـ دِيَةٌ	وَدَوِيٌّ		

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام مثالیں حروف اصلیہ پر مشتمل ہیں اور ایک حرف اصلی محذوف ہے۔ ایسے اسماء کی طرف یاء النسبة کی اضافت کرتے وقت مندرجہ ذیل تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں:

مثال ا۔ أخٌ اصل میں أخو ہے (یعنی اس کا لام کلمہ محذوف ہے) چنانچہ اس کو منسوب بناتے وقت اس کا حرف محذوف لوٹ آئے گا، یعنی أخ سے أخويٌّ ہوجائے گا۔

مثال ۲۔ سنة اصل میں سنهٌ یا سنوٌ ہے (یعنی اسکا لام کلمہ حذف کر کے اس کی جگہ تاء تأنیث لگا دی گئی) اس کو منسوب بناتے وقت اس کا حرف محذوف لوٹ آتا ہے، چنانچہ سنه سے سنهيٌّ اور سنو سے سنويٌّ بنے گا۔

مثال ۳۔ ابنٌ اصل میں بنو ہے (اس کے لام کلمہ کو حذف کر کے اس کی جگہ ہمزہ وصل شروع میں لگا دی گئی ہے) اس کو منسوب بناتے وقت اس میں دو صورتیں جائز ہیں:

ا۔ حرف معوض کو باقی رکھا جائے اور اس کے آخر میں یاء النسبة لگا دی جائے، جیسے: ابن سے ابنيٌّ اور أخت سے أختيٌّ بنے گا۔

۲۔ حرف معوض کو حذف کر کے حرف اصلی کو لوٹایا جائے اور اس کے آخر میں یاء النسبة لگا دی جائے، جیسے: ابنٌ سے بنويٌّ اور بنت سے بنوي، بنْتيٌّ بنے گا۔

مثال ۴۔ يدٌ [1] اصل میں يَدَو ہے (اس کا لام کلمہ محذوف ہے) اس کی طرف جب یاء النسبة کی اضافت کی جائے گی تو اس میں دو صورتیں جائز ہیں:

ا۔ حرف محذوف کو لوٹانا، جیسے: يدٌ سے يدويٌّ بنے گا۔

(۱) يَدٌ اور أخٌ میں یہ فرق ہے کہ يَدٌ کو تثنی بناتے وقت اس کا حرف اصلی لوٹ کر نہیں آتا اس لئے اسے منسوب بناتے وقت اس میں دو صورتیں جائز ہیں جبکہ أخ کو تثنی (أخوان) بناتے وقت اس کا حرف اصلی لوٹ کر آتا اس لئے اس میں صرف ایک ہی صورت بن سکتی ہے۔

۲۔حرف محذوف کے حذف کو برقرار رکھنا، جیسے: یدٌ سے یدِيٌّ بنے گا۔

مثال ۵۔عدۃٌ اصل میں تین حروف پر مشتمل ہے اور حرف ثالث (یعنی تاء مدورہ) حرف محذوف (یعنی فاء کلمہ) کا عوض ہے۔ چنانچہ جب اس کے ساتھ یاء النسبة کا اضافہ کیا جائے گا تو درج ذیل تبدیلیاں واقع ہونگی:

۱۔اگر لام کلمہ حرف صحیح ہوگا تو برقرار رہے گا اور حرف معوض یعنی تاء کو حذف کر دیا جائے گا، چنانچہ عِدة سے عِديٌّ بنے گا۔

۲۔اگر لام کلمہ معتل ہوگا تو حرف محذوف یعنی فاء کلمہ لوٹ آئے گا اور حرف معتل کو واو سے بدل دیا جائے گا، جیسے: دِيةٌ سے وِدَوِيٌّ۔

قواعد:

۱۔اگر کسی کلمے میں سے کوئی حرف محذوف ہو تو اس کو منصوب بناتے وقت اسکا حرف محذوف لوٹ آتا ہے لیکن اگر ثنی بناتے وقت حرف محذوف ظاہر نہ ہو تو اس میں دو صورتیں جائز ہیں یعنی حرف محذوف کو لوٹانا یا حرف محذوف کے حذف کو برقرار رکھنا۔

۲۔اگر لام کلمہ حرف صحیح ہو تو فاء کلمے کا حذف برقرار رہے اور اس کے ساتھ ساتھ حرف معوض (تاء التأنیث یا ہمزہ وصلیہ) کو بھی حذف کر دیا جائے گا۔

النسب إلى فَعِيْلَة وفُعَيلَة

الأمثلة:

(ألف) فَعِيْلَةٌ		(ب) فُعَيْلَةٌ	
١ـ مدينة	مَدَنِيٌّ	حُذَيْفَةٌ	حُذَفِيٌّ
٢ـ صَحِيْفَةٌ	صَحَفِيٌّ	قُرَيْظَةٌ	قُرَظِيٌّ
٣ـ قَلِيْلَةٌ	قَلِيْلِيٌّ	جُنَيْنَةٌ	جُنَيْنِيٌّ
٤ـ قَوِيْمَةٌ	قَوِيْمِيٌّ	عُيَيْنَةٌ	عُيَيْنِيٌّ
		٥ـ حُيَيَّة	حُيَوِيٌّ

شرح وتفصیل:

مجموعہ الف میں دیئے گئے اسماء فَعِیْلَة کے وزن پر ہیں۔

مثال ۱۔ مَدِیْنَة صحیح حروف پر مشتمل ہے اور فَعِیْلَة کے وزن پر ہے لہذا اس کو منسوب بناتے وقت اس کی یاء کو حذف کر کے اس کے ماقبل کو فتحہ دے دیا جاتا ہے اور اس کے آخر میں تاء مدورہ کو حذف کر کے یاء النسبة کا اضافہ کر دیا جاتا ہے، جیسے: مدینةٌ سے مدنيٌّ ہوگا۔

مثال ۲۔ قَلِیْلَة کے تمام حروف صحیح ہیں لیکن اس کا عین کلمہ مضعف ہے۔ اس کو منسوب بناتے وقت صرف تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور اس کی یاء کو برقرار رکھا جائے گا اور اس کے آخر میں یاء النسبة کا اضافہ کر دیا جائے گا، جیسے: قَلِیْلَةٌ سے قَلِیْلِيٌّ ہوگا۔

مثال ۳۔ قَوِیْمَةٌ کے تمام حروف صحیح نہیں ہیں بلکہ اس کا ایک حرف معتل ہے، لہذا اس کو منسوب بناتے وقت حرف تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور یاء کو برقرار رکھا جائے گا اور آخر میں یاء النسبة کا اضافہ کر دیا جائے گا، جیسے: قَوِیمةٌ سے قوَیمِيٌّ۔

ب کی تمام مثالیں فُعَیْلَة کے وزن پر ہیں اس کو منسوب بناتے وقت ایسا ہی معاملہ کیا جائے گا، جیسا کہ مجموعہ الف کی مثالوں کے ساتھ کیا گیا ہے، چنانچہ قُرَیْظَة سے قُرَظِيٌّ، جُنَیْنَةٌ سے جُنَیْنِيٌّ اور عُیَیْنَةٌ سے عُیَیْنِيٌّ بنے گا، جبکہ مثال ۵۔ حیَّة کا عین اور لام معتل ہیں تو اسے منسوب بناتے وقت فُعَیْلَة کی یاء کو حذف کر کے اسکے لام کلمہ کو واو میں بدل دیا جائے گا، جیسے: حیَّة سے حُیَوِيٌّ۔

قواعد:

ہر وہ اسم جو فَعِیْلَة اور فُعَیْلَة کے وزن پر ہوگا، اس کی طرف یاء النسبة کی اضافت کرتے وقت مندرجہ ذیل تبدیلیاں رونما ہونگیں:

۱۔ صحیح حروف پر مشتمل اسم کی تاء اور یاء حذف کر کے یاء کے ماقبل کو فتحہ دے دی جائے گی۔

۲۔ صحیح حروف پر مشتمل اسم ہو اور اس کا عین کلمہ مضعَّف ہو تو صرف تاء کو حذف کیا جائے گا اور یاء کو برقرار

رکھا جائے گا۔

۳۔ اگر عین کلمہ حرف علت ہو تو صرف تاء کو حذف کیا جائے گا اور یاء کو برقرار رکھا جاتا ہے۔

۴۔ اگر عین کلمہ کے ساتھ ساتھ اس کا لام کلمہ بھی معتل ہو تو اسے منسوب بناتے وقت فُـعَيْـلَة کی یاء کو حذف کر دیا جاتا ہے اور لام کلمہ واو میں بدل دیا جاتا ہے۔

النسب إلى المركب

الأمثلة:

١ ـ بعلبك	بَعْلِيٌّ	٢ ـ تأبَّط شرًّا	تأبطيٌّ
٣ ـ صلاح الدِّيْن	صَلَاحِيٌّ	٤ ـ أبوبكر	بَكْرِيٌّ
٥ ـ أم كلثوم	كُلْثُوْمِيٌّ	٦ ـ ابن عباس	عَبَّاسِيٌّ
٧ ـ عبد الرشيد	رَشِيْدِيٌّ		

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا تمام مثالوں (بعلبك، تأبط شرًا، صلاح الدين..) پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مرکب اسماء پر مشتمل ہیں۔ ایسے اسماء کو منسوب بناتے وقت نسب کے قاعدے کے مطابق ان کے آخر میں یـاء النسبة کا اضافہ کر دیا جاتا ہے، لیکن ان مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان تمام مثالوں کے آخر میں یـاء النسبة کا اضافہ نہیں کیا گیا بلکہ بعض مرکب اسماء کے پہلے جزء میں یـاء النسبة کا اضافہ کر کے دوسرے جزء کو حذف کر دیا گیا ہے اور بعض مرکب اسماء کے دوسرے جزء میں یـــاء کا اضافہ کر کے اس کے پہلے جزء کو حذف کر دیا گیا ہے، پہلے جزء کی طرف اضافت کرنے کا سبب یہ ہے کہ اگر ہم قاعدے کے مطابق اس کے آخری جزء میں اضافت کریں گے تو نسبت کا جو مفہوم ہے وہ فوت ہو جائے گا، لہذا اگر مرکب مزجی، جیسے: بعلبك، یا اسنادی، جیسے: تـأبط شرًّا، ہو تو اس کے پہلے جزء کی طرف یـاء النسبة کی اضافت کی جائے گی اور دوسرا جزء حذف کر دیا جائے، جیسے: بعلبك سے بَعْلِي اور تأبط شرًّا سے تأبطي بنے گا۔

اسی طرح مرکب اضافی کی نسبت بھی مرکب مزجی اور اسنادی کی طرح پہلے جزء کی طرف کی جائے گی، جیسے:

صلاح الدین سے صَلَاحِيٌّ لیکن اگر پہلے جزء کی طرف نسبت کرنے سے التباس پیدا ہوتو اس کی نسبت دوسرے جزء کی طرف کی جائے گی، جیسا کہ مرکب اضافی اگر أب، ابن، أم، عبد جیسے کلمات سے شروع ہوتو اس کی نسبت دوسرے جزء کی طرف کی جائے گی اور پہلے جزء کو حذف کردیا جائے گا، جیسے: أبو بکر سے بکريٌّ، أم کلثوم سے کلثوميٌّ، ابن عباس سے عبَّاسيٌّ، عبد الرشید سے رشیديٌّ۔

قواعد:

۱۔ مرکب مزجی اور اسنادی کو منسوب بناتے وقت اس کی نسبت پہلے جزء کی طرف کی جاتی ہے اور دوسرا جزء حذف کردیا جاتا ہے۔

۲۔ مرکب اضافی کی نسبت بھی اسی طرح کی جاتی ہے لیکن اگر التباس پیدا ہوتو دوسرے جزء کی طرف نسبت کرکے پہلے جزء کو حذف کردیا جاتا ہے۔

النسب إلى المثنى والجمع وما يدل على الجمع

الأمثلة:

(ألف)		(ب)	
١ ـ طالبان	طالِبِيٌّ	٤ ـ نَفَرَ	نَفَرِيٌّ
٢ ـ مسلمون	مُسْلِمِيٌّ	٥ ـ تَمْر	تمرِيٌّ
٣ ـ صُحُف	صَحَفِيٌّ	٦ ـ أبابيل	أبابيليٌّ
		٧ ـ مدائن	مَدَائِنِيٌّ

شرح وتفصیل:

مجموعہ الف کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مثنیٰ اور جمع پر مشتمل ہیں۔ اس میں اصل قاعدہ یہ ہے کہ ان کو منسوب بناتے وقت ان کی نسبت ان کے مفرد کی طرف کی جاتی ہے نہ کہ جمع کی طرف، مثال ۱۔ میں طالبان مثنیٰ اسم ہے اس کو منسوب بناتے وقت اس کی نسبت اس کے مفرد کی طرف کی گئی ہے، چنانچہ طالبان سے طالِبِيٌّ بن گیا۔ اسی

طرح جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم اور جمع مکسر کو منسوب بناتے وقت ان کی نسبت ان کے مفرد کی طرف کی گئی ہے، چنانچہ مسلمون سے مسلِمِيٌّ اور صحف سے صَحَفِيٌّ بن گیا۔

مجموعہ ب کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی نسبت اصل قاعدہ کے مطابق نہیں ہے بلکہ ان کو منسوب بناتے وقت ان کی نسبت ان کے لفظ کی طرف کی گئی ہے کیونکہ یہ حقیقی جمع نہیں ہیں۔

مثال۴۔ میں نفر اسم الجمع (۱) ہے اس کو منسوب بناتے وقت اس کی نسبت اس کے لفظ کی طرف کی گئی ہے، جیسے: نَفَرِيٌّ۔ مثال۵۔ میں تَمْرٌ اسم الجنس الجمعي (۲) ہے اس کی نسبت بھی اس کے لفظ کی طرف کی گئی ہے، جیسے تَمْرِيٌّ ۔مثال۶۔ میں أبابيل ایسی جمع ہے جس کا مطلقاً کوئی مفرد نہیں اس کی نسبت بھی اس کے لفظ کی طرف کی گئی ہے، جیسے: أبابيلي ۔مثال۷۔ میں مدائن ایسی جمع ہے جو کہ علم کے قائم مقام ہے اس کی نسبت بھی اس کے لفظ کی طرف کی گئی ہے، جیسے: مَدَائِنِيٌّ۔

قواعد:

۱۔ مثنی اور جمع اسم کی نسبت اس کے مفرد اسم کی طرف کی جاتی ہے۔

۲۔ جو الفاظ جمع حقیقی نہیں ہوتے لیکن جمع پر دلالت کرتے ہیں ان کی نسبت انہی الفاظ کی طرف کی جاتی ہے۔

اور وہ چار ہیں: (ا) اسم الجمع۔ (ب) اسم الجنس الجمعي۔

(ج) ایسی جمع جس کا علی الاطلاق کوئی مفرد نہیں۔ (د) ایسی جمع جو علم کی قائم مقام ہوں۔

جدول

المنسوب إليه	المنسوب	القاعدة
١ ۔ عصًا	عَصَوِيٌّ	اسم مقصور، وألفه بعد حرفين فقلبت ألفه واوًا.
٢ ۔ بِنْهى	بِنْهِيٌّ، بِنْهَوِيّ، بِنْهَاوِيٌّ	اسم مقصور، ألفه بعد ثلاثة أحرف وثانيه ساكن فيجوز حذف ألفه و قلبها واوًا ويجوز مع القلب زيادة ألفٍ قبل الواو.

(۱) اسم الجمع: وہ اسم ہے جو کہ جمع پر دلالت کرتا ہو اور اس کے وزن پر نہ ہو (یعنی لفظ کے اعتبار سے مفرد اور معنی کے اعتبار سے جمع ہو) اور نہ ہی اس کا مفرد اس کے لفظ سے ہوتا ہے۔ جیسے: قوم، نفر، ملأ وغیرہ۔ (۲) اسم الجنس الجمعي: وہ اسم ہے جو جمع پر دلالت کرتا ہے اور اس کا مفرد تاء یا یاء النسب کے اضافے سے بنتا ہے۔ جیسے: كلم سے كَلِمَة اور جند سے جُندِيٌّ۔

٣ ـ كَسَلاً	كَسَلِيٌّ	اسم مقصور، ألفه بعد ثلاثة أحرف وثانيه متحرك فتحذف ألفه.
٤ ـ مُسْتَبْقَى	مُسْتَبْقِيٌّ	اسم مقصور، ألفه بعد أكثر من ثلاثة أحرف فتحذف ألفه.
٥ ـ العَشِي	العَشَوِيٌّ	اسم منقوص، ياؤه بعد حرفين فتقلب واوًا ويفتح ما قبلها.
٦ ـ الهادِيْ	الهادِيٌّ، الهادَوِيٌّ	اسم منقوص، ياؤه بعد ثلاثة أحرف فيجوز حذفها وقلبها واوًا مع فتح ماقبلها.
٧ ـ المعتدِي	المعتدِيٌّ	اسم منقوص، ياؤه بعد أربعة أحرف فتحذف.
٨ ـ المستجدي	المستجْدِيٌّ	اسم منقوص، ياؤه بعد أكثر من أربعة أحرف فتحذف.
٩ ـ اجتزاء	اجتزائِيٌّ	اسم ممدود، همزته أصلية فتبقى على حالها.
١٠ ـ حسناء	حسناوِيٌّ	اسم ممدود همزته للتانيث فتقلب واوًا.
١١ ـ مَلِكٌ	مَلَكِيٌّ	اسم ثلاثي، مكسور العين فتفتح في النسب.
١٢ ـ كساءٌ	كسائِيٌّ، كِسَاوِيٌّ	اسم ممدود، همزته منقلبة عن أصل فيجوز بقاؤها على حالها وقلبها واوًا.
١٣ ـ غَيٌّ	غَوَوِيٌّ	الياء المشددة بعد حرف واحد فترد الياء الأولى إلى أصلها وهو الواو بدليل (غَوَى، يغوي)، وتقلب الياء الثانية واوًا ويفتح ما قبلها.
١٤ ـ قُصَيٌّ	قُصَوِيٌّ	الياء المشددة بعد حرفين فتحذف الياء الأولى وتقلب الثانية واوًا ويفتح ما قبلها.
١٥ ـ مَقْضِيٌّ	مقضِيٌّ	الياء المشددة بعد أكثر من حرفين فتحذف وتزاد ياء النسبة.
١٦ ـ بُخْتَرِيٌّ	بُخْتَرِيٌّ	الياء المشددة بعد أكثر من ثلاثة فتحذف وتزاد ياء النسبة.
١٧ ـ هَيِّنٌ	هَيْنِيٌّ	اسم، قبل آخره ياء مشددة مكسورة، يفك إدغامها وتحذف الياء المكسورة وتبقى الساكنة.
١٨ ـ أبٌ	أَبَوِيٌّ	اسم، حذفت لامه وترد إلى أصلها عند التثنية (أبوان) فترد عند النسب.

١٩ ـ كُثَيِّر	كُثَيْرِيٌّ	اسم، قبل آخره ياء مشددة، مكسورة، يفك إدغامها وتحذف الياء المكسورة وتبقى الساكنة.
٢٠ ـ دَمٌ	دَمَوِيٌّ، دمِيٌّ	اسم، حذفت لامه ولا ترد في التثنية فيجوز ردُّها وعدم ردّها.
٢١ ـ شفة [1]	شَفَوِيٌّ، شفهِيٌّ	اسم، حذفت لامه وعوض عنها بالتاء فترد اللام إلى أصلها.
٢٢ ـ اسم	اسْمِيٌّ، سَمَوِيٌّ	اسم، حذفت لامه وعوّض عنها بهمزة وصل، إذ أصله سَمَوٌ، ولمّا كان لامه لا تردّ في التثنية جاز في النسب ردُّها وعدم ردّها، وعند الردّ تحذف همزة الوصل؛ لأنها كانت عوضا عن المحذوف وعند عدم الرد تبقى الهمزة.
٢٣ ـ صفة	صِفِيٌّ	اسم، حذفت فاؤه وعُوّض عنها بالتاء ولامه صحيحة فتحذف التاء.
٢٤ ـ شِيَةٌ	وَشَوِيٌّ	اسم، حذفت فاؤه وعُوِّض عنها بالتاء ولامه معتلة فتحذف التاء وترد فاؤه وهي الواو وتقلب لامه واوًا.
٢٥ ـ جزيرة	جَزَرِيٌّ	اسم صحيح العين على وزن فَعِيْلَة فتحذف ياؤه ويفتح ما قبلها وتحذف تاؤه وتزاد ياء النسبة.
٢٦ ـ عَليلةٌ	عَلِيلِيٌّ	اسم، مضعف، على وزن (فَعِيْلَة) فتحذف تاؤه فقط.
٢٧ ـ طويلة	طويلِيٌّ	اسم، على وزن (فَعيلة)، معتل العين فتحذف تاؤه فقط.
٢٨ ـ جُهَيْنَة	جُهَنِيٌّ	اسم، على وزن (فُعَيلة)، غير مضعف فتحذف تاؤه وياؤه.
٢٩ ـ قُطَيْطة	قُطَيْطِيٌّ	اسم، على (فُعَيْلة)، مضعف، تحذف تاؤه فقط دون ياءه.
٣٠ ـ بخت نصر	بُخْتِيٌّ	اسم، مركب تركيبا مزجيا، ينسب إلى صدره.
٣١ ـ رام اللّٰه	رامِيٌّ	مركب إسناديّ، ينسب إلى صدره.

(١) شفة کا اصل شفو یا شفهٌ ہے،لہذا شفةٌ سے شفهِي اور شفوٌ سے شفوي بنے گا۔

٣٢ـ أبو هريرة	هُرَيْرِيٌّ	مركب إضافي، ينسب إلى عجزه؛ دفعا للالتباس.
٣٣ـ تاج الدين	تاجِيٌّ	مركب إضافي، ينسب إلى صدره؛ لعدم الالتباس.
٣٤ـ مؤمنان	مؤمِنِيٌّ	مُثنى، ينسب إلى مفرده.
٣٥ـ كاتبون	كاتِبِيٌّ	جمع المذكر السالم، ينسب إلى مفرده.
٣٦ـ صالحات	صالِحِيٌّ	جمع المؤنث السالم، ينسب إلى مفرده.
٣٧ـ علماء	عالِمِيٌّ	الجمع المكسر، ينسب إلى مفرده.
٣٨ـ قوم	قومِيٌّ	اسم الجمع، ينسب إلى لفظه.
٣٩ـ شجر	شجريٌّ	اسم الجمع الجنسي، ينسب إلى لفظه.
٤٠ـ عبابيد	عبابيديٌّ	جمع لا مفرد له من لفظه، ينسب إلى لفظه.

التمرين ـ ١

هات من العبارات الآتية كل اسم منسوب ومنسوب إليه وما حدث فيه من تغييرات:

نموذج: قَد عَنِيَ غَيْرُ واحِدٍ من العُلماءِ بِجَمْعِ ما وَرَدَ مِن الأَحادِيْثِ النَّبَوِيَّةِ المُشْتَمِلَةِ عَلى الطِّبِ الوِقَائِيِّ والطِبِّ العِلاجِيِّ.

النَّبوِيَّة: اسم منسوب، نبِيّ: منسوب إليه، وقعت الياء مشددة بعد حرفين فتحذف الياء الأولى وتقلب الثانية واوًا وتُفتح ما قبلها. الوقائي: اسم منسوب، وقاء: اسم ممدود، همزته منقلبة عن أصل فيجوز بقاؤها على حالها وقلبها واوًا. العلاجي: اسم منسوب، عِلاَج: منسوب إليه، زيدت ياء النسبة في آخره، وكسر ما قبلها، وانتقلت حركة حرف الأخير إلى ياء النسبة.

٢ـ يَجِبُ مُعَامَلَةُ النَّاسِ مُعَامْلَةً أخَوِيَّةً.

٣ـ الحَيَاةُ القَبَلِيَّةُ قَاسِيَةٌ والحَيَاةُ المَدَنِيَّةُ سَهْلَةٌ.

٤ـ تَذَلَّلَ العَرْشُ الكِسْرَاوِيُّ وَالقَيْصَرِيُّ.

٥ـ نَزَلَ القُرآنُ نَاسِخًا لِسَائِرِ الكُتُبِ السَّمَاوِيَّةِ.

٦ـ العَاصِيُّ المُرْتَجِيُّ على اللّٰه فِي غَرَرٍ عَظِيْمٍ. ٧ـ يَعْمَلُ عَصِيْرُ العِنَبِ كملين طبعي فِي القناة الهضمية.

٨ـ تَدُورُ الكُرَةُ الأَرْضِيَّةُ حَوْلَ الشَّمْسِ مَرَّةً وَاحِدَةً سَنَوِيًّا.

٩ـ بَاعَ المُنافِقُ المَنَافِعَ الأُخْرَوِيَّةَ السَّرْمَدِيَّةَ بِعَرَضٍ دُنْيَوِيٍّ فَنَاوِيٍّ.

١٠ـ السِنُّ الفَتَوِيُّ مَظَنَّةُ الغَفْلَةِ وَالذُّهُولِ فَطُوبَى لِمَنِ اتَّقَى اللّٰهَ فِيْهِ.

١١ـ المُقْتَدِيُّ بِتَقَالِيدِ الأَوْرَبِيِّيْنَ وَالأَمْرِيكِيِّيْنَ يُحْشَرُ مَعَهُم يومَ القِيَامَةِ.

١٢ـ أَخَذَ الإِنْسَانُ عَلى مَرِّ الزَّمَانِ يَزِيْدُ مِن اعْتِمَادِهِ عَلى الوَسَائِلِ الدُّنْيَوِيَّةِ.

١٣ـ لَقَد قَدَّمَ عُلَمَاؤُنَا المَاضَوِيُّونَ خَدَمَاتٍ جَلِيْلَةً فِي تَدْوِينِ العِلْمِ وَنَشْرِهِ.

١٤ـ قد لَجَأَ الأُدَبَاءُ والشُّعَرَاءُ إلى الزُّخْرُفَةِ اللَّفْظِيَّةِ وَالمَعْنَوِيَّةِ فِي مُصَنَّفَاتِهِم.

١٥ـ أبو عبد اللّٰه مُحَمَّدُ بنُ إِسْمَاعِيلَ الجُعْفِيُّ البُخَارِيُّ صَنَّفَ أَصَحَّ الكُتُبِ بَعْدَ القُرْآنِ.

١٦ـ قالَ أَبُو عَمرو بنُ العَلاءِ: ما رَأَيتُ أَفْصَحَ مِن الحَسَنِ البَصْرِيِّ ومِن الحَجَاجِ بنِ يُوسُفَ الثَّقَفِيِّ.

١٧ـ لَقَد قَامَ بِتَدْوِيْنِ الفِقْهِ الحَنَفِيِّ عُلَمَاءُ أَجِلَّةٌ مِن أبرزهم بُرهانُ الدِّينِ أَبُو الحَسَنِ عَلِيِّ الفَرْغَانِي المَرغِيْنَانِي.

١٨ـ لِلْتَمْرِ قِيمَةٌ غِذَائِيَّةٌ إِذْ يَحْتَوِي عَلى مسبة عَالِيَةٍ مِنَ المُرَكَّبَاتِ النَشَوِيَّةِ وَالسُّكَّرِيَّةِ المُوَلِّدَةِ لِلْحَرَارَةِ والنَّشَاطِ.

١٩ـ عالِمُ الإِسْكَنْدَرِيَّةِ جَمَالُ الدِّيْنِ عَبْدُ الرَحْمٰنِ بنُ الصَّفْرَاوِيِّ الإِسْكَنْدَرِيِّ الفَقِيْهُ المَالِكِيُّ مِنَ العلماء العَبَاقِرَة.

٢٠ـ تَطَوَّرَ الطِّبُّ الهِنْدِيُّ بَعْدُ وَاعْتَمَدَ عَلى تَوصِيَاتٍ صِحِّيَّةٍ وَعَلى أَدْوِيَةٍ طِبِّيَّةٍ نَبَاتِيَّةٍ ومَعْدَنِيَّةٍ ومُعَالَجَاتٍ جَرَاحِيَّةٍ.

٢١ـ لَقَد أَدْرَكَ عُلَمَاءُ النَّفْسِ مِن أَبْحَاثِهِم أَنَّ الحَرَارَةَ لَيْسَتْ شَيْئًا مَادِيًّا بَلْ هِيَ شَيْءٌ نَفْسِيٌّ يَرْتَبِطُ بِمزَاجِنا وأَحَاسِيْسِنا.

٢٢ـ الشَّيْخ وَلِيُّ اللّٰهِ الدَّهْلَوِيُّ هُو حَكِيمُ الإسلامِ المُجَدِّدُ الدِّينِيُّ العِلْمِيُّ قَرَأَ العِلْمَ عَلَى وَالِدِهِ وقَرأَ فَاتِحَةَ الفَرَاغ وهو لَمْ يَتَجَاوَز الخَامِسَةَ عَشَرَ مِن عُمُرِهِ وأَسْنَدَ الحَدِيثَ عَنِ الشَّيْخِ إلى الطَّاهِرِ المَدَنِيِّ ولَمْ يَكْتَفِ بِهٰذِهِ الدِّرَاسِيَّةِ بَل ارْتَوَى مِن مَنَاهِلِ العُلُومِ الرِّيَاضِيَّةِ والطَّبِيعِيَّةِ وتَعَلَّمَ اللُّغَةَ الفرنسِيَّةَ وَالتُّرْكِيَّةَ وَانْكَبَّ على قِرَاءَةِ الكُتُبِ التَّارِيْخِيَّةِ وَدِرَاسَةِ القَوَانِيْنِ العُثْمَانِيَّةِ وَتَوَلَّى شَتَّى الأَعْمَالِ والمَنَاصِبِ الحُكُومِيَّةِ.

التمرين - ٢

انسب إلى الكلمات التالية وبين ما يجوز فيه وجهان من النسب مع ذكر السبب:

نموذج: سقراء: سَقْرَاوِيّ، اسم ممدود همزته للتأنيث فتقلب واوًا.

٢ - بناء ٣ - عدة ٤ - الرامي ٥ - المرتضي ٦ - يافا ٧ - حمراء

٨ - لغة ٩ - امتلاء ١٠ - غد ١١ - المستعلي ١٢ - أب

التمرين - ٣

انسب إلى الكلمات التالية مع بيان السبب:

نموذج: عبد مناف: منافي، مركب إضافي نُسِبَ إلى عجزه دفعا للالتباس.

٢ - ريّ ٣ - أمة ٤ - أميمة ٥ - عنب ٦ - جمادى ٧ - جاد الحق

٨ - ربيعة ٩ - غنية ١٠ - إنشاء ١١ - نميمة ١٢ - أردشير ١٣ - مستقسى

١٤ - قراء ١٥ - أنمار ١٦ - صبي ١٧ - حزين ١٨ - أصحاب ١٩ - معديكرب

٢٠ - أشر ٢١ - نويرة ٢٢ - بردى ٢٣ - الطيب ٢٤ - المقتدي ٢٥ - إمرؤ القيس

٢٦ - رضا ٢٧ - جيش ٢٨ - منسى ٢٩ - الشجى ٣٠ - الأخلاق

التمرين - ٤

استخرج من الآيات الآتية كل اسم منسوب وبين المنسوب إليه مع بيان الإعراب:

نموذج: إِنَّا أَنْزَلْنَاه قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ.

عربيًا: اسم منسوب إلى العرب، صفة لـ "قرآنا" منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

٢ - وَلَهُ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاءُ. ٣ - مُتَّكِئِيْنَ عَلَى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ.

٤ - وَكَأَيِّنْ مِنْ نَّبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ. ٥ - إِنِّي نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ أُكَلِّمَ الْيَوْمَ إِنْسِيًّا.

٦ ـ وَقُضِيَ الْأَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ. ٧ ـ قَالَ فَإِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْ بَعْدِكَ فَأَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ.

